جلد 1

# اللہ والوں کی باتیں




مؤلف: امام ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اصفہانی شافعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی المتوفّٰی ۴۳۰ھ

المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)
شعبہ تراجم کتب

صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے فضائل، اَقوال اور زُہد و تقویٰ کا بیان

(جلد ۱)

# حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاءِ وَ طَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاءِ

ترجمہ بنام

# اللّٰہ والوں کی باتیں

مُؤَلِّف

امام ابونُعَیْم اَحمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی شافِعی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَافِی

اَلْمُتَوَفّٰی ۴۳۰ھ

پیش کش: مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

شعبہ تراجم کتب

ناشر

مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

www.dawateislami.net

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلٰی آلک واصحابک یاحبیب اللہ

نام کتاب : حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاءِ وَ طَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاءِ (جلد ۱)

ترجمہ بنام : اللہ والوں کی باتیں

مصنف : اِمام ابونُعَیْم اَحمد بن عبد اللہ اصفہانی شافعی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَافِی

مترجمین : مدنی عُلما (شعبہ تراجمِ کتب)

سن طباعت : جمادی الاولیٰ ۱۴۳۴ھ، اپریل 2013ء تعداد: 8000

قیمت : روپے

## تصدیق نامہ

تاریخ: ۱۰ رجب المرجب ۱۴۳۰ھ حوالہ نمبر: ۱۵۵

الحمد للّٰہ رب العٰلمین و الصلٰوۃ و السلام علٰی سید المرسلین وعلٰی اٰلہ و اصحا بہ اجمعین

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب ''حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاء'' کے ترجمہ

**''اللہ والوں کی باتیں (جلد اول)''**

(مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) پر مجلسِ تفتیشِ کتب ورسائل کی جانب سے نظرِ ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے مطَالِب ومفاہیم کے اعتبار سے مقدور بھر مُلاحَظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

مجلس تفتیشِ کتب ورسائل (دعوتِ اسلامی)

04-07-2009

E.mail.ilmia@dawateislami.net

مدنی التجاء: کسی اور کو یہ کتاب چھاپنے کی اجازت نہیں۔

www.dawateislami.net

# یادداشت

دورانِ مُطالعہ ضرورتاً انڈر لائن کیجئے، اشارات لکھ کر صفحہ نمبر نوٹ فرما لیجئے۔ ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ علم میں ترقّی ہوگی۔

| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

www.dawateislami.net

www.dawateislami.net

# فہرست


| صفحہ نمبر | مضامین | صفحہ نمبر | مضامین |
|---|---|---|---|
| 64 | اُولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی خلوت وجلوت | 21 | اس کتاب کو پڑھنے کی نیتیں |
| 65 | حقوقِ الٰہی کی ادائیگی میں جلدی | 22 | المدینۃ العلمیہ کا تعارُف |
| 66 | **تَصَوُّف کی تحقیق** | 24 | پہلے اسے پڑھ لیجئے! |
| 66 | تصوُّف کے پہلے معنٰی کی تحقیق | 34 | تعارُف مُصَنِّف |
| 67 | تصوُّف کے دوسرے معنٰی کی تحقیق | 38 | حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء اور اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّہ |
| 68 | تصوُّف کے تیسرے معنٰی کی تحقیق | 45 | **خطبة الكتاب** |
| 70 | تَصَوُّف کے چوتھے معنٰی کی تحقیق | 46 | کتاب لکھنے کی وجہ! |
| 71 | سُنّی اور صوفی کی تعریف | 47 | اُولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی دُشمنی سے بچو! |
| 71 | عقلمند کون ہے؟ | 48 | اُولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی صفات وعلامات |
| 72 | عَقل کے 3 حصّے | 48 | اَنبیاء وشُہدا عَلَیْہِمُ السَّلَام بھی رشک کریں گے |
| 73 | صُوفی اور تَصَوُّف کے مُتَعَلِّق اَقوال | 49 | اللہ عَزَّوَجَلَّ یاد آجاتا ہے / فتنوں سے عافیت |
| 73 | تصوُّف کے 10 معانی | 50 | اللہ عَزَّوَجَلَّ قسم پوری فرماتا ہے |
| 73 | صوفی حقائق سے پردہ اُٹھاتا ہے | 51 | اُولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کے تَصَرُّفات |
| 74 | عارِف اور صوفی کی علامات وصفات | 55 | دُنیا سے بے رغبتی اور اُمیدوں کی کمی |
| 76 | کلامِ صوفیہ کی 3 اَقسام | 56 | اُولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی نرالی زیب وزینت |
| 77 | تَصَوُّف کے بنیادی اَرکان | 58 | اَبدال کون ہیں؟ |
| 78 | اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پسندیدہ لوگ | 60 | اَحکاماتِ الٰہی کی پابندی |
| 78 | چنے ہوئے لوگ / قابلِ رشک مومن | 62 | رُشدوہدایت کے چراغ |
| 80 | **اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سفیر** | 63 | سایۂ رحمت کی طرف سبقت کرنے والے |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایمان کی مٹھاس | 81 | اَچھے اَعمال کی ترغیب | 95 |
| مشکل اَحوال اور پاکیزہ اَخلاق کا نام تصوُّف ہے | 81 | خَیر سے خالی 4 چیزیں | 96 |
| **امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا** | | سیِّدُنا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو نصیحتیں | 97 |
| **ابوبکرصدیق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ** | 83 | اَولاد کی تربیت | 97 |
| صدیقِ اکبر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا دَرسِ توحید | 84 | **امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا** | |
| دِین پر اِستقامت | 85 | **عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ** | 100 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی قرآن فہمی | 86 | فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شجاعت و بہادری | 101 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی فکرِ آخرت | 86 | ایمان نہیں چھپاؤں گا | 103 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا تقویٰ | 87 | فاروق کا لقب کیسے ملا؟ | 103 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا عشقِ رسول | 88 | اِسلام کے لئے مصائب برداشت کئے | 105 |
| راہِ خدا میں خرچ کرنے کا جذبہ | 89 | حق گوئی وصلہ رحمی | 106 |
| صَدَقہ کرنے میں سب سے آگے | 90 | جنگِ بدر میں خاص کردار | 107 |
| اپنی جان آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر قربان | 90 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی رائے پر نُزُولِ آیات | 109 |
| اپنا مال آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر قربان | 91 | ہر مُعاملہ میں اتباعِ رسول | 111 |
| زبان کی حفاظت | 91 | چھوٹی بڑی آستینوں والی قمیص | 112 |
| مضبوط و مطمئن دل کے مالک | 92 | شیطانی بول کی مذمت | 113 |
| صدیقِ اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حیا | 92 | فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ایک خصلت | 113 |
| دُنیا کے بارے میں نصیحت | 93 | حمد و نعت سننا جائز ہے | 114 |
| خلیفہ اوّل رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے خطبات | 93 | مثالی شخصیت | 115 |
| بادشاہوں کا اَنجام | 93 | عاجزی وانکساری | 116 |
| قبر و حشر کی تیاری | 94 | رعایا کی خبر گیری | 116 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| عیش وعشرت سے پاک زندگی | 117 | عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے فضائل پر آیاتِ مبارکہ | 130 |
| نفس پر سختیاں | 117 | عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شرم وحیا | 131 |
| لذیذ اور عمدہ غذاؤں سے پرہیز | 118 | عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عبادات | 132 |
| دُنیا کا نقصان برداشت کرلو | 120 | عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صَبر کا بیان | 133 |
| نیکی کی دعوت کے مکتوب | 120 | چہرے کا رنگ بدلتا رہا | 134 |
| فرامینِ فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 121 | عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی 2 خُصُوصی فضیلتیں | 135 |
| تائبین کی صُحبت میں بیٹھو | 121 | راہِ خدا میں مال خرچ کرنا | 135 |
| صَبر وشکر اختیار کرو | 122 | راہِ خدا میں 300 اُونٹ پیش کیے | 136 |
| سردی کا موسم غنیمت ہے | 123 | لباس میں سادگی | 138 |
| فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی گریہ وزاری | 123 | غلام کے ساتھ حُسنِ سُلوک | 139 |
| حسابِ آخرت کا خوف | 123 | خطاؤں کو مٹانے والا کلمہ | 140 |
| بوقتِ شہادت عاجزی وانکساری | 124 | **امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا** | |
| خلیفۂ وقت کی چادر میں 12 پیوند | 125 | **علی المرتضٰی** کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم | 141 |
| احساسِ ذِمّہ داری | 125 | خدا و مصطفٰے عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے محبوب | 141 |
| رحمتِ الٰہی کی امید | 125 | علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے محبت کرو | 143 |
| فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دُعائیں | 126 | سیِّدُنا علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے فضائل ومناقب | 144 |
| فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جنّت میں محل | 127 | مؤمنین کے سردار | 144 |
| نظرِ فاروقی میں دوستی کا معیار | 128 | سیِّدُنا علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عنہ کا علم، حکمت اور دانائی | 145 |
| حق کا بول بالا کرنے والے | 129 | امام حسن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا خطبہ | 146 |
| **امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا** | | نگاہِ فاروقی میں مقامِ علی | 146 |
| **عُثمان بن عفان** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 130 | بارگاہِ الٰہی میں مقامِ علی | 147 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم اور حفاظتِ قرآن | 147 | سیِّدُنا علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے رِقّت انگیز بیانات | 163 |
| بن مانگے عطا فرمانے والے | 149 | نوف بِکالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی کو نصیحت | 166 |
| 70 وصیتیں | 149 | عالِم، طالبِ علم اور جاہل | 166 |
| تسبیحِ فاطمہ کے فضائل | 150 | سیِّدُنا علی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کی مُبارَک زندگی | 168 |
| کھانے کا حق | 152 | سارا مال تقسیم فرما دیا | 168 |
| کسبِ حلال کے لئے محنت و مزدوری | 154 | ''فالودہ'' سے خطاب | 169 |
| شیرِ خدا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دنیا سے بے رغبتی | 155 | کھجور اور گھی کا حلوا | 170 |
| دُنیا کی مذمت | 155 | مُہر لگا ہوا ستو کا تھیلا | 170 |
| نگاہِ علی میں دُنیا کی حقیقت | 156 | حضرت علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا لباس | 171 |
| مَعْرِفَتِ الٰہی | 156 | امیرِ معاویہ اور شانِ علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 174 |
| توحیدِ باری تعالیٰ پر شاندار گفتگو | 156 | 3 مشکل عمل | 175 |
| اہلِ ایمان سے محبت | 158 | اسلام میں نفاق کی گنجائش نہیں | 175 |
| صَبر، یقین، جہاد اور عَدل کے شعبے | 158 | پیٹ پر پتھر باندھتے | 176 |
| موت، انسان کی محافظ | 160 | محبِّ مولا علی کی پہچان | 176 |
| فرامینِ مولا مشکل کشا | 160 | محبانِ اہلِ بیت کی علامات | 177 |
| اصل بھلائی کیا ہے؟ | 160 | حضرتِ سیِّدُنا طلحہ بن عبید اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 177 |
| 5 عمدہ باتیں | 161 | راہِ خدا میں 70 زخم کھائے | 177 |
| لمبی امیدوں کا نقصان | 161 | اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا عہد پورا کرنے والے | 178 |
| صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کے صبح و شام | 162 | زندگی میں منّتیں پوری کرلیں | 178 |
| گمنام بندوں کے لئے خوشخبری | 162 | حضرتِ سیِّدُنا طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی سخاوت | 179 |
| کامل فقیہ کون؟ | 163 | 4 لاکھ درہم کا صدقہ | 179 |



www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| بن مانگے مال بانٹتے | 179 | تحفظِ ناموسِ صحابہ | 190 |
| ساری رات پریشان رہے | 180 | جھوٹی عورت اندھی ہوکر مرگئی | 191 |
| **حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عوام** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 180 | بالشت بھر زمین پر قبضہ کا عذاب | 192 |
| دین پر استقامت | 181 | صحابی کی بے ادبی کی سزا | 192 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا عشقِ رسول | 181 | **حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عوف** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 194 |
| جسم پر زخموں کے نشان | 182 | آسمان وزمین والوں کے امین | 194 |
| سیِّدُنا زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی منقبت | 182 | سیِّدُنا عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی سخاوت | 195 |
| دنیاودولت سے بے رغبتی | 183 | 700 اُونٹ مع سامان صَدَقہ کردیئے | 195 |
| اللہ عَزَّوَجَلَّ ناصرومددگار رہے | 183 | نہر سَلْسَبِیْل سے سیرابی کی دُعا | 195 |
| پھر تو یہ معاملہ بہت سخت ہے | 185 | بارگاہِ الٰہی میں قرضِ حسنہ پیش کرو | 196 |
| **حضرت سیِّدُنا سعد بن اَبِی وَقّاص** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 186 | عظیم الشان سخاوت | 197 |
| سَابِقُ الْاِیْمان | 186 | کھانا دیکھ کر رو پڑے | 197 |
| درختوں کے پتے کھاتے | 186 | جنتی نعمتیں دُنیا میں ملنے کا ڈر | 198 |
| دُعائے مصطفٰی | 187 | آنکھوں کے بجائے دِل روتا ہے | 198 |
| ایک ٹکڑے پر گزارا | 187 | **حضرت سیِّدُنا ابوعبیدہ بن جَرّاح** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 199 |
| ایک چادر کے 2 حصے کرلئے | 188 | اَمینِ اُمّت | 199 |
| خوشحالی کے فتنے کا خوف زیادہ ہے | 188 | کافر باپ کا سر قلم کردیا | 200 |
| ورثا کو پریشانی سے بچاؤ | 188 | میں اس کی کھال کا کوئی حصہ ہوتا! | 200 |
| تقویٰ وغنا والے اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند ہیں | 189 | کجاوے کی چٹائی اور پالان کا تکیہ | 200 |
| آنکھوں اور زبان والی تلوار | 189 | انوکھی ونرالی تمنا | 201 |
| **حضرت سیِّدُنا سعید بن زید** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 190 | سیِّدُنا ابوعبیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نصیحتیں | 202 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| مومن کا دِل | 202 | پہلا اسلامی پرچم | 213 |
| **حضرت سیِّدُنا عثمان بن مظعون** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 202 | شہادت کی دُعا | 213 |
| اسلامی بھائیوں سے اظہارِ ہمدردی | 203 | **حضرت سیِّدُنا عامر بن فُھَیْرَہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 214 |
| دوسری آنکھ بھی تکلیف کی مشتاق | 203 | آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی رفاقت ملی | 215 |
| اَشعار | 204 | لاشہ آسمان کی طرف اُٹھا لیا گیا | 215 |
| عثمان بن مظعون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصالِ باکمال | 206 | فرشتوں نے دفن کیا | 216 |
| ایسوں کو ایسی جزا | 206 | **حضرت سیِّدُنا عاصم بن ثابت** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 217 |
| بہترین ہم نشین | 206 | شہد کی مکھیوں کے ذریعے حفاظت | 217 |
| خالص وکامل ایمان | 207 | مشرکین سے نفرت | 218 |
| دُنیا سے بے رغبتی | 207 | **حضرت سیِّدُنا خبیب بن عدی** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 220 |
| پیوندار پرانی چادر | 207 | بہترین قیدی اور غیبی رزق | 220 |
| رحمتِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے بوسہ دیا | 208 | شہادت سے قبل نماز | 222 |
| محبتِ خدا و مصطفیٰ کافی | 208 | سیِّدُنا خبیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پُرسوز اشعار | 223 |
| وصال پر اہلیہ کے اشعار | 209 | **حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 224 |
| **حضرت سیِّدُنا مُصعَب بن عمیر داری** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 210 | نجاشی کے دربار میں اعلانِ حق | 224 |
| تبلیغِ دین کے لئے کوششیں | 210 | دربارِ شاہی میں ایمان افروز بیان | 226 |
| مدینۂ منورہ میں تبلیغ کی ابتدا | 211 | دربارِ نجاشی میں تعظیم وتوقیر | 228 |
| اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کیا عہد سچا کر دیا | 211 | تلاوت سن کر رونے لگے | 229 |
| شُہدا اسلام کا جواب دیتے ہیں | 212 | مساکین کی خیر خواہی | 229 |
| دُنبے کی کھال کا لباس | 212 | سیِّدُنا جعفر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی شہادت کے مُتعَلِّق روایات | 230 |
| **حضرت سیِّدُنا عبدُ اللّٰہ بن جحش** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 213 | 70 سے زائد زخم | 230 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیِّدُنا عبدُاللہ بن رَواحہ اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 231 | تکیہ ومسواک والے | 247 |
| پُل صراط سے گزرنے کا خوف | 232 | اسلام قبول کرنے میں سَبْقت | 247 |
| فرش سے ماتم اُٹھے وہ طیِّب وطاہر گیا | 232 | مقربِ بارگاہِ الٰہی | 248 |
| رونے پر تنبیہ | 233 | اُحد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی | 248 |
| نفس کو نصیحتیں | 234 | قبولیتِ دُعا کی بشارت | 249 |
| غیبوں پر خبردار آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم | 236 | سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے 14 رُفقا | 250 |
| جنّتی خیمہ | 236 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمی مقام | 251 |
| حضرت سیِّدُنا اَنس بن نَضر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 237 | اِرشاداتِ ابنِ مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 253 |
| مجھے جنّت کی خوشبو آرہی ہے | 237 | حافظِ قرآن کو کیسا ہونا چاہیے؟ | 253 |
| حضرت سیِّدُنا عبداللہ ذوالبِجادَین رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ | 239 | جب "یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا" سنو | 254 |
| سیِّد عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے قبر میں اُتارا | 239 | شیطان کو بھگانے کا قرآنی نسخہ | 254 |
| یااللہ عَزَّوَجَلَّ! تو اس سے راضی ہوجا | 239 | عالم اور جاہل دونوں کے لیے ہلاکت؟ | 255 |
| کاش! اِن کی جگہ مَیں ہوتا | 240 | عصیان سے نسیان | 256 |
| بعض صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوان کا ذکرِ خیر | 241 | مسلمان کے لئے تحفہ | 256 |
| 70 قراء صحابہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ کی شہادت | 241 | حلاوتِ ایمان سے محرومی کے اَسباب | 257 |
| ہر روز کفار کے خلاف دُعا | 242 | حساب وکتاب کا خوف | 258 |
| حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 243 | خوفِ خدا کی ایک جھلک | 259 |
| ابنِ مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرح تلاوت کیا کرو | 244 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا زُہد | 259 |
| رحمتِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے 70 سورتیں یاد کیں | 245 | سفرِ آخرت کی تیاری کا درس | 260 |
| سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی خُصُوصیات | 247 | کلماتِ نافعہ | 261 |
| گھر میں داخلے کی خُصُوصی اجازت | 247 | کُفّار کی خوشحالیاں قابلِ فخر نہیں! | 262 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| حفاظتِ زبان کی نصیحت | 263 | رضائے الٰہی کے متلاشی | 276 |
| سب سے زیادہ زُہد والے | 263 | حضرت سیّدنا خبّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 276 |
| مومن کا آرام وسکون | 264 | راہِ خدا کے مسافروں کی تکالیف | 277 |
| فتنوں کا دَور دَورہ | 264 | موت کی تمنا کرنا کیسا؟ | 278 |
| نیکیاں چھپاؤ | 264 | مساکین صحابہ عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی شان میں قرآنی آیات | 281 |
| دِین میں پیروی کا معیار | 265 | کوفہ میں تدفین کی وصیت | 283 |
| 4 باتوں کا حلفیہ بیان | 266 | حضرت سیّدنا بلال بن رباح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 284 |
| ہر دن میں 12 ساعتیں | 266 | مُؤَذِّنین کے سردار | 284 |
| دُنیا کی خاطر آخرت کو نقصان نہ پہنچاؤ | 267 | سیّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی استقامت | 284 |
| (41) سنہرے فرامینِ عالیشان | 268 | فقر کی اَہمیّت وترغیب کا بیان | 288 |
| حضرت سیّدنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 269 | حضرت سیّدنا صُہیب بن سنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 291 |
| ایمانِ کامل کی بشارت | 270 | پروانۂ شمعِ رسالت | 291 |
| جنّت کی خوشخبری | 270 | سیّدُنا صہیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شان | 291 |
| اسلام کے اوّلین مبلِّغین | 271 | غیبی خبر | 292 |
| پاکیزہ شخص | 272 | 3 باتوں پر اعتراض | 295 |
| کامل الایمان بنانے والے اُعمال | 272 | کھانے میں حیرت انگیز برکت | 296 |
| غلامانِ مصطفٰی کی سادگی | 273 | قرض کا چور | 296 |
| حقیقی ہجرت کرنے والے | 273 | میں کیوں مسکرایا؟ | 297 |
| نبیٔ غیب دان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی غیبی خبر | 273 | 3 دن میں 70 ہزار اموات | 297 |
| رضائے الٰہی کے لئے لڑنے والے | 274 | دیدارِ الٰہی | 298 |
| جنّت 4 صحابۂ کرام کی مشتاق ہے | 275 | اُڑ کر جنت میں جانے والے | 299 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| **حضرت سیّدُنا ابوذر غِفاری** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 301 | **حضرت سیّدُنا عتبہ بن غزوان** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 324 |
| سیّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جذبۂ عبادت | 301 | حقیقتِ دُنیا کو بے نقاب کرنے والا بیان | 324 |
| سیّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا قبولِ اِسلام | 302 | درختوں کے پتے کھا کر گزارہ کرلیتے | 325 |
| اظہارِ اِسلام کا واقعہ | 303 | **حضرت سیّدُنا مقداد بن اَسود** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 326 |
| سیّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جذبۂ ایمانی | 304 | لوہے کا لباس اور تپتی زمین | 326 |
| اظہارِ اسلام پر تکالیف کا سامنا | 305 | آقا صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پیارے | 326 |
| سیّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خُصُوصیات | 305 | جاں نثارانِ مصطفٰی | 327 |
| 6 باتوں کی نصیحت | 306 | سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے مہمان | 328 |
| نفاذِ حکمِ رسول کا جذبہ | 306 | دل بدلتا رہتا ہے | 331 |
| دُنیا سے نفرت | 307 | رفاقتِ مصطفٰی کی تڑپ | 331 |
| بقدرِ کفایت اسباب پر قناعت | 309 | امیر لشکر سے معافی منگوائی | 333 |
| مجھے امیر بننے کی خواہش نہیں | 310 | **حضرت سیّدُنا سالم مولٰی ابی حذیفہ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا | 334 |
| آگ کا انگارہ | 311 | محبتِ الٰہی سے سرشار | 335 |
| ہر مال میں 3 حصّے دار ہیں | 312 | نمازی وروزہ دار بھی عذابِ نار میں گرفتار! | 335 |
| ایک چادر کے حساب کا ڈر | 312 | **حضرت سیّدُنا عامر بن ربیعہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 336 |
| کاش میں درخت ہوتا! | 313 | دُرُود شریف کے فضائل | 339 |
| فرامینِ ابوذر غفاری | 314 | **حضرت سیّدُنا ثوبان** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 340 |
| فکرِ آخرت | 314 | بلاضرورت سوال کرنا | 340 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا نصیحت بھرا بیان | 315 | زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کا انجام | 342 |
| 27 سوالات وجوابات | 316 | دُنیا کی محبت کا وبال | 343 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصالِ پُرملال | 323 | کون سا مال بہتر ہے؟ | 343 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| حضرت سیِّدُنا رافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 345 | سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے کئے عَہْد نے رُلا دیا | 365 |
| مَخْمُوْمُ الْقَلْب کا مفہوم | 345 | رنج وملال کی وجہ! | 366 |
| حضرت سیِّدُنا ابورافع اَسْلَم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 346 | ٹوکریاں بنانے والا حاکم | 367 |
| صدقات میں خیانت والوں کی سزا | 346 | لونڈی سے نِکاح | 367 |
| تمنّائے فقر | 346 | مَحبت اور نُفرت کا راز | 368 |
| حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 348 | قیامت کی بھوک | 369 |
| سُبقت لے جانے والے 4 اَفراد | 348 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی سادگی | 370 |
| سنتِ نکاح میں شَرِیعت کی پاسداری | 348 | بُخل وحرص کی مذمت | 370 |
| نکاح نیک عورت سے کیا جائے | 350 | دعوت کے کھانے کا ایک مسئلہ | 371 |
| نگاہِ علی میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مقام | 351 | بیماروں کی خیر خواہی | 371 |
| سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اہل بیت سے ہیں | 351 | اپنے ہاتھ کی کمائی پسند ہے | 372 |
| سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے علم کی تعریف فرمائی | 352 | کمزور کے ساتھ رحمت خداوندی ہوتی ہے | 372 |
| اَعمال میں میانہ روی کا درس | 352 | خادم پر نرمی | 373 |
| اِنفرادی کوشش کا دلنشین انداز | 353 | سلام بھی ہدیہ ہے | 373 |
| کُفّار سے جنگ میں سنّت طریقہ | 354 | حِکمت بھرا فیصلہ | 374 |
| عشا کے بعد لوگ 3 قسم کے ہوجاتے ہیں | 355 | دِل کی بات | 375 |
| مَحبتِ خداوندی کی بِشارت | 356 | قیامت کی تاریکیاں | 376 |
| جنّت بھی مشتاق ہے | 356 | سب سے بڑا گناہ گار | 376 |
| مذہبِ حق کی تلاش | 356 | بدگمانی سے اِجتناب | 376 |
| سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی وفات کے نصیحت آموز واقعات | 364 | مہمان نوازی ایمان کا حصّہ ہے | 377 |
| مالِ دُنیا نے رُلا دیا | 364 | ظاہری اصلاح کا راز | 378 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| بُت کی ادنیٰ سی تعظیم جہنم میں لے گئی | 378 | دُشمن سے درگزر | 389 |
| ذکر اللہ کی فضیلت | 378 | جاہل و بےعَمَل کے لئے ہلاکت | 390 |
| بے حیائی کی آفات | 379 | عالِم کی نشانی | 391 |
| سلام عام کرو! | 379 | عالِم وجاہل کی عبادت میں فرق | 391 |
| خط کے ذریعے انفرادی کوشش | 380 | بھلائی کس میں ہے؟ | 392 |
| دِل اور جسم کی مثال | 380 | زندگی کو پسند کرنے کی وجہ | 392 |
| فرشتے پروں سے ڈھانپ لیتے | 381 | دین سیکھنے اور سکھانے والا اَجر میں برابر ہیں | 393 |
| شیر سجدہ کرتے | 382 | عِلم کے اعتبار سے لوگوں کی اَقسام | 393 |
| حکمت کی بات | 382 | اہلِ دمشق کو وعظ ونصیحت | 393 |
| نماز کے لئے انفرادی کوشش | 382 | تقویٰ بغیر عِلم اور عِلم بغیر عَمَل کے کامل نہیں | 394 |
| مومن وکافر کی آزمائش میں فرق | 383 | سب سے زیادہ خوف زدہ کرنے والی بات | 395 |
| مومن کی مثال | 383 | خط کے ذریعے نیکی کی دعوت | 395 |
| 3 چیزیں رُلاتی اور 3 ہنساتی ہیں | 384 | بنتِ ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کا نکاح | 397 |
| وسوسوں سے چھٹکارے کی انوکھی ترکیب | 384 | تنہائی میں گناہ کرنے کی دُنیاوی سزا | 397 |
| وصال پُر ملال | 385 | دوست اور دوستی کے آداب | 398 |
| **حضرت سَیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ** | 386 | قبر وحشر کا خوف | 398 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی فکرِ آخرت | 386 | اِیمان کا اَعلیٰ دَرَجہ | 399 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نصیحت | 387 | دوست پر انفرادی کوشش | 399 |
| جذبۂ عبادت وترکِ تجارت | 387 | اَہلِ قُبرص کی شان وشوکت کہاں گئی؟ | 399 |
| بے مثال جنتی نعمتیں | 388 | مَرضِ موت کی گفتگو | 400 |
| عمل میں سستی کا ایک سبب | 389 | مال جمع کرنے والے کے لئے ہلاکت | 400 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| نصیحت کے لئے موت ہی کافی ہے | 401 | کامل انسان کی 3 نشانیاں | 410 |
| 3 محبوب چیزیں | 401 | پیالے والا واقعہ | 411 |
| قومِ عاد کا حال | 401 | اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پاکی بولنے والی ہنڈیا | 411 |
| مالداروں کو نصیحت | 402 | بارگاہِ الٰہی میں اِلتجا | 411 |
| ویران عمارتوں سے عبرت | 402 | جنّت میں بھی ساتھ رہنے کی دُعا | 412 |
| سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دُعا | 403 | گناہ گار سے نہیں، گناہ سے نفرت کرو | 412 |
| ہنستا ہوا جنّت میں جائے گا | 404 | سب سے زیادہ مفید چیز | 413 |
| ذکر اللہ، صَدَقہ کرنے سے افضل ہے | 404 | دُشوار گزار گھاٹی | 414 |
| سب سے اچھا عمل | 404 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی 6 اَحادیث | 414 |
| مومن اور کافر کی زبان | 405 | **حضرت سیِّدُنا معاذ بن جبل** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 416 |
| صالحین کے ساتھ مرنے کی دُعا | 405 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مناقب | 416 |
| بُرے کاموں سے حفاظت کی دُعا | 405 | امام کون ہوتا ہے؟ | 418 |
| یتیم اور مظلوم کی بددعا سے بچو | 406 | مرجعِ صحابہ | 419 |
| رحمتِ الٰہی سے دوری | 407 | فتنوں کی خبر | 422 |
| بھلائی کی تلاش میں رہو | 407 | اِعتِدال کا دَرس | 423 |
| نفع بخش باتیں | 407 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مُناجات | 424 |
| بخار میں بھی فکرِ آخرت | 408 | بیٹے کو نصیحت | 424 |
| مہمانوں کو درسِ آخرت | 408 | عِلمِ دِین کی محبت نے رُلا دیا | 425 |
| اہلِ دمشق سے خطاب | 408 | انصاف کی عمدہ ولاجواب مثال | 425 |
| لوگوں میں بدترین شخص | 409 | ذِکْرُ اللہ جہاد سے اَفضل ہے | 426 |
| عُلما کی ناپسندیدگی سے بچو | 410 | ترکِ سنّت گمراہی کا سبب | 426 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| فکرِ آخرت پر مبنی بیان | 428 | سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مقام ومرتبہ | 450 |
| عورتوں کا فتنہ | 428 | سب سے زیادہ عظمت والی آیت | 450 |
| نفرت کے اسباب | 429 | محبتِ الٰہی | 450 |
| امیر المؤمنین کو نصیحت | 430 | خشیتِ الٰہی سے رونے کی فضیلت | 453 |
| عِلم کے فضائل وبرکات | 431 | دُنیا کی مثال | 455 |
| مرحبا اے موت! مرحبا | 432 | سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے اِرشادات | 456 |
| طاعون اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت ہے | 433 | مصیبت پر صَبْر کرنے کی فضیلت | 456 |
| اَولاد کے لئے طاعون کی دُعا | 433 | مومن کے خصائل وفضائل | 456 |
| سفرِ یمن کے وقت نصیحتیں | 434 | سونے کا پہاڑ | 457 |
| بدترین لوگ | 437 | بخار کی فضیلت | 458 |
| سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا تعزیتی مکتوب | 437 | ریاکاری کی تباہ کاری | 458 |
| مذکورہ روایت پر مُصَنِّف کا تبصرہ | 438 | **حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشعری** رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 459 |
| **حضرت سیِّدُنا سَعِید بن عامر** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 439 | عظمتِ قرآن | 461 |
| گھر اَمن کا گہوارہ کیسے بنا؟ | 439 | غیبی آواز | 464 |
| اَہلِ حِمص کی 4 شکایات | 440 | پیکرِ شرم وحیا | 465 |
| بلاحساب جنّت میں داخلہ | 442 | مال کا وبال | 465 |
| **حضرت سیِّدُنا عُمیر بن سعد** رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 444 | رونے کا عذاب | 466 |
| حِمص کے گورنر کا تقرر | 444 | خدائے ستّار کی شانِ ستّاری | 467 |
| ایک غلط عقیدے کی تردید | 448 | نیک وبد کا اَنجام | 467 |
| مُصَنِّف کتاب کا تبصرہ | 449 | قبر کی 2 حالتیں | 468 |
| **حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب** رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 449 | روٹی والا عبادت گزار | 469 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| دِل کی مثال | 470 | فتنوں میں مبتلا ہونے کی پہچان | 483 |
| دُگنا اجروثواب | 470 | گناہوں کی نحوست | 484 |
| حضرت سیِّدُنا شدّاد بن اَوس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 470 | فتنوں کے آنے کے مختلف انداز | 484 |
| جہنم کا خوف | 471 | فتنوں سے بچو! | 485 |
| آخرت کے بیٹے بنو | 471 | فتنہ عقل کو بگاڑ دیتا ہے | 486 |
| صاحبِ علم وحِلم | 471 | فتنے کا وبال کس پر؟ | 486 |
| فقیہ الاُمّت | 472 | زندوں میں مردہ کون؟ | 486 |
| کبھی فضول بات نہیں کی | 473 | دِل 4 قسم کے ہوتے ہیں | 488 |
| ایک جامع دُعا | 473 | فقروفاقہ آنکھوں کی ٹھنڈک | 489 |
| عقلمندوبے وقوف کی پہچان | 475 | سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عاجزی وانکساری | 490 |
| امام زُہری کی روایت | 476 | خوشامد سے بچو | 490 |
| حدیث یادآنے پراشک باری | 476 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصال | 491 |
| شرکِ خفی اور خفیہ شہوت | 477 | مقام محمود | 492 |
| شرکِ خفی پرعلمی مکالمہ | 478 | "اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر" ترک کرنے کا وبال | 493 |
| 2امن اور2خوف | 479 | آخرت کی تیاری کا دَرس | 496 |
| حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 480 | جنّت سے محرومی | 497 |
| فتنوں کا سیلاب | 480 | عالم کی نشانی اور جھوٹے کی پہچان | 497 |
| دِل 2 قسم کے ہوجائیں گے | 480 | حرام کی نحوست | 497 |
| اَمانت اُٹھ جائے گی | 481 | نہ خشوع رہے گا نہ نمازوں کا جذبہ | 498 |
| گونگے بہرے فتنے | 482 | مُنافِق کون ہے؟ | 498 |
| فتنہ کے وقت کیا کریں | 483 | سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی وفات کے واقعات | 498 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| قیمتی کفن خریدنے سے منع فرمادیا | 499 | اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام پر دینے کی فضیلت | 512 |
| 300درہم کا کفن | 500 | سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی سخاوت | 513 |
| شدّتِ حساب | 500 | جہاد سے مُتَعَلِّق 2روایات | 514 |
| حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 501 | حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 515 |
| جذبۂ عبادت وشوقِ تلاوت | 502 | حَجّاج بن یُوسُف کو جواب | 516 |
| خواب میں علم کی بشارت | 505 | سیِّدُنا ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی نظر میں | 518 |
| افضل عمل | 506 | سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی نظر میں | 518 |
| جنّت میں لے جانے والے اعمال | 506 | صَدَقات وخیرات کے واقعات | 518 |
| ادائے رسول | 507 | من پسند اُونٹنی خیرات کردی | 519 |
| 3برائیاں اور 3 بھلائیاں | 507 | پسندیدہ لونڈی آزاد کردی | 519 |
| بدکلام پر جنّت حرام ہے | 508 | 30ہزار درہم کا صَدَقہ | 520 |
| مسلمان کو پانی پلانے کی فضیلت | 508 | ایک ہزار غلام آزاد فرمائے | 521 |
| اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ناپسند بندے | 508 | 100 اُونٹنیوں کا وقف | 521 |
| بُرائی کا گڑھا | 509 | ایک سال میں ایک لاکھ درہم صَدَقہ | 522 |
| آگ کی آواز | 510 | ایک رات میں 10 ہزار درہم کی خیرات | 522 |
| صَبْر کی تلقین | 510 | مساکین سے مَحبت | 524 |
| صَبْر کا اُخروی اِنعام | 510 | کبھی سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا | 525 |
| روحوں کو رزق دیا جاتا ہے | 511 | یتیموں پر شفقت | 526 |
| گریہ وزاری | 511 | سائل کو خالی نہ پھیرتے | 527 |
| فجر کے وقت خُصُوصی رحمت کا نُزُول | 512 | غلاموں پر شفقت | 530 |
| زائد پانی مت بیچو | 512 | کیسا لباس پہنوں؟ | 531 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| عِبادت کے واقعات | 533 | میں تو مَغْفِرت چاہتا ہوں | 544 |
| جماعت چھوٹنے پر رات بھر عِبادت | 533 | اِبنِ عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا اور اِتباعِ سنّت کا جذبہ | 545 |
| سورۂ اِخلاص کا ثواب | 533 | لوگ دیوانہ سمجھتے | 545 |
| ظہر تا عصر عِبادت | 534 | فقط سلام کرنے بازار جاتے | 546 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی دُعائیں | 534 | عُمر، عَقل اور جسم میں کمی | 546 |
| صُبح کی دُعا | 535 | صحابۂ کرام عَلَیۡہِمُ الرِّضۡوَان کا ایمان | 547 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کا خوفِ خدا | 535 | وُضو اور نماز میں کمی کرنے والے | 547 |
| تِلاوت کرتے کرتے رونے لگے | 535 | دھوکے میں نہ رہنا | 548 |
| روتے روتے ہچکیاں بندھ جاتیں | 536 | اِیمان کی حلاوت پانے کا ذَرِیعہ | 549 |
| اِتباعِ صحابہ کا دَرس | 537 | عقلمند مسلمان کی پہچان | 550 |
| حاسد اور مُتکبِّر عالم نہیں ہوسکتا | 537 | دُنیاوی عزّت باعثِ نجات نہیں | 550 |
| مشورہ کرنے کی ترغیب | 538 | حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہ عَنۡہُمَا | 552 |
| شراب سے نَفرت | 539 | مدنی آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم نے دُعاؤں سے نوازا | 553 |
| زبان کی حفاظت کا درس | 540 | عِلم وفہم میں ترقی کی دُعا | 553 |
| کسی پر لَعنت نہیں بھیجتے تھے | 540 | حِکمت ودانائی کی دُعا | 553 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی عاجزی | 540 | عِلم وحِکمت کی دُعا | 554 |
| حج کے واقعات | 541 | بُرکت کی دُعا | 554 |
| مُقدّس مقامات پر مانگی ہوئی دُعا | 541 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کا عِلمی مقام | 555 |
| حجرِ اَسود کا بوسہ لیتے تو یہ پڑھتے | 542 | سَیِّدُ الۡمَلَائکہ عَلَیۡہِ السَّلَام کی پیشین گوئی | 555 |
| بوسۂ حجرِ اَسود کا جذبہ | 542 | سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم کے دستِ اُقدس اور دُعا کی بَرَکت | 555 |
| مدینے کی حاضری | 543 | اُمت کے بڑے عالم | 556 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اور تفسیرِ قرآن | 556 | ایک صالح وخائف نوجوان | 573 |
| عِلمِ تفسیر میں آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کا مقام | 558 | زبان کی حفاظت | 574 |
| 3 باتوں کی نصیحت | 558 | مسلمانوں کی خیر خواہی کا جذبہ | 575 |
| خارجیوں کو منہ توڑ جوابات | 559 | درہم ودینار بننے پر شیطان کی خوشی | 575 |
| 3 سوالات کے جوابات | 562 | گریہ وزاری | 576 |
| عِلم سیکھنے والوں کی بھیڑ | 563 | سفید پرندہ کفن میں داخل ہوگیا | 576 |
| ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی سخاوت | 564 | **حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبَیر** رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 577 |
| گالی دینے والے پر نرمی | 564 | رحمتِ عالم کا بابرکت خون | 577 |
| آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے ارشادات | 565 | یزید پلید کی بَیْعَت سے کھلا انکار | 579 |
| کثرتِ اَموات کا ایک سبب | 565 | یزید پلید کا خط پھینک دیا | 580 |
| بادشاہ کا خوف ہو تو کیا پڑھا جائے | 565 | آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی بے مثل شہادت | 580 |
| مختلف اَذکار کی برکات | 566 | پیدا ہوتے ہی بارگاہِ رِسالت میں حاضری | 584 |
| اَنار کی ایک خُصُوصیت | 566 | حَجّاج ومُختار ثَقَفِی کے بارے میں پیشین گوئی | 585 |
| ٹڈی کی عجیب حکایت | 566 | نماز میں خُشُوع وخُضُوع کا عالَم | 586 |
| چند آیات کی تفسیر | 567 | مَسْجِد کا کبوتر | 587 |
| ایک گناہ کئی گناہوں کا سبب ہوتا ہے | 569 | گناہ بخشے جاتے ہیں | 588 |
| تقدیر میں جھگڑنے والوں پر انفرادی کوشش | 570 | نصیحت نامہ | 588 |
| مُنکرِ تقدیر پر غضب | 571 | مال کی حرص کبھی ختم نہیں ہوتی | 590 |
| تکالیف کیسے دور ہوتی ہیں | 571 | **صُفّہ والوں کا بیان** | 591 |
| رزق میں کمی کا ایک سبب | 572 | مختصر تعارُف | 591 |
| ایک قَدَری کی توبہ کا عجیب واقعہ | 572 | قرآنِ کریم اور اہلِ صُفّہ | 592 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| صُفّہ والوں کی بھوک کا عالَم | 593 | حضرت سیِّدُنا جُعَیل بن سراقہ ضمری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 618 |
| اہلِ صُفّہ کی تعداد اور حالات | 595 | حضرت سیِّدُنا جَارِیہ بن جمیل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 619 |
| فضائلِ قرآن | 596 | حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 619 |
| حضرت سیِّدُنا اَوس بن اَوس ثقفی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 608 | غلاموں پر شفقت | 620 |
| حضرت سیِّدُنا اَسماء بن حارِثہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 610 | حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن اُسَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 621 |
| عاشورہ کے روزے کی اہمیت | 610 | قیامت کی 10 بڑی نشانیاں | 621 |
| حضرت سیِّدُنا اَغر مزنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 610 | قرآنِ حکیم اور اہلِ بیت | 622 |
| ہر روز 100 بار اِستِغفار | 611 | حضرت سیِّدُنا حَبِیب بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 622 |
| حضرت سیِّدُنا بلال بن رَباح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 611 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اِستقامت وشہادت | 623 |
| سردی گرمی میں بدل گئی | 612 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ کا ذکرِ خیر | 623 |
| حضرت سیِّدُنا بَراء بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 612 | حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن نعمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 623 |
| حضرت سیِّدُنا ثوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 613 | ماں سے حُسنِ سُلوک کا صلہ | 623 |
| یہودی عالم، بارگاہِ رسالت میں | 614 | صَدَقہ بُری مَوت سے بچاتا ہے | 624 |
| سب سے اَفضل مال | 614 | حضرت سیِّدُنا حازِم بن حَرمَلہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 624 |
| حضرت سیِّدُنا ثابت بن ضحاک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 614 | جنّت کا خزانہ | 624 |
| مسلمان پر کفر کی تہمت اس کے قتل کی طرح ہے | 615 | حضرت سیِّدُنا حنظلہ بن ابی عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 625 |
| حضرت سیِّدُنا ثابت بن ودیعہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 616 | ”غَسِیلُ الْمَلَائِکَہ“ کہنے کی وجہ | 625 |
| حضرت سیِّدُنا ثقیف بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 616 | حضرت سیِّدُنا حَجّاج بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 626 |
| حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 616 | حضرت سیِّدُنا حکم بن عمیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 626 |
| لیٹنے کا شیطانی طریقہ | 617 | دِین میں ناقص کون؟ | 626 |
| حضرت سیِّدُنا جُرہد بن خُوَیلد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 618 | کامل حیا | 627 |



www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| حضرت سیِّدُنا حَرمَلَہ بن اِیاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 627 | حضرت سیِّدُنا ابورَزِین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 640 |
| حضرت سیِّدُنا خَبّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 628 | ذِکرُ اللّٰہ کی فضیلت | 640 |
| اُمت کے حق میں 3 دُعائیں | 630 | 70 ہزار فِرِشتوں کی دُعا حاصل کرنے کا عمل | 641 |
| حضرت سیِّدُنا خُنَیس بن حُذَافہ سہمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 631 | حضرت سیِّدُنا زَید بن خطّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 642 |
| حضرت سیِّدُنا ابواَیُّوب خالِد بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 632 | 2 بھائیوں کا شوقِ شہادت | 642 |
| متقی وغیرِ متقی کی عِبادت میں فرق | 632 | حضرت سیِّدُنا سَلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 642 |
| مختصر اور جامع نصیحت | 633 | اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے مَحبت کرنے کی فضیلت | 643 |
| 70 ہزار کا بلاحِساب جنّت میں داخِلہ | 633 | حضرت سیِّدُنا سعد بن اَبی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 643 |
| حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن فاتِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 634 | اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے بندے | 644 |
| غیبی آواز نے اسلام کی دعوت دی | 634 | حضرت سیِّدُنا سَعِید بن عامِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 644 |
| پائنچے ٹخنوں سے نیچے لٹکانا ممنوع ہے | 635 | حضرت سیِّدُنا ابوعبدالرحمٰن سفینہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 644 |
| حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن اَوس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 635 | زندگی بھر صُحبتِ سرکار کی خواہش | 644 |
| نگاہِ مصطفٰی کا کمال اور صحابی کی سادگی | 635 | تیرے منہ سے جو نکلی وہ بات ہو کے رہی | 645 |
| نَعت سننا سنّت ہے | 636 | غلامِ مصطفٰی کی جانور بھی تعظیم کرتے ہیں | 645 |
| حضرت سیِّدُنا خُبَیب بن یَساف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 637 | آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم دعوت سے لوٹ آئے | 646 |
| حضرت سیِّدُنا دُکَین بن سعید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 637 | حضرت سیِّدُنا سعد بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 647 |
| ایک معجزے کا بیان | 638 | صَبر کی اہمیت کا بیان | 647 |
| سیِّدُنا عبداللّٰہ ذُوالْبِجَادَین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 638 | مصیبت حسبِ فضیلت آتی ہے | 648 |
| عبدالعُزّٰی سے ذُوالْبِجَادَین کیسے ہوئے؟ | 639 | حضرت سیِّدُنا سالِم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 648 |
| حضرت سیِّدُنا ابولُبابہ رِفاعہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 639 | خوش اِلحان قاریٔ قرآن | 649 |
| جُمُعَہ کی عظمتوں کا بیان | 639 | حضرت سیِّدُنا سالم بن عبید اَشجعی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 649 |



www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیِّدُنا صدیقِ اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی افضلیت | 649 | سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بھوک کا ذکر | 660 |
| **حضرت سیِّدُنا سالم بن عمیر** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 651 | احادیث یاد کرنے کا شوق | 662 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شان | 651 | خوش حالی میں خستہ حالی کی یاد | 662 |
| **حضرت سیِّدُنا سائب بن خلاد** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 651 | بیٹی کو سونا نہ پہننے کی نصیحت | 664 |
| اہلِ مدینہ کی شانِ عظمت نشان | 651 | گورنر بننے سے انکار کر دیا | 665 |
| **حضرت سیِّدُنا شُقران** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 652 | بے مثال حافظہ | 665 |
| **حضرت سیِّدُنا شدّاد بن اُسید** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 652 | آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمِ حدیث | 666 |
| آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ایک خصوصیّت | 652 | ٹھنڈی غنیمت | 666 |
| **حضرت سیِّدُنا صہیب بن سِنان** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 653 | ہر مہینے 3 روزے / سارا سال روزوں کا ثواب | 667 |
| 2 نبیوں عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی دُعا | 653 | نفل روزے کی نیت | 668 |
| **حضرت سیِّدُنا صفوان بن بیضاء** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 653 | روزانہ 12 ہزار بار اِستغفار | 669 |
| **حضرت سیِّدُنا طِخفہ بن قیس** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ | 654 | ہزار گرہوں والا دھاگا | 669 |
| پیٹ کے بل لیٹنا اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند نہیں | 654 | بوقتِ وفات رونے کی وجہ / مسجد میں نقش ونگار | 669 |
| **حضرت سیِّدُنا طلحہ بن عمرو** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 655 | موت ایک کھلی نصیحت ہے | 670 |
| مال کی فراوانی کی خبر | 655 | خطبۂ ابوہریرہ / 15 کھجوروں پر 2 دِن گزارا | 671 |
| **حضرت سیِّدُنا طفاوِی دَوسی** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 656 | لونڈی کو آزاد فرما دیا | 672 |
| **حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 656 | موت خالص سونے سے بھی زیادہ محبوب ہوگی | 672 |
| اچھائی اور برائی کا مدار | 657 | 6 چیزوں کے خوف سے موت کی تمنا | 672 |
| علم کی اہمیت | 657 | اپنا کام خود کرتے / گھر کے باہر کیا لکھواؤں | 673 |
| ہر قدم کے بارے میں سوال ہوگا | 657 | اجمالی فہرست | 674 |
| طلبِ علم میں نو دِن کا سفر | 657 | مبلغین کے لئے فہرست / متروکہ عربی عبارات | 679 |
| **حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ | 658 | ماخذ و مراجع | 685 |
| اِسلام کے مہمان | 659 | المدینۃ العلمیہ کی کتب | 690 |




www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## ”ہمیں صحابۂ کرام سے پیار ہے“ کے 21 حُروف کی نسبت سے
## اس کتاب کو پڑھنے کی ”21 نیّتیں“

**فرمانِ مصطفٰی** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔
(المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵)

**دو مَدَنی پھول:** ﴿۱﴾ بغیر اچّھی نیّت کے کسی بھی عَمَلِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔
﴿۲﴾ جتنی اچّھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

﴿۱﴾ ہر بار حمد و ﴿۲﴾ صلوٰۃ اور ﴿۳﴾ تعوُّذ و ﴿۴﴾ تَسمِیہ سے آغاز کروں گا۔ (اسی صَفْحہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہو جائے گا)۔ ﴿۵﴾ رِضائے الٰہی کے لئے اس کتاب کا اوّل تا آخر مُطالَعہ کروں گا۔ ﴿۶﴾ حتَّی الْوَسْع اِس کا باوُضُو اور ﴿۷﴾ قِبلہ رُو مُطالَعہ کروں گا ﴿۸﴾ قرآنی آیات اور ﴿۹﴾ اَحادیثِ مُبارَکہ کی زِیارت کروں گا ﴿۱۰﴾ جہاں جہاں ”اللہ“ کا نام پاک آئے گا وہاں عَزَّوَجَلَّ اور ﴿۱۱﴾ جہاں جہاں ”سرکار“ کا اِسمِ مبارَک آئے گا وہاں صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پڑھوں گا۔ ﴿۱۲﴾ اس کتاب کا مُطالَعہ شروع کرنے سے پہلے اس کے مؤلف کو ایصالِ ثواب کروں گا۔ ﴿۱۳﴾ (اپنے ذاتی نسخے پر) عِندَالضَّرورت خاص خاص مقامات انڈر لائن کروں گا۔ ﴿۱۴﴾ (اپنے ذاتی نسخے کے) ”یادداشت“ والے صَفْحہ پر ضَروری نِکات لکھوں گا۔ ﴿۱۵﴾ اولیا کی صفات اپناؤں گا۔ ﴿۱۶﴾ دوسروں کو یہ کتاب پڑھنے کی ترغیب دلاؤں گا۔ ﴿۱۷﴾ اس حدیثِ پاک ”تَھَادَوْا تَحَابُّوْا“ ایک دوسرے کو تحفہ دو آپس میں محبت بڑھے گی۔ ﴿مؤطا امام مالک، الحدیث: ۱۷۳۱، ج۲، ص۴۰۷﴾ پر عمل کی نیت سے (ایک یاحسبِ توفیق) یہ کتاب خرید کر دوسروں کو تحفۃً دوں گا۔ ﴿۱۸﴾ اس کتاب کے مُطالَعہ کا ثواب ساری اُمّت کو اِیصال کروں گا۔ ﴿۱۹﴾ اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے مَدَنی انعامات کا رسالہ پُر کیا کروں گا اور ہر اسلامی ماہ کی دس تاریخ تک اپنے یہاں کے ذمہ دار کو جمع کروا دیا کروں گا اور ﴿۲۰﴾ عاشقانِ رسول کے مَدَنی قافلوں میں سفر کیا کروں گا۔ ﴿۲۱﴾ کتابت وغیرہ میں شَرْعی غلطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پر مُطَّلع کروں گا (ناشرین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا)۔


www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# المدینۃ العلمیۃ

از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ
مولٰینا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ شَرِیعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسنِ خوبی سرانجام دینے کے لئے متعدَّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس ''**المدینۃ العلمیۃ**'' بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلما و مُفتیانِ کرام کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام پر مشتمل ہے۔ جس نے خالِص علمی، تحقیقی اور اِشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت (۲) شعبۂ تراجمِ کُتب (۳) شعبۂ درسی کُتب
(۴) شعبۂ اصلاحی کُتب (۵) شعبۂ تفتیشِ کُتب (۶) شعبۂ تخریج

''**المدینۃ العلمیۃ**'' کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البَرَکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجَدِّدِ دِین ومِلّت، حامیِ سنّت، ماحیِ بِدعت، عالِمِ شَرِیعت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیر و بَرَکت، حضرتِ علّامہ مولٰینا الحاج الحافظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی گراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوَسع سَہل اُسلُوب میں پیش کرنا ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس علمی، تحقیقی اور اِشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مُطالَعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ''دعوتِ اسلامی'' کی تمام مجالس بَشُمُول ''**المدینۃ العلمیۃ**'' کو دن گیارہویں اور رات


www.dawateislami.net

بارہویں ترقی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عَمَلِ خیر کو زیورِ اِخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بَھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضرا شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم



رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

# مَدَنی اِنْقلاب

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!**

اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خوشنودی کے حُصُول اور باکردار مسلمان بننے کے لئے ''**دعوتِ اسلامی**'' کے اِشاعتی ادارے **مکتبۃ المدینہ** سے ''**مدنی اِنعامات**'' نامی رسالہ حاصل کر کے اس کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کیجئے اور اپنے اپنے شہروں میں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندیٔ وقت کے ساتھ شرکت فرما کر خوب خوب سنّتوں کی بہاریں لُوٹئے۔ **دعوتِ اِسلامی** کے سنّتوں کی تربیت کے لئے بے شمار **مَدَنی قافلے** شہر بہ شہر، گاؤں بہ گاؤں سفر کرتے رہتے ہیں، آپ بھی سنّتوں بھرا سفر اختیار فرما کر اپنی آخرت کے لئے نیکیوں کا ذخیرہ اکٹھا کریں۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ اپنی زندگی میں حیرت انگیز طور پر ''**مدنی اِنقلاب**'' برپا ہوتا دیکھیں گے۔

؎ اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں اے **دعوتِ اسلامی** تیری دھوم مچی ہو!


www.dawateislami.net

# پہلے اِسے پڑھ لیجئے!

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عاجز بندے اوراس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اَدنیٰ غلام ہیں یقیناً زندگی بے حد مختصر ہے، ہم لَمحہ بہ لَمحہ موت کے قریب ہوتے جارہے ہیں، عنقریب ہمیں اندھیری قبر میں اُتار دیا جائے گا۔نجات تمام جہانوں کے پالنے والے خدائے اَحکم الحاکمین جَلَّ جَلالُہٗ کی اطاعت اور مؤمنین پر رحم وکرم فرمانے والے رسولِ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّتوں کی اِتّباع میں ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ قرآنِ پاک میں ارشادفرماتا ہے:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓىٕكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓىٕكَ رَفِيْقًا ﴿٦٩﴾ (پ٥، النساء:٦٩)

ترجمۂ کنز الایمان: اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے تو اسے ان کا ساتھ ملے گا جن پر اللہ نے فضل کیا یعنی انبیاء اور صِدّیق اور شہید اور نیک لوگ اور یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں۔

حکیم الاُمّت مُفتی احمد یارخان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنّان اس آیتِ مبارکہ کی تفسیر کا خُلاصہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''جو مسلمان صحیح معنی میں اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اِطاعت کرے گا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فرائض پر کاربند ہوگا، اس کی مَنْع کی ہوئی چیزوں سے بچے گا اور رسول (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی سنّتوں کا مُتَبِع (یعنی پیروکار) ہوگا وہ کل قیامت اور جنّت میں یا قبر وحشر وجنّت میں نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، ابوبکر صِدّیق، عُمَر وعُثمان وعلی اور تمام مُہاجِرین وانصار صحابہ (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کے ساتھ ہوگا، (اور) ساتھ رہے گا کہ اسے ہر وقت ان مَحْبُوبوں کے جمال کی زیارت، ان کی ملاقات، ان سے گفتگو مُیَسَّر رہے گی اور یہ دِین ودُنیا میں بڑے اچھے، نرم، نَفْع پہنچانے والے ساتھی ہیں کہ ان کی بَرَکت سے اللہ تعالیٰ ان کے ساتھیوں پر بھی مہربانی فرما دیتا ہے۔ یہ مَحْبُوبوں کی ہمراہی، ان کا قُرب اللہ تعالیٰ کا خاص فَضْل ہے جو اس کے کرم سے ہی ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ہے وہ جانتا ہے کہ کون ان بزرگوں کی صُحبت کے لائق ہے کون نہیں۔'' (1)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** مذکورہ آیت مبارکہ اوراس کی تفسیر واضح کررہی ہے کہ اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

---

(1) تفسير نعيمى، سورة النساء، تحت الآية:٦٩، ج٥، ص٢٠٨.



www.dawateislami.net

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اِطاعت کرنے والے اہلِ ایمان کو حضرات انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام، صدیقین، شہدا اور صالحین رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی رفاقت ملے گی مگر چونکہ اِطاعت ومعصیت کا انسان کو اختیار دیا گیا ہے اور ساتھ ہی نفس وشیطان کو اسے بہکانے کی قدرت بھی دی گئی ہے۔ لہٰذا جب اُسے دُنیوی راحتیں اور فانی آسائشیں ملتی ہیں تو اسے راہِ راست سے ہٹا کر گمراہی، سرکشی اور نافرمانی کی راہ پر ڈال دیتی ہیں اور نفسانی وشیطانی خواہشات اس کے نورِ ایمان کو بجھانے کی سرتوڑ کوششیں کرتی ہیں۔ اور وہ عالیشان محلات اور عمدہ وپختہ مکانات کی تعمیر اور اہل وعیال کی دُنیاوی راحتوں کی خاطر ہر جائز وناجائز طریقوں سے مال کمانے میں دن رات مصروف رہ کر اپنی آخرت کو بھول جاتا ہے۔ اور نَفس وشَیطان کی حیلہ سازیوں کا شکار ہو کر گناہوں کا ایسا عادی ہو جاتا ہے کہ انہیں چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہوتا۔

گویا جب دُنیا میں ہر طرف سے خوشیوں، راحتوں، نعمتوں، آسائشوں اور مال ودولت کی فراوانی کی ٹھنڈی، مہکی، مہکی مگر عارضی ہوائیں چلتی ہیں تو انسان اس دنیا کو دائمی سمجھ بیٹھتا ہے۔ تو ایسے میں بیان کردہ نجات کے طریقے یعنی خدائے اَحکم الحاکمین جَلَّ جَلالُہٗ کی اِطاعت اور مؤمنین پر رحم وکرم فرمانے والے رسولِ کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّتوں کی اِتباع پر اِستقامت پانے کے لئے صحابۂ کرام اور سلف صالحین رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے حالات وواقعات کامُطالَعہ کرنا ازحد ضَروری ہے۔ یقیناً ان حضرات نے اپنی زندگیاں خدائے اَحکم الحاکمین جَلَّ جَلالُہٗ کی اِطاعت اور رسولِ کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّتوں کی اِتباع میں گزاریں۔ ان کا زُہد وتقویٰ بے مثال تھا۔ وہ مال میں رغبت رکھتے نہ دنیا سے محبت۔ جذبۂ عبادت، شوقِ تِلاوت اور فُقر وفاقہ گویا ان کا لبادہ تھا۔ خوفِ خدا ایسا کہ انہیں خشیت الٰہی میں روتا دیکھ کر لوگ بھی رونے لگتے۔ عشقِ مصطفٰی ایسا کہ اپنے آقا ومولیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے رُخِ روشن کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے ہر وقت بے تاب رہتے۔ یہ نُفُوس قُدسیہ نجات پانے کے لئے اپنے ظاہر وباطن کی اِصلاح میں لگے رہے اور اپنی اِصلاح کے ساتھ ساتھ دنیا بھر کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے مقدس جذبے کے تحت حتی اَلمَقدُور دوسروں پر بھی اِنفرادی کوششیں کرتے رہے۔ نیکی کی دعوت عام کرنے کے لئے راہِ خدا میں سفر کر کے نہ صرف اپنے مال کی قربانیاں دیں بلکہ اس عظیم کام کے لئے اپنی جانیں تک قربان کر دیں۔ انہیں ڈرایا گیا، دھمکایا گیا، مارا گیا، سخت گرمیوں کی کڑکتی دھوپ میں تپتی ریت پر لٹایا گیا، بھوکا، پیاسا رکھا گیا، قید کیا گیا، سولی پر چڑھایا گیا اور گلے میں رسیاں ڈال کر گلیوں میں گھسیٹا گیا اَلغرض ہر طرح سے اَذیت وتکلیف پہنچائی گئی


www.dawateislami.net

لیکن اس کے باوجود وہ دینِ اسلام کی ترویج واِشاعت سے پیچھے نہ ہٹے اور اس راہ میں اپنا تن، من، دھن سب قربان کر دیا گویا وہ ان اَشعار کے حقیقی مِصداق تھے:

ارادے جن کے پختہ ہوں نظر جن کی خدا پر ہو ۔۔۔ تلاطُم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے
غلامانِ محمد جان دینے سے نہیں ڈرتے ۔۔۔ یہ سر کٹ جائے یا رہ جائے وہ پرواہ نہیں کرتے
زباں پر شکوۂ رنج و اَلم لایا نہیں کرتے ۔۔۔ نبی کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے

اَلغرض ان نُفُوس قُدسیہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دین کی سربلندی کی خاطر قربانیاں دیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں دُنیا وآخرت میں عزّت وکرامت سے سرفراز فرمایا۔ بالخُصُوص، حضراتِ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن اور ان کی عظمت وشان کے کیا کہنے! مصطفیٰ جانِ رحمت، شمعِ بزمِ ہدایت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنی زبانِ حق ترجمان سے جا بجا ان کی عَظْمت وشان بیان فرمائی۔ چنانچہ،

حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میرے صحابہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم) کو نبیوں اور رسولوں (عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کے علاوہ تمام جہانوں پر فضیلت دی ہے۔'' (1)

حُضُور نبیِ کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن سے عداوت وبرائی دونوں جہاں میں خسارے کا باعث ہے۔ چنانچہ، حضرت سیِّدُنا ابوسعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ مَحبوبِ رَبُّ العزت، مُحسنِ انسانیت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے: ''جو میرے صحابہ (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن) میں سے کسی کو بھی برا کہے اس پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی لعنت ہو۔'' (2)

ایک حدیثِ پاک میں یہ مضمون بھی موجود ہے: ''جس نے میرے صحابہ کو ستایا اس نے مجھے ستایا اور جس نے مجھے ستایا اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کو ایذا دی اور جس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کو ایذا دی تو قریب ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ (دنیا یا آخرت میں) اس کی پکڑ فرمائے۔'' (3)

---

(1) ......مجمع الزوائد، کتاب المناقب، باب ماجاء فی اصحاب رسول اللّٰہ، الحدیث: ۱۶۳۸۳، ج۹، ص۷۳۶.

(2) ......المعجم الاوسط، الحدیث ۱۸۴۶، ج۱، ص۵۰۰.

(3) ......مشکاۃ المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب الصحابۃ، الفصل الثانی، الحدیث: ۶۰۱۴، ج۲، ص۴۱۴.



www.dawateislami.net

شارح مشکوٰۃ حکیم الاُمّت مُفتی احمد یار خان نعیمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے اس کی شرح میں حضرت سیِّدُنا اِمام مالک بن اَنَس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کا یہ فرمان نقل فرمایا کہ ''صحابہ (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کو بُرا کہنے کا یہ عمل عداوتِ رسول کی دلیل ہے۔'' (مرقاۃ) اس کے بعد فرماتے ہیں: ''اور عداوتِ رسول (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) عداوتِ رب (عَزَّوَجَلَّ) ہے۔ ایسا مردود دوزخ ہی کا مُستَحِق ہے۔'' (1)

اِنہی نُفُوسِ قُدسِیّہ میں سے ایک گروہ ''اَصحابِ صُفَّہ'' کہلاتا ہے۔ یہ حضرات ہر وقت مُصْطَفٰی جانِ رَحمت، شَمعِ بزمِ ہدایت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے درِ دولت پر حاضر رہتے تھے۔ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے وہ مَحْبُوب و پسندیدہ بندے ہیں کہ جب ان سے نفرت کرتے ہوئے عُیَیْنَہ بن حَصِیْن اور اَقْرَع بن حَابِس وغیرہ نے بارگاہِ رسالت میں انہیں دور کرنے کی عرض کی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ الْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَ لَا تَعْدُ عَیْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ (پ۱۵، الکھف:۲۸)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اپنی جان ان سے مانوس رکھو جو صُبح وشام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے اور تمہاری آنکھیں انہیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں۔

جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اُٹھے اور صُفَّہ والوں کو تلاش کرنے لگے حتی کہ انہیں مَسجِد کی پچھلی جانب اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذِکر میں مشغول پایا تو فرمایا: ''تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے مجھے اس وقت تک وفات نہیں دی جب تک مجھے اپنی اُمّت کے کچھ لوگوں کے ساتھ اپنی جان کو مانوس رکھنے (یعنی ان کے پاس بیٹھنے) کا حکم نہ دے دیا۔ لہٰذا میرا جینا مرنا تمہارے ساتھ ہی ہے۔'' (2)

**پیارے اسلامی بھائیو!**

دیکھا آپ نے حضراتِ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کا مقام اللہ و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہاں کس قدر بلند ہے۔ پس اِیمان و اِیقان کا تقاضا ہے کہ ہمارے دل صحابۂ کرام اور اولیائے عُظّام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی عَظَمت ومَحَبَّت اور اُلفت وچاہت سے لبریز ہوں اور یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ کسی سے مَحَبَّت اس کی اِطاعت و اِتّباع پر اُبھارتی ہے۔ یقیناً حضراتِ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی

1 ......مراۃ المناجیح، ج۸، ص۳۴۳، ملخصًا.

2 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الزھد وقصر الامل، الحدیث:۱۰۴۹۴، ج۷، ص۳۳۶.



www.dawateislami.net

مُحبت وعقیدت میں ڈوب کران کی سیرت پاک کے مختلف حالات وواقعات کا مُطالَعہ کرنا اوراس سے حاصل ہونے والے **مدنی پھولوں** کے مطابق اپنی زندگی کے شب وروز گزارنا عین سعادت ہے اور کیوں نہ ہو کہ ان کے تقویٰ وپرہیزگاری کی گواہی خود قرآن کریم دے رہا ہے۔ چنانچہ، اللہ عَزَّوَجَلَّ اِرشاد فرماتا ہے:

**وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَاؕ** (پ۲۶، الفتح: ۲۶)

ترجمۂ کنزالایمان: اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے۔

مفسرِ شہیر، حکیم الاُمت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس (یعنی پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا) کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ''کہ یہ کلمۂ تقویٰ یعنی اِیمان واِخلاص ان سے جدا ہوسکتا ہی نہیں، اس میں ان سب کے حسنِ خاتمہ کی یقینی خبر ہے کہ ان صحابۂ کرام (رَضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) سے دنیا میں وفات کے وقت، قبر میں، حشر میں تقویٰ جدا نہ ہوسکے گا۔'' اور آخری حصّہ (یعنی اور (وہ) اس کے اہل تھے) کے تحت فرماتے ہیں: ''کیونکہ ربّ تعالیٰ نے ان بزرگوں کو اپنے محبوب کی صُحبت، قرآنِ کریم کی خدمت، دِین کی حفاظت کے لئے چُنا ہے، اگر ان میں کچھ بھی نقصان ہوتا تو اس پاکوں کے سردار محبوب کی ہمراہی کے لئے ان کا چناؤ نہ ہوتا۔ موتی ہر ڈبیہ میں نہیں رکھا جاتا اس کے لئے خاص قیمتی ڈبہ ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ یہاں کلمۂ تقویٰ سے مراد یا کلمہ طیبّہ ہے یا وفاداری یا ہر قسم کی ظاہری وباطنی پرہیزگاری۔ وَهُوَ الظَّاهِر. اس سے معلوم ہوا کہ کوئی صحابی فاسق نہیں تمام متقی وعادل ہیں جو انہیں فاسق کہے وہ اس آیت کا مُنکر ہے ربّ تعالیٰ جس کے ساتھ تقویٰ وپرہیزگاری لازم کردے اسے جدا کرنے والا کون۔''(1)

**میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!**

اندازہ کیجئے! جن نُفُوسِ قُدسِیہ کے زُہد وتقویٰ کی گواہی قرآن مجید دے رہا ہے اور جنہوں نے مُعلِّمِ کائنات، شاہِ موجودات صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صُحبت میں رہ کر براہِ راست آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے تربیت حاصل کی ہو ان کے فضائل وکمالات اور زُہد وتقویٰ کا کیا عالَم ہوگا۔

اللہ اللہ وہ کیا لوگ تھے جن لوگوں نے    چلتے پھرتے میرے آقا کی زیارت کی ہے
آسمانوں پہ زمینوں پہ حکومت کی ہے    جس نے میرے آقا کی اِطاعت کی ہے

اور جو خوش نصیب بھلائی کے ساتھ ان نُفُوسِ قُدسِیہ کی پیروی کرتا ہے وہ بھی رضائے ربُّ الانام پانے میں

---

1 ......تفسیر نور العرفان، پ۲۶، الفتح، تحت الآیۃ: ۲۶.


www.dawateislami.net

کامیاب ہوجاتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ (پ ۱۱،التوبۃ ۱۰۰)

ترجمۂ کنزالایمان: اور جو بھلائی کے ساتھ ان کے پیرو ہوئے اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی۔

مفسرِ شہیر،حکیم الامت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ''یعنی قیامت تک کے تمام وہ مسلمان جو مُہاجِرین واَنصار(صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن) کی اِطاعت وپیروی کرنے والے ہیں یا باقی صحابہ،ان سب سے اللہ (عَزَّوَجَلَّ) راضی ہے مگر اگلے،اِمام (یعنی پیشوا) ہیں اور پچھلے،مُقْتَدِی (یعنی پیروی کرنے والے) اس سے تین مسئلے مَعْلُوم ہوئے ایک یہ کہ قِیامت تک وہی مسلمان حق پر ہیں جو تمام مُہاجِرین واَنصار صحابۂ کرام (رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن) کے پیروکار ہیں لہٰذا روافض وخَوارِج باطِل پر ہیں۔دوسرے یہ کہ ہر مُتَّقِی سُنّی مسلمان کو ''رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُم'' کہہ سکتے ہیں۔یہ لفظ صرف صَحابہ کے لئے خاص نہیں۔تیسرے یہ کہ جب ربّ تعالیٰ صحابہ کے غلاموں سے راضی ہے تو خود صحابہ سے کتنا راضی ہوگا۔''[1]

### میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو!

آیئے!ہم اپنے قُلُوب واَذہان (یعنی دل و دماغ) میں اللہ والوں بالخُصُوص صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن کی عَظمت وشان اور ان سے مَحبت کی ایسی شمع روشن کریں کہ اس کا فَیضان ہماری آئندہ نسلوں کو بھی حاصل ہو۔سچی بات ہے کہ شب وروز سرکارِ دوجہاں،رحمتِ عالمیاں صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے دراَقدس پر حاضر رہنے اور تربیت پانے والی ان عَظِیْمُ الشَّان ہستیوں کی مُبارک وپاکیزہ زندگیوں اور ان کے مُبارک حالات کا مُطالَعہ کرکے ہر ایک خواہ وہ زندگی کے کسی بھی شُعبہ سے تَعَلُّق رکھتا ہو،بھرپور راہنمائی حاصل کرسکتا ہے۔زیرِ نظر کتاب ''اللہ والوں کی باتیں'' حضرت سیِّدُنا امام حافظ اَبُونُعَیم اَحمد بن عبد اللّٰہ اَصفہانی شافعی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللهِ الْكَافِی (مُتَوَفّٰی ۴۳۰ھ) کی اللہ والوں سے مَحبت میں ڈوب کر لکھی ہوئی شہرۂ آفاق مُبارک کتاب ''حِلْیَةُ الْاَوْلِیَاء وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاء'' کی پہلی جلد کا ترجمہ ہے۔یہ کتاب حضرات خُلفائے راشدین،ان کے علاوہ عشرہ مبشرہ میں شامل صحابۂ کرام،مہاجر صحابۂ کرام، اہلِ صُفّہ،ساکنینِ مَسْجِدِ نبوی،صحابیات،تابعین،تبع تابعین،مشرقی اَولیائے کرام،سرداران صوفیاء،عراقی عارِفین،بغدادی

---

[1] ......تفسیر نور العرفان،پ ۱۰،التوبة،تحت الآیة:۱۰۰۔


www.dawateislami.net

اَولیائے کرام اور مُصنِّف کے ہم عَصر اَولیائے عُظّام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے خوفِ خدا و عشقِ مصطفٰی، فضائل وکمالات، سیرت وکردار، صفات وعادات، عِبادات واَخلاقیات، اَعمال واَقوال، اَفعال واَحوال، زُہد وتقویٰ اور حالات وواقعات پر مشتمل ہے۔ ابتدا میں حضرت مصنف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے اَحادیثِ مُبارَکہ کی روشنی میں اَولیائے کرام کی شان، مقام ومرتبہ اور تَصَوُّف کو بیان فرمایا ہے جس سے اِسلام میں تَصَوُّف کی اَہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کتاب کی اِفادیت کے پیشِ نظر قبلہ امیرِ اہلسنّت، شیخِ طریقت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابوبلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی مَدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی نے "**مجلس المدینۃ العلمیۃ**" کو اس کے اُردو ترجمہ کرنے کی طرف متوجہ فرمایا۔

**اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ "**مجلس المدینۃ العلمیۃ**" کے شعبۂ تراجمِ کُتُب (عَربی سے اُردو) کے مَدَنی عُلَما کَثَّرَھُمُ اللّٰہ تَعَالٰی نے "**اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش**" کے مُقدّس جذبہ کے تحت مسلسل کوششوں اور اَنتھک کاوشوں سے اس کِتاب کا اُردو ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی۔ اس کی پہلی جلد کا اُردو ترجمہ بنام "**اللہ والوں کی باتیں**" آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اِطاعت وفرمانبرداری پر اِستقامت پانے، فیضانِ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کو عام کرنے اور اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کا مُقدّس جذبہ اُجاگر کرنے کے لئے خود بھی اس کتاب کا مُطالَعہ کریں اور حسبِ اِستطاعت **مکتبۃ المدینہ** سے خرید کر دوسروں کو بطورِ تحفہ پیش کریں۔

**ترجمہ کرتے ہوئے درج ذیل اُمور کا خُصُوصی طور پر خیال رکھا گیا ہے:**

**﴿۱﴾......ترجمہ کے لئے دارُالکتب العلمیۃ (بیروت، لبنان) کا نسخہ (مطبوعہ ۱۴۱۸ھ/ ۱۹۹۷ء) استعمال کیا گیا ہے۔**

﴿۲﴾......چونکہ ہمارے پاس اس کتاب کا ایک ہی نُسخہ ہے اور اس کے عَربی متن میں بہت جگہ غَلَطیاں ہیں جس کی وجہ سے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر دیگر کُتُب سے تلاش کر کے حتی الامکان دُرُستی کی کوشش کی گئی ہے۔ تاہم پھر بھی آپ غلطی پائیں تو تحریری طور پر مجلس کو مطلع فرمائیں۔

﴿۳﴾......سلیس اور بامحاورہ ترجمہ کیا گیا ہے تاکہ کم پڑھے لکھے اسلامی بھائی بھی اچھی طرح سمجھ سکیں۔

﴿۴﴾......آیاتِ مُبارَکہ کا ترجمہ اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے ترجمۂ قرآن **کنزالایمان** سے لیا گیا ہے۔


www.dawateislami.net

﴿٥﴾......آیاتِ مُبارَکہ کے حوالے کا بھی اہتمام کیا گیا ہے اور حتی المقدور احادیثِ طیّبہ اور اَقوالِ صحابہ وتابعین وغیرہ کی تخریج بھی کی گئی ہے۔

﴿٦﴾......بعض مقامات پر مفید حواشی اور اَکابرینِ اَہلسنّت کی تحقیق کو دَرج کردیا ہے۔

﴿٧﴾......صحابۂ کرام، راویوں رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن اور شہروں کے ناموں پر اِعراب کا اِہتمام کیا گیا ہے۔

﴿٨﴾......کئی مقامات پر مشکل اَلفاظ کے معانی ہلالین (brackets) میں لکھ دیئے گئے ہیں۔

﴿٩﴾......تَلَفُّظ کی دُرُستی کے لئے مشکل وغیر معروف اَلفاظ پر اِعراب کا اِلتزام کیا گیا ہے۔

﴿١٠﴾......موقع کی مناسبت سے جگہ بہ جگہ عُنوانات قائم کئے گئے ہیں۔

﴿١١﴾......علاماتِ ترقیم (رُموزِ اَوقاف) کا بھی بھرپور خیال رکھا گیا ہے۔

اس ترجمہ میں جو بھی خوبیاں ہیں وہ یقیناً اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عطاؤں، **صحابۂ کرام واَولیائے عُظّام** رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی عنایتوں اور قبلہ شیخ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَۃ کی پُرخلوص دعاؤں کا ثمرہ ہیں اور جو خامیاں ہیں وہ ہماری کم فہمی کے سبب ہیں۔

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دُعا ہے کہ ہمیں **''اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش''** کرنے کے لئے **مَدَنی اِنعامات** پر عَمَل اور **مَدَنی قافلوں** میں سفر کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دعوتِ اسلامی کی تمام مجالس بشُمول ''مجلس المدینۃ العلمیۃ'' کو دن پچیسویں رات چھبیسویں ترقی عطا فرمائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم

**شعبہ تراجِم کُتُب (مجلس المدینۃ العلمیۃ)**



www.dawateislami.net

اس کتاب کی پہلی جلد میں جن 89 صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِین کا ذکرِ خیر ہے ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

﴿1﴾......حضرات خُلَفائے راشِدین: (۱)امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق (۲)امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق (۳)امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُثْمان غَنِی اور (۴) امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عَلِیُّ الْمُرتَضٰی رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن۔

﴿2﴾......حضرات عَشَرہ مُبَشَّرہ[1]: چار خُلَفائے راشدین کے علاوہ باقی چھ حضرات کے اسمائے شریفہ یہ ہیں: (۱)حضرت سیِّدُنا طَلْحہ بن عُبَیدُاللّٰہ (۲)حضرت سیِّدُنا زُبَیر بن عوَّام (۳)حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبی وَقَّاص (۴)حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَیْد (۵)حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف اور (۶)حضرت سیِّدُنا ابو عُبَیْدَہ بن جَرَّاح رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن۔

﴿3﴾......حضرات مُہاجِرین صحابۂ کرام: (۱)حضرت سیِّدُنا عُثْمان بن مَظْعُوْن (۲)حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر (۳)حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن جَحْش (۴)حضرت سیِّدُنا عامِر بن فُہَیْرہ (۵)حضرت سیِّدُنا عاصِم بن ثابت (۶)حضرت سیِّدُنا خُبَیْب بن عَدِی (۷)حضرت سیِّدُنا جَعْفَر بن اَبی طالِب (۸)حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن رَوَاحہ (۹)حضرت سیِّدُنا اَنَس بن نَضْر (۱۰)حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ ذُوالبِجَادَین (۱۱) حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مَسْعُوْد (۱۲)حضرت سیِّدُنا عَمَّار بن یاسِر (۱۳)حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت (۱۴)حضرت سیِّدُنا بِلال بن رَبَاح (۱۵)حضرت سیِّدُنا صُہَیْب بن سِنان (۱۶)حضرت سیِّدُنا ابو ذَر غِفَارِی (۱۷)حضرت سیِّدُنا عُتْبہ بن غَزْوَان (۱۸)حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد (۱۹)حضرت سیِّدُنا سالِم مَوْلٰی اَبی حُذَیْفہ (۲۰)حضرت سیِّدُنا عامِر بن رَبِیْعہ (۲۱)حضرت سیِّدُنا ثَوْبَان ابو البَہِی رَافِع (۲۲)حضرت سیِّدُنا ابو رَافِع اَسْلَم (۲۳)حضرت سیِّدُنا سَلْمَان فارِسی (۲۴)حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء (۲۵)حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل (۲۶)حضرت سیِّدُنا سَعِید بن عامِر (۲۷)حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سَعْد (۲۸)حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعْب (۲۹)حضرت سیِّدُنا ابو مُوسٰی

---

[1]......فتاوی رضویہ میں ہے کہ ''وہ دس صحابی جن کے قطعی جنتی ہونے کی بشارت وخوشخبری رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کی زندگی ہی میں سنادی تھی وہ عشرہ مبشرہ کہلاتے ہیں۔'' (فتاوی رضویہ، ج۲۹، ص۳۶۳)



www.dawateislami.net

اَشعَرِی (۳۰)حضرت سیِّدُناشَدَّادبن اَوس (۳۱)حضرت سیِّدُناحُذَیفَہ بن یَمان (۳۲)حضرت سیِّدُناعبداللّٰہ بن عَمروبن عَاص (۳۳)حضرت سیِّدُناعبداللّٰہ بن عُمَربن خَطَّاب (۳۴)حضرت سیِّدُناعبداللّٰہ بن عَبَّاس (۳۵)حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبَیر رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِین۔

﴿4﴾.....حضراتِ اَصحابِ صُفَّہ: (۱)حضرت سیِّدُنا اَوس بن اَوس (۲) حضرت سیِّدُنااَسماء بن حَارِثَہ (۳)حضرت سیِّدُنااَغرّمُزَنِی (۴)حضرت سیِّدُنابَراء بن مالِک (۵)حضرت سیِّدُناثَابِت بن ضَحّاک (۶)حضرت سیِّدُنا ثَابِت بن وَدِیعَہ (۷)حضرت سیِّدُنا ثَقِیف بن عَمرو (۸)حضرت سیِّدُنا جَرہَدبن خُوَیلَد (۹)حضرت سیِّدُناجُعَیل بن سُرَاقَہ (۱۰)حضرت سیِّدُناجَارِیَہ بن حَمِیل (۱۱)حضرت سیِّدُناحُذَیفَہ بن اُسَید (۱۲) حضرت سیِّدُناحَبِیب بن زَید (۱۳)حضرت سیِّدُناحَارِثَہ بن نُعمَان (۱۴) حضرت سیِّدُناحَازِم بن حَرمَلَہ (۱۵)حضرت سیِّدُناحَنظَلَہ بن اَبِی عامِر (۱۶)حضرت سیِّدُنا حَجّاج بن عَمرو (۱۷)حضرت سیِّدُناحَکَم بن عُمَیر (۱۸)حضرت سیِّدُناحَرمَلَہ بن اِیَاس (۱۹)حضرت سیِّدُناخَبَّاب بن اَلْاَرَت (۲۰)حضرت سیِّدُناخُنَیس بن حُذَافَہ (۲۱) حضرت سیِّدُنا خَالِدبن زَید (۲۲)حضرت سیِّدُناخُرَیم بن فَاتِک (۲۳)حضرت سیِّدُناخُرَیم بن اَوس (۲۴)حضرت سیِّدُناخُبَیب بن یَسَاف (۲۵) حضرت سیِّدُنادُکَین بن سَعِید (۲۶) حضرت سیِّدُناعبداللّٰہ ذُوالْبِجَادَین (۲۷)حضرت سیِّدُنااَبولُبَابَہ اَنصَارِی (۲۸)حضرت سیِّدُنااَبورُزَین (۲۹)حضرت سیِّدُنازَیدبن خَطَّاب (۳۰)حضرت سیِّدُناسَفِینَہ (۳۱)حضرت سیِّدُنااَبوسَعِیدخُدرِی (۳۲)حضرت سیِّدُناسَالِم مَولٰی اَبِی حُذَیفَہ(۳۳) حضرت سیِّدُناسَالِم بن عُبَید (۳۴) حضرت سیِّدُناسَالِم بن عُمَیر (۳۵)حضرت سیِّدُنا سَائِب بن خَلَّاد(۳۶)حضرت سیِّدُنا شُقْرَان (۳۷)حضرت سیِّدُنا شَدَّادبن اُسَید (۳۸) حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان(۳۹) حضرت سیِّدُنا صَفوَان بن بَیضَاء (۴۰)حضرت سیِّدُنا طِخفَہ بن قَیس (۴۱)حضرت سیِّدُنا طَلحَہ بن عَمرو (۴۲) حضرت سیِّدُناطُفَاوِی دَوسِی (۴۳)حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود اور(۴۴)حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِین۔


www.dawateislami.net

# تعارفِ مُصنِّف

## نام ونسب:

آپ کا نام مُبارک حافظ اَبُو نُعَیم اَحمد بن عبداللہ بن اَحمد بن اِسحاق بن موسیٰ بن مہران مہرانی اَصْبہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی ہے۔آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے اَجداد میں سے سب سے پہلے مہران نے اِسلام قبول کیا جو حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن جعفر بن اَبی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے غلام تھے۔حافظ صاحب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے نانا محمد بن یوسف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بھی پائے کے عالمِ دِین، ولیٔ کامِل اور عابِد وزاہد تھے۔

## پیدائش اور تعلیم وتربیت:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ رجب المرجب 336ھ کو ایران کے اس مشہور شہر اَصبہان میں پیدا ہوئے جس کی سرزمین نے کئی مشہور ومعروف اَکابر علما وحُفّاظ کو جنم دیا۔آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے علم وعُلما کے درمیان پرورِش پائی۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے والدِ ماجد حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن اَحمد عَلَیْہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد اَصبہان کے عُلما ومحدّثین میں سے ایک تھے، گویا شہرِ اَصبہان عُلما ومحدّثین سے اِکْتِسابِ فیض کرنے والوں سے بھرا ہوا تھا۔اس لئے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو علمی مہارت حاصل کرنے کے کثیر مواقع میسر ہوئے اور یہ چیز آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی عُمدہ صلاحیت اور علمی رغبت کے مُوافِق ثابت ہوئی۔پس آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے اپنے ہم عَصْر عُلما وحُفّاظ سے اِکتسابِ فیض کیا اور اَصبہان کے نامور عُلما میں سے ہوئے۔

## طلبِ علم کے لئے سفر:

طلبِ علم کے لئے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کا طریقہ کار وہی تھا جو باقی عُلما وحُفّاظ کا رہا۔آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے بغدادِ معلّٰی، مکۂ معظّمہ، کوفہ اور نیشاپور کا سفر کیا۔بغداد میں ابو علی صَوَّاف، مکہ میں ابو بکر آجُرِّی، بصرہ میں فاروق بن عبدالکریم خطابی، کوفہ میں ابو عبداللہ بن یحییٰ، اور نیشاپور میں ابو اَحمد حاکم رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی وغیرہ سے علم حاصل کیا۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے اپنے ہم عَصْر حُفّاظ سے علم حاصل کرنے کے بعد جب اَصبہان میں اقامت اِختیار کی تو



www.dawateislami.net

مختلف مقامات سے لوگ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے اِکتسابِ علم کرنے کے لئے اَصبہان آنے لگے۔

## مشائخ:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے جن محدثین سے اَحادیث سنیں ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں: اَبو عَلِی مُحَمَّد بن اَحْمَد بن حَسَن اَلْمَعْرُوْف بِابْنِ صَوَّاف، اَبو اِسْحاق اِبراھِیم بن عبداللّٰہ بن اِسْحاق اَصْبَھَانی، اَبو اِسْحاق اِبراھِیم بن مُحَمَّد بن یَحیٰی مُزَکِّی، اَبو اَحْمَد عَسَّال مُحَمَّد بن اَحْمَد بن اِبراھِیم، اَبو حَفْص فاروق بن عبدالکریم خَطَّابی، اَبوبکر عَطَّار اَحمد بن یوسف بن خَلَّاد، اَبوقاسِم قزار حَبِیب بن حَسَن بن دَاود، اَبوقاسِم سُلَیْمَان بن اَحمد طَبَرانی، اَبوبَکر مُحَمَّد بن جَعْفَر بَغْدَادی، ابو شَیْخ بن حَیَّان، اَحْمَد بن بُنْدَار شَعَّار وغیرہ۔

## تلامذہ:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے تلامذہ کی تعداد بے شمار ہے، جن میں سے چند مشہور کے نام یہ ہیں: ابوبکر خَطِیب اَحمد بن عبداللّٰہ بن ثابِت بن اَحمد بن مَھْدِی صاحب تاریخ بغداد، عبدالوَاحِد بن مُحَمَّد بن اَحمد صَبَّاع اَصْبَھانی، حَسَن بن اَحمد بن حَسَن حَدَّاد اَصْبَھانی، یُوْسُف بن حَسَن بن مُحَمَّد زَنْجانی تَفَکُّرِی، ابوبکر مُحَمَّد بن اِبْراھِیم عَطَّار، ھِبَۃُ اللّٰہ بن مُحَمَّد شِیْرازِی وغیرہ۔

## تعریفی کلمات:

**خطیب بغدادی** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی فرماتے ہیں: ''سیِّدُنا حافظ اَبُونُعَیم اور سیِّدُنا ابوحازم عبدوی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمَا کے علاوہ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جسے ''**حافظ الحدیث**'' کہا جا سکے۔''

**امام سُبکی** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''سیِّدُنا حافظ اَبُونُعَیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ امامِ جلیل، حافظ، صوفی، فقہ وتصوُّف کا مجموعہ، حفظ وضبط کی انتہا اور ان نمایاں لوگوں میں سے ایک تھے کہ جنہیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے رِوایت ودِرایت میں بلندی اور اِنتہائی دَرَجہ عطا فرمایا۔''



www.dawateislami.net

**امام ذَہبی** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ’’آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بہت بڑے حافظ الحدیث، محدثِ زمانہ اور حقیقی صوفی تھے۔‘‘ اور ’’سِیَرُ اَعْلَامِ النُّبَلَاء‘‘ میں آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو شیخ الاسلام کے لقب سے یاد فرمایا۔

**امام ذَہبی** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ’’محدثین کی عظیم جماعت نے انہیں روایت حدیث کی اجازت عطا فرمائی کیونکہ آپ دُنیا میں منفرد مقام رکھتے ہیں جیسا کہ مخلوق میں سے سماعِ حدیث میں منفرد مقام رکھتے ہیں۔

**ابنِ خلکان** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْمَنَّان فرماتے ہیں: ’’سیِّدُنا حافظ اَبُو نُعَیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ مشہوراَکابر وثقہ حُفّاظ اور جلیل القدر محدثین میں سے تھے۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے جید عُلَما سے علم حاصل کیا اور آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے شاگردوں کا شمار بھی جید عُلَما میں ہوتا تھا۔‘‘

## تصانیف:

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی زندگی دَرس وتدریس اور تصنیف وتالیف میں گزری۔ حضرت سیِّدُنا اَحمد بن محمد بن مردویہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ ’’حضرت سیِّدُنا حافظ اَبُو نُعَیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے وقت کے مرجع الخلائق تھے۔ دنیا میں آپ سے زیادہ مستند حافظ الحدیث کوئی نہ تھا جتنے بھی حُفّاظِ حدیث ہوتے آپ کی بارگاہ میں حاضر رہتے۔ روزانہ ایک جماعت ظہر کے وقت تک پڑھتی اور آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ جب گھر کی طرف تشریف لے جاتے تو لوگ راستہ میں بھی ان سے کچھ نہ کچھ پڑھ لیا کرتے لیکن پھر بھی آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اکتاہٹ و پریشانی محسوس نہ کرتے۔ سماعِ حدیث اور تصنیف وتالیف سے اس قدر لگاؤ تھا کہ گویا یہ ان کی غذا میں شامل ہو۔ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے بہت سی کُتُب تصنیف فرمائیں۔ جن میں سے چند کے نام یہ ہیں:

(1) اَلْاَجْزَاءُ الْوَخْشِیَّات (2) اَحَادِیْثُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ بْن جَعْفَرَ الْجَابِرِی (3) اَحَادِیْثُ مَشَایِخِ اَبِی الْقَاسِمِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْعَبَّاس اَلْبَزَّار الاَصَم (4) اَرْبَعُوْنَ حَدِیْثًا مُنْتَقَاۃً (5) اَلْاَرْبَعِیْن عَلٰی مَذْھَبِ الْمُتَحَقِّقِیْن (6) اَطْرَافُ الصَّحِیْحَیْن (7) کِتَابُ الْاِمَامَۃ (8) اَلْاَمْوَال (9) اَلْاِیْجَازُ وَجَوَامِعُ الْکَلِم (10) تَارِیْخ اَصْبِھَان (11) تَثْبِیْتُ الرُّؤْیَا لِلّٰہِ (12) تَسْمِیَۃُ الرُّوَاۃِ عَنْ سَعِیْدِبْنِ مَنْصُوْرٍ عَالِیًا (13) تَسْمِیَۃُ مَاانْتَھٰی اِلَیْنَامِنَ الرُّوَاۃِ عَنْ اَبِیْ نُعَیْمِ الْفَضْلِ بْنِ دُکَیْن (14) جُزْءُ صَنَمٍ جَاھِلِیٍّ یُقَالُ لَہٗ قَرَاص (15) حُرْمَۃُ الْمَسَاجِد (16) حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء



www.dawateislami.net

وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاء (17)دَلَائِلُ النُّبُوَّة (18)ذِکْرُمَنْ اِسْمِهٖ شُعْبَة (19)رِیَاضَةُ الْاَبْدَان (20)رِیَاضَةُ الْمُتَعَلِّمِیْن (21)اَلرِّیَاضَةُ وَالْاَدَب (22)اَلشُّعَرَاء(23)صِفَةُ الْجَنَّة (24)صِفَةُ النِّفَاق وَنَعْتُ الْمُنَافِقِیْن (25)اَلطِّبُّ النَّبَوِی (26)طَبَقَاتُ الْمُحَدِّثِیْن وَالرُّوَاة (27)طَرِیْقُ حَدِیْث (اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی تِسْعَةٌ وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا) (28)طَرِیْقُ حَدِیْث (زُرْغِبًّاتَزْدَدْحُبًّا) (29)عَمَلُ الْیَوْمِ وَاللَّیْلَة (30)فَضَائِلُ الْخُلَفَاءِ الْاَرْبَعَة (31)فَضَائِلُ الصَّحَابَة (32)فَضْلُ السِّوَاک (33)فَضْلُ سُوْرَةِ الْاِخْلَاص (34)فَضْلُ الْعَالِمِ الْعَفِیْف (35)فَضْلُ الْعِلْم (36)فَضِیْلَةُ الْعَادِلِیْن مِنَ الْوُلَاةِوَمَنْ اَنْعَمَ النَّظْرُفِیْ حَالِ الْعُمَّالِ وَالْبُغَاة (37)مَاانْتَقٰی اَبُوْبَکْرِبْنِ مَرْدُوَیَّة عَلَی الطَّبْرَانِی (38)مُسْتَخْرَجُ اَبِیْ نُعَیْم عَلَی التَّوْحِیْدلِاِبْنِ خُزَیْمَة (39)اَلْمُسْتَخْرَجُ عَلَی الْبُخَارِی (40)اَلْمُسْتَخْرَجُ عَلٰی کِتَابِ عُلُوْمِ الْحَدِیْثِ لِلْحَاکِم (41)اَلْمُسْتَخْرَجُ عَلٰی مُسْلِم (42) مُسَلْسَلَاتُ اَبِیْ نُعَیْم (43)اَلْمُعْتَقِد (44)مُعْجَمُ الشُّیُوْخ (45)مُعْجَمُ الصَّحَابَة (46)مَعْرِفَةُ الصَّحَابَة (47)مُنْتَخَبٌ مِّنْ حَدِیْثِ یُوْنُس بْنِ عُبَیْدَة (48)اَلْمَهْدِی (49)مُسْنَدٌ (50) کِرَاسْتَانُ فِی الْحَدِیْث وغیرہ۔

## وصالِ پُرملال:

عِلم وعَمل کا یہ بحرِ ذَخَّار علم کے پیاسوں کو سیراب کرتا ہوا صحیح قول کے مطابق 94 سال کی عمر میں 20 محرم الحرام 430ھ کو اس فانی دنیا سے باقی رہنے والی زندگی کی طرف کوچ کر گیا۔ لیکن اہلِ اسلام کے دلوں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنی یادیں نقش کر گیا۔(اِنَّالِلّٰهِ وَاِنَّآاِلَیْهِ رَاجِعُوْن) (ماخوذ ازمعرفة الصحابةوحلية الاولياء ودلائل النبوة وغيره)

ہَرْگِزْنَمِیْرَدآں کہ دِلَشْ زِنْدَہ شُدْ بَعِشْق

ثَبْت اَسْت بَرْ جَرِیْدَۂ عَالَمْ دَوَامِ مَا

(حَافِظ شِیْرَازِی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْکَافِی)

**ترجمہ**: جن کے دل عشقِ الٰہی میں زندہ ہیں وہ کبھی نہیں مرتے ان کا نام ہمیشہ کے لئے صحیفۂ کائنات پر نقش ہو جاتا ہے۔



www.dawateislami.net

# حلیۃ الاولیاء اور المدینۃ العلمیۃ

## ﴿1﴾......کام کرنے والوں کا اِنتخاب:

کسی بھی کام کو بحسن خوبی پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے متعلقہ کام کے ماہرین درکار ہوتے ہیں، زیرِ نظر کتاب کے ترجمہ کا کام کس قدر اہمیت کا حامل ہے اس کا اندازہ اسے پڑھ کر ہی کیا جا سکتا ہے۔ اس کتاب کی افادیت کے پیشِ نظر دنیائے اسلام کی عظیم ہستی سیِّدی و مرشدی حضرت علامہ مولانا **ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری** رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے بارہا اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاء کا ترجمہ ہونا چاہئے۔ چنانچہ، مجلس المدینۃ العلمیہ نے اس عظیم المنافع کتاب کے ترجمہ کی ذمہ داری شعبہ تراجم کتب (عربی سے اُردو) کو سونپی۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ! المدینۃ العلمیہ کے اس شعبہ میں موجود مدنی **عُلَمائے کرام** کَثَّرَھُمُ اللہُ السَّلَام نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاء کے ترجمہ کا کام شروع کر دیا۔ جس کا نتیجہ پہلی جلد کے ترجمے بنام ''اللہ والوں کی باتیں'' کی صورت میں آپ کے سامنے ہے۔ دوسری اور تیسری جلد کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ اپنے وقت پر وہ بھی آپ کے پیشِ نظر ہوگا۔

## ﴿2﴾......ترجمہ اور کام کا اَنداز:

اس عظیم الشان، کثیر المنافع کتاب میں عُلما و طلبا کی دلچسپی اور کتاب کی افادیت کے پیشِ نظر عزم کیا گیا کہ ''مکررات کے علاوہ از اول تا آخر پوری کتاب کا ترجمہ کیا جائے گا۔ پھر اس انداز پر کام شروع کر دیا گیا۔ ابتدائی طور پر یہ طے پایا تھا کہ اس کتاب کو قسط وار شائع کیا جائے اور اس کی پہلی قسط بنام ''**تذکرۂ خلفائے راشدین**'' شائع بھی کی گئی۔ اس طرح 10 جلدوں پر مشتمل اس کتاب کی تقریباً 40 اقساط ہوتیں۔ پھر فیصلہ کیا گیا کہ ایک جلد کا ترجمہ ایک ہی جلد میں شائع کیا جائے۔ اب اسی نہج پر ترجمہ کیا جا رہا ہے۔ المدینۃ العلمیہ کی کوشش ہوتی ہے کہ ترجمہ حتی المقدور آسان اور عام فہم کیا جائے نیز اسے اُردو کے قالب میں ڈھالتے وقت اردو کے محاورات وغیرہ کا خوب خیال رکھا جائے تاکہ کم پڑھے لکھے اسلامی بھائی بھی سمجھ سکیں۔ پیشِ نظر کتاب میں بھی اس کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔



www.dawateislami.net

## ﴿3﴾......ترجمۂ قرآنی آیات:

کتاب میں موجود قرآن کریم کی آیاتِ مُقَدَّسہ کا ترجمہ خُصُوصیت کے ساتھ، مجددِ اعظم، سیِّدُنا اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن (مُتَوفّٰی 1340ھ) کے شہرۂ آفاق ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' سے لیا گیا ہے۔ نیز کتاب کی عبارت میں اگر کہیں قرآنی آیاتِ مُبارکہ سے اِقْتِبَاس[1] کیا گیا ہے تو اس کا ترجمہ کرتے وقت بھی ''کنزالایمان'' کے ترجمہ کو پورے طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔

## ﴿4﴾......شروحات اورتراجم سے مراجعت:

ترجمہ کرتے وقت یہ کوشش رہی ہے کہ شُرُوحات اور اَکابرینِ اہلسنّت دَامَتْ فُیُوْضُہُمْ کے تراجم کے آئینے میں ترجمہ کیا جائے۔ جن شروحات وتراجم کو مدِنظر رکھا گیا: (1) فَتْحُ الْبَارِی شَرْحُ الصَّحِیْحِ الْبُخَارِی (2) عُمْدَۃُ الْقَارِی شَرْحُ الصَّحِیْحِ الْبُخَارِی (3) نُزْھَۃُ الْقَارِی شَرْحُ الصَّحِیْحِ الْبُخَارِی (اُردو) (4) فُیُوْضُ الْبَارِی شَرْحُ الصَّحِیْحِ الْبُخَارِی (اُردو) (5) شَرْحُ صَحِیْحِ مُسْلِمٍ لِلنَّوَوِی (6) فَیْضُ الْقَدِیْر شَرْحُ الْجَامِعِ الصَّغِیْر (7) مِرْقَاۃُ الْمَفَاتِیْح شَرْحُ مَشْکٰوۃِ الْمَصَابِیْح (8) مِرْاٰۃُ الْمَنَاجِیْح شَرْحُ مِشْکٰوۃِ الْمَصَابِیْح (اُردو) (9) اَشِعَّۃُ اللَّمْعَات (10) اَلشِّفَاء (11) اَلْمَوَاھِبُ اللَّدُنِّیَّۃ (12) اَلرَّوْضُ الْاُنُف (13) اَلْخَصَائِصُ الْکُبْرٰی (14) مَدَارِجُ النُّبُوَّۃ (15) حُجَّۃُ اللّٰہِ عَلَی الْعَالَمِیْن وغیرہ۔

بنیادی طور پر یہ کتاب تَصَوُّف وطریقت سے تَعَلُّق رکھتی ہے، اس میں جا بجا تَصَوُّف اور صوفیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کا مُبارَک تذکرہ ہے، ان مضامین وعِبارات کا ترجمہ کرتے وقت تَصَوُّف کی دَرْج ذیل کُتُب کو بھی پیش نظر رکھا گیا: (1) اِحْیَاءُ عُلُوْمِ الدِّیْن (2) اِتِّحَافُ السَّادَۃِ الْمُتَّقِیْن (3) اَلرِّسَالَۃُ الْقُشَیْرِیَّۃ (4) اَلْفُتُوْحَاتُ الْمَکِّیَّۃ (5) رَوْضُ الرَّیَاحِیْن (6) اَلطَّبَقَاتُ الْکُبْرٰی لِلشَّعْرَانِی (7) اَلْاِبْرِیْز (8) کَشْفُ الْمَحْجُوْب (9) عَوَارِفُ الْمَعَارِف (10) جامِعُ کَرَامَاتِ الْاَوْلِیَاء وغیرہ۔

---

[1] ...... اِقْتِبَاس اصل میں وہ کلام ہے جو قرآن وحدیث کے کچھ الفاظ کو اپنے ضمن میں لئے ہوئے ہو لیکن اس سے یہ مراد نہیں کہ یہ کلام قرآن وحدیث کا ہی ایک جزو ہے۔ جیسا کہ علمائے علم البدیع رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی فرماتے ہیں: ''(بطورِ اِقْتِبَاس) الفاظ میں تبدیلی یا کمی نقصان نہیں دیتی۔''


www.dawateislami.net

## ﴾6﴿...... عُنْوانات وبندسازی:

مُطَالَعہ کرنے والوں کی دِلچسپی برقرار رکھنے اور ذوق بڑھانے کی غرض سے متعلقہ مضمون کے مطابق عُنْوانات (درمیانی وبغلی سرخیوں) کا اِہتمام کیا گیا ہے اور ایک مضمون کی تکمیل کے بعد دوسرا مضمون نئے پیرے اور نئی سطر سے شُروع کیا گیا ہے کیونکہ عُنْوانات وبندسازی (یعنی پیراگرافنگ)، کسی بھی کتاب کے حُسنِ صوری کی عکاسی کرتے ہیں۔

## ﴾7﴿...... مشکل اَلفاظ کے معانی واِعراب:

اس بات کا اِہتمام کیا گیا ہے کہ ترجمہ میں جہاں کہیں عَرَبی عبارات یا مشکل الفاظ آئے ہیں ان پر اِعراب بھی لگایا گیا ہے اور ہلالین ''(......)'' میں مرادی معانی بھی لکھ دیئے گئے ہیں تاکہ پڑھنے والوں کو آسانی رہے۔

## ﴾8﴿...... آیاتِ مُبارَکہ کی پیسٹنگ:

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کمپیوٹر (COMPUTER) نے انسانی ترقی میں بڑا اہم کردار ادا کیا ہے۔ اسی کمپیوٹر کی بدولت اب کتابوں کی ہاتھ سے کتابت کے کٹھن، جاں سوز اور وقت طلب مَرحَلہ سے نجات مل گئی اور اب کتابوں کو ان پیج (INPAGE) یا مائیکروسوفٹ آفس ورڈ (MICROSOFT OFFICE WORD) سے کمپوز کرلیا جاتا ہے مگر اس کا ایک نقصان (SIDE EFFECT) یہ ہوا کہ کتابت کی غَلَطیاں اُردو کُتُب کا مقدر بن کے رہ گئیں جو کہ ہاتھ سے کتابت کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہیں کیونکہ یہ تجربہ سے ثابت ہے کہ ہاتھ سے کتابت میں غَلَطیاں بہت کم ہوتی ہیں۔ مسئلہ صرف عام جملوں کا نہیں بلکہ عقائد اور فقہی مسائل کا ہے کہ ان میں ''ناجائز'' کا ''جائز'' اور ''جائز'' سے ''ناجائز'' ہوجاتا ہے۔ اسی طرح قرآنی آیاتِ مُبارَکہ کا مسئلہ تھا کہ کمپوزنگ کی صورت میں اس میں بھی کہیں کوئی حَرف رہ جاتا اور کہیں کوئی حرکت (یعنی زبر، زیر وغیرہ) چھوٹ جاتی ہے۔ ہماری خوش قسمتی کہ کچھ عرصہ قبل **دعوتِ اسلامی** کو ایک دردمند اِسلامی بھائی نے تین لاکھ روپے کی مالیت کا Q.P.S (قرآن پبلشنگ سوفٹ ویئر) اور اس کی ڈیوائس (DEVICE) خرید کر ہدیہ (DONATE) کیا جس کی مدد سے قرآنِ کریم کا مسودہ تیار کیا گیا۔ **قبلہ شیخ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی خواہش تھی کہ **اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ** کی کُتُب میں بھی اس سوفٹ ویئر سے آیات پیسٹ کی جائیں۔ چنانچہ، **علمیہ** میں موجود کمپیوٹر کے


www.dawateislami.net

ماہر ایک مَدَنی عالم مَدَّظِلُّہُ الْعَالِی نے اس سوفٹ ویئر سے مختلف سائز کی P.D.F فائلز بنالیں اور اب اس کی مدد سے ''اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ'' کی کُتُب میں آیاتِ مُبارَکہ پیسٹ (PASTE) کی جاتی ہیں۔ کیونکہ قبلہ امیرِ اہلسنّت مَدَّظِلُّہُ الْعَالِی کی خَواہش کے اِحترام میں ''اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ'' کی مجلس نے یہ اُصُول بنالیا ہے کہ آیاتِ قرآنیہ کی کمپوزنگ کے بجائے ہر آیتِ طیّبہ کو پیسٹ کیا جائے گا جس کے بغیر وہ کتاب نامکمل تَصوُّر کی جائے گی۔ پیشِ نظر کتاب میں بھی تقریباً تمام آیاتِ مُبارَکہ پیسٹ کی گئی ہیں۔

## ﴿9﴾...... حواشی اَز علمیہ:

متعدد مقامات پر توضیح، تَطْبِیق، تشریح اور تسہیل کی غرض سے ''اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ'' کی طرف سے حواشی دیئے گئے ہیں۔

## ﴿10﴾...... علاماتِ ترقیم:

تحریر کے معیار، ظاہری حُسن اور اس کی تفہیم میں آسانی کے لئے تقریباً ہر زبان میں کچھ نہ کچھ علامات ضَرور اِستعمال ہوتی ہیں تاکہ بیان کردہ معانی ومفاہیم سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔ اسی طرح اُردُو جو ایک عالمگیر زبان ہے کی علامات بھی اَہل زبان نے مقرر کیں جنہیں ''علاماتِ ترقیم'' یا ''رُموزِ اَوقاف'' کہا جاتا ہے جیسے کاما (،) اور فل اِسٹاپ (۔) وغیرہ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ! اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ کی تقریباً تمام کُتُب میں حتی المقدور اس کا اِہتمام کیا جاتا ہے۔ ''حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِیَاء'' کے اس ترجمہ بنام ''اللہ والوں کی باتیں'' میں بھی اس کا اِلْتِزام کیا گیا ہے۔

## ﴿11﴾...... تخریج کا اِہْتِمام:

تخریج کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اَحادیث، اَقوال یا حکایات کو ان کُتُب کی طرف مَنْسُوب کیا جائے جن میں وہ ابتداءً بیان ہوئی ہوں۔ جس سے مَعْلُوم ہوتا ہے کہ اس حدیث، قَول یا حکایت کو کن اَئِمَّۂ فن نے اپنی کتابوں میں کن مقامات پر بیان کیا ہے۔ علمیہ کی کتب میں حتی المقدور کوشش کی جاتی ہے کہ رِوایات کو ان کے اَصل ماخذ سے تَلاش کرکے اس کا حوالہ دَرج کیا جائے اور جب مقدور بھر کوشش کے باوجود اَصل ماخذ سے نہ ملے تو دیگر مستند ومعتبر کتب سے حوالہ لکھا جاتا ہے۔ چنانچہ، زیرِ نظر کتاب میں بھی احادیثِ مُبارَکہ، اقوالِ بُزُرگانِ دِین کے حوالہ جات' کتاب، باب، فصل، جلد اور صَفْحہ نمبر کی قید کے ساتھ دَرج کئے گئے ہیں (مثلاً: صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من یرد اللّٰہ بہ



www.dawateislami.net

خیر ایفقهه فی الدین ،الحدیث: ۷۱،ج ۱،ص ۴۲) اور ہر کتاب کا مطبوعہ حوالے میں دَرج کرنے کے بجائے آخر میں ماٰخذ ومراجع کی فِہرِست، مصنفین ومؤلفین کے ناموں اوران کے سن وفات کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے۔ نیز آخر میں ''مَجلِس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ'' کی طرف سے پیش کردہ کُتُب ورسائل کی فہرِست بھی دی گئی ہے۔

## ﴿12﴾...... فِہرِست کتاب:

کسی بھی کتاب کی اہمیت اور یہ جاننے کے لئے کہ اس میں کیا بیان ہوا ہے، فِہرِست بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ اوراس کی مدد سے مُطالَعہ اور تحقیقی کام کرنے والے اپنے مطلوب تک جلد رسائی حاصل کر لیتے ہیں۔ اس چیز کا خیال رکھتے ہوئے کم وبیش علمیہ کی تمام کُتُب میں فِہرِست کا اِہتمام ہوتا ہے۔ لٰہذا کتاب میں دیئے گئے عُنْوانات وموضوعات کی مفصل فِہرِست شروع میں بنادی گئی ہے۔

## ﴿13﴾...... مُبلِّغِین کے لئے فِہرِست:

نیکی کی دعوت دینے اور بُرائی سے مَنْع کرنے کا حکم، قرآنِ کریم اوراَحادیثِ مُبارَکہ میں بکثرت وارد ہے اور بیانات اس کا ایک اَہم ذَرِیْعَہ ہیں۔ عُلما کرام، واعِظین وخُطَبااور مُبلِّغین اِسلامی بھائی بکثرت اس ذریعہ سے نیکی کی دعوت دینے کی سعادت پاتے ہیں۔ اس بات کے پیشِ نظر ایک فِہرِست مزید بنائی گئی ہے جس کی مدد سے اصلاحی موضوعات کے لئے باآسانی موادلیا جاسکتا ہے اور موضوع سے مناسبت رکھنے احادیث طیبہ، اَقوالِ بُزُرگانِ دِین اور واقعات کوکم سے کم وقت میں حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## ﴿14﴾...... اسماء کی فِہرِست:

صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے ناموں کی ایک فِہرِست علیحدہ سے دی گئی ہے۔
جواس اَنداز میں ہے کہ فلاں صحابی کا تذکرہ صَفْحہ نمبر فلاں سے شُروع ہورہا ہے (مثلاً: حضرت سیِّدُنا عمار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صفحہ نمبر 262) تا کہ اگرکسی خاص صحابی کا تذکرہ پڑھنا ہوتو اس تک آسانی سے پہنچا جاسکے۔

## ﴿15﴾...... شعبہ تراجم کُتُب:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کی متعدد مجالس میں سے ایک



www.dawateislami.net

''مَجلِس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ'' بھی ہے جس نے خالِص عِلمی، تحقیقی اور اِشاعتی کام کا بیڑا اُٹھایا ہے۔ اس کے شعبہ جات میں سے ایک ''شعبہ تراجم کُتُب'' بھی ہے۔ جس کی ذمہ داری اپنے اَکابرین عُلَمائے اِسلام کی عَرَبی میں لکھی گئی کُتُب اور رسائل کے اُردو زبان میں تراجم کرنا ہے۔ مَحض لفظی ترجمہ نہیں بلکہ تحقیقی و بامحاورہ ترجمہ کیا جاتا ہے۔ شعبہ تراجم میں بالترتیب ہونے والے کاموں کی تفصیل یہ ہے: (1)...... سلیس اور بامحاورہ ترجمہ (2)...... حتی الامکان آسان و عام فہم الفاظ کا استعمال (3)...... ترجمہ کی کمپوزنگ (4)...... ترجمہ کا تقابل (5)...... نظرِ ثانی بلحاظ اُردو اَدب (6)...... علاماتِ ترقیم (رُموزِ اَوقاف) کا اہتمام (7)...... پروف ریڈنگ۔ کم از کم دو بار خُصُوصاً آیات قرآنیہ کی تین بار (8)...... ضروری و مفید حواشی کا اِہتمام (9)...... فارمیشن (بڑی و ذیلی سرخیوں اور عَرَبی و اُردو عبارات کے لئے جدا جدا فونٹ کا استعمال وغیرہ) (10)...... شرعی تفتیش (11)...... بیان کردہ تفسیری عبارات، احادیثِ مُبارَکہ، اَقوال اور واقعات کی تخریج کا حتی المقدور اِہتمام (12)...... تخاریج کی کمپوزنگ، تفتیش اور پیسٹنگ وغیرہ وغیرہ۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا کروڑہا کروڑ شکر کہ اب تک شعبہ تراجم کُتُب کے مَدَنی عُلَمائے کرام کَثَّرَھُمُ اللہُ السَّلَام کی مسلسل کاوشوں اور اَنتھک کوششوں سے سلف صالحین رَحِمَھُمُ اللہُ الْمُبِیْن کی بیسوں کُتُب ورسائل زیورِ ترجمہ سے آراستہ ہو کر طَبع ہو چکے ہیں۔ 6 کُتُب و رسائل کا ترجمہ طباعت کے لئے پریس میں مَوجود ہے اور پیش نظر کتاب ان کے علاوہ ہے۔ نیز 7 کُتُب و رسائل پر کام جاری ہے اور مستقبل کے اَہداف ان کے علاوہ ہیں۔ فَالْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی ذَالِک.

## ﴿16﴾...... شَرْعِی تفتیش:

''شعبہ تراجم کُتُب'' جب اپنے حصّے کا کام مکمل کر لیتا ہے تو پھر ''ترجمہ'' کو ''مجلسِ تفتیش کُتُب و رسائل'' سے متعلقہ دارالافتا کے مَدَنی علمائے کرام کَثَّرَھُمُ اللہُ السَّلَام کے سپُرد کر دیتا ہے اور وہ اس ترجمہ کو عقائد، کُفریہ عبارات، اَخلاقیات، فقہی مسائل، اور عَرَبی عبارات وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر مُلاحَظہ فرماتے ہیں۔ آپ کے ہاتھوں میں موجود ''حلیۃ الاولیاء'' کا ترجمہ بنام ''اللہ والوں کی باتیں'' (جلد اول) بھی اس مَرحَلہ سے ہو کر آپ تک پہنچا ہے۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائی:**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن! آج اس کِتاب کی پہلی جلد زیورِ ترجمہ سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں



www.dawateislami.net

ہےاورمزید کام جاری ہے۔اس ترجمہ میں جوبھی خوبیاں ہیں وہ یقیناً اللہ عَزَّوَجَلَّ اوراس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عطاؤں،اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی عنایتوں اورشیخ طریقت،اَمیر اہلسنّت،بانئ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی پُرخُلوص دُعاؤں کا نتیجہ ہےاور جوخامیاں ہیں ان میں ہماری کوتاہ فہمی کا دخل ہے۔

عِلمِ دِین اورتقویٰ کے حُصُول اور اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اِطاعت وفرمانبرداری پر اِستقامت پانے اور''اپنی اورساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش'' کامُقدَّس جذبہ اُجاگر کرنے کے لئے خودبھی اس کتاب کا مُطَالعہ کیجئے اورحسبِ اِستطاعت''دعوتِ اسلامی'' کے اِشاعتی ادارے''مکتبۃ المدینہ'' سے ہدیۃً حاصل کرکے دوسرے اِسلامی بھائیوں بالخُصُوص مفتیانِ کرام اورعُلَمائے اہلسنّت دَامَتْ فُیُوْضُھُمْ کی خدمت میں بطورِتحفہ پیش کیجئے۔

**اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں**
**اے دعوتِ اسلامی! تیری دھوم مچی ہو**

(اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

**شعبہ تراجم کُتُب (مجلس المدینۃ العلمیۃ)**

❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁

غیبت کے خلاف جنگ
ہم نہ غیبت کریں گے نہ سنیں گے

ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ



www.dawateislami.net

# خطبۃ الکتاب

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مُحْدِثِ الْاَکْوَانِ وَالْاَعْیَان ۞وَ مُبْدِعِ الْاَرْکَانِ وَ الْاَزْمَان ۞وَ مُنْشِیءِ الْاَلْبَابِ وَالْاَبْدَان ۞مُنْتَخِبِ الْاَحْبَابِ وَ الْخُلَّان ۞مُنَوِّرِ اَسْرَارِالْاَبْرَارِ بِمَااَوْدَعَهَامِنَ الْبَرَاهِیْنِ وَالْعِرْفَان ۞وَمُکَدِّرِجَنَانِ الْاَشْرَارِ بِمَا حَرَمَهُمْ مِنَ الْبَصِیْرَةِ وَالْاِیْقَان ۞اَلْمُعَبِّرِعَنْ مَعْرِفَتِهِ الْمَنْطِقِ وَاللِّسَان ۞وَالْمُتَرْجِمِ عَنْ بَرَاهِیْنِهِ الْاَکُفِّ وَالْبَنَان ۞بِا لْمُوَافِقِ لِلتَّنْزِیْلِ وَ الْفُرْقَان ۞وَالْمُطَابِقِ لِلدَّلِیْلِ وَاللِّسَان ۞فَاَلْزَمَهُمُ الْحُجَّةَ بِالْقَادَةِ مِنَ الْمُرْسَلِیْن ۞وَاَبْهَجَ الْمِنْهَجَ بِالسَّادَةِ مِنَ الْمُحَقِّقِیْن ۞اَلَّذِیْنَ جَعَلَهُمْ خُلَفَاءَ الْاَنْبِیَاء ۞وَعُرَفَاءَ الْاَصْفِیَاءِ الْمُقَرَّبِیْنَ اِلَی الرُّتَبِ الرَّفِیْعَة ۞وَالْمُنَزَّهِیْنَ عَنِ النَّسَبِ الْوَضِیْعَة ۞وَالْمُؤَیَّدِیْنَ بِالْمَعْرِفَةِ وَ التَّحْقِیْق ۞وَالْمُقَوَّمِیْنَ بِالْمُتَابَعَةِ وَالتَّصْدِیْق ۞مَعْرِفَةً تَعْقُبُ لِمَعْرِفَتِهِمْ مُوَافَقَة ۞وَتُوْجِبُ لِحُکْمِ نُفُوْسِهِمْ مُفَارَقَة ۞وَتَلْزَمُ لِخِدْمَةٍ مَشْهُوْرَةٍ مُعَانَقَة ۞وَتَحَقَّقَ لِشَرِیْعَةِ رَسُوْلِهِمْ مُرَافَقَة ۞وَالصَّلٰوةُ عَلٰی مَنْ عَنْهُ بَلَّغَ وَ شَرَعَ ۞وَ بِاَمْرِهٖ قَامَ وَ صَدَعَ ۞وَ لِمُتَّبِعِیْهِ غَرَسَ وَزَرَعَ ۞ مُحَمَّدِ الْمُصْطَفَی الْمُصْطَنَع ۞وَعَلٰی اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْن ۞وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحَابَتِهِ الْمُنْتَخَبِیْنَ وَسَلَّم ۞

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے تمام موجودات اور تمام اشیاء کو تخلیق فرمایا۔ ہر شے کی حقیقت اور زمانہ و مدت کو ایجاد کیا۔ جواہر و اَبدان پیدا فرمائے۔ بندوں میں سے اپنے دوستوں اور محبوبوں کو منتخب فرمایا۔ نیک بندوں کے دلوں میں پوشیدہ رازوں کو دلائل ومَعْرِفَت سے روشن فرمایا۔ بدکاروں کو بصیرت ویقین سے محروم کر کے ان کے دلوں کو پریشانی میں مبتلا فرمایا۔ اپنی مَعْرِفَت کو کلام سے ظاہر فرمایا۔ قرآنِ حکیم سے مُوافقت، عَربی زبان ولُغت سے مُطابَقت رکھنے والے دلائل کو ہتھیلیوں اور پوروں کی طرح واضح فرمایا۔ مرسلین عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو مَبْعُوث فرما کر اپنی حجت کو تمام فرمایا۔ اَئِمَّہ محققین کو لوگوں کا راہنما بنا کر راہِ حق کو خوشنما بنایا۔ انہیں انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا خلیفہ ونائب اور اپنے مخلصین کا جانشین کیا۔ گھٹیا نسب سے پاک صاف رکھا، بلند مَراتب پر فائز اپنے مُقَرَّبین میں شامل فرمایا۔ تحقیق ومَعْرِفَت سے ان کی تائید فرمائی۔ اِطاعت وفرمانبرداری سے انہیں راہِ رُاست پر گامزن فرمایا۔ انہیں مَعْرِفَت در مَعْرِفَت عطا فرمائی۔ جس نے ہر جان کے لئے مُفَارَقَت (یعنی موت) کا فیصلہ فرمایا۔ دین اسلام کی



www.dawateislami.net

خدمت کے لئے بغل گیر ہونے کولازم ٹھہرایا۔رسول عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلام کی شَرِیْعَت کا ساتھ دینے کا پابند بنایا۔

اور دُرُود وسلام ہو حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی، احمد مجتبیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر جنہوں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے دِین وشَرِیْعَت کی تبلیغ فرمائی اور حکمِ الٰہی سے حَق کا اعلان فرمایا۔اپنے اِطاعت گزار اُمتیوں کے لئے خیر وبَرَکت کے درخت لگائے اور دیگر انبیائے کرام ومرسلین عُظَّام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام ،آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل اور جان نثار صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن پر بھی رحمت وسلامتی ہو۔

(اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

# کتاب لکھنے کی وجہ!

**اے میرے اِسلامی بھائی!** اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے نیکی کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین) میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مدد طَلَب کرتے ہوئے تیری اس خَواہش کو قبول کرلیا کہ میں ایک ایسی کتاب لکھوں جو صوفیائے کرام اور ائمہ عُظَّام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ السَّلَام کے اَحوال واَقوال پر مشتمل ہو اور ان کے طَبقات کی ترتیب زُہد وتقویٰ کے اِعتبار سے ہو۔پہلے صحابۂ کرام پھر تابعین، پھر تبع تابعین رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن پھر ان کے بعد آنے والی برگزیدہ ہستیوں کا ذکر خیر ہو۔ان برگزیدہ ہستیوں نے دلائل وحَقائق کو پہچانا، حالات کا مُقابَلہ کیا اور راہ حق پر گامزن رہے اور جنّت کے باغات کے حقدار قرار پائے ، دنیوی جھنجھٹوں اور تَعَلُّقات سے جدا رہے، طَعن کرنے والوں، بلندو بانگ دعوے کرنے والوں، کاہلوں، حوصلہ شکنوں، صرف لباس وکلام میں مشابہت اختیار کرنے اور عقیدہ وعَمَل میں مُخالَفت کرنے والوں سے بیزار ہوئے۔

اس کتاب **"حِلْیَۃُ الْاَوْلِیَاء"** کی تالیف کا سبب یہ ہے کہ جب فاسِق وفاجِر اور بے دِین وکافر اپنے فاسِد خیالات کو ان برگزیدہ ہستیوں کی طرف مَنْسُوب کرنے لگے اگرچہ وہ جھوٹ وباطِل کے ذریعے ان نیک لوگوں کی شان میں کوئی عَیب نہیں لگا سکتے اور نہ ہی ان کے دَرَجات میں کمی کرسکتے ہیں۔لہٰذا ان جھوٹوں اور بد باطنوں سے اِظہارِ بَراءَت کر کے صادقین اور محققین کی شان کو بلند کیا جائے اگرچہ ہم اہلِ باطِل لوگوں کی غَلَطیوں کو پوری طرح ظاہر نہیں کرسکتے لیکن اپنی کوشش کے مطابق حفاظت کے لئے ان کو ظاہر کرنا اور ان کی اِشاعَت کرنا ضروری ہے کیونکہ ہمارے اَسلاف تَصَوُّف میں نمایاں دَرَجہ اور شُہرت کے حامل ہیں۔میرے نانا حضرت سیِّدُنا محمد بن یُوسُف بنا رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بھی


www.dawateislami.net

انہی برگزیدہ ہستیوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے رِضائے الٰہی کے لئے ہر چیز سے جدائی اختیار کی اور بہُت سے لوگوں کے احوال کی اِصلاح کا سبب بنے۔

# اَولیائے کرام کی دُشمنی سے بچو!

ہم اَولیاء اللہ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِم کی تَنْقِیص (یعنی شان گھٹانا) کیسے گوارا کریں جبکہ ان کو ایذا دینے والے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ اعلان جنگ کرتے ہیں جیسا احادیثِ مُبارکہ میں آیا ہے۔ چنانچہ،

﴿1﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے مَروِی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ''جس نے کسی ولی کو اذیت دی میں اس سے اِعلان جنگ کرتا ہوں اور بندہ میرا قُرب سب سے زیادہ فَرائِض کے ذَرِیعے حاصل کرتا ہے اور نوافل کے ذریعے مسلسل قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں۔ جب میں بندے کو محبوب بنالیتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے۔ اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ پھر وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اسے عطا کرتا ہوں۔ میری پناہ چاہے تو پناہ دیتا ہوں اور میں کسی کام کے کرنے میں کبھی اس طرح تردد نہیں کرتا جس طرح جانِ مومن قَبض کرتے وقت تردد کرتا ہوں کہ وہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اس کے مکروہ سمجھنے کو برا جانتا ہوں۔'' (1)

﴿2﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ''جس نے میرے کسی ولی کو اَذیت دی اس نے اپنے لئے میری جنگ حلال ٹھہرالی۔'' (2)

﴿3﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا بیان کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کو حضور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، شاہ بنی آدم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی

---

(1)......صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب التواضع، الحدیث:۶۵۰۲، ص۵۴۵.

(2)......الزھدالکبیر للبیھقی، فصل فی قصر الامل والمبادرة بالعمل......، الحدیث:۶۹۹، ص۲۷۰.



www.dawateislami.net

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روضۂ انور کے پاس بیٹھ کر روتے ہوئے دیکھ کر سبب دریافت فرمایا تو حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بتایا کہ مجھے اس بات نے رُلایا ہے جو میں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی ہے کہ ''تھوڑی سی ریاکاری بھی شرک ہے اور جس نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے کسی ولی سے دُشمنی کی اس نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے اِعلانِ جنگ کیا۔'' (1)

# اَولیائے کرام کی صفات وعلامات

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعیم اَحمد بن عبداللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''جان لو! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے دوستوں کی کچھ ظاہری صفات اور مشہور علامات ہیں۔''

## اَنبیاء وشُہَدا بھی رشک کریں گے:

(۱)......عقلمند اور نیک لوگ اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی دوستی کے سبب ان کے مطیع وفرمانبردار ہوتے ہیں (قیامت کے دن) اَنبیائے کرام وشُہَدائے عُظَّام عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام بھی ان کے مرتبہ پر رشک کریں گے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ چنانچہ،

﴿4﴾......امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ نہ وہ نبی ہیں، نہ شہید لیکن قیامت کے دن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے ان کو ملنے والے رتبے پر اَنبیاء وشُہَدا بھی رشک کریں گے۔'' ایک شخص نے عرض کی: ''ہمیں ان کے اَعمال کے بارے میں بتائیں تاکہ ہم بھی ان سے مَحبت کریں!'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو بغیر کسی رشتہ داری اور لین دین کے محض اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے ایک دوسرے سے مَحبت کریں گے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ان کے چہرے روشن ہوں گے اور وہ نور کے منبروں پر جلوہ گر ہوں گے۔ جب لوگ خوف میں مبتلا ہوں گے تو انہیں خوف نہ ہوگا اور جب لوگ غمگین ہوں گے تو انہیں کوئی غم نہ ہوگا پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ آیتِ مبارکہ تِلاوت فرمائی:

(1)......سنن ابن ماجه ،ابواب الفتن،باب من ترجى له السلامة من الفتن ،الحديث:۳۹۸۹،ص۲۷۱٦ .



www.dawateislami.net

اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ (پ ١١، یونس: ٦٢)

ترجمۂ کنزالایمان: سن لو بے شک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم۔"(1)

## اللہ عَزَّوَجَلَّ یاد آجاتا ہے:

(۲)......اولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام اپنے ہم نشینوں کو کامل ذکر اور دوستوں کو نیکی کی راہ پر لگا دیتے ہیں (اور انہیں دیکھ کر اللہ عَزَّوَجَلَّ یاد آجاتا ہے)۔ چنانچہ،

﴿5﴾......حضرت سیِّدُنا عمرو بن جموح رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: "میرے اَولیا اور محبوب بندے وہ ہیں جو میرا ذکر کرتے ہیں اور میں ان کا چرچا کرتا ہوں۔" (2)

﴿6﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسعید رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عرض کی گئی: "اولیاء اللہ کون لوگ ہیں؟" ارشاد فرمایا: "اولیاء اللہ وہ ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ عَزَّوَجَلَّ یاد آجائے۔" (3)

﴿7﴾......حضرت سیِّدَتُنا اسماء بنت یزید رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "کیا میں تمہیں بہترین لوگوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟" صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: "کیوں نہیں!" تو آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "(تم میں بہترین لوگ) وہ ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ عَزَّوَجَلَّ یاد آجائے۔" (4)

## فتنوں سے عافیت:

(۳)......اولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام فتنوں سے محفوظ اور دُنیاوی مشقتوں سے بچے رہتے ہیں۔ چنانچہ،

---

1 ......سنن ابی داؤد، کتاب الاجارة، باب فی الرهن، الحدیث: ٣٥٢٧، ص ١٤٨٥۔
التمهید لابن عبدالبر، عبداللّٰه بن عبدالرحمٰن بن معمر، تحت الحدیث: ٤٦٠، ج٧، ص ١٩٠.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث عمرو بن الجموح، الحدیث: ١٥٥٤٩، ج٥، ص ٢٩٣.

3 ......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الاولیاء، الحدیث: ١٥، ج٢، ص ٣٩٠.

4 ......الادب المفرد للبخاری، باب النمام، الحدیث: ٣٢٦، ص ١٠١.



www.dawateislami.net

﴿8﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کچھ خاص بندے ایسے ہیں جنہیں وہ اپنی رحمت سے رزق عطا فرماتا ہے۔ زندگی میں حفظ واَمان اور بعدِ وصال جنّت عطا فرماتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر فتنے رات کی تاریکی کی طرح چھا جاتے ہیں لیکن وہ ان سے عافیت میں رہتے ہیں۔''(1)

## اللہ عَزَّوَجَلَّ قسم پوری فرماتا ہے:

(۴)......اولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کھانے اور لباس کے مُعَامَلَہ میں خستہ حال ہوتے ہیں مصائب وحادثات میں (اگر وہ کسی مُعَامَلَہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھالیں تو) اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کی قسم پوری فرما دیتا ہے۔ چنانچہ،

﴿9﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بہت سے ضعیف، کمزور، بوسیدہ لباس والے ایسے ہوتے ہیں کہ اگر وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھالیں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کی قسم کو پورا فرما دیتا ہے اور براء بن مالِک (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) بھی اِنہی میں سے ہیں۔''

راوی کہتے ہیں: اس کے بعد حضرت سیِّدُنا براء بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مشرکین کے خِلاف ایک لڑائی میں شریک ہوئے۔ اس جنگ میں مُشرِکین نے مسلمانوں کو بُہت زیادہ نُقصان پہنچایا تو مسلمانوں نے حضرت سیِّدُنا براء بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: ''اے براء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر تم اللہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھاؤ تو اللہ عَزَّوَجَلَّ ضرور تمہاری قسم کو پورا فرمائے گا پس آپ (مُشرِکین کے خلاف) اللہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھالیجئے!'' حضرت سیِّدُنا براء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ خُداوندی میں عرض کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ ہمیں مشرکین پر غَلَبہ عطا فرما۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی یہ دُعا قبول ہوئی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مسلمانوں کو مشرکین پر غَلَبہ عطا فرما دیا۔ پھر ایک مرتبہ ''سوس'' کے پل پر مسلمانوں کا کُفّار سے آمنا سامنا ہوا تو کُفّار نے مسلمانوں کو سخت نقصان پہنچایا مسلمانوں نے کہا: ''اے براء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اپنے رب عَزَّوَجَلَّ پر قسم

1......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الاولیاء، الحدیث: ٢، ج٢، ص ٣٨٥.


www.dawateislami.net

کھایئے!''انہوں نے عرض کی:''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ ہمیں کُفّار پر غَلَبہ عطا فرما اور مجھے اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ ملا دے (یعنی شہادت عطا فرما)۔''حضرت سیِّدُنا براء بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی یہ دعا بھی قبول ہوئی اور مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ شہید ہو گئے۔(1)

﴿10﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:''بُہت سے پراگندہ حال، بوسیدہ لباس والے ایسے ہوتے ہیں کہ لوگ ان سے نظریں پھیر لیتے ہیں (لیکن ان کی شان یہ ہوتی ہے کہ) اگر وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھالیں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کی قسم کو ضَرور پورا فرما دیتا ہے۔''(2)

## اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کے تَصَرُّفات:

(۵)......اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کے یقین کی طاقت سے چٹانیں شق ہو جاتی ہیں اور ان کے اِشارے سے سمُندر پھٹ جاتے (یعنی راستہ دے دیتے) ہیں۔ چنانچہ،

﴿11﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ اُنہوں نے تکلیف میں مبتلا ایک شخص کے کان میں کچھ پڑھا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے دریافت فرمایا:''تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا ہے؟''انہوں نے عرض کی: میں نے یہ آیاتِ مُبارکہ تلاوت کی ہیں:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَ مَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ

ترجمۂ کنز الایمان: تو کیا یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمہیں بیکار بنایا اور تمہیں ہماری طرف پھرنا نہیں تو بہت بلندی والا ہے اللہ سچا بادشاہ کوئی معبود نہیں سوا اس کے عزّت والے عرش کا مالک اور جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے خدا کو پوجے جس کی اس کے پاس کوئی سند نہیں تو اس کا حساب اس کے رب کے یہاں ہے بے شک کافروں کا چھٹکارا نہیں اور تم عرض کرو

(1)......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب ذكر شهادة البراء بن مالك، الحديث: ٥٣٢٥، ج٤، ص٣٤٠.

(2)......المستدرك، كتاب الرقاق، باب قلب الشيخ شاب......الخ، الحديث: ٨٠٠٢، ج٥، ص٤٦٧.



www.dawateislami.net

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (پ۱۸،المؤمنون:۱۱۵تا۱۱۸) — اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے برتر رحم کرنے والا۔

سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اگر کوئی شخص ان آیات کو یقین کے ساتھ پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔''(1)

﴿12﴾......حضرت سیِّدُنا سَہْم بن مِنْجَاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے فرماتے ہیں: ''ہم نے حضرت سیِّدُنا علاء بن حضرمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ جہاد میں شرکت کی۔ جب ہم چلتے چلتے ''دارین'' کے مقام پر پہنچے جہاں ہمارے اور دشمن کے درمیان سَمُنْدر حائل تھا تو حضرت سیِّدُنا علاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ دعا مانگی: یَاعَلِیْمُ یَاحَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَاعَظِیْمُ اِنَّاعَبِیْدُکَ وَفِیْ سَبِیْلِکَ نُقَاتِلُ عَدُوَّکَ، اَللّٰھُمَّ فَاجْعَلْ لَنَااِلَیْھِمْ سَبِیْلًافَتَقَحَّمَ بِنَاالْبَحْرَ. ترجمہ: اے علم والے، اے حلم والے، اے بلند وبرتر، اے عظمت والے مالک ومولا عَزَّوَجَلَّ! ہم تیرے بندے ہیں اور تیری راہ میں تیرے دشمن سے جہاد کرنے نکلے ہیں۔ یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! ہمارے لئے ان تک پہنچنے کا راستہ بنا، ہمیں سَمُنْدر کے اس پار لگا۔'' حضرت سیِّدُنا سَہْم بن مِنْجَاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''پھر ہم گھوڑوں پر سوار سَمُنْدر میں کود گئے اور پانی ہمارے گھوڑوں کی زین تک بھی نہ پہنچا کہ ہم دشمنوں تک پہنچ گئے۔''(2)

﴿13﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا علاء بن حضرمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ میں تین عادتیں دیکھی ہیں۔ ان میں سے ہر عادت دوسری سے عجیب تر تھی ایک دفعہ ہم کسی سَفَر پر روانہ ہوئے اور ''بحرین'' تک جا پہنچے۔ پھر سَفَر جاری رکھا یہاں تک کہ ہم سَمُنْدر کے کنارے پہنچ گئے۔ حضرت سیِّدُنا علاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''چلتے رہو۔ یہ کہہ کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی سواری سمیت سَمُنْدر میں اُتر گئے اور چل دیئے ہم بھی ان کے پیچھے سمندر میں اُترے اور چلنے لگے۔ اور سَمُنْدر کا پانی ہماری سواریوں کے گھٹنوں تک بھی نہ پہنچ سکا۔ جب ''کسریٰ'' کے ایک گورنر ابن مُکَعْبَر نے ہمیں دیکھا تو اس نے کہا: ''خدا عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے پھر وہ اپنی کشتی میں بیٹھ کر فارس (ایران) چلا گیا۔''

---

1 ......المسندلابی یعلی الموصلی، مسندعبداللّٰہ بن مسعود، الحدیث:۵۰۲۳، ج٤، ص۳٤۵.

2 ......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب مجابی الدعوة، الرقم٤۰، ج۲، ص۳۳۳.



www.dawateislami.net

(۶)......اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام ہر زمانے میں دوسرے تمام لوگوں سے (نیکیوں کے مُعاملے میں) آگے ہوتے ہیں انہی کے اِخلاص کے سبب بارش برستی اور لوگوں کی مدد کی جاتی ہے۔ چنانچہ،

﴾14﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے مَروِی ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نبوت، مَخزنِ جود وسخاوت صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر دور میں میری اُمَّت کے کچھ لوگ سابِقین (یعنی نیکیوں میں سَبْقَت لے جانے والے) ہوں گے۔''(1)

﴾15﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے مَروِی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''40 اَبدال اور 500 بہترین لوگ میری اُمّت میں ہمیشہ رہتے ہیں۔ نہ 500 میں کمی آتی ہے نہ 40 میں۔ جب بھی ان 40 میں سے کسی کا وصال ہوتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ 500 میں سے ایک کو اس کے مقام ومرتبے پر فائز فرما دیتا ہے اور یوں 40 کی کمی پوری فرما دیتا ہے۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! ہمیں ان کے اَعمال ارشاد فرمائیے!'' فرمایا: ''جو ان پر ظُلم کرے وہ اسے مُعاف کر دیتے ہیں، جو ان سے بُرائی کرے وہ اس سے بھلائی کرتے ہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جو کچھ انہیں عطا فرمایا اس سے لوگوں کی غم خواری کرتے ہیں۔''(2)

﴾16﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مَخْلُوق میں سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے 30 بندے ایسے ہیں جن کے دِل حضرت آدم صفی اللّٰہ (عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام) کے دِل پر ہیں۔ 40 کے دِل حضرت موسیٰ کلیم اللّٰہ (عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام) کے دِل پر۔ 7 کے دِل حضرت ابراہیم خلیل اللّٰہ (عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام) کے دِل پر۔ 5 کے دِل حضرت جبرائیل (عَلَیْهِ السَّلَام) کے دِل پر اور 3 اَفراد کے دِل حضرت میکائیل (عَلَیْهِ السَّلَام) کے دِل پر ہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مخلوق میں سے ایک بندۂ خاص کا دِل حضرت اسرافیل (عَلَیْهِ السَّلَام) کے دِل پر ہے۔ جب اس بندۂ خاص کا انتقال ہوتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ ان 3 میں سے ایک کو اس کی جگہ مقرر فرما دیتا ہے اور جب ان 3 میں سے کسی کا اِنْتقال ہوتا ہے تو اس کی جگہ

1......فردوس الاخبار للديلمی، باب الفاء، الحديث: ٤٧٨٥، ج٢، ص ١٢٥.

2......فردوس الاخبار للديلمی، باب الخاء، الحديث: ٢٦٩٣، ج١، ص ٣٦٤.


www.dawateislami.net

ان 5 میں سے ایک کو مقرر فرما دیتا ہے جب 5 میں سے کسی کا وصال ہوتا ہے تو 7 میں سے کسی ایک کو اس کی جگہ مُقرَّر کردیتا ہے۔ جب ان 7 میں سے کسی کا اِنتقال ہوتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ 40 میں سے ایک کو اس کی جگہ دے دیتا ہے۔ جب ان 40 میں سے کوئی اس دُنیا سے رخصت ہوتا ہے تو 300 میں سے کسی کے ذریعے اس خلا کو پُر فرما دیتا ہے۔ جب ان 300 میں سے کسی کا وصال ہوتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ عام لوگوں میں سے کسی کو اس کی جگہ مُقرَّر فرما دیتا ہے۔ پس انہی اولیا کی وجہ سے اللہ عَزَّوَجَلَّ لوگوں کو زندگی اور موت عطا فرماتا، اِنہی کے طفیل بارش ہوتی، فصلیں اُگتی اور انہیں کی بدولت مصیبتیں دور ہوتی ہیں۔''

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا گیا: ''ان کے سبب لوگوں کو زندگی اور موت کیسے ملتی ہے؟'' فرمایا اس لئے کہ ''وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کثرتِ اُمّت کا سوال کرتے ہیں تو اس میں اِضافہ کردیا جاتا ہے اور ظالموں کے خِلاف دعا کرتے ہیں تو ان کو نیست و نابود کردیا جاتا ہے۔ بارش طلب کرتے ہیں تو بارش برسادی جاتی ہے۔ نباتات کے اُگنے کا سوال کرتے ہیں تو ان کے لئے زمین فصلیں اُگا دیتی ہے۔ وہ دُعا کرتے ہیں تو مختلف قسم کے مُصَائب ان کی دعا کی وجہ سے دُور کردیئے جاتے ہیں۔'' (1)

﴿17﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے حُذَیفہ! میری اُمّت کے ہر گروہ میں سے چند لوگ ایسے ہوں گے جو پراگندہ حال اور گرد آلود ہوں گے وہ میری اِتباع اور میرا ہی ارادہ کریں گے اور اَحکامِ خداوندی کی پابندی کریں گے وہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں اگرچہ انہوں نے مجھے نہ دیکھا ہو۔'' (2)

﴿18﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص میرے مُتَعَلِّق سوال کرے یا مجھے دیکھنا چاہے تو وہ پراگندہ حال، لاغر اور محنتی شخص کو دیکھ لے جس نے نہ تو اینٹ پر اینٹ رکھی ہو اور نہ ہی بانس پر بانس رکھا (یعنی کوئی عمارت نہ بنائی) ہو جب اس کے لئے جہاد کا علَم (جھنڈا) بلند کیا جائے تو وہ اس کی طرف چلا جائے۔ آج تیاری کا دن ہے اور کل سَبقت

1 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، باب ان بالشام یکون الابدال الذین......الخ، ج١، ص٣٠٣.

2 ......الفردوس بماثور الخطاب للدیلمی، باب الیاء، الحدیث: ٨٥٣٧، ج٥، ص٣٩٥.


www.dawateislami.net

لے جانے کا دن اور انتہاء جنّت ہے یا جہنم۔'' (1)

## دُنیا سے بے رغبتی اور اُمیدوں کی کمی:

(۷)......اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام نے دُنیا کے باطن کی طرف دیکھا تو اس کا اِنکار کر دیا اور اس کی ظاہری چمک دَمک کو دیکھا تو اسے اپنی نظر سے گرا دیا۔ چنانچہ،

﴿19﴾......حضرت سیِّدُنا وَهب بن مُنَبِّه رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه بیان فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عیسٰی روح اللّٰه عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے حواریوں (یعنی ساتھیوں) نے عرض کی: ''اے عیسٰی عَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام! اللہ عَزَّوَجَلَّ کے اَولیا کون لوگ ہیں جن پر نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ کچھ غم؟'' آپ عَلَیْهِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے ارشاد فرمایا: ''یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دُنیا کے باطِن کو دیکھا جب اور لوگوں نے دُنیا کے ظاہِر کو دیکھا اور دُنیا کے اَنجام کو دیکھا جب اور لوگوں نے دنیا کی رنگینیوں کو دیکھا۔ انہوں نے ان چیزوں کو چھوڑ دیا جن کے بارے میں اندیشہ تھا کہ وہ عَیب دار کریں گی اور ان کو بھی ترک کر دیا جن کے مُتَعَلِّق یقین تھا کہ وہ بہت جلد ان سے چھوٹ جائیں گی۔ انہیں دُنیا کی زیادتی کی خواہش نہیں ہوتی۔ انہوں نے دُنیا کا ذکر کیا تو اس کا فانی ہونا بتایا۔ دُنیا کا غم ملا تو خوش ہوئے۔ دُنیا کی جو چیز ان کے سامنے آئی اسے ٹھکرا دیا۔ دُنیاوی ناحق رِفْعت وعَظمت کو حقیر جانا۔ ان کے نزدیک دُنیا پُرانی ہو چکی ہے اب وہ اس کی تجدید نہیں چاہتے۔ ان کے گھر ویران ہو گئے لیکن اُنہوں نے آباد نہ کئے۔ خواہشوں نے ان کے سینوں میں گُھٹ گُھٹ کر دم توڑ دیا لیکن انہوں نے دوبارہ انہیں بیدار نہ کیا بلکہ دُنیاوی خواہشات کو تہس نہس کر کے اس کے بدلے اپنی آخرت کی تیاری کی۔ اور دُنیا کو بیچ کر اس کے عوض وہ چیز (یعنی آخرت) خریدی جو ان کے لئے ہمیشہ رہے گی۔ انہوں نے خوشی خوشی دنیا کو ٹھکرا دیا۔ انہوں نے دُنیا داروں کو دُنیا پر اوندھے منہ گرے دیکھا جس کی وجہ سے ان پر مصیبتیں نازِل ہوئیں تو تذکرۂ موت کو جلا بخشی اور تذکرۂ حیات کو مات دی۔ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مَحبت کرتے۔ اس کے ذکر کو پسند کرتے اور اس کے نور سے روشن ہو کر دُنیا کو روشن کرتے ہیں۔ انہیں حیرت انگیز خیر و بھلائی عطا کی گئی۔ تَعَجُّب خیز علم عطا کیا گیا۔ ان کی بدولت کتابُ اللّٰہ کی بقا ہے تو کتابُ اللّٰہ کے سبب ان کی بقا۔ کتابُ اللّٰہ نے ان کا ذکر کیا تو انہوں نے کتابُ اللّٰہ کو عام کیا۔ انہیں سے کتابُ اللّٰہ کو سیکھا جاتا ہے اور وہ کتابُ اللّٰہ کے مُطابِق عمل کرتے ہیں۔ انہیں جو عطا

(1)......المعجم الاوسط، الحدیث: ۳۲۴۱، ج۲، ص۲۶۶.



www.dawateislami.net

کردیا جائے اسی پر اِکتِفا کرتے اور مزید عطیے کی خواہش نہیں کرتے۔ وہ کسی کی امان پر بھروسا نہیں کرتے بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اُمّید رکھتے ہیں۔ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کسی اور سے نہیں ڈرتے۔'' (1)

## اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام کی نرالی زیب و زینت:

(۸)......اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام دھوکا دینے والی آنکھ سے دُنیا کو دیکھتے رہنے سے پرہیز کرتے اور اپنے محبوب کی بنائی ہوئی چیزوں کو نگاہِ فکر و عبرت سے دیکھتے ہیں۔ چنانچہ،

﴿20﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا بیان فرماتے ہیں کہ جب اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُنا موسیٰ وحضرت سیِّدُنا ہارون عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کو فرعون کی طرف بھیجا تو ارشاد فرمایا: ''جو لباس میں نے اسے پہنایا ہے وہ تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے کیونکہ اس کی پیشانی میرے قَبضۂ قُدرت میں ہے۔ وہ میری اِجازَت کے بغیر نہ بول سکتا ہے اور نہ ہی پلک جھپک سکتا ہے۔ اور تمہیں اس کی دُنیاوی ناجائز زیب وزینت بھی دھوکے میں مُبْتَلا نہ کردے اس لئے کہ اگر میں دُنیاوی زینت کے ساتھ تمہیں مُزیَّن کرنا چاہتا تو فرعون جان لیتا کہ وہ ایسی زینت اختیار کرنے سے عاجِز ہے اور تمہاری یہ حالت اس وجہ سے نہیں کہ تمہاری میرے نزدیک کوئی وُقعت نہیں لیکن میں تمہیں بُزُرگی کا لباس پہنانا چاہتا ہوں جو تمہارا نصیب ہے تاکہ دنیا تمہارے آخرت کے حصّہ میں کچھ کمی نہ کرسکے۔ میں اپنے اَولیا کو دُنیا سے اس طرح بچاتا ہوں جس طرح چرواہا اپنے تندرست اُونٹوں کو خارشی اُونٹوں کے باڑے میں جانے سے بچاتا ہے اور انہیں دُنیا کی تر و تازگی سے اسی طرح دُور رکھتا ہوں جس طرح چرواہا اپنے اُونٹوں کو ہلاک کردینے والی چراگاہ سے دور رکھتا ہے اور میں اس کے ذَرِیعے ان کے مراتب کو منور کرنے (بڑھانے) اور ان کے دِلوں کو دُنیا سے پاک رکھنے کا اِرادہ رکھتا ہوں۔ انہی نشانیوں کے ذَرِیعے وہ پہچانے جاتے اور اسی چیز کے سبب فَخْر کرتے ہیں۔ اے موسیٰ (عَلَیْهِ السَّلَام) جان لو! جس نے میرے کسی ولی کو ڈرایا اس نے میرے ساتھ اعلانِ جنگ کیا اور بروزِ قیامت میں اپنے اَولیا کا اِنتقام لینے والا ہوں۔'' (2)

﴿21﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالصَّمد بن مَعْقِل رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سیِّدُنا وَہب بن مُنَبِّہ

---

1 ......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الاولیاء، الحدیث: ۱۸، ج۲، ص ۳۹۱.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار موسیٰ، الحدیث: ۳٤۱، ص ۹۹.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوفرماتے ہوئے سنا: جب اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُ نا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام اوران کے بھائی حضرت سیِّدُ ناہارون عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کوفرعون کی طرف بھیجا تو ارشاد فرمایا: ”تمہیں اس کی دنیاوی زیب وزینت اورلطف اندوز ہونے کی چیزیں تَعَجُّب میں نہ ڈالیں اور نہ تم ان چیزوں کی طرف توجہ دینا کیونکہ وہ دُنیا داروں اورسرمایہ داروں کی زینت ہے۔اگر میں دُنیاوی زینت کے ساتھ تمہیں مُزَیَّن کرنا چاہتا تو فرعون اسے دیکھ کر جان لیتا کہ اس قسم کی زینت اس کے بس میں نہیں تو میں ایسا کرسکتا ہوں لیکن میں تمہیں دنیا سے بچانا اور دُنیا کوتم سے دُور رکھنا چاہتا ہوں۔اور میں اپنے وَلیوں کے ساتھ ایسا ہی کرتا ہوں اور پہلے بھی میں نے ان کے لیے اسے پسند نہیں کیا بلکہ انہیں دنیا کی نعمتوں اورآسائشوں سے اس طرح بچاتا ہوں جس طرح مہربان چرواہا اپنی بکریوں کو ہلاک کر دینے والی چراگاہ سے بچاتا ہے اور میں انہیں دُنیا کی رنگینیوں اورعَیش وعشرت سے اس طرح دُور رکھتا ہوں جس طرح مہربان چرواہا اپنے اُونٹوں کو خارش زدہ اُونٹوں سے دُور رکھتا ہے اور یہ اس وجہ سے نہیں کہ ان کی میرے نزدیک کوئی وَقْعَت نہیں بلکہ اس وجہ سے کرتا ہوں کہ وہ میری کرامت سے پورا پورا حصّہ وُصُول کریں اور اس میں نہ دُنیا کوئی کمی لاسکے اور نہ ہی خواہشات کوئی کمی کرسکے۔اور جان لو! بندوں کے لئے میرے نزدیک ترک دُنیا سے بڑھ کر کوئی زینت نہیں کیونکہ یہ (ترکِ دُنیا) متقین کی زینت ہے اوران پر ایسا لباس ہوتا ہے جس کے ساتھ ان کا سکون وخُشُوع پہچانا جاتا ہے۔ان کی علامت ان کے چہروں میں سجدوں کے نشان ہیں۔یہی میرے سچے دوست ہیں۔جب تم ان سے ملوتو ان کے لئے عاجزی اختیار کرو اور دِل وزبان کو ان کے تابِع بنادو۔

اور جان لو! جس نے میرے کسی دوست کی اہانت کی یا اسے خوفزدہ کیا اس نے مجھ سے اِعلانِ جنگ کیا، میرے ساتھ دشمنی کی، اپنے آپ کو میرے مُقابِل پیش کیا اور مجھے لڑائی کی طرف بلایا۔میں اپنے دوستوں کی مَدَد کرنے میں جلدی کرتا ہوں تو جس نے مجھے جنگ کے لئے بلایا کیا اس کا خیال ہے کہ وہ میرے سامنے ٹھہر سکے گا؟ جس نے مجھ سے دشمنی کی کیا وہ سمجھتا ہے کہ مجھے عاجز کردے گا؟ جس نے مجھ سے اِعلانِ جنگ کیا وہ سمجھتا ہے کہ مجھ سے بڑھ جائے گا یا بچ جائے گا؟ یہ کیونکر ممکن ہوگا جبکہ میں اپنے دوستوں کا دُنیا وآخرت میں خود اِنتقام لیتا ہوں۔ان کی مدد کسی کے سپرد نہیں کرتا۔“ (1)

(1)......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الاولیاء، الحدیث:١٥٥، ج٢، ص٤٢٣۔
الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار موسیٰ، الحدیث:٣٤٢، ص٩٩_تفصیلاً۔


www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا اسماعیل بن عیسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی روایت کردہ حدیث میں اتنا زائد ہے کہ ''اے موسیٰ (عَلَیْہِ السَّلام) ! جان لو! بے شک میرے اَولیا وہ ہیں جن کے دل میرے خوف سے کانپتے ہیں اور وہ خوف ان کے لباس میں اور جسموں پر عیاں ہے۔ وہ ایسی کوشش کرتے ہیں جس کے سبب وہ قیامت کے دن کامیاب ہوں۔ وہ لوگ اپنی موت کو یاد رکھتے اور اپنی نشانیوں سے پہچانے جاتے ہیں پس جب تم ان سے ملو تو ان کے سامنے عاجزی اختیار کرو۔''

## اَبدال کون ہیں؟

﴿22﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن عبدالملک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبدالباری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْبَارِی نے فرمایا: میں نے حضرت سیِّدُنا ذوالنون مصری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے عرض کی: ''مجھے اَبدال کی صفات بتائیے!'' انہوں نے فرمایا: ''تم نے مجھ سے شدید تاریکیوں کے بارے میں پوچھا ہے۔ لیکن اے عبدالباری! میں تیرے سامنے ضَرور ان سے پردہ ہٹاؤں گا۔ (چنانچہ سنو!) اَبدال وہ لوگ ہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عَظْمت وجُلال کی مَعْرِفَت رکھتے، دِل سے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی تعظیم اور اس کا ذکر کرتے ہیں۔ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مخلوق پر اس کی حجتیں ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنی مَحبت کے نُورِ سَاطِع (چمکتے نور) کا لباس انہیں پہنایا۔ نیز ان کے لئے ہدایت کے عَلَم بلند فرمائے۔ اپنی چاہت کے لئے انہیں بہادروں کے مقام پر کھڑا کیا اور اپنی مُخالفت سے بچنے کے لئے انہیں صَبْر عطا فرمایا۔ اپنے مُراقبے کے ساتھ ان کے جسموں کو پاک کیا۔ اچھائی کرنے والوں کے ساتھ انہیں اچھا کیا۔ انہیں اپنی مَحبت کے بنے ہوئے حلے پہنائے اور ان کے سروں پر اپنی مُسَرَّت کے تاج سجائے پھر ان کے دلوں میں غیب کے خزانے وَدِیْعَت فرمائے۔ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ملنے کے لئے ہر دم بے تاب ہیں۔ ان کے رنج وغم کا محور وہی ہے اور ان کی آنکھیں اسے غیب سے دیکھتی ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں اپنے قرب سے اپنی ذات کے مشاہدہ کے دروازے پر ٹھہرایا۔ انہیں اہل مَعْرِفَت کے اطبا کے مَنْصَب پر فائز فرمایا۔''

پھر فرمایا: ''اگر میرے غم میں مبتلا کوئی بیمار تمہارے پاس آئے تو اس کو دوا دو۔ میرے فراق کا مریض آئے تو اس کا علاج کرو۔ مجھ سے ڈرنے والا آئے تو اسے اَمن کی امید دلاؤ۔ کوئی مجھ سے بے خوف آئے تو اسے میری ذات سے ڈراؤ۔ کوئی میرے وِصال کا خواہش مند آئے تو اسے مُبارَک باد دو۔ کوئی مجھ سے بچھڑا ہوا آئے تو اسے میری طرف لوٹا دو۔ کوئی میری راہ میں لڑنے سے بزدلی دکھانے والا آئے تو اسے بہادر و دلیر بنا دو۔ کوئی میرے فضل وکرم سے


www.dawateislami.net

مایوس آئے تو اسے میرا وعدہ یاد دلاؤ۔ کوئی میرے احسان کا امیدوار آئے تو اسے خوشخبری سناؤ۔ کوئی میرے ساتھ حُسنِ ظن رکھے تو اس کا دِل بڑھاؤ۔ مجھ سے محبت کرنے والا آئے تو اسے میری محبت پر مزیداُ کساؤ۔ کوئی میری تعظیم کرنے والا آئے تو اس کی تعظیم کرو۔ کوئی میری راہ کا مُتلاشی آئے تو اس کی میری طرف رہنمائی کرو۔ کوئی نیکی کے بعد بُرائی کرنے والا آئے تو اسے عتاب کرو۔ جو شخص میرے لئے تم سے ملاقات کا خواہش مند ہو تو اس سے ملاقات کرو۔ جو تم سے غائب ہو اس کی خبر گیری کرو۔ جو تم سے زیادتی کرے اسے برداشت کرو۔ جو تمہاری حق تلفی کرے اسے مُعاف کردو۔ جو غَلَطی کر بیٹھے اسے نصیحت کرو۔ میرے دوستوں میں سے جو بیمار ہو اس کی عیادت کرو۔ جو غمزدہ ہو اسے خوشخبری سناؤ اور اگر کوئی مَظْلُوم تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ عطا کرو۔

**اے میرے اولیا!** میں تمہارے لیے ہی کسی پر عتاب کرتا اور تمہیں ہی محبوب رکھتا ہوں۔ تم سے اِطاعت طَلَب کرتا اور تمہارے لئے ہی دوسروں کو منتخب کرتا ہوں۔ تم سے اپنی (یعنی دِین کی) خدمت چاہتا اور تمہیں اپنے لئے خاص کرتا ہوں کیونکہ میں سرکشوں سے خدمت لینا پسند نہیں کرتا، نہ تکبُّر کرنے والوں سے ملاقات کو پسند کرتا ہوں، نہ ہی (حق وباطل کو) خَلْط مَلْط کرنے والوں سے تَعلُّق رکھنا چاہتا ہوں، نہ دھوکا دہی کرنے والوں سے کلام کرنا، نہ ہی غرور کرنے والوں سے قرب رکھنا چاہتا ہوں، نہ باطِل لوگوں کی ہم نشینی اور نہ ہی شر پسندوں سے تَعلُّق رکھنا چاہتا ہوں۔

**اے میرے اَولیا!** میرے پاس تمہارے لئے بہترین بدلہ ہے۔ میری عطا تمہارے لئے عُمدہ ترین عطا ہوگی۔ میرا خرچ تمہارے لئے افضل ترین خرچ ہوگا۔ میرا فَضل تم پر سب سے زیادہ ہوگا۔ میرا مُعَامَلَہ تمہارے لئے پورا پورا ہوگا اور میرا مُطَالَبہ تمہارے لئے شدید ترین ہوگا۔ میں دلوں کا اِنتخاب کرنے والا، تمام غَیبوں کو جاننے والا، تمام حرکات کو دیکھنے والا، تمام لمحات کو مُلاحَظَہ فرمانے والا، دلوں کو دیکھنے والا اور میدانِ فکر سے باخبر ہوں پس تم میری طرف بلانے والے بن جاؤ! میرے سوا کوئی بھی بادشاہ تمہارے لئے گھبراہٹ کا باعث نہ بنے۔ لہٰذا جو تم سے دُشمنی رکھے گا میں اس سے عَدَاوت رکھوں گا۔ جو تم سے دوستی رکھے گا میں اسے دوست رکھوں گا۔ جو تمہیں تکلیف دے گا میں اسے ہلاک کردوں گا۔ جو تمہارے ساتھ اچھا سُلوک کرے گا میں اسے اس کا صلہ عطا کروں گا اور جو تمہیں چھوڑ دے گا میں اسے محتاج کردوں گا۔“ (1)

(1) ......تاریخ بغداد، الرقم۴۴۹۷ ذوالنون بن ابراهیم، ج۸، ص۳۹۱، مختصرًا بتغیر.



www.dawateislami.net

## اَحکاماتِ الٰہی کی پابندی:

(۹)......اولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلام اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات اوراس کی محبت میں مُسْتَغْرَق رہتے اوراس کے حکم کی پابندی کرتے ہیں۔

﴿23﴾......اُم المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا سے مَروِی ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحْبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: حضرت موسیٰ (عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام) نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! مخلوق میں تیرے نزدیک سب سے زیادہ عزّت والا کون ہے؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''وہ شخص جو میری رضا حاصل کرنے کے لئے اس طرح تیزی کرتا ہے جس طرح گِدھ اپنی خواہش کی طرف تیزی کرتا ہے۔ جو میرے نیک بندوں سے اس طرح محبت کرتا ہے جس طرح بچہ لوگوں سے محبت کرتا ہے اور وہ جو میرے اَحکامات کی خِلاف ورزی پر اس طرح غضبناک ہوتا ہے جس طرح چیتا اپنے لئے غضبناک ہوتا ہے کہ جب چیتا غصہ میں آتا ہے تو وہ لوگوں کے قلیل وکثیر ہونے کی پرواہ نہیں کرتا۔'' (1)

﴿24﴾......حضرت سیِّدُنا ذوالنون مِصْری رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه فرماتے ہیں: بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مخلوق میں بعض اس کے برگزیدہ اور نیک بندے ہیں۔ پوچھا گیا: ''اے ابوفیض رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه! ان کی علامت کیا ہے؟'' فرمایا: ''جب بندہ راحت کو ترک کر کے طاعت وعبادت میں بھرپور کوشش کرے اور قدر ومنزلت کے نہ ہونے کو پسند کرے۔

پھر آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے یہ اشعار پڑھے:

مَنَعَ الْقُرْاٰنُ بِوَعْدِهٖ وَوَعِيْدِهٖ　　مَقِيْلَ الْعُيُوْنِ بِلَيْلِهَا اَنْ تَهْجَعَا

فَهِمُوْا عَنِ الْمَلِكِ الْكَرِيْمِ كَلَامَهٗ　　فَهِمَا تَذِلُّ لَهُ الرِّقَابُ وَتَخْضَعَا

**ترجمہ**: (۱)......قرآن نے اپنے وعدہ ووعید کے ساتھ ہر برائی سے روک دیا۔ رات کو آنکھوں کی نیند غائب ہوگئی۔

(۲)......انہوں نے کریم بادشاہ کے کلام کو اس طرح سمجھا کہ اس کے آگے ان کی گردنیں جھک گئیں۔

حاضرین میں سے کسی نے عرض کی: ''اے ابوفیض رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه! اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ پر رحم فرمائے! یہ کون لوگ ہیں؟'' آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے فرمایا: ''تجھ پر افسوس ہے! یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے سواریوں کو پیشانی کا

---

1......المعجم الاوسط، الحدیث: ۱۸۳۹، ج ۱، ص ۴۹۸.



www.dawateislami.net

تکیہ اور مٹی کو پہلوؤں کا بچھونا بنالیا۔قرآن پاک ان کے گوشت وخون میں ایسا بس گیا کہ انہیں بیویوں سے دور کرکے ساری رات سفر میں رکھا۔انہوں نے قرآن پاک کو اپنے دلوں پر رکھا تو وہ نرم ہو گئے۔سینوں سے لگایا تو وہ کشادہ ہو گئے۔اس کی برکت سے ان کی پریشانیوں اور غموں کے بادل چھٹ گئے۔انہوں نے قرآن پاک کو اپنی تاریکیوں کے لئے چراغ،اور(قرآنِ پاک کی تلاوت کو اس طرح اپنے لئے لازم کرلیا جس طرح)سونے کے لئے بچھونا لازم ہے۔ اپنے راستے کے لئے رہنما اور اپنی حجت کے لئے کامیابی بنالیا۔لوگ خوشیاں مناتے ہیں جبکہ یہ غمگین رہا کرتے ہیں۔ لوگ سو رہے ہوتے ہیں لیکن یہ بیدار رہتے ہیں۔لوگ کھاتے پیتے ہیں اور یہ روزے رکھتے ہیں۔لوگ(قبر وحشر سے غافل ہوتے اور)بے خوف رہتے ہیں جبکہ یہ(قبر وحشر کے مُعاملات سے)خوفزدہ رہتے ہیں۔یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے اور اس کی نافرمانیوں سے بچتے،گھبرائے رہتے اور نیک اَعمال میں خوب مُشقّت اُٹھاتے ہیں۔عمل کے فوت ہوجانے کے ڈر سے اسے جلد ہی ادا کرلیتے اور ہر دم مَوت کے لئے تیار رہتے ہیں۔ان کے نزدیک اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دردناک عذاب کے خوف اور وعدہ کئے گئے عَظِیْمُ الشَّان ثواب کی وجہ سے مَوت کوئی چھوٹا مُعَاملہ نہیں ہے۔یہ قرآن حکیم کے راستوں پر گامزن اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے قربانی پیش کرنے کے مُعَاملے میں مُخْلِص ہیں۔یہ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے نور سے منور اور اس بات کے منتظر ہیں کہ قرآن کریم ان کے ساتھ کئے ہوئے وَعدوں اور عہدوں کو پورا کرے،اپنی سعادت کے مقام میں انہیں ٹھہرائے اور اپنی وعیدوں سے انہیں امن بخشے۔چنانچہ،یہ لوگ قرآنِ پاک کے ذَرِیْعے اپنی خواہشات اور خوبصورت حوروں کو پاکر ہلاکتوں اور بُرے اَنجام سے مامون ہو گئے کیونکہ انہوں نے دُنیا کی رونقوں کو غضبناک نگاہوں سے تَرک کرکے رضامندی والی آنکھوں سے آخرت کے ثواب کی طرف دیکھا۔نیز فَناء ہونے والی (دُنیا) کے بدلے ہمیشہ رہنے والی(آخرت)کو خریدلیا۔انہوں نے کتنی اچھی تجارت کی،کہ دونوں جہاں میں نَفْع پایا اور دُنیا وآخرت کی بھلائیاں جمع کیں۔کامِل طور سے فضیلتوں کو پانے میں کامیاب ہوئے۔کچھ دن صَبْر کرکے اپنی منزلوں تک پہنچ گئے۔عذاب والے دن کے خوف سے کم مال وزَر پر ہی قناعت کرکے زندگی کے ایام گزار دیئے۔مُہلت کے دنوں میں بھلائی کی طرف جلدی کی۔حوادثِ زمانہ کے خوف سے نیکیوں میں تیزی دکھائی۔اپنی زندگی کھیل کود میں گنوانے کے بجائے باقی رہنے والی نیکیوں کے حُصُول کے لئے مشقتیں اُٹھائیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم!عِبادت کی تھکاوٹ نے ان کی قوت کمزور کردی اور مُشقّت نے ان کی رنگت بدل ڈالی۔



www.dawateislami.net

انہوں نے بھڑکنے والی (جہنم کی) آگ کو یادرکھا، نیکیوں کی طرف جلدی کی اور لَہو و لَعِب سے دور رہے۔ شک اور بد کلامی سے بری ہوگئے وہ فَصِیحُ اللِّسَان گونگے اور دیکھنے والے اندھے ہیں ان کی صفات بیان کرنے سے زبان قاصر ہے۔ ان کی بدولت مصیبتیں ٹلتیں اور برکتیں اُترتی ہیں۔ وہ زبان و ذوق میں سب سے میٹھے اور عہد و پیمان کو سب سے زیادہ پورا کرنے والے ہوتے ہیں۔ مخلوق کے لئے چراغ، شہروں کے مَنارے، تاریکیوں میں روشنی کا مَنبَع، رحمت کی کانیں، حکمت کے چشمے اور اُمت کے ستون ہیں، بستروں سے ان کے پہلو جدا رہتے ہیں۔ وہ لوگوں کی مَعذِرَت کو سب سے زیادہ قبول کرنے والے، سب سے زیادہ مُعاف کرنے والے اور سب سے زیادہ سخاوت کرنے والے ہوتے ہیں۔ پس انہوں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ثواب کی طرف مُشتاق دلوں سے ٹکٹکی باندھی۔ آنکھوں اور مُوافقت کرنے والے اَعمال سے دیکھا۔ ان کی سواریاں دنیا سے دور ہوگئیں۔ انہوں نے دُنیا سے اپنی اُمیدوں کو ختم کرلیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خوف نے ان کے مالوں میں ان کی کوئی رَغبت و خواہش نہ چھوڑی لہٰذا تو دیکھے گا کہ انہیں نہ تو مال جمع کرنے کی خواہش ہوتی ہے اور نہ ہی اون وغیرہ کے ریشمی لباس کی تمنا کرتے ہیں۔ نہ تو عُمدہ سواریوں کے دلدادہ ہوتے ہیں اور نہ ہی محلات کو پختہ کرنے کا شوق رکھتے ہیں۔ جی ہاں! انہوں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی توفیق سے دیکھا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کی طرف الہام فرمایا۔ ان کی مَعرِفَت نے انہیں صَبر پر آمادہ کیا۔ انہوں نے اپنے جسموں کو محرمات کے اِرتِکاب اور اپنے ہاتھوں کو اَنواع و اَقسام کے کھانوں سے باز رکھا۔ اپنے آپ کو گناہوں سے بچا کر سیدھے راستے پر گامزن اور ہدایت کے لئے آمادہ رہے اور دنیا والوں کے ساتھ ان کی آخرت بہتر بنانے کے لئے شریک ہوئے۔ مصیبتوں پر صَبر کیا۔ امیدوں کا گلا گھونٹا۔ موت اور اس کی سختیوں، مصیبتوں اور تکلیفوں سے ڈر گئے۔ قَبر اور اس کی تنگی، منکر نکیر اور ان کی ڈانٹ ڈپٹ، سوال و جواب سے خوفزدہ رہے اور اپنے مالک رب عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور کھڑے ہونے سے ڈرتے رہے۔"

## رُشد و ہدایت کے چراغ:

(۱۰)......اولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلام تاریکیوں کے لئے چراغ، رُشد و ہدایت کے چراغ، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خاص راز دار اور ہر تَصَنُّع و بناوٹ سے پاک مُخلِص بندے ہیں۔ چنانچہ،

﴿25﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت



www.dawateislami.net

سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ،حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس سے گزرے اورانہیں روتا ہوا دیکھ کر وجہ دریافت فرمائی توانہوں نے عرض کی: میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب ترین بندے وہ ہیں جو متقی و پرہیز گار اور ایسے گُمنام ہیں کہ جب لوگوں میں موجود نہ ہوں تو انہیں تلاش نہ کیا جائے اور اگر موجود ہوں تو پہچانا نہ جائے۔ یہی لوگ ہدایت کے امام اور علم کے چراغ ہیں۔'' (1)

﴿26﴾......رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے غلام حضرت سیِّدُنا ثوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ روایت کرتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت اَقدس میں حاضر تھا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اِخلاص والوں کے لئے بِشارت ہو، یہی لوگ چراغِ ہدایت اورانہی کی بدولت تاریک فتنے چھٹ جاتے ہیں۔'' (2)

## سایۂ رحمت کی طرف سَبْقت کرنے والے:

(۱۱)......اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ السَّلَام اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رسی کو تھامنے والے، اس کے فَضل کے مُتلاشی اور عَدل کے ساتھ فیصلہ کرنے والے ہیں۔ چنانچہ،

﴿27﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم جانتے ہو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سایۂ رحمت کی طرف سَبْقَت لے جانے والے کون لوگ ہیں؟'' صحابہ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''اللہ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بہتر جانتے ہیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''وہ لوگ جنہیں حق بات کہی جائے تو قبول کرتے ، جب ان سے سوال کیا جائے تو خرچ کرتے اور لوگوں کے لئے وہی فیصلہ کرتے ہیں جو اپنے لئے پسند کرتے ہیں۔'' (3)

---

1 ......المعجم الاوسط،الحدیث: ۴۹۵۰،ج۳،ص۴۰۳ .

2 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی اخلاص العمل للّٰہ وترك الریاء،الحدیث: ۶۸۶۱،ج۵،ص۳۴۳۔

فردوس الاخبار للدیلمی، باب الطاء ، الحدیث: ۳۷۴۹،ج۲،ص۴۷ .

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل،مسند السیدة عائشة،الحدیث: ۲۴۴۳۳،ج۹،ص۳۳۶ .



www.dawateislami.net

## اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللهُ السَّلَام کی خَلْوَت وجَلْوَت:

(۱۲)......اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللهُ السَّلَام جَلْوَت (یعنی محافل) میں خوش وخرم اور خَلْوَت میں اَفسُردہ رہتے ہیں، اشتیاقِ ملاقات ان کی روح کی خوشی بڑھاتا اور ہجر وفراق کا ڈر انہیں اَفسُردہ کر دیتا ہے۔ چنانچہ،

﴿28﴾......حضرت سیِّدُنا عِیَاض بن غَنْم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ انہوں نے حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''مجھے بلند دَرَجات میں ملائکہ مُقَرَّبِین نے بتایا کہ میری اُمت کے بہترین لوگ وہ ہیں جو اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی وُسْعَتِ رحمت پر اعلانیہ خوشی کا اظہار کرتے اور رب عَزَّوَجَلَّ کے عذاب کی شدّت کے خوف سے پوشیدہ طور پر روتے ہیں۔ وہ اس کے پاکیزہ گھروں میں صُبح وشام اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتے اپنی زبانوں کے ساتھ اُمید وڈر کی حالت میں اسے پکارتے ہیں۔ اپنے ہاتھوں کو بلند وپست کر کے اس سے سوال کرتے ہیں۔ اپنے دلوں کے ساتھ اوّل وآخر اسی کے مُشْتاق رہتے ہیں۔ ان کا بوجھ لوگوں کے نزدیک تو ہلکا لیکن ان کے اپنے نزدیک بھاری ہے۔ وہ زمین پر ننگے پاؤں چیونٹی کی طرح عاجزی واِنکساری سے پُرسکون انداز سے چلتے ہیں۔ وسیلہ کے ذَرِیعے قُربِ الٰہی پاتے، بوسیدہ کپڑے پہنتے، حق کی اِتباع کرتے، قرآن مجید کی تِلاوت کرتے اور قربانیاں پیش کرتے ہیں۔ ان پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے گواہ ونگہبان فِرِشتے مُقَرَّر ہوتے اور ان پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمتیں ظاہر ہوتی ہیں وہ لوگ نورِ فِراسَت سے بندوں کو جان لیتے اور دنیا میں غور وفکر کرتے ہیں۔ ان کے جسم زمین پر تو آنکھیں آسمان میں، پاؤں زمین پر تو دِل آسمان میں، نَفس زمین پر تو دِل عرش کے پاس ہوتے ہیں۔ ان کی روحیں دنیا میں ہوتی ہیں جبکہ عقلیں فکرِ آخرت میں مَصْرُوف رہتی ہیں۔ چنانچہ،

ان کے لئے وہی کچھ ہے جس کی وہ اُمید وخواہش کرتے ہیں۔ ان کی قبریں دنیا میں لیکن ان کا مقام اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پاس ہے۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ آیتِ کریمہ تِلاوت فرمائی:

ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ وَخَافَ وَعِیْدِ ﴿۱۴﴾

(پ۱۳، ابراهیم: ۱٤)

ترجمۂ کنز الایمان: یہ اس کے لئے ہے جو میرے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے اور میں نے جو عذاب کا حکم سنایا ہے اس سے خوف کرے۔(1)

---

1......المستدرك، كتاب الهجرة، باب وصف اهل الصفة، الحديث: ٤٣٥٠، ج٣، ص ٥٥٤.


www.dawateislami.net

## حُقُوقِ الٰہی کی ادائیگی میں جلدی:

(۱۳)......اَولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللهُ السَّلَام نہ تو حُقُوق کی ادائیگی میں تاخیر کرتے ہیں اور نہ ہی طاعات بجالانے میں کوتاہی کرتے ہیں۔ چنانچہ،

﴿29﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزُولِ سکینہ صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بندے پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے تین حُقُوق ہیں۔ **پہلا حق** یہ ہے کہ جب بندہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا کوئی حق اپنے اوپر آتا دیکھے تو اس کی ادائیگی کل پر نہ چھوڑے کیونکہ اسے خبر نہیں کہ وہ کل تک زندہ رہے گا یا نہیں۔ **دوسرا حق** یہ ہے کہ بندہ اِعلانیہ کئے جانے والے نیک عَمَل کو ان لوگوں کے سامنے کرے جو اسے پوشیدہ طور پر (یعنی لوگوں سے چھپ کر) کرتے ہیں اور **تیسرا حق** یہ ہے کہ اپنے عَمَل کے ساتھ ساتھ اپنی نیک اُمّیدوں کے حُصُول کی کوشش جاری رکھے۔''

اس کے بعد حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے اپنے دستِ مُبارَک سے تین کا اِشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ولی ایسا ہوتا ہے۔'' (1)

﴿30﴾......حضرت سیِّدُنا بَرَاء بن عَازِب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کچھ خاص بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ جنّت کے بلند مقام پر فائز فرمائے گا اور وہ لوگوں میں سب سے زیادہ عَقل مند ہیں۔ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْهِم اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! وہ لوگ سب سے زیادہ عقل مند کیسے ہیں؟'' فرمایا: ''وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں سَبقت لے جانے کی کوشش کرتے اور ان اَعمال کو بجالانے میں جلدی کرتے ہیں جو رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کی رضا کا باعث ہیں وہ دنیائے فانی، اس کی سرداری اور (دُنیاوی) نعمتوں سے بے رغبتی کرتے ہیں۔ دُنیا ان کے نزدیک ذلیل وحقیر ہے۔ پس وہ لوگ تھوڑی مُشَقَّت برداشت کرکے طویل آرام حاصل کرتے ہیں۔'' (2)

---

1 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ٦١٣٧، ج٤، ص٣٢٩.

2 ......مسندالحارث، کتاب الادب، باب ماجاء فی العقل، الحدیث: ٨٤٤، ج٢، ص٨١٤.


www.dawateislami.net

# تَصَوُّف کی تحقیق

حضرت سیِّدُ ناامام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''ہم نے اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کے چند مَنَاقِب اوراَصْفِیاء کے کچھ مراتب بیان کر دیئے ہیں۔اور جہاں تک تَصَوُّف کاتَعَلُّق ہے تو محققین ومدققین فرماتے ہیں کہ''تصوُّف ''صَـفَـاءٌ''اور''وَفَـاءٌ'' سے مُشْتَق ہےاورلغوی حقائق کے اعتبار سے چار چیزوں میں سے کسی ایک سے مُشْتَق ہے(۱) تصوُّف ''صُوْفَانَـةٌ '' سے مُشْتَق ہے جس کے معنٰی سبزی اور گرد وغبار کے ہیں یا(۲)''صُوْفَـةٌ '' سے مُشْتَق ہے۔پہلے زمانے میں''صوفـة '' نامی ایک قبیلہ تھا جو حاجیوں کی دیکھ بھال کرتا اور کَعْبَۃُ اللّٰہ زَادَھَا اللّٰہُ تَعْظِیْمًاوَّ تَکْرِیْمًا کی خدمات سرانجام دیتا تھا۔یا(۳) یہ ''صُوْفَۃُ الْقَفَا''سے مُشْتَق ہے۔جس کامعنٰی گدی پراُگنے والے بال ہیں۔یاپھر(۴) تصوُّف ''صُوْفٌ'' سے بنا ہے جس کے معنی بھیڑ کی اُون کے ہیں۔

## تَصَوُّف کے پہلے معنٰی کی تحقیق:

اگرتصوُّف کو''صُوْفَانَۃٌ'' سے ماخوذ مانا جائے جس کے معنٰی سبزی کے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ لوگوں کا اس چیز (یعنی سبزی وغیرہ) پر اِکْتِفا کرنا کہ جسے ایک ہی خدا عَزَّوَجَلَّ نے پیدا کیا ہےاور جس میں دوسری مخلوق کو تکلیف دیئے بغیر اپنی ضَرورت پوری کر لی جاتی ہے۔پس اُنہوں نے اس سبزی پر جو لوگوں کے کھانے کے لئے پیدا کی گئی ہے اس طرح قَناعت کی جس طرح پاکیزہ و پارسا لوگ قَناعت کرتے ہیں اور جس طرح تمام مہاجرین نے اپنے ابتدائی اَحوال میں قَناعت اختیار کی۔جیسا کہ حدیثِ پاک میں ہے۔چنانچہ،

﴿31﴾......حضرت سیِّدُنا قَیْس بن اَبِی حَازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا سَعد بن اَبی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا:''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم!اہلِ عَرَب میں سب سے پہلے جس نے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں تیر چلایا وہ میں ہوں اور بلاشبہ ہم رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ جہاد میں شرکت کیا کرتے تھے اور حالت یہ ہوتی تھی کہ ہمارے پاس انگور اور بیری کے پتوں کے سوا کھانے کے لئے کچھ نہیں ہوتا تھا یہاں تک کہ پتے کھا کھا کر ہماری باچھیں زخمی ہو جاتیں اور ہم اس طرح پاخانہ کرتے جس طرح بکری مینگنیاں کرتی ہے۔''(1)

---

(1)......صحیح مسلم ، کتاب الزھد،باب الدنیا سجن للمؤمن و جنة للکافر،الحدیث:۷۴۳۵/۷۴۳۳،ص۱۱۹۲۔
صحیح البخاری، کتاب الرقاق،باب کیف کان عیش...... الخ، الحدیث:٦٤٥٣،ص٥٤٢.



www.dawateislami.net

## تَصَوُّف کے دوسرے معنٰی کی تحقیق:

اور اگر تصوُّف کو ''صُوْفَۃ'' سے مُشْتَق مانا جائے جو کہ (حاجیوں اور حرم شریف کی خدمت پر مامور ایک) قبیلہ ہے تو اس صورت میں ''صوفی'' سے مراد وہ ہوگا جو دُنیا کے رَنج وغَم سے چھٹکارا حاصل کر کے اپنے مال سے فائدہ اٹھا کر اسے اپنی آخرت کے لئے ذخیرہ کر لیتا ہے۔ دنیا میں رہتے ہوئے ہدایت پر ہونے کی وجہ سے ہلاکتوں سے محفوظ رہتا، نیکیوں میں کوشش کرتا، اپنی زندگی کے لمحات کو غنیمت جان کر اس میں اپنی آخرت کے لئے اَچھے اَعمال کا زادِراہ اکٹھا کر لیتا اور اپنے اَوقات کی حفاظت کرتا ہے اور یوں وہ برگزیدہ لوگوں کے راستے پر چل کر موت کی سختیوں اور ہلاکتوں سے نجات پالیتا ہے۔ چنانچہ،

﴿32﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے مَروِی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دوجہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے علی! جب لوگ نیکی کے دروازوں کے ذَرِیعے اپنے خالِق عَزَّوَجَلَّ کا قُرب حاصل کریں تو تم عَقل کے ذریعے اَللہ عَزَّوَجَلَّ کا قُرب حاصل کرو کہ اس طرح تم لوگوں سے دَرَجات میں بڑھ جاؤ گے اور یہ دُنیا میں لوگوں کے نزدیک بلند مرتبہ اور آخرت میں اَللہ عَزَّوَجَلَّ کے قُرب کا باعث ہے۔'' (1)

﴿33﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ عالیہ میں حاضر تھا۔ میں نے اِستفسار کیا: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے صحیفوں میں کیا تھا؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اس میں ہر قسم کی مثالیں تھیں ان میں یہ بھی تھا کہ عَمل کرنے والا جب تک عَقل کے مُعامَلے میں مَغلُوب نہ ہو اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے اَوقات کو اس طرح تقسیم کرے کہ ایک وقت میں اپنے پَرْوَرْدگار عَزَّوَجَلَّ سے مُناجات کرے۔ ایک وقت میں اپنے نَفس کا مُحاسَبَہ کرے، ایک وقت میں اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی مخلوق میں غور وفکر کرے اور ایک وقت میں اپنے کھانے پینے کی حاجات کو پورا کرے۔'' (2)

---

1 ......الترغیب فی فضائل الأعمال وثواب ذلك...... الخ، الحدیث: ٢٥٦، ج ١، ص ٢٨٦.

2 ......الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب البر والاحسان، الحدیث: ٣٦٢، ج ١، ص ٢٨٨، بتغیر.


www.dawateislami.net

## تصوُّف کے تیسرے معنٰی کی تحقیق:

اگر تصوُّف "صُوْفَةُ الْقَفَا" (جس کا معنی گدی کے بال ہے) سے مُشْتَق ہو تو اس کے معنٰی یہ ہوں گے کہ صوفی خالق عَزَّوَجَلَّ کی طرف متوجہ ہوتا اور مخلوق سے منہ موڑ لیتا ہے نیز وہ مخلوق سے نہ تو کوئی بدلہ چاہتا ہے اور نہ ہی حق سے پھرنے کا اِرادہ رکھتا ہے۔ چنانچہ،

﴿34﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب آگ کے دن حضرت ابراہیم (عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کو آگ کے پاس لایا گیا تو آپ (عَلَیْہِ السَّلَام) نے آگ کی طرف دیکھ کر ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل'' پڑھا'' یعنی ہمیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کافی ہے اور وہ کتنا اچھا کارساز ہے۔'' (1)

﴿35﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب حضرت ابراہیم (عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کو آگ میں ڈالا گیا تو آپ (عَلَیْہِ السَّلَام) نے ''حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل'' پڑھا یعنی مجھے اللہ کافی ہے اور وہ کتنا اچھا کارساز ہے۔'' (2)

﴿36﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: جب حضرت ابراہیم (عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کو آگ میں ڈالا گیا تو آپ (عَلَیْہِ السَّلَام) نے کہا: ''اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ وَاحِدٌ فِی السَّمَآءِ وَاَنَا فِی الْاَرْضِ وَاحِدٌ اَعْبُدُکَ'' یعنی اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تیری آسمان پر حکومت ہے اور میں زمین میں اکیلا تیری عِبادت کرنے والا ہوں۔'' (3)

﴿37﴾......حضرت سیِّدُنا نَوف بِکَالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے عَرض کی: ''اے میرے ربّ عَزَّوَجَلَّ! زمین میں میرے سوا کوئی تیری عِبادت کرنے والا نہیں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تین ہزار فِرِشتے اتارے اور حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے تین دن تک ان فِرِشتوں

1 ......معجم شیوخ أبی بکر الإسماعیلی، باب العین، الحدیث: ٣٢٧، ج١، ص٤٩٥.

2 ......تاریخ بغداد، الرقم ٤٧٢٨ سھل بن سورین المدائنی، ج٩، ص١١٩.

3 ......تاریخ بغداد، الرقم ٥٤٨٥ عبید اللہ بن عبد اللہ بن محمد، ج١٠، ص٣٤٤.


www.dawateislami.net

کی امامت فرمائی۔'' (1)

﴿38﴾......حضرت سیِّدُنا بکر بن عبداللہ مُزَنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْغَنِی فرماتے ہیں: جب حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آگ میں ڈالا جانے لگا تو ساری مخلوق نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں التجاء کی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! تیرا خلیل آگ میں ڈالا جارہا ہے ہمیں آگ بجھانے کی اجازت عطا فرما!'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''وہ میرا خلیل ہے اور اس وقت زمین میں اس کے سوا میرا کوئی خلیل نہیں۔ میں اس کا رب ہوں اور میرے سوا اس کا کوئی رب نہیں ہے۔ اگر وہ تم سے مدد چاہتے ہیں تو تم اس کی مدد کرو ورنہ اسے اس کے حال پر چھوڑ دو۔'' پھر بارش پر مقرر فرشتہ حاضر ہوا اور عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! تیرا خلیل آگ میں ڈالا جارہا ہے مجھے اجازت عطا فرما کہ میں بارش کے ذریعے آگ کو بجھادوں!'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''وہ میرا خلیل ہے اور اس وقت زمین میں اس کے سوا میرا کوئی خلیل نہیں اور میں اس کا رب ہوں اور میرے سوا اس کا کوئی رب نہیں اگر وہ تجھ سے مدد چاہتے ہیں تو اس کی مدد کرو ورنہ اسے اس کے حال پر چھوڑ دو۔ چنانچہ، جب حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آگ میں ڈالا جانے لگا تو آپ عَلَیْہِ السَّلَام نے اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا کی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آگ کو حکم ارشاد فرمایا:

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۶۹﴾ ترجمۂ کنز الایمان: اے آگ ہو جا ٹھنڈی اور سلامتی ابراہیم پر۔ (پ۱۷، الانبیاء:۶۹)

تو اس دن مشرق و مغرب کے تمام لوگوں پر آگ ٹھنڈی ہوگئی اور اس سے بکری کا ایک پایہ بھی نہ پک سکا۔'' (2)

﴿39﴾......حضرت سیِّدُنا مُقَاتِل وسَعِید رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمَا فرماتے ہیں: جب حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آگ میں ڈالنے کے لئے لایا گیا تو آپ عَلَیْہِ السَّلَام کے کپڑے اُتار لئے گئے اور رسی سے باندھ کر مِنْجَنِیق میں ڈالا گیا تو آسمان، زمین، پہاڑ، سورج، چاند، عرش، کرسی، بادل، ہوا اور فِرِشْتے رو دیئے اور سب نے مل کر عرض کی: یااللہ عَزَّوَجَلَّ! تیرے بندۂ خاص کو آگ میں ڈالا جارہا ہے ہمیں اس کی مدد کرنے کی اِجازت عطا فرما۔ آگ نے روتے ہوئے عرض کی: ''اے رب عَزَّوَجَلَّ! تو نے مجھے بنی آدم کے لئے مسخر کیا اور تیرا بندۂ خاص میرے

1......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ابراھیم الخلیل، الحدیث:٤١٦، ص ١١٤.

2......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ابراھیم الخلیل، الحدیث:٤١٧، ص ١١٥.



www.dawateislami.net

ذریعے جلایا جارہا ہے۔" اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان سب سے ارشاد فرمایا: "میرے بندے نے میری عبادت کی اور میری ہی وجہ سے اسے تکلیف دی جارہی ہے اگر وہ مجھ سے دعا کرے تو میں اس کی دعا قبول کروں گا اور اگر وہ تم سے مدد طلب کرے تو تم اس کی مدد کرسکتے ہو۔" چنانچہ، جب حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آگ کی طرف پھینکا گیا تو مَنْجَنِیق اور آگ کے درمیان حضرت سیِّدُنا جبریل عَلَیْہِ السَّلَام نے آپ عَلَیْہِ السَّلَام کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی: "اے ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام! آپ پر سلام ہو میں جبریل ہوں، کیا آپ عَلَیْہِ السَّلَام کو کوئی حاجت ہے؟" حضرت سیِّدُنا ابرہیم خلیل اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے ارشاد فرمایا: "ہے، مگر تم سے نہیں۔ مجھے تو اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف حاجت ہے۔" پھر جب حضرت سیِّدُنا ابراہیم خلیل اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آگ میں ڈال دیا گیا تو آپ عَلَیْہِ السَّلَام آگ تک پہنچیں اس سے پہلے ہی حضرت سیِّدُنا اِسرافیل عَلَیْہِ السَّلَام پہنچ گئے اور آگ کو رسیوں پر مسلط کردیا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آگ کو حکم دیا:

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ ترجمۂ کنز الایمان: اے آگ ہو جا ٹھنڈی اور سلامتی ابراہیم پر۔ (پ۱۷، الانبیاء: ۶۹)

حکمِ خداوندی پاتے ہی وہ آگ ٹھنڈی ہوگئی اور ایسی ٹھنڈی ہوئی کہ اگر اس کے ساتھ "وَسَلٰمًا" لفظ نہ فرمایا جاتا تو سخت سردی کی وجہ سے آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے اَعضائے مُبارَکہ سُکڑ جاتے۔" [1]

﴿40﴾......حضرت سیِّدُنا مِنْہال بن عمرو رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا ابراہیم خلیل اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو آگ میں ڈالا گیا تو آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اس آگ میں رہے اور میں یہ نہیں جانتا کہ چالیس دن رہے یا پچاس دن، البتہ آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام فرماتے ہیں: "جب میں آگ میں تھا (تو اس میں اتنے اچھے دن گزرے کہ) مجھے زندگی میں ان سے بڑھ کر اچھے دن رات میسر نہیں آئے میں چاہتا تھا کہ میری ساری زندگی اسی آگ میں گزر جائے۔" [2]

## تَصَوُّف کے چوتھے معنٰی کی تحقیق:

اگر تَصَوُّف کو معروف لفظ "صُوْف" جس کا معنٰی اُون ہے، سے مُشْتَق مانا جائے تو پھر صوفیہ کو صوفی کہنے کی وجہ یہ

❶......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، ابراهیم، ج۶، ص۱۸۲. ❷......المرجع السابق، ص۱۹۱.



www.dawateislami.net

ہوگی کہ وہ اُون کا لباس پہنتے ہیں کیونکہ اس کو بنانے میں انسان کو کوئی مَشَقَّت نہیں ہوتی اور سرکش نَفْس اُون کا لباس پہننے سے فرمانبردار ہوجاتا ہے اور ذلت و رسوائی کا سامنا ہونے سے اس کا غرور وتَکَبُّر ٹوٹ جاتا ہے اور انسان قناعت کا عادی بن جاتا ہے۔ مزید فرماتے ہیں: ''ہم نے اپنی کتاب ''لُبْسُ الصُّوف'' میں اس کی مثالیں احسن انداز سے ذکر کردی ہیں اور تصوُّف کے مُتَعَلِّق محققین کے کئی مسائل کو ہم نے ایک اور کتاب میں بیان کیا ہے اور عنقریب یہاں بھی ان میں سے بعض کو ذکر کریں گے۔''

## سُنّی اور صوفی کی تعریف:

﴿41﴾......حضرت سیِّدُنا امام جَعْفَر بن محمد صادق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّازِق فرماتے ہیں: ''جو شخص رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ظاہری اَحوال کے مطابق زندگی گزارے وہ سنی (یعنی سنّت کا پیروکار) ہے اور جو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے باطنی اَحوال کے مطابق زندگی گزارے وہ صوفی ہے۔'' اور باطنی زندگی سے حضرت سیِّدُنا امام جَعْفَر صادق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مراد رحمتِ عالَم، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاکیزہ اَخلاق اور آخرت کو اختیار کرنا ہے۔ پس جو شخص آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اَخلاق کریمہ سے اپنے آپ کو مُزَیَّن کرے اور جس چیز کو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اختیار فرمایا اسے اختیار کرے، جس چیز میں رغبت رکھی اس میں رغبت رکھے، جن چیزوں سے آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِجْتِناب فرمایا ان سے اِجْتِناب کرتا رہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جن کاموں کی ترغیب دلائی انہیں تھام لے تو بے شک وہ گندگی سے پاک وصاف ہوکر غیر سے نجات پا گیا اور جو شخص آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے راستہ سے ہٹ کر اپنے نفس کی پیروی کرنے اور اپنے پیٹ وشرمگاہ کی خواہشات کو پورا کرنے میں مشغول رہا تو ایسا شخص تصوُّف سے عاری، نادانی میں کوشاں اور آنے والے خطرناک اَحوال سے غافل ہے۔

## عقلمند کون ہے؟

﴿42﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسُوَیْد بن غَفلہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ باہر تشریف لائے تو حُضُور نبیٔ دوجہان، سرورِ کون ومکان، محبوبِ رحمٰن صَلَّی اللّٰہ


www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ملاقات ہوئی۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی:''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو کس چیز کے ساتھ مَبْعُوث کیا گیا؟''ارشاد فرمایا:عقل کے ساتھ۔عرض کی: ''ہم کس طرح عقل اختیار کرسکتے ہیں؟''ارشاد فرمایا:''بے شک عقل کی کوئی انتہا نہیں لیکن جس شخص نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حَلال کو حَلال جانا اوراس کے حرام کو حرام سمجھا اسے عقلمند کہا جاتا ہے اگر وہ اس کے بعد مزید راہِ خدا میں کوشش کرے تو اسے عابد کہا جاتا ہے اس کے بعد مزید کوشش کرے تو اسے جوّاد کہا جاتا ہے مگر جو شخص عبادت میں کوشش کرے اور نیکی کی راہ میں تکالیف پرصَبْر کرے لیکن عقل کا سہارا نہ لے جو اسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم کی اتباع کی طرف رہنمائی کرے اوراس کی مَنْع کردہ اشیاء سے بازرکھے تو یہی لوگ ہیں جو بدترین اَعمال والے ہیں جن کی دُنیا میں کی گئی کوششیں بیکار گئیں حالانکہ اپنے گُمان میں وہ اَچھے اَعمال کرنے والے تھے۔''[1]

## عقل کے 3 حصّے:

﴿43﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں:میں نے سرکارِ مدینہ،قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے عقل کو 3 حصّوں میں تقسیم فرمایا ہے جس شخص میں وہ تینوں حصّے ہوں وہ کامل عقل والا ہے اور جس شخص میں کوئی حصّہ نہ ہو اس میں کچھ عقل نہیں (وہ تین حصّے یہ ہیں)(١)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حُسنِ مَعْرِفَت (٢)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حُسنِ طاعت اور (٣)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کے اَحکام پر حُسنِ صَبْر۔''[2]

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں:''ایسے شخص کو تَصَوُّف کی طرف کیسے منسوب کیا جائے کہ جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مَعْرِفَتِ حقیقی سے اس کا واسطہ پڑے تو وہ اس میں دوسری باتیں ملا دے اور جب اس سے طاعتِ اِلٰہی کے لوازمات کا مُطَالَبَہ کیا جائے تو وہ ان سے جاہل ہو اور دوسرے کو پاگل بنادے اور جب ایسی مُشَقَّت میں مُبْتَلا ہو جس پرصَبْر کرنا ضَروری ہے تو بے صبری کا مظاہرہ کرے۔''

1 ......مسندالحارث،کتاب الادب،باب ماجاء فی العقل،الحدیث:٨٣٢،ج٢،ص٨١٠.

2 ......مسندالحارث،کتاب الادب،باب ماجاء فی العقل،الحدیث:٨١٠،ج٢،ص٨٠٠.



www.dawateislami.net

# صُوفی اور تَصَوُّف کے مُتَعَلِّق اَقوال

عُلَمائے تَصَوُّف رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تعالٰی نے تَصَوُّف کے بارے میں کلام کیا ہے اور اس کی حُدُود، معانی، اَقسام ومبانی کے بارے میں وضاحت کی ہے۔ چنانچہ،

## تَصَوُّف کے 10 معانی:

﴿44﴾......حضرت سیِّدُنا اَزدیار بن سلیمان فارسی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَافِی سے مَروِی ہے کہ ''حضرت سیِّدُنا جنید بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد سے تَصَوُّف کے مُتَعَلِّق سوال کیا گیا تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ نے فرمایا: ''تَصَوُّف ایک ایسا نام ہے جو 10 معانی پر مشتمل ہے:

(۱)......دُنیا کی ہر شے میں کثرت کی بجائے قلت پر اِکْتِفا کرنا۔

(۲)......اَسباب پر بھروسا کرنے کی بجائے اللہ عَزَّوَجَلَّ پر دل سے اعتماد رکھنا۔

(۳)......صحت وتندرستی میں نفلی عبادات میں رغبت رکھنا۔

(۴)......دُنیا چھوٹ جانے پر بھیک مانگنے اور شکوہ وشکایت کرنے کے بجائے صَبْر کرنا۔

(۵)......کسی چیز کے پائے جانے کے باوجود استعمال کے وقت تمیز رکھنا۔

(۶)......ساری مشغولیات ترک کر کے ذکر اللہ میں مشغول رہنا۔

(۷)......تمام اذکار کے مقابلے میں ذکرِ خفی کرنا۔

(۸)......وساوس کے باوجود اِخلاص پر ثابت قدم رہنا۔

(۹)......شک کے باوجود یقین کو مُتَزَلْزَل نہ ہونے دینا۔

(۱۰)......اِضْطِراب و وَحْشَت کے وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف متوجہ ہو کر سکون حاصل کرنا۔

پس جس شخص میں یہ صفات پائی جائیں وہ صوفی کہلانے کا مستحق ہے ورنہ وہ جھوٹا ہے۔''

## صوفی، حقائق سے پردہ اُٹھاتا ہے:

﴿45﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن محمد بن میمون رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا



www.dawateislami.net

ذوالنون مصری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے صوفی کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ''صوفی وہ ہے کہ جب گفتگو کرے تو حقائق سے پردہ اٹھائے اگر خاموش ہو تو اس کے اُعضاءِ دُنیا سے ترکِ تَعلُّق کی گواہی دیں۔''[1]

﴿46﴾......حضرت سیِّدُنا جُعْفَر بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوحسن مُزَیِّن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے فرمایا: ''تَصَوُّف ایسی قمیص ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے لوگوں کو پہنائی ہے اگر وہ اس پر شکر ادا کریں تو ٹھیک ورنہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے بارے میں مواخذہ فرمائے گا۔''

﴿47﴾......حضرت سیِّدُنا خواص عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَہَّاب سے سوال ہوا کہ تَصَوُّف کیا ہے؟ فرمایا: ''یہ ایک ایسا نام ہے جس کی آڑ لے کر انسان عام لوگوں سے اوجھل ہو جاتا ہے سوائے اہلِ مَعْرِفَت کے اور یہ بہت تھوڑے لوگ ہیں۔''

﴿48﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبکر بن مُشَاقِف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا جنید بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد سے تَصَوُّف کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ''ہر بُری عادت کو ترک کر دینا اور ہر اچھی عادت کو اپنا لینا تَصَوُّف ہے۔''[2]

## عارِف اور صوفی کی علامات وصفات:

﴿49﴾......حضرت سیِّدُنا ابوحسن فَرْغَانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا ابوبکر شبلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَلِی سے عارِف کی علامت دریافت کی تو فرمایا: ''عارِف کا سینہ کھلا ہوتا ہے، دل زخمی اور جسم بے حال ہوتا ہے۔'' پھر میں نے پوچھا: ''یہ تو عارف کی علامت ہے، لیکن عارِف کون ہے؟'' تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے ارشاد فرمایا: ''عارِف وہ ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کی مراد کو پہچان کر اس کے اَحکامات پر عمل کرے، جس چیز سے اس نے مَنْع فرمایا اس سے رک جائے اور اس کے بندوں کو اس کی طرف بلائے۔'' ابوحسن فَرْغَانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی فرماتے ہیں: ''میں نے پھر پوچھا: ''صوفی کون ہے؟'' فرمایا: ''جس نے اپنے دِل کی صفائی کی ہو اور اس کا دِل صاف ہو گیا ہو اور حُضُور نبیِّ مُکَرَّم، نُوْرِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نقشِ قدم پر چلا، دنیا کو اپنے پیچھے پھینکا اور خواہشات کو جفا کا مزہ چکھایا۔''

---

1 ......تاریخ بغداد ،الرقم٥٢٢٨عبد اللّٰہ بن محمد بن میمون ،ج١٠،ص١٠٦.

2 ......الرسالۃ القشیریۃ ،باب التصوف ،ص٣١٢.



www.dawateislami.net

میں نے عرض کی: ''یہ صوفی ہے تو پھر تصوُّف کیا ہے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف متوجہ ہوکر دُنیا سے کنارہ کشی اختیار کرنا اور تکلف سے بچنا۔'' میں نے پوچھا: ''اس سے بہتر تصوُّف کیا ہے؟'' فرمایا: ''دِل کے صاف کرنے کا مُعاملہ عَلَّامُ الْغُیُوب عَزَّوَجَلَّ کے سُپُرد کرنا۔'' میں نے عرض کی: ''اس سے بہتر تصوُّف کیا ہے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم کی تعظیم کرنا اور اس کے بندوں پر مہربانی کرنا۔'' میں نے پوچھا: ''اس سے بہتر صوفی کی کیا صفات ہیں؟'' فرمایا: ''جو گندگی سے پاک ہوکر اور بُخل سے نجات پاکر فکرِ الٰہی سے بھر گیا ہو اور اس کے نزدیک سونے اور مٹی کی حیثیت برابر ہو۔''(1)

﴿50﴾......حضرت سیِّدُنا نصر بن ابی نصر رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا علی بن محمد مصری عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْقَوِی کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت سیِّدُنا سری سَقَطی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْوَلِی سے پوچھا گیا: ''تَصَوُّف کیا ہے؟'' آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے فرمایا: ''تَصَوُّف ایسے اَخلاقِ کریمہ (یعنی اچھی عادات وصفات) کا نام ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ معزز لوگوں کو عطا فرماتا ہے۔''(2)

﴿51﴾......حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن مجیب عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْمُجِیْب سے صوفی کے مُتَعَلِّق پوچھا گیا: تو فرمایا: ''صوفی اپنے نفس کو ذبح کرنے والا، اپنی خواہشات کو رسوا کرنے والا، اپنے دُشمن (شیطان) کو نقصان پہنچانے والا، مخلوق کو نصیحت کرنے اور ہمیشہ خوفِ خُدا رکھنے والا ہوتا ہے۔ عمل کو ٹھیک طور انجام دیتا اور اُمیدوں سے دُور رہتا ہے، بگاڑ دور کرتا اور لَغزِشوں سے درگزر کرتا ہے۔ اس کا عذر سرمایہ، اس کا ہنر غم، اس کی زندگی سراپا قناعت، حق کو پہچاننے والا، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دروازے پر ڈیرہ جمانے والا، ہر چیز سے بے نیاز رہنے والا، نیکی کی کاشت کرنے والا، محبت کا درخت لگانے والا اور اپنے وعدہ کی حفاظت کرنے والا ہوتا ہے۔''

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّهُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''میں نے اس کتاب کے علاوہ دوسری کتاب میں مشائخ کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام کے تَصَوُّف کے مُتَعَلِّق کثیر جوابات اور مختلف عبارتوں کو

1......سير اعلام النبلاء ،الرقم ۳۰۳۷ـ الشبلي دُلَف بن جَحْدر، ج ۱۲، ص ۵۰ـ

الزهد الكبير للبيهقي، فصل في قصر الامل والمبادرة......الخ، الحديث: ۷۵۶ / ۷۵۷، ص ۲۸۹، مختصرًا.

2......الرسالة القشيرية، باب التصوف، ص ۳۱۳، بتغيرٍ.



www.dawateislami.net

ذکر کردیا ہے جن میں سے ہر ایک نے تَصَوُّف کو اپنے حال کے مطابق بیان کیا ہے۔

# کلام صوفیہ کی تین اقسام

صوفیہ کا کلام تین اقسام پر مشتمل ہوتا ہے:

(۱)......توحید کی دعوت دینا۔(۲)......مراد و مراتب کے بارے میں کلام کرنا۔

(۳)......مرید اور اس کے اَحوال کے بارے میں کلام کرنا۔

پھر ہر قسم بے شمار مسائل وفروعات پر مشتمل ہے لہٰذا صوفیہ کا سب سے پہلا اُصول اللہ تبارک وتعالیٰ کا عرفان حاصل کرنا ہے اور پھر اس کے اَحکام پر اپنے آپ کو ثابت قدم رکھنا اور اس پر ہمیشگی اختیار کرنا ہے۔ چنانچہ،

﴿52﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ جب رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یمن کی طرف بھیجا تو ارشاد فرمایا: ''تم اہل کتاب کی طرف جارہے ہو لہٰذا سب سے پہلے تم انہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کی دعوت دینا، جب انہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا عرفان حاصل ہوجائے تو پھر انہیں بتانا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں اور جب وہ نمازوں کی پابندی کرنے والے بن جائیں تو پھر انہیں یہ خبر دینا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان پر زکوٰۃ فرض فرمائی ہے جو ان کے اَغنیا کے اَموال سے لے کر انہی کے فُقَرا میں تقسیم کردی جائے گی۔''(1)

﴿53﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مِسوَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان فرماتے ہیں: ایک شخص نے شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ مُعطّر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے نادِر عُلوم میں سے کچھ سکھا دیجئے!'' آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم نے اصل علم میں کیا سیکھا ہے جو نادر علوم طلب کررہے ہو؟'' اس نے عرض کی: ''اصل علم کیا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''کیا تم نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مَعرِفَت حاصل کرلی ہے؟'' اس نے عرض کی: ''جی ہاں!'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''پھر تم نے اس کا کتنا حق ادا کیا ہے؟'' اس نے عرض کی: ''جتنا اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا

1......صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الدعاء الی الشھادتین و شرائع الاسلام، الحدیث:١٢٣، ص٦٨٤.



www.dawateislami.net

اتنا ادا کیا ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''کیا تم نے مَوت کو پہچان لیا ہے؟'' اس نے جواب دیا: ''جی ہاں!'' فرمایا: ''تم نے اس کے لئے کس قدر تیاری کی؟'' اس نے عرض کی: ''جتنی اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہی اتنی میں نے مَوت کی تیاری کر لی ہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جاؤ پہلے ان چیزوں کو پختہ کرو پھر آنا میں تمہیں نادِر عُلوم سکھا دوں گا۔'' (1)

# تصوُّف کے بُنیادی اَرکان

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''حقیقی تصوُّف کی بُنْیاد چار اَرکان پر ہے: (۱)...... اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے اَسما، صفات واَفعال کی مَعْرِفَت۔ (۲)...... نَفْس، اس کی بُرائیوں اور ان بُرائیوں کی طرف لے جانے والے اَسباب کی مَعْرِفَت نیز دُشمن (یعنی شیطان) کے وَساوِس، مکروفریب اور گمراہیوں کی مَعْرِفَت۔ (۳)...... دُنیا کی مَعْرِفَت، اور اس بات کی مَعْرِفَت کہ دنیا ایک دھوکہ ہے، دُنیا فانی ہے، اس کی رنگینیاں عارضی ہیں نیز اس سے بچنے اور دُور رہنے کے طریقوں کی مَعْرِفَت۔ (۴)...... ان کی مَعْرِفَت کے بعد اپنے نَفْس کو ہمیشہ مجاہدہ اور سخت مُشَقَّت کا عادی بنائے، اپنے اَوقات کی حفاظت کرے، طاعت کو غنیمت سمجھے، راحت وآرام اور لذّات سے کنارہ کشی اختیار کرے، کرامات کی حفاظت کرے لیکن مُعامَلات سے ناطہ نہ توڑے اور نہ بے جا تأویلات کی طرف مائل ہو بلکہ دُنیاوی تعلُّقات سے بے رغبت ہو کر ہر چیز سے اعراض کر لے اور تمام غموں کو ایک ہی غم گُمان کرے، مال ومتاع میں اضافے سے دامن چھڑائے، مُہاجِرِین وانصار کی پیروی کرے، زمین وجائیداد سے کَنارہ کشی اختیار کرے، راہِ خدا میں خرچ وایثار کرنے کو ترجیح دے، اپنے دین کی حفاظت کی غرض سے پہاڑوں اور جنگلوں کی طرف نکل جائے، بلاضَرورت نگاہیں اٹھائے اِدھر اُدھر دیکھنے سے اِجْتِناب کرے کہ اس کی وجہ سے اس کی طرف اُنگلیاں اُٹھیں کیونکہ یہ چیز انوار وبَرَکات سے دُوری کا باعث ہے۔ پس انہیں صفات سے مُتَّصِف لوگ مُتَّقِی، گوشہ نشین، اپنے دِین کی حفاظت کے لیے بھاگنے والے اور اَعلیٰ کردار کے مالک ہوتے ہیں ان کا عقیدہ دُرُست اور باطن محفوظ ہوتا ہے۔ چنانچہ،

﴿54﴾...... حضرت سیِّدُنا سَعد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحبِ مُعطّر پسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ

1...... الزهد لوکیع، باب الاستعداد للموت، الحدیث: ۱۲، ج ۱، ص ۱۷.


www.dawateislami.net

متقی، سخی دل اور مخفی (یعنی گمنام) بندے سے محبت فرماتا ہے۔'' (1)

## اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پسندیدہ لوگ:

﴿55﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پسندیدہ لوگ غُرَبا ہیں۔'' عرض کی گئی: ''غُرَباء کون ہیں؟'' ارشاد فرمایا: ''اپنے دِین کی حفاظت کے لیے بھاگنے والے۔ بروزِ قیامت اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں حضرت عیسیٰ (عَلَیْہِ السَّلَام) کے ساتھ اُٹھائے گا۔'' (2)

## چنے ہوئے لوگ:

﴿56﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کسی بندے سے محبت فرماتا ہے تو اسے اپنے لئے چن لیتا اور اسے اہل وعیال میں مشغول نہیں ہونے دیتا۔'' نیز بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ کسی مسلمان کا دِین سلامت نہیں رہے گا سوائے اس کے جو اپنے دِین کی حفاظت کے لئے ایک بستی سے دوسری بستی، ایک گھاٹی سے دوسری گھاٹی اور ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ کی طرف بھاگے گا۔'' (3)

## قابلِ رشک مومن:

﴿57﴾......حضرت سیِّدُنا ابواُمامہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہمارے دوستوں میں سب سے زیادہ قابلِ رَشک وہ مومن ہے جو تھوڑے مال والا، نماز روزے کا پابند، اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی اچھے طریقے سے عبادت کرنے والا اور تنہائی میں بھی اس کی طاعت کرنے والا ہو اور لوگوں میں اس قدر گمنام ہو کہ اُنگلیوں سے اس کی طرف سے اشارہ نہ کیا جائے، بقدرِ کفایت روزی میسر آنے پر صَبْر کرے، جب اس کی موت قریب آجائے تو اس پر رونے والوں کی تعداد کم ہو اور اس

1......صحیح مسلم، کتاب الزھد، باب الدنیا سجن للمؤمن وجنة للکافر، الحدیث: ۷۴۳۲، ص ۱۱۹۲.

2......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد عمران بن الحصین، الحدیث: ۸۰۹، ص ۱۷۲.

3......الزھد الکبیر للبیھقی، فصل فی ترک الدنیا......الخ، الحدیث: ۴۳۹، ص ۱۸۳، بتغیرٍ قلیلٍ.



www.dawateislami.net

کا ترکہ بھی بہت تھوڑا ہو۔'' (1)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللہُ السَّلَام اچھی صفات اور عُمدہ عادات کے مالک ہوتے ہیں۔ان کا مقام بلند اور سوال قابلِ رشک ہوتا ہے۔''

﴿58﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے اِرشاد فرمایا: ''اے لڑکے! کیا میں تم پر بخشش نہ کروں؟ کیا میں تم کو نہ دوں؟ کیا میں تم کو عطا نہ کروں؟'' آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: ''کیوں نہیں یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے ماں باپ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر قُربان ہوں۔'' فرماتے ہیں: میں نے سمجھا کہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے کچھ مال عَطا فرمائیں گے لیکن آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر دِن رات میں 4 رَکْعَت والی ایک نماز ہے۔جس میں سورۂ فاتحہ اور سورت پڑھنے کے بعد 15 مرتبہ ''سُبْحٰنَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَر'' کہو پھر رُکُوع کرو اور رُکُوع میں (تسبیح کے بعد) 10 مرتبہ پڑھو پھر رُکُوع سے اٹھو تو (سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَه کہنے کے بعد) 10 مرتبہ، پھر نماز کی ہر رَکْعَت میں اسی طرح پڑھو جب فارِغ ہو جاؤ تو تَشَہُّد کے بعد اور سلام سے پہلے یہ پڑھو: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ تَوْفِيْقَ أَهْلِ الْهُدٰى وَاَعْمَالَ أَهْلِ الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَةَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى اَخَافَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِیْ عَنْ مَعَاصِيْكَ وَحَتّٰى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰى اُنَاصِحَكَ فِی التَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰى اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ حُبًّا لَّكَ وَحَتّٰى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِی الْاُمُوْرِ حُسْنَ الظَّنِّ بِكَ سُبْحٰنَ خَالِقِ النُّوْرِ'' (ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ہدایت یافتہ لوگوں کی توفیق، اہلِ یقین کے اعمال، توابین کے خُلُوص، صابِرین کے عزم، اہلِ خشیت کی کوشش، اہلِ شوق کی طلب، مُتَّقِین کی سی عِبادت، عِلم والوں کی مَعرِفَت کا سوال کرتا ہوں کہ میں تجھ سے ڈروں اور اے اللہ عَزَّوَجَلَّ میں تجھ سے ایسے خوف کا سوال کرتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانیوں سے باز رکھے حتی کہ میں ایسا عَمل بجالاؤں کہ تیری رضا کا مستحق بن جاؤں اور تجھ سے ڈرتے ہوئے سچی توبہ کرلوں اور تیری محبت کے باعث تیرے لئے خُلُوص اِختیار کروں اور تجھ سے حُسنِ ظَن رکھتے ہوئے تمام اُمُور میں تجھ پر بھروسا کروں۔پاکی ہے نور کے خالق عَزَّوَجَلَّ کو۔) (پھر آپ

(1)...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۸۶۰، ج۸، ص۲۱۳.



www.dawateislami.net

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا) اے ابنِ عبّاس! جب تم ایسا کرو گے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہارے چھوٹے اور بڑے، نئے اور پرانے، چُھپے اور ظاہِر، بھول کر کئے اور جو جان بوجھ کر کئے تمام گناہ بخش دے گا۔'' (1)

# اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سفیر

حضرات اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام مخلوق کی طرف رب عَزَّوَجَلَّ کے سفیر اور خود حق تبارک وتعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ کے اسیر ہوتے ہیں۔ ہجر وفراق نے انہیں پریشان اور بے قراری نے پراگندہ حال کیا ہوتا ہے۔ چنانچہ،

﴿59﴾......حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ مُعطَّر پسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے مُعاذ! بے شک مومن اللہ عَزَّوَجَلَّ کا اسیر ہوتا ہے اور جانتا ہے کہ اس پر اور اس کے کان، آنکھ، زبان، ہاتھ، پاؤں، پیٹ، شرمگاہ پر نگہبان مقرر ہے جو اس کو اُنگلی کے ساتھ مٹی سے کھیلتے، سُرمہ لگاتے اور تمام اعمال کرتے حتی کہ ہر لمحے اسے دیکھ رہا ہے۔ بے شک مومن کا دل نہ تو امن میں ہوتا ہے اور نہ ہی اس کا خوف واِضطراب جاتا ہے۔ اسے صُبح وشام مَوت کا انتظار رہتا ہے۔ تقویٰ اس کا دوست، قرآن اس کی دلیل، خوف اس کی حجت، شرافت اس کی سواری، احتیاط اس کا ہم نشیں، خشیتِ الٰہی اس کا شِعار، نماز اس کی جائے پناہ، روزہ اس کی ڈھال، صَدَقہ اس کی آزادی کا پروانہ، صِدق اس کا وزیر، حیا اس کی امیر اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات ان تمام پر نگہبان ہے۔

اے مُعاذ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! قرآن مومن کو بہُت سی نَفسانی خواہشات وشہوات سے روک دیتا ہے اور (قرآنِ کریم) اللہ عَزَّوَجَلَّ کے اِذن سے بندے اور خواہشات وشہوات کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔

اے معاذ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! میں تیرے لئے بھی وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لیے پسند کرتا ہوں اور میں تمہیں ان چیزوں سے مَنع کرتا ہوں جن چیزوں سے حضرتِ جبریل عَلَیْہِ السَّلَام نے مجھے روکا ہے۔ پس قیامت کے دن تم مجھے اس حال میں ملو گے کہ تم سے زیادہ کوئی سعادت مند نہیں ہوگا۔'' (2)

---

1......المعجم الاوسط ،الحديث:٢٣١٨، ج٢،ص١١.

2......تفسیرابن ابی حاتم ،سورة الفجر،تحت الآية ١٤،ج١٢،ص٤٠٢ ،مختصرًا.



www.dawateislami.net

# اِیمان کی مٹھاس

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اَولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی محبت حق تعالیٰ کے لئے ہوتی ہے اور وہ حق تعالیٰ کی راہ میں ہی جیتے اور مرتے ہیں۔ حق تعالیٰ کے سوا ساری مخلوق ان کا قرب پاتی اور اپنے غم بُھول جاتی ہے۔

﴿61﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''3 باتیں جس میں ہوں گی وہ اِیمان کی مٹھاس کو پالے گا: (۱)......اُسے اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہر چیز سے زیادہ محبوب ہوں۔ (۲)......اسے آگ میں ڈالا جانا کُفْر کی طرف لوٹنے سے زیادہ پسند ہو جبکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اسے آگ سے بچالیا ہو اور (۳)......وہ کسی شخص سے محض اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر محبت کرے۔''[1]

﴿62﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ نبیِّ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص میں تین خصلتیں ہوں گی وہ ایمان کی مٹھاس کو پالے گا: (۱)......اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اسے تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہوں۔ (۲)......محض اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر کسی سے محبت کرے۔ (۳)......کُفْر سے نجات ملنے کے بعد دوبارہ اس میں لوٹ جانے کو اس طرح ناپسند کرے جس طرح آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔''[2]

# مشکل اَحْوال اور پاکیزہ اَخْلَاق کا نام تَصَوُّف ہے

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حدیث اور اس کے علاوہ روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ تَصَوُّف مشکل اَحوال اور پاکیزہ اَخلاق کا نام ہے اور اَحوال، صوفیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام کو مَغْلُوب کرکے اسیر بنالیتے ہیں۔ صوفیائے کرام رَحِمَھُمُ

1 ......المسند لابی داوٗد الطیالسی، ما اسند انس بن مالک، الحدیث: ۱۹۵۹، ص۲۶۳.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند انس بن مالک، الحدیث: ۱۲۰۰۲، ج۴، ص۲۰۶.



www.dawateislami.net

السَّلام جب اَخلاق کاعِلم حاصل کرتے ہیں تو وہ ان کے سامنے بالکل ظاہر ہوکر انہیں حق تعالیٰ کی خالِص عبادت سے آراستہ کرتے ہیں۔ لہٰذا وہ حیرت کے راستوں سے بچتے اور حق تعالیٰ سے تَعَلُّق ٹوٹ جانے سے محفوظ رہتے ہیں۔ وہ حق تعالیٰ سے ہی مانوس ہوتے اور اسی سے راحت وآرام پاتے ہیں۔ پس وہ ایسے دِلوں کے مالِک ہیں جو اپنے نورِ فِراست سے اُمُورِ غیبیہ کو جان لیتے اور اپنے محبوب کا مُراقبہ کرتے ہیں۔ حق سے مُنْحَرِف شخص کو چھوڑ دیتے اور حق ہی کے لئے جنگ کرتے ہیں۔ وہ صحابۂ کرام وتابعین عُظّام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں۔ وہ جو لوگوں میں سے پھٹے پرانے لباس میں ملبوس بقاوفنا کو جاننے والے، اِخلاص وریا میں تمیز کرنے والے، وسوسوں اور عزیمت ونیت کو جاننے والے، باطنی عُیُوب کا مُحاسبہ کرنے والے، رازوں کی محافظت کرنے والے، نَفْس کی مخالفت کرنے والے اور ہر وقت غور وفکر اور ذکر و اَذکار میں مشغول رہنے کے ذریعے شیطانی وسوسوں سے بچنے والے ہیں۔ لوگ ان صوفیائے کرام رَحِمَہُمُ اللہُ السَّلَام کا قُرب چاہتے ہوئے اور سستی وکوتاہی سے جان چھڑاتے ہوئے ان کی پیروی کرتے ہیں، ان کی خدمت کو حقیر وہی سمجھے گا جو بے دین ہو چکا ہو اور ان کے اَحْوال کا دعویٰ بے وقوف شخص ہی کرسکتا ہے۔ ان کے عقیدے کا معتقد عالی ہمت اور بہت خواہش مند ہی ان سے تَعَلُّق رکھنے کا مشتاق ہوتا ہے۔ یہ لوگ آفاق کے سورج ہیں۔ ان کی جھلک دیکھنے کے لیے گردنیں اُٹھتی ہیں ہم اِنہی نُفُوس قُدسیہ کی پیروی کرتے اور مرتے دم تک اِنہی سے اپنی دوستی کا دم بھرتے ہیں۔''

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''ہم اس کتاب میں ہر اس صحابی کا ذکر کریں گے جو کسی واقعہ کی وجہ سے مشہور ہوئے، جن کے اَچھے اَفعال محفوظ کرلئے گئے، جو فُتُور اور سُستی سے مُبرَّا، جن کے ساتھ اچھی یادیں وابستہ ہیں اور تھکاوٹ وملال انہیں راہِ خُدا سے مُنْحَرِف نہ کرسکا۔ مہاجرین صحابہ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سب سے پہلے امیر المومنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔



www.dawateislami.net

# امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق

## رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہ صحابی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رِسالت کی تصدیق کی۔ بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے عتیق کا لقب پایا۔ توفیقِ الٰہی کی تائید انہیں حاصل رہی، سفر و حضر میں حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے رفیق، زندگی کے ہر موڑ پر حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُخْلِص دوست اور بعدِ وصال بھی روضۂ انور میں (آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے) ساتھ آرام فرما رہے ہیں، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا قرآن مجید میں فخر کے ساتھ ذکر فرمایا جس کی وجہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تمام چنے ہوئے لوگوں سے بڑھ گئے اور رہتی دُنیا تک آپ کی بُزُرگی و شَرف باقی رہے گا، کوئی صاحبِ طاقت و بصارت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بلند رتبہ تک نہیں پہنچ سکتا کیونکہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا:

ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ (پ۱۰، التوبہ: ۴۰) ترجمۂ کنزالایمان: صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے۔

اس کے علاوہ بہت سی آیات واحادیث آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شان میں وارد ہوئی ہیں جن میں روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہر صاحبِ فَضل سے زیادہ فضیلت والے اور ہر مقابل سے برتری لے جانے والے ہیں۔ نیز یہ آیات مُبارکہ بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شان میں نازِل ہوئی ہیں۔ چنانچہ،

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا:

لَا یَسْتَوِیْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ (پ۲۷، الحدید: ۱۰) ترجمۂ کنزالایمان: تم میں برابر نہیں وہ جنہوں نے فتح مکہ سے قبل خرچ اور جہاد کیا۔

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا صدِّیقِ اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تمام حالات میں اپنی انفرادیت قائم رکھی اور جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حُضُور نبیٔ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اسلام کی دعوت دی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فوراً اسے قبول کرلیا اور مال و عزت حتی کہ ہر چیز راہِ خُدا میں قربان کردی۔ توحیدِ الٰہی کو قائم کرنا ہی آپ کا مقصد و


www.dawateislami.net

مدعا تھا اسی بنا پر پریشانیوں اور مصیبتوں کا نشانہ بنے اور اسلام کی خاطر ہر چیز ترک کردی اور مخلوق سے مُنہ موڑ کر اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ اختیار کی۔ منقول بھی یہی ہے کہ راستوں کے اِختِلَاف کے وقت حقائق کو تھامے رکھنا ہی تَصَوُّف ہے۔

## صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا درسِ توحید:

﴿63﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے مَروِی ہے کہ جب حُضُور نبیِّ اَکرم، رسولِ محتشم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا وصالِ ظاہری ہوا تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ باہر تشریف لائے اور دیکھا کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں سے کلام فرما رہے ہیں۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اے عمر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! بیٹھ جایئے! لیکن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (شدتِ جذبات) کی وجہ سے نہ بیٹھے۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر فرمایا: اے عُمر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! بیٹھ جایئے! (امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیٹھ گئے) تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے خطبہ دیا اور حمد وصلوٰۃ کے بعد ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عبادت کرتا تھا وہ سن لے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم وصالِ ظاہری فرما چکے ہیں اور جو اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کرتا تھا تو وہ جان لے کہ بے شک اَللہ عَزَّوَجَلَّ زندہ ہے اور اسے کبھی موت نہیں آئے گی۔ اَللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ (پ٤، اٰل عمران: ١٤٤)

ترجمۂ کنزالایمان: اور محمد تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے اور رسول ہو چکے تو کیا اگر وہ انتقال فرمائیں یا شہید ہوں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ''اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ایسا لگتا تھا گویا لوگ جانتے ہی نہ تھے کہ اَللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس آیت کو نازِل فرمایا حتی کہ جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آیت تِلاوت کی تو لوگوں نے سن کر اسے یاد کر لیا پھر اس کے بعد ہم نے لوگوں کو اس کی تِلاوت کرتے سنا۔''

حضرت سیِّدُنا امام ابن شہاب زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سعید بن مُسیّب رَضِیَ


www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اس آیتِ مُبارَکہ کی تِلاوت کرتے سنا تو میں کانپنے لگا حتی کہ میرے پاؤں سُن ہو گئے اور میں گھٹنوں کے بل زمین پر گر پڑا اور یہ آیت سُن کر مجھے یقین ہوا کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم وصالِ ظاہری فرما چکے ہیں۔“ (1)

## دِین پر اِسْتِقامت:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کامل وفاداری کی بدولت اعلیٰ مَراتِب پر فائز ہوئے۔ اور کہا گیا ہے کہ تصوُّف بھی یہی ہے کہ انسان اَللّٰہ وحدہ لاشریک کے لیے گوشہ نشینی اختیار کر لے۔

﴿64﴾......اُمّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا فرماتی ہیں کہ جب ابن دَغِنَہ نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اپنی ذمے داری میں لیا اور قریش نے قبول کر لیا تو انہوں نے ابن دَغِنَہ سے کہا کہ ابوبکر سے کہو کہ اپنے ربّ کی عبادت اپنے گھر میں کیا کریں، گھر میں جتنی چاہیں نمازیں پڑھیں اور جتنا چاہیں قرآن پڑھیں، ہمیں اس سے کوئی تکلیف نہیں ہو گی لیکن وہ اپنے گھر سے باہر کھلم کھلا نماز نہ پڑھیں۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس پر عَمَل کیا اور اپنے گھر کے صحن کو جائے نماز بنالیا، اسی جگہ نماز پڑھتے اور قرآن مجید کی تِلاوت کرتے لیکن یہاں بھی مُشرِکین کی عورتوں اور بچوں کا اژدھام لگا رہتا وہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھ دیکھ کر حیرت وتعجُّب کرتے کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا یہ حال تھا کہ جب قرآن کریم کی تِلاوت فرماتے تو اپنے آنسوؤں پر قابو نہ رکھ پاتے اور خوب آنسو بہاتے۔

اس بات سے سردارانِ قریش بُہت پریشان تھے (کہ کہیں ان کی عورتیں اور بچے اسلام کی طرف مائل نہ ہو جائیں) چنانچہ، انہوں نے ابن دَغِنَہ کو بلا کر اپنی تشویش کا اظہار کیا تو ابن دَغِنَہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس آیا اور کہا: ”اے ابوبکر! جس بات پر میں نے آپ کی ذمہ داری قبول کی ہے وہ آپ کو مَعْلُوم ہے لہٰذا آپ اسی پر قائم رہیں یا میرا ذمہ چھوڑ دیں کیونکہ مجھے یہ پسند نہیں کہ قریش میرے بارے میں یہ سنیں کہ میں نے

1......صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب الدخول علی المیت......الخ، الحدیث: ۱۲۴۲، ص۹۷۔
صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب مرض النبی و وفاتہ، الحدیث: ۴۴۵۴، ص۳۶۵۔



www.dawateislami.net

اپنے ذمہ کی حفاظت نہیں کی۔" امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "میں تیرا ذمہ تجھے لوٹا تا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ذمہ پر راضی ہوتا ہوں۔" ان دنوں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مکہ ہی میں تشریف فرما تھے۔ (1)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی قرآن فہمی:

﴿65﴾...... حضرت سیِّدُنا اسود بن ہلال رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے رُفقا سے فرمایا: ان دو آیتوں کے بارے میں تم کیا کہتے ہو؟

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا (پ۲۶، الاحقاف: ۱۳)

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک وہ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر ثابت قدم رہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ (پ۷، الانعام: ۸۲)

ترجمۂ کنزالایمان: وہ جو ایمان لائے اور اپنے ایمان میں کسی ناحق کی آمیزش نہ کی۔

رُفقا نے عرض کی: "رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا سے مراد یہ ہے کہ انہوں نے دوسرا دین اختیار نہیں کیا اور وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اپنے ایمان میں گناہ کرکے ناحق کی آمیزش نہیں کی۔" امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "تم نے ان آیتوں کا محمل دُرست بیان نہیں کیا۔" پھر ارشاد فرمایا: "رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا سے مراد یہ ہے کہ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے غیر کی طرف متوجہ ہی نہیں ہوئے اور وَ لَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اپنے ایمان میں شرک کی آمیزش نہیں کی۔" (2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی فکرِ آخرت:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دُنیا سے کنارا کشی اختیار کرنے اور فکر آخرت میں مگن رہنے والے تھے۔

---

(1) ......صحیح البخاری، کتاب الکفالۃ، باب جوار ابی بکر......الخ، الحدیث: ۲۲۹۷، ص۱۷۹.

(2) ......المستدرك، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ حٰمٓ السجدۃ، باب ان اول من یتکلم یوم القیامۃ......الخ، الحدیث: ۳۷۰۰، ج۳، ص۲۲۹، "فلم یدینوا" بدلہ "فلم یلتفتوا".



www.dawateislami.net

اور صوفیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام فرماتے ہیں: ''تَصَوُّف دُنیا کو چھوڑ کر اس کے مال ومَتاع سے مُنہ موڑنے کو کہتے ہیں۔''

﴿66﴾...... حضرت سیِّدُنا زید بن اَرقم رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه بیان فرماتے ہیں: امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے پینے کے لئے پانی طَلَب فرمایا تو ایک کٹورے میں پانی اور شہد پیش کیا گیا۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے اسے منہ کے قریب کیا تو رو پڑے اور حاضرین کو بھی رُلا دیا پھر آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه تو خاموش ہو گئے لیکن لوگ روتے رہے۔ (ان کی یہ حالت دیکھ کر) آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه پر رقت طاری ہو گئی اور آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه دوبارہ رونے لگے یہاں تک کہ حاضرین کو گمان ہوا کہ وہ اب رونے کا سبب بھی دریافت نہیں کر سکیں گے پھر کچھ دیر کے بعد جب اِفَاقَہ ہوا تو لوگوں نے عرض کی: ''کس چیز نے آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کو اس قدر رُلایا؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے ارشاد فرمایا: میں ایک مرتبہ حضور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم اپنے آپ سے کسی چیز کو دور کرتے ہوئے فرما رہے تھے، مجھ سے دور ہو جا، مجھ سے دور ہو جا، لیکن مجھے آپ کے پاس کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ میں نے عَرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کسی چیز کو اپنے آپ سے دور فرما رہے ہیں جبکہ مجھے آپ کے پاس کوئی چیز نظر نہیں آ رہی؟'' سرکارِ دوجہان، سرورِ ذیشان صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: یہ دنیا تھی، جو بَن سنور کر میرے سامنے آئی تو میں نے اس سے کہا: ''مجھ سے دور ہو جا تو وہ ہٹ گئی۔'' اس نے کہا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم تو مجھ سے بچ گئے لیکن آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے بعد آنے والے نہ بچ سکیں گے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ''مجھے خوف لاحق ہوا کہ دنیا مجھ سے چمٹ گئی ہے۔ بس اسی بات نے مجھے رُلا دیا۔''(1)

## آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کا تقویٰ:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه راہِ خدا میں اپنی کوشش کو کم نہیں کرتے تھے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی حدوں سے آگے نہیں بڑھتے تھے۔ جیسا کہ صوفیائے عظام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام تصوُّف کا معنیٰ بیان فرماتے ہیں

---

1 ...... المستدرك، كتاب الرقاق، باب اذا مرض المؤمن...... الخ، الحديث: ٧٩٢٦، ج٥، ص٤٣٩، بتغيرٍ قليلٍ.



www.dawateislami.net

کہ ’’اللہ عَزَّوَجَلَّ کا قُرب پانے کی کوشش میں لگے رہنے کا نام تصوُّف ہے۔‘‘

﴿67﴾......حضرت سیِّدُنا زُید بن اَرقم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ایک غلام تھا جو کما کر لایا کرتا تھا۔ ایک رات جب وہ کھانا لایا تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ابھی اس میں سے ایک ہی لقمہ تناوُل فرمایا تھا کہ غلام نے عرض کی: ’’آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہر رات مجھ سے دریافت کیا کرتے تھے کہ کھانا کہاں سے آیا ہے لیکن کیا بات ہے آج آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ سوال کیوں نہیں کیا؟‘‘ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ’’مجھے سخت بھوک لگی تھی اس وجہ سے نہ پوچھ سکا اب بتاؤ کہاں سے لائے ہو؟‘‘ غلام نے عرض کی: ’’میں نے زمانہ جاہلیت میں منتر پڑھ کر کسی کا علاج کیا تھا اور انہوں نے مجھے کچھ دینے کا وعدہ کیا تھا، آج جب میں ان کے پاس سے گُزرا تو ان کے ہاں شادی تھی انہوں نے اس کھانے میں سے مجھے بھی دے دیا۔‘‘ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ’’قریب تھا کہ تو مجھے ہَلاک کر دیتا۔‘‘ یہ کہہ کر اُنگلی منہ میں ڈالی اور قے کرنے لگے، لیکن کھانا نہ نکلا، کسی نے کہا: ’’یہ پانی کے بغیر نہیں نکلے گا۔‘‘ تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پانی منگوایا اور اسے پی کر قے کرتے رہے یہاں تک کہ اس کھانے کو پیٹ سے باہر نکال دیا۔ کسی نے کہا: ’’اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر رحم فرمائے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک لقمے کی وجہ سے اتنی مُشقَّت کیوں اٹھائی۔‘‘ فرمایا: اگر یہ لقمہ میری جان لے کر نکلتا تب بھی اسے نکال کر رہتا کیونکہ میں نے حُضُور نبیِّ اکرم، نورِ مُجسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ’’جو جسم حرام سے پلا بڑھا وہ آگ کے زیادہ لائق ہے۔‘‘[1] پس مجھے خوف لاحق ہوا کہ کہیں اس لقمے سے میرے جسم کی کچھ نشو ونما نہ ہو جائے۔

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کا عشقِ رسول:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تکالیف کو برداشت کرنے میں سب سے آگے ہوتے تھے کیونکہ اس میں بلندیٔ دَرَجات کی زیادہ امید ہوتی ہے۔ جیسا کہ اہلِ تَصوُّف، تَصوُّف کا ایک معنٰی یہ بیان فرماتے ہیں کہ محبوب کے دیدار کے لئے جلنے، تڑپنے اور بے قرار رہنے میں راحت و آرام محسوس کرنا تَصوُّف کہلاتا ہے۔

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی المطاعم والمشارب، الحدیث: ۵۷۶۰، ج۵، ص۵۶.



www.dawateislami.net

﴿68﴾......حضرت سیِّدَتُنا اَسماء بنت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے مَروِی ہے کہ ایک فریادی آلِ ابوبکر کے پاس آیا اور امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے عرض کی: ''اپنے رفیق کی خبر لو!'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه فوراً ہمارے پاس سے تشریف لے گئے اور حالت یہ تھی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے بال چار حصّوں میں تقسیم تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه یہ کہتے ہوئے مَسْجِد میں داخِل ہوئے تمہاری ہَلاکت ہو، کیا ایک مرد کو اس پر مارے ڈالتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور بے شک وہ تمہارے رب کی طرف سے روشن نشانیاں تمہارے پاس لائے؟ پس وہ لوگ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو چھوڑ کر امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه پر جھپٹ پڑے۔ حضرت سیِّدَتُنا اَسماء بنتِ ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا فرماتی ہیں جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه واپس گھر تشریف لائے تو حالت یہ تھی کہ سر کے جس حصّے پر بھی ہاتھ پھیرتے تو بال ہاتھ میں آجاتے اور اس کے باوجود آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه یہ پڑھ رہے تھے: تَبَارَکْتَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یعنی: اے بزرگی وکرامت والے رب عَزَّوَجَلَّ! تیری ذات بابرکت ہے۔ (1)

## راہِ خُدا میں خَرچ کرنے کا جذبہ:

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه بڑی چیز (یعنی آخرت) کے بدلے میں حقیر چیز (یعنی دُنیا) کو قربان کر دیتے تھے۔ جیسا کہ صوفیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰہُ السَّلَام تَصَوُّف کا ایک معنٰی بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''اپنی تمام تر کوششوں کو نعمتیں عطا کرنے والے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ کے لیے وقف کر دینے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

﴿69﴾......حضرت سیِّدُنا حَسَن بصری عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں صَدَقہ لے کر حاضر ہوئے اور اسے چھپاتے ہوئے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم یہ میری طرف سے صَدَقہ ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کا مجھ پر اور بھی حق ہے۔'' کچھ دیر بعد امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں صَدَقہ لائے اور اسے ظاہر کرتے ہوئے عَرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم یہ میری طرف سے صدقہ ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں میرے لئے اس کا بدلہ ہے۔'' حُضُور نبیِّ اَکرم نُورِ مُجَسَّم صَلَّی

---

1 ......المسندلابی یعلی الموصلی ،مسند ابی بکر الصدیق ،الحدیث:٤٨ ،ج١ ،ص٤٢ .


www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے عمر! تم نے بغیر دھاگے کے کمان پر تیر چڑھانے کی کوشش کی ہے اور تم دونوں کے صَدقے میں ایسا ہی فرق ہے جیسا کہ تمہارے کلام میں ہے۔'' (1)

## صَدَقہ کرنے میں سب سے آگے:

﴿70﴾......حضرت سیِّدُنا زَید بن اَرقَم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کو صَدَقہ دینے کا حکم دیا، اِتِّفاق سے اس وقت میرے پاس مال موجود تھا، میں نے (دِل میں) کہا: ''اگر میں کسی دن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے بڑھ سکتا ہوں تو وہ آج کا دن ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں اپنا آدھا مال لے کر بارگاہِ نبوت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوگیا۔'' حُضُور نبیِّ اَکرم، رسولِ محترم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: ''گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے؟'' میں نے عرض کی: ''آدھا مال گھر والوں کے لئے چھوڑ آیا ہوں۔'' اتنے میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنا سارا مال لے کر حُضُور نبیِّ اَکرم، نورِ مجسّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے دریافت فرمایا: ''گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے؟'' انہوں نے عرض کی: ''ان کے لئے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کافی ہیں۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے (دل میں) کہا: ''میں کبھی بھی کسی معاملے میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔'' (2)

## اپنی جان آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر قربان:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سچے دوست اور بھائی چارگی کو نبھاتے تھے۔ جیسا کہ عُلَمائے تَصَوُّف رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فرماتے ہیں: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی مَحبت میں درپیش مشکلات کو خوش دلی سے سینے لگانے اور تمام اُمُور کو دلوں کی صفائی پر صَرف کرنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

---

(1) ......الفردوس بماثور الخطاب للدیلمی، باب الیاء، الحدیث: ۸۲۸۳، ج ۵، ص ۳۱۰.

(2) ......سنن ابی داؤد، کتاب الزکاۃ، باب الرخصۃ فی ذلک، الحدیث: ۱۶۷۸، ص ۱۳۴۸.



www.dawateislami.net

﴿71﴾......حضرت سیّدُنا انس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں:''غارِثور والی رات امیر المؤمنین حضرت سیّدُنا ابوبکرصدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے عرض کی:''یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے آپ پہلے غار میں داخل ہونے کی اجازت عطا فرمائیں تا کہ اگر کوئی سانپ یا موذی چیز ہو تو پہلے مجھے نقصان پہنچائے۔''مؤمنین پر رحم وکرم فرمانے والے نبی کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اجازت عطا فرمادی تو عاشقِ اکبر امیر المؤمنین حضرت سیّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ اندر داخل ہوئے اور اپنے ہاتھوں سے سوراخ تلاش کرتے اور جو بھی سوراخ ملتا اپنا کپڑا اپھاڑ کراسے بند کر دیتے، یہاں تک کہ کپڑا ختم ہو گیا مگر ایک سوراخ ابھی باقی تھا۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے اس پر اپنے پاؤں کی ایڑی رکھ دی پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم غار میں داخل ہوئے۔صبح ہوئی تو حضور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا:''اے ابوبکر! تمہارا کپڑا کہاں ہے؟''امیر المؤمنین حضرت سیّدُنا ابوبکرصدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے سارا واقعہ عرض کر دیا تو حضور نبیٔ اکرم، رسولِ محتشم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بارگاہ خُداوندی میں اپنے ہاتھوں کو بلند فرمایا اور یہ دعا کی: ''اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَبَا بَکْرٍ مَعِیَ فِیْ دَرَجَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃ یعنی اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! قیامت کے دن ابوبکر کو جنّت میں میرے ساتھ جگہ عطا فرما۔''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف وحی فرمائی کہ''بے شک تمہارے ربّ نے تمہاری دُعا قبول فرمالی ہے۔''[1]

## اپنا مال آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر قُربان:

﴿72﴾......حضرت سیّدَتُنا اَسماء بنت ابی بکر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا فرماتی ہیں:''جب حُضُور نبیٔ اکرم، رسولِ محتشم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور امیر المؤمنین حضرت سیّدُنا ابوبکرصدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے حج کیا تو حضرت سیّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا مال نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے تصرف میں تھا۔''

## زبان کی حفاظت:

﴿73﴾......حضرت سیّدُنا زید بن اَسلم رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت

[1]......صفة الصفوة ،ابو بکر الصدیق ،سیاق افعاله الجمیلة ،ج۱،ص۱۲۵.


www.dawateislami.net

سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضِر ہوئے تو دیکھا کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی زبان پکڑ کر کھینچ رہے ہیں۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی بخشش فرمائے۔ اسے چھوڑ دیجئے!'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس نے مجھے ہَلاکت میں ڈال دیا۔'' [1]

﴿74﴾...... حضرت سیِّدُنا طَارِق بن شِہَاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس شخص کے لئے بِشارت ہے جو ''نَأْنَاۃ'' میں فوت ہوا۔'' عرض کی گئی: ''یہ ''نَأْنَاۃ'' کیا ہے؟'' فرمایا: ''ابتدائے اِسلام (یعنی جب اِسلام کمزور تھا اور اس کے مَدَدگار کم تھے)۔'' [2]

## مضبوط و مطمئن دِل کے مالک:

﴿75﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو صالح رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے زمانۂ خلافت میں اہلِ یمن کا ایک وفد حاضر ہوا جب اُنہوں نے قرآن سنا تو رونے لگے۔ امیر المؤمنین ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''پہلے ہماری بھی یہی حالت تھی لیکن اب دِل سخت ہوگئے ہیں۔'' [3]

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے فرمان ''دِل سخت ہوگئے'' سے مراد یہ ہے کہ دِل مضبوط اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مَعْرِفَت سے مطمئن ہوگئے۔''

## صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حیا:

﴿76﴾...... حضرت سیِّدُنا عُرْوَہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اے مسلمانو! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے حیا کرو، اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے جب میں کھلی فضا میں قضائے حاجت کے

1 ......الموطا للامام مالك، كتاب الكلام، باب ماجاء فيما يخاف من اللسان، الحديث: ١٩٠٦، ج٢، ص٤٦٦.

2 ......الزهد لابن المبارك، باب الاعتبار و التفكر، الحديث: ٢٨١، ص٩٥.

3 ......المصنف لابن ابى شيبة، كتاب الزهد، باب ما قالوا فى......الخ، الحديث: ٣، ج٨، ص٢٩٦.



www.dawateislami.net

لئے جاتا ہوں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے حیا کی وجہ سے اپنے اوپر کپڑا ڈال لیتا ہوں۔'' [1]

﴿77﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسَفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیمار ہوئے تو لوگ آپ کی عیادت کے لئے حاضر ہوئے اور عرض کی: ''کیا ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے کسی طبیب کو نہ بلا لائیں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: ''طبیب مجھے دیکھ چکا ہے۔'' لوگوں نے اِستِفْسَار کیا کہ ''اس نے کیا کہا ہے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس نے کہا ہے کہ میں جو چاہتا ہوں کرتا ہوں (آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے طبیبِ حقیقی یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بارے میں یہ بات کہی)۔'' [2]

## دُنیا کے بارے میں نصیحت:

﴿78﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مرض الموت میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمتِ اَقدس میں حاضر ہوا اور سلام عرض کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جواب دینے کے بعد فرمایا: ''میں دیکھ رہا ہوں کہ دنیا ہماری طرف متوجہ ہو چکی ہے لیکن ابھی پوری طرح نہیں بلکہ آنے ہی والی ہے۔ بہُت جلد تم ریشم کے پردے اور دیباج کے تکیے اپناؤ گے اور اُونی بستروں پر اس طرح تکلیف محسوس کرو گے جس طرح ''سعدان'' کے کانٹوں پر محسوس کرتے ہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تم میں سے کوئی اس دُنیا کی طرف لپکے اور اس کی ناحق گردن ماردی جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ دُنیا کی تاریکیوں میں بھٹکتا پھرے۔'' [3]

# خلیفہ اوّل رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہ کے خطبات

## بادشاہوں کا اَنجام:

﴿79﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن ابوکثیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر سے مَروِی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق

---

1 ......الزهد لابن المبارك، باب الهرب من الخطايا والذنوب، الحديث: ٣١٦، ص ١٠٧.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد ابی بكر الصديق، الحديث: ٥٨٧، ص ١٤٢۔
الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، الرقم ٤٦ ابو بكر الصديق، ذكر وصية ابی بكر، ج ٣، ص ١٤٨.

3 ......المعجم الكبير، الحديث: ٤٣، ج، ص ٦٢.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے خطبہ میں اکثر یہ فرمایا کرتے تھے: ''کہاں ہیں خوبصورت چہروں والے! جنہیں اپنی جوانیوں پہ ناز تھا؟ اور کہاں ہیں وہ بادشاہ! جنہوں نے شہر بنائے اور ان کی حفاظت کے لئے فصیلیں (بلند ومضبوط دیواریں) تعمیر کروائیں؟ کہاں ہیں وہ فاتحین! جنگوں میں کامیابی جن کے قدم چومتی تھی؟ زمانے نے ان کا نام ونشان تک مٹاڈالا، اب وہ قبر کے اندھیروں میں پڑے ہیں۔ جلدی کرو جلدی! نجات حاصل کرو نجات!'' (1)

## قبر وحشر کی تیاری:

﴿80﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عکیم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْحَکِیْم سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہمیں خطبہ دیا اور حمد وصلوٰۃ کے بعد ارشاد فرمایا: ''میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں اور تمہیں تاکید کرتا ہوں کہ اس کی حمد وثنا اس طرح کرو جس طرح کرنے کا حق ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں خوف اور امید کے ساتھ کثرت سے دُعا کیا کرو کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُنا زکریا عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور ان کے گھر والوں کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا:

اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝۹۰

(پ۱۷، الانبیاء: ۹۰)

ترجمۂ کنز الایمان: بے شک وہ بھلے کاموں میں جلدی کرتے تھے اور ہمیں پکارتے تھے امید اور خوف سے اور ہمارے حضور گڑگڑاتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! جان لو بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے حق کے عوض تمہاری جانوں کو گروی رکھا ہے اور اس پر تم سے پختہ وعدہ لیا ہے اور تم سے قلیل وفانی زندگی کو ہمیشہ باقی رہنے والی زندگی کے بدلے میں خرید لیا ہے اور تمہارے پاس اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کتاب ہے جس کے عجائبات کبھی ختم نہیں ہوسکتے اور نہ ہی اس کا نور بجھایا جاسکتا ہے۔ اس کی آیات کی تصدیق کرو اور اس سے نصیحت حاصل کرو نیز تاریکی والے دن کے لئے اس سے روشنی حاصل کرو بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں عبادت کے لئے پیدا فرمایا اور تم پر کِرَامًا کَاتِبِیْن (یعنی اعمال لکھنے والے فرشتوں) کو مقرر فرمایا ہے اور جو تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! جان لو تم ایک مقررہ وقت (یعنی موت آنے) تک صبح وشام کررہے ہو جس کا علم تمہیں نہیں

1 ...... شعب الایمان للبیهقی، باب فی الزهد وقصر الامل، الحدیث: ۱۰۵۹۵، ج۷، ص۳۶۴.



www.dawateislami.net

دیا گیا ہے۔ اگر تم اپنی زندگی رِضائے ربُّ الانام عَزَّوَجَلَّ والے کاموں میں فنا کرسکو تو ایسا ہی کرو مگر یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی توفیق کے بغیر ممکن نہیں لہٰذا اپنی زندگی کی مُہلت سے فائدہ اٹھاؤ اور ایک دوسرے پر اَعمال میں سَبقت لے جاؤ اس سے پہلے کہ موت آئے اور تمہیں تمہارے برے اَعمال کی طرف لوٹا دے۔ کیونکہ بہت سی قوموں نے اپنی عُمریں غیروں کے لئے صرف کرڈالیں اور اپنے آپ کو بھول گئے۔ اس لئے میں تمہیں روکتا ہوں کہ تم ان جیسے نہ بن جانا۔ جلدی کرو جلدی! نجات حاصل کرو نجات! بے شک موت تمہارے تعاقُب میں ہے اور اس کا مُعاملہ بہت جلد ہے۔'' (1)

## اچھے اَعمال کی ترغیب:

﴿81﴾......حضرت سیِّدُنا عَمْرو بن دینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْغَفَّار سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے خُطبہ دیتے ہوئے فرمایا: ''میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ فَقْر وفاقہ کی حالت میں بھی اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے رہو اور اس کی اس طرح حمد وثنا کرو جس طرح کرنے کا حق ہے اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے رہو بے شک وہ بہت زیادہ بخشنے والا ہے۔''

اس کے بعد حضرت سیِّدُنا عَمْرو بن دینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْغَفَّار نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عکیم رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت کی مثل بیان کیا۔ البتہ اِس روایت میں اتنا زائد بیان کیا کہ ''جان لو! جب تم نے خالصتاً اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے عمل کیا تو تم نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت اور اپنے حق کی حفاظت کی۔ پس تم اپنے بقیہ دنوں میں اچھے اعمال کر کے انہیں اپنی آخرت کے لئے ذخیرہ کرلو تاکہ جب تمہیں ان کی حاجت پڑے تو تمہیں ان کا پورا پورا بدلہ دیا جائے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! پھر تم اپنے اَسلاف کے بارے میں غور وفکر کرو کہ وہ کل کہاں تھے اور آج کہاں ہیں؟ کہاں ہیں وہ بادشاہ جنہوں نے زمین کو آباد کیا؟ لوگ انہیں بھول چکے اور ان کا ذکر بھلا دیا گیا۔ آج وہ یوں ہیں گویا کبھی تھے ہی نہیں:

فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ؕ (پ۱۹، النمل:۵۲)

ترجمۂ کنزالایمان: تو یہ ہیں ان کے گھر ڈھے پڑے بدلہ ان کے ظلم کا۔

اور وہ قبر کی تاریکیوں میں پڑے ہیں:

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام ابی بکر الصدیق، الحدیث: ۱، ج۸، ص۱۴۴.



www.dawateislami.net

هَلۡ تُحِسُّ مِنۡهُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿٩٨﴾ (پ۱۶،مریم:۹۸)

ترجمۂ کنزالایمان: کیاتم ان میں کسی کو دیکھتے ہو یا ان کی بِھنک سنتے ہو۔

کہاں ہیں تمہارے جاننے پہچاننے والے دوست اور بھائی؟ جو انہوں نے آگے بھیجا وہ اس تک پہنچ گئے۔ کوئی سعادت مندی کو پانے میں کامیاب ہوا تو کوئی بدبختی کے گڑھے میں جا گرا۔ بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کی مخلوق کے درمیان کوئی ایسی قرابت داری نہیں ہے جس کی وجہ سے وہ اسے بھلائی عطا کرے اور اس سے برائی کو دور کر دے۔ ہاں جو اس کی اِطاعت کرے اور اس کے حکم کی پیروی کرے تو وہ بھلائی کو پانے کا حقدار ہے۔ بے شک وہ نیکی نیکی نہیں جس کے بعد جَہَنَّم میں داخل ہونا پڑے اور وہ برائی برائی نہیں جس کے مُرتکِب کو جنّت نصیب ہو۔ پس مجھے تم سے یہی کہنا تھا اور میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اپنے اور تمہارے لئے بخشش کا سوال کرتا ہوں۔'' (1)

## خیر سے خالی چار چیزیں:

﴿82﴾......حضرت سیِّدُنا نُعَیم بن نَمِحہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: ''کیا تمہیں معلوم ہے کہ تم ایک مُقَرَّرہ مُدّت کے اندر صُبح وشام کر رہے ہو؟''

اس کے بعد حضرت سیِّدُنا نُعَیم بن نَمِحہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُکیم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی روایت کی مثل بیان فرمایا۔ البتہ اِس روایت میں اتنا زائد ہے کہ (۱)......اس بات میں کوئی بھلائی نہیں جس سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خوشنودی مقصود نہ ہو (۲)......اس مال میں کوئی بھلائی نہیں جسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں خرچ نہ کیا جائے (۳)......اس شخص میں خیر نہیں جس کی جہالت اس کی بردباری پر غالب آجائے اور (۴)......اس شخص میں بھلائی نہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مُعاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے ڈر جائے۔'' (2)

﴿صَلُّوۡا عَلَی الۡحَبِیۡب صَلَّی اللهُ عَلٰی مُحَمَّد﴾

---

1......المعجم الکبیر،الحدیث:۳۹،ج۱،ص۶۰،۶۱، مختصرًا.

2......المعجم الکبیر،الحدیث:۳۹،ج۱،ص۶۰.



www.dawateislami.net

## سیِّدُنا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو نصیحتیں:

﴿83﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عبد اللہ بن سَابِط عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بلایا اور فرمایا: ''اے عُمر! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرو اور جان لو! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے جس عَمَل کو دن میں ادا کرنے کا حکم دیا اگر اسے رات میں کیا گیا تو وہ اسے قبول نہیں فرمائے گا اور جس عَمَل کو رات میں کرنے کا حکم ہے اگر کسی نے اسے دن میں کیا تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اسے بھی قبول نہ فرمائے گا اور نفل قبول نہیں فرماتا جب تک فرائض ادا نہ کر لئے جائیں اور جنہوں نے دُنیا میں حق کی پیروی کی قیامت کے دن ان کی نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا اور میزان پر لازم ہے کہ جب اس میں حق رکھا جائے تو وہ (نیکیوں سے) بھاری ہوجائے اور جنہوں نے دنیا میں باطل کی پیروی کی بروزِ قیامت ان کی نیکیوں کا پلہ ہلکا ہوگا۔ اور میزان پر لازم ہے کہ جب اس میں باطل رکھا جائے تو وہ ہلکا ہوجائے۔ بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اہل جنت کا ذکر اچھے اَعمال سے کیا اور ان کی برائیوں سے درگزر فرمایا ہے۔ پس جب میں انہیں یاد کرتا ہوں تو ڈرتا ہوں کہ ان میں داخل ہونے سے محروم نہ ہوجاؤں اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے جہنمیوں کا ذکر ان کے بُرے اَعمال کے ساتھ فرمایا اور ان کی نیکیاں ان کے مُنہ پر مار دیں۔ پس جب میں انہیں یاد کرتا ہوں تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے امید رکھتا ہوں کہ میرا اَنجام ان کے ساتھ نہیں ہوگا اور بندے کو چاہئے کہ وہ اُمید اور ڈر کے درمیان رہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پر بے جا اُمیدیں باندھنے سے باز رہے اور اس کی رحمت سے نا اُمید بھی نہ ہو اگر تم نے ان باتوں کو یاد رکھا تو آنے والی موت سے زیادہ کوئی چیز تمہیں محبوب نہ ہوگی۔ اگر میری وصیت کو ضائع کر دیا تو مَوت سے زیادہ کوئی چیز تمہیں ناپسند نہ ہوگی حالانکہ تم موت سے چھٹکارا نہیں پا سکتے۔'' (1)

## اَولاد کی تربیت:

﴿84﴾......حضرت سیِّدُنا علقمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے مروی ہے، فرماتی ہیں: اُمّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے فرمایا: ایک مرتبہ جب میں نے کپڑے پہنے اور گھر میں آتے جاتے

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی، باب ماجاء فی......الخ، الحدیث: ۱، ج۸، ص ۵۷۴، بتغیرٍ قلیلٍ.



www.dawateislami.net

اپنے دامن کو دیکھنے لگی اور اس طرح میری توجہ کپڑوں کی طرف ہوگئی تو میرے والدِ گرامی، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ''اے عائشہ! کیا تمہیں مَعْلُوم ہے کہ اب اللہ عَزَّوَجَلَّ تم سے اپنی نظرِ رحمت ہٹا لے گا؟'' (1)

﴿85﴾......حضرت سیِّدُنا عُروہ بن زُبیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں: ایک مرتبہ میں نے اپنی ایک نئی چادر زیب تن کی اور اس کی طرف دیکھ کر خوش ہونے لگی تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا دیکھ رہی ہو؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ تیری طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا۔'' میں نے عرض کی: ''وہ کیوں؟'' تو فرمایا: ''کیا تجھے مَعْلُوم نہیں کہ جب کسی بندے کے دِل میں دُنیاوی زیب وزینت کے باعث عُجْب (یعنی خود پسندی) پیدا ہوجائے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے ناراض ہوجاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس زینت کو ترک کردے۔'' اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں: میں نے وہ چادر اُتار کر راہِ خُدا میں صَدَقہ کردی تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اُمید ہے کہ اب یہ عَمَل تیرے لئے کفارہ بن جائے۔''

﴿86﴾......حضرت سیِّدُنا ابن حبیب بن ضمرہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ایک بیٹا اپنے مرض الموت میں بار بار تکیے کی طرف دیکھتا تھا۔ جب اس کا انتقال ہوچکا تو لوگوں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں عَرض کی کہ ''ہم نے آپ کے بیٹے کو دیکھا کہ وہ بار بار تکیے کی طرف دیکھتا تھا؟'' جب لوگوں نے اس تکیے کو اٹھایا تو اس کے نیچے 5 یا 6 دینار پڑے تھے۔ یہ دیکھ کر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے ہاتھ پر ہاتھ مارا اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھ کر فرمایا: ''میں نہیں سمجھتا کہ تیری جِلد اس کی سزا برداشت کرسکے گی۔'' (2)

﴿87﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبکر بن محمد انصاری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْبَارِی سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا گیا: ''اے رَسُوْلُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خلیفہ! آپ اَہلِ بدر کو

1 ......الزهد لابن المبارك، باب في التواضع، الحديث: ۳۹۸، ص ۱۳٤، بتغير.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد ابی بكر الصديق، الحديث: ٥٨٩، ص ١٤٢.



www.dawateislami.net

عامل (یعنی گورنر) کیوں مُقرّر نہیں فرماتے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں ان کی قدر و منزلت جانتا ہوں لیکن مجھے یہ پسند نہیں کہ میں انہیں دنیا کی آلودگیوں میں ملوث کردوں۔'' (1)

﴿88﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو 5 اوقیہ (2) سونا دے کر خریدا۔ انہیں پتھروں کے ساتھ مارا جاتا تھا تو فَروخت کرنے والوں نے کہا: ''اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک اوقیہ پر ٹھہر جاتے تو ہم اسے ایک اوقیہ میں ہی فُروخت کر دیتے۔'' تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر تم 100 اوقیہ سے کم پر راضی نہ ہوتے تو پھر بھی میں اتنے سونے کے عوض خرید لیتا۔'' (3)

## غیبت کے خلاف جنگ
## ہم نہ غیبت کریں گے نہ سنیں گے
## ان شآء اللہ عَزَّوَجَلَّ

❶......تاریخ الخلفاء للسیوطی، ابو بکر الصدیق، فصل، ص۱۰۶.

❷......اس کی مقدار ایک اونس، 1/12 پاؤنڈ ہے۔ (القاموس)

❸......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب المغازی، باب اسلام ابی بکر، الحدیث:۷، ج۸، ص۴۴۸.



www.dawateislami.net

# امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق

## رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ

مسلمانوں میں دوسرے عَظِیْمُ الشَّان انسان امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُ ناعُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں جو پسندیدہ اور بلند مقام ومرتبہ پر فائز تھے۔انہیں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے صادِق ومَصْدُوق نبی صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دعوتِ (توحید) کے غلبے اور حق وباطِل کے درمیان فرق کرنے کا ذریعہ بنایا۔اِنہی کے ذریعے ہادیٔ برحق صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لیےتوحید کے میدان ہموار فرمائے،مَصائب کے منہ بند کئے،جس سے دعوتِ اِسلام پھیل گئی اور اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا کلمہ مضبوط ہوگیا۔

اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُ ناعُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوعسکری شان وشوکت عطا فرمائی جس کی بدولت دُنیا میں اسلامی حکومت رائج ہوئی۔ چنانچہ،توحید کے ساتھ مسلمانوں کی پست آوازیں بلند ہوگئیں اور اپنے کمزور حال ہونے کے بعد ثابِت قدم ہوگئے۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دِل میں حق اَلْیقین ایمان راسخ فرمایا۔جس کی وجہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مُشرِکین کے تمام منصوبوں پر غالب آ گئے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کبھی کُفّار کی کثرت وطاقت کی طرف متوجہ نہیں ہوئے۔ان کی روک ٹوک کی کبھی پرواہ نہ کی۔ بلکہ اُس پر بھروسا کیا جو سب کو پیدا کرنے والا اور سب کے لئے کافی اور اس سے مدد حاصل کی جو مصیبت کو رفع کرنے والا اور شافی ہے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس بوجھ کو اٹھایا جو حُضُور نبیِّ مُکَرَّم،نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اٹھایا تھا اور مصائب وتکالیف پر صبر کیا کیونکہ اسی سے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی ملاقات کی اُمید کی جاتی ہے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہر عیش وعشرت اختیار کرنے والے سے دور رہے اور ہر اس شخص کو گلے لگایا جو دین کی مدد ونصرت کے لیے تیار ہوتا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ باطِل پرستوں سے مُقابَلہ کرنے میں تمام صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سے سَبقت لے جاتے اور اَحکام میں (آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی رائے) ربُّ العالمین عَزَّوَجَلَّ کے موافق ہوتی۔سکینہ و اطمینان آپ کی زبان پر گفتگو کرتا اور حکمت ودانائی آپ کے بیان سے ظاہر ہوتی۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حق کی طرف مائل،حق کی خاطر لڑنے والے اور مشکلات کو برداشت کرنے والے تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے


www.dawateislami.net

سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔ چنانچہ،

صوفیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام فرماتے ہیں: ''تَصَوُّف بڑے بڑے مَصَائب اور مُشَقَّتوں کو برداشت کرنے کا نام ہے۔''

## فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کی شُجاعت و بہادری:

﴿89﴾......حضرت سیِّدُنا براء بن عازِب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه فرماتے ہیں: غزوۂ اُحد کے دن ابوسفیان بن حرب (انہوں نے فتح مکہ کے وقت اسلام قبول کیا) مسلمانوں کی طرف آیا اور پوچھا: ''کیا تمہارے درمیان محمد (صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم) موجود ہیں؟'' تو حُضُور نبیٔ اَکرم، رسولِ محتشم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْن کو اس کا جواب دینے سے مَنْع فرمایا۔ اس نے پھر سوال کیا: ''کیا یہاں محمد (صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم) ہیں؟'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْن نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ اُس نے تیسری بار پھر یہی سوال کیا لیکن اب کی بار بھی اسے کوئی جواب نہ ملا۔ پھر ابوسُفیان نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کے بارے میں تین مرتبہ پوچھا کہ ''کیا تمہارے درمیان ابوقحافہ کا بیٹا موجود ہے؟'' مسلمانوں کی طرف سے اس سوال کا بھی کوئی جواب نہ پاکر پھر اس نے تین مرتبہ یہ دریافت کیا کہ ''کیا تم میں عمر بن خطاب ہے؟'' اب بھی کسی نے کوئی جواب نہ دیا تو ابوسفیان نے کہا: ''شاید تم ان کی طرف سے کِفایت کر چکے ہو (یعنی وہ شہید ہو گئے)۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه جلال میں آ گئے اور فرمایا: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دشمن! تو جھوٹ بکتا ہے، یہ ہیں رَسُولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم اور یہ ہیں ابوبکر (رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه)! ہم سب زندہ ہیں اور ہماری طرف سے تمہیں ایک بُرا دن دیکھنا ہوگا۔'' ابوسفیان نے کہا: ''یہ دن بدر والے دن کا بدلہ ہے اور جنگ ڈول کی طرح ہے (یعنی کبھی فتح اور کبھی شکست)۔'' پھر اس نے کہا: ''ھبل (بت کا نام) اعلیٰ ہے۔'' حُضُور نبیٔ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اسے جواب دو۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْن نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! ہم اسے کیا جواب دیں؟'' فرمایا: ''تم کہو اللہ عَزَّوَجَلَّ بلند و بالا ہے۔'' ابوسفیان نے کہا: ''ہمارے پاس عُزّٰی (بُت کا نام) ہے اور تمہارے پاس نہیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ


www.dawateislami.net

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اسے جواب دو۔" عرض کی گئی: "یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہم کیا جواب دیں؟" فرمایا: "تم کہو: اَللّٰہُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰی لَکُمْ یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارا مددگار ہے اور تمہارا کوئی مددگار نہیں۔" (1)

﴿90﴾......حضرت سیِّدُنا عِکْرِمہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب ابوسُفیان بن حرب نے "ھُبل اعلیٰ ہے" کہا تو رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا عُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے فرمایا: "کہو، اللہ عَزَّوَجَلَّ اعلیٰ و برتر ہے۔" ابوسفیان نے کہا: "ہمارا حامی عُزّٰی ہے جبکہ تمہارا حامی عُزّٰی نہیں۔" تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے فرمایا: "کہو ہمارا مددگار اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے جبکہ کافروں کا کوئی مددگار نہیں۔" (2)

﴿91﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ شہاب زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں: "اُحُد کے دِن ابوسُفیان نے "ھُبل اَعلیٰ ہے۔" کا نعرہ لگایا اور اپنے باطل مَعبُودوں پر فخر کرنے لگا تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: "یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سُنیں یہ دُشمنِ خدا کیا کہہ رہا ہے۔" رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: "تم بھی اسے پکار کر جواب دو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی اعلیٰ و برتر ہے۔" (3)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: "حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جواب دینے اور دُشمن کو للکارنے کے لئے اس لئے منتخب فرمایا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ حملہ کرنے اور بہادُری کے جوہر دکھانے میں اپنی مثال آپ تھے اور ایمان کے معاملے میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی سختی مشہور تھی۔ اِسی وجہ سے حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کُفّار کا مُقابَلہ کرنے سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کو منع نہیں فرمایا۔"

---

1 ......مسند ابی داوٗد الطیالسی، البراء بن عازب، الحدیث: ۷۲۵، ص۹۹۔
صحیح البخاری، کتاب الجھاد، باب ما یکرہ من التنازع......الخ، الحدیث: ۳۰۳۹، ص۲٤٤.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ٤٤١٤، ج۲، ص۱۹۱.

3 ......دلائل النبوۃ للبیھقی، باب سیاق قصۃ خروج النبی الی احد......الخ، ج۳، ص۲۱۳.



www.dawateislami.net

## اِیمان نہیں چھپاؤں گا:

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعیم احمد بن عبداللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دین کا اعلانیہ اظہار فرماتے اور نیک اَعمال کو پوشیدہ رکھتے تھے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے: ''تَصَوُّف چُھپے حق کو ظاہر کرنے کا نام ہے۔''

﴿92﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میرے اِسلام لانے کی ابتدا کچھ یوں ہوئی کہ میری ہمشیرہ دردِزِہ میں مبتلا تھیں تو میں سخت تاریک رات میں گھر سے نکلا اور بیتُ اللہ شریف پہنچا اور غلاف کعبہ کو تھام لیا۔ اِسی دوران حُضُور نبیِّ رحمت، شَفِیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تشریف لائے اور حجرِ اَسود کے پاس پہنچے، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نَعلَین شریف پہنے ہوئے تھے، جب تک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نماز میں مصروف رہے پھر واپس تَشرِیف لے گئے۔ اس کے بعد میں نے ایک ایسی آواز سنی جو اس سے پہلے نہیں سنی تھی تو میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے پوچھا: ''کون؟'' میں نے کہا: ''عمر۔'' فرمایا: ''اے عمر! تو مجھے دن میں چھوڑتا ہے نہ رات کو۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: یہ سن کر میں ڈر گیا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے لئے بددعا نہ فرمادیں تو میں نے فوراً کہا: ''اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سچے رسول ہیں۔'' یہ سن کر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''اے عمر! اِسے (یعنی ایمان کو) چھپائے رکھنا۔'' لیکن میں نے عَرض کی: ''اس ذات کی قسم! جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا! میں اِس کا اِسی طرح اعلان کروں گا جس طرح شِرک کا اِعلانیہ اِرتِکاب کرتا تھا۔''[1]

## فاروق کا لقب کیسے ملا؟

﴿93﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فاروق کیوں کہا جاتا ہے؟'' فرمایا: مجھ سے 3 دن

1......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی، باب اسلام عمر بن الخطاب، الحدیث: ۱، ج۸، ص۴۵۲.



www.dawateislami.net

پہلے حضرت سیِّدُ ناحمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِسلام قبول کیا پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میرا سینہ اِسلام کے لئے کھول دیا تو میں نے کہا: اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ ہے جس کے سوا کوئی مَعْبُود نہیں، تمام اچھے نام اسی کے لائق ہیں، پس رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہونا مجھے رُوئے زمین میں سب سے زیادہ محبوب تھا۔ میں نے پوچھا: ''رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کہاں تشریف فرما ہیں؟'' میری بہن نے کہا: ''وہ صفا کے پاس دارِ اَرْقَم میں ہیں۔'' میں سیدھا وہاں پہنچا تو حضرت سیِّدُ ناحمزہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) دیگر صحابۂ کرام (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کے ساتھ وہاں موجود تھے اور تاجدارِ دوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حجرے میں تشریف فرما تھے، میں نے دروازہ کھٹکھٹایا تو تمام صحابۂ کرام (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) جمع ہوگئے۔ حضرت سیِّدُ ناحمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''کیا ہوا؟'' تو سب نے کہا: ''عمر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) آئے ہیں۔''

یہ سُن کر حضُور سیِّد عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم باہر تشریف لائے اور میرے کپڑوں کو کھینچ کر چھوڑ دیا مجھ پر اس قدر ہیبت طاری ہوئی کہ میں گھٹنوں کے بل گر پڑا، پھر ارشاد فرمایا: ''اے عمر! کیا باز نہیں آؤ گے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے فوراً پڑھا: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُه. تو دارِارقم میں موجود صحابۂ کرام رِضِیَ اللّٰہِ تَعَالٰی عَنْھُم نے اس زور سے ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کا نعرہ لگایا کہ مسجد والوں نے سنا، میں نے عَرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہم زندہ رہیں یا مریں کیا حق پر نہیں ہیں؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں کیوں نہیں! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! اگرچہ تم زندہ رہو یا وفات پاؤ حق پر ہو۔'' میں نے عرض کی: ''تو پھر چھپیں کیوں؟ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبْعُوث فرمایا! آپ ضرور نکلیں گے۔'' پس حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں دو صفوں میں نکلنے کا حکم دیا، ایک میں حضرتِ سیِّد ناحمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور دوسری میں، مَیں تھا۔ بھیڑ کی وجہ سے ہم آٹے کی طرح پس رہے تھے یہاں تک کہ ہم مَسْجِدِ حرام میں داخل ہوگئے، جب قریش نے مجھے اور حضرت سیِّدُ ناحمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھا تو انہیں ایسی تکلیف پہنچی جو پہلے کبھی نہ پہنچی تھی پس رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس وجہ سے مجھے ''فاروق'' کا لقب دیا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حق وباطل کے درمیان فرق فرمادیا۔ (1)

(1)……صفة الصفوة، عمر بن الخطاب، ج ۱، ص ۱٤۱، تاريخ الخلفاء، عمر بن الخطاب، ص ۱۱۳.



www.dawateislami.net

﴿94﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے دیکھا کہ ابھی تک حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ 39 افراد مسلمان ہوئے تھے اور میں چالیسواں مسلمان تھا، پس اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے دین کو غلبہ عطا فرمایا اور اپنے نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی مدد فرمائی اور اسلام کو عزّت بخشی۔'' (1)

## اِسلام کے لئے مَصائب برداشت کئے:

﴿95﴾......حضرت سیِّدُنا اُسامہ بن زید بن اَسلم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہم سے فرمایا: ''کیا تم پسند کرتے ہو کہ میں تمہیں اپنے ابتدائے اِسلام کا واقعہ بتاؤں؟'' ہم نے عرض کی: ''جی ہاں۔'' تو فرمایا: میں لوگوں میں رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دُشمنی میں سب سے زیادہ سخت تھا، ایک مرتبہ صَفَا کے پاس ایک گھر میں حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے بیٹھ گیا، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میری قمیص کھینچی اور فرمایا: ''اے ابن خطاب! اسلام لے آ! پھر دُعا کی: یا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ہدایت عطا فرما۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: پھر میں نے پڑھا ''اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ وَاَشْھَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہ'' مسلمانوں نے اس زور سے ''اللّٰہُ اکبر'' کا نعرہ لگایا کہ مکہ کی گلیاں گونج اٹھیں، اس وقت حالت یہ تھی کہ مسلمان اپنا ایمان پوشیدہ رکھتے تھے۔ اور جب کوئی مسلمان ہوجاتا تو کُفّار اس کے درپے ہوجاتے۔ وہ اِسے مارتے اور یہ اُنہیں مارتا۔

میں اپنے ماموں کے پاس آیا اور ساری صورت حال بتائی اس نے گھر میں گھس کر دروازہ بند کرلیا پھر میں قریش کے ایک بڑے سردار کے پاس گیا اسے اپنے اِسلام کے بارے میں بتایا لیکن وہ بھی گھر میں گھس گیا میں نے اپنے دل میں کہا: ''یہ تو کوئی بات نہ ہوئی لوگ تو مسلمانوں کو مارتے ہیں لیکن مجھے کیوں نہیں کوئی مارتا؟'' پھر ایک شخص نے کہا: ''کیا تم سب پر اپنے اسلام کو ظاہر کرنا چاہتے ہو؟'' میں نے کہا: ''ہاں۔'' اس نے کہا: ''جب لوگ حجر اسود کے پاس جمع ہوجائیں تو فلاں کے پاس جا کر اسے اپنے بارے میں بتادینا کیونکہ وہ شخص راز کے معاملے میں ہلکا ہے۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں اس کے پاس گیا اور اسے بتایا کہ میں نے تمہارا دین چھوڑ دیا ہے۔'' اس نے فوراً بلند آواز سے اِعلان کیا: ''ابن خطاب بے دین ہوگیا ہے۔''

---

(1)......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، الرقم٥٢٠٦ عمر بن الخطاب، ج٤٤، ص٣٩.



www.dawateislami.net

اس کا یہ کہنا ہی تھا کہ کُفّار مجھے مارنے لگے اور میں بھی انہیں مارنے لگا اسی دوران میرے ماموں نے آ کر اِعلان کیا: ''اے لوگو! میں اپنے بھانجے کو پناہ دے چکا ہوں۔ لہٰذا اب کوئی اسے چھونے کی جرأت نہ کرے۔'' سب لوگ مجھ سے دور ہو گئے مگر میں نہیں چاہتا تھا۔ میں نے کہا: ''دوسرے مسلمانوں کو زدوکوب کیا جاتا ہے۔ لیکن مجھے نہیں مارا جاتا۔'' جب لوگ بَیْتُ اللہ شریف میں جمع ہوئے تو میں اپنے ماموں کے پاس آیا اور کہا: ''تم سن رہے ہو؟'' اس نے کہا: ''میں نے نہیں سنا تم نے کیا کہا۔'' میں نے کہا: ''میں تمہاری پناہ تمہیں لوٹاتا ہوں۔'' میرے ماموں نے کہا: ''ایسا نہ کرو!'' لیکن میں نے اس کی پناہ لینے سے اِنکار کر دیا۔ اس نے کہا: ''جیسے تمہاری مرضی ہے۔'' پھر میری مار پیٹ ہوتی رہی یہاں تک کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اِسلام کو غلبہ عطا فرما دیا۔'' (1)

## حق گوئی وصلۂ رحمی:

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی گفتگو سکون واطمینان، سنجیدگی اور وقار کے ساتھ ہوتی اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قطعِ رحمی اور فراق سے اِجْتِناب فرماتے، احکامِ خُداوندی کو پھیلاتے اور مضبوطی کے ساتھ نافذ کرواتے تھے۔

عُلَمائے تَصَوُّف رَحِمَهُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فرماتے ہیں کہ ''تَصَوُّف، حق کی مُوافَقَت اور مخلوق سے دُور رہنے کا نام ہے۔''

﴿96﴾......امیرالمؤمنین حضرتِ سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ہم آپس میں کہا کرتے تھے کہ ''کوئی فرشتہ ہے جو امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زبان پر بولتا ہے۔'' (2)

﴿97﴾......امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''ہم اس بات کو بالکل بعید نہیں سمجھتے تھے کہ سکینہ واطمینان امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زبان پر بولتا ہے (3)۔'' (4)

---

1 ......دلائل النبوة للبيهقي ،باب ذكر اسلام عمر......الخ ،ج٢، ص٢١٦ تا ٢١٩ ،بتغيرٍ قليلٍ.

2 ......المصنف لابن ابی شيبة ، كتاب الفضائل ،باب ماذكر فی فضل عمر بن الخطاب،الحديث:١٤، ج٧، ص ٤٨٠ ،بتغيرٍ.

3 ......یعنی حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کے کلام ان کی زبان میں مسلمانوں کے دلوں کو چین ہوتا تھا یا وہ فرشتہ جسے سکینہ کہتے ہیں وہ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی زبان پر بولتا تھا۔ (مراۃ المناجیح ،ج٨،ص٣٦٧)

4 ......جامع معمر بن راشد مع مصنف عبد الرزاق ، باب اصحاب النبی،الحديث:٢٠٥٤٨،ج١٠، ص٢١٨


www.dawateislami.net

﴿98﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن مَیْمُون رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''ہم اصحابِ رسول کثیر تعداد میں ہونے کے باوجود اس بات کا اِنکار نہیں کرتے تھے کہ سکینہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زبان پر بولتا ہے۔'' (1)

﴿99﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے عُمر فاروق (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی زبان اور ان کے دِل پر حق کو جاری فرما دیا ہے۔'' (2)

﴿100﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے (قرآن پاک میں) تین باتوں میں میری مُوافقت فرمائی ہے: (۱) مقامِ ابراہیم (۲) پردہ اور (۳) جنگِ بدر کے قیدیوں کے بارے میں۔'' (3)

## جنگِ بدر میں خاص کردار:

﴿101﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا بیان کرتے ہیں کہ مجھے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بتایا کہ جب بدر کے دن اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مُشرِکین کو شکست سے دوچار کیا تو ان کے 70 آدمی قتل ہوئے اور 70 ہی قید ہوئے تو حُسنِ اَخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن سے مشورہ طَلب فرمایا اور پوچھا: ''اے خطاب کے بیٹے (عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) تمہاری ان قیدیوں کے مُتَعَلِّق کیا رائے ہے؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے عرض کی ''میرا خیال یہ ہے کہ آپ میرا فلاں رشتے دار میرے حوالے فرمائیں میں اس کی گردن اُڑاتا ہوں اور اولادِ عقیل (یعنی حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے چچا کی اولاد) حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے کی جائے وہ ان کی گردن اُڑائیں اور فلاں حضرت سیِّدُنا حمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے ہو، وہ اسے قتل

---

1 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، الرقم٥٢٠٦ عمر بن الخطاب، ج٤٤، ص١١٠.

2 ......جامع الترمذی، ابواب المناقب، باب ان اللّٰہ جعل الحق علی لسان عمر وقلبه، الحدیث:٣٦٨٢، ص٢٠٣١.

3 ......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل عمر، الحدیث: ٦٢٠٦، ص١١٠٠.



www.dawateislami.net

کریں تاکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ظاہر فرمادے کہ ہمارے دلوں میں مُشرِکین کی کوئی محبت نہیں، یہ لوگ قریش کے سردار، اَئِمَّہ اور پیشوا تھے۔" لیکن رَسُولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میری رائے پر عمل نہ فرمایا اور مُشرِکین سے فدیہ لے کر انہیں چھوڑ دیا جب دوسرے دن میں حضور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور صدیق اکبر (رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو روتے ہوئے دیکھا تو عرض کی: "یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے بتایئے! آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور آپ کے رفیق (حضرتِ صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو کس چیز نے رُلایا؟ اگر مجھے بھی اس چیز کی وجہ سے رونا آیا تو روؤں گا ورنہ آپ دونوں کے رونے کی وجہ سے میں رونے کی کوشش کروں گا۔" حُضُور نبی کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے (درخت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) فرمایا: "قیدیوں سے فدیہ لینے کی وجہ سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا عذاب اس درخت سے بھی زیادہ قریب آچکا تھا پس اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ آیتِ کریمہ نازِل فرمائی:

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖۗ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَاۤ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۶۸﴾

(پ۱۰، الانفال: ۶۷، ۶۸)

ترجمۂ کنزالایمان: کسی نبی کو لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کرے جب تک زمین میں ان کا خون خوب نہ بہائے تم لوگ دنیا کا مال چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے اگر اللہ پہلے ایک بات لکھ نہ چکا ہوتا تو اے مسلمانو! تم نے جو کافروں سے بدلے کا مال لے لیا اس میں تم پر بڑا عذاب آتا۔

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: "پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مسلمانوں کے لئے غنیمت کے اَموال کو حلال فرمادیا اور آئندہ سال جب اُحد کا مَعرِکہ پیش آیا تو مسلمانوں نے جو بدر میں فدیہ وُصول کیا تھا اس کے بدلے میں 70 مسلمان شہید ہوئے۔ (فتح کے بعد دوسرے حملہ میں) صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن پسپا ہوئے اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے کے چار دندان مُبارَک (کے بعض حصّے) بھی شہید ہوئے اور خَود (لوہے کی جنگی ٹوپی) کی کڑیاں سر میں چُبھ گئیں اور حُضُور نبی مکرم، نورِ مجسم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چہرۂ اَقدس پر خون بہنے لگا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ آیتِ مُبارَکہ نازل فرمائی:


www.dawateislami.net

اَوَلَمَّاۤ اَصَابَتْكُمْ مُّصِیْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَیْهَاۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَاؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ(۱۶۵) (پ ٤،ال عمران:١٦٥)

ترجمۂ کنزالایمان: کیا جب تمہیں کوئی مصیبت پہونچے کہ اس سے دُونی تم پہنچا چکے ہو تو کہنے لگو کہ یہ کہاں سے آئی تم فرمادو کہ وہ تمہاری ہی طرف سے آئی بے شک اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔(1)

﴾102﴿......حضرت سیِّدُنا ابن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مَروِی ہے کہ جب بدر کے دن کُفّار کو قید کرلیا گیا تو نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دوجہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مشورہ لیا۔ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یہ آپ کی قوم اور خاندان والے ہیں لہٰذا آپ انہیں آزاد فرما دیں۔'' اور جب امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مشورہ لیا تو امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں قتل کر دینے کا مشورہ عرض کیا لیکن آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے فدیہ لے کر انہیں چھوڑ دیا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ آیتِ مبارکہ نازل فرمائی:

مَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنْ یَّكُوْنَ لَهٗۤ اَسْرٰى (پ ١٠،الانفال:٦٧)

ترجمۂ کنزالایمان: کسی نبی کے لائق نہیں کہ کافروں کو زندہ قید کرے۔

پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملے تو فرمایا: ''قریب تھا کہ تمہاری مُخالَفت کی وجہ سے عذاب نازِل ہو جاتا۔''(2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی رائے پر نُزُولِ آیات:

﴾103﴿......حضرت سیِّدُنا اسماعیل بن عیاش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ''میں نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا: جب (منافقوں کا سردار) عبداللّٰہ بن ابی سلول مر گیا تو حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اس کی نمازِ جنازہ پڑھنے کے لئے بلایا گیا، جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ

1......المسند للامام احمد بن حنبل ،مسند عمر بن الخطاب ،الحديث:٢٢١،ج١،ص٧٧.

2......المستدرك ،كتاب التفسير،سورة الانفال،الحديث:٣٣٢٣،ج٣،ص٦١.



www.dawateislami.net

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس مُنافِق کی نمازِ جنازہ کے اِرادے سے کھڑے ہوئے تو میں نے عَرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دُشمن ابن اُبَی سَلُول کی نمازِ جنازہ پڑھائیں گے جس نے فلاں دن یوں کہا اور فلاں دن یوں کہا؟'' میں اس کے بُرائی کے شمار کرنے لگا اور رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مسکراتے رہے یہاں تک کہ جب میں نے بار بار یہ باتیں بیان کیں تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اے عمر! مجھے چھوڑ دو کیونکہ مجھے نماز پڑھنے یا نہ پڑھنے کا اختیار دیا گیا تو میں نے پڑھنے کو ترجیح دی چونکہ مُنافِقین کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ'' آپ ان کے لئے اِسْتِغفار کریں یا نہ کریں۔'' آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''اگر مجھے مَعْلُوم ہوتا کہ 70 مرتبہ سے زائد اِسْتِغفار کرنے میں اس کے لئے بخشش ممکن ہے تو میں اِسْتِغفار میں زیادتی کر لیتا۔'' پھر آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور اس کے جنازے کے ساتھ بھی چلے حتی کہ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس کے دفن سے فارِغ ہونے تک اس کی قَبْر پر کھڑے رہے۔ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں اب مجھے رَسولُ اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ جرأت آمیز کلام پر تَعَجُّب ہوتا ہے۔ حالانکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم زیادہ جانتے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ابھی کچھ ہی عرصہ گزرا تھا کہ یہ دو آیتیں نازِل ہوئیں:

وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖؕ (پ۱۰، التوبۃ:۸۴)

ترجمۂ کنزالایمان: اور ان میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا۔

اس کے بعد آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنی وفاتِ ظاہری تک کسی مُنافِق کی نمازِ جنازہ نہ پڑھائی۔[1]

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لوگوں سے دور رہنے کی بھرپور کوشش کی لہٰذا اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کی مُوافقت میں حُضُور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مُنافِقین کی نمازِ جنازہ پڑھنے سے روک دیا اور سابقہ لکھے ہوئے علم کی وجہ سے فِدیہ لینے کے مُعامَلہ میں مسلمانوں سے درگزر فرمایا۔ یہی اس شخص کا راستہ ہے جو فتنہ میں مبتلا لوگوں سے فراق کا اِعْتِقاد رکھتا اور چاہتا ہے کہ اکثر باتوں میں اس سے اِتِّفاق کیا جائے اور اپنے اکثر اَحوال واَفعال میں مُخالَفت سے محفوظ رہے۔

1 ......جامع الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، باب و من سورۃ التوبۃ، الحدیث:۳۰۹۷، ص۱۹۶۴۔



www.dawateislami.net

## ہر مُعامَلہ میں اِتّباعِ رسول:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مبارک زندگی میں ساتھ رہے تو وفاتِ ظاہری کے بعد بھی ساتھ ہیں اور وہ سوتے جاگتے ہر حالت میں حُضُور نبیِّ اَکرم، رسولِ اَعظم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پیروی کرتے رہے اور تمام اَفعال میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّت کے پیکر رہے۔

عُلما فرماتے ہیں کہ ''صِراطِ مُستقیم پر اِستقامت اختیار کرنے اور دُرُست مَنزل تک پہنچنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

﴿104﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بیان کرتے ہیں: میں اپنے والدِ محترم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ ''میں نے لوگوں کو آپس میں ایک بات کرتے دیکھا تو بہتر سمجھا کہ آپ کی بارگاہ میں عرض کردوں، لوگوں کا خیال ہے کہ آپ (اپنے بعد) خِلافت کے لئے کسی کو مُقرّر نہیں فرما رہے حالانکہ آپ کا کوئی اونٹوں یا بکریوں کا چرواہا ہو اور وہ انہیں چھوڑ کر آپ کے پاس چلا آئے تو آپ ضرور سمجھیں گے کہ اس نے جانوروں کو ہلاک کر دیا جبکہ لوگوں کی حِفاظت ورعایت جانوروں سے بڑھ کر ہونی چاہیے۔'' یہ سُن کر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کچھ دیر کے لئے سر جھکایا پھر سرِ مُبارک اُٹھا کر فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ اپنے دین کی حفاظت فرمائے، میں کسی کو اپنا خلیفہ منتخب نہیں کروں گا۔ بے شک رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کسی کو خلیفہ نامزد نہیں فرمایا اور اگر میں کسی کو خلیفہ نامزد کروں تو یہ بھی دُرُست ہے کیونکہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے خلیفہ منتخب فرمایا۔'' حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ کی قسم! سرورِ کائنات، شہنشاہِ موجودات صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ذکر کرنے سے میں نے جان لیا کہ آپ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مقابلے میں کسی کی پیروی نہیں کریں گے اور کسی کو خلیفہ نامزد نہیں کریں گے۔'' (1)

﴿105﴾......حضرت سیِّدُ نا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں خواب میں حُضُور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زِیارت سے مشرف ہوا تو

(1)......صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب الاستخلاف و ترکہ، الحدیث: ٤٧١٤، ص ١٠٠٥.



www.dawateislami.net

دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میری طرف اِلْتِفات (یعنی توجہ) نہیں فرمارہے، میں نے عرض کی: ''یارَسُولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھ سے ایسا کون سا فعل سرزد ہوا ہے جو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میری طرف توجہ نہیں فرمارہے ہیں؟'' سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''کیا تم روزے کی حالت میں (اپنی زوجہ کا) بوسہ[1] نہیں لیتے؟'' میں نے عرض کی: ''اس ذات کی قسم! جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبْعُوث فرمایا! میں آئندہ کبھی بھی روزے کی حالت میں بوسہ نہیں لوں گا۔''[2]

## چھوٹی بڑی آستینوں والی قمیص:

﴿106﴾...... حضرت سیِّدُنا عبید اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے نئی قمیص زیبِ تن فرمائی پھر مجھے چھری لانے کو کہا اور فرمایا: ''اے بیٹے! میری آستینوں کو کھینچو اور اُنگلیوں کے پوروں سے زائد حصّہ کاٹ دو۔'' میں نے دونوں آستینوں کا بڑھا ہوا حصّہ کاٹا تو آستینیں چھوٹی بڑی ہوگئیں۔ میں نے عَرض کی: ''ابا جان! اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اجازت دیں تو میں قینچی سے دونوں کو کاٹ کر برابر کردوں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے بیٹے! رہنے دو کیونکہ میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اسی طرح دیکھا ہے۔'' وہ قمیص امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ زیبِ تن فرماتے رہے یہاں تک کہ پھٹ گئی اور میں اُکثر اس کے دھاگے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے قدموں پر گرتے دیکھا کرتا تھا۔[3]

---

1 ...... یہ عَمل امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے تقویٰ کے خلاف تھا جس پر حُضُور غیب داں، سردارِ دو جہاں، محبوبِ رحمٰن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تنبیہ فرمائی ورنہ روزے کی حالت میں اگر اِنزال ہونے اور جماع میں پڑنے کا اندیشہ نہ ہو تو بیوی کا بوسہ لینے میں کوئی حَرَج نہیں۔ جیسا کہ شیخِ طریقت، اَمیرِ اہلِ سنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اپنی مایہ ناز تصنیف **فیضانِ سنّت** کے باب **فیضانِ رمضان** میں **احکامِ روزہ** کے تحت ردالمحتار ج۳ص۳۹۶ کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں: ''بیوی کا بوسہ لینا اور گلے لگانا اور بدن کو چھونا مکروہ نہیں۔ ہاں اگر یہ اندیشہ ہو کہ اِنزال ہو جائے گا یا جماع میں مبتلا ہوگا (تو مکروہ ہے)۔'' (فیضان سنت، تخریج شدہ، جلد اول، باب فیضانِ رمضان" صفحہ۱۰۵۷)

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الایمان والرؤیا، باب ما عبّره عمر، الحدیث: ٤، ج٧، ص ٢٤١.

3 ......المستدرك، کتاب اللباس، باب کان نبی الله یکره عشرة خصال، الحدیث: ٧٤٩٨، ج٥، ص ٢٧٥.



www.dawateislami.net

## شیطانی بول کی مذمت:

﴿107﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مَروِی ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بارگاہ میں عراق سے مال بھیجا گیا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے تقسیم کرنا شُروع کر دیا، اتنے میں ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کی: ''اے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اگر کچھ مال دُشمن یا کسی نازِل ہونے والی مصیبت سے بچاؤ کے لئے باقی رکھ لیں تو بہتر ہوگا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے ہلاک کرے! تو شیطانی بولی بول رہا ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس مال کے بارے میں مجھے حجت سکھائی ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں آنے والے کل کی خاطر آج اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی نہیں کرسکتا، ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا میں تو مسلمانوں کے لئے وہی کروں گا جو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کے لئے کیا۔''

## فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ایک خَصلَت:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ حق وثابت باتوں کا اِعتِراف کرتے اور بے بنیاد باتوں سے کنارہ کش رہتے اور کہا گیا ہے کہ ''تَصَوُّف کھرے کے لئے کھوٹے کو چھوڑ دینے کا نام ہے۔''

﴿108﴾......حضرت سیِّدُنا اَسوَد بن سُرِیع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں ایک مرتبہ حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مجسَّم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ اَقْدس میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''میں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی حمد وثنا کرتا ہوں اور آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بھی تعریف کرتا ہوں۔'' ارشاد فرمایا: ''بے شک تیرا رب عَزَّوَجَلَّ حمد کو پسند فرماتا ہے۔'' حضرت سِیِّدُنا اَسود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: پھر میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اَشعار سنانے لگا کہ اتنے میں ایک لمبے قد والے شخص نے اجازت چاہی تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے خاموش کرا دیا۔ وہ شخص آیا، کچھ دیر بات چیت کی اور چلا گیا۔ اس کے چلے جانے کے بعد میں نے دوبارہ اَشعار کہنے شُروع کئے تو وہ پھر آ گیا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے خاموش کرا دیا۔ کچھ دیر گفتگو کر کے وہ چلا گیا تو میں نے پھر اَشعار کہے۔ ایسا دو تین مرتبہ ہوا تو میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ کون تھا جس کے لئے آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے خاموش کرا دیا کرتے تھے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ


www.dawateislami.net

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''یہ عمر ہیں جو باطِل کو پسند نہیں کرتے۔'' (1)

﴿109﴾......حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت اسود تمیمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حُضُورِ اَکرم، نُوْرِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اَشعار سنانے میں مَصْرُوف ہو گیا۔ پھر ایک لمبے قد والے شخص نے اجازت طلب کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے خاموش کروادیا۔ جب وہ چلا گیا تو رحمتِ عالم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''سناؤ۔'' میں پھر اَشعار سنانے میں مَصْرُوف ہو گیا۔ کچھ دیر کے بعد وہ پھر آ گیا تو رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے خاموش کرادیا، جب وہ چلا گیا تو رحمتِ عالم، نُوْرِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''سناؤ۔'' میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ کون شخص ہے؟ جب آتا ہے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے خاموش ہونے کا حکم فرماتے ہیں اور جب چلا جاتا ہے تو دوبارہ سنانے کا ارشاد فرماتے ہیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ عمر بن خطاب (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہیں جو باطِل سے جدا ہیں۔'' (2)

## حمد ونعت سننا جائز ہے:

حضرت سیِّدُ نا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حمد ونَعت کا سننا جائز اور مُباح ہے۔ کیونکہ ان کے اشعار اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد وثنا اور نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دوجہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مدح وتوصیف پر مشتمل تھے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یہ فرمانا کہ ''عُمَر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) باطِل کو پسند نہیں کرتے'' اس سے وہ شخص مراد ہے جو بادشاہوں اور مالداروں کی مدح سرائی کو کمائی کا ذریعہ بنالیتا ہے اور مال کی حرص وطمع کی وجہ سے خوشامد پسند لوگوں کے آس پاس گھومتا رہتا ہے اور اپنے جھوٹ سے وہ ساری محافل ومجالس کو عیب دار بنادیتا ہے کیونکہ وہ کسی کی ایسی تعریف بھی کر گزرتا ہے جس کا وہ مستحق نہیں ہوتا اور اگر کوئی عطیہ نہ دے تو رتبے والے شخص کی شان کم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

---

1 ......الادب المفرد للبخاری، باب من مدح فی الشعر، الحدیث:٣٤٥، ص١٠٦.

2 ......المعجم الاوسط، الحدیث:٥٧٩٤، ج٤، ص٢٢٤.



www.dawateislami.net

تو اس قسم کی کمائی و پیشہ باطِل ہے اسی لیے حُضُور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا کہ ''عمر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) باطِل کو پسند نہیں کرتے'' جبکہ صحیح اَشْعار حِکْمتوں سے بھرپور، خوبصورت خزانہ ہے جس کے کہنے کی صلاحیت اللہ عَزَّوَجَلَّ ماہرِ علم وفن کو عطا فرماتا ہے اور خود امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم بھی اَشْعار کہا کرتے تھے۔''

﴿110﴾...... حضرت سیِّدُنا اَسْوَد بن سَرِیْع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ میں رسولِ اَکرم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اَشْعار سنایا کرتا تھا اور مجھے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ کی پہچان نہ تھی، ایک بار آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ بابَرَکت میں ایک ایسا شخص حاضر ہوا جس کے شانے چوڑے اور سر کے اگلے حصّے پر بال نہیں تھے کسی نے دو بار مجھے خاموش ہونے کا کہا تو میں نے کہا: ''اس کی ماں اسے گم کرے! یہ کون ہے جس کی وجہ سے میں حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اَشْعار سنانے سے خاموش ہو جاؤں؟'' کسی نے کہا: ''یہ حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' (حضرتِ سیِّدُنا اسود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں) پھر میں سمجھ گیا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر وہ مجھے شعر کہتے ہوئے سن لیں تو ان کے لئے کوئی مشکل نہیں کہ کچھ کہے بغیر مجھے پاؤں سے گھسیٹتے ہوئے بقیع تک لے جائیں۔'' (1)

# مثالی شخصیت

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانِی فرماتے ہیں: ''شرک وعناد سے پاک اور مَعْرِفت ومَحَبَّت سے لبریز بندگانِ خُدا کا یہی راستہ ہے کہ کوئی باطِل قول یا فعل انہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی یاد سے غافل نہیں کرسکتا اور کوئی حالت انہیں حق کی جانب متوجہ ہونے سے غافل نہیں کرسکتی، وہ ہمیشہ کامل الحال اور مضبوط دل کے ساتھ حق کے رفیق ہوتے ہیں۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مشکلات میں بھی اپنے عزّت وقوت والے رب عَزَّوَجَلَّ (کی رضا وخوشنودی) کے طالب رہتے اور اَحکاماتِ خُداوندی کی بجا آوری میں خوشحالی وبدحالی کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ اور کہا گیا ہے کہ: ''تَصَوُّف دنیاوی مراتب سے منہ موڑ کر آخرت کے اَرفع واعلیٰ مراتب کی طرف متوجہ ہونے کا نام ہے۔''

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۱۹، ج۱، ص۲۸۲.


www.dawateislami.net

## عاجزی وانکساری:

﴿111﴾......حضرت سیِّدُنا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَہَّاب سے مَروِی ہے کہ جب امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ملکِ شام کی جانب تشریف لاتے ہوئے راستے میں ایک دریائی گزرگاہ پر پہنچے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے اُونٹ سے اترے، جوتے ہاتھ میں پکڑ کر اُونٹ کو ساتھ لئے پانی میں اُتر گئے۔ حضرتِ سیِّدُنا ابوعبیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''آج آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اَہلِ زمین کے نزدیک بہت بڑا کام کیا (یعنی یہ آپ کی شایانِ شان نہیں) ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرتِ سیِّدُنا ابوعبیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: ''اے ابوعبیدہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! کاش! یہ بات تمہارے علاوہ کوئی اور کہتا، بے شک تم انسانوں میں سے ذلیل ترین لوگ تھے پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صَدقے تم کو معزز بنا دیا لہٰذا جب بھی تم اسے چھوڑ کر کہیں اور عزّت تلاش کرو گے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہیں ذلّت وخواری میں مبتلا فرما دے گا۔'' (1)

﴿112﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: جب امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ملک شام تشریف لائے اور لوگ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا اِستِقبال کرنے نکلے تو اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے اُونٹ پر سوار تھے۔ لوگوں نے عرض کی: ''یا امیرالمؤمنین! چونکہ قوم کے سردار اور عظیم لوگ بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مُلاقات کو آئیں گے اس لئے بہتر یہ ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تُرکی گھوڑے پر سوار ہو جائیں۔'' خلیفۂ ثانی امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تمہیں وہاں نہیں پاتا۔'' یہ کہنے کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا: ''بے شک اصل مُعامَلہ تو وہاں ہے اس لئے تم مجھے میرے اُونٹ پر ہی رہنے دو۔'' (2)

## رعایا کی خبرگیری:

﴿113﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن عبداللہ اَوزاعی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رات کے اندھیرے میں اپنے گھر سے نکل کر ایک گھر میں داخل ہوئے پھر

---

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی حسن الخلق، فصل فی التواضع، الحدیث: ۸۱۹٦، ج٦، ص۲۹۱.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب کلام عمر بن الخطاب، الحدیث: ۲، ج۸، ص۱٤٦.



www.dawateislami.net

کچھ دیر بعد وہاں سے نکلے اور دوسرے گھر میں داخل ہوئے، حضرت سیِّدُ نا طَلْحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ یہ سب دیکھ رہے تھے۔ چنانچہ، صبح جب حضرت سیِّدُ نا طَلْحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس گھر میں جا کر دیکھا تو وہاں ایک نابینا اور اَپاہج بڑھیا کو پایا اور ان سے دریافت فرمایا: ''اِس آدمی کا کیا مُعَامَلَہ ہے جو تمہارے پاس آتا ہے؟'' بڑھیا نے جواب دیا: ''وہ اتنے عرصہ سے میری خبر گیری کر رہا ہے اور میرے گھر کے کام کاج کے علاوہ میری گندگی بھی صاف کرتا ہے۔'' حضرت سیِّدُ نا طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (اپنے آپ کو مخاطب کر کے) کہنے لگے: ''اے طَلْحَہ! تیری ماں تجھ پر روئے، کیا تو امیر المؤمنین عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے نقشِ قدم پر نہیں چل سکتا۔'' (1)

﴿114﴾......حضرت سیِّدُ نا حَسَن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُ نا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک کُوڑا خانہ کے پاس سے گزرے تو وہاں رُک گئے۔ رُفقا کو اس کی بدبُو سے اَذِیّت ہوئی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ تمہاری دُنیا ہے جس کی تم حرص ولالچ کرتے اور اس کے گُن گاتے ہو۔'' (2)

# عیش وعشرت سے پاک زندگی

امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُ نا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ عیش وعشرت سے کوسوں دور بھاگتے اور ہمیشہ رہنے والی آخرت کی زندگی کی بہتری کے خواہاں رہتے تھے۔ ہمیشہ مُشَقَّت برداشت کرتے اور شہوات وخواہشات سے دُور رہتے اور کہا گیا ہے کہ ''نفس کو سختیاں اور مُشَقَّت برداشت کرنے کا عادی بنانے کا نام تَصَوُّف ہے'' اور یہی عُمدہ مقام ہے۔

## نفس پر سختیاں:

﴿115﴾......حضرت سیِّدُ نا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان فرماتے ہیں کہ قَحْط سالی کے دن تھے، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے نفس کو گھی سے روک رکھا تھا اور صرف زیتون پر گزارا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے ایک دن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پیٹ میں تکلیف ہونے لگی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پیٹ پر اُنگلی ماری اور کہا ''تجھے جتنی تکلیف ہوتی ہے ہوتی رہے، جب تک لوگوں سے فاقہ کی سختی ختم نہیں ہوتی تیرے لئے

---

1 ......صفة الصفوة ،ابو حفص عمر بن الخطاب ،ذكر اهتمامه برعيته ،ج۱،ص۱٤٦ .

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عمر بن الخطاب ،الحديث:٦١٦،ص١٤٦ .



www.dawateislami.net

میرے پاس یہی کچھ ہے۔'' (1)

﴿116﴾......حضرت سیِّدُ نا سَعد بن اَبی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا حَفْصَہ بنتِ عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اپنے والد سے عرض کی: ''یا امیر المومنین! اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نرم کپڑا زیبِ تن فرمائیں اور اچھا کھانا تناوُل فرمائیں تو یہ بہتر ہے اس لئے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو وسیع رِزْق اور کثیر مال عطا فرمایا ہے۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے بیٹی! میں اس معاملے میں تیری مُخالفت کروں گا، کیا تجھے یاد نہیں کہ حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو زندگی میں کس قدر مُشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟'' پھر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حالاتِ زندگی بیان کرنا شُروع کئے یہاں تک کہ اُمُّ المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا حَفْصَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا رونے لگیں۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جو کچھ تم نے کہا ایسا ہی ہے۔ لیکن اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جس قدر مجھ سے ہوسکتا ہے میں مُشکلات میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اِتباع کروں گا شاید میں آخرت کی راحت والی زندگی میں ان کا شریک ہوسکوں۔'' (2)

## لذیذ اور عُمدہ غذاؤں سے پرہیز:

﴿117﴾......حضرت سیِّدُ نا حَسَن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں تم سے بہتر لباس پہن سکتا ہوں، اچھا کھانا کھا سکتا ہوں اور آسائش والی زندگی گزار سکتا ہوں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں سینے کے گوشت، گھی، آگ پر بُھنے ہوئے گوشت، چٹنی اور چپاتیوں سے ناواقف نہیں ہوں لیکن (استعمال اس لئے نہیں کرتا کہ) میں نے سنا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے نعمت و آسائش پانے والی قوم کو عار دِلائی ہے۔ جیسا کہ اِرشادِ خُداوندی ہے:

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا

ترجمۂ کنزالایمان: اُن سے فرمایا جائے گا تم اپنے حصہ کی پاک

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عمر بن الخطاب، الحديث: ٦٠٨، ص ١٤٥.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عمر بن الخطاب، الحديث: ٦٦٠، ص ١٥٢.



www.dawateislami.net

وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ج (پ٢٦،الاحقاف:٢٠) چیزیں اپنی دنیا ہی کی زندگی میں فنا کر چکے اور انہیں برت چکے۔ (1)

﴿118﴾......حضرتِ سیِّدُنا سالم بن عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے روایت ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم بھی زندگی کی لذّات چاہتے ہیں کہ ہم حکم دیں کہ ہمارے لئے چھوٹی بکری بھونی جائے اور میدے کی روٹی اور مشکیزے میں نبیذ بنائی جائے یہاں تک کہ جب گوشت چکور (یعنی تیتر کی مثل پہاڑی پرندے کے گوشت) کی طرح (نرم) ہو جائے تو اُسے کھائیں اور اس سے پئیں لیکن ہم یہ چاہتے ہیں کہ پاکیزہ چیزوں کو آخرت کے لئے بچالیں کیونکہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان ہے:

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِىْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا (پ٢٦،الاحقاف٢٠) ترجمۂ کنزالایمان: اُن سے فرمایا جائے گا تم اپنے حصہ کی پاک چیزیں اپنی دنیا ہی کی زندگی میں فنا کر چکے۔

﴿119﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَيْه سے مروی ہے کہ عراقی لوگوں کا ایک وفد امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کی خدمت میں حاضر ہوا۔ کھانے کے وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے دیکھا کہ وہ جسموں کو طاقتور بنانے کے انداز میں کھا رہے ہیں تو ارشاد فرمایا: اے اہلِ عراق! اگر میں چاہوں تو تمہاری طرح عُمدہ کھانے بنوا سکتا ہوں لیکن ہم دُنیا کی ان نعمتوں کو چھوڑ دیتے ہیں، جو ہمیں آخرت میں ملیں گی کیا تم نے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا ایک قوم کے بارے میں یہ فرمان نہیں سنا:

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِىْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا (پ٢٦،الاحقاف:٢٠) ترجمۂ کنزالایمان: اُن سے فرمایا جائے گا تم اپنے حصہ کی پاک چیزیں اپنی دنیا ہی کی زندگی میں فنا کر چکے۔ (2)

﴿120﴾......حضرت سیِّدُنا حبیب بن ابو ثابت رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَيْه ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ ''اہلِ عراق کا ایک وفد امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کی خدمت میں حاضر ہوا، جن میں حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه بھی شامل تھے۔ حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے ان کے سامنے ایک بڑا تھال پیش کیا جس میں روٹی اور زیتون کے تیل کا کھانا بنا ہوا تھا اور فرمایا: ''کھاؤ!'' انہوں نے بہت کم کھایا، تو امیرالمؤمنین

---

1 ......الزهد لابن المبارك ،باب ماجاء فی الفقر ،الحديث:٥٧٩،ص ٢٠٤ ،مختصرًا.

2 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد،باب كلام عمربن الخطاب،الحديث: ٣٠،ج٨، ص ١٥١ .



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُ ناعُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم یہ کھانا کیوں نہیں کھاتے ؟ تم کس چیز کا ارادہ رکھتے ہو کھٹا، میٹھا، ٹھنڈا، یا گرم؟ پھر اسے پیٹ میں ڈالو گے۔'' (1)

## دُنیا کا نقصان برداشت کرلو:

﴿121﴾......حضرت سیِّدُ ناخَلَف بن حَوْشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرتِ سیِّدُ ناعُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے اس بات پر غور کیا ہے کہ جب دنیا کا ارادہ کرتا ہوں تو آخرت کو نقصان پہنچا تا ہوں اور جب آخرت کا ارادہ کرتا ہوں تو دنیا کو نقصان پہنچتا ہے لہٰذا جب مُعَامَلہ اس طرح کا ہے تو تم (آخرت کی بہتری کی خاطر) فانی دُنیا کا نقصان برداشت کرلیا کرو۔'' (2)

## نیکی کی دعوت کے مکتوب:

﴿122﴾......حضرتِ سیِّدُ ناسعید بن ابوبُرْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرتِ سیِّدُ ناعُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُ ناابوموسیٰ اَشْعَری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایک خط لکھا جس میں حمدو صلاۃ کے بعد فرمایا: ''خوش بخت حکمران وہ ہے جس کی وجہ سے اس کی رعایا خوش حال ہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک بد بخت حکمران وہ ہے جس کی وجہ سے اس کی رعایا کا بُرا حال ہو۔ خوش حال زندگی گزارنے سے اِجْتِناب کرنا ورنہ تمہارے مُقَرَّر کردہ عامل بھی خوشحالی کو پسند کریں گے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں تیری مثال اس جانور کی طرح ہوگی جو سبزے کو دیکھتے ہی اس پر ٹوٹ پڑتا ہے کہ کھا کر موٹا ہو جائے اور پھر اس کا موٹا ہونا ہی اس کی موت کا باعث بن جائے۔'' وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ۔ (3)

﴿123﴾......حضرت سیِّدُ ناعَامِر شَعْبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُ ناعمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُ ناابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف ایک خط لکھا، اس میں فرمایا: ''جس شخص کی نیت دُرُست ہو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے اور لوگوں کے درمیان مُعَامَلات کے لئے کافی ہو جاتا ہے اور جو لوگوں کی

---

1 ......الزهد لهناد بن السری، باب الزهدفی الطعام، الحديث:٦٨٤، ج٢، ص ٣٦٠۔

المصنف لابن ابی شيبة ، كتاب الزهد ، باب كلام عمر بن الخطاب ، الحديث:٣٧، ج٨، ص ١٥٢، بتغيرٍ قليلٍ.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل ، زهد عمر بن الخطاب ، الحديث:٦٦٥، ص١٥٢۔١٥٣.

3 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد، باب كلام عمربن الخطاب ، الحديث:٧، ج٨، ص١٤٧.



www.dawateislami.net

خاطر ایسی چیز سے زینت حاصل کرے جس کی حقیقت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں کچھ اور ہو تو ایسے شخص کو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ رُسوا کر دیتا ہے اور تمہارا کیا خیال ہے جلد حاصل ہونے والے مَعْمُولی رزق اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت کے خزانوں میں سے کون سی چیز افضل ہے؟'' والسَّلام.[1]

## فَرَامِیْنِ فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اَنْمول اِرشادات وفَرامین ان کے اَحْوال کی حقیقت پر دلالت کرتے ہیں۔

﴿124﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہم نے صَبْر کو اپنی زندگی کی بہترین چیز پایا۔''[2]

﴿125﴾......حضرت سیِّدُنا ہِشام بن عُروہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک مرتبہ خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''تم جانتے ہو کہ لالچ محتاجی کا باعث ہے اور لوگوں سے مایوس ہو جانا مالداری کا سبب ہے اور بِلاشُبہ انسان جب کسی چیز سے مایوس ہوتا ہے تو اس سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔''[3]

﴿126﴾......حضرت سیِّدُنا عامِر شَعْبی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میرا دِل اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے مکھن سے بھی زیادہ نرم ہو گیا ہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے پتھر سے بھی سخت تر ہو گیا (یعنی ذاتی مُعَامَلہ میں دل نرم اور حُدُوْدِ اِلٰہی کے مُعَامَلہ میں سخت ہو گیا)۔''

### تائبین کی صحبت میں بیٹھو:

﴿127﴾......حضرت سیِّدُنا عون بن عبد اللّٰہ بن عُتْبہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''توبہ کرنے والوں کی صحبت میں بیٹھو کہ وہ سب سے زیادہ نرم دل ہوتے ہیں۔''[4]

1 ......الزھد لھناد بن السری ، باب الریاء ، الحدیث: ۸۵۹ ، ج۲ ، ص۴۳۶ .

2 ......صحیح البخاری ، کتاب الرقاق ، باب الصبر عن محارم اللّٰہ ، ص۵۴۳ .

3 ......الزھد للامام احمد بن حنبل ، زھد عمر بن الخطاب ، الحدیث: ۶۱۳ ، ص۱۴۶ .

4 ......المصنف لابن ابی شیبۃ ، کتاب الزھد ، باب کلام عمر بن الخطاب ، الحدیث: ۲۴ ، ج۸ ، ص۱۵۰ .



www.dawateislami.net

﴿128﴾......حضرت سیِّدُنا ابوخالد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاجِد سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''قرآنِ کریم کو یاد کرنے والے اور علم کا سرچشمہ بن جاؤ اور اللہ عَزَّوَجَلَّ سے آج کے دن کا ہی رزق طلب کرو۔''(1)

## صَبْر وشُکر اِختیار کرو:

﴿129﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک شخص کو اس طرح دعا مانگتے سنا: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تیرے راستے میں اپنی جان و مال خرچ کرنا چاہتا ہوں۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے فرمایا: ''تم میں سے کوئی خاموش کیوں نہیں ہوتا کہ اگر آزمائش میں ڈالا جائے تو صَبْر کرے اور عافیت پائے تو شکر بجالائے۔''(2)

﴿130﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن جَعْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر یہ 3 چیزیں یعنی (۱) اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے پیشانی جھکانا (۲) ایسے اجتماعات میں شرکت کرنا جن میں اچھی باتیں اس طرح چننے کو ملتی ہیں جس طرح عمدہ کھجوروں کو چنا جاتا ہے اور (۳) راہ خدا میں سفر کرنا نہ ہوتا تو میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مُلاقات کو اور زیادہ پسند کرتا(3)۔''(4)

---

1......الزهد للامام احمد بن حنبل ،زهد عمر بن الخطاب ،الحديث:٦٣٢،ص١٤٨.

2......الزهد لهناد بن السرى ،باب سؤال الله العافية ،الحديث:٤٤٤،ج١،ص٢٥٦.

3......اللہ عَزَّوَجَلَّ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صَدقے تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کو تا قیامت سلامت و آباد رکھے کہ اس پُرفتن دور میں 35 سے زائد شُعبہ جات میں سنّتوں کی خدمت کر رہی ہے۔ جن میں سے ایک شعبہ **''مدنی قافلہ''** بھی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ عاشقانِ رسول کے **مدنی قافلوں** میں بیان کردہ تینوں باتوں پر عمل کرنے کا باآسانی موقع ملتا ہے۔ اس لئے ہر اسلامی بھائی کو چاہئے کہ وہ شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابوبلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ **مَدَنی جدول** کے مطابق زندگی میں یکمشت **12 ماہ**، ہر 12 ماہ میں **30 دن** اور عمر بھر ہر 30 دن میں کم از کم **3 دن** کے **مَدَنی قافلے** میں سفر کو اپنا مَعمول بنائے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے پابندِ سنّت بننے، گُناہوں سے نَفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لئے کُڑھنے کا ذہن بنے گا۔

4......الزهدللامام احمد بن حنبل، زهدعمر بن الخطاب، الحديث:٦٠٧، ص١٤٥.



www.dawateislami.net

## سردی کا موسم غنیمت ہے:

﴿131﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعثمان ہندی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''سردی کا موسم عبادت گزاروں کے لئے غنیمت ہے۔'' (1)

## فاروقِ اعظم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی گریہ وزاری:

﴿132﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عیسٰی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ''امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے چہرۂ اَقدس پر بہت زیادہ گریہ وزاری کے سبب دو سیاہ لکیریں پڑ گئی تھیں۔'' (2)

﴿133﴾......حضرت سیِّدُنا ہشام بن حسن رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ''امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ جب قرآنِ کریم کی کوئی آیتِ کریمہ تلاوت کرتے تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کا سانس رُک جاتا اور اس قدر روتے کہ زمین پر تشریف لے آتے پھر گھر سے باہر تشریف نہ لاتے یہاں تک کہ لوگ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مریض سمجھ کر عیادت کے لئے آتے۔'' (3)

﴿134﴾......حضرت سیِّدُنا ابن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ ''میں نے امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پیچھے نماز پڑھی تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے رونے کی آواز تین صفوں کے پیچھے تک سنی۔'' (4)

## حسابِ آخرت کا خوف:

﴿135﴾......حضرت سیِّدُنا ثابت بن حجاج رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اپنے (اعمال کا) وزن کرلو اس سے پہلے کہ ان کا وزن کیا جائے اور اپنا مُحاسبہ کرلو اس سے پہلے کہ تم سے حساب لیا جائے۔ بے شک یہ تم پر قیامت کے دن کے حساب سے آسان ہے اور بڑی پیشی کے لیے تیار ہو جاؤ جس کے بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان ہے:

1......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب التهجد وقیام اللیل، الحدیث: ۴۲۱، ج۱، ص۳۳۲.

2......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عمر بن الخطاب، الحدیث: ۶۳۸، ص۱۴۹.

3......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، باب کلام عمر بن الخطاب، الحدیث: ۱۶، ج۸، ص۱۴۹.

4......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الرقة والبکاء، الحدیث: ۴۱۶، ج۳، ص۲۵۳، بتغیرٍ قلیلٍ.



www.dawateislami.net

يَوۡمَئِذٍ تُعۡرَضُوۡنَ لَا تَخۡفٰى مِنۡكُمۡ خَافِيَةٌ ﴿۱۸﴾ (پ۲۹، الحاقۃ:۱۸)

ترجمۂ کنزالایمان: اس دن تم سب پیش ہوگے کہ تم میں کوئی چھپنے والی جان چھپ نہ سکے گی۔ (1)

﴿136﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحَّاک رَحۡمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیۡه سے روایت ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه کا فرمان ہے: ''اے کاش! میں اپنے گھر والوں کے لئے ایک مینڈھا ہوتا وہ ایک عرصہ تک مجھے کھلا پلا کر موٹا تازہ کرتے حتی کہ میں خوب فربہ ہو جاتا اور گھر والوں کے کچھ مہمان آتے تو وہ میرا کچھ حصّہ بھون لیتے اور کچھ حصّے کا سالن بنا لیتے پھر مجھے کھاتے اور پیٹ سے نکال دیتے (اے کاش!) میں انسان نہ ہوتا۔'' (2)

## بوقتِ شہادت عاجزی واِنکساری:

﴿137﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡهُمَا سے روایت ہے کہ امیرالمؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه کا سر ان کے مَرَضُ الۡمَوۡت میں میری ران پر تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه نے مجھ سے فرمایا: ''میرا سر زمین پر رکھ دو۔'' میں نے عرض کی: ''آپ کیوں پریشان ہوتے ہیں سر میری ران پر رہے یا زمین پر؟'' فرمایا: ''اسے زمین پر رکھ دو!'' حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡهُمَا فرماتے ہیں: میں نے آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه کا سر زمین پر رکھ دیا۔ اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه نے فرمایا: ''ہلاکت ہو میرے اور میری ماں کے لئے اگر میرا ربّ عَزَّوَجَلَّ مجھ پر رحم نہ فرمائے۔'' (3)

﴿138﴾......حضرت سیِّدُنا مِسۡوَر بن مَخۡرَمَه رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه سے مروی ہے کہ جب امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه کو نیزہ مارا گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه نے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر میرے پاس زمین کے برابر بھی سونا ہوتا تو میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے عذاب کو دیکھنے سے قبل ہی سارا سونا اس کے عوض قربان کر دیتا۔'' (4)

﴿139﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عباس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡهُمَا سے مروی ہے کہ جب امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه کو نیزہ مارا گیا تو میں آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡه کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی:

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل ، زهد عمر بن الخطاب ،الحديث:٦٣٣،ص١٤٨.

2 ......الزهدلهناد بن السرى،باب باب من قال،الحديث:٤٤٩، ج١، ص٢٥٨.

3 ......مسند ابن الجعد ،شعبة بن عاصم بن عبيد الله ،الحديث: ٨٧٠،ص١٣٦.

4 ......صحيح البخارى، كتاب فضائل اصحاب النبى،باب مناقب عمر بن الخطاب ،الحديث:٣٦٩٢،ص٣٠٠.



www.dawateislami.net

''یاامیرالمؤمنین! خوشخبری ہو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ذریعے شہر فتح کروائے، نفاق کا خاتمہ کیا اور رزق کے دروازے کھول دیئے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے استفسار فرمایا: ''اے ابن عباس! کیا آپ حکومت سے مُتَعَلِّق میری تعریف کررہے ہیں؟'' میں نے عرض کی کہ ''امارت کے علاوہ بھی۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں چاہتا ہوں کہ خِلَافت سے اس طرح نکل جاؤں جس طرح اس میں داخل ہوا تھا اور میرے لئے اس پر کوئی ثواب ہو نہ عذاب۔'' (1)

## خلیفۂ وقت کی چادر میں بارہ پیوند:

﴾140﴿......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ''ایک مرتبہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے دورِ خِلَافت میں خطبہ دیا اور اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جو چادر پہنی ہوئی تھی اس میں بارہ جگہ پیوند لگے ہوئے تھے۔'' (2)

## اِحساسِ ذمّہ داری:

﴾141﴿......حضرت سیِّدُنا داؤد بن علی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر نہر فُرات کے کنارے ایک بکری بھی بھوکی مرگئی تو مجھے اندیشہ ہے کہ بروزِ قیامت اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھ سے اس کے بارے میں بازپُرس فرمائے گا۔''

## رحمتِ الٰہی کی اُمید:

﴾142﴿......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن ابی کثیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر سے روایت ہے کہ امیرالمؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اگر کوئی مُنادِی آسمان سے ندا دے کہ ''اے لوگو! تم سب جنّت میں جاؤ گے سوائے ایک شخص کے'' تو مجھے خوف ہے کہ وہ شخص کہیں میں نہ ہوں اور اگر کوئی مُنادِی ندا دے کہ ''اے لوگو! تم سب جہنم میں جاؤ گے سوائے ایک شخص کے'' تو مجھے اُمّید ہے کہ وہ شخص میں ہوں گا۔

---

1 ......السنن الکبری للبیھقی، کتاب آداب القاضی، باب کراھیۃ الامارۃ......الخ، الحدیث:۲۰۲۲۸، ج۱۰، ص۱۶۶.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد عمر بن الخطاب، الحدیث:۶۵۸، ص۱۵۲.



www.dawateislami.net

﴿143﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صاحبزادے (حضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی نیکی کرنے میں کوئی فرق نہ ہوتا تھا یہاں تک کہ کوئی بات یا عمل ایسا نہ کرتے جس سے دونوں میں امتیاز ہو سکے۔'' (1)

# فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دُعائیں

﴿144﴾......حضرت سیِّدُنا ابن عکیم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْحَکِیْم سے روایت ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: مجھ سے رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: یہ دُعا مانگا کرو ''اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَرِیْرَتِیْ خَیْرًا مِّنْ عَلَانِیَتِیْ وَاجْعَلْ عَلَانِیَتِیْ حَسَنَۃً یعنی: یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بھی بہتر بنادے اور میرے ظاہر کو اوراچھا کردے۔'' (2)

﴿145﴾......حضرت سیِّدُنا اَسود بن بِلال محاربی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خلیفہ بنے تو منبر پر کھڑے ہو کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: ''اے لوگو! میں دُعا مانگتا ہوں، تم آمین کہتے جاؤ! پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ دعا کی: یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میں سخت ہوں، مجھے نرم کر دے۔ میں بخیل ہوں، مجھے سخی بنادے۔ میں کمزور ہوں، مجھے قوت عطا فرما۔'' (3)

﴿146﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن اَسلم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَکْرَم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یوں دُعا کرتے ہوئے سنا: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میری شہادت کسی ایسے شخص کے ہاتھوں نہ ہو جس نے تجھے سجدہ کیا ہو کہ کہیں وہ اس وجہ سے بروزِ قیامت مجھ سے جھگڑا نہ کرے۔'' (4)

﴿147﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا حَفْصَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں: ''میں نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ دُعا مانگتے ہوئے سنا: ''اَللّٰھُمَّ قَتْلًا فِیْ سَبِیْلِکَ، وَوَفَاۃً فِیْ بَلَدِ نَبِیِّکَ یعنی یااللہ عَزَّوَجَلَّ!

1 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم٥٦ عمربن الخطاب، باب ذکر استخلاف عمر بن الخطاب، ج٣، ص٢٢١.

2 ......جامع الترمذی، کتاب الدعوات، باب دعاء: اللھم اجعل سریرتی خیرامن علانیتی، الحدیث: ٣٥٨٦، ج٥، ص٢٠٢١.

3 ......الطبقات الکبری لابن سعد، رقم٥٦ عمربن خطاب، باب ذکر استخلاف عمربن خطاب، ج٣، ص٢٠٨، بتغیرٍ.

4 ......موطا للامام مالک، کتاب الجھاد، باب الشھداء فی سبیل اللہ، الحدیث: ١٠٢٤، ج٢، ص٢٠.



www.dawateislami.net

مجھے اپنی راہ میں شہادت کی موت عطا فرما اور اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے شہر میں مرنا نصیب فرما۔'' میں نے عرض کی: ''یہ کیسے ہوسکتا ہے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِرشاد فرمایا: ''جب اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ چاہے گا تو ایسا ہوگا۔''(1)

﴿148﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن مسیّب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروی ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وادیٔ بطحا میں ایک جگہ اپنے ہاتھوں سے مٹی ہموار کی پھر اس پر اپنی چادر کا ایک حصّہ بچھا کر اس پر چت لیٹ گئے اور اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف بلند کرکے دُعا مانگی: ''یا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! میں بوڑھا ہو چکا ہوں میرے اَعْصَاب کمزور پڑ گئے، میری رعایا پھیل چکی ہے، پس میرے ضائع کرنے اور زیادتی کرنے سے قبل تو مجھے اپنے پاس بلا لے۔''(2)

﴿149﴾......حضرت سیِّدُنا سُلَیم بن حَنْظَلَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دُعا مانگا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ تَأْخُذَنِیْ عَلٰی غِرَّۃٍ اَوْتَذَرَنِیْ فِیْ غَفْلَۃٍ اَوْتَجْعَلَنِیْ مِنَ الْغَافِلِیْن یعنی یا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! میں اچانک موت، غَفلت کی موت اور غَفلت کی زندگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''(3)

﴿150﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن خِراش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک خطبہ میں یہ دُعا مانگی: ''اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنَا بِحَبْلِکَ وَثَبِّتْنَا عَلٰی اَمْرِکَ یعنی یا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اپنی رسی کے ساتھ ہماری حفاظت فرما اور اپنے دین پر ثابت قدمی عطا فرما۔''(4)

## فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جنّت میں محل:

﴿151﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: مجھے اس بات کی بَہُت خواہش تھی کہ مجھے کوئی امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں بتائے۔ پس میں نے خواب میں ایک محل دیکھا تو پوچھا: ''یہ محل کس کا ہے؟'' فِرِشتوں نے مجھے بتایا کہ ''یہ محل عُمر بن خطاب کا ہے۔'' اتنے میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس محل سے اس حال میں باہر تشریف لائے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر

1......المعجم الاوسط، الحدیث: ۲۷۹۵، ج۲، ص۱۳۸.

2......موطا للامام مالك، كتاب الحدود، باب ماجاء فی الرجم، الحدیث: ۱۵۸۵، ج۲، ص۳۳٤.

3......المصنف لابن ابی شیبة، كتاب الزهد، كلام عمربن خطاب، الحدیث: ۱۱، ج۸، ص۱٤۸.

4......شرح اصول اعتقاد اهل السنة والجماعة، باب جماع الكلام فی الایمان، قول عمرو معاذ، الحدیث: ۱۵۳۰، ج۱، ص۷۲۶.



www.dawateislami.net

ایک چادر تھی گویا ابھی غسل فرمایا ہے۔"میں نے عرض کی: "اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ساتھ کیا مُعامَلہ فرمایا؟" آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے فرمایا کہ "اگر میرا ربّ عَزَّوَجَلَّ میری بخشش نہ فرماتا تو قریب تھا کہ میری خِلافت مجھے لے ڈوبتی۔" پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے پوچھا: "مجھے تم سے جدا ہوئے کتنا عرصہ گزرا ہے؟" میں نے عرض کی: "12 سال۔" آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے فرمایا: "اب جا کر حساب وکتاب سے فارِغ ہوا ہوں۔" (1)

﴿152﴾......حضرت سیِّدُنا عبّاس بن عبد المُطَّلِب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ فرماتے ہیں: میں امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کا پڑوسی تھا میں نے کسی کو ان سے افضل نہیں پایا، ان کی رات عبادت میں گزرتی تو دن روزے اور لوگوں کی ضَروریات پوری کرنے میں۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کا وصال ہوا تو میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دعا کی کہ "مجھے خواب میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی زیارت نصیب فرما۔ پس میں نے دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ مدینہ کے بازار کی طرف سے سر پر عمامہ باندھے تشریف لا رہے ہیں، میں نے سلام کیا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے میرے سلام کا جواب دیا پھر میں نے پوچھا: "آپ کیسے ہیں؟" فرمایا: "میں خیریت سے ہوں۔" میں نے پوچھا: "آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟" فرمایا: "اب حساب وکتاب سے فارغ ہوا ہوں۔ اگر ربِّ غفار عَزَّوَجَلَّ میری بخشش نہ فرماتا تو قریب تھا کہ میری خِلافَت مجھے لے ڈوبتی۔" (2)

## نظرِ فاروقی میں دوستی کا معیار:

﴿153﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے فرمایا: "بے فائدہ کاموں میں مشغول نہ ہونا، اپنے دشمن سے دُور رہنا، دوستی کے لئے صرف امانت دار شخص کا انتخاب کرنا کیونکہ امانت دار کے برابر قوم کا کوئی شخص نہیں ہوتا، فاجِر شخص کی صحبت اختیار کرنے سے بچنا ورنہ وہ تمہیں گناہ کے راستے پر لگا دے گا اور اسے کبھی بھی اپنا راز نہ بتانا اور اپنے مُعامَلات کا مشورہ ایسے لوگوں سے کرنا جو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے ہوں۔" (3)

1 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، الرقم ٥٢٠٦ عمر بن الخطاب، ج ٤٤، ص ٤٨٣ برواية عبدالله بن عمرو.

2 ......الطبقات الکبری لابن سعد، رقم ٥٦ عمر بن خطاب، ج ٣، ص ٢٨٦، مختصرًا.

3 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، کلام عمر بن الخطاب، الحدیث: ٩، ج ٨، ص ١٤٧.



www.dawateislami.net

## حق کا بول بالا کرنے والے:

﴿154﴾......حضرت سیِّدُنا ابن زُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو باطل کو چھوڑ کر اسے موت کی نیند سلا دیتے اور حق کا بول بالا کر کے اسے جِلا بخشتے ہیں۔ انہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمتوں کی طرف رغبت دلائی جائے تو خوش ہوتے اور عذابِ الٰہی سے ڈرایا جائے تو ڈرنے لگتے ہیں۔ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے خوفزدہ ہونے کے بعد دوبارہ اطمینان کی سانس نہیں لیتے اور بِن دیکھے لازوال یقین سے مالا مال ہوتے ہیں۔ خوف نے ان کو ایسا خُلُوص بخشا کہ باقی رہنے والی زندگی کے مُقَابَلَہ میں انہوں نے ہر چیز سے جدائی اختیار کر لی۔ زندگی ان کے لیے نعمت اور موت کرامت ہے۔ حورعین سے ان کا نِکاح ہوگا اور ہمیشہ رہنے والے نوعُمر لڑکے ان کی خدمت پر مامور ہوں گے۔''

✿===✿===✿===✿

**پیارے اِسلامی بھائیو!**

سرورِ دوعالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ یعنی: عِلْم کا طَلَب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔''

(سنن ابن ماجه، الحديث ٢٢٤، ج ١، ص١٤٦)



www.dawateislami.net

# امیرالمؤمنین حضرتِ سَیِّدُنا عُثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے کمالِ اِنکساری کے ساتھ اظہارِ بندگی کرنے والے۔ ذوالنورین (1) کا لقب پانے والے۔ خوفِ خُدا رکھنے والے۔ راہِ خُدا میں دو مرتبہ ہجرت کرنے والے۔ دونوں قبلوں (بیت المقدس اور خانہ کعبہ) کی طرف نماز پڑھنے کا شُرف حاصل کرنے والے۔ مسلمانوں کے تیسرے عظیمُ الشّان خلیفہ تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کے بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا:

اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا ؕ (پ۷، المائدۃ:۹۳)

ترجمۂ کنزالایمان: ایمان رکھیں اور نیکیاں کریں پھر ڈریں اور ایمان رکھیں پھر ڈریں اور نیک رہیں۔

امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ان عبادت گزار بندوں میں ہوتا ہے جو ساری ساری رات اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں سجدہ وقیام کی حالت میں رہتے۔ آخرت سے ڈرتے اور اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کی آس لگائے رکھتے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خُصُوصی صفات میں سخاوت وحیا، خوفِ خُدا اور رحمتِ خُداوندی کی ہمیشہ اُمید رکھنا شامل ہیں۔ دِن سخاوت وروزہ کی حالت میں گزرتا تو رات بارگاہِ خُداوندی میں سجدہ وقیام میں کٹ جاتی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مصیبتیں آنے اور ان پر صَبر کر کے جنّت پانے کی خوشخبری سنائی گئی۔ کہا گیا ہے کہ ''تصوُّف راہ حق میں مَصْروفِ عَمل رہ کر منزل تک رسائی پانے کا نام ہے۔''

## عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے فضائل پر آیاتِ مُبارکہ:

﴿155﴾...... حضرت سَیِّدُ نا محمد بن حَاطِب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ذکرِ خیر ہونے لگا تو حضرت سَیِّدُ نا حَسن بن علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''ابھی امیر المؤمنین تشریف لائیں گے۔ چنانچہ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہٗ

1...... امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ذوالنورین (یعنی دو نوروں والا) اس لیے کہا جاتا ہے کہ سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی 2 شہزادیاں حضرتِ سیِّدَتُنا رقیہ اور حضرتِ سیِّدَتُنا اُمِّ کلثوم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا یکے بعد دیگرے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے نکاح میں آئیں تھیں۔ (عامہ کتب سیرت)


www.dawateislami.net

الکریم تشریف لائے اور فرمایا: ”حضرت سیِّدُنا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان خوش بختوں میں سے ہیں جن کی شانِ عظمت نشان میں رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کا یہ فرمان نازل ہوا:

اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْاؕ-وَ اللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۠(۹۳) (پ۷، المائدۃ:۹۳)

ترجمۂ کنزالایمان: ایمان رکھیں اور نیکیاں کریں پھر ڈریں اور ایمان رکھیں پھر ڈریں اور نیک رہیں اور اللہ نیکوں کو دوست رکھتا ہے۔ (1)

﴿156﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا یہ فرمان امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں ہے:

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّ قَآىٕمًا یَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَ یَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖؕ (پ۲۳، الزمر:۹)

ترجمۂ کنزالایمان: کیا وہ جسے فرمانبرداری میں رات کی گھڑیاں گزریں سجود میں اور قیام میں آخرت سے ڈرتا اور اپنے رب کی رحمت کی آس لگائے۔ (2)

# عُثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شرم و حیا

﴿157﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”میری اُمت میں سب سے زیادہ پیکرِ شرم وحیا اور مُعزز ومکرم عثمان بن عفان ہیں۔“ (3)

﴿158﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حُضُور نبیٔ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”میری امت میں سب سے زیادہ باحیا انسان عثمان بن عفان ہیں۔“ (4)

﴿159﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور ان کی شرم وحیا کی شدت بیان کرتے ہوئے کہا کہ ”اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کسی کمرے میں ہوتے اور اس کا دروازہ

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفضائل، ما ذکر فی فضل عثمان بن عفان، الحدیث: ۳۸، ج۷، ص۴۹۳.

2 ......صفة الصفوة، ابوعبد اللّٰه عثمان بن عفان، ذکر ثناء الناس علیه وارضاه، ج۱، ص۱۶۱.

3 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب الالف، الحدیث: ۱۷۹۰، ج۱، ص۲۵۰.

4 ......المستدرک، کتاب معرفة الصحابة، باب حبر هذه الامة عبد اللّٰه بن عباس، الحدیث: ۶۳۳۵، ج۴، ص۶۸۹.


www.dawateislami.net

بھی بند ہوتا تب بھی نہانے کے لئے کپڑے نہ اتارتے اور حیا کی وجہ سے کمر سیدھی نہ کرتے تھے۔'' [1]

﴿160﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا فرماتے ہیں کہ ''قریش کے 3 شخصوں کا چہرہ سب سے روشن و پیارا ہے۔ ان کے اَخلاق بھی سب سے اچھے ہیں اور شرم و حیا میں بھی سب سے بڑھ کر ہیں۔ (وہ ایسے ہیں کہ) اگر تجھ سے بات کریں تو جھوٹ نہ بولیں اور تم ان سے بات کرو تو نہ جھٹلائیں اور وہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُثمان بن عَفان اور اَمِینِ اُمّت حضرت سیِّدُنا ابوعبیدہ بن جراح رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن ہیں۔'' [2]

# عُثْمَانِ غَنِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عِبَادَات

﴿161﴾...... حضرت سیِّدُنا زبیر بن عبداللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمیشہ روزہ رکھتے اور ابتدائی رات میں کچھ آرام کرکے پھر ساری رات عبادت میں بسر کرتے۔'' [3]

﴿162﴾...... حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن تیمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''مجھے ایک بار مقامِ ابراہیم پر رات ہوگئی۔ میں عشا کی نماز ادا کرکے مقام ابراہیم پر پہنچا یہاں تک کہ میں اس میں کھڑا ہوا تو اتنے میں ایک شخص نے میرے کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھا۔ میں نے دیکھا تو وہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔ کچھ دیر بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سورۂ فاتحہ سے قرآنِ مجید کی تِلاوت شروع کی یہاں تک کہ پورا قرآن مجید ختم کرلیا۔ پھر رُکُوع و سُجُود کرکے نماز ختم کی اور اپنے جوتے لے کر چل دیئے۔'' راوی فرماتے ہیں: ''مجھے نہیں معلوم کہ اس سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کچھ نماز پڑھی تھی یا نہیں۔'' [4]

﴿163﴾...... حضرت سیِّدُنا محمد بن سیرین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجۂ محترمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا فرماتی ہیں: ''جب حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عثمان بن عفان، الحدیث:۵۴۳، ج۱، ص۱۶۰.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث:۱۶، ج۱، ص۵۶.

3 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب صلاة التطوع و الامامة، باب من کان یامر بقیام اللیل، الحدیث:۶، ج۲، ص۱۷۳.

4 ......الزھد لابن المبارک، باب فضل ذکر اللہ، الحدیث:۱۲۷۶، ص۴۵۲، بتغیرٍ قلیلٍ.



www.dawateislami.net

کرنے کے اِرادے سے دُشمنوں نے گھر کو گھیرا ہوا تھا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس وقت بھی اس سے بے نیاز تھے کہ لوگ انہیں شہید کردیں یا چھوڑ دیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ساری رات عبادت کرتے اور ایک ہی رکعت میں پورا قرآنِ مجید ختم کرلیا کرتے تھے۔'' (1)

﴾164﴿ ...... حضرت سیِّدُنا امام شَعْبی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مَسْروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اَشْتَر سے ملے تو پوچھا: ''کیا تو نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کیا ہے؟'' اس نے کہا: ''ہاں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تو نے روزہ دار اور عبادت گزار شخص کو شہید کیا ہے۔'' (2)

﴾165﴿ ...... حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کیا گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ نے قاتلوں سے فرمایا: ''تم نے اس شخص کو شہید کیا جو ساری رات عبادت کرتا اور ایک رَکْعَت میں قرآن مجید ختم کرتا ہے۔'' (3)

# عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صبر کا بیان

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانِی فرماتے ہیں: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مَصائب وآزمائش کے آنے اور ان پر شکوہ وشکایت اور بے صَبْری سے بچنے کی بشارت پہلے ہی دے دی گئی تھی اس لئے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان حالات میں صبر کر کے بے صَبْری سے محفوظ رہے اور شکر کر کے آزمائش میں بھی اطاعت کرتے رہے۔'' کہا گیا ہے کہ ''تَصَوُّف آزمائش کی سختی میں صبر کر کے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے مُناجات کی حَلاوَت حاصل کرنے کا نام ہے۔''

﴾166﴿ ...... حضرت سیِّدُنا ابو موسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں مَدِیْنَۃُ الْمُنَوَّرَہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کے ایک باغ میں حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، رسولِ مُحتشم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھا کہ ایک شخص آیا اس نے دروازہ کھلوایا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اس کے لئے دروازہ کھول دو اور اس مصیبت پر جو اس شخص کو پہنچے گی جنّت کی خوشخبری دو۔'' حضرت سیِّدُنا ابو موسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے

(1) ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ١٣٠، ج١، ص٨٧. (2) ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ١١٤، ج١، ص٨١.

(3) ...... الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد عثمان بن عفان، الحدیث: ٦٧٣، ص١٥٣.



www.dawateislami.net

ہیں میں نے دروازہ کھولا تو وہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔ ''میں نے حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے فرمان کی انہیں خبر دی تو انہوں نے فرمایا: ''اَللہ عَزَّوَجَلَّ مدد گار ہے۔'' (1)

﴿167﴾......حضرت سیِّدُ نا عبید اللہ بن عمرو رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ دو عالم، نورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مَدِیْنَۃُ الْمُنَوَّرَہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کے کسی باغ میں تھے۔ ایک پست آواز شخص نے آنے کی اِجازت طلب کی، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''انہیں اندر آنے دو اور ایک مصیبت پر جو انہیں پہنچے گی جنّت کی خوشخبری دو۔'' راوی فرماتے ہیں: ''وہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔ میں نے انہیں یہ خبر دی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہا اور قریب آ کر بیٹھ گئے۔'' (2)

﴿168﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو موسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اندر آنے کی اِجازت طَلَب کی تو ارشاد فرمایا: ''ان کو آنے کی اِجازت دو اور ایک مصیبت پر جو ان کو پہنچے گی جنّت کی خوشخبری دو۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عُثمان غَنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سن کر فرمایا: ''میں اَللہ عَزَّوَجَلَّ سے صَبْر کا سوال کرتا ہوں۔'' (3)

## چہرے کا رنگ بدلتا رہا:

﴿169﴾......حضرت سیِّدُ نا قَیس بن ابو حازم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: مجھے حضرت سیِّدُ نا ابو سَہلہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے بیان کیا کہ جس دن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (کو شہید کرنے کے لئے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے گھر کو گھیرے میں لے لیا گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ایک وعدہ لیا تھا، میں آج اس وعدے کے مطابق صَبْر کروں گا۔'' حضرت سیِّدُ نا قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: اس وقت صحابۂ کرام کو اس دن کی حقیقت کا اندازہ ہوا کہ جس دن آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا تھا کہ ''میں اپنے ایک صحابی سے

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب فضائل اصحاب النبی، باب مناقب عمر بن الخطاب، الحدیث:۳۶۹۳، ص۳۰۰.

2 ......مسند ابی داؤد الطیالسی، الافراد عن عبد اللہ بن عمرو، الحدیث:۲۲۸۷، ص۳۰۲.

3 ......المعجم الاوسط، الحدیث:۷۵۰۶، ج۵، ص۳۳۳.



www.dawateislami.net

راز و نیاز کی باتیں کرنا چاہتا ہوں۔'' عرض کی گئی: ''حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں بلالائیں؟'' فرمایا: ''نہیں۔'' عرض کی گئی: ''حضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو؟'' فرمایا: ''نہیں۔'' عرض کی گئی: ''حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کو؟'' فرمایا: ''نہیں۔'' بالآخر حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بُلایا گیا تو حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم انہیں آہستہ سے کچھ فرمانے لگے (جسے سُن کر) حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے چہرے کا رنگ بدلتا رہا۔'' (1)

## عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دو خُصُوصی فضیلتیں:

﴿170﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن مَہدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْہَادِی سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین، حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دو ایسی فضیلتیں حاصل تھیں، کہ ان کی مثل امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدیق وحضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو بھی حاصل نہ تھیں۔ (۱) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا صَبْر کرنا یہاں تک کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ظلماً شہید کر دیا گیا (۲) تمام لوگوں کو قرآن مجید کی ایک قراءت پر جمع کرنا۔'' (2)

# راہِ خُدا میں مال خرچ کرنا

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے مال کے ذَرِیعے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا و خوشنُودی حاصل کرتے اور اس کے بندوں پر مال خرچ کرنے میں اپنے دوستوں سے بڑھ جاتے تھے۔ جبکہ اپنے لئے تھوڑے ہی مال اور مَعْمُولی لباس پر قناعت فرماتے۔ اور عُلَمائے کرام کا ایک فرمان یہ بھی ہے کہ: ''فضیلت کی اِنتہا تک پہنچنے کے لئے وسیلہ تلاش کرنا تَصَوُّف ہے۔''

﴿171﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے دو مرتبہ جنّت خریدی، ایک مرتبہ جب بِئرِ رُوْمَہ (پانی کا کنواں) خرید کر مسلمانوں کے لئے وقف کیا اور دوسری مرتبہ جب غَزْوَۂ تبوک کے لئے سامانِ جہاد فراہم کیا۔'' (3)

---

1 ......سنن ابن ماجه، کتاب السنة ،باب فضل عثمان، الحديث:۱۱۳ ،ص ۲٤٨٤ ،بتغيرٍ قليلٍ.

2 ......المصاحف لابن أبی داؤد، باب اتفاق الناس مع عثمان......الخ،الحديث:٣٦ ،ج١ ،ص٤٨ .

3 ......المستدرك، کتاب معرفة الصحابة ،باب اشتری عثمان الجنة مرتين، الحديث:٤٦٢٦ ،ج٤ ،ص٦٨ ،بتغيرٍ قليلٍ.



www.dawateislami.net

## راہِ خُدا میں 300 اُونٹ پیش کیے:

﴿172﴾......حضرت سیِّدُنا عَبْدُالرَّحمٰن بن اَبِی خَبَّاب سُلَمِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال، دافِعِ رنج ومَلال صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے غَزْوَۂ تبوک کے موقع پر لوگوں کو راہِ خدا میں مال خرچ کرنے کی ترغیب دلائی تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''میں نے 100 اونٹ بمع ساز و سامان راہِ خدا میں دیئے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دوبارہ ترغیب دلائی تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''مزید 100 اُونٹ سامان کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تیسری بار پھر لوگوں کو ترغیب دلائی تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر عرض کی: ''میں ساز و سامان کے ساتھ 100 اونٹ اَور راہِ خُدا میں پیش کرتا ہوں۔'' راوی فرماتے ہیں: ''میں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہاتھ ہلاتے ہوئے ارشاد فرما رہے ہیں: ''آج کے بعد عثمان کو کوئی عَمَل نقصان نہیں دے گا[1]۔''[2]

﴿173﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ''جب سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے

---

(1)......دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 108 صفحات پر مشتمل کتاب ''چندے کے بارے میں سوال جواب'' کے صفحہ 14 اور 15 پر امیرِ اہلسنّت، شیخِ طریقت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی مَدَّظِلُّہُ الْعَالِی نے یہ حدیثِ پاک ''سنن الترمذی، ج۵ص۳۹۱، حدیث: ۳۷۲۰'' سے نقل فرمائی ہے جس میں بالترتیب پہلے 100 پھر 200 اور پھر 300 اُونٹوں کا ذکر ہے۔ اس کے بعد صفحہ 16 پر تحریر فرماتے ہیں: آج کل دیکھا گیا ہے کہ بعض لوگ دوسروں کے سامنے جذبات میں آ کر چندہ لکھوا تو دیتے ہیں مگر جب دینے کی باری آتی ہے تو ان پر بھاری پڑتا ہے حتی کہ کچھ تو دیتے بھی نہیں، مگر قربان جایئے! سَیِّدُ الاسخیا، عثمان باحیا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے جود وسخا پر کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے اعلان سے بہت زیادہ چندہ پیش کیا۔ چنانچہ، مفسرِ شہیر حَکِیْمُ الْاُمَّت حضرت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس حدیثِ پاک کے تحت فرماتے ہیں: خیال رہے کہ یہ تو ان کا اعلان تھا مگر حاضر کرنے کے وقت (آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے) نو سو پچاس (950) اونٹ، پچاس (50) گھوڑے اور ایک ہزار (1000) اشرفیاں پیش کیں پھر بعد میں دس ہزار اشرفیاں (10'000) اور پیش کیں، (مفتی صاحب مزید فرماتے ہیں) خیال رہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پہلی بار میں ایک سو (100) کا اعلان کیا، دوسری بار سو کے علاوہ اور دو سو (200) کا، تیسری بار اور تین سو (300) کا، کل چھ سو (600) اُونٹ (پیش کرنے) کا اِعلان فرمایا۔ (مِراۃُ المناجیح، ج۸، ص۳۹۵)

(2)......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث عبد الرحمٰن بن خباب السلمی، الحدیث: ۱۶۶۹۶، ج۵، ص۶۰۳.



www.dawateislami.net

مددگار، شفیعِ روزِشُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جنگِ تبوک کے دن تیاری کے لئے بھاگ دوڑ کرتے دیکھا تو یہ دُعا فرمائی: یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ عثمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے اگلے پچھلے، ظاہر وچھپے سب گُناہ مُعاف فرما۔'' (1)

﴿174﴾ ...... حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن سَمُرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں جنگِ تبوک کے موقع پر حضور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ اَقدس میں حاضر تھا۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک ہزار دینار لائے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں پیش کر کے چلے گئے، پھر دوبارہ آئے اور مزید ایک ہزار دینار پیش کئے اور چلے گئے۔ راوی کہتے ہیں: ''میں نے دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان دیناروں کو اُلٹ پلٹ کرتے ہوئے فرما رہے ہیں: ''آج کے بعد عثمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو کسی عمل سے نُقصان نہیں ہوگا۔'' (2)

﴿175﴾ ...... حضرت سیِّدُنا ابنِ عُمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: جب حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم غزوۂ تبوک کی تیاری فرمانے لگے تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں ایک ہزار دینار پیش کئے پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دُعا مانگی: ''یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ عثمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو فراموش نہ کرنا۔'' پھر فرمایا: ''آج کے بعد عُثمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) جو بھی عَمَل کریں ان پر کوئی حرج نہیں۔'' (3)

﴿176﴾ ...... حضرت سیِّدُنا قَتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں: ''میں نے جنگِ تبوک کے موقعے پر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھا کہ اُنہوں نے ایک ہزار مجاہدین کو ساز و سامان کے ساتھ سواریاں دیں، جن میں پچاس گھوڑے تھے۔'' (4)

---

(1) ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر ،الرقم ٤٦١٩ عثمان بن عفان ،ج ٣٩،ص ٥٧ .

(2) ......جامع الترمذی ،ابواب المناقب ،باب فی عد عثمان تسمیة شهیدا ،الحدیث: ٣٧٠١، ص ٢٠٣٣ ،بتغیرٍ قلیلٍ.

(3) ......فضائل الخلفاء الراشدین لأبی نعیم الأصبهانی ،فضیلة لذی النورین عثمان بن عفان ،الحدیث: ٧،ص ١١ .

(4) ......الاستیعاب فی معرفة الصحابة ،الرقم ١٧٩٧ عثمان بن عفان ،ج ٣،ص ١٥٧ ،بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

## لباس میں سادگی:

﴿177﴾......حضرت سیِّدُنا حَسَن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ''میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مَسْجِد میں ایک کپڑے میں لپٹے سوئے دیکھا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے آس پاس کوئی نہ تھا حالانکہ اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین تھے۔'' (1)

﴿178﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالمَلِک بن شَدَّاد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد فرماتے ہیں: ''میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جُمُعَہ کے دن منبر پر اس حال میں دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے جسمِ مُبارَک پر ایک موٹی عَدَنی (یعنی یمنی) چادر تھی جس کی قیمت بمشکل چار یا پانچ درہم ہوگی اور ایک کوفی چادر تھی۔'' (2)

﴿179﴾......حضرت سیِّدُنا یُونُس بن عُبَیْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا حَسَن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَسْجِد میں قَیْلُوْلَہ کرنے والوں کے بارے میں سوال ہوا تو فرمایا: ''میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مَسْجِد میں قَیْلُوْلَہ کرتے دیکھا ہے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُن دنوں خلیفۂ وقت تھے، جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُٹھے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پہلو پر کنکریوں کے نشان تھے حالانکہ یہ اس وقت کی بات ہے جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین تھے۔'' (3)

﴿180﴾......حضرت سیِّدُنا شُرَحْبِیْل بن مسلم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں کو امیروں والا کھانا کھلاتے اور خود گھر جا کر سرکہ اور زیتون کے ساتھ کھانا تناوُل فرماتے۔'' (4)

﴿181﴾......حضرت سیِّدُنا سُلَیْمان بن موسیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو چند ایسے لوگوں کے بارے میں بتایا گیا جو کسی برے کام میں مَصْرُوف تھے، جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہاں پہنچے تو وہ لوگ جا چکے تھے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہاں بُرائی کے آثار دیکھے تو اس بات پر

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل ، زهد عثمان بن عفان، الحديث: ٦٧٤، ص ١٥٤ .

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ٩٢، ج ١، ص ٧٥ .

3 ......السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الصلاة، باب المسلم يبيت في المسجد، الحديث: ٤٣٤١، ج ٢، ص ٦٢٦ .

4 ......الزهد للامام احمد بن حنبل ، زهد عثمان بن عفان، الحديث: ٦٨٤، ص ١٥٥ .


www.dawateislami.net

اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کیا کہ اُنہوں نے بُرائی ہوتے نہیں دیکھی نیز اس کے شکرانے میں ایک غلام بھی آزاد کیا۔" (1)

## غلام کے ساتھ حسنِ سُلوک:

﴿182﴾......حضرت سیِّدُنا مَیمُون بن مِہْرَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: مجھے ہمدانی نے بتایا کہ "انہوں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھا کہ ایک خچر پر سوار ہیں اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پیچھے آپ کا غلام نائل بیٹھا ہے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مسلمانوں کے امیر تھے۔" (2)

﴿183﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن رومی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "اگر مجھے جنّت و دوزخ کے درمیان کھڑا کیا جائے لیکن مجھے یہ پتہ نہ ہو کہ مجھے کس طرف جانے کا حکم ہوگا تو میں یہ پسند کروں گا کہ مٹی ہو جاؤں، اس سے پہلے کہ مجھے کسی طرف جانے کا حکم دیا جائے۔" (3)

﴿184﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عامر بن رُبیعہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ (محاصرہ کے دن) ہم امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے نہ تو زمانہ جاہلیت میں کبھی زنا کیا تھا اور نہ ہی اسلام قبول کرنے کے بعد۔ اسلام قبول کرنے کے بعد میری حیا میں مزید اِضافہ ہوا۔" (4)

﴿185﴾......حضرت سیِّدُنا عُقبہ بن صہبان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَنَّان سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "میں نے جب سے اسلام قبول کیا، کبھی بھی اپنا سیدھا ہاتھ اپنی شرمگاہ کو نہیں لگایا۔" (5)

﴿186﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے غلام ہانی فرماتے ہیں: امیر المؤمنین حضرت

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عثمان بن عفان، الحديث: ٦٩٠، ص١٥٦.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عثمان بن عفان، الحديث: ٦٧٢، ص١٥٣.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد عثمان بن عفان، الحديث: ٦٨٦، ص١٥٥.

4 ......سنن النسائی، کتاب المحاربة، باب ذکر ما يحل به دم المسلم، الحديث: ٤٠٢٤، ص٢٣٥١، مختصرًا.

5 ......سنن ابن ماجه، ابواب الطهارة، باب كراهة مس الذكر باليمين والاستنجاء باليمين، الحديث: ٣١١، ص٢٤٩٦، بتغير.



www.dawateislami.net

سیِّدُ نا عثمانِ غنی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ جب کسی قبر کے پاس کھڑے ہوتے، تو اس قدر روتے کہ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ریش (یعنی ڈاڑھی) مُبارک آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔'' (1)

﴿187﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰـہُ تَعَالٰی عَنْـہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰـہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سوائے خالی روٹی کے عُمدہ کھانے، میٹھا پانی اور سایہ دار گھر ابنِ آدم کے لئے نعمت ہیں اور اس کے لئے اس میں کوئی فضیلت نہیں۔'' (2)

## خطاؤں کو مٹانے والا کلمہ:

﴿188﴾......حضرت سیِّدُ نا ابومُشجَعہ رَحْمَۃُ اللّٰـہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے: ہم ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمانِ غنی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ ایک مَرِیْض کی عیادت کے لئے گئے، آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے فرمایا: ''کہو ''لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ'' مریض نے یہ کلمہ پڑھا۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰـہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! اس شخص نے کلمہ طَیِّبہ کے ذریعے اپنی خطاؤں کو مٹالیا۔'' راوی کہتے ہیں: میں نے اِستِفسار کیا کہ ''یہ آپ رَضِیَ اللّٰـہُ تَعَالٰی عَنْہ خود فرما رہے ہیں یا نبی کریم صَلَّی اللّٰـہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنا ہے؟'' فرمایا: ''یہ میں نے اپنی طرف سے نہیں کہا بلکہ آپ صَلَّی اللّٰـہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنا ہے۔'' (جب آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ ارشاد فرمایا تھا) تو صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یارَسُولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰـہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ تو مَرِیْض کے لئے ہے، تَنْدُرُست کے لئے اس کی کیا فضیلت ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''تَنْدُرُست کے لئے یہ زیادہ گُناہوں کو مٹانے والا ہے۔'' (3)

---

1 ......جامع الترمذی، ابواب الزھد، باب ماجاء فظاعة......الخ، الحدیث: ٢٣٠٨، ص١٨٨٤.

2 ......مسند ابی داوٗد الطیالسی، الافراد، الحدیث: ٨٣، ص١٤.

3 ......کنز العمال، کتاب الصحبة قسم الافعال، حق عیادة المریض، الحدیث: ٢٥٦٧٨، ج٩، ص٨٩.



www.dawateislami.net

# امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا مولا مُشکل کُشا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم صاحبِ سیادت، محبِ آخرت، محبوبِ ربُّ الْعِزّت، بابِ مدینۃُ الْعِلْم اور شہسوارِ میدانِ خطابت تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه قرآن وسنّت سے اِشارۃً ثابت ہونے والے مسائل کو نکالنے کی خوب صلاحیت رکھتے تھے۔ طالبینِ راہِ ہدایت کے لئے نشانی وعلامت کی حیثیت رکھتے تھے۔ اِطاعت گزاروں کے لئے چراغ اور پرہیزگاروں کے دوست تھے۔ عدل کرنے والوں کے امام، (بچوں میں) سب سے پہلے ہادیٔ برحق صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی دعوتِ حق کو قبول کر کے اَللّٰہُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْک کی وَحْدانیّت اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی رِسالت پر ایمان لانے والے، پختہ یقین واِعْتماد کے ساتھ دُرُست فیصلے فرمانے والے، سب سے بڑھ کر حِلْم اور عِلْم والے تھے۔

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه اہلِ تقویٰ کے پیشوا اور اہلِ مَعْرِفت کی زینت ہیں۔ حقائقِ توحید سے آگاہ کرتے، علم توحید کے انوار کی طرف اشارہ فرماتے۔ بہت دانشمند وبڑے سمجھدار دل کے مالک تھے، کثرت سے سوال کرنے والی زبان اور محفوظ کرنے والے کان رکھتے تھے، وعدہ پورا کرتے، مصیبت وآزمائش کے اَسباب سے بچتے تھے۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے عہد توڑنے والوں کو شکست دی، انصاف کا بول بالا اور دشمنانِ دین کا ڈٹ کر مُقابَلہ کیا اور انہیں نیست ونابود کر دیا۔ کہا جاتا ہے کہ ''تَصَوُّف اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت بجالانے اور اس کی مُقرّر کردہ حدود کو توڑنے سے بچنے کا نام ہے۔''

## خدا و مصطفٰی عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّم کے محبوب:

﴿189﴾...... حضرت سیِّدُنا سَہل بن سَعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے خیبر کے دن ارشاد فرمایا: ''میں یہ جھنڈا کل ایک ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ عَزَّوَجَلَّ فتح عطا فرمائے گا وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت فرماتے ہیں۔'' راوی کہتے ہیں: ''صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن نے وہ رات بڑی بے چینی سے گزاری


www.dawateislami.net

کہ کس خوش نصیب کو سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم جھنڈا عطا فرمائیں گے۔" صبح حُضُور نبیِّ اَکرم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: "علی بن ابی طالب (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کہاں ہیں؟" صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: "یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم وہ آنکھوں کی تکلیف میں مُبْتَلا ہیں۔" ارشاد فرمایا: "انہیں میرے پاس لاؤ!" چنانچہ، جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حاضرِ خدمت ہوئے تو سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِن کی آنکھوں پر اپنا لعاب دہن لگایا اور ان کے لئے دُعا فرمائی۔ اس کی برکت سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی آنکھیں فوراً ٹھیک ہوگئیں اور ایسی ٹھیک ہوئیں گویا کہ کبھی تکلیف تھی ہی نہیں۔ پھر رسولِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں جھنڈا عطا فرمایا، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے عرض کی: "یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا میں ان لوگوں کے ساتھ اس وقت تک لڑوں جب تک کہ وہ ہماری طرح مسلمان نہ ہوجائیں؟" ارشاد فرمایا: "نرمی سے کام لو، ان کے پاس پہنچ کر پہلے انہیں اِسلام کی طرف بلاؤ پھر انہیں بتاؤ کہ اسلام قبول کرنے کے بعد ان پر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے کیا حُقُوق ہیں، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تمہاری وجہ سے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایک آدمی کو بھی ہدایت عطا فرمادے، تو یہ تمہارے لئے سُرخ اُونٹوں سے بھی بہتر ہے۔" (1)

﴿190﴾......حضرت سیِّدُنا سَلَمَہ بن اَکْوَع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نبوّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے پہلے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جھنڈا دے کر قَلْعۂ خیبر کی طرف بھیجا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوشش کے باوجود قَلْعہ فتح نہ کرسکے اور واپس لوٹ آئے۔ دوسرے دن سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جھنڈا دے کر بھیجا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوری کوشش کی لیکن قَلْعۂ خیبر فتح نہ کرپائے اور واپس چلے آئے تو نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "میں یہ جھنڈا کل ایسے شخص کو دوں گا جو اللّٰہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے ہاتھ پر فتح عطا فرمائے گا۔ وہ جب تک فتح نہ پائے گا واپس نہ آئے گا۔"

حضرت سیِّدُنا سَلَمَہ بن اَکْوَع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کو بلایا، اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

(1)......صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل علی بن ابی طالب، الحدیث:٦٢٢٣، ص١١٠١.



www.dawateislami.net

عَنْہ آشوبِ چشم (یعنی آنکھوں کے مرض) میں مُبْتَلا تھے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِن کی آنکھوں پر اپنا لُعاب دہن لگایا اور فرمایا: ''یہ جھنڈا لو اور لڑتے رہو یہاں تک کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تمہارے ہاتھوں فتح عطا فرما دے۔'' حضرت سیِّدُنا سَلَمہ بن اَکْوَع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم جھنڈا لے کر نکلے، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تیز تیز چلتے رہے اور میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پیچھے پیچھے چلتا رہا، یہاں تک کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قَلْعہ کے نیچے ایک پتھر کی چٹان پر جھنڈا نصب فرمایا، قلعہ کے اُوپر سے ایک یہودی نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا: ''تم کون ہو؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں علی بن ابی طالب ہوں۔'' تو اُس یہودی نے کہا: ''اب تمہیں فتح مل جائے گی کیونکہ ہماری کتاب جو حضرت سیِّدُنا موسیٰ عَلَیْہِ السَّلام پر نازِل ہوئی (یعنی تورات شریف) میں اِسی طرح لکھا ہے۔'' چنانچہ، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم اس وقت لوٹے جب اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہاتھوں مسلمانوں کو فتح عطا فرما دی۔'' (1)

## علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے محبت کرو:

﴿191﴾...... حضرت سیِّدُنا حسن بن علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مَروِی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میرے پاس عرب کے سردار یعنی حیدرِ کرّار کو بلا لاؤ۔'' اُمّ المؤمنین سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم عرب کے سردار نہیں ہیں؟'' فرمایا: ''میں تو اولادِ آدم (یعنی ساری کائنات) کا سردار ہوں اور علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) عَرَب کے سردار ہیں۔'' چنانچہ، جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم حاضر ہوئے تو سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو انصار کو بلانے کے لئے بھیجا، جب انصار حاضرِ خدمت ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے انصار کے گروہ! کیا میں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں کہ اگر تم اس پر عمل کرو گے تو اس کے بعد کبھی بھی راہِ راست سے نہ بھٹکو گے؟'' انصار نے عرض کی: ''کیوں نہیں! یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! (ضرور ارشاد فرمائیں)۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ

---

1 ......السيرة النبوية لابن هشام ،شان علی یوم خیبر ،ج۳/۴،ص ۲۸۴ .



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہیں، تم میری محبت کے ساتھ ساتھ ان سے بھی محبت رکھو اور میری عزّت کے ساتھ ان کی بھی عزّت کرو۔ (پھر ارشاد فرمایا) جس بات کا میں نے تمہیں حکم دیا ہے یہ جبریلِ امین عَلَیْہِ السَّلَام نے بذریعۂ وحی مجھے بتائی ہے، یہ حکم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے ہے۔''[1]

# سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے فضائل ومناقب

﴿193﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے مروی ہے کہ حُسنِ اَخلاق کے پیکر، محبوبِ رَبِّ اکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں حکمت کا گھر ہوں اور علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) اس کا دروازہ ہیں۔''[2]

## مؤمنین کے سردار:

﴿194﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے قرآنِ پاک میں جہاں بھی: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا: اے ایمان والو۔ سے خطاب فرمایا ہے اس گروہ کے علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) سردار وامیر ہیں۔''[3]

﴿195﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ لوگوں نے حُضُور نبیِٔ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ اَقدس میں عرض کی: ''کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم علی کو خلیفہ نہیں بنائیں گے؟'' ارشاد فرمایا: ''اگر تم علی کو خِلافت سپرد کرو گے تو انہیں ہدایت یافتہ و ہدایت دینے والا پاؤ گے، جو تمہیں سیدھے راستے پر چلائے گا۔''[4]

﴿196﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے رسولِ کریم، رَءُوْف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ

---

1 ......المعجم الکبیر،الحدیث:٢٧٤٩، ج٣، ص٨٨.

2 ......جامع الترمذی،ابواب المناقب،باب حدیث غریب:انا دار الحکمة وعلی بابها ، الحدیث:٣٧٢٣،ص٢٠٣٥.

3 ......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل ،فضائل علی ،الحدیث: ١١١٤، ج٢،ص٦٥٤.

4 ......المستدرک ، کتاب معرفة الصحابة ،باب سؤال الناس......الخ،الحدیث:٤٤٩١/٤٤٩٢،ج٤،ص١٥-١٦


www.dawateislami.net

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اگر تم علی کو خلیفہ بناؤ گے تو انہیں ہدایت یافتہ وہدایت دینے والا پاؤ گے۔ وہ تمہیں شَرِیْعَتِ بَیْضَا (یعنی روشن وچمکدار واضح شَرِیْعَت) پر چلائے گا۔ لیکن میں نہیں سمجھتا کہ تم ایسا کرو گے۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کا عِلم، حِکمت اور دانائی

﴿198﴾...... حضرت سیِّدُ نا ابنِ مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر تھا کہ کسی نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''حِکمت ودانائی کو 10 حصّوں میں تقسیم کیا گیا، 9 حصے حضرت علی کو اور ایک حصّہ اور لوگوں کو عطا کیا گیا۔'' (2)

﴿199﴾...... امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: میں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: ''مجھے نصیحت فرمایئے!'' ارشاد فرمایا: ''قُلْ رَبِّیَ اللّٰہُ ثُمَّ اسْتَقِمْ یعنی: کہو! میرا رب اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے۔ پھر اس پر قائم رہو۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے کہا: اَللّٰہُ رَبِّیْ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْب یعنی: میرا رب اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے اور میری توفیق اسی کی طرف سے ہے۔ میں نے اسی پر بھروسا کیا اور اسی کی طرف رُجوع کرتا ہوں)۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابوحَسَن (یہ حضرتِ علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے) تمہیں عِلم مبارک ہو۔ تم نے عِلم کے سَمُنْدر سے پی پی کر خوب پیاس بجھائی۔'' (3)

﴿200﴾...... حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''بے شک قرآن مجید 7 حُرُوف پر اُترا ہے اور ان میں سے ہر حَرف کا ظاہر بھی ہے اور باطن بھی اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم ایسے عالِم ہیں جن کے پاس ظاہِر وباطن دونوں کا عِلم ہے۔'' (4)

---

1 ......فضائل الخلفاء الراشدين لأبى نعيم الأصبهانى، خلافة امير المؤمنين على بن ابى طالب، الحديث: ٢٣٢، ص ٣٦٠.

2 ......تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، الرقم ٤٩٣٣ على بن ابى طالب، ج ٤٢، ص ٣٨٤.

3 ......تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، الرقم ٤٩٣٣ على بن ابى طالب، ج ٤٢، ص ٣٩١ ''ونهلته نهلا'' بدله ''وثاقبته ثقبا''.

4 ......تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، الرقم ٤٩٣٣ على بن ابى طالب، ج ٤٢، ص ٤٠٠.



www.dawateislami.net

## امام حسن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا خُطْبَہ:

﴿201﴾......حضرت سیِّدُ نا هُبَیْرَہ بن یَرِیم رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ (امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم کے وصالِ ظاہری کے ایک دن بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بڑے شہزادے) حضرت سیِّدُ نا حسن بن علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا نے کھڑے ہو کر لوگوں کو خُطْبَہ دیا اور فرمایا: ''اے لوگو! گزشتہ کل تم سے ایک ایسا شخص جدا ہو گیا ہے کہ جس کا علمی مقام و مرتبہ ایسا تھا کہ نہ اگلے وہاں تک پہنچ سکے اور نہ پچھلے اسے پا سکیں گے۔

اور وہ ایسے تھے کہ جب نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم انہیں جھنڈا عطا فرما کر کسی مہم پر روانہ فرماتے تو وہ اس وقت تک نہ لوٹتے جب تک اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ انہیں فتح عطا نہ فرما دیتا ان کی دائیں جانب حضرت سیِّدُ نا جبرائیل عَلَیْہِ السَّلَام ہوتے اور بائیں جانب حضرت سیِّدُ نا میکائیل عَلَیْہِ السَّلَام، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایسے سخی تھے کہ بوقتِ وصال آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مال میں سے صرف سات سو دِرہم باقی تھے، جن سے آپ ایک غلام خریدنا چاہتے تھے۔''[1]

## نگاہِ فاروقی میں مقامِ علی:

﴿202﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرت علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم ہم میں سب سے بڑے قاضی اور حضرت اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہم میں سب سے بڑے قاری ہیں۔''[2]

﴿204﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو سَعِید خُدْرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُورِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم کے کندھوں کے درمیان ہاتھ مارتے ہوئے فرمایا: ''اے علی! تجھے سات ایسے فضائل حاصل ہیں کہ جن میں بروزِ قیامت تمہارے ساتھ کوئی مُقَابَلہ نہیں کر سکے گا: (۱)......تم اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان لانے میں سب سے پہلے ہو۔ (۲)......اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے عَہد کو سب سے زیادہ پورا کرنے والے۔ (۳)......اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم کو سب سے زیادہ قائم کرنے والے۔ (۴)......رعایا میں عَدل کرنے والے۔ (۵)......مساوات کے ساتھ تقسیم کرنے والے۔ (۶)......فیصلہ کرنے میں

1 ......الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم٣علی بن ابی طالب، ج٣، ص٢٨.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی المنذرابی بن کعب، الحدیث:٢١١٤٣، ج٨، ص٦.



www.dawateislami.net

سب سے زیادہ صاحبِ بصیرت ہو اور (۷)...... بروزِ قیامت سب سے بلند مرتبہ میں ہو گے۔''[1]

﴿205﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم سے مروی ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''مرحبا! اے مؤمنین کے سردار اور مُتَّقِین کے امام!'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم سے عرض کی گئی: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کس چیز پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شُکر ادا کرتے ہیں؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جو کچھ مجھے عطا فرمایا میں اس پر اس کی حمد کرتا، اس کی نعمتوں پر شُکر کی توفیق مانگتا اور مزید عطا کا سوال کرتا ہوں۔''[2]

## بارگاہِ الٰہی میں مقامِ علی:

﴿206﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے ابو بَرْزَہ اَسْلَمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بُلانے کے لئے بھیجا (جب وہ حاضر ہوئے تو میں نے سنا کہ) آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اُنہیں فرمایا: ''اے ابو بَرْزَہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھ سے علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے بارے میں عَہد لیا ہے کہ علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہدایت کے عَلَم (یعنی نشانی و علامت)، ایمان کے مَنارے، میرے اَولیا کے امام اور میرے تمام اِطاعت شِعار بندوں کا نور ہیں۔ (پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا) اے ابو بَرْزَہ! علی بن اَبی طَالب (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کل قیامت کے دن میرے امین اور میرے عَلَم (یعنی جھنڈے) کو اُٹھانے والے ہوں گے اور علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) میرے ربّ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کے خزانوں کی کُنجی ہیں۔''[3]

## علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم اور حفاظتِ قرآن:

﴿208﴾......امیر المؤمنین مَولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم فرماتے ہیں: ''جب رسولِ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے وصالِ ظاہری فرمایا تو میں نے قسم اُٹھائی کہ قرآنِ مجید کو جمع

1 ......الفردوس بماثور الخطاب للديلمي، باب الياء، الحديث: ٨٣١٥، ج٥، ص ٣٢٠.

2 ......تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، الرقم ٤٩٣٣ علي بن ابي طالب، ج٤٢، ص ٣٧٠.

3 ......الكامل في ضعفاء الرجال لابن عدي، الرقم ٢٠٥٣ لاهز بن عبد الله، ج٨، ص ٤٥٩ "رحمة رب" بدله "جنة ربي".



www.dawateislami.net

کرنے سے پہلے پیٹھ سے چادر نہیں اُتاروں گا۔ چنانچہ، میں نے ایسا ہی کیا اور قرآنِ حکیم کو جمع کرنے سے پہلے اپنی پیٹھ سے چادر نہیں اتاری۔''(1)

﴿209﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسَعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ہم (یعنی چند صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ چل رہے تھے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نعلِ پاک کا تسمہ ٹوٹ گیا امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے اسے دُرُست کیا تو کچھ دیر چلنے کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے لوگو! تم میں سے ایک شخص تاْویلِ قرآن پر اس طرح قتال کرے گا جس طرح میں نے تنزیلِ قرآن پر کیا۔'' حضرت سیِّدُنا ابوسعید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں انہیں یہ خوشخبری سنانے کے لئے نکلا لیکن اُنہیں اس بات پر زیادہ خوش ہوتے نہ پایا گویا اُنہوں نے پہلے سے سُن رکھا ہو۔''(2)

﴿210﴾......امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم روایت کرتے ہیں کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے فرمایا: ''اے علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حکم دیا ہے کہ میں تجھے قریب کروں اور علم سکھاؤں تا کہ تو اسے یاد رکھے اور یہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی: وَ تَعِیَهَاۤ اُذُنٌ وَّاعِیَةٌ ﴿۱۲﴾ (پ۲۹، الحاقة:۱۲) ترجمۂ کنز الایمان: اور اسے محفوظ رکھے وہ کان کہ سن کر محفوظ رکھتا ہو۔ پس تیرے کان میرے علم کو محفوظ رکھنے والے ہیں۔''(3)

﴿211﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں قرآنِ مجید کی ہر آیت کے بارے میں جانتا ہوں کہ وہ کب اور کہاں نازِل ہوئی، بے شک میرے رب عَزَّوَجَلَّ نے مجھے بہت سمجھنے والا دِل اور بہت سوال کرنے والی زبان عطا کی ہے۔''(4)

(1)......سير اعلام النبلاء، الرقم۲۵۳۲ محمد بن عثمان بن ابی شيبة، ج۱۱، ص۱۲۱۔
المصاحف لابن أبی داود، جمع علی بن أبی طالب القرآن فی المصحف، الحديث:۲۵، ج۱، ص۳۴، بتغير.

(2)......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل، فضائل علی، الحديث:۱۰۷۱، ج۲، ص۶۲۷

(3)......الفردوس بماثور الخطاب للديلمی، باب الياء، الحديث:۸۳۳۸، ج۵، ص۳۲۹

(4)......الطبقات الكبرى لابن سعد، ذكر من كان يفتی بالمدينة......الخ، علی بن ابی طالب، ج۲، ص۲۵۷، بتغير.


www.dawateislami.net

## بن مانگے عطا فرمانے والے:

﴿212﴾……حضرت سیِّدُنا ابوبَختَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القَوِی روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے ان کے اپنے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: ”جب مجھ سے کسی نے کچھ مانگا تو میں نے اُسے دیا اور جب نہ مانگا تو میں نے بن مانگے دیا۔“ (1)

﴿213﴾……حضرت سیِّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ”میں نے فتنے کی آنکھ پھوڑی ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو فُلاں فُلاں نہ مارے جاتے۔“ (2)

﴿214﴾……حضرت سیِّدُنا ابو سَعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ بعض لوگوں نے حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ اَقدس میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شکایت کی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ سن کر منبر پر تشریف فرما ہوئے اور خُطْبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ”اے لوگو! علی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے بارے میں شکایت نہ کرو، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! وہ سب سے زیادہ خوفِ خُدا رکھنے والے ہیں۔“ (3)

﴿215﴾……حضرت سیِّدُنا اسحاق بن کَعْب بن عُجْرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”علی کو بُرا بھلا نہ کہو، وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات میں فنا ہیں۔“ (4)

## 70 وصیتیں:

﴿216﴾……حضرت سیِّدُنا ابنِ عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ ”ہم آپس میں گفتگو کیا کرتے تھے کہ حضور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کو 70 وصیتیں کیں جو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے عِلاوہ کسی اور کو نہیں کیں۔“ (5)

---

1 ……الکامل فی الضعفاء الرجال لابن عدی، الرقم ۷۷۵ سُلَیم مولی الشَّعْبی کُوفِی، ج ٤، ص ۳۳۳.

2 ……المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب ماذکر فی عثمان، الحدیث: ۸۱، ج ۸، ص ٦۹۸.

3 ……المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی سعید الخدری، الحدیث: ۱۱۸۱۷، ج ٤، ص ۱۷۲.

4 ……المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۲٤، ج ۱۹، ص ۱٤۸. 5 ……المعجم الصغیر للطبرانی، الحدیث: ۹۵۳، ج ۲، ص ٦۹.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُ نا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اِطاعت وفرمانبرداری امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی شان تھی اور قوت وطاقت سے اظہارِ بَراءَت کرنا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مقام تھا۔'' ایک قول یہ بھی ہے کہ ''اپنے تمام پوشیدہ مُعاملات، دِلوں کو پھیرنے والے ربّ عَزَّوَجَلَّ کے سُپرد کر دینے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

﴿217﴾......حضرت سیِّدُ نا علی بن حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا اپنے والدِ ماجد سے روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تَہَجُّد کے وقت تَشرِیف لائے جبکہ میں اور فاطمہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا) سو رہے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دروازے پر کھڑے ہوکر فرمایا: ''کیا تم نماز (تہجد) نہیں پڑھتے؟'' میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہماری جانیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے قبضہ میں ہیں جب وہ چاہے گا تو ہم اُٹھ کر پڑھ لیں گے۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم واپس تشریف لے گئے اور کوئی بات نہ کی اور میں نے دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنی رانوں پر ہاتھ مارتے جاتے اور اس آیت کی تلاوت فرماتے:

وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ ترجمۂ کنزالایمان: اور آدمی ہر چیز سے بڑھ کر جھگڑالو ہے۔[1]

(پ ۱۵، الکھف ۵۴)

# تسبیح فاطمہ کے فضائل

حضرت سیِّدُ نا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم اَوراد پر ہمیشگی اختیار فرمانے والے اور توشۂ آخرت کے لئے بہت کوشش کرنے والے تھے۔

**اہلِ تَصَوُّف فرماتے ہیں:** ''تَصَوُّف مطلوب کو پانے کے لئے محبوب کی طرف رغبت رکھنے کا نام ہے۔''

﴿218﴾......امیر المؤمنین مولا مُشکِل کُشا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں کہ نُور کے

1......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند علی بن ابی طالب، الحدیث: ۵۷۱، ج ۱، ص ۱۶۷.



www.dawateislami.net

پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں کچھ قیدی لائے گئے تو میں نے حضرتِ فاطمہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) سے کہا کہ ''آپ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) اپنے ابّا جان، حُضُور رحمتِ دو جہان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوکر کوئی غلام مانگ لائیں کہ وہ کام کاج میں آپ کا ہاتھ بٹا سکے۔'' چنانچہ، آپ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) شام کے وقت حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: ''بیٹی کیا بات ہے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے صرف اتنا عرض کیا کہ ''سلام کے لئے حاضر ہوئی تھی۔'' حیا کی وجہ سے مزید کچھ نہ کہہ پائیں۔ جب گھر لوٹ کر آئیں تو امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے پوچھا: ''کیا ہوا؟'' کہا: ''میں حیا کی وجہ سے حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے کچھ نہ کہہ سکی۔'' دوسری شب پھر امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے خاتونِ جنت، حضرتِ سیِّدَتُنا فاطمۃ الزہراء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں گھر کے کام کاج میں سَہُولت کے لئے ایک غلام مانگنے بھیجا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اب بھی حیا کی وجہ سے سوال نہ کرسکیں۔

(حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم مزید فرماتے ہیں کہ) جب تیسری شام آئی تو ہم دونوں حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آنے کا سبب دریافت فرمایا تو امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہمیں کام میں دشواری ہوئی تو ہم نے چاہا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے کوئی غلام مانگ لائیں۔'' حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جو تمہارے لئے سُرخ اُونٹوں سے بہتر ہے؟'' امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے عرض کی: ''جی ہاں! یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم!'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''صُبح وشام 33 بار سُبْحَانَ اللہ، 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اور 34 بار اَللہُ اَکْبَر کہو، صُبح وشام ہزار نیکیاں ملیں گی۔'' امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''اس


www.dawateislami.net

کے بعد میں نے اس کو اپنا مَعْمول بنالیا پھر کبھی بھی ترک نہ کیا، ہاں جنگِ صفین کی رات میں اسے پڑھنا بھول گیا تھا لیکن پھر آخر میں مجھے یاد آ گیا تو میں نے پڑھ لیا۔'' (1)

﴿219﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ایک مرتبہ رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف لائے اور میرے اور فاطمہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا) کے درمیان بیٹھ گئے پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں سکھایا کہ جب ہم اپنے بستر پر لیٹیں تو 33 مرتبہ سبحان اللہ 33 مرتبہ الحمدللہ اور 34 مرتبہ اللہ اکبر کہہ لیں، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''اس کے بعد میں نے یہ وظیفہ کبھی ترک نہیں کیا۔'' کسی نے دریافت کیا کہ ''جنگ صفین کی رات بھی اسے ترک نہیں کیا تھا؟'' فرمایا: ''ہاں، صفین کی رات بھی اسے ترک نہیں کیا۔'' (2)

## کھانے کا حق:

﴿220﴾......حضرت سیِّدُنا ابن اَعْبُد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے مجھ سے فرمایا: ''اے ابن اَعْبُد! جانتے ہو کھانے کا حق کیا ہے؟'' میں نے عرض کی: ''یاامیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ ارشاد فرمائیں کھانے کا کیا حق ہے؟'' فرمایا: ''کھانے کا حق یہ ہے کہ کھانا شُروع کرنے سے پہلے یہ دُعا پڑھی جائے: بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْمَا رَزَقْتَنَا یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام سے شروع، یااللہ عَزَّوَجَلَّ! جو تو نے ہمیں رزق عطا فرمایا اس میں ہمارے لئے بَرَکت داخل فرما۔'' راوی کہتے ہیں: پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ جانتے ہو کہ کھانا کھانے کے بعد اس کا شکر کس طرح ادا کرنا چاہیے؟'' میں نے عرض کی: ''نہیں، یاامیر المؤمنین! آپ ارشاد فرمادیں کہ کس طرح اس کا شکر ادا کیا جائے؟'' فرمایا: ''کھانے کے بعد یہ پڑھا جائے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا۔''

اس کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے اپنی زوجہ محترمہ اور جانِ کائنات، شاہِ موجودات صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سب سے لاڈلی و پیاری شہزادی، شہزادیٔ کونین، اُمِّ حسنین

1......السنن الکبری للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلۃ، باب ثواب ذلك، الحدیث: ۱۰۶۵۲، ج۶، ص ۲۰۴.

2......المرجع السابق، باب تسبیح والتحمید......الخ، الحدیث: ۱۰۶۵۱.



www.dawateislami.net

حضرتِ سیِّدَتُنا فاطمۃ الزہراء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کی گھریلو زندگی کے مُتَعَلِّق بتاتے ہوئے ارشاد فرمایا: ”سنو! میری زوجہ بنتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہاتھوں میں چکی چلانے کی وجہ سے چھالے اور مَشک اُٹھانے کی وجہ سے بدن پر نشان پڑ جاتے اور گھر میں جھاڑو دینے اور چولہے میں آگ جلانے کی وجہ سے کپڑے غبار آلود اور میلے ہو جاتے تھے۔ آپ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) کو ان کاموں کی وجہ سے سخت تکلیف ومَشقَّت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ ایک بار جب حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس چند قیدی لائے گئے تو میں نے فاطمہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) سے کہا کہ ”رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں جاؤ اور کوئی خادم تم بھی مانگ لاؤ تا کہ کام کی مُشقَّت سے نجات پاؤ[1]۔“ [2]

چنانچہ، وہ شام کے وقت بارگاہ رِسالت مآب علٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں حاضر ہوئیں تو سرکار دوجہان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: ”بیٹی کیا بات ہے؟“ فاطمہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) نے صرف اتنا عرض کیا کہ ”سلام کے لئے حاضر ہوئی تھی اور حیا کی وجہ سے کچھ اور نہ کہہ پائیں۔“ جب گھر لوٹ کر آئیں تو میں نے پوچھا: ”کیا ہوا؟“ کہا: ”میں حیا کی وجہ سے حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمَّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے کچھ نہ کہہ سکی۔“ دوسری شب پھر میں نے انہیں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں گھر کے کام کاج میں سَہُولت کے لئے ایک نوکر مانگنے بھیجا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اب بھی حیا کی وجہ سے سوال نہ کرسکیں۔ (حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں کہ) جب تیسری شام آئی تو ہم دونوں نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آنے کا سبب دریافت فرمایا تو میں نے عرض کی: یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہمیں کام میں دشواری ہوئی تو ہم نے چاہا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے کوئی خادم مانگ لائیں، حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ”کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جو تمہارے لئے سُرخ اُونٹوں سے بہتر ہے؟“ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے عرض

1 ...... کتاب میں یہ روایت یہیں تک نقل کر کے فرمایا ”آگے سابقہ حدیث کی مثل ہے“ لیکن ہم نے پڑھنے والوں کے ذوق کے لئے اس سابقہ روایت کے بقیہ حصے کو دوبارہ درج کر دیا ہے۔

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل ،مسند علی بن ابی طالب ، الحدیث:۱۳۱۲، ج۱، ص۳۲۲.


www.dawateislami.net

کی: ”جی ہاں یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”صبح و شام 34 مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَر، 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہ اور 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کہو، ہزار نیکیاں صبح وشام ملیں گی۔“ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ”اس کے بعد میں نے اس کو اپنا معمول بنالیا پھر کبھی بھی ترک نہ کیا ہاں جنگِ صفین کی رات میں اسے پڑھنا بھول گیا تھا لیکن پھر آخر میں مجھے یاد آ گیا تھا اور میں نے پڑھ لیا تھا۔“

## کسبِ حلال کے لئے محنت و مزدوری:

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے جب زندگی میں سختی وجدوجہد کو لازم کرلیا تو مخلوق سے منہ موڑ کر کسب حلال اور محنت میں مصروف ہو گئے۔

کہا گیا ہے کہ ”تَصَوُّف اسباب پر بھروسہ نہ کرنے اور تقدیر کی طرف نظر کرنے کا نام ہے۔“

﴿221﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد بیان کرتے ہیں کہ ایک دن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم عمامہ باندھے ہمارے پاس تشریف لائے اور بتانے لگے کہ ”ایک مرتبہ مدینۃ المنوّرہ زَادَھَا اللّٰہُ تَعْظِیْمًا وَّتَکْرِیْمًا میں مجھے سخت بھوک محسوس ہونے لگی تو میں مزدوری کی تلاش میں مدینہ کے گردونواح کی طرف نکل گیا وہاں میں نے ایک عورت دیکھی جس نے مٹی کا ایک ڈھیر جمع کیا ہوا تھا جسے وہ پانی سے تر کرنا چاہتی تھی میں نے ہر ڈول کے بدلے ایک کھجور مزدوری طے کی اور سولہ ڈول کھینچے یہاں تک کہ میرے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے میں نے ہاتھ دھوئے پھر اس عورت کے پاس آیا اور کہا کہ بس مجھے اتنا کافی ہے، تو اس عورت نے مجھے 16 کھجوریں گن کر دیں، میں انہیں لے کر حُضُور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور سارا واقعہ بتایا پھر میں نے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مل کر وہ کھجوریں تناوُل فرمائیں۔“ (1)

ایک روایت میں ہے کہ ”میں نے 16 یا 17 ڈول نکالے پھر اپنے ہاتھ دھوئے اور وہ کھجوریں لے کر حضور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرے لئے کلماتِ خیر کہے اور دُعا فرمائی۔“

(1)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند علی بن ابی طالب، الحدیث: ۱۱۳۵، ج۱، ص۲۸۶.


www.dawateislami.net

﴿222﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''ایک مرتبہ میں ایک باغ میں گیا، اُس کے مالک نے کہا کہ ہر ڈول پر ایک کھجور کے بدلے میرے اس باغ کو سیراب کر دو۔ میں نے کچھ ڈول نکالے اور اس کے بدلے میں کھجوریں وُصول کیں جن سے میری ہتھیلی بھر گئی پھر میں نے کچھ پانی پیا اور کھجوریں لے کر بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں حاضر ہو گیا اور حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ مل کر کھجوریں تناوُل کیں۔'' (1)

# شیرِ خُدا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دُنیا سے بے رغبتی

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم لوگوں کے درمیان رہتے ہوئے بھی نیکوں اور زاہدوں کی زینت سے مُزَیَّن تھے۔

﴿223﴾......حضرت سیِّدُنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے فرمایا کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں ایسی زینت سے مزین کیا ہے کہ اس سے بڑھ کر پسندیدہ زینت سے اس نے کسی کو آراستہ نہیں کیا یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں نیک لوگوں کی زینت ہے یعنی دُنیا سے بے رغبتی پس اب دنیا کو تجھ سے کوئی مطلب نہ تمہیں اس سے کوئی سروکار اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تجھے مساکین کی محبت عطا فرمائی لہٰذا تم ان کے پیروکار اور وہ تمہارے امام ہونے پر راضی ہیں۔'' (2)

## دُنیا کی مذمت:

﴿224﴾......حضرت سیِّدُنا علی بن حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ''بروزِ قیامت دنیا حسین وجمیل صورت میں آئے گی اور عرض کرے گی: اے میرے ربعَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنا کوئی ولی عطا فرما، اللہ عَزَّوَجَلَّ فرمائے گا: جا تیری کوئی حقیقت نہیں اور نہ ہی میری بارگاہ میں کوئی

---

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد امیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ۷۰۱، ص ۱۵۷.

2 ......مجمع الزوائد، کتاب المناقب، باب جامع فی مناقب علی، الحدیث: ۱۴۷۰۳، ج ۹، ص ۱۶۱، بتغیر.



www.dawateislami.net

مقام ہے کہ میں تجھے اپنا کوئی ولی عطا کروں۔ چنانچہ، اسے بوسیدہ کپڑے کی طرح لپیٹ کر جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔“

## نگاہِ علی میں دُنیا کی حقیقت:

امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا، شہنشاہِ اولیا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم تارکِ دنیا تھے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ کے لئے دُنیا کی حقیقت سے پردہ اُٹھ گیا، ہدایت وبصارت نصیب ہوئی اور ضلالت وگمراہی سے محفوظ رہے۔

﴿225﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تبار، ہم بےکسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص دُنیا میں زُہد اختیار کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے علم لدُنی سے نوازتا اور بغیر کسی واسطہ کے ہدایت عطا فرماتا ہے، نورِ بصیرت عطا فرماتا اور ضلالت وگمراہی سے بچاتا ہے۔“

# مَعرِفتِ الٰہی

امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا، شہنشاہِ اولیا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم مَعرِفتِ الٰہی کے عُلُوم بھی جانتے تھے اور آپ کا سینہ عرفانِ الٰہی کا گنجینہ تھا۔ منقول ہے کہ ”تَصَوُّف اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات سے حجابات اٹھنے کا نام ہے۔“

﴿226﴾......حضرت سیِّدُ نا ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے زَید بن صُوحان کی طرف پیغام بھیجا تو اُنہوں نے کہا: ”اے امیر المومنین! میں یہ نہیں جانتا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ذاتِ خُداوندی عَزَّوَجَلَّ کے عالم ہیں لیکن یہ ضَرور جانتا ہوں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سینۂ مبارَکہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بہت زیادہ عَظَمت ہے۔“

## توحیدِ باری تعالیٰ پر شاندار گفتگو:

﴿227﴾......حضرت سیِّدُ نا نُعمان بن سَعد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں دارالامارت کوفہ میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے گھر میں تھا کہ نَوف بن عبد اللہ آئے اور عرض کی: اے


www.dawateislami.net

امیر المومنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ! دروازے پر 40 اَفراد پر مشتمل یہودیوں کا وفد حاضر ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اُنہیں بلوایا، جب وہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سامنے بیٹھ گئے تو عرض کی: ''اے علی! آسمانوں میں جو تمہارا رب عَزَّوَجَلَّ ہے ہمیں اس کے بارے میں بتائیں کہ وہ کیسا ہے؟ کیسا تھا؟ کب سے ہے؟ اور کہاں پر ہے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا: ''اے یہودیو! سنو! اور مجھے اس کی پرواہ نہیں کہ تم کسی اور سے سوال کرو گے یا نہیں، بے شک میرا رب عَزَّوَجَلَّ وہ ہے جو اَزَل سے ہے اس سے پہلے کچھ نہ تھا جس سے اس کا آغاز ہوتا، نہ وہ کسی شی سے بنا ہے، وہ ہماری عقل وفہم سے بالاتر ہے۔ اس کا جسم نہیں جو کسی مکان کو گھیر سکے، نہ وہ پردے میں چھپا ہے کہ اس کا اِحاطہ کیا جا سکے، وہ حادث بھی نہیں ہے یعنی ایسا نہیں کہ وہ پہلے نہیں تھا بعد میں ہوا بلکہ وہ تو اس سے بھی پاک ہے کہ دیگر اَشیاء کی طرح اس کی کیفیت بیان کی جائے کہ وہ ایسا تھا، بلکہ وہ ہمیشہ سے ہے، ہمیشہ رہے گا، زمانہ کی تبدیلی اور ہر آن کے بعد نئی آن کے وجود سے اس کی ذاتِ پاک پر کوئی اثر نہیں، خیالی تصاویر سے اس کی صفت کیونکر بیان ہو سکتی ہے اور فصیح وبلیغ زبانوں سے بھی کَمَاحَقُّہٗ اس کی تعریف کیونکر ممکن ہو سکتی ہے؟

اس کی شان یہ نہیں کہ چیزوں کے اندر پایا جائے کہ کہنا پڑے کہ وہ سب چیزوں سے جدا ہے اور نہ ہی وہ اَشیاء سے جدا ہے جو کہا جائے کہ وہ ان چیزوں میں پایا جاتا ہے۔ وہ اَشیاء سے نہیں کہ کہا جائے ان سے جدا ہو گیا، نہ ہی وہ ان اَشیاء سے بنا ہے کہ کہا جائے وہ بن گیا بلکہ وہ کیفیت سے پاک ہے، شہ رگ سے زیادہ قریب اور وہ ہر قسم کی مُشَابَہَت سے بہت بعید ہے، اس کے بندوں کا کوئی لمحہ، کسی لفظ کی بازگشت، ہَوا کا کوئی جھونکا، کسی قدم کی آہٹ انتہائی تاریک رات میں بھی اس سے پوشیدہ نہیں، چمکتے چاند کی روشنی اس پر چھا نہیں سکتی، سورج کے روشن ہالہ کی کوئی کرن اس سے باہر نہیں، نہ ہی آنے والی رات کا متوجہ ہونا اور جانے والے دن کا پھرنا اُس پر مَخْفِی ہے بلکہ وہ کائنات کی ہر شی کا احاطہ کئے ہوئے ہے، وہ ہر مکان، ہر گھڑی، ہر لحظہ، ہر انتہا، ہر مدت سے باخبر ہے، انتہائیں تو مخلوق کے لئے ہوتیں ہیں اور حدیں اس کے غیر کی طرف منسوب ہیں۔ اَشیاء خود بخود پیدا نہیں ہوتیں اور نہ پہلے زمانے کے ساتھ متصف ہوتی ہیں کہ ان کے اول وقت کو ابتدا قرار دیا جائے، بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جو چاہا پیدا فرمایا اور ان کو تخلیق وافزائش بخش دی اور جیسی چاہی صورت بخشی اور کیا ہی حسین صورتیں بنائیں، وہ اپنی بلندی وبزرگی میں یکتا ہے اور کوئی شے اس کے مُقَابِل نہیں اور نہ ہی مخلوق کا اِطاعت کرنا اس کو نَفع پہنچا سکتا ہے۔ وہ دعا کرنے والوں کی دُعا قبول فرماتا ہے، زمین


www.dawateislami.net

وآسمان اس کے عبادت گزار فرشتوں سے بھرے پڑے ہیں، مُردوں اور زندوں کے بارے میں بھی علم رکھتا ہے، بلند آسمانوں، ساتوں زمین نیز ہر چیز کے مُتَعلّق علم رکھتا ہے، کثیر آوازوں کا جمع ہونا اسے متحیر نہیں کرتا اور نہ ہی کثیر زبانوں کا سننا اسے کسی ایک سے مشغول کرتا ہے، وہ مختلف آوازوں کو سننے والا اور بغیر اَعضاء و جوارح انہیں جواب دینے والا، مدبّر، بصیر، تمام اُمُور کا جاننے والا اور خود زندہ اوروں کو قائم رکھنے والا ہے۔

پاک ہے وہ جس نے بغیر اعضاء و بغیر ہونٹ حضرت سیِّدُ نا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام سے کلام فرمایا اور جو یہ گمان کرتا ہے کہ ہمارا خدا محدود ہے پس وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حقیقت سے نابلد ہے اور جو یہ کہے کہ مکانات اس کا احاطہ کئے ہوئے ہیں تو وہ فساد میں ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ تو ہر جگہ کو مُحیط ہے۔ پس اگر تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ایسی صفات بیان کرنے سے باز نہیں آتا جو اس کی شان کے لائق نہیں تو حضرت سیِّدُ نا جبریل، میکائیل اور اسرافیل عَلَیْہِمُ السَّلام کی تو صفت بیان کر کے دِکھا جو اس کی مخلوق ہیں حالانکہ تو اس سے بھی عاجِز ہے تو پھر خالق و مَعبُود عَزَّوَجَلَّ کی صفت کا کیسے اِدراک کر سکتا ہے جسے نہ اُونگھ آئے نہ نیند؟ زمین وآسمان پر اُسی کی بادشاہت ہے اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔''

﴿228﴾...... حضرت سیِّدُ نا ابوالفرج رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں: ''مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں بچپن میں مر جاؤں جنّت میں داخل ہو جاؤں اور بڑا ہو کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مَعرِفت نہ حاصل کر پاؤں۔''

## اہلِ ایمان سے محبت:

﴿229﴾...... حضرت سیِّدُ نا عمر بن علی بن حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ''لوگوں کا سب سے بڑا خیر خواہ اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی زیادہ مَعرِفت رکھنے والا وہ شخص ہے جو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے والوں (یعنی مسلمانوں) سے ان کے ایمان کی وجہ سے محبت رکھتا اور ان کی تعظیم کرتا ہے۔''

## صبر، یقین، جہاد اور عدل کے شعبے:

﴿230﴾...... حضرت سیِّدُ نا جلاس بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ہم امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضیٰ کرم کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک خُزاعی شخص آیا اور عرض کی: ''یا امیر المؤمنین! کیا



www.dawateislami.net

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور نبیِّ مُکَرَّم ،نُورِ مُجسَّم ،رسولِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اِسلام کی تعریف سماعت کی ہے؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ہاں! میں نے حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ'' (عَمَل کے اعتبار سے) اسلام کی بنیاد چار اَرکان پر ہے۔صَبْر، یقین، جہاد اور عَدل۔ پھر صبر کے چار شعبے ہیں: (۱) جنّت کا شوق (۲) جہنم کا خوف (۳) دُنیا سے بے رَغبتی (۴) مَوت کا انتظار، لہٰذا جو جنت کا مشتاق ہوتا ہے وہ شہوات سے خود کو بچاتا ہے اور جسے جہنم کا ڈر ہوتا ہے وہ حرام کاموں سے باز رہتا ہے، دنیا سے بے رَغبتی اختیار کرنے والے کے لئے مصیبتوں پر صَبْر کرنا آسان ہوتا ہے اور جو شخص موت کا منتظر ہوتا ہے وہ نیکیوں کی طرف جلدی کرتا ہے۔

اور یقین کے بھی چار شعبے ہیں: (۱) فَہم وفِراست (۲) عِلم ومَعْرِفَت (۳) عِبرت ونصیحت اور (۴) اِتباعِ سنت، تو جس نے فَہم وفِراست کو پالیا اس نے عِلم ومَعْرِفَت کو حاصل کرلیا اور جس نے عِلم ومَعْرِفَت کو حاصل کرلیا اس نے عِبرت ونصیحت سے فائدہ اٹھالیا اور جس نے عِبرت ونصیحت پائی اس نے اتباع سنّت کی اور جس نے سنّت کی اتباع کی گویا کہ وہ اولین میں شامل ہوگیا۔

پھر فرمایا کہ جہاد کے بھی چار شعبے ہیں: (۱) نیکی کی دعوت دینا۔ (۲) بُرائی سے مَنْع کرنا (۳) ہر حال میں سچائی پر قائم رہنا اور (۴) نافرمانوں سے نَفْرت کرنا۔ لہٰذا جس نے نیکی کا حکم دیا اس نے مومن کی پیٹھ مضبوط کی ، جس نے بُرائی سے مَنْع کیا اس نے مُنافِق کی ناک خاک میں ملادی، جس نے ہر جگہ سچ بولا اس نے اپنا فریضہ ادا کردیا اور اپنے دین کی حفاظت کی اور جس نے نافرمانوں سے نَفْرت کی اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے غصّہ کیا (یعنی اس کی نافرمانیوں کی وجہ سے اس نافرمان وگنہگار کو چھوڑے رکھا) اور جس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے غصہ کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ بھی اس کے لئے غضب فرمائے گا۔

مزید ارشاد فرمایا: ''عدل کے بھی چار شعبے ہیں: (۱) تحقیق کرنا (۲) زیورِ عِلْم سے خود کو آراستہ کرنا (۳) اَحکامِ شَرع کو جاننا اور (۴) باغِ حِلم میں رہنا، پس جس نے تحقیق سے کام لیا اس نے حُسنِ عِلم کو روشن کردیا، جس نے باغِ عِلم کو سیراب کیا اس نے شَرِیْعَت کے اَحکام جان لئے اور جس نے شَرِیْعَت کے اَحکام مَعْلُوم کرلئے وہ حِلم وبردباری کے باغات میں داخِل ہوگیا اور جو شخص گلستانِ حِلم میں داخِل ہوتا ہے وہ کسی مُعامَلے میں کوتاہی نہیں کرتا بلکہ لوگوں میں یوں


www.dawateislami.net

زندگی بسر کرتا ہے کہ لوگ اس سے راحت و آرام پاتے اور خوش ہوتے ہیں۔'' [1]

## موت، انسان کی محافظ:

﴿231﴾...... حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن ابی کثیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَبِیْر سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے عرض کی گئی: ''کیا ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حفاظت نہ کریں؟'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: ''انسان کی مُحافِظ اس کی موت ہے۔'' [2]

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے ایسی اور بھی عُمدہ باتیں اور باریک و دِلچسپ نکات منقول ہیں جو محفوظ نہ رہے۔''

# فَرامِیْنِ مَولامُشْکِل کُشا

﴿232﴾...... حضرت سیِّدُنا قَیس بن اَبی حازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ''عمل سے بڑھ کر اس کی قبولیت کا اہتمام کرو اس لئے کہ تقویٰ کے ساتھ کیا گیا تھوڑا عَمل بھی بہت ہوتا ہے اور جو عَمل مقبول ہو جائے وہ کیونکر تھوڑا ہوگا۔'' [3]

## اَصل بھلائی کیا ہے؟

﴿233﴾...... حضرت سیِّدُنا عبدِ خیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ''بھلائی یہ نہیں کہ تجھے کثیر مال و اولاد حاصل ہو جائے بلکہ بھلائی یہ ہے کہ تیرا عِلم کثیر ہو اور حِلم بھی عَظِیم ہو اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عِبادت اتنی زیادہ کرے کہ لوگوں سے سَبقت لے جائے۔ جب تُو نیکی کرنے میں کامیاب ہو جائے تو اس پر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا شُکر بجالائے اور اگر گُناہ میں پڑ جائے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے اس کی بخشش طَلب

---

1 ...... شرح اصول اعتقاد اهل السنة والجماعة، باب جماع الكلام فى الايمان، الحديث: ۵۷۰، ج۱، ص۷۴۱.

2 ...... جامع معمر بن راشد مع مصنف عبد الرزاق، كتاب الجامع، باب القدر، الحديث: ۲۰۲۶۵، ج۱۰، ص۱۵۴، مفهومًا

3 ...... تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، الرقم ۴۹۳۳ على بن ابى طالب، ج۴۲، ص۵۱۱۔
تاريخ الخلفاء للسيوطى، على بن ابى طالب، فصل فى نبذ من اخبار ...... الخ، ص۱۸۱.



www.dawateislami.net

کرے۔اور دُنیا میں بھلائی اس آدمی کو حاصل ہوتی ہے جو گناہ ہوجانے کی صورت میں توبہ کرکے اس کا تَدارُک (اصلاح) کرلیتا ہے یا وہ شخص جو نیکیاں کرنے میں جلدی کرتا ہے اور تقویٰ و پرہیزگاری سے کیا گیا کوئی عمل بھی قلیل نہیں ہوتا اور جو عمل مقبول ہوجائے وہ کیونکر قلیل ہوگا۔'' (1)

## 5 عمدہ باتیں:

﴿234﴾......حضرت سیِّدُنا ابوزَغْل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ''میری 5 باتیں یاد رکھو (اور یہ ایسی عُمدہ و نایاب باتیں ہیں کہ) اگر تم اُونٹوں پر سوار ہو کر انہیں تلاش کرنے نکلو گے تو اُونٹ تھک جائیں لیکن یہ باتیں نہ مل پائیں گی: (۱) بندہ صرف اپنے رب عَزَّوَجَلَّ سے اُمّید رکھے۔ (۲) اپنے گناہوں کی وجہ سے ڈرتا رہے۔ (۳) جاہِل علم کے بارے میں سوال کرنے سے نہ شرمائے۔ (۴) اور اگر عالِم کو کسی مسئلے کا علم نہ ہوتو (ہرگز نہ بتائے اور لاعلمی کا اظہار اور صاف اِنکار کرتے ہوئے) ''وَاللّٰہُ اَعْلَم یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ سب سے زیادہ علم والا ہے۔'' کہنے سے نہ گھبرائے اور (۵) ایمان میں صَبْر کی وہ حیثیت ہے جیسی جسم میں سر کی، اس کا ایمان (کامل) نہیں جو بے صَبْری کا مظاہرہ کرتا ہے۔'' (2)

## لمبی امیدوں کا نقصان:

﴿235﴾......حضرت سیِّدُنا مہاجر بن عمیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین مَولا مُشکِل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ''میں دو چیزوں سے بہت زیادہ خوف زدہ رہتا ہوں (۱) خواہش کی پیروی اور (۲) لمبی امیدیں۔ خواہش کی پیروی سے تو اس لئے خوف آتا ہے کہ یہ حق قبول کرنے میں رکاوٹ بن جاتی اور اس پر عمل کرنے سے روکتی ہے اور لمبی امیدوں سے خوف زدہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ آخرت بھلادیتی ہیں۔ خبردار! دنیا پیٹھ پھیرے جارہی ہے اور آخرت ہمارا رُخ کئے ہمارے قریب آرہی ہے۔ ان دونوں (دنیا و آخرت) کے اپنے اپنے بیٹے (یعنی چاہنے والے) ہیں لیکن سنو! تم آخرت کے بیٹے (یعنی چاہنے والے) بنو اور دنیا کے بیٹے (یعنی چاہنے والے) نہ بنو۔ اس لئے کہ آج (یعنی دُنیا) عمل کا دِن ہے، یہاں حساب نہیں ہے اور کل (یعنی آخرت)

---

1 ......الزھد الکبیر للبیھقی، فصل فی قصر الأمل و المبادرۃ العمل......الخ، الحدیث:۷۰۸، ص۲۷۶، مختصراً.

2 ......شعب الإیمان للبیھقی، باب فی الصبر علی المصائب، الحدیث:۹۷۱۸، ج۷، ص۱۲۴، بتغیرٍ قلیلٍ.



www.dawateislami.net

حِساب کا دِن ہے وہاں عَمَل کا موقع نہیں ملے گا۔“ (1)

## صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کے صُبح وشام:

﴿236﴾......حضرت سیِّدُنا ابو اَراکہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد آفتاب کے ایک نیزہ بلند ہونے تک اسی جگہ اَفسُردہ حالت میں تشریف فرما رہے، پھر فرمانے لگے کہ ”میں نے رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اَصحاب کو دیکھا ہے، لیکن تم میں سے کوئی بھی ان کے مشابہ نہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! وہ صُبح اس حال میں کرتے کہ بال بکھرے ہوتے، بدن گرد آلود اور چہرہ زَرد ہوتا تھا ایسے لگتا جیسے لوگ ان کے سامنے تعزِیت کرنے کے لئے جمع ہیں اور رات تلاوتِ قرآن کرتے ہوئے کبھی اپنے قدموں پھر زور دیتے تو کبھی اپنی پیشانیوں پر۔ جب وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتے تو اس طرح جھومتے جس طرح آندھی میں درخت جھومتا ہے۔ پھر ان کی آنکھیں اس قدر آنسو بہاتیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم ان کے کپڑے بھیگ جایا کرتے اور اب تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! لوگ غَفلت میں رات گزارتے ہیں۔“ (2)

## گُمنام بندوں کے لئے خوشخبری:

﴿237﴾......حضرتِ سیِّدُنا حَسَن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ”اللہ عَزَّوَجَلَّ کے گمنام بندوں کے لیے خوشخبری ہے! وہ بندے جو خود تو لوگوں کو جانتے ہیں لیکن لوگ انہیں نہیں پہچانتے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے (جنّت پر مُقرّر فِرِشتے) حضرت سیِّدُنا رِضوان عَلَیْہِ السَّلَام کو ان کی پہچان کرادی ہے یہی لوگ ہدایت کے روشن چراغ ہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمام تاریک فتنے اِن پر ظاہر فرما دیئے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ اِنہیں اپنی رحمت (سے جنّت) میں داخل فرمائے گا۔ یہ شہرت چاہتے ہیں نہ ظُلم کرتے ہیں اور نہ ہی ریا کاری میں پڑتے ہیں۔“ (3)

---

1......الزھدللامام احمدبن حنبل ،زھدامیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث:٦٩٣،ص١٥٦۔
المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام علی بن ابی طالب ، الحدیث:١،ج٨،ص١٥٥.

2......صفة الصفوة ،ابو الحسن علی بن ابی طالب ،ج١،ص١٧٣ ،بتغیرٍقلیلٍ.

3......الزھد لھناد بن السری ،باب الریاء ،الحدیث: ٨٦١،ج٢،ص٤٣٧۔
المصنف لابن ابی شیبة ، کتاب الزھد،کلام علی بن ابی طالب ،الحدیث:٣،ج٨،ص١٥٥.



www.dawateislami.net

## کامل فقیہ کون؟

﴿238﴾......حضرت سیِّدُنا عاصم بن ضَمْرہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ''سنو! کامل فقیہ وہ ہے جو لوگوں کو رحمتِ الٰہی سے مایوس نہ کرے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عذاب سے بے خوف نہ ہونے دے، اُس کی نافرمانی کی رُخصت نہ دے اور قرآنِ حکیم چھوڑ کر کسی اور چیز میں رغبت نہ رکھے، بغیر علم کے عبادت، بغیر فہم کے علم اور بغیر غور و فکر اور تَدَبُّر کے تلاوتِ قرآن میں کوئی بھلائی نہیں۔'' (1)

﴿239﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن مُرَّہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ''اے لوگو! علم کے سرچشمے، رات کے چراغ (یعنی راتوں کو جاگ کر عبادتِ الٰہی کرنے والے)، بوسیدہ لباس اور پاکیزہ دل والے بن جاؤ اِس کے سبب آسمانوں میں تمہارے چرچے ہوں گے اور زمین میں تمہارا ذکر بلند ہوگا۔'' (2)

## حضرت سیِّدُنا علی المرتضی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے رِقّت انگیز بیانات

﴿240﴾......حضرت سیِّدُنا بکر بن خلیفہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ''اے لوگو! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تم بچھڑے کی طرح بے تابی سے آوازیں نکالو، کبوتر کی طرح پکارو، راہبوں کی طرح گوشہ نشین ہو جاؤ، اپنی اولاد و مال چھوڑ کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں بلند مرتبہ میں اس کا قرب پانے یا اپنے گناہوں کو جنہیں کِرَامًا کَاتِبِیْن نے گن رکھا ہے بخشوانے کے لئے چل پڑو تو یہ سب اس عظیم و کثیر ثواب کے مُقابلے میں بہت تھوڑا ہے جس کی میں تمہارے لیے اُمید کرتا ہوں۔ بہر حال میں تمہیں اس کے دردناک عذاب سے ڈراتا ہوں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تمہاری آنکھیں اس

---

1 ......سنن الدارمی، المقدمة، باب من قال: الخشية وتقوى الله، الحديث: ۲۹۷/ ۲۹۸، ج۱، ص۱۰۱.

2 ......سنن الدارمی، المقدمة، باب العمل بالعلم......الخ، الحديث: ۲۵۶، ج۱، ص۹۲، بتغيرٍ، روی عبد الله بن مسعود.



www.dawateislami.net

کے خوف اور اس سے مُلاقات کے شوق میں آنسو بہائیں پھر تم رہتی دنیا تک جیو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں ایمان کی نعمت سے نواز کر اس کے سبب جو تمہارے لئے بڑے بڑے انعامات رکھے ان کے لئے تم اَعمالِ صالحہ کرکے، مَشقّتیں سہہ سہہ کے کوئی کسر باقی نہ چھوڑو اور تا قیامت نیک اَعمال پر قائم رہو پھر بھی تم اپنے عَمَل کی بدولت جنّت کے حق دار نہیں بن سکتے۔ ہاں مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے تم رحم کئے جاؤ گے اور تم میں انصاف کرنے والے اس کی جنت میں داخل کئے جائیں گے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں اور تمہیں توبہ کرنے والے عبادت گزاروں میں شامل فرمائے۔''

﴿241﴾......حضرت سیِّدُنا جعفر بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الصَّمَد سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم ایک جنازہ میں شریک ہوئے تدفین کے بعد میت کے وُرثاء پر گریہ طاری ہوگیا اور وہ رونے لگے، تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم کیوں روتے ہو؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تم ان اَحوال کا مُشَاہدہ کر لیتے جن کا مُشَاہَدہ میت نے کیا ہے تو تم اس مردے کو بھول جاتے (اور اپنے آپ پر روتے) یاد رکھو! موت تمہارے پاس آتی رہے گی یہاں تک کہ تم میں کوئی ایک بھی زندہ نہ رہے گا۔ اتنا بیان کرنے کے بعد حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کھڑے ہوگئے اور فرمایا: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں جس نے تمہارے لئے بُہت سی مثالیں بیان فرمائیں اور تمہاری مَوت کا وقت مُقرّر کر رکھا ہے۔ اس نے تمہیں ایسے کان عطا کئے ہیں کہ وہ جو سُن لیتے ہیں اسے یاد کر لیتے ہیں اور ایسی آنکھیں بخشیں ہیں کہ جس چیز کو ان آنکھوں سے دیکھ لیا جاتا ہے وہ واضح ہو جاتی ہے۔ اس نے تمہیں ایسے دِل بھی دیئے ہیں جو مُعامَلات کو سمجھ لیتے ہیں بے شک اُس نے تمہیں بے مَقصَد پیدا نہیں فرمایا بلکہ کامل نعمتوں اور عمدہ اَشیاء کے ساتھ تمہیں عزّت بخشی، تمہارے لئے ہر چیز کی مقدار مقرر فرمائی اور تمہارے اَعمال کے مطابق جزا مقرر فرمائی۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرو! اسے پانے کی کوشش کرو! خواہشات کا دم توڑنے والی موت سے ہمکنار ہونے سے پہلے پہلے (نیک) عَمَل کے ذریعے اس کے لئے تیاری کرو کیونکہ دنیا کی نعمتیں عارضی و فانی ہیں۔ اس کی آفتوں سے نہ کسی متکبر و مغرور کا غرور بچا سکتا ہے تو نہ ہی کسی اَفواہ ساز کی بات اور نہ باطل و ناحق کی طرف میلان رکھنے والے کسی شخص کا سہارا امن دے سکتا ہے کہ جو مشکل وقت میں ساتھ چھوڑ دیتا اور ہر وقت شہوت میں بدمست ہو کر خود فریبی کا شکار رہتا ہے۔


www.dawateislami.net

اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! آیات واَحادیث سے عبرت ونصیحت حاصل کرو! اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عذاب سے ڈرو! وعظ و نصیحت سے نفع حاصل کرو! موت تم میں اپنے پنجے گاڑ چکی اور تمہیں مٹی کے گھر سے ملا کر رہے گی پھر صور پھونکنے کے ساتھ ہی قبروں سے اُٹھنے، میدان محشر کی طرف ہانکے جانے اور حساب کے لئے اللہ جبار وقہار عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں کھڑے ہونے والے ہولناک قسم کے اُمور پیش آنے والے ہیں اور یہ وہ دن ہے جب ہر نفس کے ساتھ ہانکنے والا ہوگا جو اسے میدان محشر کی طرف لے جائے گا اور ایک گواہ ہوگا جو اس کے اعمال کی گواہی دے گا۔ چنانچہ،

اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمانِ عبرت نشان ہے:

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِایْٓءَ بِالنَّبِیّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ﴿٦٩﴾

(پ ٢٤، الزمر: ٦٩)

ترجمۂ کنزالایمان: اور زمین جگمگا اُٹھے گی اپنے رب کے نور سے اور رکھی جائے گی کتاب اور لائے جائیں گے انبیا اور یہ نبی اور اُس کی اُمت کے اُن پر گواہ ہوں گے اور لوگوں میں سچا فیصلہ فرما دیا جائے گا اور اُن پر ظلم نہ ہوگا۔

اس دن تمام شہر تھرا اُٹھیں گے۔ منادی ندا دے گا۔ وہ دن ملاقات کا دن ہوگا۔ پنڈلی سے پردہ اُٹھ جائے گا۔ سورج بے نور ہو جائے گا۔ دَرِندے محشر میں جمع کئے جائیں گے۔ راز ظاہر ہو جائیں گے۔ بدکاروں کے لئے ہلاکت کا دن ہوگا۔ دل کانپ اُٹھیں گے۔ اہلِ جہنم کے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے پھٹکار ہوگی۔ جہنم ان پر اپنے آنکڑے اور ناخن نکال لے گی اور ان پر چیخے چلائے گی۔ اس کی آگ کو ہوا مزید بھڑکائے گی۔ اس میں رہنے والے سانس نہ لے سکیں گے نہ ان پر موت طاری ہوگی اور نہ ان کی تکلیفیں ختم ہوں گی۔ ان کے ہمراہ فرشتے ہوں گے جو انہیں جہنم میں داخلے اور کھولتے پانی کی خوشخبری سنائیں گے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دیدار سے محروم نیز اس کے اولیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام سے دور ہوں گے اور جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔

اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندو! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اس شخص کی طرح ڈرو جو ڈرا اور عاجزی اِختیار کی۔ خوفزدہ ہوا اور کوچ کے لئے چل پڑا۔ محتاط نظروں سے دیکھا تو کانپ اُٹھا۔ تلاش میں نکلا تو نجات کے لئے بھاگ پڑا۔ قیامت کی تیاری کے لئے زادِ راہ کمر پر رکھ لیا اور یاد رکھو! اللہ عَزَّوَجَلَّ بدلہ لینے کے لئے کافی، ہر عمل کو دیکھنے والا، اعمال نامہ مضبوط فریق اور حجت کے لئے کافی، جنت ثواب دینے میں اور جہنم عذاب دینے میں کافی ہے۔ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اپنے اور


www.dawateislami.net

تمہارے لیے مَغْفِرت طَلَب کرتا ہوں۔ "[1]

## نُوف بِکَالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی کو نصیحت:

﴿242﴾......حضرت سیِّدُ نا نُوف بِکَالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی سے مروی ہے کہ ایک رات امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم باہر نکلے اور ستاروں کی طرف دیکھنے لگے پھر فرمایا: "اے نُوف! سو رہے ہو یا جاگ رہے ہو؟" میں نے عرض کی: "یا امیر المومنین! جاگ رہا ہوں۔" فرمایا: اے نُوف! دنیا میں زُہد اِختیار کرنے اور آخرت میں رغبت رکھنے والوں کے لئے خوشخبری ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے (رہنے کے لئے بلند و بالا مکانات تعمیر کرنے کے بجائے خالی) زمین کو اختیار کیا، اس کی خاک کو اپنا بچھونا بنالیا اور اس کے پانی کو خوشبو تصوُّر کرلیا، تِلاوتِ قرآنِ پاک اور دُعا کو اپنی پہچان اور شِعار بنالیا، دنیا سے حضرت سیِّدُ نا عیسٰی رُوحُ اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرح کَنارہ کشی اختیار کی۔

اے نُوف! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرتِ سیِّدُ نا عیسٰی رُوحُ اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَام کی طرف وحی فرمائی کہ "بنی اسرائیل کو حکم فرمادو کہ وہ پاکیزہ دل، جھکی نگاہ اور (ظُلم سے) پاک وصاف ہاتھ لے کر میرے گھر (یعنی مَسْجِد) میں داخل ہوں اس لئے کہ میں ان میں سے کسی ایسے کی دُعا قبول نہیں کروں گا جس نے میرے کسی بندے پر ظُلم کیا ہوگا۔

اے نُوف! شاعر، نگران، (ظالم) پولیس والا، خراج وُصول کرنے والا اور (ظلمًا) ٹیکس لینے والا نہ بننا۔ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا داؤد عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام رات کے کسی وقت میں کھڑے ہوئے اور فرمایا: "یہ وہ گھڑی ہے جس میں بندہ جو دعا مانگتا ہے قبول کی جاتی ہے بشرطیکہ وہ نگران، (ظالم) پولیس والا، خراج وُصول کرنے والا، (ظلمًا) ٹیکس لینے والا، ستار (طنبورے کی قسم کا ایک باجا) اور ڈھول بجانے والا نہ ہو۔" [2]

## عالم، طالبِ علم اور جاہل:

﴿243﴾......حضرت سیِّدُ نا کُمَیل بن زیاد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ رَبِّ الْعِبَاد سے مروی ہے کہ ایک دن امیر المؤمنین مولا

[1] ......صفة الصفوة، ابو الحسن علی بن ابی طالب، کلمات منتخبة من کلامه و مواعظه، ج١، ص١٧١-١٧٢، مختصرًا.

[2] ......تاریخ بغداد، الرقم٣٦٠٨ جعفر بن مبشر، ج٧، ص١٧٣، مختصرًا۔

تفسیر القرطبی، سورۃ البقرة، تحت الآیة١٨٦، ج١، الجزء الثانی، ص٢٣٩-٢٤٠



www.dawateislami.net

مُشکِل کُشا، شہنشاہِ اولیا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم میرا ہاتھ پکڑ کر ایک قبرستان کے کنارے چلنے لگے یہاں تک کہ جب ہم ایک کھلے میدان میں پہنچے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک جگہ بیٹھ کر سانس لینے لگے۔ پھر کچھ دیر بعد فرمانے لگے: ''اے کُمَیل بن زیاد! دِل برتنوں کی طرح ہیں اور ان میں بہترین دِل وہ ہے جو بات کو زیادہ یاد رکھے۔ یہ بات یاد رکھو! کہ لوگ تین طرح کے ہوتے ہیں: (۱)......عالِمِ رَبّانی (۲)......راہِ نجات پر چلنے والا طالبِ عِلمِ دِین اور (۳)......وہ بےوُقُوف اور جاہل لوگ جو ہر سنی سنائی بات کی پیروی کرنے لگ جاتے ہیں، ہر ہوا کے ساتھ بدل جاتے ہیں، نورِ عِلم سے اپنے قلب و باطِن کو روشن کرنے سے محروم رہتے اور کسی مضبوط ستون کو ذریعۂ حفاظت نہیں بناتے ہیں۔

عِلم مال سے بہتر ہے۔ عِلم تیری حفاظت کرتا ہے جبکہ مال کی تجھے حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ عِلم پھیلانے سے بڑھتا ہے جبکہ مال خرچ کرنے سے گھٹتا ہے۔ عالِم سے لوگ مُحبت کرتے ہیں۔ عالِم، عِلم کی بدولت اپنی زندگی میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اِطاعت بجالاتا ہے۔ عالِم کے مرنے کے بعد بھی اس کا ذِکرِ خَیر باقی رہتا ہے جب کہ مال کا فائدہ اس کے زوال کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے اور یہی مُعَامَلَہ مالداروں کا ہے کہ دنیا میں مال ختم ہوتے ہی ان کا نام تک مٹ جاتا ہے اس کے بَرعکس عُلما کا نام رہتی دنیا تک باقی رہتا ہے۔ مالداروں کے نام لینے والے کہیں نظر نہیں آتے جبکہ عُلمائے دِین کی عزّت اور مقام ہمیشہ لوگوں کے دِلوں میں قائم رہتا ہے۔ ہائے افسوس!'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہاتھ سے اپنے سینے کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ''یہاں ایک عِلم ہے، کاش! تم اُسے اس کے اُٹھانے والوں تک پہنچا دو، ہاں تم اسے ذَہین و فَطِین کو پہنچا دو گے جس پر اطمینان نہیں رہا، دِین کو دُنیا کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حجتوں کے ذَرِیعے اس کی کتاب پر اور اس کی نعمتوں کے ذَرِیعے اس کے بندوں پر غَلَبَہ پا رہا ہے یا پھر وہ اہلِ حق کے سامنے تو سرِ تسلیم خم کئے ہوئے ہے لیکن اس میں کوئی بصیرت نہیں۔

ایسے عِلم والے کے دِل میں پہلی ہی دفعہ شک جگہ بنا لیتا ہے نہ اسے کامیابی ملتی ہے اور نہ ہی دوسرا کامیاب ہوتا ہے جسے یہ عِلم سکھاتا ہے۔ وہ لذات و خواہشات میں مُنْہَمِک رہتا ہے۔ شہوات کی زنجیروں میں جکڑا ہوتا ہے یا مال و دولت کے جمع کرنے میں لگا رہتا ہے اور یہ دونوں شخص دِین کی طرف بُلانے والے نہیں ان دونوں کی مثال تو چرنے


www.dawateislami.net

والے جانور کی سی ہے۔اس طرح علم بھی ایسے لوگوں کے ساتھ مرجاتا ہے مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ جانتا ہے کہ زمین اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حق کو دلائل کے ساتھ قائم کرنے والوں سے کبھی خالی نہیں ہوتی تاکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حجتیں اور اس کے واضح دلائل ضائع نہ ہوجائیں۔ایسے نفوسِ قدسیہ کی تعداد بہت کم ہوتی ہے لیکن اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں ان کی قدر و منزلت بہت زیادہ ہے۔ان کے ذریعے اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنی حجتوں کا دِفاع فرماتا ہے یہاں تک کہ پھر ان کی مثل لوگ آکر ان کی جگہ یہ فریضہ انجام دیتے ہیں اور وہ ان کے دلوں میں شجرِ حق کی آبیاری کرتے ہیں پھر حقیقی علم ان کے پاس آتا ہے جس سے عیش پرست لوگ کنارہ کشی کرتے ہیں۔جب کہ یہ لوگ تیزی سے اس کی طرف مائل ہوتے ہیں اور جن چیزوں سے جاہلوں کو وحشت ہوتی ہے اُنہیں اس سے اُنسیت حاصل ہوتی ہے۔

ان کے جسم تو دُنیا میں ہوتے ہیں لیکن ان کی روحیں اعلیٰ مناظر کے ساتھ مُعلّق ہوتی ہیں۔یہی لوگ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے شہروں میں اس کے نائب اور اس کے دین کی دعوت دینے والے ہیں۔آہ! آہ! ان کی زیارت کا کس قدر شوق ہے! میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اپنی اور تمہاری بخشش کا سوال کرتا ہوں۔اب اگر تم چاہو تو کھڑے ہوجاؤ۔" (1)

# سیِّدُنا علی المرتضی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم کی مُبارَک زندگی

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم سے زُہد وقناعت نیز عبادت وخوف کے مُتَعلِّق جو منقول ومشہور ہے اس کا کچھ تذکرہ کیا جاتا ہے۔

عُلَمائے تَصوُّف فرماتے ہیں کہ "تَصوُّف دنیاوی ساز وسامان سے منہ پھیر کر حقیقی مقصد کی طرف بڑھنے کا نام ہے۔"

## سارا مال تقسیم فرمادیا:

﴿244﴾......حضرت سیِّدُنا علی بن ربیعہ والبی عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْوَالِي سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم کی خدمت میں ابنِ نَبّاج حاضر ہوا اور عرض کی: "یا امیر المؤمنین! اس وقت

(1)......تاریخ بغداد، الرقم ٣٤١٣ اسحاق بن محمد بن احمد بن أبان، ج٦، ص٣٧٦، مختصرًا۔
صفة الصفوة، ابو الحسن علی بن ابی طالب، کلمات منتخبة من کلامه ومواعظه، ج١، ص١٧٢-١٧٣.


www.dawateislami.net

بَیْتُ الْمَال سونے چاندی سے بھرا ہوا ہے۔‘‘ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اللّٰہ اکبر کہا اور ابنِ نَبّاج کے سہارے کھڑے ہو کر بیتُ المال تشریف لے گئے اور فرمایا:

هٰذَا جَنَایَ وَخِیَارُهٗ فِیْهِ وَكُلُّ جَانٍ یَدُهٗ اِلٰى فِیْهِ

ترجمہ: یہ میری خطا ہے اور بہترین مال اس میں ہے اور ہر خطا کار کا ہاتھ اس کے منہ میں ہے۔

پھر فرمایا: ’’اے ابن نَبّاج! میرے پاس کوفہ والوں کو لاؤ۔‘‘ لوگوں میں اعلان کر دیا گیا پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بیتُ الْمَال کا سارا مال لوگوں میں تقسیم فرما دیا اور حالت یہ تھی کہ ہاتھوں سے مال تقسیم فرماتے جاتے اور زبانِ اَقدس سے یہ کلمات دُہراتے جاتے: ’’اے سونا! اے چاندی! میرے پاس سے جا، ہائے افسوس! ہائے افسوس! حتی کہ کوئی درہم و دینار نہ بچا پھر بیتُ الْمَال میں پانی کے چھڑکاؤ کا حکم دیا اور اس جگہ دو رکعت نماز ادا فرمائی۔‘‘ (1)

﴿245﴾ ...... حضرت سیِّدُنا مُجَمِّع تَیْمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم بیتُ الْمَال کی صفائی کراتے، پھر اس میں اس اُمّید پر نماز ادا فرماتے کہ بروزِ قیامت یہ جگہ ان کے حق میں گواہی دے۔‘‘ (2)

﴿246﴾ ...... حضرت سیِّدُنا ابو عَمرو بن عَلَاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے لوگوں کو خُطْبَہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ’’اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں! تمہارے مال فَی (جو بغیر جنگ کے حاصل ہو) میں سے میرے پاس اس کے سوا کچھ نہیں ہے یہ کہہ کر اپنی آستین سے ایک بوتل نکالی اور فرمایا یہ میرے دیہاتی غلام نے مجھے ہبہ کی (یعنی تحفے میں دی) ہے۔‘‘ (3)

## ’’فالودہ‘‘ سے خطاب:

﴿247﴾ ...... حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن شَرِیک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بار امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کو کسی نے فالودہ پیش کیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

---

1 ...... فضائل الصحابة للامام احمدبن حنبل، اخبار امیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ۸۸٤، ج ۱، ص ۵۳۱.

2 ...... الاستیعاب فی معرفة الاصحاب، الرقم ۱۸۷۵ علی بن ابی طالب، ج ۳، ص ۲۱۱، بتغیر.

3 ...... الزهد للامام احمدبن حنبل، زهد امیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ٦٩٥، ص ۱۵۷، بتغیر.


www.dawateislami.net

نے اسے سامنے رکھ کر ارشاد فرمایا: ''بے شک تیری خوشبو عُمدہ، رنگ اُچھا اور ذائقہ لذیذ ہے لیکن مجھے یہ پسند نہیں کہ میں اپنے نَفس کو اس چیز کا عادی بناؤں جس کا وہ عادی نہیں۔'' (1)

﴿248﴾......حضرت سیِّدُنا عَدِی بن ثابِت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین مَولا مُشکِل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے سامنے فالودہ پیش کیا گیا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے تناوُل نہ فرمایا۔'' (2)

## کھجور اور گھی کا حلوا:

﴿249﴾......حضرت سیِّدُنا زِیاد بن مُلَیح رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے سامنے کھجور اور گھی کا حلوا پیش کیا گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے اپنے رُفقا کے سامنے رکھ دیا، انہوں نے اسے کھانا شُروع کر دیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: ''اِسلام گم شدہ اونٹ نہیں ہے لیکن قریش نے یہ چیز دیکھی تو اس پر ٹوٹ پڑے۔'' (3)

## مُہر لگا ہوا ستو کا تھیلا:

﴿250﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالْمَلِک بن عُمَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک ثَقَفی شخص نے مجھے بتایا کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے مجھے عُکْبَرا (بغداد میں ایک علاقہ ہے) پر عامل مُقرَّر کیا اور فرمایا: ''نماز پڑھنے والے راتوں کو آرام نہیں کرتے لہٰذا ظہر کے وقت میرے پاس آنا۔ چنانچہ، میں ظہر کے وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا دروازے پر دربان (یعنی چوکیدار) نہ ہونے کی وجہ سے میں سیدھا اندر چلا گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تَشْرِیف فرما تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس ایک پیالہ اور پانی کا لوٹا رکھا ہوا تھا۔ کچھ دیر کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنا تھیلا منگوایا میرے دِل میں خیال آیا کہ مجھے کچھ جواہر عطا فرمائیں گے حالانکہ مجھے نہیں مَعْلُوم تھا کہ اس تھیلے میں کیا ہے۔ تھیلا بند تھا۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی

1 ......الزھد للامام احمدبن حنبل، زھدامیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ۷۰۷، ص۱۵۸.

2 ......الزھد للامام احمدبن حنبل، زھدامیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ۷۰۰، ص۱۵۷.

3 ......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل، اخبار امیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ۸۹۵، ج۱، ص۵۳۷.



www.dawateislami.net

کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے اس کو کھول کر کچھ سَتّو نکالا اور انہیں پیالے میں ڈالا اور اس میں پانی ملایا پھر خود بھی پیا اور مجھے بھی پلایا۔ مجھ سے رہا نہ گیا تو میں نے عرض کی: ''یا امیر المومنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! عراق میں کھانے کی فراوانی (یعنی کثرت) ہے لیکن اس کے باوجود آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ عراق میں ایسا کھانا کیوں کھاتے ہیں؟'' امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ''اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے کنجوسی وبخل کی وجہ اسے تھیلے میں بند کر کے نہیں رکھا بلکہ ضَرورت کے لئے جمع کر رکھا ہے اور تھیلے کو اس ڈر سے بند کر رکھا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ ضائع ہو جائے اور اس کے علاوہ کسی اور چیز کی محتاجی ہو۔ لہٰذا میں نے اس کی حفاظت کی خاطر ایسا کیا ہے اور مجھے یہ پسند ہے کہ میں پاکیزہ کھانا ہی کھاؤں۔''

﴿251﴾...... حضرت سَیِّدُ نا اَعْمَش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کے پاس مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ تَعْظِیْمًاوَّتَکْرِیْمًا سے کوئی چیز آیا کرتی تھی جسے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صُبح وشام تناول فرمایا کرتے تھے۔''

﴿252﴾...... حضرت سَیِّدُ نا ہارون بن عَنْتَرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں خَوَرْنَق کے مقام پر امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک معمولی چادر اوڑھے ہوئے تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر کپکپی طاری تھی۔ میں نے عرض کی: ''یا امیر المؤمنین! بے شک اَللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ اور آپ کے گھر والوں کے لیے اس مال سے حصّہ مقرر فرمایا ہے۔ اس کے باوجود آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ حالت بنا رکھی ہے؟'' فرمایا: ''اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے تمہارے مال سے کوئی چیز استعمال نہیں کی یہ چادر بھی میں اپنے گھر سے یا فرمایا مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ تَعْظِیْمًاوَّتَکْرِیْمًا سے لایا تھا۔''

## حضرت علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا لباس

﴿253﴾...... حضرت سَیِّدُ نا زید بن وہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ اہلِ بصرہ کا وفد امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ اس وفد میں جَعْد بن نَعْجَہ نامی ایک خارجی شخص بھی موجود تھا اس نے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو لباس کے بارے



www.dawateislami.net

میں ملامت کی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میرا لباس مُتکبّرانہ نہیں اور مسلمانوں کو اس مُعاملے میں میری پیروی کرنی چاہئے۔'' (1)

﴿254﴾...... حضرت سیِّدُنا عُمرو بن قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیرالمؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے کسی نے عرض کی: ''یا امیرالمؤمنین! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لباس میں پیوند نہیں لگاتے؟'' فرمایا: ''اصل تو یہ ہے کہ بندے کے دِل میں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا خوف ہو اور مومن بندہ اسی کی پیروی کرتا ہے۔'' (2)

﴿255﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوسعید اَزْدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم بازار میں تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ ''کسی کے پاس اچھی قمیص ہے جو تین درہموں میں فروخت کرتا ہو؟'' ایک شخص نے عرض کی: ''میرے پاس ہے، پھر جا کر ایک قمیص لایا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بہت پسند آئی فرمایا: ''یہ تو تین درہم سے زیادہ کی ہے۔'' اُس نے کہا: ''نہیں، بلکہ اس کی قیمت یہی ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تھیلی سے تین درہم نکال کر اسے دیئے پھر قمیص زیبِ تن فرمائی تو اس کی آستینیں لمبی تھیں تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے زائد حصّہ اُتروادیا۔'' (3)

﴿256﴾...... حضرت سیِّدُنا علی بن اَرْقَم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَکْرَم کے والدِ محترم فرماتے ہیں کہ میں نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کو بازار میں تلوار بیچتے دیکھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمارہے تھے: ''یہ تلوار مجھ سے کون خریدے گا؟'' اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اس تلوار نے کئی بار حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چہرۂ اقدس سے تکلیف کو دور کیا ہے۔ اگر میرے پاس تہبند کے لئے رقم ہوتی تو میں اسے کبھی بھی فروخت نہ کرتا۔'' (4)

﴿258﴾...... حضرت سیِّدُنا یزید بن مِحْجَن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں رَحْبَہ کے مقام پر امیرالمؤمنین

---

1 ......الزهدللامام احمدبن حنبل، زهدامیرالمؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث:۷۰۶، ص۱۵۸.

2 ......الزهدللامام احمدبن حنبل، زهدامیرالمؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث:۶۹۹، ص۱۵۷.

3 ......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل، اخبارامیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث:۹۱۲، ج۱، ص۵۴۵.

4 ......المعجم الاوسط، الحدیث:۷۱۹۸، ج۵، ص۲۴۰، بتغیر.



www.dawateislami.net

مَولَا مُشکِل کُشا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کے ساتھ تھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تلوار منگوائی اور اسے فَرُوخت کرنے کا اعلان کیا اور فرمایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر میرے پاس تہبند کے لئے رقم ہوتی تو میں اسے کبھی بھی نہ بیچتا۔'' (1)

﴿259﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو رَجاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امیر المؤمنین مَولَا مُشکِل کُشا حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تلوار لے کر نکلے اور فرمایا: ''اس تلوار کو کون خریدے گا؟'' اگر میرے پاس تہبند کی قیمت ہوتی تو میں اسے کبھی فروخت نہ کرتا۔'' ابو رَجاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کہتے ہیں: ''میں نے عرض کی: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! میں اسے خریدتا ہوں اور وظیفہ ملنے تک اُدھار کروں گا۔'' (2)

ابو اُسامہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں: ابو رَجاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کہتے ہیں کہ ''جب عطیات ملے تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے وہ تلوار مجھے دے دی۔''

﴿260﴾......حضرتِ سیِّدُ نا عَنبَسہ نَحوِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ میں حضرت سیِّدُ نا حسن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بارگاہ میں حاضر تھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس قبیلہ بَنِی نَاجِیَہ کا ایک آدمی آیا، اس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: اے ابو سَعِید! ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کہتے ہیں کہ ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے جو کچھ کیا اس سے بہتر تھا کہ وہ مدینہ کی سوکھی کھجوریں کھا لیتے۔'' حضرت سیِّدُ نا حَسَن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے بھتیجے! کیا میں باطل بات کے ذریعے کسی کی جان بچاؤں گا۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! لوگوں سے ایک پاکیزہ تیر گم ہو گیا اور اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! انہوں نے کبھی اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا مال چوری نہیں کیا اور نہ ہی اس کے حکم سے رُوگردانی کی، انہوں نے قرآنِ پاک کے تمام حُقُوق پورے کئے اس کے حلال کو حَلال اور حَرام کو حَرام جانا یہاں تک کہ اس بات نے انہیں میٹھے حوضوں اور عُمدہ باغوں میں پہنچا دیا۔ اے بیوقوف شخص! یہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی شان ہے۔''

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد امیر المؤمنین علی بن ابی طالب، الحدیث: ۷۰۲، ص ۱۵۸.

2 ......فضائل الصحابۃ للامام احمد بن حنبل، ومن فضائل امیر المؤمنین علی، الحدیث: ۹۲۵، ج ۱، ص ۵۴۹.



www.dawateislami.net

# اَمیرِ مُعَاوِیَہ اور شانِ علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا

﴿261﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو صالح رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا ضرار بن ضَمُرہ کنانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدُ نا امیر مُعَاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس آئے تو حضرت سیِّدُ نا امیر مُعَاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''میرے سامنے امیر المؤمنین حضرتِ علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی شان بیان کرو!'' اُنھوں نے (مَعْذرت کرتے ہوئے) کہا: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! (میں ان کی شان کیسے بیان کرسکتا ہوں) کیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھے اس سے مُعاف نہیں رکھتے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تمہیں اس وقت تک معاف نہیں کروں گا جب تک حضرتِ علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کے اَوصاف بیان نہیں کرو گے۔'' حضرت سیِّدُ نا ضرار بن ضمرہ کنانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے کہا: ''چلیں اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھ پر لازم قرار دیتے ہیں تو پھر سنئے:

اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم خواہشات سے دور رہنے والے اور بُہت طاقت والے تھے، فیصلہ کن گفتگو فرماتے، لوگوں کے فیصلوں میں ہمیشہ عَدل وانصاف سے کام لیتے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے عِلْم وحِکْمت کے چشمے جاری ہوتے، دنیا اور اس کی آسائشوں سے وَحْشت محسوس کرتے اور رات اور اس کے اندھیرے سے اُنسیت حاصل کرتے۔

اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم ہمیشہ فکرِ آخرت میں مُتفکر رہتے، اپنا محاسبہ کرتے، پہننے اور کھانے کے لئے جو اور جیسا میسر آتا اسی پر راضی رہتے اور اتنے ہی پر قناعت فرماتے۔

اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جب ان کی خدمت میں کوئی جاتا تو اس پر شَفْقت فرماتے اپنے پاس بٹھاتے، ہر سوال کا جواب عنایت فرماتے، اتنی شَفْقت ومَحبت، اُلفت وقُربت کے باوجود بھی ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے رُعب وجلال کی وجہ سے بات نہ کرپاتے، جب مسکراتے تو دانت پروئے ہوئے چمکتے موتیوں کی طرح نظر آتے، اہلِ دِین کو عزّت وتکریم سے نوازتے، مساکین آتے تو وہ بھی مَحبت کی چاشنی پاتے، کوئی طاقتور ان سے باطل کی امید لگاتا تو مایوسی کو گلے لگاتا اور عَدل وانصاف ایسا کہ کمزور لوگ اپنی کمزوری سے نہ گھبراتے۔

اَللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے بعض دفعہ اِنہیں دیکھا جب رات کی تاریکی میں


www.dawateislami.net

ستارے چھپ جاتے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ محراب میں تشریف لے جاتے اور اپنی ریش (داڑھی) مُبارک پکڑ کر مُضطَرِب وغمزدہ شخص کی طرح آنسو بہاتے گویا کہ میں اب بھی ان کی آواز سن رہا ہوں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کہہ رہے ہیں اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں گڑگڑاتے پھر دُنیا کو للکارتے اور فرماتے: تو نے مجھے دھوکہ دینا چاہا میری طرف بن سنور کر آئی، مجھ سے دُور ہو جا، دُور ہو جا، کسی اور کو دھوکہ دینا میں تجھے تین طلاقیں دے چکا ہوں، تیری عمر قلیل، تیری مجلس حقیر اور تیرا خطرہ آسان ہے، ہائے افسوس! ہائے افسوس! زادِ راہ قلیل، سفر طویل اور راستہ پُرخطر ہے۔''

حضرت سیِّدُنا ضِرَار بن ضَمْرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کے اَوصاف بیان کرتے رہے اور حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حالت یہ تھی کی آنسوؤں سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی داڑھی مُبارک تر ہو گئی، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ انہیں اپنی آستین سے پونچھتے رہے، حاضرین بھی اپنے اوپر قابو نہ رکھ سکے اور رونے لگے، پھر حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: بے شک ابو حَسَن علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم ایسے ہی تھے۔ اے ضرار! ان پر تمہارا غم کیسا ہے؟'' عرض کی: ''اس عورت کی طرح جس کی گود میں اس کے بیٹے کو ذبح کر دیا گیا ہو نہ تو اس کے آنسو تھمتے ہیں، نہ ہی غم میں کمی آتی ہے۔''(1)

## تین مُشکِل عمل:

﴿262﴾......امامِ عالی مقام حضرت سیِّدُنا امام حسین ابن حیدر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ امیر المؤمنین مولا مشکل کشا حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ''تین عمل مُشکِل ہیں: (۱) اپنی جان کا حق ادا کرنا (۲) ہر حال میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتے رہنا اور (۳) اپنے حاجت مند مسلمان بھائیوں سے مالی تعاون کرنا۔''(2)

## اسلام میں نفاق کی گنجائش نہیں:

﴿263﴾......حضرت سیِّدُنا عبد الواحِد دِمَشْقِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ جنگِ صفین کے دن

---

(1)......الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، حرف العین، الرقم ۱۸۷۵ علی بن ابی طالب، ج۳، ص ۲۰۹، مختصر.

(2)......فردوس الاخبار للدیلمی، باب السین، الحدیث: ۳۲۹۳، ج۱، ص ۴۴۲، ''اشد الاعمال'' بدلہ ''سید الاعمال''.



www.dawateislami.net

حَوْشَب خِیْرِی نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم کوندادی: ''اے اِبنِ اَبی طَالب! ہم آپ کواللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا واسِطہ دیتے ہیں کہ جنگ بند کردیں،ہم آپ کے لئے عراق کا راستہ چھوڑ دیتے ہیں آپ ہمارے لئے شام کا راستہ چھوڑ دیں، اس طرح خون ریزی کا سلسلہ بند ہوگا اور مسلمانوں کی جانیں بچ جائیں گی۔

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے اُمِ ظُلَیم کے بیٹے! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر دِین میں مُدَاھَنَت (م۔دَا۔ہَ۔نَت: یعنی نفاق) کی گنجائش ہوتی تو میں ایسا ہی کرتا اور میرے لئے بھی آسان تھا لیکن یہ بات اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند نہیں ہے کہ اس کی نافرمانی ہوتی رہے اور اَہلِ اِسلام مُداھَنَت سے کام لیتے ہوئے خاموش رہیں۔'' [1]

## پیٹ پر پتھر باندھتے:

﴿264﴾...... حضرت سیِّدُنا محمد بن کَعْب رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''میں حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُبارَک زمانہ میں بھوک کی شدت سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھا کرتا تھا اور اب میرا صدقہ 40 ہزار دینار ہوتا ہے۔'' [2]

## محبِّ مولا علی کی پہچان:

﴿265﴾...... حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَةُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ ''امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم سے مَحبت کرنے والے بُردبار، علم والے، خشک ہونٹوں والے، ایسے نیکوکار ہوتے ہیں جو عبادت کی وجہ سے گوشہ نشین مَعلُوم ہوتے ہیں۔'' [3]

﴿266﴾...... حضرتِ سیِّدُنا علی بن حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ ''ہم سے مَحبت کرنے والے خشک ہونٹوں والے ہوتے ہیں اور ہم میں سے اِمام وہ ہے جو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی طاعت وعبادت کی طرف بلانے والا ہو۔''

---

1 ......الاستیعاب فی معرفةالاصحاب،حرف الحاء، الرقم ۵۹۹ حوشب بن طخیة الحمیری ،ج۱،ص۴۵۷.

2 ......الزهدللامام احمد بن حنبل،زهدامیرالمؤمنین علی بن ابی طالب،الحدیث ۷۱۱،ص ۱۵۹،بتغیرٍ.

3 ......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل ،باب ومن فضائل امیرالمؤمنین علی، الحدیث:۱۱۴۴،ج۲،ص ۶۷۱.



www.dawateislami.net

## محبانِ اہل بیت کی علامات:

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اہل بیتِ اطہار کے محبین خشک ہونٹوں والے ہوتے ہیں، وہ اپنی پیشانیاں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں جھکائے رکھتے اور موت کو یاد رکھتے ہیں، دنیا دار ظالموں اور مالداروں سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہوں نے دُنیوی راحتوں اور آسائشوں، لذتوں اور شہوتوں، اَنواع واَقسام کے کھانوں اور لذیذ شربتوں کو ترک کر دیا اور رسولوں، ولیوں اور صدیقوں کی راہ پر گامزن ہوئے، فناو زوال پذیر ہونے والی دُنیا کے تارِک، ہمیشہ باقی رہنے والی آخرت میں راغب رہے بالآخر اِنعام واکرام، فضل واحسان فرمانے والے ربِّ حنّان ومنّان، رحیم ورحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور جا پہنچے۔''

# حضرتِ سیِّدُنا طلحہ بن عُبَیْدُاللہ

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا طَلْحَہ بن عُبَیْدُ اللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار مشہور و مَعْرُوف صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں ہوتا ہے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اچھی عادات وعُمدہ صفات کے حامل تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ راہِ خدا میں اپنا مال خرچ کرتے حتی کہ جان بھی قربان کر دی۔ اپنی مَنّتیں پوری فرماتے، اپنے پروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے اس کی راہ میں خرچ کرتے، تنگدستی میں مَحض اپنے (اور اپنے گھر والوں کے) لئے مال خرچ کرتے اور خوشحالی میں اپنے مال سے دیگر لوگوں کی بھی خیر خواہی کرتے۔

عُلَمائے تصوُّف رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فرماتے ہیں: ''بُری صفات سے خود کو صاف ستھرا رکھنے اور دُنیا وآخرت میں مال وگناہ کے بوجھ سے اپنے آپ کو ہلکا رکھنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

## راہِ خُدا میں 70 زخم کھائے:

﴿269﴾......اُمُّ المؤمنین، حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے مَروِی ہے کہ ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب جنگِ اُحُد کے دن کو یاد کرتے تو فرماتے: ''وہ سارا دِن تو طَلْحَہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کا دن تھا۔'' مزید فرماتے ہیں: ''اس دن سب سے پہلے مَیں حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ


www.dawateislami.net

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تھا، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اور ابو عبیدہ بن جَرّاح (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا) کو ارشاد فرمایا: ''اپنے رفیق (یعنی حضرت طَلْحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی خبر لو کیونکہ وہ زخمی ہیں۔'' چنانچہ، ہم پہلے تو حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت کا شَرَف حاصل کرتے رہے پھر حضرت طَلْحہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے پاس آئے، دیکھا تو ان کے جسم پر تیروں، تلواروں اور نیزوں کے کم وبیش 70 زخم تھے اور ایک اُنگلی بھی کٹ گئی تھی۔ پس ہم نے ان کی خبر گیری کی۔''[1]

## اللہ عَزَّوَجَلَّ کا عہد پورا کرنے والے:

﴿270﴾......حضرت سیِّدُنا طَلْحہ بن عُبَیْدُاللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب نُور کے پیکر، دو جہاں کے تاجْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم غزوۂ اُحُد سے واپس تشریف لائے تو منبر پر جلوہ فرما ہو کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد وثنا بیان کی پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی:

رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ (پ۲۱، الاحزاب:۲۳)

ترجمۂ کنزالایمان: مسلمانوں میں سے کچھ وہ مرد ہیں جنھوں نے سچا کردیا جو عہد اللہ سے کیا تھا تو ان میں کوئی اپنی منّت پوری کرچکا۔

ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اس سے کون لوگ مراد ہیں؟'' حضرت سیِّدُنا طَلْحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: اتنے میں، مَیں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوا اور اس وقت میرے بدن پر دو سبز چادریں تھیں، حُضُور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میری طرف اِشارہ کر کے اس سُوال کرنے والے سے ارشاد فرمایا: ''یہ بھی اُن میں سے ہے۔''[2]

## زندگی میں مَنّتیں پوری کرلیں:

﴿271﴾......اُمّ المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھا فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ میں اپنے گھر میں بیٹھی ہوئی تھی اور نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِم اَجْمَعِیْن کے ساتھ صحن میں تشریف فرما تھے کہ اس دوران حضرتِ طَلْحہ بن عُبَیْدُاللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے

---

1......مسند ابی داود الطیالسی، احادیث ابی بکر الصدیق، الحدیث:٦، ص٣.

2......المعجم الکبیر، الحدیث:٢١٧، ج١، ص١١٧.



www.dawateislami.net

محبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ”جو کسی ایسے زندہ شخص کو دیکھنا چاہتا ہے جو اپنی مَنّتیں پوری کر چکا ہو تو وہ طَلْحَہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو دیکھ لے۔“ (1)

# حضرت سَیِّدُ نا طَلْحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی سخاوت

## 4لاکھ درہم کا صدقہ:

﴿272﴾......حضرت سَیِّدُ نا قُتَیْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک دِن حضرت سَیِّدُ نا طَلْحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پریشانی کے عالَم میں میرے پاس تشریف لائے میں نے ان سے دریافت کیا کہ ”آپ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کیوں پریشان ہیں؟ مجھے بتائیں تاکہ میں آپ کی مَدد کرسکوں۔“ فرمایا: ”ایسی کوئی بات نہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مسلمانوں کے کتنے اچھے دوست ہیں۔“ میں نے پوچھا: ”مُعامَلہ کیا ہے؟“ فرمایا: ”میرے پاس مال بہُت زیادہ ہوگیا ہے اور اس نے مجھے پریشان کررکھا ہے۔“ حضرت سَیِّدُ نا قُتَیْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے کہا: ”یہ بھی کوئی پریشانی والی بات ہے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسے (راہ خدا میں) تقسیم فرمادیں۔“ چنانچہ، حضرت سَیِّدُ نا طَلْحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سارا مال لوگوں میں تقسیم فرمادیا یہاں تک کہ ایک دِرہم بھی نہ چھوڑا۔“

حضرت سَیِّدُ نا طَلْحَہ بن یَحْیٰی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان فرماتے ہیں: ”میں نے جب حضرت سَیِّدُ نا طَلْحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے خزانچی سے مال کی مقدار مَعْلُوم کی تو اس نے 4لاکھ دِرہم بتائی۔“ (2)

## بِن مانگے مال بانٹتے:

﴿273﴾......حضرت سَیِّدُ نا قَبِیْصَہ بن جَابِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ میں حضرت سَیِّدُ نا طَلْحَہ بن عُبَیْدُ اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی صُحبت میں رہا تو میں نے ان سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا جو بِن مانگے لوگوں میں کثیر مال بانٹتا ہو۔ (3)

---

1 ......مسند ابی یعلی الموصلی، مسند عائشة، الحدیث: ٤٨٧٧، ج٤، ص٢٧٢.

2 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٤٧ طلحة بن عبیداللّٰه، ج٣، ص١٦٥، مفهومًا۔

المعجم الکبیر، الحدیث: ١٩٥، ج١، ص١١٢

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٩٤، ج١، ص١١١.



www.dawateislami.net

﴿274﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن دِینار رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا طَلْحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی یومیہ آمدنی پورے ایک ہزار درہم تھی۔'' (1)

﴿275﴾......حضرت سیِّدَتُنا سُعدٰی بنت عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا طَلْحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی یومیہ آمدنی ایک ہزار درہم تھی اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں میں ''فَیَّاض'' (یعنی سخی) کے نام سے مشہور تھے۔'' (2)

﴿276﴾......حضرت سیِّدُنا طَلْحہ بن عُبَیدُ اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ، حضرتِ سُعدٰی بنت عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا بیان کرتی ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا طَلْحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک دن ایک لاکھ دِرہم راہِ خدا میں صَدَقہ کئے اور اس دن انہیں مَسجِد میں جانے سے صرف یہ بات مانِع ہوئی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے کپڑے پھٹے ہوئے تھے۔'' (3)

## ساری رات پریشان رہے:

﴿277﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ''حضرت سیِّدُنا طَلْحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک زمین 7لاکھ درہم میں فَروخت کی اور ساری رات اس مال کی وجہ سے پریشان رہے، یہاں تک کہ صُبح ہوئی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ سارا مال لوگوں میں تقسیم فرما دیا۔'' (4)

# حضرتِ سَیِّدُنا زُبَیر بن عَوام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نُبوت، مَخْزنِ جود و سخاوت، پیکرِ عَظَمت و شرافت، مَحبوبِ رَبُّ العزت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے رفیق حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عَوام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ثابِت قدم، بہادُر، مضبوط رائے والے نیز اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عاجِزی کرنے والے اور اسی سے مدد کے طلبگار، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے دُشمنوں سے لڑنے والے اور راہِ

1......المعجم الكبير، الحديث:١٩٦،ج١،ص١١٢.

2......المعجم الكبير، الحديث:١٩٦/١٩٨،ص١١٢.

3......موسوعة لابن الدنيا، كتاب اِصْلاح المال، باب فضل المال، الحديث:٩٧،ج٧،ص٤٢٤.

4......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار طلحة بن عبيد الله، الحديث:٧٨٣،ص١٦٨.



www.dawateislami.net

خُدا میں مال خرچ کرنے والے تھے۔

اہلِ تصوُّف کے نزدیک ''وفاداری، ثابت قدمی، راہِ خُدا میں کوشش کرنے اور مال خرچ کرنے کا نام تَصوُّف ہے۔

## دِین پر اِستقامت:

﴿278﴾......حضرت سیِّدُنا ابو اَسْوَد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے 8 سال کی عُمر میں اِسلام قبول کیا اور 18 سال کی عمر میں ہجرت فرمائی، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا چچا انہیں ایک چٹائی میں لپیٹ کر آگ سے دھواں دیتا اور کہتا: ''کُفر کی طرف لوٹ آؤ۔'' لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے: ''میں کبھی نہیں لوٹوں گا۔'' (1)

﴿279﴾......حضرت سیِّدُنا ہِشَام بن عُرْوَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ 16 سال کی عمر میں اسلام لائے اور تمام غَزْوَات میں شریک ہوئے۔'' (2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا عشقِ رسول:

﴿280﴾......حضرت سیِّدُنا ہِشَام بن عُرْوَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ سب سے پہلے جس شخص نے حضور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حفاظت وحمایت میں تلوار اُٹھانے کی سعادت پائی وہ حضرت سیِّدُنا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے شیطان کی پھیلائی ہوئی خبر سُنی کہ حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو شہید کر دیا گیا ہے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں کو تلوار سے ہٹاتے ہوئے حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے زُبَیر! کیا ہوا؟'' عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے خبر ملی تھی کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو شہید کر دیا گیا ہے۔'' راوی کہتے ہیں کہ ''سرکارِ دوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے نماز پڑھ کر حضرت سیِّدُنا زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور ان کی تلوار کے لئے دُعا فرمائی۔'' (3)

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۲۳۹، ج۱، ص۱۲۲.

(2)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۲۴۴، ج۱، ص۱۲۲.

(3)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الجهاد، باب ماذکر فی فضل الجهاد والحث علیه، الحدیث: ۲۱۶، ج۴، ص۵۹۴.



www.dawateislami.net

## جسم پر زخموں کے نشان:

﴿281﴾......حضرت سیِّدُ ناحَفْص بن خَالِد رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه سے مروی ہے کہ مُوصَل کے رہنے والے ایک بُزُرگ رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه کا بیان ہے کہ میں ایک سفر میں حضرت سیِّدُ نا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے ساتھ تھا کہ ''قفر'' کے مقام پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کو غسل کی حاجت پیش آئی، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے پردے کا اِنْتظام کرنے کا فرمایا تو میں نے حکم کی تعمیل کی، اَچانک میری اُن کے بدن پر نگاہ پڑی تو میں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے جسم پر تلوار کے زخموں کے کئی نشانات دیکھے۔ میں نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے جسم پر زخموں کے نشانات دیکھے ہیں اور میں نے اتنے نشانات کبھی کسی کے بدن پر نہیں دیکھے۔'' حضرت سیِّدُ نا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے استفسار فرمایا: ''کیا واقعی تم نے زخموں کے نشانات دیکھ لئے ہیں؟'' میں نے عرض کی: ''جی ہاں! میں نے دیکھ لئے ہیں۔'' تو حضرت سیِّدُ نا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے بتایا کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! یہ تمام زخم رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے ساتھ راہِ خُدا میں آئے ہیں۔'' (1)

﴿282﴾......حضرت سیِّدُ نا علی بن زید رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُ نا زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کو دیکھنے والے ایک شخص نے مجھے بتایا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے سینے پر نیزوں اور تیروں کے زخموں کے بہت سے نشانات تھے۔'' (2)

## سیِّدُ نا زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کی مَنْقَبَت:

﴿283﴾......حضرتِ سیِّدَتُنا اَسماء بنت ابی بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْن کی مجلس کے پاس سے گزرے اس وقت حضرت سیِّدُ نا حَسّان بن ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه شعر سنا رہے تھے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کو دیکھ کر حضرت سیِّدُ نا حَسّان بن ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے آپ کی تعریف میں یہ اَشعار پڑھے:

فَكَمْ كُرْبَةٍ ذَبَّ الزُّبَيْرُ بِسَيْفِهٖ ۔۔۔ عَنِ الْمُصْطَفٰى وَاللّٰهُ يُعْطِىْ وَيُجْزِلُ

---

1 ......المعجم الكبير، الحديث: ٢٢٩، ج١، ص١٢٠.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد الزُّبَيْر بن العَوَّام، الحديث: ٧٧٧، ص١٦٧.



www.dawateislami.net

فَمَا مِثْلُهُ فِيهِمْ وَلَا كَانَ قَبْلَهُ وَلَيْسَ يَكُونُ الدَّهْرَ مَادَامَ يَذْبُلُ

ثَنَاءُكَ خَيْرٌ مِّنْ فِعَالِ مَعَاشِرٍ وَفِعْلُكَ يَا ابْنَ الْهَاشِمِيَّةِ اَفْضَلُ

**ترجمہ:** (۱)......حضرت سیِّدُنا زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے کتنی ہی تکالیف اپنی تلوار کے ذریعے دُور کیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اس کا بہت بڑا اَجر عطا فرمائے گا۔ (۲)......آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے زمانے میں اور پہلے بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مثل کوئی نہیں اور نہ ہی کبھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جیسا کوئی ہوگا۔ (۳)......آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی تعریف کئی قبیلوں کے کارناموں سے بہتر ہے اور اے ابنِ ہاشمیہ! آپ کے کارنامے سب سے عُمدہ ہیں۔ [1]

## دُنیا و دولت سے بے رغبتی:

﴿284﴾......حضرتِ سیِّدُنا وَلِید بن مُسْلِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا سَعِید بن عبدالعزیز رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو بیان کرتے سنا کہ ''حضرت سیِّدُنا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ایک ہزار خادِم تھے جو لوگوں سے خَراج (یعنی ٹیکس) وُصول کر کے آپ تک پہنچایا کرتے تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسے راتوں رات تقسیم فرما دیتے پھر جب گھر لوٹتے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس اس مال میں سے کچھ بھی باقی نہیں ہوتا تھا۔'' [2]

﴿285﴾......حضرت سیِّدُنا مُغِیث بن سُمَی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا زُبَیر بن عَوَّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ایک ہزار خادم تھے جو لوگوں سے خَراج (یعنی ٹیکس) وُصول کر کے آپ تک پہنچایا کرتے تھے لیکن جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھر تشریف لے جاتے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس ایک درہم بھی نہ ہوتا۔'' [3]

## اللہ عَزَّوَجَلَّ ناصر و مددگار ہے:

﴿286﴾......حضرت سیِّدُنا ہِشام بن عُرْوَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب استماعُ ابنِ الزُّبَيْر......الخ، الحديث:٥٦١٣، ج٤، ص٤٤٠.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد الزُّبَيْر بن العَوَام، الحديث: ٧٧٥، ص١٦٧.

3 ......الاِسْتِيْعَاب فی مَعْرِفَة الاَصحاب، باب حرف الزاى، الرقم ٨١١، الزُّبَيْر بن العَوَام، ج٢، ص٩٢.



www.dawateislami.net

عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: جنگِ جمل کے دن میرے والدِ محترم (حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عَوّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے اپنے قرض کے مُتَعلِّق وصیت کرتے ہوئے فرمایا: ''بیٹا! اگر تم کسی قرض کی ادائیگی سے عاجز آجاؤ تو میرے مولا سے اس پر مَدد طلب کر لینا۔'' حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں والدِ محترم کے کلام کی مراد نہ سمجھ سکا۔ اس لئے دوبارہ عرض کی: ''ابا جان! آپ کا مولا کون ہے؟'' فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔'' ابن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! قرض کی ادائیگی کے معاملے میں جب بھی مجھے مصیبت کا سامنا ہوا تو میں نے کہا: ''اے زُبیر کے مولا! ان کے قرض کی ادائیگی کو آسان فرما دے۔'' پس آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا قرض مکمل طور پر ادا ہو گیا۔ جب حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عَوّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جامِ شہادت نوش فرمایا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کوئی دِرہم و دِینار نہ چھوڑا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ترکہ میں صرف غابہ کی دو زمینیں اور ایک گھر تھا۔ اور دوسری طرف قرضے کا عالَم یہ تھا کہ جب کوئی شخص حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عوام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس امانت رکھنے کے لئے آتا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے: ''امانت نہیں، قرض ہے۔ کیونکہ مجھے اس امانت کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہے۔'' لہٰذا جب میں نے اس کا حساب لگایا تو وہ 20 لاکھ بنا۔ پس میں نے وہ قرض ادا کر دیا۔

علاوہ ازیں حضرت عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا طریقہ کار یہ تھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ 4 سال تک حج کے موسم میں یہ اِعلان کرواتے رہے کہ ''جس کا حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عَوّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر قرض نکلتا ہو وہ آکر لے جائے۔'' جب 4 سال کا عرصہ گزر گیا تو حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے بقیہ مال وُرَثاء میں تقسیم کر دیا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے وُرَثاء میں 4 بیویاں تھیں جن میں سے ہر ایک کے حصّے میں 12، 12 لاکھ آئے۔''[1]

﴿287﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عَوّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جنگِ جمل کے دن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضیٰ کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کے لشکر کو چھوڑ کر واپس آرہے تھے کہ راستے میں آپ کے بیٹے عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ملے اور بزدلی کا طعنہ دینے لگے، حضرت

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب فرض الخمس، باب برکۃ الغازی......الخ، الحدیث: ۳۱۲۹، ص ۲۵۲.


www.dawateislami.net

سَیِّدُ نا زُبَیر بن عَوّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے بیٹے! لوگ جانتے ہیں میں بُزدل نہیں ہوں لیکن امیرالمؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے مجھے ایسی بات یاد دلا دی ہے جو میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی تھی پس میں نے قسم کھائی ہے کہ جنگ میں شریک نہیں ہوں گا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بیٹے نے عرض کی: ''آپ اپنے فُلاں غُلام کو بلوایئے میں اس کے ذَرِیعے آپ کی قسم کے کفارے میں 20 ہزار اَدا کر دیتا ہوں۔'' اس کے باوجود آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جنگ میں شریک نہ ہوئے اور یہ کہتے ہوئے تشریف لے گئے:

تَـرْکُ الْاُمُوْرِ الَّتِیْ اَخْشٰی عَوَاقِبَھَا ۔۔۔ فِی اللّٰہِ اَحْسَنُ فِی الدُّنْیَا وَفِی الدِّیْن

**ترجمہ:** اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ان کاموں کو چھوڑ دینا جن کی وجہ سے بُرے اَنجام کا خوف ہو، دِین وُدُنیا کے اعتبار سے بہتر ہے۔ (1)

## پھر تو یہ مُعَامَلہ بہت سخت ہے:

﴿288﴾......حضرتِ سَیِّدُ نا ابواُسامہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیتِ مُبارَکہ نازل ہوئی:

ثُمَّ اِنَّكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ترجمۂ کنزالایمان: پھر تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔ (پ۲۳، الزمر: ۳۱)

تو حضرت سَیِّدُ نا زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا ہم دُنیا کی طرح وہاں بھی جھگڑیں گے؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں!'' حضرت سَیِّدُ نا زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! پھر تو یہ مُعَامَلہ بہت سخت ہے۔'' (2)

﴿289﴾......حضرت سَیِّدُ نا عبداللّٰہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اپنے والد حضرت سَیِّدُ نا زُبَیر بن عَوّام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیتِ مُبارَکہ نازِل ہوئی:

ثُمَّ اِنَّكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ترجمۂ کنزالایمان: پھر تم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔ (پ۲۳، الزمر: ۳۱)

تو میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا دُنیا میں ہمارے درمیان جن چیزوں کا جھگڑا ہے ہم

---

1 ......سیر الاَعلام النُبلاء، الرقم ۸، الزُبَیر بن العَوّام بن خویلد، ج۳ ص۳۷.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند الزُبَیر بن العَوّام، الحدیث: ۱۴۳۴، ج۱، ص۳۵۳، بتغیر.



www.dawateislami.net

قیامت کے دن بھی ان کے متعلق جھگڑیں گے؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں!'' تو میں نے کہا: ''پھر تو مُعاملہ بہت سخت ہے۔'' [1]

# حضرتِ سَیِّدُنا سَعد بن اَبی وَقّاص

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا سَعد بن ابی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اِسلام لانے اور حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تکالیف اٹھانے میں سَبقت لے جانے والوں میں پہلے ہیں اور جب دل میں دینِ اِسلام کی حلاوت ومحبت پیدا ہو جائے تو تکالیف اُٹھانا اور دین کی خاطر خاندان والوں کو بُھلانا اور مال قربان کرنا مُشکل نہیں رہتا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مُسْتَجَابُ الدَّعْوات (یعنی جس کی ہر دعا قبول ہو) تھے اور عاجزی واِنکساری آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصفِ خاص تھا نیز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حکومت اور سیاست بھی عطا ہوئی، آپ محافظت (نگہبانی) کی آزمائش سے بھی گزرے، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ہاتھ پر متعدد شہر فتح کرائے اور کثیر مالِ غنیمت بھی عطا فرمایا پھر آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے حکومت ترک کر کے گوشہ نشینی وتنہائی اختیار کر لی اور باقی ساری عمر عبادت و ریاضت میں گزار دی حتی کہ حکمرانوں کے امام اور گوشہ نشینوں کے لئے حُجت و دلیل بن گئے۔

### سابِقُ الْاِیْمان:

﴿290﴾......حضرت سیِّدُ نا سَعید بن مُسَیِّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا سَعد بن ابی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جس دن میں نے اسلام قبول کرنے کا شَرف پایا اس دن سے ساتویں دن تک کوئی اور اِسلام نہ لایا اور میں اِسلام قبول کرنے میں تیسرا ہوں۔'' [2]

### درختوں کے پتے کھاتے:

﴿291﴾......حضرت سیِّدُ نا قَیس بن ابی حازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا سَعد بن ابی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے یاد ہے کہ ہم حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ

1 ......جامع الترمذی، ابواب التفسیر، باب ومن سورۃ الزمر، الحدیث: ۳۲۳۶، ص ۱۹۸۲.

2 ......سنن ابن ماجه، کتاب السنة، باب فضل سعد بن ابی وقاص، الحدیث: ۱۳۲، ص ۲۴۸۵.



www.dawateislami.net

تھے اور درختوں کے پتوں کے سوا ہمارے پاس کھانے کو کچھ نہ تھا اور پتے کھانے کی وجہ سے ہم بکری کی مینگنیوں کی مانند پاخانہ کرتے تھے۔'' (1)

﴿292﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن مُسَیِّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبِی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حُضُور نبیِ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مجرد (یعنی غیر شادی شُدہ) رہنے کی اجازت نہ دی اگر انہیں اِجازت مل جاتی تو ہم بھی اس پر عمل کرتے۔'' (2)

## دُعائے مصطفٰے:

﴿293﴾......حضرتِ سیِّدُنا قَیْس بن ابی حَازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبِی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حُضُور، پُرنور، شافِعِ یومُ النُّشُور، شاہِ غیور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرے لئے دُعا فرمائی: ''یا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اس کی تیراندازی دُرُست کردے اور اس کی دُعا قبول فرما۔'' (3)

## ایک ٹکڑے پر گزارا:

﴿294﴾......حضرت سیِّدُنا صَالِح بن کَیْسَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ آلِ سَعْد میں سے کسی نے کہا کہ ہم نے حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ مَکَّۃُ الْمُکَرَّمَہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا میں بہت تکالیف و سختیاں برداشت کیں اور ان پر صبر کیا۔ مجھے یاد ہے کہ وہاں قیام کے دوران ایک رات میں قضائے حاجت کے لئے نکلا تو اچانک مجھے کسی چیز کی آواز سنائی دی، دیکھا تو اُونٹ کی کھال کا ایک ٹکڑا پایا، میں نے اُسے اُٹھایا، پھر دھو کر اسے پکایا اور کھالیا اور اس پر کچھ پانی پی کر میں نے تین دن تک اسی غذا پر گزارا کیا۔'' (4)

---

1......مسند ابی داود الطیالسی، احادیث سعد بن ابی وقاص، الحدیث: ۲۱۲، ص۲۹.

2......المرجع السابق، الحدیث: ۲۱۹، ص۳۰.

3......السنة لابی عاصم، باب ماذکر عن النبیصلی اللّٰہ علیہ وسلمفی فضل سعد، الحدیث: ۱۴۴۴، ص۳۲۱.

4......الزھد لھناد بن السری، باب معیشة اصحاب النبیصلی اللّٰہ علیہ وسلم، الحدیث: ۷۵۶، ج۲، ص۳۸۸۔
سیر اعلام النبلاء، الرقم۱۲ مصعب بن عمیر بن ھاشم، ج۳، ص۹۳، مفھومًا.



www.dawateislami.net

## ایک چادر کے دو حصّے کر لئے:

﴿295﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ بصرہ میں منبر پر سب سے پہلے خطبہ دینے والے امیر حضرت سیِّدُنا عُتْبَہ بن غَزْوَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک مرتبہ خُطْبَہ دیتے ہوئے فرمایا: ''مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ 7 صحابہ حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھے، ان میں ساتواں میں تھا اور ہمارے پاس درختوں کے پتوں کے سوا کھانے کو کچھ نہیں تھا جس کی وجہ سے ہماری باچھیں چِھل گئی تھیں، پھر مجھے ایک چادر مل گئی تو میں نے اس کے دو حصّے کر کے اپنے اور حضرت سَعْد بن مالک کے درمیان تقسیم کر دیئے۔ جب کہ آج صورت حال یہ ہے کہ ہم میں سے ہر شخص کسی نہ کسی شہر کا امیر ہے۔''[1]

## خوشحالی کے فتنے کا خوف زیادہ ہے:

﴿296﴾......حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبِی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مجھے تم پر تنگدستی کی آزمائش سے خوشحالی کے فتنے کا زیادہ خوف ہے، کیونکہ تمہیں مصیبتوں سے آزمایا گیا تو تم نے صَبْر کیا لیکن دنیا میٹھی و سرسبز ہے (یعنی اس پر صَبْر مُشکل ہے)۔''[2]

## ورثاء کو پریشانی سے بچاؤ:

﴿297﴾......حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبِی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مَروِی ہے کہ سرکارِ دوعالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مکۂ مکرمہ میں ان کی عیادت کے لئے تشریف لائے اور حضرت سیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ بات ناپسند تھی کہ وہ جس جگہ سے ہجرت کر آئے ان کو اسی جگہ موت آئے۔ اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی صرف ایک بیٹی تھی۔ آپ نے عرض کی: ''یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں اپنا سارا مال راہِ خُدا میں صَدَقہ کرنے کی وصیت کر دوں؟'' ارشاد فرمایا: ''نہیں، ایک تہائی صَدَقہ کر دو اور یہ بہُت ہے، ہوسکتا ہے تم دُنیا سے چلے جاؤ اور دوسرے لوگ تو تمہارے مال سے فائدہ اٹھائیں اور تمہارے وُرثاء کو پریشانی کا سامنا ہو۔''[3]

---

1......صحیح مسلم، کتاب الزھد، باب الدنیا سجن للمؤمن وجنة للکافر، الحدیث:۷۴۳۵، ص۱۱۹۲، مفھومًا.

2......مسند ابی یعلی الموصلی، مسند سعد بن ابی وقاص، الحدیث:۷۷۶، ج۱، ص۳۲۸.

3......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی اسحاق سعدبن ابی وقاص، الحدیث:۱۴۸۸، ج۱، ص۳۶۶.


www.dawateislami.net

## تقویٰ وغنا والے اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند ہیں:

﴿298﴾......حضرت سیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ پرہیزگار، بے نیاز گوشہ نشین بندے سے محبت کرتا ہے۔'' (1)

﴿299﴾......حضرت سیِّدُنا عُمر بن سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ میرے والدِ گرامی نے مجھے فرمایا: ''اے میرے بیٹے! کیا تم مجھے فتنہ پرستوں کا سردار بنانا چاہتے ہو؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اس وقت تک نہیں لڑوں گا جب تک مجھے ایسی (انصاف کرنے والی) تلوار نہ لا کر دی جائے جس سے مومن پر وار کروں تو رُک جائے اور کافر پر وار کروں تو اس کا کام تمام کر دے۔ بے شک میں نے حضور نبیٔ پاک، صاحبِ لَوْلاک صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ پرہیزگار، بے نیاز گمنام بندے کو پسند فرماتا ہے۔'' (2)

﴿300﴾......حضرت سیِّدُنا ایُّوب سَخْتِیَانِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص، حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود، حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر اور حضرت سیِّدُنا عَمَّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہُم جمع ہوئے، فتنے کی بات چلی تو حضرت سیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تو فتنے میں داخل ہونے کے بجائے گھر بیٹھنے کو ترجیح دوں گا۔'' (3)

## آنکھوں اور زبان والی تلوار:

﴿301﴾......حضرت سیِّدُنا ابن سیرین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے کسی نے دریافت کیا: ''اہلِ شُوریٰ میں ہونے کے باوجود آپ قتال سے کیوں گریز کرتے ہیں حالانکہ آپ دوسروں سے زیادہ اس کے حق دار ہیں؟'' فرمایا: ''میں اس وقت تک قتال نہیں کروں گا جب تک تم دو آنکھوں، دو ہونٹوں اور ایک زبان والی تلوار نہ لا کر دو، جو مومن و کافر میں فرق کر سکے کیونکہ میں نے جہاد کیا ہے اور میں

---

(1)......صحیح مسلم، کتاب الزھد، باب الدنیا سجن للمؤمن ......الخ، الحدیث:۷۴۳۲، ص۱۱۹۲.

(2)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی اسحاق سَعْد بن ابی وقاص، الحدیث:۱۵۲۹، ج۱، ص۳۷۴.

(3)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج ......الخ، الحدیث: ۲۰۲، ج۸، ص۶۲۲، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

جانتا ہوں کہ جہاد میں کیا ہوتا ہے۔'' (1)

﴿302﴾......حضرت سَیِّدُنا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَہَّاب سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص اور حضرت سَیِّدُنا خالد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے درمیان کوئی معاملہ ہوگیا تھا۔ایک شخص حضرت سَیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حضرت سَیِّدُنا خالد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی برائی کرنے لگا تو حضرت سَیِّدُنا سَعْد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے منع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''رُک جاؤ! ہمارا معاملہ ابھی دین تک نہیں پہنچا (یعنی ایسا نہیں جس سے دین میں نقصان کا اندیشہ ہو)۔'' (2)

# حضرتِ سَیِّدُنا سَعِیْد بن زَیْد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سَیِّدُنا سَعِید بن زَید بن عَمرو بن نُفَیْل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمیشہ سچ بولتے ، راہِ خدا میں مال خرچ کرتے ، خواہشات کو پورا کرنے سے بچتے ، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مُعاملے میں کسی کی پرواہ نہ کرتے تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مُسْتَجابُ الدَّعْوات (یعنی جس کی ہر دُعا قبول ہو) بھی تھے اور آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے قبل قبولِ اسلام کا شرف پایا۔جنگِ بدر میں بھی شریک ہوئے ،حکومتی عہدوں سے ہمیشہ اجتناب کیا اور عام لوگوں کی طرح زندگی بسر کی ، اپنے نَفْس پر غالب رہتے ، دُنیا سے بے رغبت ، غرور وتکبُّر اور فتنہ وفساد سے کنارہ کش رہتے اور اُخروی سعادتوں ونعمتوں کے حُصُول میں ہر دم کوشاں رہتے۔عبادت میں مصروف رہتے اور نفسانی خواہشات کی مخالفت کرتے تھے۔

## تحفظِ ناموسِ صحابہ :

﴿303﴾......حضرت سَیِّدُنا رَباح بن حارِث رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت سَیِّدُنا مُغِیرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ جامع مسجد میں تشریف فرما تھے اور آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اردگرد کوفہ کے کچھ لوگ بیٹھے ہوئے تھے کہ اس دوران حضرت سَیِّدُنا سعید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف لائے ، حضرت سَیِّدُنا مُغِیرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کا اِستقبال کیا اور اپنے قریب تخت پر بٹھایا ، پھر اہل کوفہ میں سے ایک شخص آیا اور حضرت سَیِّدُنا مُغِیرہ رَضِیَ

1......المعجم الکبیر ،الحدیث:۳۲۲،ج۱،ص۱٤٤.

2......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الصَّمت وآداب اللسان،باب ذم المسلم......الخ،الحدیث:۲٤۸،ج۷،ص۱٦٤.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سامنے کھڑے ہوکر گالی دینے لگا تو حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''اے مُغِیْرہ! یہ کس کو گالی دے رہا ہے؟'' کہا: حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کو۔'' حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تین مرتبہ پکارا اے مُغِیْرہ! میں سن رہا ہوں کہ تمہارے سامنے صحابۂ کرام کو گالیاں دی جارہی ہیں اور پھر بھی آپ اسے منع نہیں کرتے؟ حالانکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے کانوں نے سنا اور دل نے یاد رکھا اور میں نے کبھی حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف سے جھوٹی حدیث بیان نہیں کی کہ کل قیامت میں جب حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے مُلاقات ہو تو مجھ سے اس کے بارے میں دریافت فرمائیں۔ بے شک حُضُور نبیٔ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ابو بکر جنّتی ہیں، عمر جنّتی ہیں۔ عثمان جنّتی ہیں۔ علی جنّتی ہیں۔ طَلْحہ جنّتی ہیں۔ زُبَیر جنّتی ہیں۔ (عبدالرحمٰن جنّتی ہیں۔) سَعْد بن مالک جنّتی ہیں اور مؤمنین میں نواں بھی جنّتی ہے۔'' پھر فرمایا: ''اگر تم چاہو تو میں اس کا نام بھی تمہیں بتاؤں؟'' مَسْجِد میں موجود سب لوگوں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا واسطہ دیتے ہوئے عرض کی: ''اے صحابیٔ رسول! بتایئے نواں شخص کون ہے؟'' فرمایا: ''تم نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا واسطہ دیا ہے، سنو! عَظْمت والے رب عَزَّوَجَلَّ کی قسم! نواں مَیں ہوں اور دسویں خود مُخْبِرِ صادق صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہیں۔'' پھر قسم اُٹھا کر فرمایا: ''رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مَعِیَّت میں جس شخص کا چہرہ غُبار آلود ہوا اس کا یہ عمل تمہارے تمام اَعمال سے افضل ہے اگرچہ تمہیں حضرت سیِّدُنا نُوح عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام جتنی عمر دے دی جائے۔'' (1)

﴿304﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن ظالم مازنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک موقع پر یوں ارشاد فرمایا: ''میں 9 (صحابۂ کرام) کے بارے میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنّتی ہیں اور اگر میں نے دسویں کے بارے میں گواہی دی تو گنہگار نہ ہوں گا۔'' (2)

## جھوٹی عورت اندھی ہو کر مر گئی:

﴿305﴾...... حضرت سیِّدُنا ہِشام بن عُرْوَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ اَرْوٰی بنت اُوَیس نامی ایک عورت نے مَرْوَان کے ہاں حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شِکایت کی کہ ''اُنہوں نے میری

(1) ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند سعید بن زید بن عمرو بن نُفَیل، الحدیث: ۱۶۲۹، ج۱، ص۳۹۷.

(2) ......المرجع السابق ،الحدیث: ۱۶۴۴، ج۱، ص۴۰۰.



www.dawateislami.net

زمین کا کچھ حصہ اپنی زمین میں شامل کرلیا ہے۔'' حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں ایسا کیسے کرسکتا ہوں؟ جبکہ میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سن رکھا ہے کہ ''جو کسی کی ایک بالشت زمین پر ناحق قبضہ کرے گا بروزِ قیامت اس کی گردن میں ساتوں زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔'' مَرْوَان نے کہا: ''اب میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کوئی سوال نہیں کروں گا۔'' حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! اگر یہ عورت جھوٹی ہے تو اِسے اندھا کردے اور یہ اپنی زمین میں ہی مرے۔'' چنانچہ اس عورت کی بینائی چلی گئی اور وہ اپنی زمین کے گڑھے میں گر کر مرگئی۔ (1)

## بالشت بھر زمین پر قبضہ کا عذاب:

﴿306﴾...... حضرت سیِّدُ ناعبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ مَرْوَان نے کچھ لوگوں کو حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف اَروٰی بنتِ اُوَیس کی شِکایت کے مُتَعَلِّق دریافت کرنے کے لئے بھیجا۔ حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: لوگ سمجھتے ہیں کہ میں اس عورت پر ظُلم کروں گا؟ حالانکہ میں نے سیِّدِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جس نے کسی کی ایک بالشت زمین پر بھی ناحق قبضہ کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ بروزِ قیامت اسے سات زمینوں کا طوق پہنائے گا۔'' (پھر بارگاہِ الٰہی میں عرض کی) یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! اگر یہ جھوٹی ہے تو اسے اندھا کر کے مار اور اس کا کنواں ہی اس کی قبر بن جائے۔ راوی فرماتے ہیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! وہ اندھی ہو کر مری، ہوا یوں کہ ایک دن وہ اپنے گھر میں بڑی احتیاط سے چل رہی تھی کہ کنوئیں میں گر کر مرگئی اور وہی اس کی قَبْر بن گیا۔'' (2)

## صحابی کی بےاَدَبی کی سزا:

﴿308﴾...... حضرت سیِّدُ ناابوبکر بن محمد بن عَمْرو بن حَزْم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے، بیان کرتے ہیں کہ اَرْوٰی بنتِ اُوَیس نے مَرْوَان بن حَکَم کے ہاں حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے خلاف شِکایت کی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! یہ عورت گمان کرتی ہے کہ میں نے

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۴۲، ج ۱، ص ۱۴۹.

(2)......الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، باب حرف السین، الرقم ۹۸۷ سعید بن زید بن عمرو، ج ۲، ص ۱۸۰.



www.dawateislami.net

اس پر ظُلم کیا ہے۔ اگر یہ جھوٹی ہے تو اسے اندھا کردے اور اسے اس کے اپنے ہی کنوئیں میں موت دے اور میری سچائی مسلمانوں پر ظاہر فرمادے کہ میں نے اس پر ظُلم نہیں کیا۔'' راوی کہتے ہیں کہ ''ابھی یہ مُعاملہ چل ہی رہا تھا کہ عَقِیق کی طرف سے ایسا سیلاب آیا جو پہلے کبھی نہ آیا تھا اور اس نے وہ مُعاملہ ظاہر کردیا جس میں اِختِلاف تھا۔ اس کے بعد ایک مہینے کے اندر اندر وہ عورت اندھی ہوگئی اور گھر میں چلتے ہوئے اپنے کنوئیں میں گر کر ہلاک ہوگئی۔'' راوی کہتے ہیں کہ ہم بچپن میں سنا کرتے تھے کہ ایک آدمی دوسرے سے کہتا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے اس طرح اندھا کرے جس طرح اَرْوَی بنت اُوَیس کو اندھا کیا۔'' اور ہمیں معلوم تھا کہ اسے یہ سزا حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بے اَدَبی کی وجہ سے ملی تھی۔ (1)

﴿309﴾......حضرت سیِّدُنا سعید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی پڑوسن اَرْوٰی بنتِ اُوَیس نے مَرْوان بن حَکَم کے ہاں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر الزام لگایا کہ انھوں نے میری زمین پر ناحق قبضہ کر رکھا ہے اور میرا حق چھین لیا ہے۔ اس نے عاصِم بن عُمَر کو مُعامَلہ کی تصدیق کے لئے بھیجا۔ جب انہوں نے حضرت سیِّدُنا سَعِید بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے اس کے متعلق دریافت کیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حیرت سے پوچھا: کیا میں نے اَرْوٰی کا حق دبایا ہے؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر ایسا ہے تو میں اپنی 600 گز زمین اسے دینے کے لئے تیار ہوں اس لئے کہ میں نے حضور، سیِّدِ عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جو کسی مسلمان کا حق ظُلماً چھینے گا قیامت کے دن اس کی گردن میں ساتوں زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔''

(اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اَرْوَی کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا) اَرْوَی! اٹھو اور جس زمین کو تم اپنا حق سمجھتی ہو وہ لے لو۔'' تو وہ اٹھی اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زمین کو اپنی زمین سے ملا لیا۔ لہٰذا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ اگر یہ جھوٹی ہے تو اس کو اندھا کردے اور یہ اپنے ہی کنوئیں میں گر کر مر جائے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اس دُعا کی قَبُولِیَّت ظاہر ہوئی کہ وہ اندھی ہوگئی پھر اپنے ہی کنوئیں میں گر کر مر گئی۔'' (2)

---

1 ......الإصابة في تميز الصحابة، الرقم ۳۲۷۱ سعيد بن زيد، ج۳، ص۸۸.

2 ......المعجم الاوسط، الحديث: ۸۳۸۳، ج۶، ص۱۶۶.



www.dawateislami.net

# حضرتِ سَیِّدُنا عَبْدُالرَّحْمٰن بن عَوف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه

حضرت سَیِّدُ ناعبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه فراخ دستی و مالداری میں بھی سادہ زندگی بسر کرتے اور اپنا مال، مال عطا کرنے والے ربِّ منّان عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں خرچ کر دیتے، مال کی وجہ سے آنے والی آزمائش و سرکشی سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ طلب کرتے، خوشی ہو یا غمی ہر حال میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ سے ہی لو لگائے رکھتے، دوست اَحباب کی جُدائی کا خوف رکھتے اور ہر حال میں سچائی پر قائم رہتے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه قَلْب و نگاہ کے ذریعے عبرت حاصل کرتے رہتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے پاس مال بہت زیادہ تھا غریبوں، مسکینوں پر اِحسان فرماتے انہیں خود اپنے ہاتھوں سے عَطِیّات دیتے۔ نیز فقیروں اور ناداروں پر خرچ کرنے میں مالداروں کے لئے ایک نمُونہ کی حَیثِیَّت رکھتے ہیں۔

## آسمان و زمین والوں کے اَمین:

﴿310﴾......حضرت سَیِّدُ ناعبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدُ ناعبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے مجلسِ شُوریٰ [1] سے فرمایا: ''میں تو خلافت کا اہل نہیں ہوں تو کیا تم اس پر راضی ہو کہ میں تمہارے لئے حضرت سَیِّدُ نا عثمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه) کو خلیفہ مُنتخب کروں؟'' امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم نے فرمایا: سب سے پہلے میں آپ کے فیصلہ پر راضی ہوں کیونکہ میں نے رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو آپ کے مُتَعَلِّق ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ''تم آسمان و زمین والوں کے اَمین ہو۔'' [2]

---

1 ......اس سے مراد وہ چھ جلیل القدر صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُم ہیں جن کو امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عمر فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے اپنے مرضِ وصال میں اپنے بعد خلیفہ منتخب کرنے کے لئے نامزد فرمایا۔ ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

(۱)......امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه (۴)......حضرت سَیِّدُ نا زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه

(۲)......امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا علی المرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه (۵)......حضرت سَیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه

(۳)......حضرت سَیِّدُ نا طَلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه (۶)......حضرت سَیِّدُ نا سَعد بن ابی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه۔ (علمیه)

2 ......الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم ۳۸، عبد الرحمٰن بن عوف، ذکر تولیة عبد الرحمٰن......الخ، ج۳، ص۹۹.



www.dawateislami.net

# سیِّدُنا عَبْدُالرَّحْمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی سخاوت

## 700 اُونٹ مع سامان صدقہ کر دیئے:

﴿311﴾......حضرت سیِّدُ نا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ اُم المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا اپنے گھر میں تشریف فرما تھیں کہ اچانک آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا نے ایک آواز سنی جس سے پورا مدینہ گُونج اٹھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا نے اِستفسار فرمایا: ''یہ کیسی آواز ہے؟'' لوگوں نے بتایا کہ ''حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوْف (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کا 700 اُونٹوں پر مشتمل قافلہ ملکِ شام سے آیا ہے، یہ آواز اُسی کی ہے۔'' اُم المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا نے فرمایا: میں نے حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''میں نے عبدالرحمٰن بن عَوْف کو گھسٹتے ہوئے جنّت میں داخل ہوتے دیکھا۔'' جب یہ بات حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تک پہنچی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُمُّ المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: ''میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے یہ تمام سواریاں مع ساز وسامان راہِ خدا میں صدقہ کیں۔'' (1)

## نہرِ سَلْسَبِیْل سے سیرابی کی دُعا:

﴿312﴾......حضرت سیِّدُ نا مِسْوَر بن مَخْرَمَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی کچھ زمین امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو 40 ہزار دینار میں فروخت کی اور وہ سارے دینار بنی زُہرہ، مسلمان فقرا اور اُمّہات المؤمنین میں تقسیم کر دیئے۔ راوی کہتے ہیں: حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے اس مال میں سے کچھ مال دے کر ام المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا کی خدمت میں بھیجا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''میرے بعد تم پر صالحین ہی شفقت ومہربانی کریں

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۲٦٤، ج ۱، ص ۱۲۹.



www.dawateislami.net

گے۔'' اس کے بعداُمُّ المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَانے حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوۡف رَضِیَ اللّٰـہُ تَـعَالٰی عَنۡـہ کے حق میں یوں دُعا فرمائی کہ'' اللہ عَزَّوَجَلَّ عبدالرحمٰن بن عَوۡف کو جنّت کی نہرِ سَلۡسَبِیۡل سے سیراب فرمائے۔'' (1) (اٰمِیۡن بِجَاہِ النَّبِیِّ الۡاَمِیۡن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)

﴿313﴾......حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن ابی اَوۡفٰی رَضِیَ اللّٰـہُ تَـعَالٰی عَنۡـہ سے مروی ہے کہ حُضُورِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن عَوۡف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے فرمایا: ''تمہیں میرے پاس آنے میں کس وجہ سے تاخیر ہوئی؟'' عرض کی: ''میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد مال کا حساب کرنے لگ گیا اور مال چونکہ زیادہ تھا جس کی وجہ سے مجھے تاخیر ہوگئی۔'' پھر عرض کی: ''یہ 100 سواریاں مصر سے آئیں ہیں۔ میں ان سب کو مدینے کی بیواؤں پر صدقہ کرتا ہوں۔'' (2)

## بارگاہِ الٰہی میں قرضِ حَسَنہ پیش کرو:

﴿314﴾......حضرت سیِّدُ نا ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عَوۡف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا اپنے والدِ ماجد کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ سیِّدُ الۡمُرۡسَلِیۡن، رَحۡمَۃٌ لِّلۡعٰلَمِیۡن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے فرمایا: ''اے ابن عَوۡف! بے شک تم مالداروں میں سے ہو اور جنّت میں گھسٹتے ہوئے داخل ہوگے لہٰذا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں قرضِ حَسَنہ پیش کرو تاکہ وہ تمہارے قدم آزاد فرمادے۔'' عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں قرض میں کیا پیش کروں؟'' ارشاد فرمایا: ''جس پر تم نے شام کی۔'' انہوں نے پھر استفسار کیا: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰـہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! وہ سارا مال جو میں نے جمع کیا ہے، وہ راہِ خدا میں خرچ کردوں؟'' فرمایا: ''ہاں!'' پس حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰـہُ تَـعَالٰی عَنۡہ اس ارادے سے وہاں سے چلے تو حضرت سیِّدُ نا جبریلِ اَمین عَلَیۡہِ السَّلَام نے حاضرِ خدمت ہوکر عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! عبدالرحمٰن کو فرمائیں کہ مہمان نوازی بجالائیں، مساکین کو کھانا کھلائیں اور سائل کو مَحۡرُوۡم نہ لوٹائیں۔ جب وہ یہ اَعمال بجالائیں گے تو یہ ان کا کفارہ ہوجائیں گے۔'' (3)

---

❶......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم۳۸عبد الرحمٰن بن عَوۡف، ج۳، ص۹۸، مفھومًا.

❷......البحرالزخار المعروف بمسند البزار، مسند عبد اللّٰہ بن ابی اوفیٰ، الحدیث: ۳۳۴۳، ج۸، ص۲۷۷، مفھومًا.

❸......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم۳۸عبد الرحمٰن بن عَوۡف، ذکر رخصۃ ......الخ، ج۳، ص۹۷، بتغیر.



www.dawateislami.net

## عَظِیمُ الشّان سخاوت:

﴿315﴾......حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِ پاک صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے عہدِ مبارَک میں حضرتِ سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے مال میں سے 4 ہزار دینار راہِ خدا میں صدقہ کئے پھر 40 ہزار دینار اور چند دنوں کے بعد مزید 40 ہزار دینار صدقہ کئے اور پھر ایک بار آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے 500 سواریاں مع ساز وسامان راہِ خدا میں صدقہ کیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مال کا زیادہ تر حصہ تجارت سے حاصل ہوتا تھا۔'' (1)

﴿316﴾......حضرت سیِّدُنا جَعْفَر بن بُرْقَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے 30 ہزار باندیاں آزاد فرمائیں۔'' (2)

## کھانا دیکھ کر رو پڑے:

﴿317﴾......حضرت سیِّدُنا نَوْفَل بن اِیَاس ھُذَلِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمارے کتنے اچھے ہم نشیں تھے۔ ایک دن ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ ان کے گھر کی طرف گئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اندر تشریف لے گئے اور غسل کرکے ہمارے پاس تشریف لائے۔ ہم ایک پلیٹ لائے جس میں گوشت اور روٹی تھی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسے دیکھ کر رو پڑے ہم نے عرض کی: ''اے ابومحمد! (یہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کُنْیَت ہے) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کیوں روئے؟'' فرمایا: ''حُسنِ اَخلاق کے پیکر، محبوبِ رَبِّ اَکبر صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دُنیا سے اس حال میں تشریف لے گئے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اہل بیت نے کبھی جو کی روٹی بھی پیٹ بھر کر نہیں کھائی تھی اور ہمارا خیال نہیں کہ جو کچھ ہمارے لئے چھوڑ دیا گیا ہے وہ ہمارے لئے بہتر ہو؟'' (3)

---

1 ......المعجم الکبیر ،الحدیث: ۲۶۵،ج۱،ص۱۲۹.

2 ......المستدرک، کتاب معرفة الصحابة،الحدیث: ۵۳۹۹،ج٤،ص۳٦۵.

3 ......الشمائل المحمدیة للترمذی، باب ما جاء فی عیش......الخ،الحدیث: ۳۵۹، ص۲۱۳.



www.dawateislami.net

## جنتی نعمتیں دُنیا میں ملنے کا ڈر:

﴿318﴾......حضرت سیِّدُنا شُعْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ، حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پر پوتے حضرت سیِّدُنا سَعْد بن ابراہیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے کھانا لایا گیا۔ حضرت سیِّدُنا شُعْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میرا خیال ہے کہ آپ کا روزہ تھا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمانے لگے کہ ''جب حضرت سیِّدُنا امیرِ حمزہ اور حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا شہید ہوئے تو ہمارے پاس ان کے کفن کے لئے بھی کپڑا نہ تھا حالانکہ وہ مجھ سے بہتر ہیں اور ہمیں جو پہنچنا تھا وہ پہنچ گیا۔'' یا یہ فرمایا کہ ''ہمیں جو ملنا تھا وہ مل گیا۔'' اور ارشاد فرمایا: ''میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ کہیں جنّت کی نعمتیں ہمیں دنیا ہی میں نہ دے دی جائیں۔'' حضرت سیِّدُنا شُعْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کہتے ہیں: میرے خیال میں حضرت سیِّدُنا سعد بن ابراہیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ بھی بیان فرمایا تھا کہ ''اس کے بعد حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کھانا نہ کھایا۔''(1)

## آنکھوں کے بجائے دل روتا ہے:

﴿319﴾......حضرت سیِّدُنا حَضْرَمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ کسی خوش اِلحان قاری نے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہِ عالیہ میں قرآنِ مجید کی تِلاوت کی تو حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے علاوہ تمام حاضرین رونے لگے۔ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''عبدالرحمٰن بن عَوْف کی آنکھیں اگرچہ اشکبار نہ ہوئیں مگر ان کا دِل رو رہا ہے۔''(2)

﴿320﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہم تنگی سے آزمائے گئے تو صبر کیا اور خوشحالی سے آزمائے گئے تو

---

1 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند عبد الرحمٰن بن عَوْف، الحدیث: ۱۰۰۹، ج۳، ص۲۲۲۔
صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب الکفن من جمیع المال......الخ، الحدیث: ۱۲۷۴ / ۱۲۷۵، ص۹۹.

2 ......المطالب العالیة لابن حجر العسقلانی، کتاب المناقب، الحدیث: ۳۹۷۸، ج۸، ص۴۰۶



www.dawateislami.net

صبر نہ کر پائے۔'' (1)

﴿321﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے دن میں نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کو فرماتے ہوئے سنا: ''اے ابن عَوْف! جاؤ بے شک تم نے صاف زندگی کو پالیا اور کدُوْرَت سے آگے نکل گئے۔'' (2)

# حضرتِ سَیِّدُنا اَبُوعُبَیْدَہ بن جَرَّاح

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امین، ہدایت، زُہد و عمل جیسے اَوصاف سے مُتَّصِف اور اَمِینُ الاُمَّت کے لقب سے مُلَقَّب تھے۔ اجنبی و ناواقف مؤمنین کے لئے پیکرِ اُلفت و محبت اور رشتہ دار مشرکین پر سخت تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شانِ عظمت نشان میں اللّٰہ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ نے یہ فرمانِ ذیشان نازل فرمایا:

لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ (پ۲۸، المجادلۃ:۲۲)

ترجمہ کنزالایمان: تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اللّٰہ اور پچھلے دن پر کہ دوستی کریں ان سے جنھوں نے اللّٰہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی۔

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عمر بھر قلیل مال پر ہی صبر و قناعت اختیار فرمائی۔

### اَمِینِ اُمَّت:

﴿322﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر اُمَّت کا ایک اَمین ہوتا ہے اور اس اُمَّت کے اَمین ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح ہیں۔'' (3)

1 ......جامع الترمذی، ابواب صفة القیامة، باب احادیث ابتلینا......الخ، الحدیث: ۲٤٦٤، ص۱۹۰۰.

2 ......الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم۳۸ عبد الرحمٰن بن عَوْف، ذکر وفاة عبد الرحمٰن......الخ، ج۳، ص۱۰۰.

3 ......جامع الترمذی، ابواب المناقب، باب مناقب معاذ بن جبل......الخ، الحدیث: ۳۷۹۱، ص۲۰٤۱.



www.dawateislami.net

## کافر باپ کا سر قلم کر دیا:

﴿323﴾......حضرت سیِّدُنا ابن شَوذَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا والد جنگِ بدر کے دوران آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے سامنے آتا آپ اس سے الگ ہو جاتے۔ جب کئی بار ایسا ہوا کہ وہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے آڑے آیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کا سر قلم کر دیا۔'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس وقت یہ آیت کریمہ نازل فرمائی:

لَا تَجِدُ قَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ لَوْ كَانُوْۤا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِیْرَتَهُمْؕ اُولٰٓىٕكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ (پ۲۸، المجادلة:۲۲)

ترجمہ کنزالایمان: تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اللہ اور پچھلے دن پر کہ دوستی کریں ان سے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی اگرچہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبے والے ہوں یہ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش فرما دیا۔ (1)

## میں اس کی کھال کا کوئی حصہ ہوتا!

﴿324﴾......حضرت سیِّدُنا قتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کوئی گورا ہو یا کالا، آزاد ہو یا غلام، عَجَمی ہو یا عَرَبی جس کے مُتَعَلِّق مجھے مَعْلُوم ہو کہ وہ تقویٰ و پرہیزگاری میں مجھ سے بڑھ کر ہے تو میں یہ پسند کرتا ہوں کہ میں اس کی کھال کا کوئی حصہ ہوتا۔'' (2)

## کجاوے کی چٹائی اور پالان کا تکیہ:

﴿325﴾......حضرتِ سیِّدُنا ہِشام بن عُرْوَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس تشریف لے گئے، انہیں کجاوے کی چٹائی پر پالان کو تکیہ بنائے لیٹے دیکھا تو اِستفسار فرمایا: ''اے ابوعُبَیدہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)! تم

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳٦۰، ج۱، ص۱۵٤.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، أخبار ابی عبیدة بن الجراح، الحدیث: ۱۰۲۷، ص۲۰۳.



www.dawateislami.net

دوسروں کی طرح آرام دِہ بستر پر کیوں نہیں لیٹتے ؟'' انہوں نے عرض کی: ''اے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ ! مجھے آرام کے لئے یہی کافی ہے۔''

حضرت سَیِّدُنا مَعْمَر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت میں ہے کہ جب امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ مُلکِ شام تشریف لائے تو وہاں کے خاص وعام تمام لوگوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا اِستقبال کیا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دریافت فرمایا کہ ''میرا بھائی کہاں ہے؟'' لوگوں نے پوچھا: ''کون؟'' فرمایا: ''ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ)۔'' لوگوں نے عرض کی: ''وہ ابھی آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس پہنچ جائیں گے۔'' پھر جب حضرتِ سَیِّدُنا ابوعُبَیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سواری سے اُتر کر انہیں گلے لگایا اور ان کے گھر تشریف لے گئے۔ تو ان کے گھر میں تلوار، تیروں کا ترکش اور کجاوے کے علاوہ کچھ اور نہ دیکھا۔ اس کے بعد حضرت سَیِّدُنا مَعْمَر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے مذکورہ رِوایت بیان کی۔''(1)

## انوکھی و نرالی تمنّا:

﴿326﴾......حضرت سَیِّدُنا زَید بن اَسْلَم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَکْرَم اپنے والد سے رِوایت کرتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے رُفقا سے فرمایا: ''کسی چیز کی تمنّا کرو۔'' ایک شخص نے کہا: ''اے کاش! یہ گھر سونے سے بھرا ہوتا اور میں اِسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں خرچ کر دیتا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر فرمایا: ''تمنّا کرو۔'' ایک شخص نے کہا: ''اے کاش! یہ گھر موتیوں، زَبَرجَد اور جواہرات سے بھرا ہوتا اور میں اسے راہِ خدا میں صدقہ وخیرات کر دیتا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر فرمایا: ''تمنّا کرو۔'' لوگوں نے عرض کی: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ! ہم نہیں جانتے کہ ہم کیا تمنّا کریں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تمنّا کرتا ہوں کہ کاش! یہ گھر حضرت ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح جیسے لوگوں سے بھرا ہوتا۔''(2)

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی عبیدة بن الجراح، الحدیث:۱،ج۸،ص۱۷۳۔
الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار ابی عبیدة بن الجراح، الحدیث:۱۰۲۹،ص۲۰۳.

(2)......المستدرك، کتاب معرفة الصحابة، باب لما قتل سالم قالوا ذھب ربع القرآن، الحدیث:۵۰۵۵،ج۴،ص۲۴۴.



www.dawateislami.net

## سیِّدُنا ابوعُبَیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نصیحتیں:

﴿327﴾......حضرت سیِّدُنا نِمْران بن مِخْمَر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیدہ بن جرّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لشکر کے ساتھ چلتے ہوئے فرمایا: ''سنو! بہت سے سفید لباس والے دین کے اعتبار سے میلے ہوتے ہیں اور بہت سے اپنے آپ کو مُکَرَّم سمجھنے والے حقیر ہوتے ہیں۔ اے لوگو! نئی نیکیاں پُرانے گناہوں کو مٹا دیتی ہیں۔ اگر تم میں سے کسی کی برائیاں زمین وآسمان کو بھر دیں پھر وہ کوئی نیکی کرے تو ہوسکتا ہے کہ وہ ایک نیکی ان تمام گناہوں پر غالب آجائے اور ان کو مٹادے۔'' (1)

## مومن کا دل:

﴿328﴾......حضرت سیِّدُنا خالد بن مَعْدان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ امینِ اُمّت حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیدہ بن جَرَّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مومن کا دل چڑیا کی طرح دن میں کئی بار اُلٹ پلٹ ہوتا ہے۔'' (2)

# حضرتِ سَیِّدُنا عُثمان بن مَظعُون

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی زندگی زُہد اور سادگی سے گزاری۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی آنکھ کی وجہ سے مُصِیبَت وآزمائش میں مُبتلا تھے اور 2 مرتبہ ہجرت کر کے ذُوالْھِجْرَتَین (یعنی 2 ہجرتوں والے) کا عَظِیم لقب پایا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے احکامات کی بجا آوری میں پیش پیش رہتے۔ عزت وعَظَمت والے اَوصاف سے اپنے کردار کو زِینت بخشی۔ عبادت وریاضت کے نور سے اپنے شب وروز کو مُنَوَّر فرمایا۔ جنگوں میں ہمیشہ شُجاعت وبہادری اور دِلیری کے جوہر دکھائے۔ دُنیا نہ تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کوئی عَیب ونَقْص پہنچاسکی اور نہ ہی دینی رِفْعَتوں سے نیچے گراسکی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جلد ہی اپنے محبوبِ حقیقی اللہ رَبُّ الْعِزَّت عَزَّوَجَلَّ سے جاملے اور ہر قسم کے غم سے

---

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار ابی عبیدۃ بن الجراح، الحدیث:۱۰۲۶، ص۲۰۳۔
المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام ابی عبیدۃ بن الجراح، الحدیث:۳، ج۸، ص۱۷۳.

2 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام ابی عبیدۃ بن الجراح، الحدیث:۵، ج۸، ص۱۷۴.



www.dawateislami.net

نجات پالی۔

صُوفیائے کرام رَحِمَهُمُ اللّٰهُ السَّلَام فرماتے ہیں: ''گناہوں سے کنارہ کش رہنے والے شخص کا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خالص محبت سے اپنے آپ کو آراستہ کرنے کا نام تصوُّف ہے۔''

## اسلامی بھائیوں سے اظہارِ ہمدردی:

﴿329﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عَوف رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے دیکھا کہ میں تو وَلِید بن مُغِیْرہ کی امان پا کر راحت وآرام سے اپنے صبح وشام گزار رہا ہوں لیکن دِیگر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سخت تنگی ومُصِیبت سے دوچار ہیں تو فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! مجھے زَیب نہیں دیتا کہ میں ایک مُشرِک کی امان میں رہ کر راحت وآرام پاؤں اور میرے رُفقا اسلامی بھائی مُصِیبت ومُشقَّت اٹھائیں۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه وَلِید بن مُغِیْرہ کے پاس تشریف لے گئے اور اس سے فرمایا: ''اے عبدِ شمس کے باپ! تیری ذِمّہ داری پوری ہوئی اب میں تجھے تیری امان لوٹاتا ہوں۔'' اُس نے پوچھا: ''اے بھتیجے! کیا ہوا؟'' کیا میری قوم کے کسی شخص نے تمہیں تکلیف پہنچائی ہے؟'' حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ''نہیں، بلکہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ پر راضی ہوں اور مجھے اس کے علاوہ کسی کی پناہ پسند نہیں۔'' وَلِید نے کہا: ''تو پھر جس طرح میں نے تمہیں اِعلانیہ امان دی تھی اِسی طرح اِعلانیہ طور پر لوٹاؤ۔'' پھر دونوں مسجد میں پہنچے تو وَلِید نے سب کو مخاطب کر کے اِعلان کیا: ''عثمان میری اَمان لوٹانے آیا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ''یہ سچ کہتا ہے، یہ اپنی امان کو پورا کرنے والا ہے لیکن مجھے پسند نہیں کہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کسی کی امان میں رہوں اس لئے میں اس کی دی ہوئی امان اسے واپس لوٹاتا ہوں۔''

## دوسری آنکھ بھی تکلیف کی مُشتاق:

پھر حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه وہاں سے تشریف لے گئے اور قریش کی ایک مَجْلِس میں جا بیٹھے۔ وہاں لَبِید بن رَبِیْعَہ بن مالک، قُرَیش کو اَشعار سنا رہا تھا آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه اس کے پاس بیٹھ گئے تو اُس نے یہ شعر پڑھا:



www.dawateislami.net

اَلا کُلُّ شَیۡیءٍ مَا خَلا اللّٰہِ بَاطِلٌ ترجمہ: اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا ہر چیز باطل ہے۔

تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تو نے سچ کہا۔'' پھر اس نے کہا:

وَکُلُّ نَعِیۡمٍ لَا مُحَالَۃَ زَائِلٌ ترجمہ: اور ہر نعمت یقیناً زائل وختم ہونے والی ہے۔

تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تو نے جھوٹ کہا کیونکہ اہل جنّت کی نعمتیں تو کبھی بھی ختم نہیں ہوں گی۔'' اس پر لَبِید بن رَبِیْعَہ نے کہا: ''اے گروہِ قُریش! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! مجھے کبھی بھی تم سے تکلیف نہیں پہنچی۔ یہ کون ہے جو مجھے اَذِیَّت دیتا ہے؟'' ایک شخص نے کہا: ''تم اس کی باتوں کا بُرا نہ مناؤ۔ یہ ہماری قوم کے ان بے وقوفوں میں سے ہے جنہوں نے ہمارا دین چھوڑ دیا ہے۔'' حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بھی اس کو جواب دیا یہاں تک کہ مُعامَلہ بڑھ گیا تو اس شخص نے اُٹھ کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو تھپڑ دے مارا جس سے آپ کی آنکھ کو نُقْصان پہنچا۔ وَلِید بن مُغِیرہ جو قریب ہی کھڑا یہ سب دیکھ رہا تھا، کہنے لگا: ''اے بھتیجے! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تو میری امان میں رہتا تو تجھے یہ نُقْصان نہ پہنچتا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے عبدِ شَمْس کے باپ! میری دوسری آنکھ بھی راہِ خدا میں پہنچنے والی اس تکلیف کی مُشْتاق ہے جو اس آنکھ کو پہنچی اور رہی امان کی بات، تو میں اس کی امان میں ہوں جو تجھ سے زیادہ عزت وقُدْرَت والا ہے۔'' (1)

## اَشعار:

حضرتِ سیِّدُنا عُثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آنکھ کو نُقْصان پہنچنے پر یہ اشعار پڑھے:

فَاِنْ تَکُ عَیۡنِیۡ فِیۡ رِضَا الرَّبِّ نَالَھَا يَدَا مُلۡحِدٍ فِی الدِّیۡنِ لَیۡسَ بِمُھۡتَد

فَقَدۡ عَوَّضَ الرَّحۡمٰنُ مِنۡھَا ثَوَابَہٗ وَمَنۡ یَّرۡضَہُ الرَّحۡمٰنُ یَا قَوۡمِ یَسۡعُد

فَاِنِّیۡ وَاِنۡ قُلۡتُمۡ غَوِیٌّ مُضَلِّلٌ سَفِیۡہٌ عَلٰی دِیۡنِ الرَّسُوۡلِ مُحَمَّد

اُرِیۡدُ بِذَاکَ اللّٰہَ وَالۡحَقُّ دِیۡنُنَا عَلٰی رَغۡمِ مَنۡ یَّبۡغِیۡ عَلَیۡنَا وَیَعۡتَدِی

**ترجمہ:** (۱)......اگر رِضائے الٰہی میں کسی بے دین کے ہاتھ سے میری آنکھ کو تکلیف پہنچی ہے تو وہ ہدایت یافتہ نہیں ہو سکتا۔

---

1 ......السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، قصۃ عثمان بن مَظْعُوْن فی رد جوار الولید، ص١٤٦.



www.dawateislami.net

(۲)......بلاشُبہ اس کے بدلے خدائے مہربان عَزَّوَجَلَّ مجھے اجرِ عَظِیم سے نوازے گا اور اے میری قوم! اللہ عَزَّوَجَلَّ جس سے راضی ہوجائے وہ خوش بَخت ہے۔

(۳)......میں دِینِ مُحمدی عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَام کا پیروکار ہوں، اگرچہ تم مجھے گمراہ، بھٹکا ہوا اور بے وقوف کہو۔

(۴)......اور دینِ اسلام کی اِتِّبَاع سے میرا مَقصد اللہ عَزَّوَجَلَّ کو راضی کرنا ہے، تمہارے ظُلم وزِیادتی کے باوجُود ہمارا دین حق ہے۔

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم نے حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کی آنکھ کو تکلیف پہنچنے پر یہ اشعار کہے:

اَمَنْ تَـذْكُـرُ دَهْـرَ غَيْـرِ مَـامُـوْنٍ ۔۔۔ اَصْبَحْتَ مُكْتَئِبًا تَبْكِيْ كَمَحْزُوْنٍ

اَمَنْ تَـذْكُـرُ اَقْـوَامَ ذَوِیْ سَفَـهٍ ۔۔۔ يَغْشُوْنَ بِالظُّلْمِ مَنْ يَّدْعُوْ اِلَى الدِّيْن

لَا يَنْتَهُوْنَ عَنِ الْفَحْشَآءِ مَا سَلِمُوْا ۔۔۔ وَالْغَدْرُ فِيْهِمْ سَبِيْلُ غَيْرِ مَأْمُوْن

اَلَا تَـرَوْنَ، اَقَـلَّ اللّٰـهُ خَيْـرَهُـمْ ۔۔۔ اِنَّا غَضِبْنَا لِعُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْن

اِذْ يَلْطِمُوْنَ وَلَا يَخْشَوْنَ مَقْلَتَهٗ ۔۔۔ طَعْنًا دِرَاكًا وَضَرْبًا غَيْرَ مَافُوْن

فَسَوْفَ يُجْزِيْهِمْ اِنْ لَّمْ يَمُتْ عِجْلًا ۔۔۔ كَيْلًا بِكَيْلٍ جَزَآءً غَيْرَ مَغْبُوْن

**ترجمہ:** (۱)......کیا تم فتنے والے زمانے کو یاد کرکے پریشان اور غمزدہ شخص کی طرح روتے ہو۔

(۲)......اور ان بے وقوف لوگوں کو دیکھتے ہو جن کا حال یہ ہے کہ وہ دین کی طرف دعوت دینے والے پر ظُلم کرتے ہیں۔

(۳)......جو کبھی برائی سے باز نہیں آتے اور دھوکا دینا جن کا وَطِیرہ ہے۔

(۴)......کیا تم نہیں دیکھتے کہ ہم حضرت عُثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کی تکلیف کی وجہ سے غضبناک ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو اَذِیَّت دینے والوں کو بھلائی سے مَحرُوم کرے۔ (آمین)

(۵)......کیونکہ یہ لوگ انہیں تھپڑ مارتے اور نیزوں وتلواروں کے ساتھ ہلاک کرنے سے بھی نہیں ڈرتے۔

(۶)......اگر یہ لوگ جلدی نہ بھی مرے تو عنقریب انہیں ان کے ظُلم کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔



www.dawateislami.net

# عُثمان بن مَظعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کاوِصالِ باکمال

## ایسوں کو ایسی جزا:

﴿330﴾...... حضرتِ سیِّدَتُنا اُمِّ علاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہَا فرماتی ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے ہمارے گھر میں وفات پائی۔ میں رات کو سوئی تو حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کے لئے ایک بہتا چشمہ دیکھا۔ جب یہ بات میں نے حُضُور نبیِّ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں بیان کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ان کا عمل ایسا ہی تھا۔'' (1)

﴿331﴾...... حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ ''حَبَشَہ'' قریش کی پُراَمن تجارت گاہ تھی جس کے ذریعے وہ کثیر آمدنی حاصل کیا کرتے تھے۔ جب مسلمانوں کو جَبر وتَشَدُّد کا نشانہ بنایا گیا اور انہیں فتنے کا خوف لاحق ہوا تو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِین کو حَبَشَہ کی جانب ہجرت کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ مسلمان حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی رہنمائی میں مکہ سے نکلے اور حَبَشَہ کی سرزمین میں ٹھہرے رہے یہاں تک کہ ''سورۂ نجم'' نازل ہوئی۔ حضرت سیِّدُنا عثمان بن مَظعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ اور آپ کے رُفقا واپسی پر کُفّار کے بُغض وعِناد کی وجہ سے مَکّہ میں داخل نہ ہوسکے پھر وَلید بن مُغِیرہ نے امان دی تو مکّہ میں داخل ہوئے۔ (2)

## بہترین ہم نشیں:

﴿332﴾...... حضرت سیِّدُنا ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُمَا بیان کرتے ہیں کہ جب حضرتِ عثمان بن مَظعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کا وِصال ہوا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی اہلیہ نے کہا: بہترین ہم نشیں چلا گیا، بلاشُبہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ بہترین لوگوں میں سے تھے۔ کیونکہ جب شہزادیٔ رسول، حضرتِ سیِّدَتُنا رُقَیّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہَا کا وِصال ہوا تو حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہماری صاحبزادی ہمارے بہترین ہم نشیں

---

(1) ......صحیح البخاری، کتاب الشھادات، باب القرعة فی المشکلات، الحدیث: ۲۶۸۷، ص ۲۱۳.

(2) ......الدلائل النبوة للاصبهانی، فصل فی ذکر شهادة النجاشی، الرقم ۱۰۰، ص ۱۰۲۔
دلائل النبوة للبیهقی، باب الهجرة الاولی الی الحبشة، ج ۲، ص ۲۸۵ تا ۲۹۱.



www.dawateislami.net

عثمان بن مَظْعُوْن سے جا ملی۔“ (1)

## خالص وکامل ایمان:

﴿333﴾......حضرت سیِّدُ نا ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ پیکرِ حُسن و جمال، صاحبِ جودونوال صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، حضرتِ عثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے وقت تشریف لائے اور ان پر جھک گئے پھر سر اُٹھایا حتی کہ تین مرتبہ ایسا کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سسکیاں لے کر رو رہے تھے۔ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو روتے دیکھا تو وہ بھی رونے لگے۔ حُضُور نبیِّ رحمت، شَفِیْعِ اُمَّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ”اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ“ پڑھنے لگے اور فرمایا: ”ابوسائب (یعنی عثمان بن مَظْعُوْن) اس دنیا سے اس حال میں گئے کہ دنیا سے کچھ نہ لیا۔“ (2)

## دُنیا سے بے رغبتی:

﴿334﴾......حضرت سیِّدُ نا عَبْدِ رَبِّہٖ بن سَعِیْد مَدَنی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرتِ سیِّدُ نا عثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے وقت تشریف لائے اور جھک کر ان کا بوسہ لیا پھر فرمایا: ”اے عثمان! اللہ عَزَّوَجَلَّ تم پر رحم فرمائے! نہ تم نے دنیا سے کچھ لیا اور نہ ہی دُنیا تم سے کچھ لے سکی۔“ (3)

## پیوند دار پرانی چادر:

﴿335﴾......حضرت سیِّدُ نا ابن شِہاب زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت سیِّدُ نا عثمان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک پُرانی چادر پہن کر مسجد میں داخل ہوئے جس پر چمڑے کے پیوند لگے تھے۔ انہیں دیکھ کر نبیِّ مہربان، سرورِ دو جہان، محبوبِ رحمٰن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ

---

1......مسند ابی داؤد الطیالسی، یوسف بن مہران عن ابن عباس، الحدیث: ٢٦٩٤، ص٣٥١.

2......الإستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، الرقم ١٧٩٨ عثمان بن مَظْعُوْن، ج٣، ص١٦٦.

3......الزھد للامام احمد بن حنبل، الحدیث: ٦١، ص٣٨.



www.dawateislami.net

اَجْمَعِین رونے لگے پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے صحابہ! تمہاری اس وقت کیا حالت ہوگی جب تم صبح ایک لباس میں ہوگے اور شام کو دوسرا لباس پہنو گے اور تمہارے سامنے (کھانے کا) ایک کے بعد دوسرا پیالہ رکھا جائے گا اور تمہارے گھروں پر کعبۃ اللہ کے پردوں کی طرح پردے لٹکے ہوں گے؟'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِین نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہم چاہتے ہیں کہ ایسا ہوجائے کیونکہ اس میں ہمارے لئے سہولت وآرام ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ایسا ضرور ہوگا، حالانکہ آج تم اس دن سے بہتر ہو۔'' (1)

## رَحمتِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے بوسہ دیا:

﴿336﴾...... اُمُّ المؤمنین حضرتِ سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں: ''میں نے دیکھا کہ حُضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرتِ عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی وفات کے بعد اُنہیں بوسہ دے رہے ہیں۔'' (2)

## محبتِ خدا و مُصطفٰی کافی:

﴿337﴾...... حضرت سیِّدُنا زَید بن اَسْلَم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَکْرَم بیان کرتے ہیں کہ جب حضرتِ سیِّدُنا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی وفات ہوئی تو رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کی تجہیز وتکفین کا حکم فرمایا۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو قبر میں رکھا گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی اہلیہ نے کہا: ''اے ابوسائب! تجھے جنّت کی بشارت ہو۔'' تو مُصطفٰی کریم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالتَّسْلِیْم نے ارشاد فرمایا: ''تجھے کیسے اس کا علم ہوا؟'' اس نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ دن کو روزہ رکھتے اور رات کو عبادت کیا کرتے تھے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اگر تو یہ کہتی کہ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کرتے تھے تو یہی کافی ہوتا۔'' (3)

---

1 ...... جامع الترمذی، ابواب صفة القیامة، باب حدیث علی فی ذکر مُصعَب بن عُمَیر، الحدیث: ۲۴۷۶، ص ۱۹۰۱۔ عن علی بن ابی طالب.

2 ...... مسند ابی داود الطیالسی، القاسم عن عائشة عنه، الحدیث: ۱۴۱۵، ص ۲۰۱.

3 ...... الموسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الاولیاء، الحدیث: ۷۲، ج ۲، ص ۴۰۶.


www.dawateislami.net

## وصال پر اہلیہ کے اشعار:

﴿338﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو اِسحاق سَبِیْعِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اہلیہ پُرانے کپڑوں میں مَلبُوس ازواجِ مطہرات کے پاس حاضر ہوئیں تو اُنہوں نے اس کی وجہ دریافت کی تو عرض کی: ''میرے شوہر دن کو روزہ رکھتے اور رات کو عبادت کرتے ہیں (اور کماتے نہیں)۔'' آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اس بات کی خبر ملی تو حضرت سیِّدُ نا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بُلا کر تنبیہ فرمائی اور فرمایا: ''کیا تمہارے لئے میرا طریقہ کافی نہیں؟'' اُنہوں نے عرض کی: ''کیوں نہیں! اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر فدا کرے!'' اس کے بعد ان کی زوجہ محترمہ اچھی حالت میں اور خوشبو لگائے ازواجِ مطہرات کے پاس آئیں اور جب حضرت سیِّدُ نا عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات ہوئی تو اُنہوں نے یہ اشعار کہے:

یَا عَیْنِ جُوْدِیْ بِدَمْعٍ غَیْرِ مَمْنُوْنٍ   عَلٰی رَزِیَّۃِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْن

عَلٰی اِمْرَءٍ بَاتَ فِیْ رِضْوَانِ خَالِقِہٖ   طُوْبٰی لَہٗ مِنْ فَقِیْدِ الشَّخْصِ مَدْفُوْن

طَابَ الْبَقِیْعُ لَہٗ سُکْنٰی وَغَرْقَدُہٗ   وَاَشْرَقَتْ اَرْضُہٗ بَعْدَ تَفْتِیْن

وَاَوْرَثَ الْقَلْبَ حُزْنًا لَا انْقِطَاعَ لَہٗ   حَتَّی الْمَمَاتِ فَمَا تَرَقّٰی لَہٗ شَوْنِی

**ترجمہ:** (۱)......اے میری آنکھ! سیِّدی عثمان بن مَظْعُون رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (کے وصال) کی مُصِیبت پر خوب آنسو بہا۔

(۲)......اور اس ہستی پر گریہ وزاری کر جس نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی خوشنودی میں راتیں گزاریں، اس دفن شُدہ بے مثال شخص کے لئے خوشخبری ہے۔

(۳)......بقیعِ غرقد ان کا بہترین ٹھکانہ ہے اور دُنیوی مُصِیبتوں کے بعد ان کا مدفن روشن ہو گیا۔

(۴)......ان کی وفات سے دل کو ایسا صَدمہ پہنچا ہے جو مرتے دم تک کبھی ختم نہ ہو گا اور میرے صبر کا ذخیرہ بھی اسے ختم نہیں کر سکتا۔ (3)

---

1......مسند ابی یعلی الموصلی،حدیث ابی موسٰی الاشعری،الحدیث:۷۲۰۶،ج۶،ص۲۰۵۔

الِاسْتِیْعاب فی معرفۃ الاصحاب،الرقم ۷۹۸عثمان بن مَظْعُون،ج۳،ص۱۶۷۔



www.dawateislami.net

# حضرتِ سَیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر دَارِی

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نامُصْعَب بن عُمَیر دَارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اَللّٰہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کرنے والے، قرآنِ پاک کی تلاوت کرنے والے، جنگِ اُحُد میں شریک ہونے والے، سب سے پہلے حق کی دعوت دینے والے، پرہیزگاروں کے سردار، نیکیوں میں سَبقت لے جانے والے، وعدہ پورا کرنے والے، تکلّف وبناوٹ سے پاک، مُخْلِص اور مَحَبَّت وخوف میں مَغْلُوب رہنے والے عَظِیْمُ الشّان انسان تھے۔

صُوفیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلام فرماتے ہیں: ''پاکیزہ باغوں میں اُنْسِیَّتِ حق تلاش کرنے کا نام تصوُّف ہے۔''

## تبلیغِ دین کے لئے کوششیں:

﴿339﴾......حضرت سیِّدُ ناعُروہ بن زُبیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ جب انصار نے حُضُور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی گفتگو سُنی تو انہیں یقین کی دولت نصیب ہوئی، ان کے دل مطمئن ہو گئے اور انہوں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رِسالت کی تصدیق کی اور ایمان قبول کر کے بھلائی پانے والوں میں شامل ہو گئے اور آئندہ سال موسمِ حج میں ملنے کا وعدہ کر کے اپنی قوم کی طرف لوٹ گئے۔ وہاں پہنچ کر اُنہوں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف پیغام بھیجا کہ ہمارے پاس کسی مُبَلِّغِ اسلام کو بھیجیں جو لوگوں کو قرآنِ پاک کی طرف بلائے اور لوگ اس کی اِتّباع کریں۔ حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قبیلۂ بنی عبدالدار سے تعلُّق رکھنے والے حضرتِ سیِّدُ نامُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ان کی طرف روانہ کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قبیلۂ بنی غنم کے اسعد بن زرارہ کے ہاں قیام فرمایا اور انہیں قرآن پاک سنایا۔ پھر حضرت سیِّدُ ناسَعْد بن مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس جا کر اسلام کی دعوت دی تو اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اِن کے ہاتھ پر اُنہیں ہدایت عطا فرمائی۔ حتی کہ انصار کے اکثر گھرانے، ان کے سردار و شُرفا اور حضرت سیِّدُ ناعَمْرو بن جَمُوح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسلام لے آئے، بت توڑ دیئے گئے۔ پھر حضرت سیِّدُ نامُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ واپس بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں لوٹ آئے اور قاری کے نام سے مشہور ہو گئے۔''(1)

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۹، ج ۲۰، ص ۳۶۲.



www.dawateislami.net

## مدینۂ مُنوَّرہ میں تبلیغ کی اِبتدا:

﴿340﴾......حضرت سیِّدُنا اِمام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ جب ''اہلِ عقبہ'' شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ مُعطَّر پسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دعوت پر ایمان لے آئے اوران پر قرآنِ مجید کی آیات تلاوت کی گئیں تو انہوں نے حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن عَفْراء اور حضرت سیِّدُنا رافع بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں بھیجا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس کسی ایسے شخص کو بھیجیں جو لوگوں کو قرآنِ پاک کے احکام سکھائے اور ہم اس کی پیروی کریں۔ حُضور نبیٔ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قبیلۂ بنی عبدالدار سے تعلُّق رکھنے والے حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھیجا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مدینۂ مُنوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں اسلام کی دعوت دیتے رہے، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کے ہاتھ پر کثیر لوگوں کو ہدایت عطا فرمائی حتی کہ انصار کے اکثر گھرانے، ان کے سردار و شُرفا نیز حضرت عَمرو بن جَمُوح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم اسلام لے آئے، بت توڑ دیئے گئے اور مسلمان مدینۂ مُنوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں غالب آ گئے پھر حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں واپس لوٹ آئے اور انہیں قاری کہا جانے لگا۔ حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی وہ پہلے صحابی ہیں جنہوں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آمد سے قبل مدینۂ مُنوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں لوگوں کو جمعہ کے لئے جمع کیا۔''(1)

## اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے کیا عہد سچّا کر دیا:

﴿341﴾......حضرت سیِّدُنا عُبَید بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ جب تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نُبُوَّت، مُحسِنِ اِنسانیت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اُحد کے دن جنگ سے فارغ ہوئے تو حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید دیکھ کر یہ آیتِ مبارکہ تلاوت فرمائی:

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۹، ج۲۰، ص ۳۶۲۔
المعجم الاوسط، الحدیث: ۶۲۹۴، ج۴، ص۳۷۶.


www.dawateislami.net

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَیْهِ ۚ (پ۲۱،الاحزاب:۲۳)

ترجمۂ کنزالایمان: مسلمانوں میں کچھ وہ مرد ہیں جنہوں نے سچا کردیا جو عہد اللہ سے کیا تھا۔ [1]

## شُہدا، سلام کا جواب دیتے ہیں:

﴿342﴾......حضرت سیِّدُنا عُبَید بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ غزوۂ اُحُد سے واپسی کے موقع پر سرکارِ نامدار، رسولوں کے سالار، مکی مَدَنی تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور دوسرے شُہَدائے اُحُد کے پاس کھڑے ہو کر فرمایا: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں زندہ ہو۔ (اے لوگو!) ان کی زیارت کرو اور ان پر سلام بھیجو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! قیامت تک جو بھی ان پر سلام بھیجے گا یہ اسے جواب دیں گے۔'' [2]

## دُنبے کی کھال کا لباس:

﴿343﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دنبے کی کھال کا لباس پہنے دیکھا تو فرمایا: ''اس شخص کو دیکھو جس کے دل کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مُنَوَّر (یعنی روشن) فرما دیا ہے۔ میں نے اس کی وہ زندگی بھی دیکھی ہے کہ اس کے والدین اسے عُمدہ و بہترین خوراک دیتے تھے لیکن اب اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مَحَبَّت میں اس کی یہ حالت ہوگئی ہے۔'' [3]

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب مُصْعَب بن عُمَيْر، الحديث: ٤٩٥٧، ج٤، ص٢٠٦.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ٨٥٠، ج٢٠، ص٣٦٤.

3 ......شعب الإيمان للبيهقي، باب في الملابس والاواني، فصل في التواضع في اللباس، الحديث: ٦١٨٩، ج٥، ص١٦٠.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن جَحْش

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ ناعبد اللّٰہ بن جَحْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم اٹھانے والے، اُس کی مَحبَّت میں کوشش کرنے والے اور سب سے پہلے اِسلامی پرچم اٹھانے والے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ اُمَیمہ بنت عبدالمُطَّلِب سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شَفِیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پھوپھی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ان افراد میں سے ہیں جنہوں نے حَبَشہ کی طرف ہجرت کی اور جنگِ بدر میں شریک ہوئے اور حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کی بہن حضرت سیِّدَتُنا زینب بنت جَحْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے نکاح فرمایا۔

## پہلا اسلامی پرچم:

﴿344﴾......حضرت سیِّدُنا امام شَعْبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ اسلام میں سب سے پہلا جو پرچم لہرایا گیا وہ حضرت سیِّدُ ناعبد اللّٰہ بن جَحْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا تھا۔ نیز مسلمان مجاہدین کے درمیان سب سے پہلے جو مالِ غنیمت تقسیم کیا گیا وہ بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا حاصل کیا ہوا تھا۔(1)

## شہادت کی دُعا:

﴿345﴾......حضرت سیِّدُ نا اسحاق بن سَعد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ ناعبداللّٰہ بن جَحْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اُحُد کے دن حضرت سیِّدُ ناسَعْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: ''آپ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا کیوں نہیں کرتے؟'' پھر خود ایک طرف جا کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کرنے لگے: اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! کل میرا مُقابلہ دشمنوں کے ایسے شخص سے ہو جو بہت سخت ہو میں تیری رِضا کے لئے اس سے مُقابَلہ کروں پھر وہ میرے کان، ناک کاٹ دے اور جب بروزِ قیامت میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں اور تو ان (کان، ناک) کے بارے میں پوچھے تو میں عرض کروں: ''تیرے اور تیرے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی راہ میں کٹ گئے۔'' پھر تو

1......الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، الرقم ۱۵۰۲ عبد اللّٰہ بن جحش، ج۳، ص ۱۴.



www.dawateislami.net

ارشادفرمائے: ''تو نے سچ کہا۔'' حضرت سیِّدُ ناسَعد بن ابی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے دن کے آخری حصے میں ان کی ناک اورکان دھاگے میں پروئے ہوئے دیکھے۔''[1]

﴿346﴾......حضرت سیِّدُ ناسَعِیدبن مُسَیِّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ ناعبداللّٰہ بن جَحْش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اُحُد کے دن دُعامانگی:یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھے قسم دیتاہوں کہ کل میرامُقابَلہ ایسے دشمن سے ہوجومجھے شہیدکرکے میراپیٹ پھاڑدے اورمیری ناک یاکان یادونوں کاٹ لے،پھرتُوبروزِقیامت مجھ سے ان کے بارے میں پوچھے تو میں عرض کروں: ''یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! یہ تیری راہ میں کاٹے گئے۔'' حضرت سیِّدُ ناسَعِیدبن مُسَیِّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''مجھے اُمید ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے جس طرح ان کی پہلی دُعاقبول فرمائی اسی طرح آخری دُعابھی قبول فرمائے گا۔''[2]

## حضرت سیِّدُنا عامر بن فُہَیرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ ناعامربن فُہَیرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ شرعی اَحکام کوبجالانے اورحَسَد کی نحوست سے خودکوبچانے والے تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے جسم کووفات کے بعدآسمان پراُٹھالیاگیا۔دین اسلام کی دعوت ملتے ہی اسے قبول کرنے والےاورہجرت کے مواقع پرحُضُورنبی رحمت،شَفِیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صُحبَت وخدمت میں رہ کرفیض پانے والے تھے۔

صُوفیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام فرماتے ہیں: ''تصوُّف اسی کانام ہے کہ فِرِشتہ موت کی خبرلائے توبندہ اپنے دل میں خوشی پائے۔''

---

1 ......المستدرك، كتاب الجهاد، باب رأس الأمر الإسلام......الخ، الحديث: ٢٤٥٦، ج٢، ص٣٩٥.

2 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب ذكر مناقب عبد الله بن جحش، الحديث: ٤٩٥٤، ج٤، ص٢٠٥.


www.dawateislami.net

## آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی رَفاقت ملی:

﴿347﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا بیان فرماتی ہیں کہ ''جب میرے سرتاج، صاحبِ معراج صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مکّہ مکرّمہ سے مدینہ منوّرہ زَادَھُمَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا ہجرت فرمائی اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ صرف امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور حضرت عامر بن فُہَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا اور راستہ بتانے کے لئے قبیلۂ بنی دیل کا ایک شخص تھا۔'' (1)

﴿348﴾......حضرتِ سیِّدَتُنا اسماء بنت ابی بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا فرماتی ہیں کہ ''ہجرت کے موقع پر حُضور نبیِّ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تین راتیں غارِ ثور کو شرف بخشا کہ وہاں قیام فرمایا اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے آزاد کردہ غلام، حضرت عامر بن فُہَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بکریاں چرایا کرتے تھے یہ بھی شام کو ان کے پاس حاضر ہو جاتے، رات وہیں گزارتے، صبح پھر چرواہوں کے ساتھ چراگاہ پہنچ جاتے۔ یہ اس طرح کرتے کہ جب شام کے وقت چرواہوں کے ساتھ واپس آ رہے ہوتے تو چلنے کی رفتار کم کر دیتے یہاں تک کہ جب رات کی تاریکی چھا جاتی تو بکریاں لے کر ان حضرات کے پاس غار کی طرف تشریف لے جاتے اور چرواہے سمجھتے کہ وہ ہمارے ساتھ ہی ہیں۔'' (2)

## لاشہ آسمان کی طرف اُٹھالیا گیا:

﴿349﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا سے روایت ہے کہ جب حُضور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیّاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور حضرت عامر بن فُہَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ مُنَوَّرَہ زَادَھُمَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا پہنچے تو حضرت عامر بن فُہَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بِئرِ مَعُوْنَہ کے دن شہید کر دیا گیا اور حضرت عَمرو بن اُمَیَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو قید کر لیا گیا۔

---

1 ......المسند لابی یعلی الموصلی، مسند عائشۃ، الحدیث: ٤٥٥٤، ج٤، ص١٣٩.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٢٨٤، ج٢٤، ص١٠٦.



www.dawateislami.net

عامر بن طفیل نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت کے بعد ان کے لاشے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے استفسار کیا: ''یہ کون ہے؟'' حضرت عَمرو بن اُمَیّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ حضرت عامر بن فُہَیرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' تو انہوں نے بتایا کہ ''جب ان کو شہید کردیا گیا تو میں نے دیکھا کہ اِنہیں آسمان کی طرف اُٹھا لیا گیا یہاں تک کہ میں انہیں آسمان کی طرف بلند ہوتے دیکھتا رہا۔'' (1)

## فِرشتوں نے دفن کیا:

﴿350﴾......حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابی بن کَعب بن مالک رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے بتایا کہ ''حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قبیلۂ بنی سُلَیم کی طرف ایک وفد روانہ فرمایا جس میں حضرت سیِّدُنا عامر بن فُہَیرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی تھے۔ عامر بن طفیل نے بِئرِ مَعُونَہ کے مقام پر ان کے خلاف لشکر کشی کی اور انہیں شہید کردیا۔'' حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''مجھے خبر پہنچی ہے کہ لوگوں نے حضرت سیِّدُنا عامر بن فُہَیرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے جامِ شہادت نوش کرنے کے بعد ان کا جسم تلاش کیا اور نہ پا کر سمجھ گئے کہ فِرِشتوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے جسمِ اقدس کو دفن کردیا ہے۔'' (2)

﴿351﴾......حضرت سیِّدُنا ہِشَام بن عُرْوَہ اپنے والد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمَا سے روایت کرتے ہیں کہ عامر بن طفیل نے ایک شخص کے بارے میں انہیں بتایا کہ ''جب اسے شہید کیا گیا تو اس کا لاشہ آسمان کی طرف اٹھا لیا گیا یہاں تک کہ میں نے اسے آسمان کی طرف بلند ہوتے دیکھا۔ پھر لوگوں نے مجھے بتایا کہ وہ حضرت سیِّدُنا عامر بن فُہَیرَہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔'' (3)

---

(1)......صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوۃ الرجیع......الخ، الحدیث:٤٠٩٣، ص٣٣٥.

(2)......المصنّف لعبد الرزاق، کتاب المغازی، باب وقعۃ حنین، الحدیث:٩٨٠٤، ج٥، ص٢٦٢.

(3)......السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، حدیث بئر معونۃ فی صفر سنۃ اربع، ص٣٧٦.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُ نا عاصِم بن ثابِت

## رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ

حضرت سیِّدُ نا عاصِم بن ثابِت انصاری رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ ظاہری و باطنی طہارت ونظافت کے وصف میں نُمایاں اور ایفائے عہد کرنے والے تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے اپنی زندگی راہِ خدا میں وَقْف کی تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے بعد وفات بھی ان کے جسم مبارَک کو کُفّار کی پہنچ سے دور رکھا۔

عُلمائے تصوُّف فرماتے ہیں کہ: ''دُنیا سے بے رَغبتی اور آخرت کی طرف رَغْبَت رکھنے کا نام تصوُّف ہے۔''

### شہد کی مکھیوں کے ذریعے حفاظت:

﴿352﴾......حضرت سیِّدُ نا عاصِم بن عمرو بن قتادہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ''سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنے 6 جان نثار اصحاب کا ایک قافلہ روانہ فرمایا جس کا امیر حضرت سیِّدُ نا مَرْ ثَد بن ابی مَرْ ثَد رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کو مُقَرَّر فرمایا۔ان میں حضرت سیِّدُ نا عاصِم بن ثابت اور حضرت سیِّدُ نا خالد بن بُکَیر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنھُمَا بھی شامل تھے۔جب یہ سب مقام رجیع پر پہنچے تو قبیلہ ہذیل نے اِنہیں امان کی پیش کش کی لیکن حضرت سیِّدُ نا مَرْ ثَد اور حضرت سیِّدُ نا عاصِم رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنھُمَا نے ان کی پیش کش کو ٹھکراتے ہوئے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہمیں کسی مُشرِک کا کوئی عہد قبول ہے نہ اس کی پناہ سے کچھ غرض۔'' یہ سن کر اہل ہذیل طیش میں آگئے اور ان سے قتال کیا اور انہیں شہید کر دیا۔حضرت سیِّدُ نا عاصِم رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے چونکہ جنگ اُحُد کے موقع پر سُلافہ بنت سَعْد کے دو بیٹوں کو قتل کیا تھا اور اس نے قسم کھائی کہ ''اگر مجھے ان کے سر پر قدرت ملی تو میں اس کی کھوپڑی میں شراب بھر کر پیوں گی۔'' لہٰذا کُفّار نے حضرت سیِّدُ نا عاصِم بن ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کے جسم مبارَک سے سرِ اَقدس کو جدا کرنے کا ارادہ کرلیا تا کہ اسے سُلافہ بنت سَعْد کے ہاتھوں فروخت کر دیں اور وہ اپنی قسم پوری کرلے۔ چنانچہ، جب کُفّارِ بداطوار، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کا سر کاٹنے کی غرض سے آگے بڑھے تو شہد کی مکھیوں نے آپ کے جسد مبارَک کے گرد گھیرا ڈال کر دشمنوں سے چھپا لیا اور کسی کو قریب نہ آنے دیا۔تو وہ یہ کہتے ہوئے وہاں سے چل دیئے کہ ''ابھی چھوڑو، شام کو جب مکھیاں چلی جائیں گی تو ہم سر کاٹ کر لے جائیں۔'' لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور



www.dawateislami.net

تھا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کرنی کچھ ایسی ہوئی کہ اس وادی میں خوب برسات ہوئی اور برسات کا پانی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مبارک لاشہ کو بہالے گیا۔ اس لئے کہ حضرت عاصم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا عقیدہ تھا کہ مُشرکین نَجِس ہیں۔ پس انہوں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے عہد کیا تھا کہ ''وہ کسی مُشرِک کو چھوئیں گے نہ کوئی مُشرِک انہیں چھوئے۔''

جب یہ واقعہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تک پہنچا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے بندۂ مومن کی حفاظت فرمائی۔ انہوں نے زندگی میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کئے ہوئے عہد کو پورا کیا اور وہ جس طرح زندگی میں کُفّار سے دُور رہتے تھے اسی طرح اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کی وفات کے بعد بھی کُفّار کو ان کے قریب نہ آنے دیا۔'' (1)

## مُشرِکین سے نَفرت:

﴿353﴾......حضرت سیِّدُنا بُرَیْدَہ بن سُفْیَان اَسْلَمِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سردارِ دوجہان، رحمتِ عالمیان، مکّی مَدَنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا عاصم بن ثابت، حضرت سیِّدُنا زَید بن دَثِنہ، حضرت سیِّدُنا خُبَیب بن عَدِی اور حضرت سیِّدُنا مَرْثَد بن ابی مَرْثَد رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن پر مُشتَمِل ایک قافلہ تبلیغِ دین کی غرض سے بنی لَحْیَان کی طرف روانہ فرمایا۔ جب یہ مقام رَجیع تک پہنچے تو مُشرِکین ان کے مقابلے میں اتر آئے۔ مجبوراً انہیں بھی لڑنا پڑا لیکن قلت افراد کے پیش نظر سوائے حضرت سیِّدُنا عاصم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سب امان لینے کے لئے تیار ہو گئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں کسی مُشرِک سے امان نہیں لوں گا۔'' پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں التجا کرتے ہوئے عرض کی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میں آج تیرے دین کی حفاظت پر کمر بستہ ہوں پس تو میرے جسم کی حفاظت فرمانا۔'' پھر یہ اشعار پڑھتے ہوئے دشمنوں سے لڑنے لگے:

مَا عِلَّتِیْ وَاَنَا جَلْدٌ نَابِلٌ     وَالْقَوْسُ فِیْھَا وَتَرٌ عُنَابِلُ
اِنْ لَّمْ اُقَاتِلْکُمْ فَاُمِّیْ ھَابِلُ     اَلْمَوْتُ حَقٌّ وَالْحَیَاۃُ بَاطِلُ
وَکُلُّ مَا حَمَّ الْاِلٰہُ نَازِلُ     بِالْمَرْءِ وَالْمَرْءُ اِلَیْہِ آئِلُ

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۷۵، ج۲۰، ص۳۲۷۔
السیرۃ النبویۃ لابن ھشام، ص۳۶۹.


www.dawateislami.net

**ترجمہ:** (۱)......میں کمزور نہیں بلکہ بہادُر تیرانداز ہوں اور میرے کمان میں موٹا اور سخت چلہ لگا ہوا ہے۔

(۲)......(اے دُشمنو!) اگر میں تم سے لڑائی نہ کروں تو میری ماں مجھ سے محرُوم ہو جائے۔ موت کا آنا حق اور یقینی ہے اور زندگی فانی و باطل ہے۔

(۳)......اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جس کے بارے میں جو ارادہ فرمالیا وہ واقع ہو کر رہتا ہے اور انسان اس کی طرف ضرور لوٹنے والا ہے۔

بالآخر جب انہوں نے حضرت سیِّدُنا عاصِم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کر دیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اہلِ ہُذَیل کے ایک کنوئیں میں تھے کہ کسی نے کہا: ''یہ تو وہی شخص ہے جس کے بارے میں سُلافہ بنت سَعْد نے قسم کھائی تھی کہ اگر اس کے سر پر قدرت پاؤں گی تو اس کی کھوپڑی میں شراب بھر کر پیوں گی۔'' اور اس نے یہ قسم اس لئے کھائی تھی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جنگ اُحُد میں بنی عبدُ الدار کے تین عَلَم بردار بہادُروں کو قتل کیا تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تیر چلاتے جاتے اور کہتے جاتے تھے: ''میں اَقْلَح کا بیٹا ہوں۔'' چنانچہ، انہوں نے ارادہ کرلیا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا سر کاٹ کر سُلافہ بنت سَعْد کے پاس لے جائیں گے تاکہ وہ اس کی کھوپڑی میں شراب بھر کر پیئے۔ جب وہ اپنے اس ناپاک ارادے سے حضرت سیِّدُنا عاصِم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مُقدَّس لاشے کی طرف بڑھے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کے ارادے کو خاک میں ملا دیا۔ وہ اس طرح کہ شہد کی مکھیوں کے ایک لشکر نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاکیزہ لاشے کو چھپالیا جس کی وجہ سے مشرکین آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا سَر تن سے جدا نہ کر سکے۔'' (1)

۞ === ۞ === ۞ === ۞

1......السنن لابی عثمان سعیدبن منصور، کتاب الجهاد، باب جامع الشهادة، الحديث: ۲۸۳۷، ج۲، ص۳۴۷۔
السيرة النبوية لابن هشام، ذكر يوم الرجيع فی سنة ثلاث، ص ۳۷۰.


www.dawateislami.net

# حضرت سَیِّدُنا خُبَیب بن عَدِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا خُبَیب بن عدِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ثابت قدمی اختیار کرنے، صبر کرنے والے تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ راہِ خدا میں سُولی چڑھائے گئے۔

عُلمائے تصوُّف فرماتے ہیں: ''حفاظتِ دین کی خاطر سختیاں برداشت کرنے کا نام تصوُّف ہے۔''

## بہترین قیدی اور غیبی رِزق:

﴿354﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دس افراد کا ایک قافلہ کسی مہم پر روانہ فرمایا اور حضرت عاصم بن عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے نانا حضرت سیِّدُنا عاصم بن ثابت اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اس قافلے کا امیر بنایا۔ جب یہ قافلہ عُسفان اور مکّہ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کے درمیان واقع ہَدَّہ کے مقام پر پہنچا اور ہُذَیل کے قبیلہ بنو لِحیان کو اس کا پتہ چلا تو انہوں نے تقریباً 100 تیر اندازوں کو ان کے تعاقُب میں بھیجا۔ یہ لوگ ان کے نشاناتِ قدم تلاش کرنے لگے یہاں تک اس مقام کو پانے میں کامیاب ہوگئے جہاں اتر کر مسلمانوں کے قافلے نے کھجوریں تناول فرمائیں تھیں تو کُفّار کہنے لگے کہ یہ تو یثرب (یعنی مدینہ مُنوَّرہ) کی کھجوروں کی گُٹھلیاں ہیں پس انہیں نشانات پر پیچھا کرنے لگے۔ اُدھر جب حضرت سیِّدُنا عاصم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور آپ کے رُفقا نے کُفّار کو پیچھا کرتے دیکھا تو ایک کُشادہ وہموار زمین میں پناہ لی اتنے میں مُشرِکین نے انہیں گھیر لیا اور کہا: ''اپنے آپ کو ہمارے حوالے کردو ہم وعدہ کرتے ہیں کہ تم میں سے کسی کو قتل نہیں کریں گے۔'' امیرِ قافلہ حضرت سیِّدُنا عاصم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں کسی کافر کی امان قبول نہیں کروں گا'' اتنا کہنے کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! ہمارے بارے میں اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو آگاہ فرما'' اتنے میں ان بدبختوں نے لگاتار تیر برسانے شروع کردیئے۔ جس کے سبب امیر قافلہ حضرت سیِّدُنا عاصم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور 7 شُرکائے قافلہ جامِ شہادت نوش فرماگئے۔''

اور جو 3 صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن زندہ بچے ان میں حضرت سیِّدُنا خُبَیب بن عدِی، حضرت سیِّدُنا زید بن دَثِنہ اور ایک اور صحابی رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن تھے۔ یہ تینوں حضرات مُشرِکین کے وعدہ پر پہاڑ


www.dawateislami.net

سے اتر آئے۔ جب انہوں نے ان پر غلبہ پالیا تو کمان کی تانت سے ان کے ہاتھ باندھ دیئے تو تیسرے صحابی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! یہ پہلا دھوکا ہے، میں ان کے ساتھ ہی شہید ہو جاتا تو بہتر تھا۔“ جب مُشرِکین نے انہیں ساتھ لے جانا چاہا تو آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے جانے سے انکار کر دیا جس کی وجہ سے مُشرِکین نے انہیں بھی شہید کر دیا اور حضرت خُبَیب وزَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو لے کر چلے گئے اور غزوۂ بدر کے بعد انہیں مکۂ مکرّمہ زَادَہَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں لے جا کر بیچ دیا۔ حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بنو حارِث نے خرید لیا کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے بدر کے دن حارِث بن عامر کو قتل کیا تھا۔ انہوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کافی عرصہ تک قید میں رکھا یہاں تک کہ سب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کرنے پر متفق ہو گئے۔ قید کے دوران حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ضرورت کے تحت بنو حارِث کی ایک عورت سے اُسترا مانگا تو اس نے دے دیا۔ اس دوران اس عورت کا بیٹا کھیلتا ہوا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف چلا گیا۔ وہ عورت کہتی ہے: ”میں نے اپنے بیٹے کو حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ران پر بیٹھے دیکھا تو گھبرا گئی کیونکہ اُسترا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہاتھ میں تھا۔“ حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کی گھبراہٹ دیکھ کر کہا: ”تُو اس بات سے ڈرتی ہے کہ میں اسے قتل کر دوں گا حالانکہ میں ایسا نہیں کر سکتا۔“ وہ عورت کہا کرتی تھی: ”اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے بہتر کوئی قیدی نہیں دیکھا۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے ایک دِن ان کے ہاتھ میں انگوروں کا خوشہ دیکھا حالانکہ مکۂ مکرّمہ زَادَہَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَکْرِیْمًا میں کہیں بھی انگور نہ تھے۔ یہ وہ رِزق تھا جو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو عطا فرمایا تھا۔“

جب مُشرِکین آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کرنے کے لئے حرم سے باہر لے کر نکلے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”مجھے دو رکعت نماز پڑھنے کی مُہلت دو۔“ پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے نماز پڑھ کر فرمایا: ”اگر مجھے اس بات کا خوف نہ ہوتا کہ تم میرے بارے میں یہ سمجھو گے کہ میں موت کے خوف سے نماز طویل کرتا ہوں تو میں ضرور طویل کرتا۔“ پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دُعا مانگی: ”یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ان کو چُن چُن کر قتل کر اور کسی کو زندہ نہ چھوڑ۔“

پھر یہ اشعار پڑھے:

فَلَسْتُ اُبَالِیْ حِیْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا عَلٰی اَیِّ جَنْبٍ کَانَ فِی اللّٰہِ مَصْرَعِی

وَذَالِکَ فِیْ ذَاتِ الْاِلٰہِ وَاِنْ یَّشَاءُ یُبَارِکُ عَلٰی اَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعٖ



www.dawateislami.net

**ترجمہ:** (۱)......میں حالتِ اسلام میں شہید ہو جاؤں تو مجھے اس کی کیا پرواہ کہ کس پہلو پر گرتا ہوں جبکہ میری موت اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں ہے۔

(۲)......میری شہادت صرف رضائے الٰہی کے لئے ہے۔ اگر وہ چاہے گا تو میرے بکھرے ہوئے اعضاء کے جوڑوں میں برکت عطا فرما دے گا۔

پھر ابو سِرْوَعَہ عُقْبَہ بن حارِث نے آگے بڑھ کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کر دیا۔ حضرت سیِّدُنا خُبَیْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی وہ پہلے انسان ہیں جنہوں نے ظُلْماً قتل کئے جانے والے ہر مسلمان کے لئے قتل سے پہلے نماز پڑھنے کا طریقہ جاری فرمایا۔ (1)

## شہادت سے قبل نماز:

﴿355﴾......حُجَیْر بن ابی اِہَاب کی باندی ماریہ جو بعد میں مسلمان ہو گئی تھیں بیان کرتی ہیں: ''حضرت سیِّدُنا خُبَیْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ میرے گھر میں قید تھے۔ ایک دن میں نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ میں انسانی سر کے برابر بڑے انگور کا خوشہ تھا اور وہ اس سے انگور کھا رہے ہیں حالانکہ میں نہیں جانتی کہ اس وقت زمین پر انگور کا ایک دانہ بھی کھانے کے لئے موجود ہو۔''

حضرت سیِّدُنا ابن اِسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الرَّزَّاق بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عاصِم بن عمر بن قتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: جب بنی حارث، حضرت سیِّدُنا خُبَیْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کرنے کے لئے تَنْعِیْم کی طرف لے گئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''مجھے دو رکعت نماز پڑھنے دو۔'' انہوں نے اجازت دی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے نماز ادا کی پھر ان کی طرف مُتَوَجِّہ ہو کر فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر مجھے یہ گمان نہ ہوتا کہ تم سوچو گے کہ میں موت سے ڈر کر لمبی نماز پڑھتا ہوں تو میں نماز کو ضرور طویل کرتا۔'' جب آپ کو سُولی چڑھایا جانے لگا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دُعا مانگی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! ہم نے تیرے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پیغام لوگوں تک پہنچایا تُو اپنے پیارے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ہمارے حالات سے آگاہ فرما۔'' (2)

1......صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب ۱۰، الحدیث: ۳۹۸۹، ص ۳۲۵.

2......السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، ذکر یوم الرجیع فی سنۃ ثلاث، ص ۳۷۱، "ماریۃ" بدلہ "ماویۃ".



www.dawateislami.net

## سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے پُرسوز اشعار:

حضرت سیِّدُنا ابن اسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق فرماتے ہیں کہ ''جب مُشرِکین حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کوسُولی چڑھانے لگےتو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے یہ اشعار پڑھے:

لَقَدْ جَمَعَ الْاَحْزَابُ حَوْلِیْ وَاَلَّبُوْا ۔۔۔ قَبَائِلَهُمْ وَاسْتَجْمَعُوْا كُلَّ مَجْمَعِ

وَقَدْ جَمَعُوْا اَبْنَاءَ هُمْ وَنِسَائَهُمْ ۔۔۔ وَقُرِبْتُ مِنْ جَزْعٍ طَوِیْ مَمْنَعِ

اِلَی اللّٰهِ اَشْكُوْ كُرْبَتِیْ بَعْدَ غُرْبَتِیْ ۔۔۔ وَمَا جَمَعَ الْاَحْزَابُ لِیْ حَوْلَ مَصْرَعِی

فَذَا الْعَرْشِ صَبِّرْنِیْ عَلٰی مَا یُرَادُ بِیْ ۔۔۔ فَقَدْ بَضَعُوْا لَحْمِیْ وَقَدْ یَاسَ مَطْمَعِی

وَقَدْ خَیَّرُوْنِیَ الْكُفْرَ وَالْمَوْتُ دُوْنَهٗ ۔۔۔ وَقَدْ ذَرَفَتْ عَیْنَایَ مِنْ غَیْرِ مَجْزَعِ

وَمَا بِیْ حَذَارُ الْمَوْتِ اِنِّیْ مَیِّتٌ ۔۔۔ وَلٰكِنْ حَذَارِیْ جَحْمُ نَارٍ مُلَفَّعِ

وَذٰلِكَ فِیْ ذَاتِ الْاِلٰهِ وَاِنْ یَّشَاءُ ۔۔۔ یُبَارِكْ عَلٰی اَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

فَلَسْتُ اُبَالِیْ حِیْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا ۔۔۔ عَلٰی اَیِّ جَنْبٍ كَانَ فِی اللّٰهِ مَصْرَعِی

**ترجمہ:** (۱)......میرے اردگرد مُشرِکین کے کئی گروہ اپنے تمام قبائل کو لے کر جمع ہوگئے۔

(۲)......یہی نہیں، بلکہ وہ تو اپنے بچوں اور اپنی عورتوں کو بھی جمع کر لائے۔ اور میں جَزَع فَزَع (یعنی گریہ وزاری) کے قریب ہوگیا۔

(۳)......میں اپنی تنہائی ومُصیبت اور میرے قتل کے لئے جمع ہونے والے مُشرِکین کی شِکایت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہی سے کرتا ہوں۔

(۴)......اے عرش کے مالک! مجھے ان تکالیف پر صبر عطا فرما جس کا کُفّار ارادہ کئے بیٹھے ہیں۔ بے شک وہ میرے جسم کے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں اور میں اپنی زندگی سے اُمید اٹھا چکا ہوں۔

(۵)......وہ مجھے اسلام سے پھرنے کا کہتے ہیں جبکہ (میں جانتا ہوں کہ) موت کی تکلیف کفر کے عذاب سے بہت ہلکی ہے۔ اور اس حالت میں میری آنکھوں سے بے ساختہ سیلِ اشک رواں ہے۔

(۶)......مجھے یقین ہے کہ ایک دن مرنا ہے اور مجھے موت کا کوئی ڈر نہیں۔ ہاں! جہنم کی جُھلسا دینے والی آگ سے خوف آتا ہے۔

(۷)......میں حالتِ اسلام میں شہید ہوجاؤں تو مجھے اس کی کیا پرواہ کہ کس پہلو پر گرتا ہوں جبکہ میری موت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی


www.dawateislami.net

راہ میں ہے۔

(۸)......میری شہادت صرف رضائے الٰہی کے لئے ہے۔ اگر وہ چاہے گا تو میرے بکھرے ہوئے اعضاء کے جوڑوں میں برکت عطا فرمائے گا۔ (1)

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ آمین

# حضرت سَیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب
## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سَیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بہترین خَطِیْب اور مہمان کی خاطر تواضُع فرمانے والے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اہلِ مَعْرِفَت میں وعظ ونصیحت فرماتے اور غریبوں مسکینوں کو اپنے ہاں مہمان بناتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دونوں ہجرتوں (یعنی پہلے حَبَشَہ پھر مدینہ مُنَوَّرَہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کی طرف ہجرت) کا شرف پایا۔ دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھنے کی خُصُوصِیَّت بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حصہ میں آئی۔ شُجاعت وسخاوت میں بھی نُمایاں تھے۔ نیز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں سے کَنارہ کَش اور رب عَزَّوَجَلَّ سے لو لگائے رہتے تھے۔

عُلمائے تصوُّف فرماتے ہیں: ''مخلوق سے کَنارہ کَشی اِختیار کرنے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف لو لگائے رہنے کا نام تصوُّف ہے۔''

## نجاشی کے دربار میں اعلانِ حق:

﴿356﴾......حضرت سَیِّدُنا بُرْدَہ اپنے والد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت کرتے ہیں کہ تاجدارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں حضرت سَیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ حَبَشَہ کے بادشاہ نجاشی کی سلطنت میں جانے کا حکم فرمایا۔ اُدھر قُرَیش کو یہ خبر پہنچی تو انھوں نے عَمْرو بن عاص اور عُمارہ بن وَلید کو شاہِ حَبَشَہ نجاشی کے لئے تحائف دے کر ہمارے پیچھے بھیج دیا۔ ہم وہاں پہنچے تو یہ دونوں بھی نجاشی کے دربار میں پہنچ گئے اور تحائف پیش کئے۔ اس نے قبول کر لئے۔ پھر ان دونوں نے اسے سجدہ کیا اور عَمْرو بن عاص نے

(1)......السيرة النبوية لابن هشام، ص ٣٧٢.



www.dawateislami.net

کہا: ''اے بادشاہ! ہمارے ملک کے چند لوگوں نے اپنا دِین ترک کر دیا ہے اور وہ اس وقت تمہارے مُلک میں پناہ لئے ہوئے ہیں۔'' نجاشی نے پوچھا: ''میری سَلْطَنَت میں؟'' انہوں نے کہا: ''ہاں۔'' (راوی بیان کرتے ہیں کہ) پھر شاہِ حَبَشَہ نجاشی نے ہمیں بُلا لیا۔ حضرت سیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے رُفقا سے فرمایا: ''تم میں سے کوئی نہ بولے گا۔ آج میں اس سے بات کروں گا۔'' جب ہم نجاشی کے دربار میں پہنچے تو دربار لگا ہوا تھا، اس کے دائیں طرف عمرو بن عاص اور بائیں جانب عُمارَہ بن وَلید بیٹھا ہوا تھا جبکہ دیگر پادری و راہب اس کے سامنے ہاتھ باندھے صَف بَستَہ کھڑے تھے۔ چونکہ عَمرو بن عاص اور عُمارَہ بن وَلید نے پہلے ہی ہمارے بارے میں انہیں کہہ دیا تھا کہ وہ دونوں بادشاہ کو سَجدہ نہیں کریں گے۔ چنانچہ، ہمارے وہاں پہنچتے ہی بادشاہ کی طرف سے پادریوں اور راہبوں نے ہم سے کہا کہ ''بادشاہ کو سَجدہ کرو۔'' حضرت سیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کسی کو سَجدہ نہیں کرتے۔'' نجاشی بادشاہ نے اس کی وجہ دریافت کی تو حضرت سیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہم میں ایک رسول بھیجا ہے اور یہ وہی رسول ہیں جن کی آمد کی بشارت حضرت سیِّدُنا عیسٰی عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام نے دی تھی اور فرمایا تھا کہ میرے بعد ایک رسول تشریف لائیں گے جن کا نام اَحمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہوگا۔ تو اے بادشاہ! اسی رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم صرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں، نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں، اس نے ہمیں نیکی کا حکم دیا اور برائی سے منع فرمایا ہے۔''

نجاشی بادشاہ کو حضرت سیِّدُنا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بات بڑی اچھی لگی۔ لیکن جب عَمرو بن عاص نے یہ مُعامَلہ دیکھا تو فورًا کہنے لگا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ بادشاہ کو سلامت رکھے! یہ حضرت سیِّدُنا عیسٰی بن مریم (عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام) کے بارے میں تمہارے خِلاف عَقِیدہ رکھتے۔'' نجاشی نے حضرت سیِّدُنا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا: ''تمہارے نبی (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) حضرت سیِّدُنا عیسٰی بن مریم (عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام) کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟''
حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرت سیِّدُنا عیسٰی عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے بارے میں ہمارے آقا و مولیٰ حضرت سیِّدُنا اَحمد مُجتَبیٰ محمد مُصطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا عَقِیدہ وہی ہے جو


www.dawateislami.net

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہ رُوْحُ الله اور کَلِمَۃُ الله ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں کُنواری مریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا سے پیدا فرمایا، جنہیں نہ کسی مرد نے چُھوا اور نہ انہیں کسی بچے کا گمان تھا۔'' یہ سُن کر نجاشی نے زمین سے ایک لکڑی اٹھائی اسے بلند کیا اور کہا: ''اے پادریو اور اے راہبو! انہوں نے بھی تو وہی کہا جو تم کہتے ہو کہ حضرت سیِّدَتُنا مریم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے برائی کا اِرتکاب نہیں کیا۔'' پھر کہا: ''اے مسلمانو! خوش آمدید! تمہیں اور اس نبی (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کو جن کے پاس سے تم آئے ہو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول ہیں اور یہ وہی ہیں جن کی بشارت حضرت سیِّدُنا عیسیٰ رُوْحُ الله عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے دی تھی۔ اگر میں بادشاہ نہ ہوتا تو خود چل کر ان کی بارگاہ میں حاضر ہوتا اور ان کے نَعْلَیْنِ مُبارَکین چومتا۔ اے مسلمانو! جب تک چاہو میری سَلْطَنَت میں رہو۔'' اتنا کہنے کے بعد نجاشی شاہِ حَبَشَہ نے اپنے خادِموں کو ہمارے لئے کھانا تیار کرنے اور ہمیں لباس مُہَیّا کرنے کا حکم دیا اور عَمرو بن عاص و عُمارہ بن وَلید کے تحائف ان کو واپس کرنے کا حکم جاری کر دیا۔'' (1)

## دربارِشاہی میں اِیمان اَفروز بیان:

﴿357﴾......اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ سَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا بیان فرماتی ہیں کہ جب ہم مُہاجرین کا قافلہ حَبَشَہ کی سرزمین پر اُترا تو ہم نے نجاشی کو بہترین پڑوسی پایا۔ وہاں ہم اپنے دِین پر قائم رہتے ہوئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عِبادت کرتے رہے اور ہمیں کوئی تکلیف پہنچی نہ ہم نے کوئی ناپسندیدہ بات سنی۔ پھر جب قُریش نے عبد اللہ بن ابی رَبِیعَہ اور عَمرو بن عاص کو تحائف دے کر نجاشی اور اس کے وُزَرا کی طرف بھیجا تو نجاشی نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کو بلوایا۔ جب نجاشی کا پیغام مسلمانوں کو پہنچا تو وہ جمع ہو کر آپس میں مشورہ کرنے لگے کہ ''نجاشی کے پاس جا کر کیا کہیں گے؟'' چنانچہ، وہ اس بات پر مُتَّفِق ہو گئے کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم نجاشی سے وہی کہیں گے جو ہم نے سیکھا اور جس کا ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حکم دیا ہے پھر جو ہو گا دیکھا جائے گا۔''

جب مسلمان نجاشی کے دربار میں پہنچے تو اس نے اپنے عُلَما کو پاس بٹھایا ہوا تھا جنہوں نے اپنی آسمانی کتابیں کھول

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی، باب ما جاء فی الحبشة وأمر......الخ، الحدیث: ۱، ج۸، ص ۴۶۵ .



www.dawateislami.net

رکھی تھیں۔ نجاشی نے مسلمانوں سے پوچھا: ''وہ کون سا دِین ہے جس کی وجہ سے تم اپنی قوم سے بچھڑ گئے (یعنی ہجرت کر آئے) نہ میرے دِین میں داخل ہوئے اور نہ ہی ان اُمّتوں میں سے کسی کا دِین قبول کیا؟'' مسلمانوں کی طرف سے حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے نجاشی سے گفتگو کی اور فرمایا: ''اے بادشاہ! ہم جاہل تھے۔ بتوں کو پوجتے، مُردار کھاتے اور فواحِش کا اِرتکاب کرتے تھے۔ قَطع رحمی وامان کو توڑنا ہمارا شیوہ تھا۔ طاقتور، کمزور کے حُقُوق غَصَب کرلیتے تھے۔ ہم انہی گمراہیوں میں بھٹک رہے تھے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمارے درمیان ایک رسول مَبعُوث فرمائے۔ ہم ان کے نَسَب، سچائی، اَمانت داری اور پاکدامنی کو خُوب اچھی طرح جانتے ہیں۔ انہوں نے ہمیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی وحدانیّت وعبادت کی طرف بُلایا اور حکم دیا کہ ہم صرف ایک خدا کی عبادت کریں اور اُن پتھروں اور بتوں کو چھوڑ دیں جن کی ہم اور ہمارے آباء واَجداد پَرَسْتِش کرتے تھے۔ نیز ہمیں سچ بولنے، اَمانت ادا کرنے، صِلہ رحمی اور پڑوسی سے اَچھا سُلوک کرنے، مَحارِم سے باز رہنے اور خون ریزی سے رُکنے کا حکم دیا اور بے حیائی، جھوٹ، یتیم کا مال کھانے اور پاکدامن پر تہمت لگانے سے مَنْع فرمایا۔ انہوں نے ہمیں حکم دیا کہ ہم صرف اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں نیز انہوں نے ہمیں نماز پڑھنے، زکوٰۃ ادا کرنے اور روزہ رکھنے کا حکم دیا۔'' اسی طرح حضرت سیِّدُنا جعفر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مُتَعَدَّد اسلامی اُمُور بیان کرنے کے بعد فرمایا: ''پس ہم نے ان کی تصدیق کی اور ان پر ایمان لے آئے اور وہ اَحکام جو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف لائے ان کی اِتّباع کی اور ہم نے صرف اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کی اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا۔ جس چیز کو اس نے ہم پر حرام کیا ہم نے اسے حرام جانا اور جس کو حلال کیا اسے حلال جانا۔ پس اس بات پر قوم ہماری دشمن بن گئی۔ انہوں نے ہمیں طرح طرح سے ستایا اور دِین کے مُعامَلہ میں آزمائش سے دوچار کیا تاکہ ہم اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت چھوڑ کر بتوں کو پوجنا شروع کردیں اور خبائث کو دوبارہ حلال سمجھیں جب انھوں نے ہمیں حد سے زیادہ ستایا، مَظالِم ڈھائے، ہماری راہیں تنگ کردیں، ہمارے اور ہمارے دین کے درمیان حائل ہوگئے، تب ہم تیرے ملک کی طرف نکل آئے۔ اے بادشاہ! اس اُمید پر کہ تیری پناہ میں ہم پر ظُلم نہیں کیا جائے گا، ہم نے دوسروں کو چھوڑ کر تیرا ملک پسند کیا اور تیرے پڑوس کو ترجیح دی۔'' نجاشی نے پوچھا: ''تمہارے نبی اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا جو پیغام لائے ہیں، اس میں سے کچھ تمہارے پاس ہے؟'' حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہاں۔'' نَجاشی نے کہا: ''مجھے اس میں سے کچھ پڑھ کر سناؤ!''



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سورۂ مریم کی ابتدائی آیات تلاوت فرمائیں جنہیں سن کر نَجَاشی رو پڑا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اس کی داڑھی آنسوؤں سے تر ہوگئی نیز اس کے عُلَما بھی تلاوت سن کر اس قدر روئے کہ ان کے صحائف آنسوؤں سے بھیگ گئے۔ پھر نَجَاشی نے کہا: ''بے شک یہ کلام اور جو حضرت سیِّدُ نا موسیٰ (عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَام) لے کر آئے (یعنی توریت) ایک ہی نور سے نکلے ہیں۔'' اور قُرَیش کے دونوں قاصدوں عبد اللّٰہ بن ابی رَبِیْعَہ اور عَمرو بن عاص سے کہا: ''تم دونوں چلے جاؤ۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں ان لوگوں کو تمہارے سپُرد نہیں کروں گا۔''

پھر نَجَاشی بادشاہ نے مسلمانوں سے کہا: ''آج سے میرا ملک تمہارے لئے جائے پناہ ہے، جو تمہیں چُھوئے گا نُقْصان اُٹھائے گا۔ جو تمہیں چھوئے گا نُقْصان اٹھائے گا۔ جو تمہیں چھوئے گا نُقْصان اٹھائے گا۔ (اے گروہِ مسلمین!) اگر مجھے سونے کا پہاڑ بھی مل جائے، تب بھی میں یہ گوارا نہیں کروں گا کہ تم میں سے کسی ایک کو تکلیف پہنچے۔ اور کہا: (کُفّار کے) ان دونوں قاصدوں کے تحائف انہیں لوٹا دو مجھے ان کی ضرورت نہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جب میرے ربّ عَزَّوَجَلَّ نے میرا ملک مجھے لوٹایا تو مجھ سے کوئی رشوت نہیں لی تو میں کیسے اس کے لئے رشوت لے سکتا ہوں اور اس نے مجھے لوگوں کا مُطِیْع نہیں بنایا کہ میں اس کی نافرمانی میں لوگوں کی اِطاعت کروں۔'' پس قُرَیش کے دونوں قاصد ناکام ونامراد لوٹے، ان کے لائے ہوئے تحائف ان کے منہ پر مار دیئے گئے اور ہم نَجَاشی کے پاس اچھے گھر میں بہترین ہمسائے کے پڑوس میں قیام پذیر ہوگئے۔'' (1)

## دربارِ نَجَاشی میں تَعْظِیْم وتَوقِیْر:

﴿358﴾......حضرت سیِّدُ نا عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (یہ اس واقعہ کے وقت تک اسلام نہیں لائے تھے) سے مروی ہے کہ جب ہم نَجَاشی کے دروازے پر پہنچے تو میں نے نِدا دی کہ ''عَمرو بن عاص کو اندر آنے کی اجازت دی جائے۔ اس وقت میرے پیچھے سے حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آواز دی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے گروہ کو اندر داخل ہونے کی اجازت دی جائے۔'' نجاشی نے حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی آواز سنی تو انہیں مجھ سے پہلے اندر داخل ہونے کی اجازت دی۔ پھر جب میں داخل ہوا تو دیکھا کہ نجاشی تخت پر بیٹھا تھا جبکہ حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس کے سامنے اور دیگر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِم اَجْمَعِیْن اس کے گرد تکیہ لگائے بیٹھے تھے۔'' میں نے

---

(1)......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث جَعْفَر بن ابی طالب، الحدیث: ۲۲۵٦۱، ج۸، ص۳٤۹.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا جعفر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بیٹھے دیکھا تو حَسَد کی وجہ سے ان کے اور تخت کے درمیان بیٹھ گیا اور اُن کی طرف پیٹھ کرلی۔ یونہی ہر دو کے درمیان اپنا ایک ساتھی بٹھا دیا۔" (1)

## تلاوت سن کر رونے لگے:

﴿359﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارِث بن ہشام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نجاشی نے حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بُلوایا اور نصاریٰ کو جمع کیا پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا کہ "انہیں قرآن سنائیں۔" حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کے سامنے سورۂ مریم کی تلاوت کی جسے سُن کر وہ رونے لگے۔ اور حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

تَرٰۤى اَعْیُنَهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ (پ۷، المائدة:۸۳)

ترجمۂ کنز الایمان: تو ان کی آنکھیں دیکھو کہ آنسوؤں سے اُبل رہی ہیں اس لیے کہ وہ حق کو پہچان گئے۔ (2)

## مساکین کی خیر خواہی:

﴿360﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نہ تو خَمیری روٹی کھاتا اور نہ ہی ریشم پہنتا تھا اور بُھوک کی شدت سے میرا پیٹ سکڑ جاتا تھا یہاں تک کہ اگر میں کسی شخص کو قرآنِ مجید کی کوئی آیت سناتا جو مجھے یاد ہوتی تو اس سے مَقْصُود یہ ہوتا کہ شاید وہ مجھے اپنے ساتھ لے جا کر کھانا کھلائے اور مسکینوں کے سب سے زیادہ خیر خواہ حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔ وہ ہمیں اپنے ساتھ لے جاتے اور گھر میں جو کچھ ہوتا ہمیں کِھلا دیتے اور اگر کچھ نہ ہوتا تو گھی کا برتن (یعنی کپی) ہمیں دے دیتے اور ہم اسے کھول کر اس میں جو گھی لگا ہوتا اسے چاٹ کر گزارا کرلیا کرتے۔" (3)

﴿361﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مساکین سے مَحَبَّت فرماتے ان کی صُحبت اِختیار کرتے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُن سے گفتگو فرماتے اور

1 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند جَعْفَر بن ابی طالب، الحدیث: ١٣٢٥، ج٤، ص١٥٣.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی، باب ما جاء فی الحبشة......الخ، الحدیث: ٥، ج٨، ص٤٦٦.

3 ......صحیح البخاری، کتاب فضائل اصحاب النبی، باب مناقب جَعْفَر بن ابی طالب، الحدیث: ٣٧٠٨، ص٣٠٣.


www.dawateislami.net

وہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے باتیں کرتے اسی وجہ سے حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے آپ کی کُنْیَت[1] ”اَبُو الْمَسَاکِیْن“ رکھی۔“[2]

# سَیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت کے مُتَعَلِّق رِوایات

## 70 سے زائد زخم:

﴿362﴾...... حضرت سَیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ مَیں غزوۂ موتہ میں حضرت سَیِّدُنا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ تھا۔ جنگ کے بعد جب ہم نے انہیں تلاش کیا تو ان کے جسم پر تیروں اور نیزوں کے 70 سے زائد زخم دیکھے۔“[3]

﴿363﴾...... حضرت سَیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ غزوۂ موتہ میں حضرت سَیِّدُنا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو نہ پا کر تلاش کیا تو شُہَدا میں ملے اور ان کے جسم پر تیروں اور نیزوں کے 90 سے زائد زخم تھے اور یہ وہ زخم تھے جو جسم کے اگلے حصہ پر تھے۔“[4]

---

1 ...... (کسی شخص کا ایسا نام جو عَلَم اور لقب کے علاوہ ہو اسے کُنْیَت کہتے ہیں۔ جیسے اَبُو بِلَال، اُمِّ عَمَّار وغیرہ) اس کے شروع میں لفظ ”اَب، اُمّ، اِبْن، بِنْت، اَخ، اُخْت“ میں سے کسی ایک کا ہونا ضروری ہے۔ اس کا استعمال تین طرح ہوتا ہے: (۱) اس سے مَقْصُود صاحبِ کُنْیَت کی عَظْمَت وشان کا اظہار ہوتا ہے اور یہ معززین کے لئے خاص ہے (۲) ایسی چیز کا کِنَایہ (یعنی اشارہ) جس کا نام لینا ناپسند اور برا ہو اسے بھی کُنْیَت کہتے ہیں اور (۳) ایسا نام جس میں صاحبِ کُنْیَت سے مَنْسُوب کسی چیز یا اس کے وصفِ مَشْہُور کا بیان ہوتا ہے۔ یہ بھی نام کی طرح مشہور ہو جاتا ہے اور صاحبِ کُنْیَت کی پہچان بن جاتا ہے۔ (التعریفات للجرجانی، ص۱۳۲، بتصرفٍ۔ لسان العرب، ج۲، ص۳۴۹۴)

2 ......سنن ابن ماجه، ابواب الزهد، باب مجالسة الفقراء، الحديث: ٤١٢٥، ص٢٧٢٨.

3 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب وجد على جَعْفَر......الخ، الحديث: ٤٩٩٧، ج٤، ص٢٢٢، بتغير قليل.

4 ......المعجم الكبير، الحديث: ١٤٦٤، ج٢، ص١٠٧۔

صحيح البخاري، كتاب المغازي، باب غزوة مؤتة من ارض الشام، الحديث: ٤٢٦١، ص٣٤٩.



www.dawateislami.net

﴿364﴾......حضرت سیِّدُ نا ابن عباد بن عبد اللّٰہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا سے مروی ہے کہ میرے رضاعی والد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے جوغزوۂ موتہ میں شریک ہوئے تھے مجھے بتایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں دیکھ رہا تھا کہ حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ اپنے گھوڑے سے اُترے اور اس کی کُونچیں (یعنی ٹخنوں کے اُوپر کے موٹے پٹھے) کاٹ کر اسے ناکارہ کردیا (تاکہ اسے دشمن استعمال نہ کرسکے) پھر جہاد میں مَصْرُوف ہوگئے یہاں تک کہ شہید ہوگئے۔''

حضرت سیِّدُ نا ابن اسحاق عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ لڑائی کے وقت یہ اَشعار پڑھ رہے تھے:

یَا حَبَّذَا الْجَنَّةُ وَاقْتِرَابُهَا     طَيِّبَةٌ وَبَارِدٌ شَرَابُهَا

وَالرُّوْمُ رَوْمٌ قَدْ دَنَا عَذَابُهَا     عَلَيَّ اَنْ لَاقَيْتُهَا ضَرَّابُهَا

**ترجمہ:** (۱)...... جنّت کتنی پیاری جگہ ہے، اس کا قُرب پاکیزہ اور مشروب ٹھنڈا ہے۔

(۲)...... یقیناً اہلِ رُوم ہلاکت کے قریب پہنچ گئے۔ مجھ پر لازم ہے کہ ان سے اس حال میں ملوں کہ ان سے خوب قِتال کروں۔'' (1)

# حضرت سَیِّدُنا عبدُاللّٰہ بن رَوَاحَہ اَنْصَاری

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ قرآنی آیات میں غور وفکر کیا کرتے اور علَمِ جہاد اٹھانے میں جلد بازی نہ کیا کرتے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے (ملکِ شام کے ایک شہر) بَلْقَاء کے مَقام پر شہادت پائی۔ دُنیا سے بے رَغبتی اور آخرت میں رَغْبَت رکھتے تھے۔

عُلَمائے تصوُّف فرماتے ہیں: ''مُصِیبتوں اور پریشانیوں پر صبر کر کے اُلفت و رِضا کی منزلیں طے کرنے کا نام تصوُّف ہے۔''

---

1 ......سنن ابی داؤد، کتاب الجهاد، باب فی الدابة......الخ، الحدیث:۲۵۷۳، ص۱٤۱٤۔
السیرة النبویة لابن هشام، ذکر غزوة مؤتة فی جمادی الاولی......الخ، ص٤٥٩.



www.dawateislami.net

## پُل صراط سے گزرنے کا خوف:

﴿365﴾......حضرت سیِّدُنا عروہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ شام سے موتہ (شہر بلقاء کے ایک قریبی گاؤں میں) جانے لگے تو مسلمان انہیں رُخصت کرنے آئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رونے لگے۔ لوگوں نے وجہ دریافت کی تو فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! مجھے دُنیا سے مَحَبَّت ہے نہ تم سے جدائی کا ڈر، لیکن میں نے رسولِ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا یہ فرمان سنا ہے جسے یاد کر کے رو رہا ہوں:

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَاۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِیًّاۚ﴿۷۱﴾ (پ۱۶، مریم: ۷۱)

ترجمۂ کنزالایمان: اور تم میں کوئی ایسا نہیں جس کا گزر دوزخ پر نہ ہو تمہارے رب کے ذمہ پر یہ ضرور ٹھہری ہوئی بات ہے۔

مجھے یہ تو معلوم ہے کہ میں جَہَنَّم پر سے گزروں گا لیکن یہ خبر نہیں کہ اس سے نجات بھی پاؤں گا یا نہیں۔'' (1)

﴿366﴾......حضرت سیِّدُنا امام ابن شِہاب زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ موتہ روانگی سے کچھ دیر پہلے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو روتے دیکھ کر ان کے گھر والے بھی رونے لگے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نہ تو موت کے ڈر سے رو رہا ہوں اور نہ ہی تمہاری جدائی کی وجہ سے بلکہ میں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے اس فرمان کو یاد کر کے رو رہا ہوں:

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَاۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِیًّاۚ﴿۷۱﴾ (پ۱۶، مریم: ۷۱)

ترجمۂ کنزالایمان: اور تم میں کوئی ایسا نہیں جس کا گزر دوزخ پر نہ ہو تمہارے رب کے ذمہ پر یہ ضرور ٹھہری ہوئی بات ہے۔

کیونکہ مجھے یہ تو یقین ہے کہ میں جَہَنَّم پر سے گزروں گا لیکن یہ خبر نہیں کہ اس سے نجات بھی پاؤں گا یا نہیں۔'' (2)

## فرش سے ماتم اُٹھے وہ طیّب وطاہر گیا:

﴿367﴾......حضرت سیِّدُنا عُروہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ جب مجاہدین کا قافلہ موتہ جانے کے

---

1 ......السيرة النبوية لابن هشام، ذكر غزوة مؤتة في جمادى الاولى سنة ثمان، ص۴۵۷، مفهومًا.

2 ......السيرة النبوية لابن هشام، ذكر غزوة مؤتة في جمادى الاولى سنة ثمان، ص۴۵۷، مفهومًا۔
المستدرك، كتاب الاهوال، باب يرد الناس......الخ، الحديث: ۸۷۸۶، ج۵، ص۸۱۰، عن قيس بن ابی حازم.



www.dawateislami.net

لئے تیار ہو گیا تو میں نے لوگوں سے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہارا ساتھ دے اور تم سے مصائب وتکالیف دور فرمائے۔''(یہ سن کر) حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمانے لگے:

لٰكِنَّنِیْ اَسْاَلُ الرَّحْمٰنَ مَغْفِرَةً ۔۔۔ وَضَرْبَةً ذَاتَ فَرْعٍ تَقْذِفُ الزَّبَدَا

اَوْطَعْنَةً بِيَدَیْ حَرَّانَ مُجْهَزَةً ۔۔۔ بِحَرْبَةٍ تَنْفُذُ الْاَحْشَاءَ وَالْكَبِدَا

حَتّٰی يَقُوْلُوْا اِذَا مَرُّوْا عَلٰی جَدَثِیْ ۔۔۔ اَرْشَدَكَ اللّٰهُ مِنْ غَازٍ وَقَدْ رَشَدَا

**ترجمہ:** (۱)......لیکن میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مغفرت اور ایسی سخت ضَرب کا سوال کرتا ہوں جو جبڑوں کو پھاڑ دے۔

(۲)......یا کسی (میرے خون کے) پیاسے کے ہاتھوں میں ایسا نیزہ ہو جس کا وار آنتوں اور کلیجے سے پار ہو جائے۔

(۳)......یہاں تک کہ جب لوگ میری قبر سے گزریں تو کہیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تجھے فلاح بخشی کہ تو نے غازی ہو کر کامیابی پائی۔''

راوی بیان کرتے ہیں: پھر مجاہدین اسلام کا قافلہ روانہ ہوا اور شام کی سرزمین پر پڑاؤ ڈالا۔ تو انہیں خبر ملی کہ ہِرَقْل نے بَلْقَاء کے مقام پر ایک لاکھ رومی فوجیوں کے ہمراہ پڑاؤ ڈالا ہوا ہے نیز عرب کے قبائل لَخْم، جُذَام، بَلْقَیْن، بَھْرَاء اور بَلِی کے ایک لاکھ جنگجو اس کے ساتھ مل گئے ہیں۔ مسلمان دو راتیں اس میں غور وفکر کرتے رہے بالآخر یہ فیصلہ ہوا کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مکتوب (یعنی خط) بھیج کر دشمنوں کی تعداد سے آگاہ کیا جائے۔ تو حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجاہدین کو جمع کر کے خِطاب کیا اور فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تم شہادت کی طلب میں گھر سے نکلے ہو اور اب اسی کو ناپسند جانتے ہو حالانکہ ہم کبھی بھی دشمن سے تعداد، قُوّت وکثرت کی بنا پر نہیں لڑے بلکہ صرف اپنے دِین کے لئے لڑے ہیں جس کی برکت سے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں عزت عطا فرمائی ہے۔ نکلو! فتح اور شہادت میں سے ایک اچھائی تو حاصل ہوگی۔''

راوی بیان فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا یہ بیان سُن کر تمام مجاہدین پکار اُٹھے: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! عبداللہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سچ کہا ہے۔'' پھر تمام مجاہدین جنگ کے لیے چل پڑے۔[1]

## رونے پر تنبیہ:

﴿368﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن اَرقم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ''میں یتیمی میں حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن

1 ......السيرة النبوية لابن هشام، ذكر غزوة مؤتة في جمادى الأولى سنة ثمان، ص٤٥٧.



www.dawateislami.net

رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی پرورش میں تھا۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ جنگِ موتہ کے لئے روانہ ہوئے تو میں اُونٹ پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے پیچھے سوار تھا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ایک رات دورانِ سفر میں نے آپ کو یہ اَشعار پڑھتے سنا:

اِذَا اَدْنَیْتِنِیْ وَحَمَلْتِ رَحْلِیْ　　مَسِیْرَۃَ اَرْبَعٍ بَعْدَ الْحِسَاءِ

فَشَانُکِ فَانْعِمِیْ وَخَلَاکِ ذَمٌّ　　وَلَا اَرْجِعُ اِلٰی اَھْلِیْ وَرَائِیْ

وَآبَ الْمُسْلِمُوْنَ وَغَادَرُوْنِیْ　　بِاَرْضِ الشَّامِ مُشْتَھِی الثَّوَاءِ

وَرَدَّکِ کُلُّ ذِیْ نَسَبٍ قَرِیْبٍ　　اِلَی الرَّحْمٰنِ مُنْقَطِعَ الْاِخَاءِ

ھُنَالِکَ لَا اُبَالِیْ طَلْعَ بَعْلٍ　　وَلَا نَخْلَ اُسَالِفُھَا رَوَاءِ

**ترجمہ:** (۱)......اے میری سواری! مقامِ حِساء کے بعد جب تو نے مجھے منزل کے قریب پہنچا دیا اور چار منزل کی مسافت تک میرے کجاوے کو اٹھائے رکھا۔

(۲)......اب تیرا کام یہ ہے کہ تو مجھے خوش حال رکھے اور خدا کرے کہ تجھے کوئی تکلیف نہ پہنچے البتہ! میں واپس اپنے اہل وعیال کی طرف نہ لوٹوں (یعنی شہید ہو جاؤں)۔

(۳)......اور (خدا کرے کہ) مسلمان غازی بن کر لوٹیں اور مجھے شام کی سرزمین میں وہیں ٹھہرنے کے لئے چھوڑ آئیں۔

(۴)......(اے نفس!) ہر قریبی رشتہ دار تجھ سے اپنا تَعَلُّق ختم کر کے تجھے رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے سپرد کر دے۔

(۵)......پھر وہاں مجھے پھلوں کے شگوفوں اور کھجوروں کے خوشنما باغات کے پیچھے چھوڑ دینے کی کوئی پرواہ نہیں۔

حضرت سیِّدُنا زید بن اَرقم رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''یہ اَشعار سُن کر میں رو پڑا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے مجھے آہستہ سے دُرّہ مار کر فرمایا: ''اے نادان! تجھے کس چیز کا غم ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے شہادت عطا فرمائے اور تُو کجاوے پر تنہا بیٹھ کر واپس چلا جائے۔'' (1)

## نفس کو نصیحتیں:

حضرت سیِّدُنا محمد بن اِسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق سے مروی ہے کہ مجھے ابن عباد بن عبد اللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہ

(1)......السیرۃ النبویۃ لابن ھشام، ذکر غزوۃ مؤتۃ فی جمادی الأولی سنۃ ثمان، ص٤٥٨.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْهُمَا نے بتایا کہ انہیں ان کے کفیل نے جو کہ اس غزوہ میں شریک تھے، بتایا کہ جب حضرت سیِّدُنا زَید اور حضرت سیِّدُنا جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْهُمَا شہید ہوگئے تو حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن رَوَاحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے عَلَمِ جہاد اُٹھایا اور گھوڑے پر سوار ہوکر آگے بڑھتے ہوئے نَفْس میں کچھ تردُّد پایا تو اسے مُخاطَب کرکے فرمایا:

اَقْسَمْتُ يَا نَفْسُ لَتَنْزِلَنَّهْ　　لَتَنْزِلَنَّهْ اَوْلَتُكْرَهَنَّهْ

اِذَاجَلَبَ النَّاسُ وَشَدُّوْا الرَّنَّةَ　　مَا لِيْ اَرَاكِ تَكْرَهِيْنَ الْجَنَّه

لَطَالَمَا قَدْ كُنْتِ مُطْمَئِنَّةً　　هَلْ اَنْتِ اِلَّا نُطْفَةٌ فِيْ شَنَّه

**ترجمہ:** (۱)......اے نَفْس! میں قسم اُٹھاتا ہوں کہ تجھے میدانِ جنگ میں ضرور جانا پڑے گا چاہے تجھے ناپسند ہو۔

(۲)......جب جنگ میں لوگوں کی آوازیں بلند ہورہی ہیں اور لڑائی شدت اختیار کررہی ہے تو کیا وجہ ہے کہ میں تجھے جنّت کو ناپسند کرتے دیکھتا ہوں۔

(۳)......حالانکہ کتنا عرصہ تو نے اطمینان سے زندگی گزاری ہے جبکہ حقیقتاً تو ناپاک پانی کا محض ایک قطرہ ہے۔

اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے اپنے نَفْس کو نصیحت کرتے ہوئے مزید فرمایا:

يَا نَفْسُ اِلَّا تَقْتُلِيْ تَمُوْتِيْ　　هٰذَا حَمَّامُ الْمَوْتِ قَدْ صَلِيْتِ

وَمَا تَمَنَّيْتِ وَقَدْ اُعْطِيْتِ　　اِنْ تَفْعَلِيْ فِعْلَهُمَا هُدِيْتِ

**ترجمہ:** (۱)......اے نفس! اگر تو نے (جہاد میں شرکت کرکے) جامِ شہادت نوش نہ کیا تو بھی تجھے مرنا ہی ہے کیونکہ یہ زندگی موت کا حمام ہے جس میں تو داخل ہو چکا ہے۔

(۲)......اور تو نے جو چاہا تجھے وہ دیا گیا۔ اب اگر تو نے ان دونوں (یعنی شہید ہونے والے حضرات زید و جعفر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْهُمَا) کی اِتّباع کی تو ہدایت پا جائے گا۔

پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ اُترے تو ان کے پاس میرے چچازاد بھائی گوشت کا ٹکڑا لائے اور کہا: ''اس سے اپنی پیٹھ سیدھی کرلیجئے (یعنی کھا کر قوّت حاصل کرلیجئے) کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کو ان دنوں شدید حالات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے گوشت کا وہ ٹکڑا لے کر کھانا شروع کردیا۔ ایسے میں اچانک لوگوں کی طرف سے شور کی آواز سنائی دی تو خود کو مخاطب کرکے فرمایا: ''تو دُنیا میں مَشْغُول ہے۔'' پھر وہ ٹکڑا چھوڑ دیا اور تلوار پکڑ کر آگے بڑھ


www.dawateislami.net

کر لڑنے لگے حتی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کر دیا گیا۔

## غیبوں پر خبردار آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم:

جنگ میں شریک راوی بیان کرتے ہیں کہ اس طرف مسلمان مجاہدین جنگ میں مَصْرُوف تھے تو دوسری طرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحْبُوب، دانائے غُیُوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مدینۂ طَیِّبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں موجود صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن کو جنگ کے حالات بیان کرتے ہوئے فرما رہے تھے: ''زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عَلَم اٹھایا، وہ لڑتے رہے یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔ پھر جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عَلَم اٹھایا اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔'' پھر حُضُور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم خاموش ہو گئے جس کی وجہ سے انصار کے چہروں کا رنگ بدل گیا اور سمجھے کہ شاید اب حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کوئی سخت تکلیف پہنچی ہے۔ کچھ دیر بعد حُضُور نبیٔ غیب دان، حبیبِ رحمٰن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اب عَلَمِ جہاد عبد اللّٰہ بن رَوَاحہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے ہاتھ آیا ہے۔ وہ دشمنوں سے قِتال کر رہے ہیں اور بالآخر وہ بھی شہید ہو گئے۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''میں نے جنّت میں دیکھا کہ یہ تینوں سونے کے تختوں پر مَحْوِاِسْتِراحت ہیں اور عبد اللّٰہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کا تَخْت اپنے دونوں رُفقا سے کچھ فاصلے پر ہے۔'' عرض کی گئی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اس کی کیا وجہ ہے؟'' فرمایا: ''ان کے دونوں رُفقا جامِ شہادت نوش کر چکے تھے جبکہ عبد اللّٰہ بن رَوَاحہ کچھ تردُّد میں تھے۔'' (1)

## جنّتی خیمہ:

﴿369﴾...... حضرت سیِّدُنا سعید بن مسیّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مجھے جنّت میں موتیوں کا وہ خیمہ دکھایا گیا جس میں زید، جَعْفَر اور عبد اللّٰہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم تَخْت پر بیٹھے تھے، میں نے زید اور عبد اللّٰہ بن رَوَاحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کی گردنوں میں کچھ بَل دیکھا جبکہ جَعْفَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی گردن میں کوئی بَل نہ تھا۔ مجھے بتایا گیا کہ

---

1 ...... السيرة النبوية لابن هشام، مقتل عبد الله بن رواحة /الرسول يتنبأ بما حدث، ص٤٥٩.



www.dawateislami.net

بوقتِ شہادت انہوں نے کچھ اعراض کیا تھا جس کی وجہ سے ان کی گردنوں میں بل آ گیا جبکہ جَعْفَر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے ایسا نہیں کیا تھا اس لئے ان کی گردن بالکل درست رہی۔''

حضرت سیِّدُنا ابن عُیَیْنَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ یہ اس وقت ہوا جب حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن رَوَاحَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ اَشعار پڑھے:

اَقْسَمْتُ يَا نَفْسُ لَتَنْزِلَنَّهْ بِطَاعَةٍ مِّنْكِ اَوْلَتُكْرَهَنَّهْ

فَطَالَمَا قَدْ كُنْتِ مُطْمَئِنَّةْ جَعْفَرُ مَا اَطْيَبَ رِيْحُ الْجَنَّةْ

**ترجمہ:** (۱)......اے نفس! میں قسم اُٹھاتا ہوں کہ تجھے میدانِ جنگ میں ضرور جانا پڑے گا چاہے تجھے پسند ہو یا نہ ہو۔

(۲)......حالانکہ کتنا عرصہ تو نے مطمئن زندگی گزاری ہے، اے جعفر! دیکھ! جنّت کی خوشبو کیا ہی عُمدہ ہے![1]

# حضرت سَیِّدُنا اَنس بن نَضْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا اَنَس بن نَضْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ثابت قدمی ونُصرتِ الٰہی سے قُوّت وتائید حاصل تھی۔ جنگِ بدر میں کسی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے تھے لیکن جنگِ اُحُد میں شرکت فرمائی اور مَنْصَبِ شہادت پر فائز ہوئے اور خوشبوؤں سے مُعَطَّر و مہکتے رہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے اعضاء، راہِ خدا میں قربان کر کے آخرت کی کامیابیاں پائیں۔

اہلِ تصوُّف کے نزدیک ''جنّتی ہواؤں کے جھونکوں اور اس کی نعمتوں کا مشتاق رہنے کا نام تصوُّف ہے۔''

## مجھے جنّت کی خُوشبو آ رہی ہے:

﴿370﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اَنَس بن نَضْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ[2] (مدینہ مُنَوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں موجود نہ ہونے کے سبب) جنگِ بدر میں شرکت نہ کر سکے۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مدینہ مُنَوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا تشریف لائے تو فرمایا: ''میں پہلے مَعْرِکۂ حق و باطل میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحْبُوب، دانائے غُیُوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ شریک نہیں ہو سکا

1 ......المصنف لعبدالرزاق، كتاب الجهاد، باب اجر الشهادة، الحديث: ۹۶۲۵، ج۵، ص۱۷۹.

2 ......آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے چچا ہیں۔



www.dawateislami.net

لیکن اب اگر اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے کفار سے جنگ کا موقع عطا فرمائے گا تو میں اس کے فضل وکرم سے اس کی تلافی کروں گا۔'' پھر اُحد کے دن جب ابتداً مسلمان پیچھے ہٹنے لگے تو حضرت سیِّدُنا اَنس بن نَضر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! ان مُشرکین نے جو کچھ کیا میں اس سے بری ہوں اور مسلمانوں سے جو مُعاملہ سرزد ہوا اس کی مُعافی طلب کرتا ہوں۔'' پھر تلوار پکڑی اور کُفّار کی طرف بڑھ گئے، راستے میں حضرت سیِّدُنا سَعْد بن مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مُلاقات ہوئی تو فرمایا: ''اے سَعْد! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! مجھے اُحد کی طرف سے جنّت کی خُوشبو آ رہی ہے۔ واہ! جنّت کی خُوشبو کتنی پاکیزہ ہے۔'' حضرت سیِّدُنا سَعْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور نبیِ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے نہیں معلوم کہ اس کے بعد ان پر کیا بیتی۔'' حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''جنگ کے بعد ہم نے انہیں تلاش کیا تو شُہدا میں پایا اور ان کی بہن نے انہیں انگلیوں سے پہچانا کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے جسم پر تلوار، تیر اور نیزے کے 80 سے زائد زخم تھے اور دُشمنوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مُثلہ کر دیا تھا (یعنی کان، ناک و اعضاء وغیرہ کاٹ دیئے تھے)۔''

حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: جب یہ آیتِ مبارکہ نازل ہوئی:

مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَیْهِ ۚ (پ۲۱، الاحزاب:۲۳)

ترجمۂ کنزالایمان: مسلمانوں میں کچھ وہ مرد ہیں جنہوں نے سچا کردیا جو عہد اللہ سے کیا تھا۔

تو ہم کہا کرتے تھے کہ ''یہ آیت مبارکہ حضرت سیِّدُنا اَنس بن نَضر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور ان کے رُفقا کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔''(1)

---

(1)......السنن الکبری للبیھقی، کتاب السیر، باب من تبرع بالتعرض......الخ، الحدیث:۱۷۹۱۷، ج۹، ص۷۵.



www.dawateislami.net

# حضرت سَیِّدُ نا عبداللہ ذوالبِجَادَین

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سَیِّدُ ناعبداللہ ذُو الْبِجَادَین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (1) فکرآخرت میں مُسْتَغْرَق رہا کرتے اورقرآن مجید کی تلاوت کرتے رہتے۔دُنیا سے کِنارہ کَش رہتے اور امیرالمؤمنین حضرت سَیِّدُ نا ابوبکرصدیق اورامیرالمؤمنین حضرت سَیِّدُ ناعُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے بھائی چارہ قائم کرنے والے تھے۔نیز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ سعادت بھی حاصل ہوئی کہ رسولوں کے سالار،نبیوں کے سردار،مکی مدنی سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خود اپنے پیارے پیارے مبارک ومُقَدَّس ہاتھوں سے انہیں قبر میں اُتارااوران کی وفات پرآنسو بہائے۔

### سیِّدِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے قبر میں اُتارا:

﴿371﴾......حضرت سَیِّدُ ناعبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بیان کرتے ہیں کہ حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بنفس نفیس حضرت عبداللہ ذُو الْبِجَادَین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی قبر میں رات کے وقت داخل ہوئے،آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لئے چراغ جلایا گیا پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کو قبلہ کی جانب سے قبر میں اُتارا،نمازِ جنازہ بھی خود ہی پڑھائی اور پھران کے حق میں یہ دُعائیہ کلمات ارشادفرمائے:''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تم پر رحم فرمائے!تم بہت توبہ کرنے والے اورقرآن مجید کی تلاوت کرنے والے تھے۔'' (2)

### یااللہ عَزَّوَجَلَّ!تُو اس سے راضی ہوجا:

﴿372﴾......حضرت سَیِّدُ ناعبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ مَیں نے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب،حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کوغزوۂ تبوک میں حضرت سَیِّدُ ناعبداللہ ذُو الْبِجَادَین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

---

1......ذُو الْبِجَادَین کا معنی ہے،دوچادروں والا۔جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں آنے لگے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ نے آپ کو بالوں سے بنی ایک چادر دی،آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کے دوٹکڑے کئے ایک کی چادراوردوسرے کا ازار بنایا۔جب سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ذُو الْبِجَادَین کا لقب عطا فرمایا۔(معرفة الصحابة،باب الذال من باب العین، ج۳،ص۱۳۵)

2......جامع الترمذی،ابواب الجنائز،باب ماجاء فی الدفن باللیل،الحدیث:۱۰۵۷،ص۱۷۵۳۔



www.dawateislami.net

عَنْه کی قبر میں دیکھا۔اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی حاضر تھے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان سے فرما رہے تھے: ''اپنے بھائی کو میری طرف لاؤ۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں قبلہ کی طرف سے قبر میں اُتارا اور خود باہر تشریف لے آئے اور بقیہ کام امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے سپرد فرمایا۔تدفین سے فارغ ہو کر حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قبلہ رُو ہو کر ہاتھ بلند کئے اور یہ دعا فرمائی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میں اس سے راضی ہوں تُو بھی اس سے راضی ہوجا۔'' حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه فرماتے ہیں: ''یہ رات کا واقعہ ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں یہ خواہش کرتا تھا کہ کاش! ان کی جگہ میں ہوتا اور میں ان سے 15 برس قبل اسلام لایا تھا۔''(1)

## کاش! اِن کی جگہ مَیں ہوتا:

﴾373﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ میں غزوۂ تبوک میں رحمتِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر تھا۔آدھی رات کے وقت اُٹھا تو لشکر کے ایک کونے میں آگ کا شعلہ دکھائی دیا، میں اس کی طرف دیکھتے ہوئے وہاں پہنچا تو حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا وہاں موجود تھے جبکہ حضرت عبداللہ ذُوالْبِجَادَیْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه وفات پا چکے تھے۔ان کے لئے قبر تیار کی گئی اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم قبر کے اندر تشریف لے گئے جبکہ حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق اور حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا، حضرت عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کو قبر میں اتار رہے تھے اور حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم فرما رہے تھے: ''اپنے بھائی کو میری طرف سے اُتارو۔'' پس انہوں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے فرمان پر عمل کیا۔

تدفین سے فراغت کے بعد حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کے حق میں ہاتھ اٹھا کر یہ دُعا فرمائی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میں اس سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہوجا۔'' حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود

(1)......المغنی لابن قدامة، کتاب الجنائز، فصل فأما الدفن لیلا، ج۳، ص۵۰۳.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''کاش! ان کی جگہ میں ہوتا اور پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے رحمت بھرے ہاتھوں سے قبر میں اُتار دیا جاتا۔'' (1)

# بعض صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کا ذکرِ خیر

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونعیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اس طبقہ کے کثیر عارفین، زاہدین وعابدین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کا ذکر ہم سے رہ گیا ہے جنہوں نے رسولِ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے زمانۂ اَقدس میں وفات پائی ان میں سے بعض کے اسمائے گرامی بیان کئے گئے ہیں جیسے حضرت سیِّدُنا زید بن دَثِنَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جو اپنے رُفقا سمیت مقامِ ''رَجیع'' پر شہید ہوئے، حضرت سیِّدُنا مُنذِر بن عَمرو بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور حضرت سیِّدُنا حَرام بن مِلْحان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جو بِئْرِ مَعُوْنَہ کے مقام پر شہید ہوئے، ان کے احوال بے شمار ہیں، بعض احوال ہم نے اپنی کتاب ''اَلْمَعْرِفَۃ'' میں ذکر کئے ہیں یہ حضرات اس حال میں دنیا سے رخصت ہوئے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان سے راضی اور وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے راضی تھے اور جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے بطور آزمائش انہیں دنیاوی شادابی عطا فرمائی تو اس سے ان کا دامن محفوظ رہا اور وہ سلامتی کے ساتھ اپنے پیارے مولیٰ عَزَّوَجَلَّ کے حضور حاضر ہو گئے اور (یاد رکھو!) جو ان کے راستے پر چلا اور ان کی سنت کو اپنایا وہ نجات پا گیا۔''

## 70 قُرّاء صحابہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُم کی شہادت:

﴿374﴾...... حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ عَرَب کے تین قبائل رِعْل، ذَکْوَان اور عُصَیَّہ کے لوگوں نے حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اپنی قوم کے خلاف مدد طلب کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انصار کے اُن 70 صحابہ (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کو مدد کے لئے روانہ فرمایا جو مشہور قُرّاء (یعنی قرآن کے قاری) تھے۔ اور یہ قُرّاء صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن (گزر اَوقات کے لئے) دن کو لکڑیاں اکٹھی کرتے اور رات کو نماز میں مشغول رہتے۔ جب یہ سب بِئْرِ مَعُوْنَہ کے مقام پر پہنچے تو لے جانے والوں نے دھوکا دہی اور مُنافَقت کا مُظاہرہ کرتے ہوئے ان قُرّاء صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن

(1) ......السيرة النبوية لابن هشام، غزوة تبوك في رجب سنة تسع، كتاب رسول الله لصاحب أيلة، ص٥١٩.



www.dawateislami.net

کوشہید کردیا۔ جب حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اس واقعہ کی خبر ملی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ایک ماہ تک نمازِ فَجر میں ان کے خلاف دُعائے قُنُوت پڑھی۔'' حضرت سَیِّدُ نا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''ہم ان کے بارے میں یہ آیت تلاوت کیا کرتے تھے: بَلِّغُوْا عَنَّا قَوْمَنَا اِنَّا لَقِیْنَا رَبَّنَا فَرَضِیَ عَنَّا وَاَرْضَانَا ترجمہ: ہماری طرف سے ہماری قوم کو یہ پیغام پہنچادو کہ ہم اپنے رب سے جاملے ہیں پس وہ ہم سے راضی ہے اور ہمیں اس نے راضی کردیا۔ پھر یہ آیت ہم کو بھلادی گئی (یعنی منسوخ ہوگئی)۔'' (1)

## ہر روز کُفّار کے خلاف دُعا:

﴿375﴾...... حضرت سَیِّدُ نا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ''انصار صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم میں سے 70 کا حال یہ تھا کہ جب رات ہوتی تو مدینہ طیِّبہ میں اپنے مُعَلِّم (یعنی استاذ) کے پاس چلے جاتے اور ساری رات قرآن پاک سیکھنے میں گزار دیتے اور دن میں جو طاقتور تھے وہ لکڑیاں جمع کرتے اور پانی بھر کر لاتے اور صاحبِ حیثیت بکریاں چرا کر گزر بسر کرتے۔ اور صبح ہوتے ہی اپنے مَحْبُوب آقا، دوعالَم کے داتا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حُجرۂ مبارَکہ کے قریب جمع ہوجایا کرتے۔ پھر جب حضرت سَیِّدُ نا خُبَیْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوشہید کردیا گیا تو حُضُور سیِّدِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کا بدلہ لینے کے لئے ان اصحاب کو روانہ فرمایا۔ ان میں میرے ماموں حضرت سَیِّدُ نا حَرَام بن مِلْحَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی تھے۔ جب یہ لوگ ''بَنُوسُلَیْم'' کے ایک قبیلہ کے پاس پہنچے تو حضرت سَیِّدُ نا حَرَام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لشکر کے امیر سے کہا: ''ہم انہیں یہ بتادیتے ہیں کہ ہماری تمہاری کوئی دشمنی نہیں ہے اس لئے تم ہمارا راستہ چھوڑ دو۔'' امیر نے کہا: ''ٹھیک ہے۔'' چنانچہ، حضرت سَیِّدُ نا حَرَام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان کے پاس جا کر بات چیت کرنے لگے۔ اچانک ان میں سے ایک شخص نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو سامنے سے نیزہ مارا جو جسم سے پار ہوگیا، جب حضرت سَیِّدُ نا حَرَام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پیٹ میں نیزے کی تکلیف محسوس کی تو فرمایا: ''ربِّ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہوگیا۔'' اس کے بعد بَنُوسُلَیْم کے قبیلے نے اسلامی لشکر کو گھیر کر شہید کردیا یہاں تک کہ کوئی خبر دینے والا بھی نہ بچا۔ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس سَرِیَّہ (2) پر سب سے زیادہ

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوة الرجیع ......الخ، الحدیث: ٤٠٩٠، ص ٣٣٥.

2 ......شارحِ بخاری، نائبِ مفتیٔ اعظم ہند حضرت علامہ مولانا مفتی محمد شریف الحق امجدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی تحریر فرماتے ہیں: ''اصحاب......



www.dawateislami.net

دُکھ کا اِظہار فرمایا اور میں نے دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہر روز نمازِ فَجر میں ہاتھ اُٹھا کر کُفّار کے خلاف دُعا کرتے تھے (1)۔'' (2)

# حضرت سَیِّدُنا عَبدُاللّٰہ بن مَسعُود

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار مہاجرین کے اس طَبَقَہ میں ہوتا ہے جنہوں نے ہجرت کرنے میں پہل کی۔ اور ان بُزرگوں میں بھی شامل ہیں جو عبادت گزار مشہور ہیں۔ قرآن پاک پڑھنے، پڑھانے والے، خداداد صلاح وخیر کے مالک تھے۔ صاحبِ فہم عالم، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صاحبِ اسرار (یعنی رازدار) اور صاحبِ سواد (یعنی تکیہ اٹھانے والے) تھے، (نیکیوں میں) جلدی کرنے والے، آگے بڑھنے والے، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا سب سے زیادہ قرب رکھنے والے اور تمام صحابہ میں امتیازی شان کے مالک تھے۔ حُضُور نبی رَحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے رفیق ومُشیرِ خاص اور ذکی وہونہار پہرہ دار تھے۔ مَحبَّت خداوندی سے سرشار، مُشاہَدۂ حق کے طلبگار، وعدوں کے پاسدار اور مُستَجَابُ الدَّعْوَات تھے۔''

اہلِ تصوُّف کے نزدیک ''مُشاہَدۂ حق کا غَلَبہ رہنے اور وعدوں اور حدود کی حفاظت کرنے کا نام تصوُّف ہے۔''

---

......سریہ: اس لشکر کو جس میں حُضُورِ اَقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بنفسِ نفیس شریک ہوئے، غَزْوَہ کہا اور جس میں خود شریک نہ ہوئے کسی صحابی کو امیرِ لشکر بنا کر بھیجا اسے سَرِیَّہ اور بَعْث کہا۔'' (نزھۃ القاری، کتاب المغازی، ج٤، ص٧٣٥)

1 ......صدرُ الشَّرِیعہ، بدرُ الطَّرِیقہ مُفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بہارِ شریعت، ج۱، حصہ۴، ص۶۵۷ پر نقل فرماتے ہیں: ''وتر کے سوا اور کسی نماز میں قُنُوت نہ پڑھے۔ ہاں! اگر حادثۂ عَظِیمہ واقع ہو تو فَجر میں بھی پڑھ سکتا ہے اور ظاہر یہ ہے کہ رکوع کے قبل قُنُوت نہ پڑھے۔''

(الفتاوی الرضویہ، ج٧، ص٤٩٠۔ الدر المختار، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، ج٢، ص٥٤١)

مَدَنی مَشْوَرَہ: اس مسئلہ کی روشن تحقیق مجدِّدِ اعظم، اعلیٰ حضرت، امامِ اہلِسنّت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے رسالہ ''اِجْتِنَابُ الْعُمَّال عَنْ فَتَاوِی الْجُھَّال'' (فتاویٰ رضویہ (مخرجہ)، ج۷، ص۴۸۷) اور صدرُ الشَّرِیعہ، بدرُ الطَّرِیقہ مُفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے رسالہ ''اَلتَّحْقِیقُ الْکَامِلِ فِیْ حُکْمِ قُنُوتِ النَّوَازِل'' (فتاویٰ امجدیہ، باب الوتر والنوافل، ج۱، ص۲۰۳) پر مُلاحظہ فرمائیے۔ (علمیہ)

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٣٦٠٦، ج٤، ص٥١۔



www.dawateislami.net

## ابنِ مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرح تلاوت کیا کرو:

﴿376﴾......حضرت سیِّدُنا عَلْقَمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی: ''میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس اس شخص کی شِکایت لے کر آیا ہوں جو زبانی اپنی یادداشت سے مَصاحِف لکھتا ہے۔'' یہ سُن کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جلال میں آگئے اور فرمانے لگے: ''تم پر افسوس ہے! غور کرو، تم کیا کہہ رہے ہو؟'' اس نے عرض کی: ''میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے حق بیان کررہا ہوں۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دریافت فرمایا: ''وہ کون ہے؟'' اس نے جواب دیا: ''وہ عبداللّٰہ بن مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہیں۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: عبداللّٰہ بن مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) سے زیادہ اس کام کا حق دار اب مسلمانوں میں کوئی نہیں۔ میں تمہیں ایک حدیث سناتا ہوں کہ ایک بار امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ مسلمانوں کے کسی کام کے سلسلے میں ہمیں کافی رات ہوگئی (فراغت کے بعد) ہم رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دائیں بائیں چلتے ہوئے وہاں سے نکلے۔ جب ہم مَسْجِد کے قریب پہنچے تو وہاں ایک شخص قرآنِ مجید کی تلاوت کررہا تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس کی تلاوت سننے کے لئے ٹھہر گئے۔ میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس کی تلاوت سننے کے لئے رُک گئے؟'' حُضُور نبی رَحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اپنے ہاتھ مُبارک سے خاموش رہنے کا اِشارہ فرمایا۔ پھر اس شخص نے قِراءت کی، رُکُوع وسَجدہ کیا اور بیٹھ کر دُعا واِستغفار میں مشغول ہوگیا۔ رحمتِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سوال کر تجھے دیا جائے گا۔'' پھر فرمایا: ''جسے یہ پسند ہو کہ وہ اُس طرح قرآنِ مجید کی تلاوت کرے جس طرح نازل ہوا ہے تو وہ عبداللّٰہ بن مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی طرح تلاوت کرے۔''

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں جب مَکّی مَدَنی سُلطان، رحمتِ عالمیان، سردارِ دوجہان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ ارشاد فرمایا تب مجھے اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق


www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو پتا چلا کہ وہ شخص حضرت عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔ صبح جب میں انہیں یہ خوشخبری سنانے گیا تو وہ کہنے لگے کہ ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پہلے مجھے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ یہ بشارت سنا گئے ہیں۔'' اس پر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ، نیکی میں ہمیشہ مجھ پر سَبقت لے جاتے ہیں۔'' (1)

## رحمتِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے 70 سورتیں یاد کیں:

﴿377﴾...... حضرت سیِّدُنا اَبو خُمَیر بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''مَیں نے سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے قرآنِ مجید کی 70 سورتیں یاد کیں۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب حضرت زَید بن ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کم سِن بچے تھے اور میں نے حُضُور نبیِٔ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زبان مبارک سے جو سُنا ہے اُسے دہراتا رہتا ہوں۔'' (2)

﴿378﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوسَعْد اَزْدِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''میں نے حُضُور نبیِٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مقدَّس زبان سے 70 سورتیں یاد کی تھیں اور یہ اس وقت کی بات ہے جبکہ حضرت زَید بن ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ابھی اسلام سے مشرَّف نہیں ہوئے تھے اور وہ بچوں کے ساتھ کھیلا کرتے اور ان کے بالوں میں گرہیں لگی ہوتی تھیں۔'' (3)

﴿379﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ مَیں ابھی کم سِن بچّہ تھا اور مکۂ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا میں عُقْبَہ بن ابی مُعَیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ ایک دن حُضُور نبیِٔ رحمت، شفیعِ امت، صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ میرے پاس

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسندعمربن الخطاب، الحدیث: ١٧٥، ج١، ص٦٤۔
المعجم الکبیر، الحدیث: ٨٤٢٠، ج٩، ص٦٩.

2 ......مسند ابی داو دالطیالسی، ماأسند عبد اللّٰہ بن مسعود، الحدیث: ٤٠٥، ص٥٤.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٨٤٣٩، ج٩، ص٧٥، "الغلمان" بدلہ "الصبیان".



www.dawateislami.net

تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: ''اے لڑکے! تمہارے پاس دودھ ہو تو ہمیں پلاؤ۔'' میں نے عرض کی: ''یہ بکریاں تو میرے پاس کسی کی امانت ہیں اس لئے میں ایسا نہیں کرسکتا۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''کیا تمہارے پاس کوئی کم سِن بکری ہے جس سے نَر نے جُفتی نہ کی ہو؟'' میں نے خدمت بابرکت میں حاضر کردی امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے اسے پکڑا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دُعا پڑھ کر اپنے رَحمت بھرے ہاتھوں سے اس کے تھنوں کو مَس فرمایا تو وہ دودھ سے بھر گئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دودھ دوہا۔ خود بھی نوش فرمایا اور امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی پلایا۔ پھر تھنوں سے فرمایا: ''اپنی پہلی حالت پر لوٹ آؤ۔'' یہ حکم پاتے ہی تھن پہلی حالت پر لوٹ آئے۔ (یہ دیکھ کر) میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے بھی اس پاکیزہ کلام سے کچھ سکھا دیجئے۔'' ارشاد فرمایا: ''تم خداداد صلاح وخیر کے مالک ہو۔'' فرماتے ہیں: ''میں نے بعد میں حُضُور، سراپا نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زبانِ مُقدَّس سے 70 سورتیں حفظ کیں جن میں مجھ سے کوئی مُقابلہ نہیں کرسکتا تھا۔'' (1)

﴿380﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''لوگوں پر تَعجُّب ہے کہ وہ میری قراءت چھوڑ کر حضرت زَید بن ثابِت (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی قراءت کے مطابق تلاوت کرنے لگے ہیں حالانکہ میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زبان مبارک سے 70 سورتیں یاد کی ہیں اور یہ اس وقت کی بات ہے جبکہ حضرت زَید بن ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ابھی بچے تھے اور بال لٹکائے مدینہ منوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کی گلیوں میں گھوما کرتے تھے اور بالوں میں گانٹھیں لگی ہوتی تھیں۔'' (2)

۞ === ۞ === ۞ === ۞

1 ......مسند ابی داؤد الطیالسی، ماأسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ۳۵۳، ص ۴۷.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۴۰، ج۹، ص ۷۵، بدون: یجئ ویذھب بالمدینۃ.



www.dawateislami.net

# سَیِّدُنا عَبدُاللّٰہ بن مَسعُودرَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی خُصُوصیات

## گھر میں داخلے کی خُصُوصی اِجازت:

﴿381﴾......حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن یزید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے مجھے بتایا کہ حُضُورنبیٔ اکرم،نورِ مُجسَّم،شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے اِرشادفرمایا:''تجھے پردہ اٹھا کرگھر میں آنے جانے اورمیری باتیں سننے کی اِجازت ہے جب تک کہ میں تجھے اس سے مَنع نہ کردوں۔''[1]

## تکیہ ومِسْواک والے:

﴿382﴾......حضرت سیِّدُ ناعَلْقَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ ملکِ شام گیااورحضرت سیِّدُ ناابودرداءرَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی مجلس میں جا کربیٹھ گیاتو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے مجھ سے دریافت فرمایا:''کہاں سے آئے ہو؟''میں نے عرض کی:''کوفہ سے۔''فرمایا:''کیاتمہارے درمیان صَاحِبُ الْوِسَادَۃ وَالسِّوَاک (یعنی تکیہ اورمِسْواک والے حضرت سیِّدُ ناعبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ)نہیں ہیں؟''[2]

﴿383﴾......حضرت سیِّدُ ناعبداللّٰہ بن شدّاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ ناعبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ شمعِ رسالت، مصطفٰی جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا تکیہ مُبارک،مِسْواک اور نَعلَین شَرِیفَین اُٹھایا کرتے تھے۔''[3]

## اِسلام قبول کرنے میں سَبقَت:

﴿384﴾......حضرت سیِّدُ نا قاسم بن عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة،کتاب الفضائل،باب ماذکرفی عبداللّٰہ بن مسعود،الحدیث:١،ج٧،ص٥٢٠،بتغیرٍ.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل،حدیث ابی الدرداء،الحدیث:٢٧٦١٩،ج١٠،ص٤٣١.

3 ......المعجم الکبیر،الحدیث:٨٤٥١،ج٩،ص٧٧.



www.dawateislami.net

عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں چھٹے نمبر پر اِسلام لایا اور اس وقت سوائے ہم چند افراد کے کوئی مسلمان نہ ہوا تھا۔'' (1)

## مُقَرَّبِ بارگاہِ الٰہی:

﴿385﴾......حضرت سیِّدُنا ابو وائل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی موجودگی میں حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''حضراتِ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے جنہیں حفظِ قرآنِ کریم کی سعادت ملی ان میں حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں جو بروزِ قیامت اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مُقَرَّبین و برگزیدہ بندوں میں ہوں گے۔'' (2)

﴿386﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''قیامت کے دن صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے حضرتِ سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سب سے زیادہ مقرب بندے ہوں گے۔'' (3)

## اُحد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی:

﴿387﴾......حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن یزید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا کہ ''ہمیں کسی ایسے شخص کے بارے میں بتائیں جو ہدایت وسنّت میں سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قریب ہوتا کہ ہم اس کی صُحبت کو لازم کرلیں۔'' تو حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں حضرتِ سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے زیادہ ہدایت وسنت کی اتباع کرنے والے کسی شخص کو نہیں جانتا کیونکہ حفاظ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بروزِ قیامت اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سب سے زیادہ مُقَرَّب بندے ہوں گے۔'' (4)

---

1......المصنف ابن ابی شیبة، کتاب التأریخ، باب کتاب التأریخ، الحدیث: ۲۴، ج۸، ص۴۳.

2......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۸۸، ج۹، ص۸۸.

3......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۸۱، ص۸۸.

4......مسند ابی داود الطیالسی، احادیث حذیفة بن الیمان، الحدیث: ۴۲۶، ص۵۷.



www.dawateislami.net

﴿388﴾......حضرت سیِّدُ ناعبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں پیلو کے درخت سے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لئے مسواک توڑا کرتا تھا۔ایک مرتبہ تیز ہوا کی وجہ سے میری پنڈلیوں سے کپڑا ہٹ گیا اور لوگ میری کمزور و پتلی پنڈلیاں دیکھ کر ہنسنے لگے۔حضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہنسنے کی وجہ دریافت فرمائی؟ تو لوگوں نے عرض کی: ''ان کی کمزور و پتلی پنڈلیاں دیکھ کر ہمیں ہنسی آ گئی۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! یہ میزان میں اُحد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی ہیں۔'' (1)

## قبولیتِ دُعا کی بِشارت:

﴿389﴾......حضرت سیِّدُ ناابو اِسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سیِّدُ ناابو عبیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے سنا وہ اپنے والد حضرت سیِّدُ ناعبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ وہ رات میں نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کے پاس سے حُضُور نبیِّ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ ناابو بکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ ناعمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا گزر ہوا۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا۔'' حضرت سیِّدُ ناعمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''(یہ سُن کر) میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف گیا (اور انہیں یہ خوشخبری سنائی) تو انہوں نے کہا: ''میری ایک دُعا ہے جسے میں ضَرور مانگوں گا اور وہ یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ اِیْمَانًا لَا یَبِیْدُ وَنَعِیْمًا لَا یَنْفَدُ وَقُرَّۃَ عَیْنٍ لَا تَنْقَطِعُ، وَمُرَافَقَۃَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اَعْلٰی جَنَّۃِ الْخُلْدِ (راوی کو اس میں شک ہے کہ ''لَا یَبِیْدُ'' کہا تھا یا ''لَا تَبِیْدُ'') یعنی: یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ایمانِ کامل اور اَزلی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں اور آنکھوں کی ایسی ٹھنڈک کا طلبگار ہوں جو کبھی ختم نہ ہو اور جنّت الفردوس میں حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پڑوس مانگتا ہوں۔'' (2)

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۵۲، ج۹، ص۷۸۔

مسند ابی داود الطیالسی، ما اسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ۳۵۵، ص۴۷.

(2)......مسند ابی داود الطیالسی، ما اسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ۳۴۰، ص۴۵۔

المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ۴۳۴۰، ج۲، ص۱۷۳، ''لا یبید'' بدلہ ''لا یرتد''.



www.dawateislami.net

﴿390﴾......حضرت سَیِّدُ ناعَوْن بن عبد اللّٰہ بن عُتْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سَیِّدُ ناعبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دُعا مانگ رہے تھے کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان کے پاس سے گزرے، امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا ابوبکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی ساتھ تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کی دُعا سُنی تو فرمایا: ''یہ کون دُعا مانگ رہا ہے؟ مانگے، اسے دیا جائے گا۔'' امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان کے پاس گئے اور فرمایا: ''جو دُعا تم ابھی مانگ رہے تھے، مجھے بتاؤ!'' تو حضرت سَیِّدُ ناعبد اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد و بُزُرگی بیان کی پھر یہ دُعا کی:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْـتَ وَعْـدُکَ حَـقٌّ وَلِقَاؤُکَ حَقٌّ، اَلْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَرُسُلُکَ حَقٌّ، وَكِتَابُکَ حَقٌّ، وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حَقٌّ یعنی: یااللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! تیرے سوا کوئی مَعْبُود نہیں، تیرا وعدہ سچا ہے۔ تیری مُلاقات حق ہے۔ جنّت و دوزخ حق ہے۔ تیرے رسول سچے، تیری کتاب سچی اور تیرے انبیاء برحق ہیں اور حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی سچے ہیں۔'' (1)

﴿392﴾......حضرت سَیِّدُ ناعبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سیِّد عالم، نُورِ مُجَسَّم صلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''عبد اللّٰہ بن مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کے عَہد کو لازم پکڑلو۔'' (2)

## سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے 14 رُفقا:

﴿393﴾......امیر المؤمنین مولا مُشکل کُشا حضرت سَیِّدُ ناعلی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم سے مروی ہے کہ حضور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر نبی کو 7، 7 باوفا رفیق و وزیر عطا ہوئے، جبکہ مجھے 14 عطا فرمائے گئے ہیں: امیر حمزہ، جَعْفَر، عَلِی، حَسَن، حُسَیْن، ابوبکر، عُمر، عَبدُ اللّٰہ بن مسعود، ابوذَر، مِقْداد، حُذَیفہ، عَمَّار، سَلْمان اور بِلال۔''

حضرت سَیِّدُ نا مسیّب بن نَجِیَّہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ ناعلی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی

1......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۱۸/۸۴۱۹، ج۹، ص۶۸.

2......جامع الترمذی، ابواب المناقب، باب مناقب عبد اللّٰہ بن مسعود، الحدیث: ۳۸۰۵، ص۲۰۴۳.



www.dawateislami.net

وَجْهَهُ الْكَرِيْم سے اسی حدیث کی مثل روایت کیا ہے۔ اور ان کی روایت میں ''رُفَقا'' یا ''رُقَباء'' کا لفظ ہے۔'' (1)

﴿394﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو الْاَحْوَص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: جب حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصال ہوا تو میں حضرتِ سیِّدُنا ابو موسیٰ اور حضرتِ سیِّدُنا ابو مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی بارگاہ میں حاضر تھا۔ ان میں سے ایک دوسرے سے کہہ رہے تھے: ''کیا تمہارے خیال میں حضرت عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے جیسا کوئی شخص چھوڑا ہے؟'' دوسرے نے کہا: ''اگر ایسی بات ہے تو سنو! جب ہمیں بارگاہِ نبوی عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضری سے روک دیا جاتا تو انہیں حاضری کی اجازت ہوتی تھی اور جب ہم غائب ہوتے تو یہ بارگاہِ نبوی عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوتے تھے۔'' (2)

﴿395﴾...... حضرت سیِّدُنا زید بن وَہب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ اور حضرت سیِّدُنا ابو موسیٰ اَشْعَری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ان میں سے ایک نے دوسرے سے پوچھا: ''کیا آپ نے حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے فُلاں فُلاں حدیث سُنی ہے؟'' دوسرے نے نَفی میں جواب دیتے ہوئے پوچھا: ''کیا آپ نے سُنی ہے؟'' تو پہلے نے کہا: ''میں نے تو نہیں سُنی، البتہ اس گھر والے کا دعویٰ ہے کہ اس نے وہ حدیث سُنی ہے۔'' حضرت سیِّدُنا ابو موسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: ''تو ان کی بات سچ ہے۔ کیونکہ جب ہمیں بارگاہِ نبوی عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضری سے روک دیا جاتا تھا تو اس وقت بھی انہیں داخلے کی اجازت ہوتی تھی اور جب ہم غائب ہوتے تو یہ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دربار میں حاضر رہتے تھے۔'' حضرت سیِّدُنا اَعْمَش رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''اس (گھر والے) سے حضرتِ سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مراد ہیں۔'' (3)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمی مقام:

﴿396﴾...... حضرت سیِّدُنا زید بن وَہب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک دن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا

(1) ......جامع الترمذی، ابواب المناقب، باب انّ الحسن والحسین...... الخ، الحدیث: ۳۷۸۵، ص ۲۰۴۱.

(2) ......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل عبداللّٰہ بن مسعود وامه، الحدیث: ۶۳۲۹، ص ۱۱۱۰.

(3) ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۹۲، ج۹، ص ۸۹.



www.dawateislami.net

عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف فرما تھے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی وہاں آ گئے انہیں دیکھ کر امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ کیسا کامل فقیہ ہے۔'' (1)

﴿397﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو عَطِیَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابو موسیٰ اَشْعَری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لوگوں سے فرمایا: ''جب تک سیِّدِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابی و متبحر عالم یعنی حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمارے درمیان موجود ہیں ہم سے کوئی مسئلہ دریافت نہ کیا کرو۔'' (2)

﴿398﴾......حضرت سیِّدُ نا عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابو موسیٰ اَشْعَری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب تک یہ مُتَبَحِّر عالم یعنی حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تمہارے درمیان موجود ہوں مجھ سے کوئی مسئلہ دریافت نہ کیا کرو۔'' (3)

﴿399﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو بَخْتَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے بارے میں پوچھا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم کس صحابی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں پوچھتے ہو؟'' انہوں نے کہا: ''ہمیں حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں بتائیں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''وہ قرآن و سنّت کے عالم ہیں اور علم میں وہی کافی ہیں۔'' (4)

﴿400﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو بَخْتَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: ''انہوں نے قرآنِ مجید کی تلاوت کی اور اس میں اس قدر غور و فکر کیا کہ یہ انہیں کفایت کر گیا۔'' (5)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفضائل، باب ما ذکر فی عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ۱۲، ج۷، ص ۵۲۱، بتغیرٍ.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۴۹۹/ ۸۵۰۰، ج۹، ص ۹۱-۹۲.

3 ......صحیح البخاری، کتاب الفرائض، باب میراث ابنة ابن مع ابنة، الحدیث: ۶۷۳۶، ص ۵۶۳-

المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ۴۴۲۰، ج۲، ص ۱۹۲.

4 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، مشایخ شتی، ج۲، ص ۲۶۳.

5 ......تاریخ مدینہ دمشق لابن عساکر، الرقم ۳۵۷۳ عبد اللہ بن مسعود، ج۳۳، ص ۱۴۳، "وقف" بدلہ "قام".



www.dawateislami.net

## اِرشاداتِ ابنِ مسعود:

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اِرشادات جو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ان حالات پر مشتمل ہیں جن کی بدولت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ آفات سے محفوظ رہے اور اوقات میں بَرَکات حاصل ہوئیں۔

علمائے تصوُّف فرماتے ہیں کہ ''منازل کی درستی کے لئے مُعَامَلَہ کو صحیح رکھنے کا نام تصوُّف ہے۔''

## حافظِ قرآن کو کیسا ہونا چاہیے؟

﴿401﴾......حضرت سیِّدُنا مُسَیَّب بن رَافِع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حافظِ قرآن کو چاہیے کہ جب لوگ سو رہے ہوں تو وہ اپنی رات کی حفاظت کرے (کہ اس میں جاگ کر قرآن مجید کی تِلاوت اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عِبادت کرے ہرگز اسے غَفْلَت میں نہ گزارے)۔ جب لوگ کھا پی رہے ہوں تو وہ اپنے دن کا خیال (یعنی روزہ) رکھے۔ جب لوگ خوش ہو رہے ہوں تو وہ اپنے غم کو یاد کرے (یعنی فکرِ آخرت کرے)۔ جب لوگ ہنس رہے ہوں تو وہ آنسو بہائے۔ جب لوگ باہم مل جل رہے ہوں تو وہ خاموش رہے اور جب لوگ تکبُّر کا شکار ہوں تو وہ خُشُوع وخُضُوع اختیار کرے۔ نیز حافظِ قرآن کو چاہیے کہ وہ رونے والا، غمزدہ، حکْمت و بردباری، عِلم واطمینان والا ہو۔ اور اسے چاہیے کہ وہ خشک رو، غافل، شور مچانے والا، چیخ وپکار کرنے والا نہ ہو اور نہ ہی سخت مزاج ہو۔'' (1)

﴿402﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن وَثَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے فارِغ شخص ناپسند ہے کہ جو نہ تو دُنیا کے کسی کام میں مَصْرُوف ہو اور نہ ہی آخرت کے کسی عَمل میں مشغول ہو۔'' (2)

﴿403﴾......حضرت سیِّدُنا مُسَیَّب بن رَافِع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے ایسے شخص سے سخت نَفْرت ہے، جو نہ تو دنیا کے کسی کام میں مگن ہو اور نہ ہی اسے آخرت

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، فی فضل ابی هريرة، الحديث: ۸۹۲، ص ۱۸۳۔

المصنف لابن ابی شيبة ،كتاب الزهد ،باب ما قالوا فی......الخ ،الحديث: ۶۳ ،ج۸، ص ۳۰۵.

2 ......المعجم الكبير ،الحديث: ۸۵۳۸، ج۹، ص ۱۰۲.



www.dawateislami.net

کی کچھ فکر ہو۔'' (1)

﴿404﴾......حضرت سیِّدُ نا خَیْثَمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ جِیْفَۃَ لَیْلٍ قُطْرُبَ نَھَارٍ یعنی: میں تم میں سے کسی کو ہرگز ایسے شخص کی طرح نہ پاؤں جو رات بھر بے جان لاشے کی طرح پڑا رہتا اور دِن بھر دُنیا کمانے کے لئے بھاگ دوڑ کرتا ہے (جبکہ اسے آخرت کی بالکل فکر نہیں ہوتی)۔'' (2)

حضرت سیِّدُ نا ابنِ عُیَیْنَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے کہ ''قُطْرُب سے مراد وہ شخص ہے جو اِدھر اُدھر بیٹھ کر اپنا وقت برباد کرتا ہے۔''

﴿405﴾......حضرت سیِّدُ نا مُرَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب تک تم نماز میں مشغول رہتے ہو تو گویا ایسے ہو جیسے بادشاہ کا دروازہ کھٹکھٹا رہے ہو اور جو بادشاہ کا دروازہ کھٹکھٹا تا رہتا ہے اس کے لئے دروازہ کھول ہی دیا جاتا ہے۔'' (3)

## جب ''یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا'' سنو!

﴿406﴾......حضرت سیِّدُ نا مَعْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جہاں تک ہو سکے باوُضُو رہا کرو اور جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان: ''یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا'' (اے ایمان والو!) سنو تو اپنے کانوں کو اس کی طرف لگا دو کیونکہ اس میں کسی بھلائی کا حکم یا کسی بُرائی سے ممانعت ہوتی ہے۔'' (4)

## شیطان کو بھگانے کا قرآنی نسخہ:

﴿407﴾......حضرت سیِّدُ نا ابُو الْاَحْوَص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک قرآنِ پاک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ضیافت ہے لہٰذا اپنی طاقت کے مطابق اس کی

(1)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام ابن مسعود، الحدیث:٤٧، ج٨، ص١٦٤.

(2)......المعجم الکبیر، الحدیث:٨٧٦٣، ج٩، ص١٥٢.

(3)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب التطوع والامامۃ، باب الرکوع......الخ، الحدیث:١٠، ج٢، ص٣٦٠، مفھومًا.

(4)......الزھد للامام احمد بن حنبل، فی فضل ابی ھریرۃ، الحدیث:٨٦٦، ص١٨٠.



www.dawateislami.net

ضیافت قبول کرو (یعنی جس قدر ہوسکے اسے سیکھو کیونکہ) جس گھر میں اس کی تِلاوت نہیں ہوتی اس میں کوئی بھلائی نہیں ہوتی اور جس گھر میں سورۂ بقرہ کی تِلاوت کی جاتی ہے شیطان وہاں سے بھاگ جاتا ہے۔'' (1)

﴿408﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن اَسود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دِل برتنوں کی طرح ہیں۔ لہٰذا انہیں قرآنِ پاک کے عِلاوہ کسی اور چیز سے نہ بھرو۔'' (2)

﴿409﴾......حضرت سیِّدُنا عَوْن بن عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''عِلم کثرتِ روایت سے نہیں بلکہ خشیَّت الٰہی سے حاصل ہوتا ہے۔'' (3)

﴿410﴾......حضرت سیِّدُنا عَلْقَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! عِلم سیکھو پھر اس پر عمل کرو۔'' (4)

## عالم اور جاہل دونوں کے لیے ہلاکت:

﴿411﴾......حضرت سیِّدُنا عدی بن عدی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہلاکت ہے اس شخص کے لئے جس نے عِلم حاصل نہیں کیا اگر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ چاہتا تو وہ ضرور حاصل کرتا اور اس کے لئے بھی ہلاکت ہے جس نے عِلم تو حاصل کیا مگر اس پر عمل نہ کیا۔'' یہ بات آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سات مرتبہ ارشاد فرمائی۔ (5)

﴿412﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُکَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اس مسجد میں دائیں ہاتھ سے اشارہ کرتے اور فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے ہر ایک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں اس طرح تنہا حاضر ہوگا جس طرح تم چودھویں رات میں چاند کے ساتھ تنہا ہوتے

---

1 ......المصنف لعبد الرزاق، کتاب فضائل القرآن، باب تعلیم القرآن وفضله، الحدیث:٦٠١٨، ج٣، ص٢٢٥.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، کلام ابن مسعود، الحدیث:٣٦، ج٨، ص١٦٢.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، فی فضل ابی هریرة، الحدیث:٨٦٧، ص١٨٠.

4 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، کلام ابن مسعود، الحدیث:٣٢، ج٨، ص١٦١، "العلم" بدله "تعلموا".

5 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، فی فضل ابی هریرة، الحدیث:٨٦٨، ص١٨٠.



www.dawateislami.net

ہو پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ''اے ابنِ آدم! تجھے کس چیز نے مجھ سے فریب میں رکھا؟ اے ابنِ آدم! تو نے مرسلین (عَلَیۡھِمُ السَّلَام) کی پیروی کیوں نہ کی؟ اے ابنِ آدم! تو نے اپنے علم پر عمل کیوں نہ کیا؟'' (1)

## عصیان سے نسیان:

﴿413﴾......حضرت سیِّدُنا قاسم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا: ''میں سمجھتا ہوں کہ آدمی جو علم حاصل کرتا ہے نافرمانی اسے بُھلا دیتی ہے۔'' (2)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعیم احمد بن عبداللہ اَصۡفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوۡرَانِی فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ اہل وعیال کے مُعَامَلے میں دُنیا کی فُضُولیات سے دُور رہتے۔ اپنے آپ پر، اپنے دِل کے حالات اوراس پر وارِد ہونے والے خطرات پر روتے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عطا کردہ نعمت ایمان کی دولت کی وجہ سے اس کی رحمت پر اُمید رکھتے تھے۔''

اَصۡحابِ تَصَوُّف فرماتے ہیں: ''خوف واُمّید کے ساتھ نَفۡس کو نجات پر اُبھارنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

## مسلمان کے لئے تحفہ:

﴿414﴾......حضرت سیِّدُنا اَبو جُحَیۡفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا: ''دنیا کا خالِص حصّہ چلا گیا اور گدلا حصہ بچ گیا۔ پس اب مَوت ہر مسلمان کے لئے تحفہ ہے۔'' (3)

﴿415﴾......حضرت سیِّدُنا اَبو جُحَیۡفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا: ''دنیا پہاڑ کے سائے میں واقع تالاب کی مانند ہے جس کا صاف حصّہ تو ختم ہو گیا لیکن گدلا حصّہ باقی رہ گیا۔'' (4)

﴿416﴾......حضرت سیِّدُنا قَیۡس بن حَبۡتَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مَروِی کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ

1 ......المعجم الکبیر ،الحدیث:۸۸۹۹،ج۹،ص۱۸۲.

2 ......الزھدللامام احمد بن حنبل،فی فضل ابی ھریرۃ، الحدیث: ۸۵۳،ص۱۷۸.

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ ،کتاب الزھد ، کلام ابن مسعود ،الحدیث:۱،ج۸،ص۱۵۸.

4 ......المصنف لابن ابی شیبۃ ،کتاب الزھد ، کلام ابن مسعود ،الحدیث:۲، ج۸، ص۱۵۸،بدون:إنما.


www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دونا پسندیدہ چیزیں موت اور تنگدستی کتنی عُمدہ ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! دو چیزوں میں سے ایک تو ضرور ہے مالداری یا ناداری اور مجھے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کہ ان میں سے کسی کے ذَرِیْعے بھی آزمایا جاؤں کیونکہ اگر مالداری عطا ہوئی تو اس سے لوگوں پر مہربانی کروں گا اور اگر تنگدستی عطا ہوئی تو صَبْر کروں گا۔'' (1)

## حَلَاوتِ اِیمان سے محرومی کے اَسباب:

﴿417﴾......حضرت سیِّدُنا عَوْن بن عبد اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کوئی مسلمان اس وقت تک ایمان کی حقیقت کو نہیں پا سکتا جب تک اِیمان کی بلندی کو نہ پالے اور ایمان کی بلندی کو پانے میں اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا جب تک فَقْر کو دولت سے بہتر اور عاجزی وانکساری کو عزّت وشرافت سے اچھا خیال نہ کرے نیز جب تک تعریف کرنے والے اور مذمت کرنے والے کو یکساں حیثیت نہ دے۔'' (2)

راوی بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے رُفقا نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اس فرمان ذیشان کی وضاحت یوں فرمائی کہ ''آدمی ایمان کی حَلَاوَت ورِفْعَت اس وقت پا سکتا ہے جب اسے حلال پر گزارا کرتے ہوئے غریبی وناداری کو گوارا کرنا حرام اختیار کر کے مالداری حاصل ہو جانے سے زیادہ پسند ہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت وفرمانبرداری والی عاجزی وانکساری اس کی نافرمانی والی عزّت وشہرت سے زیادہ پسند ہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات وصفات میں اس طرح فنا ہو جائے کہ اس کی نظر میں تعریف کرنے والا اور برائی ومذمت کرنے والا دونوں برابر ہوں۔''

﴿418﴾......حضرت سیِّدُنا مُغِیْرَہ بن سَعْد بن اَخْرَم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں! جو شخص اسلام کی حالت میں صُبح وشام کرتا ہے اسے دُنیاوی رَنج وغم نقصان نہیں دیتے (بلکہ وہ اس پر صَبْر کر کے اجر پاتا ہے)۔'' (3)

---

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل ،فی فضل ابی ھریرة ،الحدیث:۸۴۷،ص۱۷۸.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل ،فی فضل ابی ھریرة ،الحدیث:۸۶۳،ص۱۸۰.

3 ......الزھد للامام احمد بن حنبل ،فی فضل ابی ھریرة ،الحدیث:۸۷۶،ص۱۸۱.



www.dawateislami.net

﴿419﴾......حضرت سیِّدُ نا حارِث بن سُوَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں ! کوئی صبح ایسی نہ ہوئی کہ عبداللہ بن مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی اَوْلاد کے پاس کوئی ایسی چیز ہوتی جس سے انہیں اُمید ہو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں خیر و بھلائی عطا فرمائے یا ان سے کسی برائی کو دور فرمائے مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ خوب جانتا ہے کہ عبداللہ بن مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔'' (1)

## حساب وکتاب کا خوف:

﴿420﴾......حضرت سیِّدُ نا عامِر بن مَسْرُوق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے قریب کسی نے کہا: ''میں نہیں چاہتا کہ اَصحابِ یمین (2) سے ہو جاؤں بلکہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ

(1)......المصنف لابن ابی شیبة ، کتاب الزھد ، کلام ابن مسعود ، الحدیث:۱۸ ، ج۸، ص ۱۶۰ .

(2)...... اصحابِ یمین اہلِ جنّت کا ایک گروہ ہے جس کا ذکر قرآنِ پاک میں سورۂ واقعہ کے اندر ہے، اس کا ترجمہ کنزالایمان سے پیش کیا جاتا ہے: ''اور دہنی طرف والے (یعنی جن کے نامۂ اَعمال ان کے داہنے ہاتھوں میں دیئے جائیں گے) کیسے دہنی طرف والے (یہ ان کی تعظیم شان کے لئے فرمایا کہ وہ بڑی شان رکھتے ہیں سعید ہیں جنّت میں داخل ہوں گے) بے کانٹوں کی بیریوں میں اور کیلے کے گچھوں میں اور ہمیشہ کے سائے میں اور ہمیشہ جاری پانی میں اور بُہت سے میووں میں جو نہ ختم ہوں اور نہ روکے جائیں اور بلند بچھونوں میں۔ بے شک ہم نے ان عورتوں کو اچھی اُٹھان اٹھایا تو انہیں بنایا کنواریاں، اپنے شوہروں پر پیاریاں، انہیں پیار دلاتیاں، ایک عمر والیاں دہنی طرف والوں کے لئے۔'' اسی طرح مقربین بھی اہلِ جنّت کا ایک گروہ ہے جس کا تذکرہ بھی سورۂ واقعہ میں ملتا ہے۔ اس کا بھی ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ ترجمۂ کنزالایمان: ''اور جو سبقت لے گئے (نیکیوں میں) وہ تو سبقت ہی لے گئے (دخولِ جنّت میں) وہی مُقَرَّب بارگاہ ہیں چین کے باغوں میں، اگلوں میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے تھوڑے۔ جڑاؤ تختوں پر ہوں گے، ان پر تکیہ لگائے ہوئے آمنے سامنے ان کے گرد لئے پھریں گے (آدابِ خدمت کے ساتھ) ہمیشہ رہنے والے لڑکے (جو نہ مریں، نہ بوڑھے ہوں، نہ ان میں تغیر آئے۔ یہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ جنّت کی خدمت کے لئے جنّت میں پیدا فرمائے) کوزے اور آفتابے اور جام اور آنکھوں کے سامنے بہتی شراب کہ اس سے نہ انہیں دردِ سر ہو اور نہ ہوش میں فرق آئے (بخلاف شرابِ دنیا کے کہ اس کے پینے سے حواس مختل ہو جاتے ہیں) اور میوے جو پسند کریں اور پرندوں کا گوشت جو چاہیں اور بڑی آنکھ والیاں حوریں (ان کے لئے ہوں گی) جیسے چھپے رکھے ہوئے موتی، صلہ ان کے اَعمال کا، اس میں نہ سنیں گے نہ کوئی بے کار بات، نہ گنہگاری۔ ہاں! یہ کہنا ہوگا سلام سلام۔'' (ہلالین بریکٹس (brackets) میں لکھی ہوئی عبارات تفسیر خزائن العرفان از مفسّرِ قرآن، صدرالافاضل حضرت علامہ مولانا مفتی محمد نعیم الدین مراد آبادی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی سے لی گئی ہیں) (کنز الایمان مع خزائن العرفان، پ ۲۷، الواقعۃ: ۱۰ تا ۳۸) ممکن ہے اس روایت میں اصحابِ یمین و اَصحابِ مُقربین سے یہی دو جنّتی گروہ مراد ہوں کہ کسی نے اَصحابِ یمین میں سے ہونے پر مقربین میں سے ہونے کو ترجیح دی جبکہ حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی......



www.dawateislami.net

مقربینِ بارگاہِ خداوندی میں سے کہلاؤں۔'' راوی کہتے ہیں: یہ سن کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: لیکن یہاں تو ایک ایسا شخص ہے جو یہ تمنا کرتا ہے کہ ''جب وہ مرجائے تو اسے دوبارہ نہ اٹھایا جائے۔'' یہاں ''شخص'' سے انہوں نے اپنی ذات مراد لی ہے۔ [1]

## خوفِ خدا کی ایک جھلک:

﴿421﴾...... حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر مجھے جنّت و دوزخ کے درمیان کھڑا کر کے دونوں میں سے ایک میں جانے یا مٹی ہو جانے کا اختیار دیا جائے تو میں مٹی ہو جانا پسند کروں گا۔'' [2]

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا زُہد:

﴿422﴾...... حضرت سیِّدُنا حارِث بن سُوَیْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر تم میری حقیقت واَصلیت کو پہچان لو تو میرے سر پر مٹی ڈالنے لگو۔'' [3]

﴿423﴾...... حضرت سیِّدُنا اَبُو الْاَحْوَص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس دیناروں کی طرح خوبصورت تین صاحبزادے بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم ان کی طرف دیکھنے لگے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس بات کو بھانپ گئے اور فرمانے لگے: ''شاید! تم انہیں دیکھ کر مجھ پر رشک کر رہے ہو؟'' ہم نے کہا: ''آدمی پر ایسوں ہی کی وجہ سے رشک کیا جاتا ہے۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے چھت کی طرف سر اٹھایا تو وہاں اَبابیل پرندے نے انڈے دے رکھے تھے، انہیں مُلَاحَظَہ کیا پھر فرمایا: ''انہیں (یعنی اپنے بیٹوں کو) قبروں میں دفن کر کے مٹی سے ہاتھ جھاڑ لینا مجھے اس پرندے کے

...... عَنْہ کے خوفِ خدا کا عالم یہ ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مرنے کے بعد مٹی ہو جانے اور حسابِ آخرت کے خوف سے دوبارہ نہ اٹھائے جانے کی تمنا کر رہے ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کے صدقے ہمیں بھی اپنا خوف عطا فرمائے۔

(امین بجاہ النبی الامین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) (علمیہ)

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل ،فی فضل ابی ھریرۃ ،الحدیث:۸۶۹،ص ۱۸۰ ، مفھومًا.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث:۸۵۳۵،ج۹،ص۱۰۲ .

3 ......المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ ،باب کان عبد اللّٰہ یخطب......الخ، الحدیث:۵۴۳۳،ج ٤،ص ۳۷۵،بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

انڈوں کے نیچے گر کر ٹوٹ جانے سے زیادہ پسند ہے۔'' (1)

﴿424﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں کوفہ میں حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں بیٹھا کرتا تھا، ایک مرتبہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھر میں چبوترے پر بیٹھے ہوئے تھے جبکہ نیچے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دو خوبصورت وصاحبِ حیثیت بیویاں بیٹھی ہوئی تھیں اور ان دونوں سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خوبصورت اولاد بھی تھی۔ اچانک ایک چڑیا نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سر پر بیٹ کر دی، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے ہاتھ سے صاف کر کے فرمایا: ''عبد اللہ کے اہل وعیال کا مر جانا اور میرا اس دُنیا سے چلا جانا مجھے اس چڑیا کی موت سے زیادہ پسند ہے۔'' (2)

## سفرِ آخرت کی تیاری کا درس:

﴿425﴾......حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن حَجِیرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب لوگوں کے پاس بیٹھتے تو فرماتے: ''اے لوگو! شب و روز گزرنے کے ساتھ ساتھ تمہاری عمریں بھی کم ہوتی جا رہی ہیں۔ تمہارے اَعمال لکھے جا رہے ہیں۔ موت اچانک آئے گی۔ پس جو نیکی کی فصل بوئے گا جلد ہی اسے شوق سے کاٹے گا اور جو بُرائی کی کھیتی بوئے گا اسے ندامت کے ساتھ کاٹنا پڑے گا۔ ہر ایک اپنی ہی اُگائی ہوئی کھیتی کاٹے گا۔ سستی و کاہلی کرنے والا اپنے عمل کے ذریعے آگے کبھی نہیں بڑھ پائے گا اور حرص ولالچ میں مُبْتَلا صرف اپنا مقدر ہی حاصل کر پائے گا۔ جسے بھی بھلائی کی توفیق ملی وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی کی طرف سے ہے اور جسے برائی سے بچایا گیا تو وہ بھی اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی کے کرم سے ہے۔ متقی و پرہیز گار عام لوگوں کے سردار اور فقہا، رہنما ہیں۔ ان کی صحبت اختیار کرنا نیکیوں میں اضافے کا سبب ہے۔'' (3)

﴿426﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحَّاک بن مُزَاحِم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم میں سے ہر ایک مہمان ہے اور مہمان ہمیشہ نہیں رہتا اسے رخصت ہونا پڑتا ہے

---

(1)......الزهد لابن المبارك ،باب في أخبار ابو ريحانة وغيره،الحديث: ٨٨٠،ص٣٠٧،بتغير.

(2)......الزهد لابى داؤد ،باب من خبر ابن مسعود ، الحديث: ١٤٨، ج١، ص ١٦٠،بتغيرٍقليلٍ.

(3)......الزهد للامام احمد بن حنبل،باب فضل ابى هريرة،الحديث:٨٨٩،ص١٨٣.



www.dawateislami.net

اور تمہارے پاس جو مال ہے یہ اُدھار ہے اور اُدھار اس کے مالِک کو لوٹانا ہوتا ہے۔'' (1)

## کلماتِ نافعہ:

﴿427﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ان کے پاس آکر کہا: ''اے ابوعبدالرحمٰن! (یہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے) مجھے جامع و نافع کلمات سکھایئے!'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کرو۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ قرآنِ مجید کے اَحکامات کے مطابق زندگی بسر کرو۔ اگر تمہارے پاس کوئی ناواقف و ناپسند شخص بھی حق بات لائے تو اسے قبول کرلو اور کوئی تمہارا پیارا و پسندیدہ شخص بھی ناحق بات پیش کرے تو اسے رد کردو۔'' (2)

﴿428﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''سچ بھاری اور تلخ لگتا ہے جبکہ جھوٹ ہلکا و شیریں محسوس ہوتا ہے اور کبھی تھوڑی سی شہوت طویل غم کا سبب بن جاتی ہے۔'' (3)

﴿429﴾......حضرت سیِّدُنا عیسیٰ بن عُقْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی مَعْبُود نہیں! روئے زمین پر زبان سے بڑھ کر کوئی چیز ایسی نہیں جسے طویل مدت قید میں رکھنے کی زیادہ حاجت ہو۔'' (4)

﴿430﴾......حضرت سیِّدُنا مَعْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دِل میں اچھی خواہشات بھی پیدا ہوتی ہیں اور برے خیالات بھی جنم لیتے ہیں۔ لہٰذا نیکی کو غنیمت جان کر اسے کرلو اور بدی سے اپنا دامن داغدار نہ کرو بلکہ اسے ترک کردو۔'' (5)

﴿431﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن عبدالرحمٰن بن یزید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ

---

(1)......المعجم الكبير، الحديث: ٨٥٣٣، ج٩، ص١٠١.

(2)......الموسوعة لابن ابی الدنيا، كتاب الصَّمت آداب اللسان، باب الصدق وفضله، الحديث: ٤٥٤، ج٧، ص٢٦٤، مفهومًا.

(3)......الزهد لابن المبارك، باب الاعتبار والتفكر، الحديث: ٢٩٠، ص٩٨.

(4)......المعجم الكبير، الحديث: ٨٧٤٤/٨٧٤٥، ج٩، ص١٤٩.

(5)......الزهد لابن المبارك، باب فضل ذكر الله، الحديث: ١٣٣١، ص٤٦٩، مفهومًا.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دل کو سخت کر دینے والی اَشیاء سے بچو اور جو چیز دِل میں کھٹکے اسے ترک کر دو۔'' (1)

## کُفّار کی خوشحالیاں قابلِ فخر نہیں!

﴿432﴾......حضرت سیِّدُنا مُنْذِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں کچھ کسان حاضر ہوئے تو ان کی موٹی گردنیں اور صحت مند و توانا بدن دیکھ کر لوگوں کو تعجب ہوا (اس پر) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم دیکھتے ہو کافروں کے جسم صحت مند ہیں لیکن دل بیمار ہیں اور مومن کا جسم اگرچہ کمزور ہو لیکن اس کا دِل صحت مند و مضبوط ہوتا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تمہارے جسم صحت مند ہوں مگر دِل مریض تو تمہاری حیثیت اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک گُبرِ یلا (یعنی گوبر کے کیڑے) سے بھی کم تر ہے۔'' (2)

﴿433﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عبیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جس سے بن پڑے اپنا مال وہاں رکھے جہاں اسے کیڑا لگے نہ چور کا ہاتھ (یعنی راہِ خدا میں صدقہ کر دے) کیونکہ بندے کا دل مال کی طرف متوجہ رہتا ہے۔'' (3)

﴿434﴾......حضرت سیِّدُنا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عِتْرِیس بن عُرْقُوب شَیْبَانِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے اور کہا: ''ہلاک ہوا وہ شخص جس نے نہ تو نیکی کا حکم دیا اور نہ ہی بُرائی سے مَنْع کیا۔'' تو حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بلکہ ہلاک تو وہ ہوا جس کا دل بھلائی کو بھلائی اور بُرائی کو بُرائی نہیں سمجھتا۔'' (4)

﴿435﴾......حضرت سیِّدُنا اَبُو الْاَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''صالحین دنیا سے رُخصت ہو گئے اور شک کرنے والے باقی رہ گئے جنہیں نیکی کی پہچان ہے نہ

---

1 ......الورع للامام احمد بن حنبل ،باب ما یکرہ من امر الربا ،ص٤٦ .

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل،باب فی فضل ابی ھریرۃ،الحدیث: ٩٤٠، ص ١٨٤، مفھومًا.

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ ،کتاب الزھد، کلام ابن مسعود، الحدیث:٨،ج٨،ص١٥٩ .

4 ......المعجم الکبیر،الحدیث:٨٥٦٤،ج٩،ص١٠٧ .



www.dawateislami.net

بُرائی کا پتہ۔'' (1)

## حفاظتِ زبان کی نصیحت:

﴿436﴾......حضرت سیِّدُنا قاسم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی خدمت میں عرض کی: ''اے ابو عبد الرحمٰن رَضِیَ اللّٰہ تعالٰی عَنہ! مجھے کوئی نصیحت فرمائیے!'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ فرمایا: ''تیرا گھر تجھے کفایت کرے (یعنی بلاضرورت گھر سے نہ نکلو) زبان کی حفاظت کرو اور اپنی خطاؤں کو یاد کرکے آنسو بہاؤ۔'' (2)

﴿437﴾......حضرت سیِّدُنا ابو وائل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ''کہاں ہیں دُنیا کو ترک کرنے والے اور آخرت میں رغبت رکھنے والے؟'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''وہ جابیہ کے رہنے والے تھے، وہ تعداد میں 500 تھے اور انہوں نے قسم کھائی تھی کہ شہید ہوئے بغیر واپس نہیں پلٹیں گے پھر وہ سر منڈا کر دشمنوں سے جا بھڑے یہاں تک کہ وہ سب کے سب جامِ شہادت نوش کر گئے اور ان کی شہادت کی خبر دینے والے کے سوا ایک بھی زندہ نہ بچا۔'' (3)

## سب سے زیادہ زُہد والے:

﴿438﴾......حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن یزید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''(اے لوگو!) تم نماز، روزہ اور اجتہاد میں صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سے بڑھنا چاہتے ہو (یاد رکھو! ایسا نہیں ہوسکتا کیونکہ) وہ تم سے بہتر ہیں۔'' لوگوں نے عرض کی: ''اے ابو عبد الرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ! اس کی کیا وجہ ہے؟'' فرمایا: ''وہ دنیا میں سب سے زیادہ زُہد اختیار کرتے اور آخرت میں سب سے بڑھ کر رغبت رکھتے ہیں۔'' (4)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۵۵۲، ج۹، ص۱۰۵.

2 ......الزھد لابن المبارک، باب ماجاء فی الحزن والبکاء، الحدیث: ۱۳۰، ص۴۲.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۵۸۴، ج۹، ص۱۱۳.

4 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابن مسعود، الحدیث: ۳۵، ج۸، ص۱۶۲.



www.dawateislami.net

## مومن کا آرام وسکون:

﴿439﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مومن کیلئے دیدارِ الٰہی سے بڑھ کر کسی چیز میں راحت وسکون نہیں اور جس کا آرام وسکون دیدارِ الٰہی میں ہے وہ ضرور اسے پائے گا۔'' (1)

## فتنوں کا دَورِ دَورہ:

﴿440﴾......حضرت سیِّدُنا عَلْقَمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب فتنوں میں اُلجھ جاؤ گے؟ جب ایسا وقت آئے تو تم سنّت کو مضبوطی سے تھامے رکھنا کیونکہ یہ فتنے ایسے خطرناک ہوں گے کہ بچے جوان اور جوان بوڑھے ہو جائیں۔ اگر ان سے کوئی چیز رہ جائے گی تو ایک دوسرے سے کہے گا: ''تو نے سنّت ترک کر دی۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ایسا کب ہوگا؟'' ارشاد فرمایا: ''جب تمہارے عالم کم اور قاری زیادہ، مالدار زیادہ اور دیانت دار کم ہو جائیں گے۔ آخرت کی بہتری کے لئے کیے جانے والے اَعمال کو دُنیا کمانے کا ذریعہ بنایا جائے گا اور حُصُولِ علم کا مقصد رضائے الٰہی نہیں ہوگا۔'' (2)

حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ حدیث بیان کرنے کے بعد فرمایا: ''اب تم ایسے ہی زمانہ میں ہو۔''

## نیکیاں چھپاؤ:

﴿441﴾......حضرت سیِّدُنا مَسْرُوق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَدُوْد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی روزے کی حالت میں صُبح کرے یا فرمایا: تم میں سے کوئی روزہ دار ہو تو کچھ چلے پھرے اور جب دائیں ہاتھ سے صَدَقہ دے تو بائیں ہاتھ سے چھپائے اور جب نفل نماز ادا کرے تو گھر میں پڑھے۔''

1 ......الزهد لابن المبارك ،باب التحضيض على طاعة الله،الحديث:١٧،ص٦.

2 ......سنن الدارمي،المقدمة ،باب تغير الزمان وما يحدث فيه ، الحديث: ١٨٥/ ١٨٦،ج١،ص٧٥.



www.dawateislami.net

## دِین میں پیروی کا معیار:

﴿442﴾......حضرت سیِّدُنا ابُو الْاَحْوَص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دِین میں کسی کی اس طرح پیروی نہ کرو کہ وہ ایمان لائے تو تم ایمان لاؤ اور اگر وہ کُفر کرے تو تم بھی کُفر کرو۔ ہاں! اگر تم نے پیروی کرنی ہی ہے تو وفات یافتہ بُزُرگوں کی کرو کہ زندہ پر فتنہ سے بے خوفی نہیں (1)۔'' (2)

﴿443﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن یزید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! تم میں سے کوئی اِمَّعَہ نہ بن جائے۔'' لوگوں نے پوچھا: ''اے ابوعبد الرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اِمَّعَہ کون ہوتا ہے؟'' فرمایا: ''اِمَّعَہ وہ ہے جو کہے کہ میں سب کے ساتھ ہوں (یعنی ہر ایک کی ہاں میں ہاں ملائے اور کہے کہ) اگر دوسرے لوگ ہدایت پر ہیں تو میں بھی ہدایت پر ہوں، اور اگر وہ گمراہ ہیں تو میں بھی گمراہ ہوں۔ بلکہ ایسے بنو کہ لوگ اگر کُفر بھی کریں تو تم اِسلام پر قائم رہو۔'' (3)

---

1......اس حدیث کی شرح میں حکیم الامت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''اس میں تابعین سے خطاب ہے یعنی تا قیامت جو کوئی سیدھی راہ چلنا چاہے وہ صحابہ کی پیروی کرے خود قرآن وحدیث سے استنباطِ مسائل پر قناعت نہ کرے اسی لئے مجتہدین ائمہ صحابہ کے پیرو ہیں اس کی تائید وہ حدیث کرتی ہے کہ میرے صحابہ تارے ہیں جن کی پیروی کرو ہدایت پا جاؤ گے۔'' مزید آگے ارشاد فرمایا: ''یہاں زندوں سے مراد غیر صحابہ ہیں اور وفات پانے والوں سے سارے صحابہ، زندہ ہوں یا وفات یافتہ۔ (صاحبِ) مرقاۃ نے فرمایا یہ کلام حضرت ابن مسعود نے انکساراً فرمایا ورنہ اس وقت آپ اور تمام زندہ صحابہ قابل اتباع تھے۔ زندہ سے (اس زمانہ کے) تابعین مراد ہیں کیونکہ صحابہ سے اللہ رسول کا وعدہ جنت ہو چکا۔ رب نے فرمایا: ''وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى (پ ٢٦، الفتح: ٢٦) (ترجمہ کنز الایمان: اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا) اور فرمایا اُولٰٓىٕكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰىؕ (پ ٢٦، الحجرات: ٣) (ترجمہ کنز الایمان: وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کے لیے پرکھ لیا ہے) اور فرمایا وَكَرَّهَ اِلَیْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَؕ (پ ٢٦، الحجرات: ٧) (ترجمہ کنز الایمان: اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کر دی) جس سے پتہ لگا کہ رب نے صحابہ کے لیے ایمان لازم کر دیا ان کے دلوں میں کُفر اور فسق سے نُفرت پیدا فرما دی خُصُوصاً حضرت ابنِ مسعود (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو تو جنت کی بِشارت دی جا چکی تھی خیال رہے کہ مرتد صحابی نہیں رہتا اِرتداد سے صحابیت ختم ہو جاتی ہے۔

(مرآۃ المناجیح، کتاب الایمان، باب الاعتصام، ج١، ص١٨١)

2......المعجم الکبیر، الحدیث: ٨٧٦٤، ج٩، ص١٥٢.

3......المعجم الکبیر، الحدیث: ٨٧٦٥، ج٩، ص١٥٢.


www.dawateislami.net

## 4باتوں کا حلفیہ بیان:

﴿444﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعبیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں 3 باتوں پر قسم اٹھاتا ہوں اور چوتھی بات پر اگر قسم اٹھالوں تو اس میں بھی سچا ہوں گا۔ وہ یہ ہیں: (۱) اللہ عَزَّوَجَلَّ مسلمان اور کافر کو برابر نہ رکھے گا (۲) جسے اللہ عَزَّوَجَلَّ دنیا میں کوئی نعمت عطا نہیں فرماتا اسے آخرت میں عطا فرمائے گا (۳) بندے کا حَشْر اُسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے (۴) اور چوتھی بات جس پر میں قسم اٹھاتا ہوں وہ یہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ دنیا میں جس بندے کی پردہ پوشی فرماتا ہے آخرت میں بھی اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔'' (1)

﴿445﴾......حضرت سیِّدُنا ابووائل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بروزِ قیامت ہر شخص یہ تمنا کرے گا کہ کاش! میں دُنیا میں بقدرِ ضَرورت ہی کھاتا اور جس کا دِل شک وشُبہ سے پاک ہو تو دُنیا میں صُبح وشام اس کے لئے کوئی نُقصان نہیں اور منہ میں اُنگارہ لے لینا اس سے بہتر ہے کہ آدمی اس بات کے نہ ہونے کی تمنا کرے جس کے ہونے کا اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فیصلہ فرمادیا ہو۔'' (2)

## ہر دن میں بارہ ساعتیں:

﴿446﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ یا عُبَیدُاللہ بن مِکْرَز رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: بے شک تمہارے رب عَزَّوَجَلَّ کے ہاں! دن رات نہیں، زمین و آسمان کا نور اسی کے نور سے ہے۔ اس کے ہاں تمہارے دنوں کے اعتبار سے ہر دن بارہ ساعتوں پر مشتمل ہے۔ جب اس کی بارگاہ میں تمہارے اَعمال پیش کئے جاتے ہیں تو وہ تین ساعتیں ان پر نظر فرماتا ہے۔ عرش اٹھانے والے، عرش کے گرد رہنے والے اور مُقرَّبین فِرِشتے اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔ پھر رحمٰن عَزَّوَجَلَّ تین ساعتیں نظرِ رحمت فرماتا ہے حتی کہ رحمت سے بھر جاتا ہے تو یہ چھ ساعتیں ہوئیں پھر تین ساعتیں اَرحام میں نظر فرماتا ہے، جس کے مُتَعَلِّق قرآن

---

1 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، باب المرء مع من أحب، الحديث: ۲۰٤۸٦، ج۱۰، ص ۲۰۳

2 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد، كلام ابن مسعود، الحديث: ۵۲، ج۸، ص ۱٦۵۔
الزهد للامام احمد بن حنبل، باب فی فضل ابی هريرة، الحديث: ۸٤۵، ص ۱۷۷.


www.dawateislami.net

مجید میں اس کا فرمان عالیشان ہے:

یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ (پ۳،ال عمران:٦) ترجمۂ کنزالایمان: تمہاری تصویر بناتا ہے ماؤں کے پیٹ میں جیسی چاہے۔

اورارشادفرمایا:

یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّ اِنَاثًا ۚ وَ یَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا (پ۲۵،الشوری:۴۹،۵۰) ترجمۂ کنزالایمان: جسے چاہے بیٹیاں عطا فرمائے اور جسے چاہے بیٹے دے یا دونوں ملا دے بیٹے اور بیٹیاں اور جسے چاہے بانجھ کردے۔

یہ نوساعتیں ہوئیں۔ پھر تین ساعتیں رزق کے مُعَامَلَہ میں نظر فرماتا ہے۔

اس بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان ہے:

یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یَقْدِرُ (پ۲۵،الشوری:۱۲) ترجمۂ کنزالایمان: روزی وسیع کرتا ہے جس کے لئے چاہے اور تنگ فرماتا ہے۔

كُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ (پ۲۷،الرحمن:۲۹) ترجمۂ کنزالایمان: اسے ہر دن ایک کام ہے۔

حضرت سَیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''اے لوگو! یہ تمہارا مُعَامَلَہ اور تمہارے رب عَزَّوَجَلَّ کی شان ہے۔'' (1)

## دُنیا کی خاطر آخرت کو نقصان نہ پہنچاؤ:

﴿447﴾......حضرت سَیِّدُنا ہُذَیل بن شُرَحْبِیل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سَیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جو دُنیا (حاصل کرنے) کا ارادہ کرتا ہے وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے اور جو آخرت سنوارتا ہے اس کی دُنیا کو نقصان پہنچتا ہے۔ تو اے لوگو! ہمیشہ رہنے اور کبھی نہ ختم ہونے والی آخرت کی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ناپائیدار و جلد ختم ہوجانے والی دُنیا کی زندگی کے نُقصان کی پرواہ نہ کرو۔'' (2)

---

1 ......المعجم الکبیر ،الحدیث:۸۸۸٦،ج۹،ص۱۷۹.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة ،کتاب الزهد ،کلام ابن مسعود ،الحدیث:٤، ج۸، ص۱۵۸.



www.dawateislami.net

﴿448﴾......حضرت سیِّدُنا اِیاس بَجلی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ ''جس نے دنیا میں لوگوں کو دکھانے کے لئے عمل کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اسے سب کے سامنے رسوا کرے گا اور جو شہرت کا خواہاں ہوگا اللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے دن اسے ذلیل کرے گا اور جو بسبب تکبُّر بڑائی چاہے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا مرتبہ گھٹا دے گا اور جو عاجِزی اِختیار کرے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے بلندی عطا فرمائے گا۔'' (1)

## 41 سُنہرے فَرامینِ عالیشان:

﴿449﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک سب سے سچی کتاب اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کتاب (یعنی قرآن مجید) ہے۔ سب سے مضبوط رسی تقویٰ و پرہیزگاری کی باتیں ہیں۔ بہترین مِلّت، مِلّت ابراہیمی ہے۔ سب سے اچھا طریقہ، طریقۂ محمدی ہے۔ بہترین رہنمائی انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام کی ہے۔ افضل ترین ذِکر، ذِکرِ الٰہی ہے۔ بہترین واقعات قرآنِ پاک کے ہیں۔ بہترین امور وہ ہیں جن کا اَنجام اچھا ہو اور بُرے اُمُور وہ ہیں جن کا شَرِیعَت سے کوئی تَعَلُّق نہ ہو۔ تھوڑا مال جو کِفایت کرے اس کثیر سے بہتر ہے جو غَفلَت میں مُبتَلا کر دے۔ نفس کو گناہوں سے پاک رکھنا بلندیٔ دَرَجات کا باعث ہے۔ موت کے وقت کی ملامت سب سے بُری ملامت ہے۔ قیامت کی رسوائی بدترین رسوائی ہے۔ ہدایت ملنے کے بعد گمراہ ہو جانا سب سے بدتر گمراہی ہے۔ بہترین غنا دِل کا لوگوں کی طرف سے بے پرواہ ہونا ہے۔ بہترین زادِ راہ تقویٰ و پرہیزگاری ہے۔ دِل میں اِلقا کی جانے والی سب سے بہترین چیز یقین اور شک کُفر میں سے ہے۔ دل کا اندھا ہونا سب سے بڑا اندھا پن ہے۔ شراب نوشی سب گناہوں کی جڑ ہے۔ عورتیں شیطان کی رسیاں ہے۔ جوانی جنون کا ایک شعبہ ہے۔ نوحہ کرنا زمانۂ جاہلیت کے کاموں میں سے ہے۔ بعض لوگ جُمُعَہ میں تاخیر سے حاضر ہوتے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر بہُت کم کرتے ہیں۔ جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔ مسلمان کو گالی دینا فِسق اور اس سے (حلال سمجھ کے) قِتال کرنا کُفر ہے۔ مسلمان کے مال کی حُرمت اس کے خون کی حرمت کی طرح ہے۔

(1)......الزهد لابن المبارك، ما رواه نعيم بن حماد في نسخته زائدا، باب حسن السريرة، الحديث:٧٤، ص١٨، مفهومًا.



www.dawateislami.net

جولوگوں کو مُعاف کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے مُعاف فرماتا ہے۔ جو غُصّہ پی لیتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے اَجر عطا فرماتا ہے۔ جولوگوں کو اپنے حُقُوق بخش دیتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ بھی اس کی بخشش فرما دیتا ہے۔ جو تکالیف پر صَبر کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے اَچھا بدلہ عطا فرماتا ہے۔ سب کمائیوں سے بُری سود کی کمائی ہے۔ سب سے برا کھانا یتیم کا مال ہے۔ خوش بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے اور بد بخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ ہی سے بد بخت لکھ دیا گیا ہو۔ تمہیں اتنا مال کافی ہے جتنے پر تمہارا نفس قناعت کرے۔ بے شک انسان چار گز کے ٹھکانے (یعنی قَبْر) کی طرف جا رہا ہے اور اصل زندگی تو آخرت ہی کی ہے۔ اعمال کا دارومدار خاتمے پر ہے۔ سب سے بدتر روایت جھوٹی روایت ہے۔ شُہدا کی موت بہترین موت ہے۔ جو مصیبت و آزمائش کو پہچانتا ہے اس پر صَبر کرتا ہے اور جو نہیں پہچانتا واویلا کرتا اور شور مچاتا ہے۔ جو تکبر کرتا ہے ذلت اُٹھاتا ہے۔ جو دنیا کا والی بننے جاتا ہے عاجز آ جاتا ہے۔ جو شیطان کی مانتا ہے وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی میں مُبْتَلا ہو جاتا ہے اور جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی کرتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے عذاب میں مُبْتَلا کرے گا۔'' (1)

# حضرت سَیِّدُنا عَمَّار بن یَاسِر

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سَیِّدُنا ابو یَقْظَان عَمَّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کامل ایمان اور پختہ یقین کے حامل تھے۔ امتحان و آزمائش میں ثابت قدم اور تکالیف ومصائب پر صابِر وشاکر رہتے۔ طاعات وعِبادات میں پہل کرتے۔ حُضُور پرنور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُبارَک زمانے میں سرکشوں سے جہاد کرنے میں پیش پیش رہتے تھے اور مرتے دم تک باغیوں کی سرکُوبی کرتے رہے۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضری کا شرف پاتے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم خوشی کا اظہار فرماتے اور بِشارتوں سے نوازتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دنیوی زیب وآرائش کو ترک کرنے، نَفْس کو زیر کرنے، دین کے مددگاروں وحامیوں کو بلند کرنے اور امام ہدیٰ کی اِتباع کرنے والے بدری صحابی ہیں۔ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آپ

1 ......المصنف لابن ابی شیبة ، کتاب الزھد، کلام ابن مسعود ، الحدیث:۳۷، ج۸، ص۱۶۲، بتغیر.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوکوفہ کا گورنر مُقرَّر فرمایا اور وہاں کے لوگوں کو یہ لکھ کر بھیجا کہ یہ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ میں اپنی ذات وصفات کے اعتبار سے ممتاز حیثیت کے حامِل ہیں اور ان کا شُمار ان 4 صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں ہوتا ہے کہ خود جنَّت جن کی مشتاق ہے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ زندگی کے آخری لمحے تک جنّت کی اَبدی نعمتوں کو پانے کے لئے کوشاں رہے یہاں تک کہ اپنے اَحباب یعنی رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سے جا ملے۔

اہلِ تصوُّف فرماتے ہیں: ''اُخروی نعمتوں کے حُصُول کی خاطر مصائب برداشت کرنے کا نام تَصوُّف ہے۔''

## اِیمانِ کامل کی بشارت:

﴿450﴾......حضرت سیِّدُنا ہانی بن ہانی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے،فرماتے ہیں: ہم امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کی خدمت میں حاضر تھے کہ حضرت سیِّدُنا عَمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف لائے تو امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مُبارَک ہو پاک اور پاکیزہ شخص کو۔'' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ ''عَمّار بن یاسِر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) حلق تک ایمان کے نور سے بھرے ہوئے ہیں۔'' (1)

﴿451﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ مُکرم،نورِ مُجَسَّم،شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''بے شک عَمّار بن یاسِر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) سر سے پاؤں تک ایمان سے بھرے ہوئے ہیں۔'' (2)

## جنّت کی خوشخبری:

﴿452﴾......امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے،فرماتے ہیں: ایک مرتبہ وادیٔ بطحا میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے میری ملاقات ہوئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

---

(1)......سنن ابن ماجه ، كتاب السنة ، باب فضل عمار بن ياسر ، الحديث:١٤٧ ، ص٢٤٨٦ .

(2)......صفة الصفوة ، الرقم٢٧ عمار بن ياسر بن عمار بن مالك ، ج١ ، ص٢٣١ .



www.dawateislami.net

نے میرا ہاتھ اپنے دستِ اَقدس میں لے لیا پھر میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ چلنے لگا یہاں تک کہ حضرت عمّار اور ان کی والدہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا) کے پاس سے گزر ہوا۔ چونکہ، ان دنوں اُنہیں ایمان لانے کی وجہ سے بہت ستایا جاتا تھا اس لئے حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے ارشاد فرمایا: ''اے آلِ یاسر! صَبْر کرو! بے شک تمہارا ٹھکانہ جنت ہے۔'' (1)

## اِسلام کے اوّلین مبلّغین:

﴿453﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''سب سے پہلے جنہوں نے دِینِ اِسلام کی دعوت کو عام کیا، وہ یہ 7 شخصیات ہیں: (۱) حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم (۲) امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق (۳) حضرت سیِّدُنا خبّاب (۴) حضرت سیِّدُنا صُہَیب (۵) حضرت سیِّدُنا بلال (۶) حضرت سیِّدُنا عمار (۷) حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ عمّار سُمَیّہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن۔''

حضور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حِفاظت کا ذریعہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا چچا ابوطالب بنا اور امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حفاظت ان کے قبیلے کے لوگوں نے کی جبکہ بقیہ افراد کو کُفّار لوہے کی زِرہیں پہناتے اور کڑی دُھوپ میں ڈال دیتے۔ جب تک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا اُنہوں نے یوں ہی سورج اور لوہے کی گرمی کی تکالیف اُٹھائیں۔ جب شام ہوتی تو ابوجہل برچھی لے کر آتا ان معزز حضرات کو گالیاں بکتا اور برچھی کے ذَرِیعے تکالیف پہنچاتا۔'' (2)

﴿454﴾......حضرت سیِّدُنا عمّار رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پوتے ابوعبیدہ بن محمد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ کفارِ مکہ نے حضرت سیِّدُنا عمّار رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اپنے معبودوں کی تَعرِیف کرنے پر مجبور کیا۔ جب حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان کے پاس تشریف لائے تو اِستِفسار فرمایا: ''کیا مُعَامَلَہ پیش آیا؟'' انہوں نے بتایا: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! بُہت بُرا مُعَامَلَہ پیش آیا، انہوں نے مجھے اس وقت تک نہیں چھوڑا جب تک آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تشریف نہیں لائے اور مجھے اپنے باطِل مَعبُودوں کی تعریف کرنے پر بھی

1......مسندالحارث، کتاب المناقب، باب فضل عماربن یاسر، الحدیث: ۱۰۱٦، ج۲، ص۹۲۳.

2......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب التاریخ، باب کتاب التاریخ، الحدیث: ۱۳، ج۸، ص۴۲، بتغیر.



www.dawateislami.net

مجبور کیا۔حضور نبی کریم ،رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے استفسار فرمایا:''تم اپنی دلی کیفیت کو کیسا پاتے ہو؟''عرض کی:''میں اپنے دل کو ایمان پر مطمئن پاتا ہوں۔''تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:''اگر مشرکین دوبارہ مجبور کریں تو تمہیں ایسا کرنے کی اجازت ہے۔'' (1)

## پاکیزہ شخص:

﴿455﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں:حضرت عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہونے کی اجازت طلب کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:''اسے اجازت دو،مبارک ہو اسے پاک اور پاکیزہ شخص۔'' (2)

﴿456﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں:حضرت عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قرآن پاک کی کبھی ایک سورت کا کچھ حصہ یاد کرتے تو کبھی دوسری سورت کا۔جب یہ بات حضور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو بتائی گئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے استفسار فرمایا:''تم کبھی ایک سُورت سے اور کبھی دوسری سُورت سے کیوں یاد کرتے ہو؟''حضرت عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی:''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کبھی سنا ہے کہ میں نے قرآن کے ساتھ غیر قرآن کو ملا دیا ہے؟''ارشاد فرمایا:''نہیں۔''تو انہوں نے عرض کی:''یہ سارے کا سارا عمدہ و پاکیزہ ہے۔'' (3)

## کامل الایمان بنانے والے اعمال:

﴿457﴾......حضرت سیِّدُنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں:''تین عادتیں ایسی ہیں کہ جس نے انہیں اختیار کرلیا اس نے ایمان کی خصلتوں کو جمع کرلیا۔''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے کسی رفیق نے دریافت کیا کہ اے ابو یقظان!

---

(1)......الطبقات الکبری لابن سعد ،الرقم٥٤ عمار بن یاسر ،ج٣،ص١٨٩ .

(2)......جامع الترمذی،ابواب المناقب،باب مناقب عماربن یاسر، الحدیث:٣٧٩٨ ، ص٢٠٤٢ .

(3)......المسند للامام احمدبن حنبل ،مسند علی بن ابی طالب ،الحدیث:٨٦٥، ج١،ص٢٣٣ .

(یہ حضرت سیّدُ ناعمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے) وہ کون سی عادات ہیں جن کی نسبت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے اپنے اندر یہ عادتیں اکٹھی کرلیں اس نے ایمان کی خصلتوں کو جمع کرلیا؟'' فرمایا: ''تنگی کے وقت راہِ خدا میں خرچ کرنا، اپنے آپ سے انصاف کرنا اور سلام کو عام کرنا۔''(1)

## غلامانِ مصطفٰی کی سادگی:

﴿458﴾......حضرت سیّدُ ناعمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں اور امیر المؤمنین حضرت سیّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم غزوۂ عشیرہ میں ایک دوسرے کے رفیق تھے۔ ایک جگہ ہم کھجور کے درخت کے نیچے مٹی پر سو گئے تو رحمت عالم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تشریف لائے اور حضرت سیّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کو اپنے قدم مبارک سے بیدار فرمایا جبکہ ہمارے جسم مٹی سے آلودہ ہو چکے تھے۔''(2)

## حقیقی ہجرت کرنے والے:

﴿459﴾......حضرت سیّدُ ناعبد اللّٰہ بن سَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: دو شخص حمام سے تیل لگائے ہوئے باہر نکلے تو امیر المؤمنین حضرت سیّدُ نا علی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی ان سے ملاقات ہوئی، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''تم کون ہو؟'' بولے: ''ہم ہجرت کرنے والوں میں سے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم جھوٹ بولتے ہو، حقیقی ہجرت کرنے والے تو حضرت عمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔''(3)

## نبیٔ غیب دان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی غیبی خبر:

﴿460﴾......حضرت سیّدُ نا ابو بَخْتَرِی اور مَیْسَرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا روایت کرتے ہیں کہ جنگِ صفین کے دن حضرت سید ناعمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دودھ پیش کیا گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عنہ نے اسے پینے کے بعد

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب اِفْشاء السلام من الاسلام ،ص٤.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل ،حدیث عمار بن یاسر ،الحدیث:١٨٣٤٩، ج٦،ص٣٦٥، مفهومًا.

3 ......المصنف لعبد الرزاق، کتاب الطهارة، باب الحمام للرجال، الحدیث: ١١٢٣، ج١، ص٢٢٥.

فرمایا: ''رسولِ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دی ہوئی غیبی خبر کے مطابق یہ میری زندگی کا آخری مَشْرُوب ہے۔'' یہ کہنے کے بعد حضرت سیِّدُنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قتال میں مَصْرُوف ہوگئے یہاں تک کہ جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ [1]

﴿461﴾...... صحابیٔ رسول حضرت سیِّدُنا ابوسِنَان دُؤَلِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ حضرت سیِّدُنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مَشْرُوب منگوایا تو ایک پیالے میں دُودھ پیش کیا گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے پی کر فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمان حق ہے، میں آج اپنے آقا و مولیٰ حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سے جاملوں گا کیونکہ حُضُور نبیٔ غیب دان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے فرمان کے مطابق میری زندگی کی آخری غذا دودھ ہے۔'' پھر فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر دُشمن ہمیں شِکَست دے کر مقامِ ہجر کی چوٹیوں تک بھی دھکیل دے پھر بھی ہمیں یقین ہے کہ ہم حق پر اور وہ باطل پر ہیں۔'' [2]

﴿462﴾...... امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے حضرت عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ذکر کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ تمہارے ساتھ ایک ایسے مَعْرکے میں شریک ہوں گے جس کا اَجر بہت زیادہ ہوگا اور اس کا تذکرہ بکثرت ہوگا اور اس کی تَعْرِیف کرنا اچھا ہے۔'' [3]

## رضائے الٰہی کے لئے لڑنے والے:

﴿463﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ''میں حضرت عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سوا کسی کو نہیں جانتا جو (جنگِ صفین) میں رضائے الٰہی اور یومِ آخرت کے لئے لڑا ہو۔'' [4]

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل ،حديث عمار بن ياسر، الحديث:١٨٩٠٢،ج٦،ص٤٨٠۔
المسندلابی یعلی الموصلی ،مسند عمار بن یاسر ، الحديث:١٦٢٢،ج٢،ص١٢٨.

2 ......صفة الصفوة ، الرقم٢٧عمار بن ياسر بن عمار بن مالك ،ج١،ص٢٣١.

3 ......المسندلابی یعلی الموصلی، مسند الحسين بن علی بن ابی طالب ، الحديث:٦٧٣٩،ج٦،ص٣٠،مفهومًا.

4 ......التاريخ الصغير للبخاری ، ذکر من مات بعدعثمان......الخ،الحديث:٣٣١،ج١، ص٨٣، بتغير.


www.dawateislami.net

## جنّت 4 صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی مُشتاق ہے:

﴿464﴾......حضرت سَیِّدُنا عمران طائی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سَیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوفرماتے ہوئے سنا کہ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشادفرمایا: ''جنّت 4 اَفراد کی مشتاق ہے۔(۱) حضرتِ عَمّار بن یاسِر (۲) حضرت علی المرتضٰی (۳) حضرتِ سَلْمان فارِسی اور (۴) حضرتِ مِقْداد (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن)۔''(1)

﴿465﴾......حضرت سَیِّدُنا حارِث بن سُوَیْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سامنے حضرت سَیِّدُنا عَمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شکایت کی۔ جب حضرت سَیِّدُنا عَمّار رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کواس کی خبر ملی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ اگر وہ جھوٹا ہے تو اسے دونوں گھاٹیوں کے درمیان رونڈ ڈال اوراس کے لئے دنیا کشادہ فرما۔''(2)

﴿466﴾......حضرت سَیِّدُنا خالد بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''حضرت سَیِّدُنا عَمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بہت زیادہ خاموش رہتے اوراکثر غمزدہ واَفسُردہ رہتے اور فتنوں سے اکثر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتے۔''(3)

﴿467﴾......حضرت سَیِّدُنا عبد اللّٰہ بن ابوہُذَیْل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروِی ہے کہ جب حضرت سَیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنا گھر بنوایا تو حضرت سَیِّدُنا عَمّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا کہ میرا گھر دیکھئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے گھر دیکھ کرفرمایا: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مضبوط گھر تعمیر کروایا اور لمبی امید باندھی لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوتو عنقریب اس دُنیا سے رخصت ہوجانا ہے۔''(4)

---

1......المعجم الکبیر ،الحدیث:٦٠٤٥،ج٦،ص٢١٥.

2......المصنف لابن ابی شیبة ،کتاب الادب، باب من کرہ اَنْ یّوطأ عقبہ ، الحدیث:٣، ج٦،ص ١٤٨ ـ
الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم٥٤عمار بن یاسر ،ج٣، ص١٩٤ .

3......موسوعة الامام ابن ابی الدنیا، کتاب الھَمّ والحُزْن، الحدیث:٣٤،ج٣،ص٢٦٨ ـ
الطبقات الکبری لابن سعد ،الرقم٥٤ عماربن یاسر،ج٣،ص١٩٤ .

4......الزھد لابی داود،باب من خبر عمار،الحدیث:٢٦٣،ج١،ص٢٨٣ .



www.dawateislami.net

## رضائے الٰہی کے مُتلاشی:

﴿468﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن اَبْزٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عَمَّار بن یاسِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک روز دریائے فُرات کے کنارے چلتے ہوئے یوں عرض کی: ''یااللہ عَزَّوَجَلَّ! اگر مجھے پتا چل جائے کہ میرے گر کر ہلاک ہونے سے تو مجھ سے راضی ہوگا تو میں یہ بھی کر گزروں اور اگر مجھے مَعْلُوم ہو جائے کہ اس پانی میں غرق ہونا تیری رضا کا سبب ہے تو میں ایسا کرنے کے لئے بھی تیار ہوں۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابو عبداللہ خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بنی زُہرہ کے آزاد کردہ غلام ہیں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بخوشی اسلام قبول کرنے والے، تکالیف و آزمائش کی بھٹی سے گزرنے والے، برضا و رغبت ہجرت کرنے والے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجاہد بن کر زندگی بسر کی اور اسلام کی خاطر پیش آنے والے مصائب کو صبر و شکر سے برداشت کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار آہ وزاری کرنے اور بکثرت رونے والوں میں ہوتا ہے اور جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مالِ غنیمت سے حصہ دیا جاتا تو غمگین ہو جاتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فُقرا مُہاجِرین و سابقین میں سے ہیں اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بکثرت حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صُحبت میں بیٹھتے اور اُنس حاصل کرتے۔ آپ اور آپ کے رُفقا رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرمایا:

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ (پ۷، الانعام:۵۲)

ترجمۂ کنزالایمان: اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور شام۔

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذِکر سے اُنس حاصل کرتے اور حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت و صُحبت میں کثرت سے بیٹھتے تھے۔

---

(1)......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد علی بن الحسین، الحدیث: ۹۸۵، ص۱۹۶.



www.dawateislami.net

﴿469﴾......حضرت سیِّدُ نا کُرْدُوس غَطْفَانی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا خَبَّاب بن اَلْاَرَتّ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ چھٹے نمبر پر اِسلام لائے اوراِسلام لانے میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا چھٹا نمبر ہے۔'' (1)

﴿470﴾......حضرت سیِّدُ نا مَعْدِ یکَرِب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں سورۂ شُعَرا کے بارے میں پوچھنے آئے تو فرمایا: ''مجھے اس کا علم نہیں، تم حضرت ابو عبد اللہ خَبَّاب بن اَلْاَرَتّ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے پوچھ لو کہ انہوں نے اسے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سن کر یاد رکھا ہے۔'' (2)

## راہِ خُدا کے مسافروں کی تکالیف:

﴿471﴾......حضرت سیِّدُ نا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا خَبَّاب بن اَلْاَرَتّ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ اولین مہاجرین اور راہِ خُدا میں تکالیف برداشت کرنے والوں میں سے ہیں۔ (3)

﴿472﴾......حضرت سیِّدُ نا شَعْبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُ نا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مُشْرِکین کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف کے بارے میں پوچھا تو حضرت سیِّدُ نا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ (بھی چونکہ وہاں موجود تھے انہوں) نے عرض کی: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ! میری پیٹھ دیکھیں۔'' حضرت سیِّدُ نا عُمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے دیکھا تو فرمایا: ''میں نے آج تک ایسی پیٹھ نہیں دیکھی۔'' حضرت سیِّدُ نا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''کُفّار میرے لئے آگ بھڑکاتے (پھر مجھے برہنہ پیٹھ اس پر لٹاتے) تو آگ کو میری پُشت کی چربی ہی بجھاتی تھی۔'' (4)

﴿473﴾......حضرت سیِّدُ نا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کمبل اوڑھے خانہ کعبہ کے سائے میں تشریف فرما تھے۔ ہم نے

---

1......المصنف لابن ابی شیبة ، کتاب التاریخ ، باب کتاب التاریخ ، الحدیث:١٦ ، ج٨ ، ص٤٣ .

2......المعجم الکبیر ، الحدیث:٣٦١٤ ، ج٤ ، ص٥٥ .

3......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی ، باب اسلام ابی بکر ، الحدیث:٨، ج٨ ، ص٤٤٨ .

4......الاِسْتِیعاب فی مَعْرِفَة الاصحاب ، الرقم٦٤٦ خباب بن الارت، ج٢ ، ص٢٢ .



www.dawateislami.net

مُشرِکین کی طرف سے پہنچے والی تکالیف کی شِکایت کرتے ہوئے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کیوں دُعا نہیں فرماتے اور کیوں مَدد طَلَب نہیں فرماتے؟'' یہ سُن کر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا چہرہ مُبارَک سُرخ ہوگیا پھر اِرشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تم سے پہلے کے مسلمانوں میں سے کسی کے بدن کے دوٹکڑے کر دیئے جاتے تو کسی کا لوہے کی کنگھی سے گوشت اُدھیڑا جاتا تھا لیکن اس کے باوجود وہ دِین سے نہ پھرتے حالانکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس دین پہ چلنے والوں کے لئے ایسا امن قائم فرمائے گا کہ تم میں سے کوئی سوار صنعاء سے حضر موت تک سفر کرے گا اور اسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کسی کا خوف نہ ہوگا اور بھیڑیا بکریوں کی نگہبانی کرے گا لیکن تم لوگ جلد باز ہو۔'' (1)

﴿474﴾......حضرت سیِّدُنا امام شَعْبی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ ''مُشرِکین مسلمانوں کو شدید تکالیف سے دوچار کر کے اپنی پسند کی باتیں کہلوا لیتے تھے لیکن حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو گرم پتھر پر لٹانے کے باوجود ان کے مُنہ سے اپنی پسند کی ایک بات بھی نہیں سُن پاتے تھے۔'' (2)

## موت کی تمنا کرنا کیسا؟

﴿475﴾......حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن مُضَرِّب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ایک دن ہم حضرت سیِّدُنا خبّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جسم جگہ جگہ سے داغا ہوا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جو مصائب مجھے پہنچے میں نہیں جانتا کہ وہ کسی دوسرے کو بھی پہنچے ہوں۔ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُبارَک دور میں میرے پاس ایک درہم بھی نہ تھا اور آج میرے گھر میں 40 ہزار درہم موجود ہیں۔ اگر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں موت کی تمنا کرنے سے مَنْع نہ فرمایا ہوتا تو میں ضَرور موت کی تمنا کرتا۔'' (3)

﴿476﴾......حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن مُضَرِّب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب علامات النبوۃ فی الاسلام، الحدیث: ۳۶۱۲، ص ۲۹٤، مفھومًا.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳٦۹٤، ج٤، ص۷۷، مفھومًا.

3 ......مسند ابی داود الطیالسی، خباب بن الارت، الحدیث: ۱۰۵۳، ص ۱٤۱.



www.dawateislami.net

خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پیٹ پر 7 جگہ داغنے کے نشان ہیں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اگر رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ اِرشاد نہ فرمایا ہوتا کہ ''تم میں سے کوئی بھی ہرگز موت کی تمنا نہ کرے۔'' تو میں ضَرور موت کی تمنا کرتا۔کسی نے عرض کی: ''حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صُحبت بابَرَکت اور بارگاہ میں حاضِری کا کچھ تَذکرہ فرمادیں!'' تو فرمایا: ''میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوں (یعنی تذکرہ کرتے ہوئے) اور میرے پاس یہ 40 ہزار درہم بھی ہوں۔'' (1)

﴿477﴾......حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن مُضَرِّب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جسم 7 جگہوں سے داغا ہوا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اگر رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ ارشاد نہ فرماتے کہ ''تم میں سے کوئی بھی ہرگز موت کی تمنّا نہ کرے۔'' تو میں ضرور موت کی تمنّا کرتا۔ (2)

حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن آدم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے زمانے میں میری یہ حالت تھی کہ میرے پاس ایک درہم بھی نہ ہوتا تھا اور اب میرے گھر میں 40 ہزار درہم ہیں۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا کفن لایا گیا تو اسے دیکھ کر رو پڑے اور فرمایا: ''سید الشُّہدا حضرت سیِّدُنا امیر حمزہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے کفن کے لئے ایک دھاری دار چادر تھی۔ جب اس کے ساتھ سر ڈھانکا جاتا تو پاؤں ظاہر ہو جاتے اور جب پاؤں پر ڈالی جاتی تو سر خالی رہ جاتا پھر وہ چادر اُن کے سر پر ڈالی گئی اور قدموں پر گھاس رکھی گئی۔'' (3)

﴿478﴾......حضرت سیِّدُنا ابو وائل شَقِیق بن سَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس ان کے مرضِ موت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا: ''اس

---

(1) ......المعجم الكبير، الحديث: ٣٦٧٢، ج٤، ص ٧١، دون قوله وقال بعضهم......في البيت.

(2) ......المعجم الكبير، الحديث: ٣٦٧٢، ج٤، ص ٧١.

(3) ......المسند للامام احمد حنبل، حديث خباب بن الارت، الحديث: ٢١١٢٩، ج٧، ص ٤٥٤.



www.dawateislami.net

تابوت میں 80 ہزار دِرہم ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے نہ تو انہیں دھاگے سے سیا ہے اور نہ ہی کسی سائل کو محروم رکھا ہے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رو پڑے۔ ہم نے رونے کی وجہ پوچھی، تو فرمایا: ''میں اس لئے روتا ہوں کہ میرے رُفقا چلے گئے اور دُنیا انہیں کوئی نُقصان نہ پہنچا سکی جب کہ ہم زندہ ہیں اور ان دراہم کے لئے مٹی کے سوا کوئی جگہ نہیں پاتے۔''

ابواُسامہ حضرت اِدْرِیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں پسند کرتا ہوں کہ یہ دراہم مینگنیاں یا کچھ اور ہوتے۔'' (1)

﴿479﴾...... حضرت سیِّدُنا طارق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب سے مروی ہے کہ چند صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کے لئے تشریف لائے اور کہا: ''اے ابو عبداللّٰہ! (یہ حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے) خوش ہو جایئے! عَنْقَرِیْب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے رُفقا سے ملنے والے ہیں۔'' (یہ سُن کر) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رونے اور فرمانے لگے: ''مجھے مرنے کا غم نہیں بلکہ تم نے میرے سامنے ان لوگوں کا تذکرہ کیا اور مجھے ان کا بھائی کہا ہے جو اپنا پورا پورا اجر لے چکے اور میں خوفزدہ ہوں کہ کہیں مجھے میرے اَعمال کا اَجر و ثواب دُنیا ہی میں نہ دے دیا گیا ہو۔'' (2)

﴿480﴾...... حضرت سیِّدُنا قَیْس بن ابی حَازِم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ ان کا جسم سات جگہوں سے داغا ہوا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے قَیْس! اگر رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمیں مَوت کی دُعا کرنے سے مَنْع نہ فرماتے تو میں ضَرور مرنے کی دُعا کرتا۔''(3) (4)

---

1 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۶۶۶/۳۶۶۷، ج۴، ص۷۰۔
المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب ما قالوا فی البکاء......الخ، الحدیث: ۱۰، ج۸، ص۲۹۷.

2 ...... الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم۴۳ خباب بن الارت، ج۳، ص۱۲۴.

3 ...... صحیح البخاری، کتاب الدعوات، باب الدعاء بالموت و الحیاة، الحدیث: ۶۳۴۹، ص۵۳۴.

4 ...... مفسّرِ شہیر، حکیمُ الاُمَّت مفتی احمد یار خان نعیمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی ''مرآۃ المناجیح'' میں فرماتے ہیں: ''موت کی آرزو اچھی بھی ہے اور بری بھی، اگر حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے دیدار کے لئے یا دُنیوی فتنوں سے بچنے کے لئے موت کی تمنا کرتا ہے تو اچھا ہے اور اگر......


www.dawateislami.net

﴿481﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی عیادت کے لئے حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا پیٹ سات جگہوں سے داغا ہوا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں مرنے کی دُعا کرنے سے منع نہ فرمایا ہوتا تو میں ضرور کرتا۔'' پھر فرمایا: ''ہم سے پہلے گزرنے والوں نے دُنیا سے کچھ نہ لیا (یعنی دُنیوی مال واَسباب جمع نہ کیے) جبکہ ہمارے پاس اتنا دُنیوی مال ہے کہ ہمیں سمجھ نہیں پڑتی کہ اسے کہاں خرچ کریں سوائے اس کے کہ مٹی میں ملادیں اور مسلمان کو مٹی میں خرچ کرنے کے سوا ہر جگہ خرچ کرنے کا اَجر ملتا ہے (مٹی میں خرچ کرنے سے فُضُول تعمیرات وغیرہ میں خرچ کرنا مراد ہے)۔'' (1)

## مَساکین صحابہ عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی شان میں قرآنی آیات:

﴿482﴾......حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرت سیِّدُنا عَمَّار، حضرت سیِّدُنا بلال اور مجھ سمیت دیگر غریب مؤمنین رِضْوَانُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے جھرمٹ میں تشریف فرما تھے کہ اَقْرَع بن حَابِس تَمِیْمِی اور عُیَیْنَہ بن حِصْن فَزَارِی حاضر خدمت ہوئے۔ بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں موجود اِن غریب صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہِمْ کو حقارت سے دیکھتے ہوئے آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے علیحدگی میں ملنے کو کہا اور عرض کی: ''آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت بابَرَکت میں ہم عرب کے وُفُد حاضر ہوتے ہیں اور ہمیں ان غُلاموں کے ساتھ بیٹھنا گوارا نہیں

......دُنیوی تکالیف سے گھبرا کر تمنائے موت کرے تو برا، موت کی یاد بہترین عبادت ہے خُصُوصاً جب اس کے ساتھ تیاریٔ موت ہو۔ خیال رہے کہ یہ کہنا جائز ہے: خدایا! مجھے شہادت کی موت دے، خدایا! مجھے مدینۂ پاک میں موت نصیب کر۔ چنانچہ، (امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا) عمر فاروق (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ) نے دُعا کی تھی کہ مولا (عَزَّوَجَلَّ) مجھے اپنے حبیب (صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کے شہر میں شہادت نصیب کر۔ (اُمُّ المؤمنین) حضرت (سیِّدَتُنا) حفصہ (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہَا) نے عرض کیا: یہ کیسے ہوسکے گا تو آپ (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ) نے فرمایا: اِنْ شَآءَ اللّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) ایسے ہی ہوگا۔ چنانچہ، مسجدِ نبوی محرابُ النبی نماز کی حالت میں مصلائے مصطفیٰ (صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) پر آپ (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ) کو کافر مجوسی ابولؤلو نے شہید کیا، دُعاء کیا تھی کمان سے نکلا ہوا تیر تھا کہ جو کہا تھا وہی ہوا، کیوں نہ ہو رب (عَزَّوَجَلَّ) کی یہ مانتے ہیں رب (عَزَّوَجَلَّ) ان کی مانتا ہے۔'' (مرآۃ المناجیح، باب تمنی الموت وذکرہ، ج۲، ص۴۳۶)

(1)......مسند الحمیدی، مسند خباب بن الارت، الحدیث: ۱۵۴، ص۸۳.



www.dawateislami.net

ہے۔اس سے ہمیں حیا آتی ہے۔لہٰذا جب ہم حاضرِ خدمت ہوں تو انہیں اپنے پاس سے اُٹھا دیا کریں۔'' حُضُور سیِّدِ عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ٹھیک ہے۔'' پھر انہوں نے عرض کی: ''آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے لئے اپنے ذِمّہ ایک مُعاہدہ لکھ دیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ایک صحیفہ منگوایا اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کو لکھنے کے لئے بُلوایا جبکہ ہم ایک کونے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت سیِّدُنا جبرئیل امین عَلَیْہِ السَّلَام اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے یہ وحی لے کر حاضر ہوئے:

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَیْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّ مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَیْهِمْ مِّنْ شَیْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّیَقُوْلُوْۤا اَهٰۤؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنْۢ بَیْنِنَا ؕ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِیْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِنَا

ترجمۂ کنز الایمان: اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صُبح اور شام اس کی رضا چاہتے تم پر ان کے حساب سے کچھ نہیں اور ان پر تمہارے حساب سے کچھ نہیں پھر انہیں تم دور کرو تو یہ کام انصاف سے بعید ہے اور یونہی ہم نے ان میں ایک کو دوسرے کے لئے فتنہ بنایا کہ مالدار کافر محتاج مسلمانوں کو دیکھ کر کہیں کیا یہ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہم میں سے، کیا اللہ خوب نہیں جانتا حق ماننے والوں کو اور جب تمہارے حضور وہ حاضر ہوں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں۔

(پ۸،الانعام:۵۲تا۵۴)

چنانچہ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے وہ صحیفہ پھینک دیا اور ہمیں اپنی بارگاہ میں حاضر ہونے کا فرمایا۔جب ہم حاضرِ خدمت ہوئے تو اِرشاد فرمایا: ''تم پر سلامتی ہو۔'' پھر ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اس قدر قریب ہوئے کہ ہمارے گھٹنے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مبارک گھٹنوں سے مل گئے۔اس طرح رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے ساتھ بیٹھنے لگے۔جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اُٹھنے کا اِرادہ فرماتے تو ہمیں چھوڑ کر کھڑے ہو جاتے۔اس پر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے قرآنِ پاک میں یہ آیت نازل فرمائی:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ

ترجمۂ کنز الایمان: اور اپنی جان ان سے مانوس رکھو جو صُبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے اور تمہاری آنکھیں



www.dawateislami.net

عَیۡنٰكَ عَنۡهُمۡ ۚ (پ۱۵،الکھف:۲۸) انہیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں۔

حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ”اس کے بعد ہم حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں بیٹھنے کا شَرَف پاتے تھے اور جب ہم جان لیتے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اُٹھنا چاہتے ہیں تو ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے پہلے ہی اٹھ جاتے یوں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے اُٹھنے سے پہلے نہ اُٹھتے بلکہ ہمیشہ ہمارے اُٹھنے کا اِنتظار فرماتے۔“ (1)

## کوفہ میں تدفین کی وصیت:

﴿483﴾......حضرت سیِّدُنا زَید بن وَہب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جنگ صفین سے واپسی پر ہم امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَهُ الْکَرِیْم کے ہمراہ کوفہ کے دروازہ پر پہنچے تو ہمیں سات قبریں نظر آئیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِستفسار فرمایا: ”یہ کن کی قبریں ہیں؟“ لوگوں نے عرض کی: ”یا امیر المؤمنین! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صفین تشریف لے جانے کے بعد حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بوقت وفات یہ وصیت فرمائی تھی کہ انہیں کوفہ کی سرزمین پر دفن کیا جائے۔“ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَهُ الْکَرِیْم نے فرمایا: ”اللہ عَزَّوَجَلَّ خَبَّاب پر رحم فرمائے! کہ وہ بخوشی اسلام لائے اور برضا و رغبت ہجرت کی اور جہاد کرتے ہوئے زندگی گزاری اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسلام کی خاطر کئی جسمانی تکالیف کا سامنا کیا۔ (یاد رکھو!) اللہ عَزَّوَجَلَّ نیک عمل کرنے والے کے اجر کو ہرگز ضائع نہیں فرماتا۔“ پھر ارشاد فرمایا: ”اس شخص کے لئے خوشخبری ہو جو آخرت کو یاد رکھے، حساب کے لئے عمل کرے، تھوڑے پر قناعت کرے اور ہر حال میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پر راضی رہے۔“ (2)

---

1 ......المعجم الکبیر،الحدیث:۳۶۱۸،ج٤،ص٥٦.

2 ......سنن ابن ماجه، ابواب الزهد، باب مجالسة الفقراء، الحدیث:٤١٢٧،ص٢٧٢٨.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُ نا بِلال بن رَبَاح

## رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْه

حضرت سیِّدُ نابلال حبشی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تنہائی میں عبادت کرنے والے، صاحب فضل وسخاوت امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دینِ اِسلام قبول کرنے کی وجہ سے بہت زیادہ ستایا گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خازِن تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کرتے۔ نیکیوں میں پہل کرتے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات پر کامِل بھروسہ اور یقین رکھتے تھے۔

اہلِ تَصَوُّف فرماتے ہیں کہ ''مخلوق سے اُمیدیں قطع کر کے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات پر کامِل بھروسہ رکھنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

﴿484﴾...... حضرت سیِّدُ نا جابِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہمارے سردار ہیں اور انہوں نے ہمارے سردار حضرت بلال (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو آزاد کیا۔'' (1)

## مؤذنین کے سردار:

﴿485﴾...... حضرت سیِّدُ نا زید بن اَرقم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بلال (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ایک اچھے انسان اور مُؤَذِّنِین (یعنی اذان دینے والوں) کے سردار ہیں۔'' (2)

## سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اِسْتقامت:

﴿486﴾...... حضرت سیِّدُ نا عُرْوَہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن ورقہ بن

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب فضائل اصحاب النبی، باب مناقب بلال......لخ، الحدیث: ۳۷۵۴، ص ۳۰۵۔

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۵۱۱۹، ج ۵، ص ۲۰۹۔



www.dawateislami.net

نُوفَل کا گزر حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کے پاس سے ہوا جبکہ انہیں (اسلام لانے کی وجہ سے) مارا جارہا تھا اور ایسی حالت میں بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ ''اَحَدٌ، اَحَدٌ'' یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے'' کی صدا لگا رہے تھے۔ وَرَقَہ بن نُوفَل نے دیکھا تو کہا: ''بلال! اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی کا نام لئے جاؤ۔'' پھر اُمَیَّہ بن خَلَف جو حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کو مار رہا تھا اس کی طرف متوجہ ہو کر کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر تم انہیں اس بات پر شہید کردو گے تو میں انہیں حَنَان (1) بناؤں گا۔''

پھر جب ایک دن امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کا گزر حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کے پاس سے ہوا اور وہ لوگ حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کے ساتھ یہی برتاؤ کر رہے تھے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے اُمَیَّہ بن خَلَف سے فرمایا: ''اس بیچارے کے معاملے میں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے نہیں ڈرتا۔ کب تک اسے تکلیف دیتا رہے گا؟'' اُمَیَّہ نے کہا: ''آپ نے اسے بگاڑا ہے، آپ اسے اس تکلیف سے بچالیں جو آپ دیکھ رہے ہیں۔''

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''میں بچالیتا ہوں میرے پاس ایک سیاہ فام غُلام ہے جو بلال (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ) سے زیادہ قوی اور طاقتور ہے اور وہ تیرے ہی (باطل) دین پر ہے، میں وہ تجھے دے دیتا ہوں اور تم اس کے بدلے میں مجھے بلال (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ) دیدو۔'' اُمَیَّہ بولا: ''مجھے منظور ہے۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے اُمَیَّہ کو اپنا غُلام دے دیا اور بلال (رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ) کو لے لیا اور انہیں آزاد کر دیا۔ پھر مکہ معظّمہ سے ہجرت کرنے سے پہلے مزید 6 غلام اِسلام کی شرط پر آزاد فرمائے اور حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کو ان سب سے پہلے آزاد فرمایا۔''

حضرت سیِّدُ نا محمد بن اِسحاق عَلَیہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق نے ذکر کیا کہ حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ) قبیلہ بَنِی

---

(1) ......صاحب لسانُ العرب نے یہ حدیث نقل کی اور ''حَنَان'' کا معنیٰ رحمت و برکت بیان کرنے کے بعد لکھا کہ وَرَقَہ بن نُوفَل کی مراد یہ تھی کہ (اگر حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ اس وجہ سے فوت ہو گئے تو) ان کو رحمت و برکت پانے کی جگہ (یعنی اُن کا مزار) بناؤں گا (تاکہ وہاں سے لوگوں کو برکتیں اور رحمتیں حاصل ہوں) جس طرح پچھلی اُمتوں کے صالحین کے مزارات سے بَرَکات حاصل کی جاتی ہیں۔

(لسان العرب، ج ۱، ص ۹۶۹)


www.dawateislami.net

جُمَح کے غلام تھے اوران کا نام بِلال بن رَباح ہے اوران کی ماں کا نام حمامہ ہے اورآپ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) اسلام میں سچے اور پاکیزہ دل والے تھے اوردوپہر کے وقت جب گرمی خوب زور پکڑتی تو اُمَیّہ بن خَلَف انہیں باہر لاکر پیٹھ کے بل مکہ کے ریتلے میدان میں ڈال دیتا پھر بڑا پتھر لانے کا حکم دیتا تو ان کے سینے پر رکھ دیا جاتا پھر کہتا: ''تم ایسے ہی پڑے رہو گے یہاں تک کہ مرجاؤ یا محمد (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) سے پھر جاؤ اورلات وعزّٰی (یہ مشرکین کے دو باطل معبودوں کے نام ہیں) کو پوجو۔''لیکن حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس سخت مصیبت میں گرفتار ہونے کے باوجود ''اَحَد، اَحَد''یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے، کی صدا لگائے جاتے۔

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ایک نام **عتیق** بھی ہے۔حضرت سیِّدُنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خرید کر آزاد کرنے، ان کی تکالیف اوران کے رُفقا کو آزاد کرنے کے مُتَعَلِّق دَرج ذیل اَشعار کہے:

جَزَی اللّٰہُ خَیْرًا عَنْ بِلَالٍ وَصَحْبِہٖ — عَتِیْقًا وَاَخْزٰی فَاکِہًا وَاَبَاجَہْل

عَشِیَّۃَ ھُمَا فِیْ بِلَالٍ بِسَوْءَۃٍ — وَلَمْ یَحْذَرَامَا یَحْذَرُ الْمَرْءُ ذُوالْعَقْل

بِتَوْحِیْدِہٖ رَبَّ الْاَنَامِ وَقَوْلُہٗ — شَھِدْتُّ بِاَنَّ اللّٰہَ رَبِّیْ عَلٰی مَھْل

فَاِنْ یَّقْتُلُوْنِیْ یَقْتُلُوْنِیْ فَلَمْ اَکُنْ — لِاُشْرِکَ بِالرَّحْمٰنِ مِنْ خِیْفَۃِ الْقَتْل

فَیَارَبَّ اِبْرَاھِیْمَ وَالْعَبْدِ یُوْنُسَ — وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی نَجِّنِیْ ثُمَّ لَا تُمْل

لِمَنْ ظَلَّ یَھْوِی الْغَیَّ مِنْ اٰلِ غَالِبٍ — عَلٰی غَیْرِ بِرٍّ کَانَ مِنْہُ وَلَاعَدْل

**ترجمہ:** (۱)......اللہ عَزَّوَجَلَّ حضرت سیِّدُنا بِلال اوران کے دوستوں (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کی طرف سے عتیق (یعنی امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو جزائے خیر عطا فرمائے اوراُمَیّہ اورابوجہل کو رُسوا کرے۔

(۲)......وہ شام یاد کرو جب ان دونوں بدبختوں (یعنی ابوجہل واُمَیّہ) نے حضرت سیِّدُنا بلال (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) سے انتہائی سفاکانہ سلوک کیا اوراس سے نہ ڈرے جس سے عقل مند آدمی ڈرجاتا ہے۔

(۳)......انہوں نے حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر اس لئے ظُلم کیا کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے خداعَزَّوَجَلَّ کی وحدانیّت کا اقرار کیا اورفرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ میرا رب ہے۔



www.dawateislami.net

(۴)......اور (فرمایا:) اگر تم مجھے قتل کرتے ہو تو کردو مگر میں اس کے ڈر سے رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ شرک نہیں کرسکتا۔

(۵،۶)......اے حضرت سیِّدُنا ابراہیم، سیِّدُنا یُونُس، سیِّدُنا موسیٰ اور سیِّدُنا عیسٰی عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ربّ عَزَّوَجَلَّ! مجھے نجات عطا فرما پھر اسے مہلت نہ دے جو ناحق آلِ غالب (یعنی قریش والوں) کی گمراہی کی آرزو کئے جاتا ہے اور اسے اِحسان و بھلائی سے کوئی واسطہ نہیں۔ (1)

﴿487﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، کہ ''سب سے پہلے دینِ اِسلام کا پیغام عام کرنے والی 7 شخصیات ہیں: (۱) حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم (۲) امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۳) حضرت سیِّدُنا عمّار بن یاسر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۴) ان کی والدہ حضرت سیِّدَتُنا سُمَیَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا (۵) حضرت سیِّدُنا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۶) حضرت سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور (۷) حضرت سیِّدُنا مِقْداد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حفاظت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چچا ابوطالب کے ذَرِیعے فرمائی۔ حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حفاظت کا ذریعہ ان کی قوم کو بنایا جبکہ دیگر حضرات کو مشرکین نے پکڑ کر لوہے کی زرہیں پہنائیں اور انہیں سُورج کی تپتی دھوپ میں ڈال دیا۔ مشرکین نے ان میں سے ہر ایک سے جو چاہا کہلوایا لیکن حضرت سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں اپنی جان کی پرواہ نہ کی اور جب مشرکین پر ان کا مُعَامَلہ مُشکِل ہوا تو انہوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو باندھ کر بچوں کے حوالے کردیا جو انہیں مَکّہ کے گلی کوچوں میں گھسیٹتے پھرتے لیکن اس کے باوجود آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زبان پر ''اَحَد، اَحَد یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہے، جاری رہتا۔'' (2)

﴿488﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن و جمال، رسولِ بے مثال صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں میں بلال (رَضِیَ اللّٰہُ

---

1 ......السيرة النبوية لابن هشام، ذكرعد وان المشركين......الخ، ص ١٢٥۔
فضائل الصحابة للامام احمدبن حنبل، باب قوله مروا ابابكر يصلى بالناس، الحديث: ٨٩، ج١، ص ١٢٠.

2 ......المصنف لابن ابى شيبة، كتاب الفضائل، باب فى بلال وفضله، الحديث: ١، ج٧، ص ٥٣٧.


www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہ) سب سے پہلے ہیں۔'' (1)

﴿489﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ ہَوزَنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے میری ملاقات ہوتی تو میں نے پوچھا کہ حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا روزانہ کا کتنا خرچہ ہوتا تھا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''سرکارِ دوجہان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس (بظاہر) کوئی چیز نہ تھی۔ میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا بِعثَت سے لے کر وصالِ ظاہری تک مالی مُعَامَلات کا ذمہ دار تھا۔ چنانچہ، جب کوئی نومسلم بے سروسامانی کی حالت میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں آتا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے حکم فرماتے تو میں قَرض لے کر اس کے لباس اور کھانے وغیرہ کا بندوبست کرتا۔'' (2)

# فقر کی اَہمّیت وترغیب کا بیان

﴿490﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرت بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس تشریف لائے، ان کے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا رکھا ہوا تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسَار فرمایا: ''اے بلال! یہ کس کے لئے ہے؟'' عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ میں نے آپ اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مہمانوں کے لئے جمع کر رکھا ہے۔'' ارشاد فرمایا: ''اے بلال! کیا تم جہنم کے دھوئیں سے نہیں ڈرتے، خرچ کرو اور عرش کے مالک عَزَّوَجَلَّ سے تنگی وکمی کا خوف نہ رکھو۔'' (3)

﴿491﴾......حضرت سیِّدُنا ابو سعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نُبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اے بلال! مالداری کے بجائے ناداری کی حالت میں دُنیا سے رخصت ہونا۔'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ میرے لئے کیسے ممکن ہوگا؟'' ارشاد فرمایا: ''جو رزق تجھے ملے اسے جمع نہ کر اور جب کوئی تجھ سے سوال کرے تو اسے

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب خير السودان ثلاثة، الحديث: ٥٢٩٤، ج٤، ص٣٢٩.

2 ......سنن ابی داود، كتاب الخراج، باب فی الامام يقبل هدايا المشركين، الحديث: ٣٠٥٥، ص١٤٥٣.

3 ......المعجم لكبير، الحديث: ١٠٢٠، ج١، ص ٣٤٠، الحديث: ١٠٣٠٠، ج١٠، ص١٥٥.



www.dawateislami.net

محروم نہ کر۔'' میں نے پھر عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ میرے لئے کس طرح ممکن ہوگا؟'' ارشاد فرمایا: ''اسے اختیار کرو یا پھر جہنم کی آگ کو۔''(1)

﴿492﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''راہِ خُدا میں جس قدر مجھے ڈرایا، دھمکایا گیا اتنا کسی کو نہیں ڈرایا گیا اور جتنا میں ستایا گیا اتنا کسی اور کو نہیں ستایا گیا۔ ایسے حالات بھی آئے کہ ایک ایک مہینے تک میرے اور بلال کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہ ہوتا تھا سوائے اتنی چیز کے جو بلال کی بغل میں آجائے۔''(2)

﴿493﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: میں نے دیکھا کہ میں جنّت میں داخل ہوا اور اپنے آگے کسی کے قدموں کی آہٹ سنی۔ تو میں نے پوچھا: ''اے جبریل عَلَیْہِ السَّلَام! یہ کون ہے؟'' انہوں نے بتایا: ''یہ حضرت بِلال (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہیں۔''(3)

﴿494﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن بُرَیْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں نے جنّت میں اپنے آگے قدموں کی آہٹ سنی تو دریافت کیا: ''یہ کون ہے؟'' فِرِشتوں نے مجھے بتایا کہ ''یہ حضرت بِلال (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) ہیں۔'' جب حضرت سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حاضرِ خدمت ہوئے تو حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''اے بِلال! کس سبب سے تم جنّت میں مجھ سے آگے آگے چل رہے تھے؟'' عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں ہمیشہ باوضو رہتا ہوں اور جب بھی وُضُو کرتا ہوں تو دو رَکعت نماز (تحیۃ الوضو) پڑھ لیتا ہوں۔''(4)

﴿495﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۲۱، ج۱، ص ۳۴۱.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند انس بن مالك بن النضر، الحدیث: ۱۴۰۵۷، ج۴، ص ۵۷۰.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند جابر بن عبد اللہ، الحدیث: ۱۵۰۰۶، ج۵، ص ۱۶۶.

4 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفضائل، باب فی بلال وفضله، الحدیث: ۳، ج۷، ص ۵۳۷.


www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو پانچ اوقیہ (یعنی 200 درہم) کے عوض خرید کر آزاد فرمایا۔تو حضرت سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اے ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے آزاد کیا ہے تو مجھے اجازت دیں کہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے عمل بجالاؤں اور اگر اس لئے آزاد کیا ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھ سے خدمت لیں تو مجھے اپنا خادم بنالیں۔'' یہ سُن کر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رو پڑے اور فرمایا: ''میں نے تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے آزاد کیا ہے جاؤ اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے عمل بجالاؤ۔''(1)

﴿496﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن مُسَیِّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے، کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دورِ خلافت میں حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے (جہاد کے لئے) شام جانے کی تیاری کی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے بِلال! میرا خیال ہے کہ تم ہمیں اس حال میں چھوڑ کر نہ جاؤ ہم نے تمہیں آزاد کیا ہے اس لئے ہمارے پاس ہی ٹھہرے رہو۔'' حضرت سیِّدُنا بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے آزاد کیا ہے تو مجھے جانے دیجئے اور اگر اپنی ذات کے لئے آزاد کیا ہے تو اپنے پاس روک لیجئے۔'' چنانچہ، امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں جانے کی اجازت دے دی اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ شام تشریف لے گئے اور وہیں وفات پائی۔''(2)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الفضائل، باب فی بلال وفضلہ، الحدیث: ٤، ج٧، ص٥٣٨.

2 ......الجہاد لابن المبارک، الحدیث: ١٠٢، ص٨٧.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ ناصُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سب سے پہلے ہجرت کرنے والوں میں سے ہیں۔ بہ نیت ثواب لوگوں کو کھانا کھلاتے۔ راہِ خُدا میں اپنا مال خرچ کرتے، نَفس کی مُخالَفت کرتے، دِین کی عُمدہ سمجھ رکھتے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا وخوشنُودی کے لئے جہاد بھی کرتے تھے۔ اورآپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اَحکامات کو بجالانے میں جلدی کیا کرتے تھے۔

اہلِ تَصَوُّف فرماتے ہیں: ''فُضُولیات کو ترک کرکے دِین پر عَمل کرنے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مُلاقات کے لئے ہر وقت تیار رہنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

### پروانۂ شمعِ رِسالت:

﴿497﴾......حضرت سیِّدُ ناصُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم جہاں بھی تشریف لے جاتے میں وہاں ضرور حاضر ہوتا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم جب بھی کوئی بَیْعَت لیتے میں اس میں بھی ضَرور شَرِیک ہوتا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جو لشکر بھی جنگ کے لئے روانہ فرمایا میں اس میں بھی شَرِیک رہا اور جس جنگ میں مصطفٰی جانِ رَحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بنفسِ نفیس شریک ہوتے میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ رہتا۔ اگر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے کی طرف سے حملہ کا اَندیشہ ہوتا تو سامنے آجاتا اگر پیچھے سے خطرہ ہوتا تو پیچھے ہوجاتا اور میں نے کبھی بھی حُضُور نبیِّ رَحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اپنے اور دُشمنوں کے درمیان تنہا نہیں چھوڑا حتی کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دُنیا سے ظاہری پردہ فرمایا۔'' (1)

### سیِّدُ ناصُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شان:

﴿498﴾......حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن مُسَیِّب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مَروی ہے کہ جب حضرت سیِّدُ ناصُہَیب بن

1......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۰۹، ج۸، ص۳۷.



www.dawateislami.net

سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف ہجرت کرنے کے لئے نکلے تو قریش کا ایک گروہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پیچھے لگ گیا۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی سواری سے اترے اور تَرکَش سے تمام تیر نکال کر فرمایا: ''اے گروہِ قریش! تم جانتے ہو کہ میں تم سب سے زیادہ تیراندازی کا ماہر ہوں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تم اس وقت تک مجھ تک نہیں پہنچ سکتے جب تک میرے تَرکَش میں ایک تیر بھی باقی ہے پھر میں تلوار سے لڑوں گا یہاں تک کہ میرے ہاتھوں میں قوت ختم ہو جائے۔ اب تمہاری مرضی ہے یا تو میں تمہیں مکہ میں اپنے مال و دولت کے بارے میں بتا دوں تو تم اس پر قبضہ کر کے میرا راستہ چھوڑ دو۔ یا مجھ سے لڑو۔'' لہٰذا کُفّار مال لینے پر راضی ہو گئے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا راستہ چھوڑ دیا۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مدینہ طیبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''ابو یحیٰ نے نَفع بخش تجارت کی، ابو یحیٰ نے نَفع بخش تجارت کی۔'' (ابو یحیٰ، حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے)

راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر یہ آیت مُبارَکہ نازِل ہوئی:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِؕ (پ۲، البقرة:۲۰۷)

ترجمہ کنزالایمان: اور کوئی آدمی اپنی جان بیچتا ہے اللّٰہ کی مرضی چاہنے میں۔(1)

## غیبی خبر:

﴿499﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیّاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ مدینہ طیبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا تشریف لے جانے لگے تو میں نے بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ جانے کا اِرادہ کر لیا لیکن قریش کے چند نوجوانوں نے میرا راستہ روک لیا۔ میں ساری رات کھڑا رہا یہاں تک لوگ مجھ پر طنز کرتے اور کہتے کہ ''اسے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے پیٹ کے درد میں مبتلا کر دیا ہے۔'' حالانکہ مجھے کوئی تکلیف نہ تھی۔ پھر جب

(1)......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٤٨ صُهَیب بن سِنَان، ج٣، ص ١٧١.



www.dawateislami.net

وہ مجھے چھوڑ کر چلے گئے تو میں بھی جانے کے لئے نکلا لیکن کچھ لوگ مجھے واپس لے جانے کے ارادے سے دوبارہ میری راہ میں حائل ہو گئے۔ میں نے ان سے کہا: ''میں تمہیں چند اُوقِیَّہ سونا اور دو قیمتی جوڑے دیتا ہوں جو مکّہ میں ہیں تم مجھ پر بھروسہ کر کے میرا راستہ چھوڑ دو۔'' چنانچہ، وہ لوگ اس بات پر راضی ہو گئے تو میں ان کے ساتھ مکہ گیا اور انہیں دروازے کی چوکھٹ کے نیچے جگہ کھودنے کے لئے کہا۔ اس کے نیچے سے چند اُوقِیَّہ سونا ملا۔ میں نے وہ سونا انہیں دے کر کہا کہ ''فُلاں عورت کے پاس چلے جاؤ اور اسے یہ نشانی دکھا کر دو جوڑے وُصول کر لو۔'' اس کے بعد میں وہاں سے نکلا اور حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وادیٔ قباء سے نکلنے سے قبل ہی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے دیکھا تو ارشاد فرمایا: ''اے ابو یحییٰ! تجارت نَفْع بخش رہی۔'' اور یہ بات آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تین بار ارشاد فرمائی۔ میں نے عرض کی: ''یا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھ سے پہلے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس تو کوئی نہیں آیا یقیناً یہ خبر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حضرت سیِّدُنا جبرائیل عَلَیْہِ السَّلَام نے دی ہوگی۔'' (1)

﴿500﴾...... حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ہجرت کے موقع پر مُشْرِکِینِ مکہ مصطفٰی جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تلاش میں نکلے اور غار کی طرف متوجہ ہوئے لیکن پھر لوٹ آئے۔ اس وقت رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے یاد کرتے ہوئے فرمایا: ''افسوس! اے صُہَیب! صُہَیب میرے ساتھ نہیں ہے۔'' جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہجرت کا اِرادہ فرمایا تھا تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دو یا تین مرتبہ میری طرف بھیجا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے نماز میں مشغول پا کر بارگاہِ نبوّت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں عرض کی: ''یَارَسُولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں نے انہیں نماز میں مشغول دیکھا تو ان کی نماز میں خلل ڈالنا مُناسِب نہ سمجھا۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''تم نے اچھا کیا۔'' پھر حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ راتوں رات تشریف لے گئے۔ فجر کے بعد میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ

---

(1)...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۲۹۶، ج۸، ص ۳۱-۳۲.



www.dawateislami.net

محترمہ اُمِّ رُومان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے پاس گیا تو وہ مجھے دیکھ کر فرمانے لگیں کہ ''میں تمہیں یہاں دیکھتی ہوں جبکہ تمہارے دونوں بھائی چلے گئے اور انہوں نے اپنے زادِراہ میں تمہارا بھی حصّہ رکھا ہے۔''

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں وہاں سے نکلا اپنی بیوی کے پاس پہنچ کر اپنی تلوار، کمان اور نیزہ لیا اور مدینہ طیبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں حُضُور نبیِّ اَکرم، رسولِ محترم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف فرما تھے۔ امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھے دیکھ کر کھڑے ہو گئے اور میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے میرے بارے میں نازل ہونے والی آیتِ کریمہ کی بِشارت دی۔ پھر میں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کچھ اظہار ناراضی کیا کہ آتے وقت مجھے خبر نہ دی۔ تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کی وجہ بیان فرمائی اور رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے دیکھا تو خوشی کا اظہار کیا اور ارشاد فرمایا: ''اے ابو یحیٰ! تمہاری تجارت نَفع بخش رہی۔'' (1)

﴿501﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''انسان جنت میں اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے مال کو اس اس طرح خرچ نہ کرے۔ یہ کہتے ہوئے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دائیں بائیں اشارہ فرمایا۔'' (2)

﴿502﴾......حضرت سیِّدُنا حمزہ بن صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''اے صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اولاد نہ ہونے کے باوجود تم نے اپنی کنیت رکھ لی اور رومی ہو کر عَرَب کی طرف نسبت کر لی؟'' حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یا امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! جہاں تک آپ کا یہ فرمان ہے کہ اولاد نہ ہونے کے باوجود میں نے اپنی کنیت رکھی ہوئی ہے، تو یہ اس وجہ سے ہے کہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے ابو یحیٰ کی کنیت سے یاد فرمایا ہے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا یہ فرمانا کہ میں نے رومی ہونے کے باوجود عَرَب کی طرف اپنے

❶......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۰۸، ص۳۶.

❷......تاریخ بغداد، الرقم ۴۸۵۳ صالح بن حرب بن خالد، ج۹، ص۳۱۷.



www.dawateislami.net

آپ کو منسوب کرلیا تو یہ اس وجہ سے ہے کہ درحقیقت میرا تَعَلُّق عَرَب کے قبیلۂ نَمِر بن قاسِط سے ہے۔ مجھے مُوصَل سے قید کر کے غلام بنایا گیا تھا، پس میں اپنا اہل ونسب جانتا ہوں۔'' (1)

﴿503﴾...... حضرت سیِّدُنا حمزہ بن صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں کو بُہت زیادہ کھانا کھلایا کرتے تھے۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''اے صُہَیب (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) تم لوگوں کو بُہت زیادہ کھانا کھلاتے ہو اور میرے خیال میں یہ مال کا اِسراف ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: بے شک رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم میں بہترین وہ ہے جو کھانا کھلائے اور سَلام کا جواب دے۔'' پس یہی فرمانِ عالی شان مجھے کھانا کھلانے پر اُبھارتا ہے۔'' (2)

## تین باتوں پر اعتراض:

﴿504﴾...... حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن عبد الرحمٰن بن حاطِب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے فرمایا: ''مجھے تمہاری تین باتوں پر اعتراض ہے۔ (۱) تم نے اپنی کنیت ابو یحییٰ رکھی جبکہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان ہے:

لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝ (پ۱۶، مریم:۷) ترجمۂ کنز الایمان: اس کے پہلے ہم نے اس نام کا کوئی نہ کیا۔

(۲) تمہارے پاس جو چیز بھی آتی ہے تم اسے خرچ کر دیتے ہو اور (۳) تم اپنے آپ کو قبیلۂ نَمِر بن قاسِط کی طرف مَنْسُوب کرتے ہو حالانکہ تم مہاجرین اوّلین میں سے ہو جن پر اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے انعام فرمایا ہے۔''

تو حضرت سیِّدُنا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! ابو یحییٰ کنیت میں نے خود اختیار نہیں کی بلکہ یہ تو حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے عطا فرمائی ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے ابو یحییٰ کہہ کر یاد فرماتے تھے اور میرے پاس جو چیز بھی آتی ہے میں اسے اس لئے خُرچ کر دیتا ہوں کہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان عالیشان ہے:

---

1 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۱۰، ج۸، ص۳۸.

2 ...... المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث صُهیب، الحدیث: ۲۳۹۸۱، ج۹، ص ۲۴۰.



www.dawateislami.net

وَمَاۤ اَنۡفَقۡتُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ فَهُوَ یُخۡلِفُهٗ ۚ ترجمۂ کنزالایمان: اور جو چیز تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو وہ اس کے بدلے اور دے گا۔ (پ۲۲،سبا:۳۹)

اور جہاں تک نَمِر بن قاسِط کی طرف منسوب ہونے کا مُعَاملَہ ہے تو یہ بھی بالکل دُرُست ہے کیونکہ عَرَب ایک دوسرے کو قید کر لیتے تھے، ایسے ہی عَرَب کے ایک قبیلے نے مجھے بھی قید کر لیا اور کوفہ لے جا کر بیچ دیا، وہاں میں نے ان کی زبان سیکھ لی، لہٰذا اگر میں رومی ہوتا تو انہی کی طرف منسوب ہوتا۔'' [1]

## کھانے میں حیرت انگیز بَرَکت:

﴿505﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ بیان فرماتے ہیں: میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لئے کھانا تیار کیا جب بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو صحابۂ کرام (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کے جھرمٹ میں تشریف فرما پایا۔ میں نے سامنے کھڑے ہو کر اشارے سے کھانے کا عرض کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِشارے سے صحابۂ کرام (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) کا دریافت فرمایا۔ میں نے (کھانے کی کمی کی وجہ سے) عرض کی: ''نہیں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم خاموش ہو گئے اور میں اپنی جگہ کھڑا رہا۔ جب آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دوبارہ میری طرف متوجہ ہوئے تو میں نے پھر اِشارے سے کھانے کا عرض کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اب کی بار بھی یہی دریافت فرمایا: ''کیا ان کے لئے بھی؟'' میں نے عرض کی: ''نہیں۔'' دو یا تین مرتبہ ایسا ہوا پھر میں نے عرض کی: ''ہاں! ان کے لئے بھی۔'' چنانچہ، آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنے رُفقا کو ساتھ لے کے تشریف لائے اور سب نے مل کر کھانا کھایا۔ میں نے وہ کھانا صرف حُضُور سیِّدِ عالم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لئے تھوڑا سا بنایا تھا لیکن ان سب کے کھانے کے بعد بھی وہ بچ رہا۔'' [2]

## قَرض کا چور:

﴿506﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ رسولِ مکرّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب نزلت آية: ومن الناس......الخ، الحديث: ٥٧٥٤، ج٤، ص ٤٩٠.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ٧٣٢١، ج٨، ص ٤٥.



www.dawateislami.net

آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''جو شخص کسی عورت سے مَہر پر شادی کرے اور اس کا اِرادہ مہر ادا کرنے کا نہ ہو تو اس شخص نے اسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام کے ساتھ دھوکا دیا اور باطل طریقے سے اس کی شرمگاہ کو اپنے لئے حلال کیا بروزِ قیامت ایسا شخص اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ زانی ہوگا[1] اور جو واپس نہ کرنے کے ارادے سے قرض لیتا ہے وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام کے ساتھ دھوکا دیتا اور باطل طریقے سے غیر کے مال کو اپنے لئے حلال ٹھہراتا ہے۔ ایسا شخص اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ چور ہوگا۔'' [2]

## میں کیوں مسکرایا؟:

﴿507﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، کہ ایک مرتبہ ہم نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ رات کی نماز پڑھی۔ جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے رُخِ انور پھیرا تو ہماری طرف مسکراتے ہوئے متوجہ ہوئے اور اِرشاد فرمایا: ''جانتے ہو میں کیوں مسکرایا؟'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بہتر جانتے ہیں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مسلمان بندے کے حق میں فیصلہ پر تعجُّب ہوا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے لئے جو بھی فیصلہ فرماتا ہے اس کے لئے اس میں بھلائی ہی ہوتی ہے اور جس کے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ تمام فیصلے بھلائی کے فرمائے وہ بندہ مومن ہی ہوتا ہے۔'' [3]

## 3 دن میں 70 ہزار اَموات:

﴿508﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، کہ حُضور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہ

---

1......اس کا یہ مطلب نہیں کہ شرعی اعتبار سے اس کا نکاح ہی نہ ہوگا۔ جیسا کہ مُحدِّثِ اعظم، اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، مجدِّدِ دین وملت، شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فتاویٰ رضویہ شریف میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں: ''یہ جو حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ جن کا نکاح ہوا ان کی نیت میں ادائے مہر نہیں وہ روزِ قیامت زانی وزانیہ اٹھائیں جائیں گے، یہ ان کے واسطے ہے جو محض برائے نام جھوٹے طور پر ایک لغو رَسم سمجھ کر مہر باندھیں، شرعًا ان کا نکاح بھی ہو جائے گا اور وہ بحکمِ شَرِیعت زانی وزانیہ نہیں زن وشو (یعنی میاں بیوی) ہیں۔ اگرچہ قیامت میں ان پر اس بدنیّت کا وبال مثلِ زنا ہو کہ انہوں نے حکمِ الٰہی کو ہلکا سمجھا۔'' (فتاوی رضویہ، ج ۱۲، ص ۱۹۹)

2......المسند للامام احمد بن حنبل ،حدیث صُھیب بن سنان ، الحدیث: ۱۸۹۵٤، ج٦، ص۵۰۳.

3......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۱۷، ج۸، ص ٤۰.



www.dawateislami.net

بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کچھ دن صبح کی نماز کے بعد اپنے ہونٹوں کو حرکت دیتے ہوئے کچھ پڑھتے تھے ہم نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کچھ دنوں سے صبح کی نماز کے بعد اپنے ہونٹوں کو حرکت دیتے ہوئے کچھ پڑھتے ہیں جب کہ اس سے پہلے یہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا معمول نہیں تھا؟'' تو اِرشاد فرمایا: مجھ سے پہلے ایک نبی (عَلَیْہِ السَّلَام) تھے، جنہوں نے اپنی اُمّت کی کثرت سے خوش ہوتے ہوئے کہا: ''ان کی کثرت کے سبب ان پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔'' تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ ''تیری اُمت کی بھلائی تین باتوں میں سے ایک میں ہے کہ میں ان پر موت، دُشمن یا بُھوک مُسلط کردوں۔'' انہوں نے یہ بات اپنی امت کو بتائی تو انہوں نے کہا: ''بُھوک برداشت کرنے اور دُشمن سے لڑنے کی تو ہم میں طاقت نہیں، ہاں! موت قبول کر لیتے ہیں۔'' چنانچہ، تین دن کے اندر اندر اس اُمّت کے 70 ہزار افراد فوت ہو گئے۔ جبکہ میں آج اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کرتا ہوں کہ یااللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تیرے ہی نام سے ارادہ وکوشش کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے دُشمنوں پر حملہ کرتا ہوں اور تیرا نام لے کر ان سے قتال کرتا ہوں۔'' (1)

## دیدارِ الٰہی:

﴿509﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ آیتِ کریمہ تِلاوت فرمائی:

لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَ زِیَادَةٌ ؕ (پ ۱۱، یونس ۲۶)

ترجمۂ کنزالایمان: بھلائی والوں کے لئے بھلائی ہے اور اس سے بھی زائد۔

پھر اس کی تفسیر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: جنتیوں کے جنت میں چلے جانے کے بعد ایک مُنادِی نِدا کرے گا کہ ''اے اہلِ جنت! ابھی اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ایک وعدہ باقی ہے۔'' تو وہ کہیں گے: ''اب کون سا وعدہ باقی ہے؟ کیا اس نے ہمارے چہرے روشن نہیں کئے؟ کیا اس نے ہمارے اَعمال نامے بھاری نہیں کئے؟ کیا اس نے ہمیں جنت میں داخل نہیں فرمایا؟'' یہ بات ان سے تین مرتبہ کہی جائے گی۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ ان پر اپنی تجلّی فرمائے گا تو اہلِ جنت دیدارِ الٰہی

1......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۱۸، ج۸، ص ۴۰۔
المسند للامام احمدبن حنبل، حدیث صُھیب بن سنان، الحدیث: ۱۸۹۶۲، ج۶، ص ۵۰۵۔


www.dawateislami.net

سے مُشَرَّف ہوں گے اور یہ نعمت ان کے نزدیک سب نعمتوں سے بڑھ کر ہوگی۔"[1]

﴿510﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْ وَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر وبَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دعا فرمایا کرتے تھے: "اَللّٰھُمَّ لَسْتَ بِاِلٰہٍ اِسْتَحْدَثْنَاہُ، وَلَابِرَبٍّ اِبْتَدَعْنَاہُ، وَلَا کَانَ لَنَا قَبْلَکَ مِنْ اِلٰہٍ نَلْجَأُ اِلَیْہِ وَ نَذَرُکَ، وَلَا اَعَانَکَ عَلٰی خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِکَہٗ فِیْکَ، تَبَارَکْتَ وَ تَعَالَیْتَ. یعنی: یااللہ عَزَّوَجَلَّ! تو ایسا معبود و پروردگار نہیں جسے ہم نے خود بنایا ہوا ور نہ تجھ سے پہلے ہمارا کوئی معبود تھا کہ ہم اس کی پناہ لے لیں اور تجھے چھوڑ دیں اور ہماری تخلیق میں تیرا کوئی مددگار نہیں ہے کہ ہم اسے تیرا شریک ٹھہرائیں۔ تیری ذات بابرکت ہے اور تو بلند شان کا مالک ہے۔"

حضرت سیِّدُنا کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: "اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نبی حضرت سیِّدُنا داوٗد عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُوَالسَّلَام بھی اسی طرح دُعا کیا کرتے تھے۔"[2]

یہ الفاظ عَمرو بن حُصَین رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت کے ہیں جبکہ حضرت سیِّدُنا عمرو بن مالک رَاسِبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کی روایت میں یوں ہے: وَلَا بِرَبٍّ یَبِیْدُ ذِکْرُہٗ وَلَا کَانَ مَعَکَ اِلٰہٌ فَنَدْعُوْہُ وَنَتَضَرَّعُ اِلَیْہِ وَلَا اَعَانَکَ عَلٰی خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنَشُکَّ فِیْکَ. یعنی: اور تو ایسا پروردگار نہیں جس کا ذکر ختم ہو جائے اور نہ تیرے سوا کوئی اور معبود ہے کہ ہم اسے پکاریں اور اس کے سامنے آہ و زاری کریں اور ہماری تخلیق میں تیرا کوئی مددگار نہیں ہے کہ ہم تیری (طاقت وقدرت) میں شک وشُبہ کا اظہار کریں۔"[3]

## اُڑ کر جنّت میں جانے والے:

﴿511﴾......حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم، رءُوف رحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: مہاجرین ہی سَبْقَت لے جانے والے، شَفَاعت کرنے والے اور اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف رہنمائی کرنے والے ہیں۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! بروزِ قیامت

1 ......مسند ابی داود الطیالسی، صُھیب، الحدیث: ۱۳۱۵، ص ۱۸۶.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۰۰، ج ۸، ص ۳۴.

3 ......العظمة لابی الشیخ الاصبھانی، ذکر آیات ربنا تبارك و تعالی و عظمته و سؤدده، الحدیث: ۱۱۶، ص ۵۴.



www.dawateislami.net

یہ اپنی گردنوں میں ہتھیار لٹکا کر جنّت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے۔ داروغۂ جنّت (یعنی جنّت پر مُقرّر فرِشتے) ان سے دریافت کریں گے تم کون ہو؟'' کہیں گے: ''ہم مہاجرین ہیں۔'' وہ پوچھیں گے: ''کیا تمہارا حِساب و کتاب ہو چکا ہے؟'' یہ سُن کر وہ گھٹنوں کے بَل گر جائیں گے، ان کے تَرکَش کے تیر بکھر جائیں گے اور ہاتھوں کو اُٹھا کر پروردگار عَزَّوَجَلَّ سے فریاد کریں گے: ''اے ہمارے رب عَزَّوَجَلَّ! کیا اب بھی ہمارا حساب ہوگا جب کہ ہم نے تیری رضا کے لئے اپنے اہل وعیال اور مال کو چھوڑ کر ہجرت کی۔'' ان کی فریاد بارگاہِ ربُّ العباد میں مُستَجاب ہوگی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں سونے کے پَر عطا فرمائے گا جس میں زَبَرجد اور یاقوت جڑے ہوں گے اور یہ ان کے ذَرِیعے اُڑ کر جنّت میں داخل ہو جائیں گے۔ (اس پر وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد بجالائیں گے جسے قرآنِ پاک میں یوں بیان کیا گیا):

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۙﰳ الَّذِیْۤ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖۚ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ ﰴ (پ۲۲، الفاطر: ۳۴، ۳۵)

ترجمۂ کنزالایمان: سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمارا غم دُور کیا بے شک ہمارا رب بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے وہ جس نے ہمیں آرام کی جگہ اُتارا اپنے فضل سے ہمیں اس میں نہ کوئی تکلیف پہنچے نہ ہمیں اس میں کوئی تکان لاحق ہو۔

حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''انہیں جنّت میں ایسے گھر عطا ہوں گے کہ جن کے ذریعے ان کے دُنیاوی مقام ومرتبہ کی پہچان ہوگی۔'' (1)

---

(1)......المستدرك، كتاب المعرفة الصحابة، باب براءة المهاجرين......الخ، الحديث: ٥٧٥٧، ج٤، ص٤٩١، "فيجعل الله" بدله "فيمثل الله".



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ عِبادت گزار، دُنیا سے بیزار، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بے مثال فرمانبردار بندے تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے چوتھے نمبر پر اسلام قبول کیا۔دِینِ اِسلام کی تشریف آوری سے پہلے بھی کبھی بُت پرستی کے قریب نہ گئے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سرکارِ عالی وقار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اِعلانِ نبوت سے پہلے بھی لوگوں میں عِبادت گزار مشہور تھے اور حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں سب سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی نے سلام عرض کیا اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حق بات بیان کرنے میں نہ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوف زدہ ہوتے، نہ حکمرانوں اور بادشاہوں کے رُعب ودبدبہ سے گھبراتے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی وہ شخصیت ہیں کہ جنہوں نے سب سے پہلے علم البقا (یعنی اَحوالِ آخرت کے علم) میں کلام کیا۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مَشَقَّتوں اور تکلیفوں میں بھی دین پر ثابت قدم رہتے، وعدہ نبھاتے اور وصیت پوری فرماتے، مَصائب و آلام پر صَبْر کرتے اور ساری عمر لوگوں سے (بلاضَرورت) میل جول رکھنے سے کتراتے رہے۔ نیز فُضُولیات کو ترک کرتے ہوئے حُضُور نبیِ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں رہ کر علم حاصل کرنے کا شرف بھی پایا۔''

اہلِ تَصَوُّف فرماتے ہیں: ''شدّتِ عشق وغم کی وجہ سے پریشان وخستہ حال رہتے ہوئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت میں مشغول رہنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

## سیِّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جذبۂ عبادت:

﴿512﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن صامت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''اے بھتیجے! میں اِسلام سے چار برس پہلے بھی نماز پڑھا کرتا تھا۔'' انہوں نے پوچھا: ''اِسلام کی تشریف آوری سے قبل آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کس کی عبادت کرتے تھے؟'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''آسمانوں کے مالک عَزَّوَجَلَّ کی۔'' انہوں نے پھر پوچھا: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس وقت کس طرف منہ کرکے نماز پڑھتے تھے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ جس سمت میرا رُخ پھیر دیتا اسی طرف منہ کرکے نماز پڑھ لیتا۔'' (1)

---

1......دلائل النبوة للاصبهاني، الحديث: ١٦٠، ص١٤٧ تا ١٤٩.



www.dawateislami.net

﴿513﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن صامت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابو ذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''اے بھتیجے! میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہونے سے قبل بھی تین برس تک نماز پڑھی ہے۔'' حضرتِ سیِّدُ نا عبد اللہ بن صامت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دریافت کیا: ''اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کس کی عبادت کرتے تھے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی۔'' انہوں نے پھر پوچھا کہ ''اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کس طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے تھے؟'' فرمایا: ''جس طرف اللہ عَزَّوَجَلَّ پھیر دیتا اسی طرف رخ کر لیتا۔ جب میں رات کے وقت نماز کے لئے کھڑا ہوتا تو نماز ہی کی حالت میں سحری کا آخری وقت آجاتا پھر مجھ میں سَکت باقی نہ رہتی تو میں گر جاتا یہاں تک کہ سورج بلند ہو جاتا۔'' (1)

﴿514﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو ذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں اِسلام قبول کرنے میں چوتھے نمبر پر ہوں کیونکہ جب میں نے اِسلام قبول کیا اس وقت ابھی صرف تین اَفراد نے اِسلام قبول کیا تھا۔'' (2)

## سیِّدُ نا ابو ذَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا قبولِ اِسلام:

﴿515﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو ذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میرے اسلام لانے کا واقعہ کچھ اس طرح سے ہے کہ ہمیں قحط سالی نے آلیا تو میری ماں مجھے اور میرے بھائی انیس کو لے کر نجد میں اپنے رشتے داروں (یعنی ماموں) کے ہاں چلی گئیں۔ انہوں نے ہمارا خوب اکرام کیا۔ کچھ دنوں بعد اس محلے کا ایک آدمی میرے ماموں کے پاس آیا اور کہا: ''انیس نے آپ کی زوجہ کے مُعَامَلے میں آپ سے خیانت کی ہے۔'' یہ بات ماموں کو بُہت بُری لگی۔ جب میں اُونٹ چرا کر گھر واپس آیا تو انہیں غمگین اور روتا ہوا پایا۔ میں نے رونے کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے مجھے سارا واقعہ بتایا۔ میں نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ کہ ہم ایسا فُحش کام کریں اگرچہ زمانے نے ہمیں مُحتاج بنا ڈالا ہے۔'' اس کے بعد میں اپنی والدہ اور بھائی کو لے کر مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا چلا آیا۔ کُفّارِ مکہ نے بتایا کہ ''یہاں (معاذ اللہ) کوئی بددین یا مجنون یا جادوگر رہتا ہے۔'' ایک دن میں نے ان سے پوچھا: ''جس کے بارے میں تم ایسا

---

1 ......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل ابی ذر، الحدیث: ٦٣٥٩، ص ١١١١۔
الطبقات الکبرٰی لابن سعد، الرقم ٤٣٢ ابو ذر، ج٤، ص١٦٦۔

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٦١٧، ج٢، ص١٤٧۔



www.dawateislami.net

سوچتے ہو وہ کہاں ملے گا؟''لوگوں نے کہا:''سامنے دیکھو یہ وہی ہے۔''فرماتے ہیں:''میں ان کی خدمت بابَرَکت میں حاضر ہوگیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے سیِّدِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حِفاظت کی خاطر کُفّار ومُشرِکین سے ہڈی، پتھر ومٹی کے ڈھیلے کھائے جس کی وجہ سے میرا اس قدر خون بہا کہ میں اس میں نہا گیا۔ پھر میں خانہ کعبہ آیا اور اس کے غِلَاف وعمارت کے درمیان داخل ہوگیا۔ وہاں میں نے تیس روزے اس طرح رکھے کہ آبِ زم زم کے سوا نہ کچھ کھایا اور نہ کچھ پیا۔''

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: پھر میں رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا:''ابوذر!''میں نے عَرض کی:''میں حاضر ہوں۔''فرمایا:''کیا تم زمانۂ جاہلیت میں بھی اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عِبادت کیا کرتے تھے؟''میں نے عَرض کی:''ہاں! مجھے یاد ہے کہ میں سورج نکلنے کے وقت نماز پڑھنے کھڑا ہوتا اور مسلسل نماز پڑھتا رہتا یہاں تک کہ سورج کی تپش مجھے ستانے لگتی اور میں بے حال ہو کر گر پڑتا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِستِفسار فرمایا:''تم کس طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے تھے؟''میں نے عَرض کی:''یہ تو مجھے یاد نہیں، البتہ! اللہ عَزَّوَجَلَّ جس طرف میرا رُخ پھیر دیتا میں اسی طرف رخ کر لیتا یہاں تک کہ اس نے مجھے اِسلام لانے کی سعادت وتوفیق بخشی۔''(1)

## اظہارِ اِسلام کا واقعہ:

﴿516﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں قیام کیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اِسلام کے اَحکام سکھائے اور قرآنِ مجید کا کچھ حصّہ بھی پڑھایا۔ میں نے عرض کی:''یَارَسُولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میں اپنے دِین کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔''تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:''(ابھی چونکہ کُفر کا غَلَبہ ہے اس لئے) مجھے ڈر ہے کہ کہیں کُفّار تمہیں شہید نہ کر دیں۔''میں نے عرض کی:''میں اسلام کا اظہار ضَرور کروں گا خواہ مجھے شہید کر دیا جائے۔''اس کے بعد حُضُور نبیٔ رَحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کوئی

---

1 ......المعجم الكبير، الحديث:٧٧٣،ج١،ص٢٦٦.



www.dawateislami.net

بات نہیں کی اور خاموش رہے۔ میں مسجد میں گیا تو وہاں قریش حلقہ بنائے محوِ گفتگو تھے۔ میں نے کہا: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس کے رسول ہیں۔'' یہ سنتے ہی وہ مجھ پر ٹوٹ پڑے یہاں تک کہ مار مار کر سرخ پتھر کی طرح کر دیا۔ وہ اپنے خیال میں مجھے ختم کر چکے تھے۔ کچھ افاقہ ہوا تو میں بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میری حالت دیکھ کر ارشاد فرمایا: ''کیا میں نے تمہیں منع نہ کیا تھا؟'' میں نے عرض کی: یَارَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ میرے دِل کی خواہش تھی، لہٰذا میں نے پوری کر لی۔ میں رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ قیام پذیر تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اپنی قوم کے پاس چلے جاؤ جب مجھے غلبہ حاصل ہو جائے تو میرے پاس چلے آنا۔'' (1)

## سیِّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا جذبۂ ایمانی:

﴿517﴾...... حضرت سیِّدُنا ابُو جَمْرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے ہمیں حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اسلام کے ظاہر ہونے کے بارے میں بتایا کہ ''انہوں نے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہو کر عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! جو چاہیں حکم ارشاد فرمائیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب تک تمہیں اسلام کے غالب آجانے کی اِطلاع نہ ملے اپنے گھر والوں کے پاس رہو۔'' حضرت ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اپنے قبولِ اسلام کا اعلان و اظہار کئے بغیر نہیں جاؤں گا۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مسجد کی طرف گئے اور بلند آواز سے یہ اعلان کرنے لگے: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی مَعْبُود نہیں اور حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس کے رسول ہیں۔'' مُشْرِکین یہ سُن کر کہنے لگے کہ ''یہ بد دین ہو گیا اور اپنے دِین سے پھر گیا ہے۔'' پھر مشرکین چاروں طرف سے ان پر ٹوٹ پڑے اور اتنا مارا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گر گئے۔ حضرت سیِّدُنا عباس بن عبد المطلب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہاں سے گُزرے تو فرمایا: ''اے گروہِ قریش!

1 ...... المعجم الاوسط، الحدیث: ۲۷۶٤، ج۲، ص۱۳۰.



www.dawateislami.net

تم تاجر ہو اور تمہارا گزر قبیلۂ بنو غِفار کے پاس سے ہوتا ہے کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارا راستہ بند کر دیا جائے؟'' حضرت سیِّدُنا عباس بن عبدالمطلب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے چھڑانے پر کُفّار انہیں چھوڑ کر چلے گے۔ دوسرے دن حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر اسی طرح اِعلان کر دیا جس کے نتیجے میں کُفّار پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر ٹوٹ پڑے اور مارنے لگے۔ حضرت سیِّدُنا عباس بن عبدالمطلب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا آج بھی وہاں سے گزر ہوا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں چھڑا لیا۔ (1)

## اظہارِ اسلام پر تکالیف کا سامنا:

﴿518﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن صامِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا آیا تو وہاں کے کُفّار مجھ پر ٹوٹ پڑے، ڈھیلوں، ہڈیوں وغیرہ سے مجھے اتنا مارا کہ میں بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ جب ہوش آیا تو اُٹھا اور دیکھا کہ خون بہنے کی وجہ سے میں سرخ پتھر کی مانند لگ رہا تھا۔'' (2)

## سیِّدُنا ابوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خُصُوصیات:

﴿519﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن صامِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھ سے فرمایا: ''میں مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا آیا اور کفار سے حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بارے میں پوچھا کہ وہ کہاں ہیں؟'' کُفّار نے سنا تو ''بَددِین، بَددِین'' کہتے ہوئے مجھے ہڈیوں اور پتھروں سے مارنے لگے یہاں تک کہ سرخ پتھر کی مانند کر ڈالا۔ صبح کی ٹھنڈک سے مجھے کچھ افاقہ ہوا تو میں اُٹھ کر آبِ زمزم تک آیا۔ اس سے پیا اور غُسل کیا۔ پھر کعبہ اور اسکے پردوں کے درمیان تیس دن تک ٹھہرا رہا اور آبِ زمزم کے سوا کچھ کھایا نہ پیا یہاں تک کہ میں بہت کمزور ہو گیا پھر ایک رات رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بیت اللّٰہ شریف کے طواف کے لئے تشریف لائے اور مقامِ ابراہیم کے پیچھے نماز ادا فرمائی اور سب سے پہلے میں

---

1 ......المعجم الاوسط،الحدیث:۲۶۳۳،ج۲،ص۹۴،مفهومًا.

2 ......مصنف ابن ابی شیبة ، کتاب المغازی ، باب اسلام ابی ذر،الحدیث:۱،ج۸،ص۴۵۰.



www.dawateislami.net

نے ہی حُضُور نبیِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو سلامِ تحیت کیا اور عرض کی: ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جواب دیا: ''وَعَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ۔'' (1)

﴿520﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''جب سیِّدِ عالم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نماز سے فارِغ ہوئے تو میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جواباً ارشاد فرمایا: ''وَعَلَیْکَ السَّلَام۔'' لٰہذا سب سے پہلے مجھے بارگاہِ رِسالت میں سلامِ تحیت پیش کرنے کی سعادت ملی۔ (2)

## 6 باتوں کی نصیحت:

﴿521﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''حُضُور نبیِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے 6 باتوں کی نصیحت فرمائی: (۱) مساکین سے مَحبت کرنا۔ (۲) (دُنیوی اعتبار سے) اپنے سے کم دَرَجہ لوگوں کو دیکھنا اونچے دَرَجے والوں کی طرف نہ دیکھنا۔ (۳) ہر حال میں حق بات کہنا اگرچہ کڑوی ہو اور (۴) اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مُعَامَلَہ میں کسی کی ملامت سے نہ ڈرنا۔ ((۵) رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا اگرچہ وہ قطع تعلّق کریں اور (۶) لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ کی کثرت کرنا)۔'' (3)

## نفاذِ حکمِ رسول کا جذبہ:

﴿522﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے میرے پاس آکر کہا: ''امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے عاملین (یعنی زکوٰۃ کی وُصولی پر مُقرّر کردہ افراد) زکوٰۃ کے مُعَاملے میں ہم پر زیادتی کرتے ہیں تو کیا ہم بقدرِ زیادتی اپنا مال چھپالیا کریں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''نہیں۔ بلکہ تم اپنا مال ان کے سامنے رکھو اور ان سے کہو کہ جتنا حق بنتا ہے اتنا ہی لو اور جس میں حق نہیں بنتا اسے چھوڑ

1 ......مصنف ابن ابی شیبة ، کتاب المغازی ، باب اسلام ابی ذر، الحدیث: ۱، ج۸، ص ۴۵۰، بتغیرٍ.

2 ......صحیح مسلم ، کتاب فضائل الصحابة ، باب من فضائل ابی ذر، الحدیث: ۶۳۵۹/۶۳۶۱، ص ۱۱۱۱.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۶۴۸، ج۲، ص ۱۵۶، بتقدمٍ و تاخرٍ.



www.dawateislami.net

دو۔ پھر بھی اگر وہ تم پر ظُلم کریں تو ان کا یہ ظُلم نیکیوں کی صورت میں کل بروزِ قیامت تمہارے نامۂ اَعمال میں رکھا جائے گا۔" وہاں اس وقت ایک قریشی نوجوان کھڑا تھا اس نے کہا: "کیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو امیر المومنین حضرت سیِّدُ نا عثمان بن عفان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فتویٰ دینے سے مَنْع نہیں کیا تھا؟" تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "کیا تم میرے نگہبان ہو؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! اگر تم میرے گلے پر چھری بھی رکھ دو اور مجھے یقین ہو کہ میں رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حکم کو چھری چلنے سے پہلے نافذ کرسکتا ہوں تو میں ایسا ضَرور کروں گا۔" (1)

## دُنیا سے نَفْرت:

﴿523﴾...... حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بھتیجے حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن صامِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے چچا حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ چچا نے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے رَبْذَہ کی طرف جانے کی اِجازت طَلَب کی تو انہوں نے اجازت دیتے ہوئے فرمایا: "ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس صبح و شام صدقہ کے مویشی بھیجتے رہیں گے۔" حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "مجھے ان کی حاجت نہیں۔ ابوذَر کے لئے تو اس سے قَطعِ تعلُّق ہی کافی ہے۔" پھر کھڑے ہو کر فرمایا: "آپ کو آپ کی دُنیا مُبارَک ہو۔ ہمیں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ اور دین کے ساتھ رہنے دیجئے۔" اس وقت حضرت سیِّدُ نا عبد الرحمٰن بن عَوْف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مال تقسیم کیا جا رہا تھا اور حضرت سیِّدُ نا کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی موجود تھے۔ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُ نا کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے فرمایا: "آپ اس شخص کے بارے میں کیا کہتے ہیں جو مال جمع کرتا پھر اسے صَدَقہ کرتا اور راہِ خُدا میں خرچ کرتا ہے اور اس کے ذَریعے فُلاں فُلاں نیکی کا کام کرتا ہے؟" تو انہوں نے جواب دیا: "مجھے اس کے بارے میں بھلائی کی امید ہے۔" یہ سُن کر حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جلال میں آکر اپنا عصا حضرت سیِّدُ نا کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر اٹھایا اور فرمایا: "اے بَنِی اِسْرَائِیْلِیَّہ کے بیٹے! تم اس مال کے

(1)...... سنن الدارمی، المقدمة، باب البلاغ عن......الخ، الحدیث: ٥٤٥، ج١، ص١٤٦، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

مالک کو اجازت دے رہے ہو کہ بروزِ قیامت اس مال کے عوض بچھو اس کے دِل پر ڈسیں (1)۔'' (2)

﴿524﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن خِراش رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے رَبَذَہ میں حضرت سیِّدُنا ابوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایک سیاہ خیمے میں بوری کے بنے ہوئے بستر پر تشریف فرما دیکھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ بھی وہاں موجود تھیں۔ کسی نے ان سے کہا: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اولاد تو زندہ نہیں رہتی؟'' فرمایا: ''تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے ہماری اولاد کو دارِ فانی (یعنی دُنیا) سے (ہمارے فائدے کے لئے) دار بقا (یعنی آخرت) کی طرف منتقل کر دیا۔'' لوگوں نے عرض کی: ''اے ابوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اگر آپ دوسری شادی کر لیں تو

---

1 ......مُفَسِّرِ شہیر، حکیم الاُمَّت حضرتِ مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس حدیثِ پاک کے تحت فرماتے ہیں: ''(حضرتِ سیِّدُنا) عثمان غنی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے (حضرتِ سیِّدُنا) ابوذر غفاری (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی موجودگی میں (حضرتِ سیِّدُنا) کَعْبُ الْاَحْبار (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) سے مسئلہ پوچھا کہ (حضرت) عبدالرحمٰن ابن عوف (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) بہت مال چھوڑ کر وفات پا گئے ہیں تمہارا کیا خیال ہے آیا مال جمع کرنا اور بال بچوں کے لیے چھوڑ جانا جائز ہے یا نہیں۔ مرقات میں ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن ابن عوف (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے دو لاکھ دینار چھوڑے تھے۔ خیال رہے کہ حضرت ابوذر غفاری (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) زاہد ترین صحابہ (میں سے) تھے زہد و ترکِ دُنیا کی احادیث پر سختی سے عامل تھے اس لیے ان کی موجودگی میں یہ سوال و جواب ہوئے، تاکہ وہ حکم شرعی اور زہد میں نیز تقویٰ و فتویٰ میں فرق کر لیں۔ (لہٰذا) مال جمع رکھنا، بعد وفات چھوڑ جانا حلال ہے جب کہ اس سے زکوۃ، فطرہ، قربانی، حُقُوق العباد ادا کیے جاتے رہے ہوں یہ کنز میں داخل نہیں جس کی قرآن کریم میں برائی آئی ہے۔ (حضرتِ سیِّدُنا ابوذر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا) یہ مارنا بحالت جذب تھا، آپ اپنے نفس پر قابو نہ پا سکے، چونکہ (حضرتِ سیِّدُنا) ابوذر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) بزرگ ترین صحابی تھے، تمام صحابہ (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن) آپ کا بہت احترام کرتے ان کی ناراضی یا مار پر ناراض نہ ہوتے تھے، جیسے آج بھی سعادت مند جوان محلّہ کے بُزُرگوں کی سختی پر ناراض نہیں ہوتے اس لیے خلیفۃ المؤمنین (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے ان سے قصاص کے لیے نہ کہا نہ حضرت کَعب (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے کچھ برا منایا ہو سکتا ہے کہ آپ کی یہ مار تادیب و سرزنش کے لیے ہو کہ تم تو کہہ رہے ہو کہ مال جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں حالانکہ امیر سخی بھی مسکینوں سے پانچ سو برس بعد جنت میں جائیں گے، حساب میں دیر لگے گی۔ یہاں مرقات میں ہے کہ بعد میں حضرت عثمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے (حضرتِ سیِّدُنا) ابوذر غفاری (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو مدینۂ منورہ (زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا) سے مقام ربذہ میں بھیج دیا تھا آپ تا وفات وہاں ہی رہے، کیونکہ آپ کی طبیعت بہت جلالی تھی۔ خلاصۂ جواب یہ ہے کہ اے کعب تم تو کہتے ہو مال جمع کرنے میں حرج نہیں جب کہ اس سے فرائض ادا کر دیئے جائیں، مگر میں نے اپنے محبوب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو یہ فرماتے سنا۔ (لہٰذا) مال سارے کا سارا خیرات کر دینا کچھ باقی نہ رکھنا سنّت ہے اور جمع کرنا خلاف سنّت کیا خِلاف سنّت میں حرج نہیں ہوتا، مگر یہ جود و سخا حُضُور انور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خُصُوصیات سے ہے کہ خود حُضُور انور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اور آپ کے سب گھر والے سید المتوکلین تھے۔ حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ نے حدیث سننے کا اقرار تو کیا، مگر حدیث کا مطلب سمجھایا کہ حُضُور انور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے یہ اپنے لیے فرمایا ہے، عام مسلمانوں کو اس کا حکم نہ دیا۔'' (مِرْاٰۃُ الْمَنَاجِیح، ج۳، ص۸۸)

2 ......سیر اعلام النبلاء، الرقم ۱۰۶، ابو ذر جُندب بن جُنادۃ الغِفاری، ج۳، ص ۳۹۱، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

بہتر ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ایسی عورت سے شادی کرنا جو (اولاد نہ ہونے کی وجہ سے) میرا نام پست کرے مجھے اس عورت سے زیادہ پسند ہے جو (اولاد ہونے کی وجہ سے) میرا نام بلند کرے۔'' لوگوں نے پھر عرض کی: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس بوری کے بستر کے بجائے کوئی نرم بچھونا بنالیں؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ ! ہماری مَغْفِرت فرمائے تم اپنے لئے جو چاہو کرو۔'' (1)

﴿525﴾......حضرت سیِّدُنا ابو اَسْماء رَحَبی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ وہ رَبَذَہ کے مقام پر حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بیوی بھی پراگندہ حال وہاں موجود تھیں۔ نہ تو ان کے پاس زعفران تھا اور نہ ہی انہوں نے کوئی خوشبو لگائی ہوئی تھی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم دیکھتے ہو کہ میری بیوی مجھے (اقتدار کے لئے) عراق جانے کا مشورہ دیتی ہے کہ جب میں وہاں پہنچوں گا تو اہلِ عراق دُنیا لے کر میرے پاس آئیں گے۔ جبکہ مجھ سے میرے خلیل محبوب رب جلیل صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے عہد لیا تھا کہ پل صراط کے عِلاوہ بھی ایک ایسا راستہ ہے جو بُہت زیادہ پھسلن والا ہے۔ لہٰذا اس پر اقتدار کا بوجھ لے کر پہنچنے سے بہتر ہے کہ ہم اس سے آرام وسکون کے ساتھ نجات پاجائیں۔'' (2)

## بقدرِ کفایت اَسباب پر قناعت:

﴿526﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبکر بن مُنْکَدِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ملکِ شام کے گورنر حضرتِ سیِّدُنا حَبیب بن مَسْلَمہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس 300 دینار ہدیہ بھیجے اور کہا: ''ان سے اپنی ضَروریات پوری فرمالیں۔'' حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہدیہ لوٹا دیا اور فرمایا: ''کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ دھوکہ کرنے کے لئے اسے ہمارے علاوہ کوئی اور نہیں ملا۔ ہمیں تو سر چھپانے جتنی جگہ اور کچھ بکریاں جو شام کو لوٹ آیا کریں اور ایک باندی (یعنی نوکرانی) جو ہماری خدمت کر سکے، کافی ہے اور جو اس سے زائد ہو ہم اس سے ڈرتے ہیں۔'' (3)

---

1 ......المعجم الكبير، الحديث: ١٦٢٩، ج٢، ص ١٥٠.

2 ......المسند للامام احمد حنبل، حديث ابى ذر الغِفارى، الحديث: ٢١٤٧٣، ج٨، ص ٩٥، "شعثة" بدله "مسغبة"

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل ، زهد ابى ذر ، الحديث: ٧٩٤، ص ١٧٠.



www.dawateislami.net

﴿527﴾......حضرت سیِّدُ نا محمد بن سیرین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَتِین سے مروی ہے، کہ قبیلۂ قریش کا ایک حارِث نامی شخص جو ملکِ شام میں تھا اسے پتا چلا کہ حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تنگدستی میں مُبتَلا ہیں تو اس نے 300 دینار آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں بھیج دیئے لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اسے میرے عِلاوہ کوئی اور نظر نہیں آیا؟ میں نے رَسُولِ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سُن رکھا ہے کہ ''جس کے پاس چالیس درہم ہوں اور وہ اس کے باوجود سوال کرے تو اس نے اصرار کے ساتھ مانگا۔'' جبکہ آلِ ابوذَر کے پاس چالیس درہم، چالیس بکریاں اور ماہنان (یعنی لونڈی) ہے۔ (1)

﴿528﴾......حضرت سیّدنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: بروزِ قیامت میں تم سے زیادہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قریب ہوں گا اس لئے کہ میں نے رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اِرشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''قیامت کے دن میرے سب زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو دُنیا سے اس طرح گیا جس طرح میں اسے چھوڑ کر جارہا ہوں۔'' اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میرے عِلاوہ تم میں سے ہر ایک کسی نہ کسی دنیاوی چیز سے وابستہ ہے۔ (2)

## مجھے امیر بننے کی خواہش نہیں:

﴿529﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: کسی نے مجھ سے کہا: ''آپ فلاں فلاں کی طرح جائیداد کیوں نہیں بناتے؟'' میں نے کہا: ''مجھے امیر بننے کی خواہش ہی نہیں ہے بلکہ میرے لئے ہر دن پانی یا دُودھ کا ایک گھونٹ اور ہفتہ بھر میں گندم کا صرف ایک قَفِیز (ایک پیمانے کا نام ہے) ہی کافی ہے۔'' (3)

﴿530﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''حضور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے عہدِ مُبارَک میں میری خوراک صرف ایک صَاع(4) تھی اور اب میں ساری

---

1......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۶۳۰، ج۲، ص ۱۵۰.

2......الزھد للامام احمد حنبل، زھد ابی ذر، الحدیث: ۷۹۵، ص ۱۷۰.

3......الزھد للامام احمد حنبل، زھد ابی ذر، الحدیث: ۸۰۰، ص ۱۷۰.

4......صاع عرب کے پیمانوں میں ایک پیمانہ ہے اور ایک صاع ہمارے ۸۰ تولہ والے سیر سے قریباً ساڑھے چار سیر ہوتا ہے۔ (مرأۃ المناجیح، ج۳، ص ۲٤)



www.dawateislami.net

زندگی اس مقدار پر اِضافہ نہیں کروں گا۔'' (1)

﴿531﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک دن میں رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اے ابوذَر! تم نیک انسان ہو، عنقریب میرے بعد تمہیں آزمائش آئے گی۔'' میں نے عرض کی: ''کیا یہ آزمائش راہِ خدا میں آئے گی؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں!'' تو میں نے عَرض کی: ''میں رضائے اِلٰہی میں آنے والی ہر آزمائش کو مرحبا کہتا ہوں۔'' (2)

﴿532﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''قبیلۂ بنواُمَیَّہ نے مجھے قتل اور فقر کی دھمکیاں دیں حالانکہ مجھے زمین کا پیٹ اس کی پشت سے اور ناداری مالداری سے زیادہ پسند ہے۔'' اس پر کسی نے کہا: ''اے ابوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! کیا بات ہے جب بھی آپ کسی قوم کے پاس بیٹھتے ہیں تو وہ آپ کو چھوڑ کر اُٹھ جاتے ہیں؟'' فرمایا: ''اس کی وجہ یہ ہے کہ میں ان کو مال جمع کرنے سے مَنْع کرتا ہوں۔'' (3)

## آگ کا انگارہ:

﴿533﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میرے خلیل، محبوب رب جلیل صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے عَہد لیا کہ جو بھی سونا چاندی جمع کرے گا یہ اس کے لئے آگ کا اَنگارہ ہو گا مگر یہ کہ اسے راہِ خُدا میں خرچ کر دیا جائے۔'' (4)

﴿534﴾......حضرت سیِّدُنا ثابِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس سے گزرے جو اپنا گھر تعمیر کروا رہے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم پتھروں کو لوگوں کی پشتوں پر اُٹھوا رہے ہو؟'' انہوں نے کہا: ''میں اپنے لئے گھر بنوا رہا ہوں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر وہی بات کہی۔'' انہوں نے جواب دیا: ''اے میرے بھائی! شاید آپ اس

---

1 ......الإستِیعاب فی مَعرِفَۃالاصحاب ،الرقم ۳۴۳ جُندُب بن جُنادۃ ابوذَر الغِفاری، ج۱،ص۳۲۳.

2 ......البحرالزخارالمعروف بمسند البزار ، مسند ابی ذر الغِفَاری ،الحدیث: ۳۸۹٤، ج۹،ص۳۳۹.

3 ......مصنف ابن ابی شیبۃ ،کتاب الزھد ، کلام ابی ذر ، الحدیث: ۱۰، ج۸، ص ۱۸٤ ،مختصراً.

4 ......المعجم الکبیر،الحدیث: ۱۶۳٤ ،ج۲،ص ۱۵۱.



www.dawateislami.net

کام کو اچھا نہیں سمجھتے۔'' فرمایا: ''تمہارا اپنے گھر والوں کی گندگی میں ہونا مجھے تمہاری اس حالت سے زیادہ پسند ہے جس میں، میں تمہیں دیکھ رہا ہوں۔''(1)

﴿535﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''لوگ مرنے کے لئے پیدا ہوتے ہیں، ویران کرنے کے لئے مکان تعمیر کرواتے ہیں، فنا ہونے والی چیز کی حرص رکھتے ہیں اور باقی رہنے والی (یعنی آخرت) کو بھلا دیتے ہیں۔ سنو! مَوت اور غُربت کتنی اچھی ہیں حالانکہ لوگ انہیں ناپسند جانتے ہیں۔''(2)

## ہر مال میں 3 حصے دار ہیں:

﴿536﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مال میں 3 حصّے دار ہوتے ہیں: (۱) تقدیر، یہ وہ حصّے دار ہے جسے بُھلائی اور بُرائی (یعنی مال یا تجھے ہلاک کرنے) میں تیری اِجازت کی حاجت نہیں۔ (۲) دوسرا حصّے دار تیرا وارِث، اسے اس بات کا انتظار ہے کہ تو مرے اور یہ تیرے مال پر قبضہ کرلے اور (۳) تیسرا حصے دار تُو خود ہے مذمت کیا ہوا، یقیناً تم ان دونوں حصے داروں کو عاجز نہیں کر سکتے لہٰذا اپنا مال راہِ خدا میں خرچ کر دو۔

بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان عالیشان ہے:

لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّ حَتّٰى تُنۡفِقُوۡا مِمَّا تُحِبُّوۡنَ ؕ (پ ٤،ال عمران:۹۲)

ترجمۂ کنزالایمان: تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہِ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو۔

اس آیتِ کَرِیْمَہ کی تِلاوت کرنے کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے اونٹوں کی طرف اشارہ کرکے فرمانے لگے مجھے میرے مال میں یہ اونٹ سب سے بڑھ کر پسند ہیں اس لئے میں انہیں خیرات کرکے اپنے لئے آخرت میں ذخیرہ کرنا پسند کرتا ہوں۔''(3)

## ایک چادر کے حساب کا ڈر:

﴿537﴾......حضرت سیِّدُنا ابوشُعْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری

(1)......الزهد للامام احمد حنبل ،زهد ابی ذر ،الحدیث:۷۹۱،ص۱۶۹.

(2)......الزهد لابن المبارك،باب النهی عن طول الأمل،الحدیث:۲۶۲،ص۸۸.

(3)......الزهد لهناد بن السری ،باب الطعام فی الله ،الحدیث:٦٥١،ج١،ص٣٤٨.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوکر کچھ مال پیش کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہمارے پاس دودھ کے لئے بکری، سواری کے لئے گدھا اور خدمت کے لئے بیوی ہے اور ایک چادر ضَرورت سے زائد ہے اور میں اس کی وجہ سے خوف زدہ ہوں کہ کہیں مجھ سے اس کا حساب نہ لے لیا جائے۔'' (1)

﴿538﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم پر ایک ایسا زمانہ ضَرور آئے گا کہ مالدار پر اس طرح رشک کیا جائے گا جس طرح آج عاشر (یعنی زکوۃ وُصول کرنے والے) پر کیا جاتا ہے۔'' (2)

﴿539﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسَلِیل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی صاحبزادی اس حالت میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس آئی کہ اُون کے دو کپڑے پہن رکھے تھے۔ گال پچکے ہوئے تھے اور کھجور کے پتوں کی ٹوکری اٹھائی ہوئی تھی۔ اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے رُفقا کے درمیان تشریف فرما تھے۔ ''بیٹی نے عرض کی: ''ابا جان! کسان اور کاشتکار کہتے ہیں کہ آپ کے یہ سکے کھوٹے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بیٹی! انہیں رکھ دو۔'' اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے کہ آج تیرے باپ نے اس حال میں صبح کی ہے کہ ان کھوٹے سکوں کے سوا کوئی سونا چاندی اس کی ملکیت میں نہیں ہے۔'' (3)

﴿540﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''2 درہم والے کا حساب ایک درہم والے کے حساب سے سخت ہوگا (یعنی جتنا مال زیادہ اتنا وبال زیادہ)۔'' (4)

## کاش میں درخت ہوتا!

﴿541﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جو میں جانتا ہوں اگر تم جان لو تو اپنی عورتوں سے بے تکلف ہونا چھوڑ دو اور تمہیں اپنے بستروں پر بھی سکون حاصل نہ ہو۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں یہ پسند کرتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے درخت بنا دیتا جسے کاٹ دیا جاتا اور اس کا پھل کھا لیا جاتا۔'' (5)

1......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٦٣١، ج٢، ص١٥٠.

2......المستدرک، کتاب الفتن و الملاحم، باب یبعث اللّٰہ ریحًا طیبةً......الخ، الحدیث: ٨٤٣١، ج٥، ص٦٣٦، بتغیرٍ.

3......صفة الصفوة، الرقم٦٤ ابو ذر جُندُب بن جُنَادة، ج١، ص٣٠٢، بتغیرٍ قلیلٍ.

4......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی ذر، الحدیث: ٣، ج٨، ص١٨٣.

5......المرجع السابق، الحدیث: ١ ـ الزھد لھناد بن السری، باب الطعام فی اللّٰہ، الحدیث: ٤٥٠، ج١، ص٢٥٩.



www.dawateislami.net

## فرامینِ ابوذرغفاری:

﴿542﴾......حضرت سیِّدُنا حازِم عَبدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القَوِی ایک شامی بُزُرگ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَرغِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جو جنّت میں جانا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ دُنیوی مال وزر سے رَغبت نہ رکھے۔''

﴿543﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَرغِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''دُعا کی قبولیت کے لئے نیکی وبھلائی کی حیثیت ایسی ہے جیسی سالن میں نمک کی۔''(1)

﴿544﴾......حضرت سیِّدُنا عَوْن بن عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَرغِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اُن لوگوں میں نیکی وبھلائی کی رغبت اور جذبہ زیادہ ہوتا ہے جن میں کوئی پرہیزگار اور گناہوں سے توبہ کرنے والا ہوتا ہے۔''(2)

## فکرِ آخرت:

﴿545﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن واسع رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَرغِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے وصال کے بعد ایک بصری شخص آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ کے پاس آیا اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عبادت کے بارے میں پوچھا۔ والدہ ماجدہ نے بتایا کہ ''ان کا سارا دن فکرِ آخرت میں گزرتا تھا۔''(3)

﴿546﴾......امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ہمیں خبر ملی کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا ابوذَرغِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو آرام کے لئے جگہ تلاش کرتے دیکھا تو کہا: ''اے ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ کیا کر رہے ہیں؟'' جواب دیا: ''میں کوئی ایسی جگہ تلاش کر رہا ہوں جہاں آرام کرسکوں کیونکہ میرا نفس میری سواری ہے اگر میں نے اس کے ساتھ نرمی نہ برتی تو یہ مجھے میری منزل تک نہیں پہنچائے گا۔''(4)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة ،کتاب الدعاء، باب الدعاء بلا نیة ولا عمل، الحدیث:٤،ج٧،ص٤٠.

2 ......الزھد للامام احمدبن حنبل، زھد ابی ذر، الحدیث:٧٩٢،ص١٦٩.

3 ......صفة الصفوة،الرقم٦٤ابو ذرجُندُب بن جُنَادة،ج١، ص٣٠١، مفھومًا.

4 ......الزھد لابن المبارك، باب فضل ذکر اللّٰه، الحدیث: ١٣٣٧، ص٤٧٠، مختصراً.



www.dawateislami.net

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا نصیحت بھرا بیان:

﴿547﴾......حضرت سیِّدُنا سُفْیَان ثَوْرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے کعبہ کے پاس کھڑے ہوکر فرمایا: اے لوگو! میں جُنْدُب غِفَاری ہوں۔ اپنے شَفْقَت ونصیحت کرنے والے بھائی کے پاس جمع ہوجاؤ! سب لوگ جمع ہوگئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی سفر پر جاتا تو کیا وہ زادِراہ (یعنی سفر میں کام آنے والا ضَروری سامان) ساتھ نہیں لیتا جس سے ضَروریات پوری ہوں اور اپنی منزل تک پہنچ سکے؟'' لوگوں نے عرض کی: ''کیوں نہیں!'' فرمایا: ''تو سنو! قیامت کا سفر سب سے طویل ہے۔ اس کے لئے خوب زادِراہ تیار کرو جو تمہارے کام آسکے۔'' حاضرین نے پوچھا: ''وہ کیا ہے جو اس میں ہمارے کام آئے؟'' فرمایا: ''بڑے بڑے دُشوار کاموں سے بچنے کے لئے حج کرو۔ روزِ قیامت کی گرمی وتپش سے حفاظت کے لئے سخت گرمی کے دنوں میں بھی روزے رکھو۔ قَبْر کی وحشت وگھبراہٹ سے نجات حاصل کرنے کے لئے رات کی تاریکی میں نماز ادا کیا کرو۔ حساب کے دن کی پیشی کے لئے اچھی بات کہو اور بُری سے باز رہو۔ قیامت کی سختیوں سے بچنے کے لئے اپنا مال صَدَقہ کرو۔ دنیا میں صرف دو قسم کی محفل اختیار کرو ایک وہ جو طَلَبِ آخرت کے لئے ہو اور دوسری وہ جو طَلَبِ حَلال کے لئے ہو اور ان کے علاوہ کوئی تیسری محفل اختیار نہ کرنا کہ اس میں تمہارے لئے کوئی نَفْع نہیں بلکہ وہ تمہارے لئے نقصان دِہ ثابت ہوگی۔ اسی طرح اپنے مال کو بھی دو حصّوں میں بانٹ لو، ایک حصّہ اہل وعیال پر خرچ کرو اور دوسرا راہِ خُدا میں خرچ کرکے اپنی آخرت کے لئے ذخیرہ کرلو ان کے علاوہ کوئی تیسرا حصّہ مت بناؤ کہ اس میں سراسر نقصان ہے، فائدہ کچھ نہیں۔'' اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بلند آواز سے فرمایا: ''لوگو! حرص (سے بچو کہ اس) میں تمہارے لئے ہَلاکت ہے کیونکہ یہ کبھی ختم نہیں ہوتی اور نہ ہی تم اسے پوار کرسکتے ہو۔'' (1)

﴿548﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد سے مروی ہے کہ ایک بزرگ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرمارہے تھے کہ ہمیں حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا یہ فرمان پہنچا: ''اے لوگو! میں تمہیں نصیحت کرتا اور تم پر شَفْقَت کرتا ہوں۔ قَبْر کی وَحْشَت سے بچنے کے لئے رات کی تاریکی میں نماز ادا کیا کرو۔ قیامت کی گرمی سے

(1)......اخبار مکة للفاکھی، باب ذکر خطبة ابی ذر، الحدیث: ۱۹۰٤، ج۳، ص۱۳٤۔
صفة الصفوة، الرقم ٦٤، ابو ذر جُنْدُب بن جُنَادة، ج۱، ص۳۰۱.



www.dawateislami.net

بچنے کے لئے روزے رکھو اور سخت دن (یعنی محشر) کے خوف سے (حفاظت کے لئے) صَدَقہ کرو۔ اے لوگو! میں تمہارا خیر خواہ اور تم پر شفیق ہوں۔'' (1)

﴿549﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ آیت بار بار پڑھتے اور مجھے سناتے:

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ (پ۲۸، الطلاق:۲، ۳)

ترجمۂ کنزالایمان: اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہو۔ (2)

﴿550﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابوذَر! ایک ایسی آیت ہے کہ اگر لوگ اس پر عمل کریں تو وہ انہیں کفایت کرے۔ اس کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرے سامنے بار بار اس آیتِ کریمہ کی تِلاوت فرمائی:

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ (پ۲۸، الطلاق:۲، ۳)

ترجمۂ کنزالایمان: اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہو۔''(3)

## 27 سوالات وجوابات:

﴿551﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں مَسْجِد میں داخل ہوا تو حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تنہا تشریف فرما تھے۔ میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قریب بیٹھ گیا تو ارشاد فرمایا: ''ابوذَر! دو رکعت تحیة المسجد ادا کرلو۔'' فرماتے ہیں: میں وہاں سے اُٹھا نماز ادا کی اور پھر

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد ابی ذر، الحديث: ۸۰۲، ص ۱۷۱.

2 ......المعجم الاوسط، الحديث: ۲۴۷۴، ج۲، ص ۵۱۔

الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی ذر، الحديث: ۷۹۰، ص ۱۶۹.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد ابی ذر، الحديث: ۷۹۰، ص ۱۶۹.



www.dawateislami.net

خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر بیٹھ گیا اور

عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آپ نے مجھے نماز پڑھنے کا حکم دیا، یہ ارشاد فرمائیں کہ نماز کیا ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''نماز کم ہو یا زیادہ اس میں خیر ہی خیر ہے۔''

**میں نے عرض کی:** ''افضل ترین عمل کون سا ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان لانا اور اس کی راہ میں جہاد کرنا۔''

**میں نے عرض کی:** ''ایمان میں کامل کون ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''سب سے اچھے اَخلاق والا۔''

**میں نے عرض کی:** ''اِسلام میں کامل کون ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے لوگ محفوظ رہیں۔''

**میں نے عرض کی:** ''افضل ترین ہجرت کون سی ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''گناہوں کو ترک کر دینا۔''

**میں نے عرض کی:** ''افضل نماز کون سی ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''جس میں قیام طویل ہو۔''

**میں نے عرض کی:** ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! روزوں کے بارے میں ارشاد فرمایئے!''

**ارشاد فرمایا:** ''روزے فرض ہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں اس کا اَجر کئی گنا ہے۔''

**میں نے عرض کی:** ''افضل جہاد کون سا ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''جس میں گھوڑے کے پاؤں کٹ جائیں اور اس کا خون بہہ جائے۔''

**میں نے عرض کی:** ''کیسا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟''

**ارشاد فرمایا:** ''جو قیمتی اور مالک کو پسند ہو۔''

**میں نے عرض کی:** ''افضل صَدَقَہ کون سا ہے؟''


www.dawateislami.net

ارشادفرمایا: ''مال کم ہونے کی صورت میں بھی فقیر کی حاجت روائی کرنا۔''

میں نے عرض کی: ''قرآنِ حکیم کی سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟''

اِرشادفرمایا: ''آیت الکرسی۔'' پھر فرمایا: ''اے ابوذَر! کرسی اور ساتوں آسمانوں کی حیثیت میدان میں پڑی انگوٹھی کی مانند ہے اور عرش کی فضیلت کرسی پر ایسی ہے جیسی میدان کی فضیلت انگوٹھی پر۔''

میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کی تعداد کتنی ہے؟''

ارشادفرمایا: ''(کم وبیش) ایک لاکھ چوبیس ہزار (1,24,000)۔''[1]

میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے کتنے رسول مبعوث فرمائے؟''

ارشادفرمایا: ''313 کا جمِ غفیر۔''

میں نے عرض کی: ''یہ کثرت تو اچھی ہے۔''

پھر عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! پہلے نبی کون ہیں؟''

ارشادفرمایا: ''حضرت آدم (عَلَیْہِ السَّلَام)۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا وہ نبی مُرسَل ہیں؟''

ارشادفرمایا: ''ہاں! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں اپنے دستِ قُدرت سے پیدا فرمایا اور ان میں اپنی طرف کی رُوح پھونکی پھر سب سے پہلے انہیں ٹھیک (یعنی سالمُ الاَعْضاء) بنایا۔''

حضرت سیِّدُنا اَحمد بن اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی روایت میں ہے کہ ''پھر سب سے پہلے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان سے کلام فرمایا۔'' اس کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابوذَر! **4 نبی سُریانی ہیں:** (۱) حضرت آدم (۲) حضرت شِیث (۳) حضرت نُوح اور وہ اِدْرِیس (عَلَیْہِمُ السَّلَام) ہیں اور یہ پہلے انبیا ہے

---

1 ......دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' جلد اوّل صَفْحَہ 52 پر ہے: ''انبیاء (عَلَیْہِمُ السَّلام) کی کوئی تعداد معین کرنا جائز نہیں کہ خبریں (یعنی اَحادیث) اس باب (یعنی بارے) میں مُختلِف ہیں اور تعدادِ معین (یعنی ایک تعداد مخصوص کرکے اس) پر ایمان رکھنے میں نبی کو نبوت سے خارج ماننے (یعنی کسی نبی کی نبوت کا انکار کرنے) یا غیر نبی کو نبی جاننے کا اِحْتِمال ہے اور یہ دونوں باتیں کُفر ہیں لہٰذا یہ اِعْتِقاد چاہیے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے۔''



www.dawateislami.net

جنہوں نے قلم سے لکھا اور (۴) نُوح (عَلَیْہِ السَّلَام) ۔اور چار نبی عَرَبی ہیں: (۱) ہُود (عَلَیْہِ السَّلَام) (۲) صالح (عَلَیْہِ السَّلَام) (۳) شُعَیب (عَلَیْہِ السَّلَام) اور اے ابوذر! (۴) تیرے نبی (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم)۔''

**میں نے عرض کی:** ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے کتنی کتابیں نازل فرمائیں؟''

**ارشادفرمایا:** ''100 صحیفے اور 4 کتابیں۔ 50 صحیفے حضرت شیث (عَلَیْہِ السَّلَام) پر، 30 صحیفے حضرت اِدْرِیس (عَلَیْہِ السَّلَام) پر، 10 صحیفے حضرت ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَام) پر اور 10 صحیفے حضرت موسیٰ (عَلَیْہِ السَّلَام) پر تورات سے پہلے نازل کئے۔ اس کے علاوہ تورات، انجیل، زبور اور قرآنِ حکیم نازِل فرمایا۔''

**میں نے عرض کی:** ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! حضرتِ سیِّدُنا ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کے صحیفوں میں کیا تھا؟''

**ارشادفرمایا:** ''وہ سب عبرت ونصیحت پر مشتمل تھے اس میں تھا کہ اے دُنیا کے دھوکے میں مُبْتَلا بادشاہ! ہم نے تمہیں دنیا اکٹھی کرنے نہیں بھیجا بلکہ تمہیں مَظْلُوم کی حاجت روائی کرنے کے لئے بھیجا ہے کیونکہ میں مظلوم کی دعا رد نہیں کرتا اگرچہ کافر ہو۔ اس میں یہ بھی تھا کہ عقلمند کو چاہئے کہ جب تک اس کی عقل مغلوب نہ ہو اپنے وقت کو اس طرح تقسیم کرے کہ ایک گھڑی اپنے پروردگار عَزَّوَجَلَّ سے مُناجات کرے، ایک گھڑی میں اپنا مُحاسبہ کرے، ایک میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مخلوق میں غوروفکر کرے اور ایک گھڑی کھانے پینے کے لئے چھوڑ رکھے۔ عقلمند صرف تین چیزوں کے لئے سفر کرتا ہے آخرت بنانے، روزی کمانے یا حلال چیزوں سے فائدہ اٹھانے کے لئے۔ عقلمند پر لازم ہے کہ اپنے زمانے کے حالات سے واقف، اس کے مُعَاملات سے آگاہ ہو اور اپنی زبان کی حِفاظَت کرے۔ باتیں کرنے کے بجائے کام کرے اور اس کا کلام فُضُول باتوں پر مشتمل نہ ہو۔''

**میں نے عرض کی:** ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! حضرتِ سیِّدُنا موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام کے صحیفوں میں کیا تھا؟''

**ارشادفرمایا:** ''ان تمام میں عبرت کا بیان تھا کہ تَعَجُّب ہے اس پر جو موت کا یقین رکھتا ہے پھر بھی خوش ہوتا ہے۔ تعجب ہے اس پر جو تقدیر پر ایمان رکھتا ہے پھر بھی رزق کی تلاش میں مارا مارا پھرتا ہے۔ تَعَجُّب ہے اس پر جو دُنیا کی حقیقت سے آگاہ ہے پھر بھی اسے قبول کر کے مطمئن ہو جاتا ہے اور تَعَجُّب ہے اس پر جسے یقین ہے کہ کل اسے حساب


www.dawateislami.net

دیتا ہے پھر بھی نیک اَعمال نہیں کرتا۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے نصیحت فرمائیے!''

ارشاد فرمایا: ''میں تمہیں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ تقویٰ تمام اچھے اَعمال کی بنیاد ہے۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مزید ارشاد فرمائیے!''

ارشاد فرمایا: ''قرآنِ مجید کی تِلاوت اپنے اوپر لازم کرلو کہ یہ زمین میں تمہارے لئے نور اور آسمانوں میں تمہارے تذکرے کا باعث ہے۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مزید اِرشاد فرمائیے!''

ارشاد فرمایا: ''زیادہ ہنسنے سے بچو کیونکہ اس سے دِل مردہ اور چہرہ اُفسُردہ ہوجاتا ہے۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مزید اِرشاد فرمائیے!''

اِرشاد فرمایا: ''اچھی بات کے سوا کچھ نہ کہو۔ شیطان تم سے دور بھاگے گا اور نیکیوں میں مدد ملے گی۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مزید اِرشاد فرمائیے!''

ارشاد فرمایا: ''جہاد کو لازم پکڑو۔ یہ میری اُمَّت کی رہبانیت ہے۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مزید ارشاد فرمائیے!''

ارشاد فرمایا: ''غریبوں سے محبت اور اُن کی صُحبت اِختیار کیا کرو۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مزید ارشاد فرمائیے!''

ارشاد فرمایا: ''(دُنیوی مُعامَلات میں) اپنے سے کم دَرَجے والوں کو دیکھو بلند درجہ والوں (یعنی اپنے سے زیادہ مالداروں) کی طرف نہ دیکھو کہ تمہیں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمتوں کی کمی کا اِحساس ہو۔''

میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مزید نصیحت فرمائیں!''

اِرشاد فرمایا: ''اپنے رشتے داروں سے صلہ رحمی کرو اگرچہ وہ تم سے قطع تَعَلُّق کرلیں۔'' مزید فرمایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے بارے میں کسی کی ملامت سے نہ ڈرو اور حق بات کہو اگرچہ کڑوی ہو۔''

میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مزید کچھ ارشاد فرمائیے!''



www.dawateislami.net

اِرشادفرمایا:''دوسروں کی ان خامیوں پراعتراض نہ کروجوتمہارے اندر پائی جاتی ہیں اوران کاموں پرغصہ نہ کرو جنہیں تم خودبھی کرتے ہواورکسی کی غیبت کے لئے یہی بات کافی ہے کہ تم اس کے بارے میں ایسی بات کہوجسے اپنے لئے بُرا جانتے ہو یادوسروں کے ان کاموں پرغصہ کروجنہیں تم خودبھی کرتے ہو۔''

حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: پھرآپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا دستِ اقدس میرے سینے پر مارکرفرمایا:''اے ابوذَر! کفایت شِعاری سے بڑھ کرکوئی عقلمندی نہیں، گناہوں کوچھوڑنے سے بڑھ کرکوئی تقویٰ وپرہیزگاری نہیں اورحُسنِ اَخْلَاق سے بڑھ کرکوئی شرافت نہیں۔'' (1)

﴿552﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوذَر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں:''ایک دن حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مَسْجِد میں تشریف فرماتھے۔میں نے اس تنہائی کوغنیمت جانا۔پھرپچھلی حدیث کی طرح بیان فرمایاالبتہ اس روایت میں اتنازائد ہے کہ میں نے عرض کی:''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! حضرت سیِّدُ نا ابراہیم وحضرت سیِّدُ نا موسیٰ عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے صحیفوں کی کوئی ایسی بات اِرشادفرمائیے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر بھی نازل فرمائی ہو؟'' اِرشادفرمایا:اے ابوذَر! پڑھو:

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ﴿۱۶﴾ وَ الْاٰخِرَةُ خَیْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَ مُوْسٰى ﴿۱۹﴾ (پ۳۰،الاعلیٰ:۱۴تا۱۹)

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک مرادکوپہنچا جوستھرا ہوااوراپنے رب کا نام لے کرنماز پڑھی بلکہ تم جیتی دنیا کوترجیح دیتے ہواور آخرت بہتراورباقی رہنے والی بے شک یہ اگلے صحیفوں میں ہے ابراہیم اورموسیٰ کے صحیفوں میں۔ (2)

---

(1)......الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب البر، باب ماجاء فی الطاعات وثوابها،الحدیث:۳۶۲،ج۱،ص۲۸۷۔
المسند للامام احمد بن حنبل،حدیث ابی ذر الغِفاری،الحدیث:۲۱۵۵۶،ج۸،ص۱۱۷۔
المعجم الکبیر،الحدیث:۱۶۵۱،ج۲،ص۱۵۷۔

(2)......الکامل فی ضعفاء الرجال لابن عدی،الرقم۲۱۴۲ یحیی بن سعید السعدی،ج۹،ص۱۰۷۔
کتاب الثقات لابن حبان،السنة العاشرة من الهجرة،ج۱،ص۱۵۰۔



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اکثر بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَاالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر رہتے اور ہم نشینی کا شرف پاتے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سوال کرنے اور مسائل یاد کرنے کے معاملے میں حریص تھے اور جو اِستفادہ کرتے اس پر ہمیشہ پابند رہا کرتے۔ انہوں نے حُضُور نبی رَحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ایمان، احسان، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دیدار اور اس کے پسندیدہ کلام کے بارے میں اِسْتِفْسار کیا نیز شبِ قدر کے بارے میں سوال کیا کہ کیا وہ انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ساتھ اُٹھالی جائے گی یا باقی رہے گی؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ہر چیز کے بارے سوال کیا یہاں تک کہ نماز میں کنکریوں کو چھونے کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ چنانچہ،

﴿553﴾......آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے ہر چیز کے مُتَعَلِّق رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سوال کیا یہاں تک کہ نماز میں کنکریوں کے چھونے کے مُتَعَلِّق بھی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''ایک مرتبہ ہٹالو یا چھوڑ دو[1]۔''[2]

﴿554﴾......حضرت سیِّدُنا قُرَظی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذَر غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رَبَذہ کی طرف نکلے تو آپ کا وقتِ وصال قریب آ گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لوگوں کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: ''مجھے غُسل دے کر، کفن پہنا کر راستے میں ڈال دینا پھر سب سے پہلے گزرنے والے قافلہ سے میرا حال بیان کرنا کہ یہ حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابی ابوذَر ہیں۔ اسے دفنانے میں ہماری مدد کرو۔'' چنانچہ، سب سے پہلے حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا اہلِ عراق کے قافلے کے ساتھ گزر ہوا۔[3]

---

1......دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صَفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' جلد اوّل صَفحہ 625 پر صدرُ الشَّریعہ حضرتِ علّامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''(نماز میں) کنکریاں ہٹانا مکروہ تحریمی ہے، مگر جس وقت کہ پورے طور پر بروجہ سنّت سجدہ ادا نہ ہوتا ہو، تو ایک بار کی اجازت ہے اور بچنا بہتر ہے اور اگر بغیر ہٹائے واجب ادا نہ ہوتا ہو تو ہٹانا واجب ہے، اگرچہ ایک بار سے زیادہ کی حاجت پڑے۔ (الدرمختار وردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب مایفسد الصلاۃ......الخ، ج۲، ص۴۹۳)

2......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی ذر الغِفَاری، الحدیث:۲۱۵۰۲، ج۸، ص۱۰۲.

3......الطبقات الکبرٰی لابن سعد، الرقم ۴۳۲ ابو ذَر، ج۴، ص۱۷۷.



www.dawateislami.net

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا وصالِ پُرملال:

﴿555﴾......حضرت سیدتنا اُمِّ ذَر رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی عَنْھَا فرماتی ہیں کہ جب حضرت سیِّدُ نا ابوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا وقت وصال قریب آیا تو میں رو پڑی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے رونے کی وجہ پوچھی تو میں نے عرض کی: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے کفن کا کوئی بندوبست نہیں ہے، نہ تو میرے کپڑوں میں ایسا کوئی کپڑا ہے اور نہ ہی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے پاس کوئی ایسا کپڑا ہے جو کفن کو کفایت کرے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: مت رو! بے شک رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ایک ایسی جماعت سے فرمایا جس میں میں بھی شامل تھا کہ ''تم میں سے ایک شخص صحراء میں وفات پائے گا اور مؤمنین کی ایک جماعت اس کے جنازہ میں حاضر ہوگی۔'' اب اس جماعت میں سے صرف میں ہی بچا ہوں جو صحراء میں فوت ہو رہا ہوں کیونکہ باقی سب کسی بستی یا مسلمانوں کی جماعت میں فوت ہوئے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! نہ میں نے جھوٹ بولا اور نہ مجھ سے جھوٹ بولا گیا۔'' زوجۂ محترمہ نے عرض کی: ''اب تو حجاج کے قافلے بھی آنا بند ہو گئے ہیں۔'' پھر مزید قافلہ دیکھنے کے لئے ٹیلے پر چڑھیں تو اچانک دُور سے انہیں ایک قافلہ نظر آیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھَا کپڑا اہلا اہلا کر انہیں اپنی طرف متوجہ کرنے لگیں یہاں تک کہ وہ قافلہ آپ کے پاس آ کر رُک گیا اور پوچھا: ''کیا بات ہے؟'' حضرت سیدتنا اُمِّ ذَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھَا نے فرمایا: ''ایک مسلمان مرنے کے قریب ہے تم اس کے کفن ودفن کا بندوبست کرو۔'' قافلے والوں نے پوچھا: ''وہ کون ہے؟'' فرمایا: ''ابوذَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ۔''

چنانچہ، قافلہ والوں نے اپنے اونٹوں کو ہانکا اور اپنے گوڑوں کو ان کی گردنوں کے ساتھ باندھ کر جلدی جلدی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: تمہیں بشارت ہو! کیونکہ میں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ایک ایسی جماعت سے کہ جس میں، میں بھی شامل تھا یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''تم میں سے ایک شخص صحراء میں وفات پائے گا اور مؤمنین کی ایک جماعت اس کے جنازہ میں حاضر ہوگی۔'' لہٰذا ان میں سے ہر شخص کسی گاؤں یا جماعت میں فوت ہوا اور میں صحراء میں فوت ہو رہا ہوں۔ تم سن رہے ہو کہ اگر میرے پاس یا میری بیوی کے پاس اتنا کپڑا ہوتا جو میرے کفن کے لئے کافی ہوتا تو مجھے صرف اسی کپڑے کا کفن پہنایا جاتا۔ میں تمہیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اسلام کا واسطہ دیتا ہوں کہ مجھے کوئی ایسا شخص کفن نہ دے جو کسی علاقے کا امیر،


www.dawateislami.net

نجومی، سرکاری ملازم یا ڈاکیا ہو۔'' چنانچہ، قافلے والوں میں سوائے ایک انصاری نوجوان کے کوئی بھی ایسا نہ تھا جس میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کہی ہوئی تمام باتیں پائی جاتی ہوں۔ اس نوجوان نے عرض کی: ''اے چچا! میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کفن دوں گا کیونکہ جو باتیں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمائیں ہیں میں ان سے خالی ہوں۔ میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اُوپر اوڑھی ہوئی چادر اور ان دو کپڑوں میں کفن دوں گا جو میری والدہ نے میرے لئے سوت سے تیار کئے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم ہی مجھے کفن دینا۔'' لہٰذا انصاری نوجوان نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کفن دیا حالانکہ اس قافلہ میں حضرت سیِّدُنا حُجر بن اَدْبَر اور حضرت سیِّدُنا مالِک اَشْتَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی موجود تھے اور یہ سارے کے سارے یمنی تھے۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا عُتْبَہ بن غَزْوَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا عُتْبَہ بن غَزْوَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ساتویں نمبر پر اسلام قبول کیا۔ حکومت و سَلْطَنَت سے بالکل دل نہ لگاتے تھے۔ شہروں اور ملکوں کی اِمارت کو بھی ٹھکرا دیتے تھے۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بصرہ میں مَسْجِد و منبر کی تعمیر کروانے کے بعد اِمارت سے مُسْتَعْفِی ہو گئے، رَبْذَہ میں وفات پائی، دُنیا کی ناپائیداری و بے ثباتی اور حوادثِ زمانہ پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا خُطْبَہ مشہور ہے۔

## حقیقتِ دُنیا کو بے نقاب کرنے والا بیان:

﴿556﴾...... حضرت سیِّدُنا خالد بن عُمیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک دن حضرت سیِّدُنا عُتْبَہ بن غَزْوَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: ''اے لوگو! بلاشبہ دُنیا اپنے فنا ہو جانے کا اِعلان کر چکی ہے اور پیٹھ پھیرے جا رہی ہے اس میں سے صرف اتنا باقی ہے جتنا کہ تلچھٹ (یعنی برتن کی تہہ میں رہ جانے والی چیز)۔ سنو! تم اس گھر میں مقیم ہو جہاں سے ایک دن ضَرور تمہیں نکلنا ہے۔ اس لئے جہاں تک ہو سکے نیک اَعمال لے کر اس گھر سے جاؤ۔ میں اس بات سے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں کہ اپنے آپ کو بڑا سمجھوں جبکہ میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں چھوٹا

(1)...... الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب التاریخ، باب اخباره عمایکون فی امته من الفتن والحوادث، الحدیث: ٦٦٣٥/٦٦٣٦، ج٨، ص ٢٣٤.


www.dawateislami.net

ہوں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میرے بعد حکمرانوں کو آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بخدا! خِلافتِ نبوت (یعنی خِلافت رَاشدہ) ختم ہو چکی ہے اور اب صرف امارت وحکومت رہ گئی ہے۔ میں ان سات صحابہ میں سے ساتواں ہوں جو رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ ہوتے تھے، ہمارے پاس کھانے کو صرف درختوں کے پتے ہوا کرتے تھے جنہیں کھا کر ہم گزارہ کیا کرتے اور انہیں کھانے کی وجہ سے ہمارے جبڑے زخمی ہو جایا کرتے تھے۔ ایک بار مجھے ایک چادر ملی میں نے اس کے دو ٹکڑے کر کے آدھی حضرت سَعْد بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دی اور آدھی خود اوڑھ لی۔ یہ اس وقت کے حالات تھے جبکہ آج ان افراد میں سے جو بھی زندہ ہے وہ کسی نہ کسی علاقے کا حاکم ہے۔ ہائے افسوس! جہنم اس قدر گہرا ہے کہ اگر اس کے کنارے سے ایک پتھر پھینکا جائے تو 70 سال میں اس کی نچلی سطح تک پہنچے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! جہنم کو ضرور بھرا جائے گا اور کیا تم اس بات پر خوش نہیں کہ جنت کے ہر دو دروازں کے درمیان چالیس سال کا سفر ہے اور ایک دن ایسا آئے گا کہ اس کا ہر دروازہ رش کی وجہ سے چر چرا اٹھے گا۔'' (1)

## درختوں کے پتے کھا کر گزارہ کر لیتے:

﴿557﴾ ......حضرت سیِّدُنا عُتبہ بن غَزْوَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں ان سات صحابۂ کرام (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) میں سے ساتواں ہوں جو حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھے۔ اس زمانے میں ہمارے پاس کھانے کیلئے درختوں کے پتوں کے سوا کچھ نہیں ہوتا تھا یہاں تک کہ ہم اس طرح قضائے حاجت کرتے تھے جس طرح بکری مینگنیاں کرتی ہیں اور اس میں کوئی چیز ملی ہوئی نہیں ہوتی۔'' (2)

---

1 ......صحيح مسلم، كتاب الزهد، باب الدنيا سجن للمؤمن وجنة للكافر، الحديث: ۷۴۳۵، ص ۱۱۹۲، بتغير.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ۲۸۵، ج ۱۵-۱۷، ص ۱۱۶۔

المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی اسحاق سعد بن ابی وقاص، الحديث: ۱۴۹۸، ج ۱، ص ۳۶۸.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا مِقْدَادبن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا پورانام مِقْدَادبن عمرو بن ثَعْلَبہ ہے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدنا اَسْوَد بن عبد یَغُوث رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔اسلام قبول کرنے میں سَبقت کرنے والے اور میدانِ جنگ وجدال کے عظیم شہسواروں میں سے ہیں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور پرنور، شافِعِ یومُ النُّشُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو پانی پلانے اور کھانا کھلانے کا عزم کیا تو حاکمین سے تَعَلُّق ختم کردیئے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر دلائل روشن ہوئے اور علامتیں کھل گئیں۔پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جہاد وعبادت کو دیگر اُمُور پر ترجیح دیا کرتے تھے۔

## لوہے کا لباس اور تپتی زمین:

﴿558﴾......حضرت سیِّدُ ناعبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ''سب سے پہلے جنہوں نے دین اِسلام کی ترویج واِشاعت کی وہ سات شخصیات ہیں: (۱) نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم (۲) امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۳) حضرت سیِّدُ نا عَمّار رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۴) اُمِّ عَمّار حضرت سیِّدَتُنا سُمَیَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا (۵) حضرت سیِّدُ نا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۶) حضرت سیِّدُ نا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (۷) حضرت سیِّدُ نا مِقْدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حِفاظت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چچا (ابوطالب) کے ذریعے کروائی اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حِفاظت ان کی قوم سے کروائی اور ان کے علاوہ دوسرے مبلِّغین کو مشرکین لوہے کے لباس پہنا کر تپتی دھوپ میں ڈال دیا کرتے تھے۔'' (1)

## آقا صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پیارے:

﴿559﴾......حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن بُرَیدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے چار بندوں سے محبت کرنے کا حکم دیا اور فرمایا: ''میں بھی ان سے محبت کرتا ہوں۔'' اے علی! تم ان میں سے ہو اور مِقْدَاد، ابوذَر اور سلمان (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

(1)......سنن ابن ماجه، كتاب السنة ،باب فى فضائل اصحاب رسول الله......الخ، الحديث: ۱۵۰، ص۲٤۸٦.



www.dawateislami.net

عَنۡھُم) بھی ان میں سے ہیں۔“ (1)

﴿560﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ فرماتے ہیں: مجھے حضرت سیِّدُنا مِقۡدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی صحبت میں بیٹھنا روئے زمین کی ہر چیز سے زیادہ پسند ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ میدانِ جنگ کے شہسوار تھے۔ ایک بار سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا چہرۂ نور بار جلال کی وجہ سے سرخ تھا اس وقت حضرت سیِّدُنا مِقۡدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے حاضر ہو کر عرض کی: ”یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! بشارت ہو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اس طرح نہیں کہیں گے جس طرح بنی اسرائیل نے حضرت سیِّدُنا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیۡہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَام سے کہا تھا کہ:

فَاذۡهَبۡ اَنۡتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوۡنَ ﴿۲۴﴾ (پ٦،المائدۃ:٢٤)

ترجمۂ کنزالایمان: تو آپ جائیے اور آپ کا رب تم دونوں لڑو ہم یہاں بیٹھے ہیں۔

بلکہ اس ذات کی قسم جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبۡعُوث فرمایا! ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دائیں بائیں آگے پیچھے ہر طرف سے لڑیں گے یہاں تک اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فتح عطا فرمادے۔“ (2)

## جاں نثارانِ مصطفٰی:

﴿561﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن اِسحاق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مروی ہے کہ جب حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمَّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بدر تشریف لے جانے لگے تو اپنے جاں نثار صحابۂ کرام رِضۡوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡن سے مشورہ کیا۔ حضرت سیِّدُنا مِقۡدَاد بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے کھڑے ہو کر عرض کی: ”یارَسُوۡلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جو حکم دیا ہے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس پر عَمَل فرمائیں ہم آپ صَلَّی اللّٰہ

1 ......سنن ابن ماجه، كتاب السنة ،باب في فضائل اصحاب رسول الله......الخ، الحديث: ١٤٩، ص٢٤٨٦.

2 ......المسند للامام احمد حنبل،مسند عبد الله بن مسعود،الحديث:٤٣٧٦،ج٢،ص١٨٠۔

البحرالزخارالمعروف بمسند البزار، مسند عبد الله بن مسعود،الحديث:١٤٥٥،ج٤،ص٢٨٤۔

تاريخ الطبرى،ذكر وقعة بدرالكبرىٰ،الرقم ٨٩،ج٢، ص٩٤.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے ساتھ ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم سے وہ نہ کہیں گے جو بنی اسرائیل نے حضرت سیِّدُنا موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَام سے کہا تھا کہ:

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾ (پ۶، المائدة:۲۴)

ترجمۂ کنزالایمان: تو آپ جایئے اور آپ کا رب تم دونوں لڑو ہم یہاں بیٹھے ہیں۔

بلکہ ہم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مدد سے آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے ساتھ مل کر کُفّار سے جنگ کریں گے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم جس نے آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبعُوث فرمایا! اگر آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ہمیں بَرْکُ الْغِمَادْ (یعنی حبشہ و یمن کے شہروں میں) لے چلیں تو ہم وہاں جا کر بھی آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے ساتھ جہاد میں شریک ہونے کو تیار ہیں۔'' اس پر جانِ کائنات، شاہِ موجودات صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ کی تعریف فرمائی اور ان کے لئے دُعائے خیر کی۔ (1)

## سرکار صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم کے مہمان:

﴿562﴾...... حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسود رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ فرماتے ہیں: ''ایک مرتبہ میں نے اور میرے دو رَفیقوں نے اس قدر مُشَقَّت اٹھائی کہ ہماری آنکھیں اور کان ضائع ہونے کے قریب ہوگئے۔ ہم مختلف صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْن سے ملتے رہے لیکن کسی نے بھی ہم پر توجہ نہ دی۔ بالآخر رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ہمیں اپنی رہائش گاہ پر لے گئے اس وقت آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے اہل بیت کے پاس تین بکریاں تھیں جن کا دودھ آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ہمارے درمیان تقسیم فرماتے اور ہم آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کا حصّہ الگ کر دیا کرتے۔ آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم جب رات کو تشریف لاتے تو اتنی آواز میں سلام فرماتے کہ سونے والوں کی نیند میں خلل نہ آتا اور بیدار بآسانی سن لیتا۔''

مزید فرماتے ہیں کہ ''ایک دن شیطان نے میرے دل میں وسوسہ ڈالا کہ انصار حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی خدمت کرتے ہی رہتے ہیں۔ اس لئے آج اگر حُضُور پُرنور صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے حصّے کا دودھ بھی تُو پی لے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔'' فرماتے ہیں: ''شیطان کی طرف سے اس طرح کے خیالات آتے

1 ......السيرة النبوية لابن هشام، غزوة بدر الكبرىٰ، ابو بكر وعمر والمقداد و كلماتهم في الجهاد، ص۲۵۳.



www.dawateislami.net

رہے یہاں تک کہ میں نے حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حصے کا دودھ بھی پی لیا۔لیکن پینے کے بعد مجھے شرمندگی ہونے لگی (اور اس طرح کے خیالات آنے لگے) کہ یہ میں نے کیا کیا، جب سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تشریف لائیں گے اور اپنے حصّہ کا دودھ نہیں پائیں گے تو مجھے ہلاکت کی دُعا دیں گے اور میں ہلاک ہو جاؤں گا۔ میرے دونوں رفیق تو اپنے اپنے حصّے کا دودھ پی کر سو چکے تھے لیکن مجھے نیند نہیں آرہی تھی۔میرے پاس ایک چادر تھی جسے میں سر پر اوڑھتا تو پاؤں سے ہٹ جاتی اور پاؤں پر ڈالتا تو سر خالی رہ جاتا۔اتنے میں حُضُور نبیِ رحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنے معمول کے مطابق تشریف لے آئے پھر جب تک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا نماز ادا فرمائی۔نماز سے فراغت کے بعد جب اپنے حصے کا دودھ تلاش فرمایا تو کچھ نہ پایا۔پھر دُعا کے لئے ہاتھ اٹھا دیئے۔ میں نے کہا: اب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے لئے بددعا فرمائیں گے اور میں ہلاکت میں جا پڑوں گا۔ لیکن آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ یعنی یااللہ عَزَّوَجَلَّ! جس نے مجھے کھلایا اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا اسے پلا۔''

حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے چھری، چادر اٹھائی اور ایک فربہ بکری کی تلاش میں چل دیا تاکہ اسے رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لئے ذبح کرلاؤں لیکن دیکھا تو سب بکریاں دودھ سے بھری تھیں۔ میں نے اہلِ بیت کے کھانے کا برتن لیا دودھ دوہ کر اس برتن میں بھر لایا اور بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں پیش کر دیا۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس میں سے کچھ دودھ نوش فرمایا۔پھر مجھے عطا کر دیا۔میں نے اس میں سے پیا پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے نوش فرمایا پھر مجھے عطا فرمایا میں نے پھر پیا۔اس قدر بَرَکت دیکھ کر میں ہنس پڑا اور بقیہ دودھ زمین پر ڈال دیا۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''اے مِقْدَاد! یہ بُری بات ہے۔'' میں نے ساری بات کہہ سنائی تو ارشاد فرمایا: ''یہ تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت ہے اگر تم اپنے دونوں رفیقوں کو اٹھا دیتے تو وہ بھی سیر ہو جاتے۔'' میں نے عرض کی: ''آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبْعُوث فرمانے والے رب عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دودھ نوش فرمالیا اور میں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا بچا ہوا پی لیا تو مجھے اس کی پرواہ نہ رہی کہ کون رہ گیا ہے۔''(1)

(1)......مسند داود الطیالسی، المقداد بن الاسود، الحدیث: ۱۱۶۰، ص۱۵۸.



www.dawateislami.net

﴿563﴾……حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''جب ہم مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا پہنچے تو حُضُور اَقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے 10،10 کے حلقے بنا دیئے یوں ہر مکان میں 10 افراد تھے اور میں اُن 10 افراد میں تھا جو حُضُور پرنور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھے۔ ہمارے پاس ایک ہی بکری تھی ہم اسی کا دودھ پی کر گزارا کیا کرتے تھے۔'' (1)

﴿564﴾……حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک بار سرکارِ والا تبار، شہنشاہِ ابرار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے کسی کام کی ادائیگی کے لئے لوگوں پر حاکم مُقرّر فرمایا جب میں لوٹ کر دربارِ رِسالت میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: ''تم نے امارت کو کیسا پایا؟'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے یوں لگا جیسے سب لوگ میرے غُلام ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اب میں پوری زندگی کسی کام پر امیر نہیں بنوں گا۔'' (2)

﴿565﴾……حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک بار حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایک سریہ پر امیر بنا کر بھیجا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب واپس لوٹے تو حُضُور سراپا نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''اے ابومَعْبَد! (یہ حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے۔) اِمَارت کو کیسا پایا؟'' عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میری خدمت وعزّت کی جاتی تھی جس سے میں سمجھا کہ مجھے لوگوں پر فضیلت حاصل ہے۔'' سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''یہ بات تو ہے! اب تمہاری مرضی اسے قبول کرو یا چھوڑ دو۔'' انہوں نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبْعُوث فرمایا! میں آئندہ دو آدمیوں پر بھی کبھی امیر نہیں بنوں گا۔'' (3)

---

1……المعجم الکبیر ،الحدیث:٥٦٩،ج٢٠،ص٢٤٠.

2……الزھد الکبیر للبیھقی، فصل فی ترک الدنیا ومخالفة النفس والھوی ،الحدیث: ٣٠٦،ص١٤٨.

3……مجمع الزوائد، کتاب الخلافة ،باب کراھة الولایة……الخ ،الحدیث:٩٠٢٤،ج٥، ص٣٦٤،بتغیرٍ قَلِیْلٍ.



www.dawateislami.net

## دِل بدلتا رہتا ہے:

﴿566﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن جُبَیر بن نُفَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کسی کام سے ہمارے پاس تشریف لائے۔ ہم نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو عافیت بخشے! تشریف رکھئے! ہم آپ کی حاجت پوری کئے دیتے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیٹھ گئے اور فرمانے لگے: تَعَجُّب ہے ان پر جن کے پاس سے گزر کر میں آیا کہ وہ فتنے کی تمنا کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کو ان مصائب میں مُبْتَلا کرے گا جن میں سرکارِ ابدِ قرار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کو مُبْتَلا کیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''خوش بخت ہے وہ جو فتنوں سے محفوظ رہا۔'' یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر فرمایا: ''اگر اسے مُبْتَلا کر دیا جائے تو صَبْر سے کام لے۔'' اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں جب تک کسی کی مَوت کا حال نہ جان لوں اس کے جنّتی ہونے کی گواہی نہیں دیتا کیونکہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''آدمی کا دِل ہنڈیا کے جوش مارنے سے بھی جلدی بدلتا رہتا ہے۔'' (1)

## رَفاقتِ مصطفٰی کی تڑپ:

﴿567﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن نُفَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن ہم حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص وہاں سے گزرا اس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھا تو کہا: ''خوش بخت ہیں وہ آنکھیں جنہوں نے رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا دیدار کیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم بھی خواہش رکھتے ہیں کہ کاش! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرح ہم بھی رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زیارت سے مُشَرَّف ہوتے، مُخْتَلِف جنگوں میں شریک ہوتے اور حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پیاری پیاری باتیں سنتے۔''

راوی کہتے ہیں: مجھے اس کی باتوں پر بڑا تَعَجُّب ہوا کہ یہ کتنی اچھی باتیں کر رہا ہے۔ حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد رَضِیَ اللّٰہ

1 ......المعجم الكبير، الحديث: ۵۹۸، ج ۲۰ ص ۲۵۲.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہ نے اس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: ''تم میں سے کسی شخص کو اس بات کی تمنا نہیں کرنی چاہئے جس سے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اسے دور رکھا کیونکہ اسے کیا پتا کہ اگر اس دور میں ہوتا تو اس کے ساتھ کیا مُعامَلہ پیش آتا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! کتنے لوگ ایسے ہیں جنہوں نے پیارے مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا مُبارَک زمانہ پایا مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں اَوندھے مُنہ جہنم میں گرا دے گا کیونکہ انہوں نے نہ تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دعوت قبول کی اور نہ ہی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تصدیق کی۔ تو کیا تم اس بات پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا نہیں کرتے کہ تم اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی کو معبود مانتے ہو اور اس کے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لائے ہوئے اَحکامات کی تصدیق کرتے ہو اور تمہیں بچا کر دوسرے لوگوں کو آزمائش میں مبتلا کیا گیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! حُضُور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں سے سب سے سخت حالات میں مَبعُوث کیا گیا۔ یہ جہالت اور دین سے دوری کا دور تھا۔ اس دور میں مُشرِکین سب سے افضل دِین، بُتوں کی عبادت کو سمجھتے تھے۔

چنانچہ، ہادیٔ برحق صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ایسے دلائل لے کر آئے جنہوں نے حق و باطل کے درمیان امتیاز کر دیا۔ ایمان و کُفر کی بنیاد پر باپ بیٹے کے درمیان جدائی ہو گئی یہاں تک کہ بعض ایسے لوگ بھی ہوئے کہ جن کا والد، بیٹا اور بھائی کافر لیکن اس کے باوجود وہ خود مسلمان کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کا دل ایمان کے لئے کھول دیا تھا۔ انہیں اس بات کا یقین تھا کہ جہنم میں جانے والا تباہ و برباد ہے لیکن جہنم سے بچنے کے باوجود ان کی آنکھیں ٹھنڈی نہ ہوتی تھیں کیونکہ ان کا بھائی، بیٹا اور والد بسببِ کُفر جہنم کے حقدار ہوتے تھے۔ یہی وہ بات ہے جس کے بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں دُعا کرنے کا حکم ارشاد فرمایا:

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ (پ۱۹، الفرقان:۷٤)

ترجمۂ کنزالایمان: اے ہمارے رب! ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک۔''

﴿صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد﴾

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث المقداد بن الاسود، الحدیث: ۲۳۸۷۱، ج۹، ص ۲۱٤۔
المعجم الکبیر، الحدیث: ٦۰۰، ج۲۰، ص۲۵۳.



www.dawateislami.net

## امیرِ لشکر سے معافی منگوائی:

﴿568﴾......حضرت سیِّدُنا حارِث بن سُوَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک بار حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک ''سریہ'' میں تھے۔ دُشمنوں نے اس لشکر کا محاصرہ کرلیا۔ لشکر کے امیر نے اِعلان کیا: ''کوئی شخص اپنی سواری کو کھڑا نہ کرے۔'' ایک شخص نے جسے اس اِعلان کا پتا نہ چلا اپنی سواری کو کھڑا کر دیا۔ امیرِ لشکر نے اس پر اسے سزا دی تو وہ یہ کہتے ہوئے چل دیا: ''آج جیسا سُلوک میرے ساتھ کیا گیا ایسا کبھی نہیں دیکھا گیا۔'' حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس کے پاس گئے اور پوچھا: ''کیا ہوا؟'' اس نے سارا قصّہ بیان کر دیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تلوار سونتی اور اسے لے کر امیرِ لشکر کے پاس پہنچے اور امیر سے کہا: ''اس شخص سے معافی مانگو!'' معافی مانگنے پر اس شخص نے امیرِ لشکر کو مُعاف کر دیا۔ جب حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ واپس لوٹے تو وہ شخص کہہ رہا تھا: ''میں اسلام کی محبت میں مروں گا (یعنی اِسلام کی خاطر اپنی جان بھی قربان کر دوں گا)۔''(1)

﴿569﴾......حضرت سیِّدُنا ابو راشد حُبْرَانی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَالِی فرماتے ہیں: ''میں رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے جان نثار صحابی حضرت سیِّدُنا مِقْدَاد بن اَسْوَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملا اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حمص میں ایک تابوت پر سوار جہاد کے ارادے سے تشریف لے جا رہے تھے۔ جس تابوت پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سوار تھے وہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے شایانِ شان نہ تھا میں نے عرض کی: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو معذور قرار دیا ہے۔'' فرمایا: اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ آیتِ کریمہ بھی تو نازل فرمائی ہے:

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا (پ۱۰، التوبۃ:۴۱) ترجمۂ کنزالایمان: کوچ کرو ہلکی جان سے چاہے بھاری دل سے۔(2)

---

1 ......تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر، الرقم۷۶۱۸م مِقْدَاد بن عمرو بن ثعلبۃ، ج۶۰، ص۱۷۲.

2 ......المستدرک، کتاب الجہاد، باب ذکر سورۃ التوبۃ، الحدیث:۲۵۹۷، ج۲، ص۴۵۰۔

المعجم الکبیر، الحدیث:۵۵۶، ج۲۰، ص۲۳۶.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُناسَالِم مَولٰی اَبِی حُذَیفَه

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُمَا

حضرت سیِّدُ نا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُ نا ابوحُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے آزادکردہ غلام ہیں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حافظ بھی تھے اور قاری بھی۔امام بھی اور محبِ اِسلام بھی۔مفسرِ قرآن بھی اور مُخلِص عبادت گزار بھی۔

﴿570﴾......حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''قرآن 4 اَشخاص سے سنا کرو! پھر ان کے نام ذکر فرمائے: (۱) حضرت عبداللہ بن مسعود (۲) حضرت سالم (۳) حضرت اُبی بن کَعب اور (۴) حضرت مُعاذ بن جَبَل (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن)۔''[1]

﴿571﴾......حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''جب مہاجرین اولین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن حُضُور نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مدینہ شریف آمد سے پہلے ہجرت کرکے مقامِ قباء میں پہنچے تو حضرت سیِّدُ نا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان کی امامت فرماتے تھے کیونکہ یہ ان سب سے زیادہ قرآن پڑھا کرتے تھے۔[2] ان کی اقتدا میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق اور امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی نماز پڑھتے تھے۔''[3] [4]

---

1......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب، من فضائل عبد الله بن مسعود و امه، الحدیث: ٦٣٣٨، ص ١١١٠.

2......صحیح البخاری، کتاب الاذان، باب امامة العبد والمولی، الحدیث: ٦٩٢، ص ٥٥.

3......صحیح البخاری کتاب الاحکام، باب استقضاء الموالی واستعمالهم، الحدیث: ٧١٧٥، ص ٥٩٨.

4......اس حدیث پر ایک اِشکال وارد ہوتا ہے کہ ''حضرتِ سیِّدُ نا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مدینۂ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا تشریف لانے سے پہلے قباء میں جن مُہاجِرین اَوّلین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی امامت کیا کرتے تھے ان میں امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی شامِل تھے، حالانکہ انہوں نے تو حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ ہجرت کی تھی۔'' حضرتِ سیِّدُ نا امام بیہقی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ ''مصطفٰی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا تشریف آوری کے بعد جبکہ مسجدِ نبوی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ابھی تعمیر نہیں ہوئی تھی اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرتِ سیِّدُ نا ابو ایّوب اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر قیام فرما تھے، اس وقت......


www.dawateislami.net

## محبتِ الٰہی سے سرشار:

﴿572﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرت سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یاد کرتے ہوئے فرما رہے ہیں: ''بلاشبہ سالم، اللہ عَزَّوَجَلَّ سے بہت زیادہ محبت رکھتا ہے۔'' (1)

﴿573﴾......حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن غَنْم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے مَرَضُ الْمَوت میں فرمایا: میں نے سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''سالم اللہ عَزَّوَجَلَّ سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے اگر اسے خوفِ خدا نہ ہوتا تو اس کی نافرمانی کرتا۔'' (2)

﴿574﴾......حضرت سیِّدُنا شَہر بن حَوشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اگر میں حضرت سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خلیفہ بنا دوں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھ سے اس کے مُتَعَلِّق فرمائے کہ ''اے عمر! تجھے کس بات نے سالم کو خلیفہ بنانے پر آمادہ کیا؟'' تو میں عرض کروں گا: اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! میں نے تیرے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ ''یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کو دل سے محبوب رکھتا ہے۔'' (3)

## نمازی و روزہ دار بھی عذابِ نار میں گرفتار!

﴿575﴾......حضرت سیِّدُنا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سیِّدِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

......بھی حضرتِ سیِّدُنا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (قباء میں) مہاجرین اولین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِین کی امامت کیا کرتے تھے۔ لہٰذا امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُنا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب قباء کی جانب تشریف لے جاتے تو ان کی اقتدا میں نماز ادا فرماتے۔''

(فتح الباری لابن حجر، کتاب الاحکام، باب استقضاء الموالی و استعمالھم، تحت الحدیث: ۷۱۷۵، ج ۱۴، ص ۱۴۵، ملخصًا)

1 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب الالف، الحدیث: ۸۹۶، ج ۱، ص ۱۴۰.

2 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب الالف، الحدیث: ۸۹۶، ج ۱، ص ۱۴۰.

3 ......فضائل الصحابۃ للامام احمد بن حنبل، باب فضائل ابی عبیدۃ بن الجراح، الحدیث: ۱۲۸۷، ج ۲، ص ۷۴۲.


www.dawateislami.net

نے ارشاد فرمایا: ''بروزِ قیامت اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں کچھ ایسے لوگوں کو لایا جائے گا جن کی نیکیاں مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کے پہاڑوں کی مثل ہوں گی جب وہ حاضر ہوں گے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کی نیکیوں کو گرد وغبار کر کے انہیں جہنم میں ڈال دے گا۔'' حضرت سیِّدُنا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یارَسُولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے ماں باپ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر قربان! ہمیں ان کے بارے میں بتائیں تاکہ ہم انہیں پہچان پائیں۔ اس ذات کی قسم جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حق کے ساتھ مَبْعُوث فرمایا! مجھے خوف ہے کہ کہیں میں بھی ان کے زُمرے میں نہ شامل ہو جاؤں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سالم! یہ لوگ نماز و روزہ کے پابند ہوں گے لیکن جب انہیں کوئی حرام چیز میسر آئے گی تو (بغیر تحقیق کئے) اس پر ٹوٹ پڑیں گے پس اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کے اَعمال برباد فرما دے گا۔''

حضرت سیِّدُنا مالک بن دِینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! یہ نِفاق ہے۔'' حضرت سیِّدُنا معلّٰی بن زِیاد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد نے اپنی داڑھی پکڑ کر فرمایا: اے ابو یحیٰی (یہ حضرت سیِّدُنا مالک بن دِینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار کی کنیت ہے)! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے سچ فرمایا یہی نِفاق ہے۔'' (1)

## حضرت سیِّدُنا عامِر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابو عبد اللّٰہ عامِر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ عطیات و جاگیر سے بے رغبت تھے، غزوۂ بدر میں شریک ہوئے۔ مَسجِدوں اور دیگر کئی مقامات کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے آباد کیا۔ نہایت سمجھداری و مہارت سے فتنوں و آزمائشوں والے اُمُور میں پڑنے سے بچتے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عزّت و کرامت کے ساتھ اپنی زندگی بسر کی اور بالآخر سلامتی کے ساتھ اپنے خالقِ حقیقی عَزَّوَجَلَّ سے جا ملے۔

﴿576﴾...... حضرت سیِّدُنا یحیٰی بن سَعِید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِید فرماتے ہیں: میں نے سُنا کہ فتنوں کے زمانے میں ایک رات حضرت سیِّدُنا عامِر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نماز ادا کر کے سوئے تو کسی نے خواب میں ان سے کہا: ''اُٹھو اور اس فتنے سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگو جس سے اس کے نیک بندے پناہ طَلَب کرتے ہیں۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ

1 ......موسوعة للامام ابن ابی الدنیا، کتاب الاھوال، باب ذکر القصاص والمظالم، الحدیث: ۳۰۷، ج۶، ص ۲۶۱، بتغیر قلیل.



www.dawateislami.net

اللہُ تعَالٰی عَنہ اٹھے، نماز پڑھی اور اس قدر بیمار ہوئے کہ گھر سے نہ نکل پائے یہاں تک کہ انتقال فرما گئے۔'' (1)

﴿577﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عامر بن رَبِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ جب لوگوں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر اِعتراضات کرنے شروع کئے تو میرے والد حضرت سیِّدُنا عامر بن رَبِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے رات اٹھ کر نماز پڑھی اور یہ دُعا کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے اس فتنے سے محفوظ فرما جس سے تونے اپنے نیک بندوں کو محفوظ رکھا۔'' راوی کہتے ہیں: ''اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کبھی گھر سے باہر نہ نکلے یہاں تک کہ اِنتقال فرما گئے۔'' (2)

﴿578﴾...... حضرت سیِّدُنا طاؤس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دورِ خلافت میں فتنے نے سر اُٹھایا تو ایک شخص نے اپنے گھر والوں سے کہا: ''مجھے زنجیروں سے باندھ دو! میں پاگل ہوں۔'' جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کر دیا گیا تو اس نے کہا: ''میری زنجیریں کھول دو! تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے مجھے جنون سے شِفا بخشی اور امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے قتل جیسے عظیم جرم سے مجھے بچائے رکھا۔'' (3)

یہ روایت مَعْمَر کے علاوہ دیگر لوگوں نے بھی ابن طاؤس سے بیان کی ہے اور انہوں نے اس بات کی صراحت کی ہے کہ یہ واقعہ حضرت سیِّدُنا عامر بن رَبِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ہے۔

﴿579﴾...... حضرت سیِّدُنا عامر بن رَبِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک عربی ان کے پاس آیا تو انہوں نے اس کا اکرام کیا اور اسے بہترین جگہ ٹھہرایا۔ پھر اس کی ضَروریات کے مُتَعَلِّق رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عرض کی۔ پھر ایک اور شخص نے ان کے پاس آ کر کہا: ''میں نے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عَرَب کی بہترین زمین سے ایک حصّہ پیش کیا ہے اور ایسی ہی زمین کا ایک ٹکڑا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی پیش کرنا چاہتا ہوں جو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور آپ کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اولاد کو کام آئے۔'' حضرت سیِّدُنا عامر بن رَبِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے تیری زمین کی کچھ حاجت نہیں کیونکہ آج

---

1 ......الطبقات الکبرٰی لابن سعد، الرقم ٦٠ عامر بن ربیعة، ج٣، ص٢٩٦.

2 ......المستدرك، کتاب معرفة الصحابة، باب عامر بن ربیعة ......الخ، الحدیث: ٥٥٨٨، ج٤، ص٤٣٣، بتغیرٍ.

3 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، باب مقتل عثمان، الحدیث: ٢١١٣٩، ج١٠، ص٣٦٨.



www.dawateislami.net

قرآنِ مجید کی ایسی آیت نازِل ہوئی ہے جس نے ہمیں دنیا سے غافل و بے پرواکردیا ہے (وہ یہ ہے):

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۚ (پ۱۷،الانبیاء:۱)

ترجمۂ کنزالایمان: لوگوں کا حساب نزدیک اور وہ غفلت میں منہ پھیرے ہیں۔"

حضرت سیِّدُنا شیخ رَحمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: "جس چیز نے حضرت سیِّدُنا عامِر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کو زُہد وفقر اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر پر آمادہ کیا وہ حضور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے فرامین اور غزوات و سرایا میں شرکت کر کے تکالیف سہنا ہے۔" (1)

﴿580﴾......حضرت سیِّدُنا عامِر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمیں کسی سریہ پر روانہ فرماتے تو ہمارے پاس زادِ راہ کھجور کا ایک تھیلا ہوا کرتا تھا۔ امیرِ لشکر ایک ایک مٹھی کھجور ہم میں تقسیم کرتا یہاں تک کہ آہستہ آہستہ وہ مقدار ایک کھجور تک پہنچ جاتی۔ ان کے بیٹے حضرتِ سیِّدُنا عبداللہ بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہُمَا نے عرض کی: "ابا جان! کیا ایک کھجور سے بھوک مٹ جاتی تھی؟" فرمایا: "بیٹا! یہ مت پوچھو! اس کی اہمیت ہمیں اس وقت معلوم ہوتی تھی جب کھجوریں ختم ہو جاتی تھیں۔" (2)

﴿581﴾......حضرت سیِّدُنا عامِر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ میں ایک سخت تاریک رات میں حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھا۔ ہم نے ایک مقام پر پڑاؤ کیا، ایک شخص نے پتھر صاف کر کے نماز کے لئے جگہ بنائی پھر نماز ادا کی گئی۔ جب صُبح ہوئی تو مَعْلُوم ہوا کہ ہمارا رُخ قبلہ کی طرف نہ تھا، ہم نے عَرض کی: "یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہم نے رات غیرِ قبلہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھی ہے۔ تو اس وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ آیت مبارکہ نازل فرمائی:

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ (پ۲، البقرۃ:۱۱۵)

ترجمۂ کنزالایمان: اور پورب و پچھم سب اللہ ہی کا ہے تو تم جدھر منہ کرو ادھر وجہ اللہ (خدا کی رحمت تمہاری طرف متوجہ) ہے۔"(3)

---

1 ......الکامل فی ضعفاء الرجال لابن عدی ، الرقم ۱۱۰۵،عبدالرحمن بن زید بن اسلم ،ج۵،ص۴۴۸ .

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل ، حدیث عامر بن ربیعة،الحدیث:۱۵۶۹۲،ج۵،ص۳۲۵.

3 ......المعجم الاوسط ،الحدیث: ۴۶۰،ج۱،ص۱۴۳ بتغیر.



www.dawateislami.net

﴿582﴾......حضرت سیِّدُ ناعامر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حُضُور نبیٔ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پیچھے ایک شخص کو نماز میں چھینک آ گئی اس نے نماز ہی میں کہا[1]: اَلْحَمْدُلِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًامُبَارَکًافِیْہِ کَمَایَرْضٰی رَبُّنَاعَزَّوَجَلَّ وَبَعْدَالرِّضٰی وَالْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ یعنی: تمام تعریفیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جو کثرت سے ہیں۔ پاکیزہ ومبارک ہیں۔ ایسی تعریف جیسی ہمارا رب عَزَّوَجَلَّ پسند فرماتا ہے اوراس کی رضا کے بعد ہر حال میں اس کا شکر ہے۔ سلام کے بعد حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''یہ کلمات کس نے کہے تھے؟'' ایک شخص نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں نے کہے اور صرف بھلائی کے لئے کہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں نے 12 فرِشتوں کو دیکھا جو ان کلمات کو لکھنے کے لئے جلدی جلدی ان کی طرف بڑھ رہے تھے۔''[2]

## دُرُود شریف کے فضائل:

﴿583﴾......حضرت سیِّدُ ناعامر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو مجھ پر ایک مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھتا ہے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس پر 10 رحمتیں نازل فرماتا ہے، اب تمہاری مرضی کم پڑھو یا زیادہ۔''[3]

﴿584﴾......حضرت سیِّدُ ناعامر بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خُطْبَہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''بندہ جب تک مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھتا رہتا ہے فرِشتے اس کے لئے دُعائے مَغْفِرت کرتے رہتے ہیں، اب بندے کی مرضی کم پڑھے یا زیادہ۔''[4]

---

1......دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' جلد اوّل صفحہ 605 پر ہے: ''نماز میں چھینک آئے تو سکوت کرے اور الحمد للّٰہ کہہ لیا تو بھی حرج نہیں اور اگر اس وقت حمد نہ کی تو فارغ ہو کر کہے۔''

(الفتاوی الھندیۃ، کتاب الصلاۃ، الباب السابع فیما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا، الفصل الاول، ج۱، ص۹۸)

2......سنن ابی داؤد، کتاب الصلاۃ، باب ما یستفتح بہ الصلاۃ من الدعاء، الحدیث: ۷۷۴، ص ۱۲۸۰۔

البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند عامر بن ربیعۃ، الحدیث: ۳۸۱۹، ج۹، ص۲۷۲.

3......المصنف لعبد الرزاق، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی، الحدیث: ۳۱۲۰، ج۲، ص۱۴۰.

4......مسند ابی داود الطیالسی، حدیث عامر بن ربیعۃ، الحدیث: ۱۱۴۲، ص۱۵۶.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حُضُورنبیِ رَحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادم حضرت سیِّدُ نا ابو عبد اللّٰہ ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قناعت پسند، نیک و پارسا اور خوش طَبْع تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پیارے مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زیرِ کفالت زندگی بسر کی۔ بلاضَرورت کسی سے سوال نہ کرنے اور بادشاہوں کے دربار میں حاضری سے کترانے کی وجہ سے جنّت میں قیام کے حق دار قرار پائے۔

﴿585﴾......حضرت سیِّدُ نا یوسف بن عَبْدُ الْحَمِید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے میری ملاقات ہوئی تو انہوں نے میری انگوٹھی اور کپڑے مُلاحَظہ کئے تو فرمایا: ''ان کپڑوں اور انگوٹھی کا کیا کرو گے؟ انگوٹھی تو بادشاہوں کے لئے ہوتی ہے۔'' راوی فرماتے ہیں: ''اس کے بعد میں نے کبھی انگوٹھی نہیں پہنی۔'' مزید فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُ نا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہمیں بتایا کہ ایک مرتبہ حُضُور نبیِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اہلِ بیت کے لئے دُعا فرمائی اور دُعا میں امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی و حضرتِ سیِّدَتُنا فاطمۃ الزہراء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا وغیرہ کا ذکر کیا۔ حضرت سیِّدُ نا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا میں بھی اہلِ بیت میں ہوں؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں! جب تک تم کسی سردار کے دروازے پر یا کسی امیر سے سوال کرنے نہ جاؤ۔'' (1)

## بلاضَرورت سوال کرنا:

﴿586﴾......حضرت سیِّدُ نا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حُسنِ اَخلاق کے پیکر، مَحبوبِ رَبِّ اَکبر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو مجھے ایک چیز کی ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔'' میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں ضمانت دیتا ہوں۔'' ارشاد فرمایا: ''کبھی کسی سے سوال نہ کرنا۔'' راوی فرماتے ہیں: ''بعض اَوقات حضرت سیِّدُ نا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُونٹ پر سوار ہوتے اور کوڑا گر جاتا

---

(1)......فضائل الصحابۃ للامام احمد بن حنبل، باب ومن فضائل علی، الحدیث: ۱۰۸۰، ج۲، ص ۶۳۴۔
المعجم الاوسط، الحدیث: ۲۶۰۷، ج۲، ص ۸۵۔



www.dawateislami.net

تو اس کے لئے بھی کسی سے سوال نہ کرتے بلکہ خود اُتر کر اُٹھا لیتے (1)۔'' (2)

﴿587﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیٔ رحمت، شَفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

---

1...... سوال کرنا کب جائز ہے اور کب ناجائز۔ اس کی تفصیل جاننے کے لئے محدِّثِ اعظم، سیِّدی اعلیٰ حضرت، مجدِّدِ دین وملت مولانا شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کا تفصیلی فتویٰ بنام ''خَیْرُ الْاٰمَال فِیْ حُکْمِ الْکَسْبِ وَالسُّوَال'' (کمانے اور مانگنے کے حکم میں بہترین اُمید) کا مُطالعہ فرمائیے۔ اس رسالے کے اختتام سے کچھ عبارت مُلاحَظہ ہو: ''یہ تقریر منیر حفظ (یعنی یاد) رکھنے کی ہے کہ اوّل تا آخر اس تحقیقِ جمیل وضبطِ جلیل کے ساتھ اس کے غیر میں نہ ملے گی وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْق۔ انہیں ضوابط سے دوسرے سوال اَعنی (یعنی) مسئلۂ سوال کا حکم مُنکشِف (یعنی معلوم) ہوسکتا ہے: (۱)...... جب غرضِ ضروری نہ ہو تو سوال حرام، مثلاً آج کا کھانا کو موجود ہے تو کل کے لئے سوال حلال نہیں کہ کل تک کی زندگی بھی معلوم نہیں، کھانے کی ضَرورت درکنار (یعنی کھانے کی ضَرورت تو دُور کی بات ہے)۔ یوہیں رسومِ شادی کے لئے سوال حرام کہ نِکاح، شَرع میں ایجاب وقبول کا نام ہے جس کے لئے ایک پیسہ کی بھی ضَرورت شرعاً نہیں، اور (۲)...... اگر غرضِ ضروری ہے اور بے سوال کسی طریقۂ حلال سے دفع (یعنی پوری) ہوسکتی ہے جب بھی سوال حرام، مثلاً کھانے کو کچھ پاس نہیں مگر ہاتھ میں ہنر ہے یا آدمی قوی تندرست قابلِ مزدوری ہے کہ اپنی صنعت یا اُجرت سے بقدرِ حاجت پیدا کرسکتا ہے قبل اس کے کہ احتیاج تا بحدِّ مَخمَصَہ پہنچے (یعنی جب تک بُھوک سے جان جانے کا خطرہ پیدا نہ ہو) تو اسے سوال حَلال نہیں، نہ اسے دینا جائز کہ ایسوں کو دینا انہیں کسبِ حرام کا مؤیِّد (یعنی معاون) ہوتا ہے، اگر کوئی نہ دے تو جھک مار کر (یعنی عاجز آکر) آپ ہی محنت مزدوری کریں اور (۳)...... اگر دوسرا طریقۂ حلال میسر نہیں، حرفت وصَنعَت (یعنی کاریگری) کچھ نہیں جانتا، نہ محنت ومزدوری پر قادِر ہے خواہ بوجہِ مَرض یا ضعفِ خِلقی یا نازپرورد گی (یعنی بیماری، جسمانی کمزوری یا آسائشوں میں پلنے کے سبب مُشقَّت نہیں کرسکتا) یا کسب کر تو سکتا ہے مگر حاجت فوری ہے کسب پر مُحوَّل کرنا تا تریاق از عراق کا مضمون ہوا جاتا ہے (یعنی اس صورت میں کمائی کا حکم دینا عراق سے زہر کا اثر زائل کرنے والی دوا منگوانے کی طرح ہے) تو سوال حَلال ہوگا کہ ہر ان صورتوں میں کارروائی یوہیں ہوسکتی ہے کہ مانگ کرلے یا چھین کر یا چُرا کر یا کوئی حرام یا مردار کھائے اور سرقہ وغَصب کی حُرمت سوال سے اَشد (یعنی چوری اور ناحق مال چھیننا مانگنے سے زیادہ سخت حرام) ہے اور حرام ومردار کی (حرمت) غَصب وقہر سے بھی سخت تر، یہ صورتیں تو ظاہر ہیں اور عُلَمَا نے بوجہِ اشتغالِ جہاد ومشغولیٔ طلبِ عِلمِ دین (یعنی جہاد اور طلبِ عِلمِ دین میں مشغول ہونے کے سبب) فرصتِ کسب نہ پانے کو بھی وجوہِ معذوری سے شمار فرمایا اور ایسے کے لئے سوال حَلال بتایا جب مدارِ ضرورت، غرض وتعیُّنِ ذریعہ پر ٹھہرا تو کچھ اَکل وشُرب ہی کی تخصیص (یعنی کھانا پینا ہی خاص) نہیں کہ جس کے پاس ایک دن کا قُــوْت (یعنی کھانا) ہے اُسے سوال مطلقاً منع ہو، بلکہ اگر دس دن کا کھانا موجود ہے اور کپڑا نہیں یا کپڑا بھی ہے مگر ہلکا کہ جاڑے (یعنی سردی) کی آفت روک سکتا نہیں اور طریقۂ تحصیل (یعنی کپڑے حاصل کرنے کا طریقہ) کوئی دوسرا نہیں (تو) کپڑے کے لئے سوال ناروا (یعنی ناجائز) نہیں، یوہیں اگر کھانے پہننے سب کو موجود ہے مگر مدیون (یعنی مقروض) ہے تو اگر کچھ مال فاضل (یعنی ضرورت سے زائد) رکھا ہے جسے بیچ کر ادا کرے یا کما کر دے سکتا ہے تو سوال حرام اور اگر کمائی سے بعد نفقۂ ضروری کے کچھ نہیں بچا سکتا اور قرض خواہ گردن پر چُھری رکھے ہوئے ہے تو ادا کے لئے سوال حلال۔''

(فتاویٰ رضویہ(مخرَّجہ)، ج۲۳، ص۶۱۹)

2......سنن ابن ماجہ، ابواب الزکاۃ، باب کراھیۃ المسألۃ، الحدیث:۱۸۳۷، ص۲۵۸۷.



www.dawateislami.net

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''جو مجھے اس بات کی ضمانت دے کہ لوگوں سے سوال نہیں کرے گا میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔'' حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''میں ضمانت دیتا ہوں۔'' پس آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کبھی کسی سے سوال نہیں کیا۔ (1)

﴿588﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تَبار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''جو شخص بلاضَرورت کسی چیز کا سوال کرے گا تو بروزِ قیامت وہ چیز اس کے چہرے پر عیب بن کر ظاہر ہوگی۔'' (2)

## زکوٰۃ ادانہ کرنے والوں کا اَنجام:

﴿589﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: جو شخص مال چھوڑ کر مرا (جس کی زکوٰۃ نہ ادا کی ہو) تو بروزِ قیامت وہ مال اس کے لئے گنجے سانپ کی صورت میں آئے گا اس کی دونوں آنکھوں کے اوپر سیاہ نقطے ہوں گے وہ اس شخص کا پیچھا کرے گا تو وہ کہے گا: ''تیرا ناس ہو! تو کون ہے؟'' سانپ کہے گا: ''میں تیرا وہ خزانہ ہوں جو تو اپنے پیچھے چھوڑ آیا تھا۔'' پھر وہ سانپ اس کا تَعاقُب کرے گا یہاں تک کہ اس کا ہاتھ، مُنہ چبالے گا پھر اس کا سارا جسم نگل جائے گا۔ (3)

﴿590﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''جو شخص سونا یا چاندی (اس حال میں) چھوڑ کر مرا (کہ اس کی زکاۃ ادانہ کی ہو) تو اللہ عَزَّوَجَلَّ (بروزِ قیامت) اس کے لئے چوڑی تلواریں بنائے گا جن کے ذَرِیعے اسے قدموں سے ٹھوڑی تک داغا جائے گا۔'' حضرت سیِّدُنا ابو عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرتِ سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھ سے فرمایا: ''اے ابو عامر! اگر تمہارے پاس بکری ہو اور اس کا دودھ بچ جائے تو اس بچے ہوئے دُودھ کو بھی تقسیم کردو۔'' (4)

---

1 ......سنن ابی داؤد، کتاب الزکاۃ، باب کراهیة المسألة، الحدیث: ۱۶۴۳، ص۱۳۴٦.

2 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند ثَوبان، الحدیث: ٤١٥٥، ج١٠، ص٩١.

3 ......صحیح ابن خزیمة، کتاب الزکاة، باب ذکر اخبار رویت عن النبی فی الکنز......الخ، الحدیث: ۲۲۵۵، ج٤، ص١١.

4 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب المیم، الحدیث: ٦٥٠٤، ج٢، ص٣٢١، اختصارًا.



www.dawateislami.net

## دُنیا کی محبت کا وبال:

﴿591﴾......حضور نبی مُکَرَّم،نُورِ مُجَسَّم،رسولِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے آزاد کردہ غلام حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ رسولِ دوجہاں صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا:''عنقریب تمام کُفّار تمہارے خلاف اس طرح متحد ہوجائیں گے جس طرح کھانے کے برتن پر کھانے والے متحد ہوتے ہیں۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہِمۡ اَجْمَعِیۡن نے عرض کی:''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا ایسا ہماری قلت کی وجہ سے ہوگا؟'' فرمایا:''نہیں! اس وقت تمہاری تعداد تو بہت ہوگی لیکن سیلاب کی جھاگ کی طرح تمہاری کوئی اہمیت و وُقْعت نہ ہوگی۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہارے دُشمنوں کے دلوں سے تمہارا رعب ختم کردے گا اور تمہارے دلوں میں ''وَھْن'' ڈال دے گا۔'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہِمۡ اَجْمَعِیۡن نے عرض کی:''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ ''وَھْن'' کیا ہے؟'' ارشادفرمایا:''دُنیا کی محبت اور موت سے نُفرت۔''[1]

## کون سا مال بہتر ہے؟

﴿592﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار ہم سرکارِ ابدِقرار، نبیوں کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ کسی سفر پر تھے کہ مُہاجرین نے کہا:''سونے اور چاندی کے بارے میں تو جو نازل ہونا تھا ہوچکا، کاش! ہمیں پتہ چل جائے کہ اب کون سا مال بہتر ہے؟'' تو امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:''اگر تم چاہو تو میں حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے تمہارے لئے پوچھ لیتا ہوں؟'' انہوں نے کہا:''ٹھیک ہے! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پوچھ لیں۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ یہ دریافت کرنے کے لئے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی طرف چل دیئے۔ حضرت سیدنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں بھی پیچھے پیچھے چل دیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں پہنچ کر عرض کی: یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سونے چاندی کے بارے میں جو حکم نازل ہونا تھا

---

1......سنن ابی داؤد، کتاب الملاحم، باب فی تداعی الامم علی الاسلام، الحدیث:۴۲۹۷، ص۱۵۳۶۔
المسند للامام احمد حنبل، حدیث ثَوبان، الحدیث: ۲۲۴۶۰، ج۸، ص۳۲۷.



www.dawateislami.net

ہوا، مُہاجِرین کہتے ہیں: ”کاش! ہمیں پتہ چل جائے کہ سونے، چاندی کے بعد اب کون سا مال ہمارے لئے بہتر ہے؟“

حُضُورنبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”ذکر کرنے والی زبان، شکر کرنے والا دل اور ایمان دار بیوی جو ایمان پر تمہاری مدد کرے۔“ (1)

﴿593﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: جب سونے چاندی کو حرام کر دیا گیا(2) تو صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کہنے لگے کہ ”پھر ہم کون سا مال اختیار کریں؟“ تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”میں تمہیں بتاتا ہوں۔“ پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اونٹ پر سوار ہوئے اور بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہو گئے۔ حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی پیچھے پیچھے چل دیئے۔ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ”یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہم کون سا مال اختیار کریں؟“ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”شکر کرنے والا دِل، ذکر کرنے والی زبان اور ایماندار بیوی جو آخرت کے مُعاملے میں تمہاری مدد کرے۔“ (1)

۞===۞===۞===۞

---

❶......جامع الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، باب ومن سورة التوبة، الحدیث: ٣٠٩٤، ص ١٩٦٤۔

سنن ابن ماجه، ابواب النکاح، باب افضل النساء، الحدیث: ١٨٥٦، ص ٢٥٨٨

❷......سونا چاندی مرد و عورت دونوں پر مطلقاً حرام نہیں بلکہ اس میں تفصیل ہے۔ دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صَفحات پر مشتمل کتاب، ”بہارِ شریعت“ جلد اوّل صَفْحَہ 253 پر صدرُ الشَّریعہ، بدرُ الطَّریقہ حضرتِ علّامہ مولٰنا مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ”مرد کو زیور پہننا مطلقاً حرام ہے۔ صرف چاندی کی ایک انگوٹھی جائز ہے جو وزن میں ایک مِثقال یعنی ساڑھے چار ماشہ سے کم ہو اور سونے کی انگوٹھی بھی حرام ہے۔“ کچھ آگے چل کر مزید فرمایا: ”انگوٹھی صرف چاندی ہی کی پہنی جاسکتی ہے دوسری دھات کی انگوٹھی پہننا حرام ہے۔ مثلاً لوہا، پیتل، تانبا، جَست وغیرہا ان دھاتوں کی انگوٹھیاں مرد و عورت دونوں کے لئے ناجائز ہیں، فرق اتنا ہے کہ عورت سونا بھی پہن سکتی ہے اور مرد نہیں پہن سکتا۔“ (بہارِ شریعت، حصہ ١٦، ص ٦١١)

**مدنی مشورہ:** مزید تفصیلات کے لئے بہارِ شَریعت کو اسی مقام سے مُلاحَظہ فرمایئے۔ **(علمیہ)**

❸......سنن ابن ماجه، ابواب النکاح، باب افضل النساء، الحدیث: ١٨٥٦، ص ٢٥٨٨۔

المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ثَوبان، الحدیث: ٢٢٥٠٠، ج ٨، ص ٣٣٤۔



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا رَافِع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

سلطانِ دوجہان، سرورِ ذیشان، محبوب رحمان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادم، حضرت سیِّدُنا اَبُو الْبَہِی رَافِع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھٹیاو ناپائیدار دُنیا سے نَفرت اور بارونق و چمکدار آخرت سے محبت رکھتے۔

﴿594﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن سَعِید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِید بیان کرتے ہیں کہ بنوسَعید کا ایک مشترکہ غلام تھا جسے ایک شخص کے سوا سب نے آزاد کر دیا تھا۔ وہ غلام اپنے باقی حصّے کی آزادی کی سِفارِش کروانے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوا، حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مالک سے بات کی تو اس نے اپنا حصہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ہبہ کر دیا پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اسے آزاد فرما دیا۔ وہ غلام کہا کرتا تھا: ''میں حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا غلام ہوں۔'' اس خوش نصیب غلام کا نامِ نامی اسمِ گرامی حضرت سیِّدُنا اَبُو الْبَہِی رَافِع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہے۔'' (1)

## مَخْمُوْمُ الْقَلْب کا مفہوم:

﴿595﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عرض کی گئی: ''لوگوں میں سب سے اَفضل کون ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''سچا اور ''مَخْمُوْمُ الْقَلْب'' مسلمان۔'' عرض کی گئی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ''مَخْمُوْمُ الْقَلْب'' سے کیا مراد ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے والا، ہر قسم کے گناہ، سرکشی، دھوکا دہی اور حَسَد سے بچنے والا۔'' صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ان صِفات کو کون اپنا سکتا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''جو شخص دُنیا سے نَفرت اور آخرت سے محبت کرے۔'' صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم فرماتے ہیں: ''ہم اپنے درمیان صرف حضرت رَافِع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ان صفات کا حامل پاتے ہیں۔'' پھر عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کون شخص ان صِفات کو پانے میں کامیاب ہوسکتا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''اَچھے اَخلاق والا مسلمان۔'' (2)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۴۴۷۲، ج۵، ص۲۳.

2 ......مسند الشامیین للطبرانی، مسند زید بن واقد الدمشقی، الحدیث: ۱۲۱۸، ج۲، ص۲۱۷۔

شعب الایمان للبیہقی، باب فی حفظ اللسان، الحدیث: ۴۸۰۰، ج۴، ص۲۰۵.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا ابو رَافِع اَسْلَم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

سلطانِ دوجہان، سرورِ ذیشان، محبوبِ رحمٰن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادم تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ویسے تو غزوۂ بدر سے پہلے ہی اسلام قبول کر چکے تھے لیکن اظہار نہ کیا (چونکہ حضرت سیِّدُنا عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے غلام تھے) اس لئے ان کے ساتھ ہی رہتے تھے۔ جب قریش کا خط لے کر تاجدارِ رسالت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں مدینۂ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا حاضر ہوئے تو اس وقت اسلام ظاہر کیا تاکہ مدینے ہی میں قیام پذیر ہوسکیں لیکن حُضُور نبیٔ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں واپس بھیجتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''ہم قاصد کو روکتے ہیں نہ عہد شکنی کرتے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں جنہیں حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا تھا: ''میرے بعد تمہیں فَقْر کا سامنا کرنا پڑے گا اور انہیں ضَرورت سے زائد مال جمع کرنے سے منع کرتے ہوئے زائد مال جمع کرنے والے کی سزا سے آگاہ فرمایا۔''

## صدقات میں خیانت والوں کی سزا:

﴿596﴾......حضرت سیِّدُنا ابو رافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ ایک روز حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مدینۂ منورہ کے قبرستان ''بقیعِ غرقد'' کے قریب سے گزرے تو فرمایا: ''اُف، اُف، اُف۔'' اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ میں اکیلا ہی تھا۔ میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے ماں باپ آپ پر قربان! کیا بات ہے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''میں نے اس قبر والے کو فلاں قبیلہ پر عامل (یعنی زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے) مُقرَّر کیا تھا۔ اس وقت اس نے ایک چادر میں خیانت کی تھی اور اب میں دیکھتا ہوں کہ وہی چادر آگ بن کر اُسے جلارہی ہے۔''(1)

## تمنّائے فقر:

﴿597﴾......حضرت سیِّدُنا ابو رافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں: رسولِ اکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''اے ابو رافع! اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم فَقْر میں مُبتلا

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۹۸۸، ج۱ ص ۳۳۰.



www.dawateislami.net

ہوگے؟''میں نے عرض کی:''کیا میں ابھی فَقر اختیار نہ کرلوں؟''ارشادفرمایا:''کیوں نہیں۔''پھراِستفسارفرمایا:''تمہارے پاس کتنا مال ہے؟''میں نے عرض کی:''40ہزاردرہم۔میں ان سب کوراہِ خُدامیں خَیرات کرتاہوں۔''آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشادفرمایا:''کچھ تقسیم کردواورکچھ اپنی اولاد کے لئے باقی رہنے دو۔''میں نے عرض کی:''یا رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم!کیاہم پراولاد کے بھی حُقُوق ہے جس طرح ہمارے ان پرحُقُوق ہیں؟'' ارشادفرمایا:''ہاں!بچے کاحق والدپریہ ہے کہ وہ اسے قرآنِ کریم کی تعلیم دلوائے،تیراندازی وتیراکی سکھائے اوراسے حَلال مال سے میراث دے۔''میں نے عرض کی:''میں فَقر میں کب مُبْتَلا ہوں گا؟''ارشادفرمایا:''میرے بعد۔''

حضرتِ سیِّدُنا ابو سُلَیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں:میں نے حضرت سیِّدُنا ابورافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حُضُور نبی کریم،رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعدفَقر میں مُبْتَلا دیکھایہاں تک کہ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیٹھتے تو بیٹھے رہتے اورفرماتے:''کون اس بوڑھے اوراندھے آدمی پرصَدَقہ کرے گا؟کون اس آدمی پرصَدَقہ کرے گاجسے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بتایاکہ تو میرے بعدفَقر میں مُبْتَلا ہوگا؟کون صدقہ کرے گا؟بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کادستِ قُدرت ہی بلند ہے اوردینے والے کاہاتھ درمیان میں اورسائل کاہاتھ نیچے ہوتا ہے اورجوبیجاسوال کرتاہے قیامت کے دن اس کے چہرے پرنشان ہوگاجس سے وہ پہچاناجائے گااورغَنی ومالدارکے لئے صَدَقہ لیناجائزنہیں۔''راوی کہتے ہیں:میں نے ایک آدمی کودیکھاجس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوچاردرہم دیئے توآپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے ایک درہم لوٹادیا۔اس نے کہا:''اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے بندے!میرا صَدَقہ مجھ پر نہ لوٹا!''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:''مجھے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے زائد مال جمع کرنے سے مَنع فرمایاہے۔''

حضرتِ سیِّدُنا ابو سُلَیم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کہتے ہیں:پھرمیں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کامال داری والا دور دیکھاکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اتنے مالدارہوئے کہ جب زکوٰۃ وُصول کرنے والا آتاتوفرماتے تھے:''کاش! ابورافع فَقر کی حالت میں ہی فوت ہوجاتا۔''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کسی غلام کواس کی اصل قیمت پرہی مکاتب بناتے اورزائد مال وُصول نہ فرماتے تھے۔''(1)

---

(1)......السنن الکبرٰی للبیھقی،کتاب السبق والرمی،باب التحریض علی الرمی،الحدیث:۱۹۷۴۲،ج۱۰،ص۲۶،باختصار.


www.dawateislami.net

# حضرت سیّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیّدُنا ابو عبد اللہ سَلْمان بن اِسلام فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فارس (یعنی ایران) والوں میں سب سے پہلے اِسلام قبول کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسلام کے سچے شیدائی تھے، اِسلام کی خاطر درپیش مصائب وآلام پر صَبْر کرتے، آخرت کے لئے نیک اعمال کا ذخیرہ کرتے، دانا وعقل مند، عالم وعبادت گزار، عَلَمِ اِسلام بلند کرنے والے اور حُضُور نبیٔ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے رفیق اور ممتاز صحابہ میں سے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار ان خوش نصیبوں میں ہوتا ہے کہ جن کی خود جنت مشتاق ہے۔ نیز تنگدستی کے باوجود ثابت قدم رہتے اور اس کے بدلے میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اَجرِ عظیم پایا۔

اَہلِ تَصَوُّف فرماتے ہیں: ''جنت کی عُمدہ نعمتوں کے حُصُول کی خاطر تکلیفوں اور مصیبتوں کو برداشت کرنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

## سَبْقت لے جانے والے 4 اَفراد:

﴿598﴾......حضرت سیّدُنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''4 افراد سبقت لے گئے: (۱) میں (محمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) مُلکِ عرب سے (۲) صُہَیب مُلکِ روم سے (۳) سَلمان مُلکِ فارس سے اور (۴) بِلال مُلکِ حبشہ سے (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن)۔'' (1)

## سنتِ نکاح میں شَرِیعت کی پاسداری:

﴿599﴾......حضرت سیّدُنا ابو عبد الرحمٰن سُلَمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی حضرت سیّدُنا سَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ کا نکاح قبیلۂ بنی کِنْدَہ کی ایک عورت سے ہوا اور شبِ عروسی کا انتظام ان کے سسرال کے ہاں ہوا، رخصتی کی رات آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دوست احباب بھی دُلہن کے گھر چلے، گھر پہنچے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ لوگوں کو جزائے خیر عطا فرمائے اب آپ لوگ لوٹ جائیں۔'' اور گھر کے اندر نہ جانے دیا جس طرح کہ بیوقوف لوگ اپنے دوستوں کو زوجہ کے گھر داخل کر لیتے ہیں۔ جب آپ رَضِیَ

(1)......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب السباق اربعة، الحديث: ٥٧٦٨، ج٤، ص٤٩٥.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی دلہن کا گھر خوب سجادھجا دیکھا تو فرمانے لگے کہ ''تمہارے گھر کو بخار آ گیا ہے یا کعبہ شریف کِنْدَہ منتقل ہوگیا ہے؟'' اہل خانہ نے کہا: ''نہ تو ہمارے گھر کو بخار ہے اور نہ ہی کعبہ شریف کِنْدَہ منتقل ہوا ہے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دروازے پر لٹکے پردے کے سوا سارے پردے اُتروا کر اندر داخل ہوئے اور وہاں بہت سارا سامان دیکھا تو پوچھا: ''اتنا سامان کس کے لئے ہے؟'' گھر میں موجود لوگوں نے کہا: ''آپ اور آپ کی زوجہ کے لئے۔'' فرمایا: مجھے میرے خلیل صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے زیادہ مال و دولت جمع کرنے کی نہیں بلکہ اس بات کی نصیحت فرمائی تھی کہ ''تمہارے پاس دنیاوی مال صرف اتنا ہو جتنا مسافر کا زادِ راہ ہوتا ہے۔'' پھر وہاں ایک خادم دیکھا تو دریافت فرمایا: ''یہ کس کے لئے ہے؟'' انہوں نے کہا: ''یہ آپ اور آپ کی اہلیہ کی خدمت کے لئے ہے۔'' فرمایا: ''مجھے میرے خلیل صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خادم رکھنے کی نصیحت نہیں فرمائی بلکہ صرف اسے روکنے کا فرمایا جس سے میں نکاح کروں اور فرمایا کہ اگر تم نے (سسرال والوں سے) مزید کچھ لیا تو تمہاری عورتیں تمہاری نافرمان ہو جائیں گی اور اس کا گناہ ان کے خاوند پر ہوگا اور عورتوں کے گناہ میں بھی کوئی کمی نہ ہوگی۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہاں موجود دوسری عورتوں سے فرمایا: ''تم یہاں سے جاؤ گی یا یونہی میرے اور میری بیوی کے درمیان آڑ بنی رہو گی؟'' وہ بولیں: ''ہم چلی جائیں گی۔'' وہ چلی گئیں۔ تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دروازہ بند کر کے اس پر پردہ ڈال دیا اور زوجہ کے پاس آ کر بیٹھ گئے، اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر برکت کی دعا کی اور فرمایا: ''جو میں کہوں مانو گی؟'' اس نے عرض کی: ''جی ہاں! میں آپ کی اطاعت کروں گی۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے میرے خلیل صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے نصیحت فرمائی ہے کہ جب میں اپنی بیوی کے پاس جاؤں تو اس کے ساتھ مل کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کروں۔'' پھر دونوں میاں بیوی اُٹھے، مسجد میں گئے اور جب تک ہو سکا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت میں مصروف رہے، اس کے بعد حق زوجیت ادا کیا۔ (1)

(1) ...... یہاں کچھ متروک ہے جس کی عربی عبارت صفحہ نمبر 684 پر دی گئی ہے۔



www.dawateislami.net

## نکاح نیک عورت سے کیا جائے:

﴿600﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ سفر سے واپسی پر حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی ملاقات امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے ہوئی تو انہوں نے فرمایا: ''میں تجھ سے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا بندہ ہونے پر خوش ہوں۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے عرض کی: ''اگر ایسا ہے تو پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ میرا نکاح کروادیجئے۔'' امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ خاموش رہے اور کوئی جواب نہ دیا۔ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے کہا: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ مجھ سے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا بندہ ہونے پر تو خوش ہیں لیکن اس بات پر راضی کیوں نہیں؟'' صبح ان کے پاس امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کے قبیلے کے لوگ آئے، حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے ان سے پوچھا: ''کوئی کام ہے؟'' بولے: ''جی ہاں!'' آپ نے فرمایا: ''جب بات ختم ہوگئی تو اب کیا کام ہے؟'' انہوں نے کہا: ''آپ نے امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کو جو کہا ہے اس کا اِرادہ ملتوی کردیں۔'' فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! مجھے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی حکومت یا سلطنت نے اس پر آمادہ نہیں کیا بلکہ میری نیت تو یہ تھی کہ ایک نیک آدمی کے خاندان میں نکاح کروں گا تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عطا سے نیک اولاد پاؤں گا۔''

راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے کِنۡدَہ کی رہنے والی ایک عورت سے نکاح کرلیا، جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ گھر میں داخل ہوئے تو گھر کو مزیّن اور اس میں کچھ عورتوں کو موجود پایا تو فرمایا: ''کیا کعبہ شریف کِنۡدَہ منتقل ہوگیا یا اس گھر کو بخار آگیا ہے؟'' پھر فرمایا: میرے خلیل حضرت سیِّدُنا ابوالقاسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں فرمایا تھا کہ ''جب ہم میں سے کوئی نکاح کرے تو صرف اتنا سامان بنائے جتنا مسافر کے لئے زادِ راہ ہوتا ہے اور عورتوں میں سے صرف اپنی بیوی سے تعلُّق رکھے۔'' اس کے بعد سب عورتیں گھر سے چلی گئیں اور تمام پردے اتار دیئے گئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ اپنی زوجہ کے پاس گئے اور فرمایا: ''تم میری فرمانبرداری


www.dawateislami.net

کروگی یا نافرمانی؟'' زوجہ نے عرض کی: ''میں آپ کی فرمانبرداری کروں گی آپ جو چاہیں حکم فرمائیں۔''

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میرے خلیل حضرت سیِّدُ نا ابوالقاسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں فرمایا تھا کہ جب کوئی اپنی بیوی کے پاس جائے تو نماز ادا کرے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی بیوی کو اپنے پیچھے نماز پڑھنے کا کہا پھر دُعا مانگی اور اسے آمین کہنے کا فرمایا۔ چنانچہ، اس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے کہنے کے مطابق کیا۔ صُبح کو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کِنْدَہ کی مجلس میں بیٹھے تو ایک آدمی نے پوچھا: ''اے ابو عبداللہ (یہ حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے)! صُبح کیسی رہی اور آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خاموش رہے اور کچھ جواب نہ دیا، اس نے دوبارہ پوچھا لیکن اب بھی اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا اور فرمایا: ''کیا بات ہے تم گھر کے اندر کی باتیں پوچھتے ہو تمہیں یہ بات کافی ہونی چاہئے کہ جب کسی سوال کا جواب نہ دیا جائے تو دوبارہ وہ سوال نہ کرے۔'' (1)

## نگاہِ علی میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مقام:

﴿601﴾...... حضرت سیِّدُ نا اَبو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو فرمایا: ''سلمان پہلے اور آخری علم کے پیروکار ہیں اور جوان کے پاس ہے اسے کوئی اور نہیں پا سکتا۔'' (2)

## سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اہل بیت سے ہیں:

﴿602﴾...... حضرت سیِّدُ نا زَاذان کِنْدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک دن ہم امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طبیعت خوش گوار دیکھ کر لوگوں نے عرض کی: ''ہمیں اپنے دوستوں کے احوال بیان کیجئے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے استفسار فرمایا: ''تم میرے کس دوست کے بارے میں پوچھتے ہو؟'' لوگوں نے عرض کی: ''ہم حضرت سیِّدُ نا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

(1)...... المعجم الکبیر، الحدیث: ٦٠٦٧، ج٦، ص٢٢٦، مختصراً.

(2)...... المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب کلام سلمان، الحدیث: ١٤، ج٨، ص١٨٠، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اَصْحاب کے بارے میں پوچھتے ہیں۔'' فرمایا: ''حضرت سیِّدُنا محمد صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے تو تمام صحابہ میرے دوست ہیں تم کس صحابی کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہو؟'' لوگوں نے عرض کی: ''ہم ان کے بارے میں پوچھنا چاہتے ہیں جن کے تَذکرے سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کوخوشی حاصل ہوتی ہے اور آپ ان کے لئے رحمت کی دُعا کرتے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ہمیں حضرتِ سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے بارے میں بتائیں؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے ارشاد فرمایا: ''سلمان فارسی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) جیسا تم میں سے کون ہوسکتا ہے؟ وہ ہم میں سے اور اہلِ بیت میں سے ہیں۔ انہوں نے پہلے اور آخری عُلُوم حاصل کئے۔ وہ پہلی کتاب (انجیل یا تورات مُقدس) اور آخری کتاب (قرآن مجید) کے عالم اور علم کا نہ ختم ہونے والا سمندر تھے۔''(1)

## سرکار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے علم کی تعریف فرمائی:

﴿603﴾...... حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ میرے گھر آئے تو میری زوجہ کو پراگندہ حالت میں دیکھ کر سبب دریافت کیا تو میری زوجہ نے کہا: ''آپ کے بھائی عورتوں کی خواہش نہیں رکھتے، دن روزے کی حالت میں گزارتے اور رات عبادت میں بسر کرتے ہیں۔'' یہ سن کر انہوں نے مجھ سے فرمایا: ''بے شک آپ پر آپ کی بیوی کا بھی حق ہے۔ لہٰذا رات میں نماز بھی پڑھا کریں اور کچھ دیر آرام بھی کرلیا کریں۔ روزہ بھی رکھا کریں اور اِفطار بھی کیا کریں (یعنی ناغہ بھی کرلیا کریں)۔'' جب یہ بات حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو پتا چلی تو ارشاد فرمایا: ''بے شک سلمان کو علم عطا کیا گیا ہے۔''(2)

## اَعمال میں میانہ روی کا درس:

﴿604﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو جُحَیْفَہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا سَلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مُلاقات کے لئے گئے تو ان کی زوجہ کو پراگندہ حالت میں دیکھ کر اس کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے بتایا: ''آپ کے بھائی دنیا کی کسی چیز میں رغبت نہیں رکھتے وہ رات کو نماز میں

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۶۰۴۲، ج۶، ص۲۱۳.

2 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام سلمان، الحدیث: ۱۴، ج۸، ص۱۸۰، بتغیر.



www.dawateislami.net

مشغول رہتے اور دن روزے کی حالت میں بسر کرتے ہیں۔'' جب حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف لائے تو حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے کہا: ''کھانا کھائیں!'' انہوں نے کہا: ''میں روزے سے ہوں۔'' حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قسم اُٹھا کر فرمایا: ''اگر آپ نے نہ کھایا تو میں بھی نہیں کھاؤں گا۔''

پھر دونوں نے مل کر کھانا تناوُل فرمایا اور رات انہیں کے ہاں قیام کیا۔ جب رات کا کچھ حصّہ گزرا تو حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نماز کے لئے اُٹھنے لگے تو حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں یہ کہہ کر روک دیا کہ ''اے ابودَرْدَاء! بے شک آپ پر آپ کے رب عَزَّوَجَلَّ کا حق ہے، آپ کی زوجہ کا حق ہے اور آپ کے جسم کا بھی حق ہے پس آپ ہر ایک کا حق ادا کریں۔ روزہ رکھیں، اِفطار (یعنی ناغہ) بھی کریں، رات کو قیام کریں، آرام بھی کریں اور اپنی بیوی کا حق بھی ادا کریں۔''

پھر رات کے آخری پہر میں حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: ''اب اُٹھیے۔'' پھر دونوں حضرات اُٹھے، وُضُو کیا اور نماز پڑھی پھر نمازِ فَجْر کے لئے (مسجد کی طرف) چل دیئے، صبح کی نماز حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے پڑھائی، نماز کے بعد حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے اور حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی باتیں بیان کیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اے ابودَرْدَاء! بے شک تم پر تمہارے جسم کا بھی حق ہے۔'' اور حضرتِ سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی باتوں کی تائید فرمائی۔'' (1)

## اِنْفِرادی کوشش کا دلنشین انداز:

﴿605﴾...... حضرت سیِّدُ نا اَبو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ قبیلہ ''بنی عَبس'' کے ایک شخص نے حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی صُحْبت اختیار کی۔ اس نے دریائے دِجلہ سے ایک چلو پانی پیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے مزید پینے کا کہا۔ اس نے عرض کی: ''میں سیراب ہو گیا ہوں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۲۸۵۵، ج ۲۲، ص ۱۱۲۔
المسند لابی یعلی الموصلی، مسند ابی جحیفۃ، الحدیث: ۸۹۴، ج ۱، ص ۳۶۹۔


www.dawateislami.net

تعالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تیرا خیال ہے کہ تیرے پینے سے اس سے پانی کم ہوا ہے؟'' اس نے عرض کی: ''میرے ایک گھونٹ پی لینے سے کیا کم ہوگا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اسی طرح علم بھی حاصل کرنے سے کم نہیں ہوتا لہٰذا تم وہ علم ضرور حاصل کرو جو تمہیں نفع دے۔'' (1)

﴿606﴾......حضرت سیِّدُنا حَفْص بن عُمر سَعْدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے فرمایا: ''اے عَبْسی بھائی! (یعنی اے قبیلۂ بنوعَبس سے تعلق رکھنے والے) بے شک علم بہت زیادہ اور عمر بہت تھوڑی ہے لہٰذا دین کا ضَروری علم حاصل کرو اور اس کے ماسوا کو چھوڑ دو کیونکہ اس پر تمہاری مدد نہیں کی جائے گی۔'' (2)

## کُفّار سے جنگ میں سنّت طریقہ:

﴿607﴾......حضرت سیِّدُنا اَبُو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ مجاہدینِ اسلام کے ایک لشکر نے ایران کے ایک قلعے کا محاصرہ کرلیا۔ اس لشکر کے امیر حضرت سیِّدُنا سَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔ اہلِ لشکر نے عرض کی: ''اے ابو عبد اللّٰہ! کیا ہم ان پر حملہ نہ کردیں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے جانے دو میں انہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں جس طرح میں نے رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مشرکین کو دعوت دیتے ہوئے سُنا ہے۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اہلِ قلعہ سے فرمایا: ''میں تم لوگوں میں سے ہی ایک فارسی ہوں۔ تم دیکھتے نہیں کہ عَرب کس طرح میری اِطاعت کرتے ہیں؟ اگر تم اِسلام قبول کرلو تو تمہارے لئے بھی وہی اَحکام ہوں گے جو ہمارے لئے ہیں اور تم پر بھی وہی چیز لازم ہوگی جو ہم پر لازم ہے اور اگر تم نے اِسلام قبول نہ کیا تو ہم تمہیں تمہارے ہی دین پر چھوڑ دیں گے لیکن پھر تمہیں ذلّت کے ساتھ جزیہ دینا پڑے گا۔''

پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فارسی میں گفتگو کرتے ہوئے فرمایا: ''تم قابلِ تعریف نہیں ہو اگر تم نے ہماری بات ماننے سے انکار کردیا تو ہم تم سے اِعلانِ جنگ کریں گے۔'' اہلِ قَلْعَہ نے کہا: ''ہم نہ ایمان لائیں گے اور نہ ہی جزیہ دیں گے بلکہ تم سے جنگ کریں گے۔'' مُجاہدینِ اسلام نے عرض کی: ''اے ابو عبد اللّٰہ! کیا ہم ان پر حملہ نہ کر

---

1 ......الزهد لابن المبارك، باب ماجاء فی قبض العلم، الحدیث: ٨٢٢، ص ٢٨٣، بتغیر.

2 ......صفة الصفوة، الرقم ٥٩ سلمان الفارسی رضی الله عنه، ذکر نبذة من کلامه ومواعظه، ج ١، ص ٢٨٠.



www.dawateislami.net

دیں؟''فرمایا:''نہیں!''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ انہیں تین دن تک اسی طرح اسلام کی دعوت دیتے رہے پھر فرمایا: ''اے اہلِ لشکر! ان پر حملہ کردو!''لشکرِ اسلام نے ان پر حملہ کر دیا اور قلعہ فتح کرلیا۔''(1)

﴿608﴾......حضرت سیِّدُنا ابو لَیلٰی کِندی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ 12 یا 13 صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن پر مشتمل ایک قافلے میں تشریف لائے۔ جب نماز کا وقت ہوا تو صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے انہیں امامت کروانے کا کہا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:''میں نہ تو تمہارا امام بنوں گا اور نہ ہی تمہاری عورتوں سے شادی کروں گا کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں تمہارے ذَرِیعے ہدایت عطا فرمائی ہے۔''راوی کہتے ہیں:''پھر ایک صحابی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ آگے بڑھے اور جب 4 رکعت نماز پڑھا کر سلام پھیرا تو حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:''ہمیں 4 رکعتیں پڑھنے کی ضَرورت نہیں تھی دو ہی کافی تھی کیونکہ ہم رخصت کے زیادہ محتاج ہیں۔''حضرت سیِّدُنا عبدالرَّزّاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق فرماتے ہیں:''اس سے مراد سَفَر (میں رخصت) ہے۔''(2)

## عِشا کے بعد لوگ تین قِسم کے ہو جاتے ہیں:

﴿609﴾......حضرت سیِّدُنا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس رات گزاری تا کہ ان کی عبادت کو مُلاحَظہ کرسکوں۔ چنانچہ، جب رات کا پچھلا پہر ہوا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اُٹھ کر نماز ادا کی گویا کہ میں جو سمجھتا تھا (کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ساری رات عبادت کرتے ہیں) ویسا دیکھنے میں نہ آیا۔ میں نے یہ بات آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے بیان کی تو فرمایا:''ان پانچ فرض نمازوں کی پابندی کرو تو یہ درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں جب تک گناہِ کبیرہ کا اِرْتِکاب نہ کیا جائے۔''مزید فرمایا کہ''لوگ جب عشاء کی نماز ادا کر لیتے ہیں تو تین قِسم کے ہو جاتے ہیں: (۱) وہ لوگ جن کے لئے یہ رات وبال بن جاتی ہے اور وہ اس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا پاتے (۲) بعض خوش نصیبوں کے لئے بھلائی کا سبب بن کر آتی ہے اور

---

1 ......جامع الترمذی، ابواب السیر، باب ماجاء فی الدعوة قبل القتال، الحدیث: ۱۵۴۸، ص ۱۸۱۰.

2 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب الصلاة، باب الصلاة فی السفر، الحدیث: ۴۲۹۴، ج ۲، ص ۳۴۳۔
المصنف لعبد الرزاق، کتاب النکاح، باب الاکفاء، الحدیث: ۱۰۳۶۷، ج ۶، ص ۱۲۴.


www.dawateislami.net

انہیں وبال سے بچاتی ہے اور (۳) بعض نادانوں کے لئے یہ رات نہ تو فائدہ مند ثابت ہوتی ہے اور نہ ہی وبال بنتی ہے۔جن کے لئے وبال بنتی ہے اور فائدے سے خالی ہوتی ہے یہ وہ ہیں جو رات کی تاریکی اور لوگوں کی غَفلَت کو غنیمت جان کر دلیری سے گناہوں میں رات بسر کرتے ہیں اور جو رات کی تاریکی اور لوگوں کی غَفلَت کو غنیمت سمجھ کر رات میں اٹھ کر عبادت کرتے ہیں ان کے لئے یہ رات فائدہ مند ہے وبال نہیں اور جو نماز پڑھ کر سو جاتے ہیں ان کے لئے نہ فائدہ مند ہے اور نہ ہی وبال۔لہٰذا تم غَفلَت سے بچو، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کا قصد کرو اور اس پر ہمیشگی اختیار کرو۔''[1]

## محبت خُداوندی کی بشارت:

﴿610﴾......حضرت سیِّدُنا اَبو بُرَیْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''جبریلِ امین (عَلَیْہِ السَّلَام) میرے پاس آئے اور بتایا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ میرے 4 صحابہ سے محبت فرماتا ہے۔'' حاضرین میں سے ایک نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! وہ 4 صحابہ کون ہیں؟'' ارشاد فرمایا: ''علی، سلمان، ابوذر اور مِقْدَاد (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن)۔''[2]

## جنت بھی مشتاق ہے:

﴿611﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''جنت 4 اَفراد کی مُشْتَاق ہے: (۱) علی (۲) سلمان (۳) عمار اور (۴) مِقْدَاد۔''[3]

## مذہبِ حق کی تلاش:

﴿612﴾ (الف)......حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں ''اَصْبَہَان'' کے ایک عَلاقے میں رہتا تھا، وہاں کے لوگ سنگِ مرمر سے بنے ہوئے ایک گھوڑا نُما بُت کی پوجا کیا کرتے تھے اور میں ان کے اس عمل کو بُرا سمجھتا تھا۔ پھر کسی نے مجھے بتایا کہ تم جس دِین کی تلاش میں ہو اس کے پیروکار مغرب میں پائے جاتے ہیں۔

---

1 ......المصنف لعبد الرزاق، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ فی السفر، الحدیث: ۴۷۴۹، ج۲، ص۴۱۶.

2 ......سنن ابن ماجه، کتاب السنة، باب فضل سلمان وابی ذر والمقداد، الحدیث: ۱۴۹، ص۲۴۸۶، مختصرًا.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۶۰۴۵، ج۶، ص۲۱۵، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

چنانچہ، میں وہاں سے چل دیا اور ''مَوْصَل'' کی سرزمین پر جا پہنچا۔ وہاں کے لوگوں سے پوچھا کہ یہاں سب سے بڑا عالم کون ہے؟'' انہوں نے مجھے ایک ایسے آدمی کا پتہ بتایا جو گرجا میں بیٹھا تھا۔ میں اس کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ ''میں مشرق میں رہتا ہوں۔ نیکی و بھلائی کی تلاش میں یہاں آیا ہوں۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں آپ کے پاس رَہ کر آپ کی خدمت کروں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کو جو علم عطا فرمایا ہے اس میں سے کچھ مجھے بھی سکھا دیں۔'' فرماتے ہیں: ''اس نے اِجازت دیتے ہوئے کہا ٹھیک ہے۔'' یوں میں اس کے پاس اس شخص کی طرح رہنے لگا جس کے ذمہ گندم، سرکہ، اور زیتون کا حساب ہوتا ہے اور جب تک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا میں اس کی صُحبت میں رہا بالآخر اس کی مَوت کا وقت آ پہنچا۔ میں اس کے سرہانے بیٹھ کر رونے لگا۔ اس نے رونے کا سبب دریافت کیا؟ تو میں نے کہا: ''میں نے بَھلائی کی جستجو میں اپنا وطن چھوڑا اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے آپ کی اچھی صُحبت سے نوازا اور آپ نے مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عطا کردہ عُلُوم سکھائے۔ اب آپ وفات پا رہے ہیں۔ میں آپ کے بعد کہاں جاؤں گا؟'' اس نے کہا: ''فلاں جگہ میرا ایک بھائی رہتا ہے۔ وہ حق پر ہے۔ جب میں مر جاؤں تو تم اس کے پاس جانا اسے میرا اسلام کہنا اور بتانا کہ میں نے تمہیں اس کی صحبت اِختیار کرنے کی وصیت کی ہے۔'' آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ''جب اس کا انتقال ہو گیا تو میں وہاں سے اُٹھا اور اس کے بتائے ہوئے آدمی کے پاس پہنچ کر اسے بتایا کہ آپ کے فلاں بھائی نے آپ کو سَلام کہا ہے۔'' اُس نے سلام کا جواب دیا پھر پوچھا: ''اسے کیا ہوا؟'' میں نے کہا: ''اس کا اِنتقال ہو چکا ہے۔'' پھر میں نے اسے اپنا سارا قصّہ سنایا اور کہا کہ ''انہوں نے مجھے آپ کی صُحبت میں رہنے کی وصیت کی ہے۔''

اس نے مجھے ساتھ رہنے کی اِجازت دے دی اور میرے ساتھ اچھا برتاؤ کیا اور اب میں پہلے ہی کی طرح اس کے یہاں رہنے لگا۔ جب اس کی مَوت کا وقت قریب آیا تو میں اس کے سرہانے بیٹھ کر رونے لگا۔ اس نے رونے کی وجہ پوچھی تو میں نے کہا: ''میں نے اپنا وطن چھوڑا پس اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے فلاں کی صحبت عطا فرمائی انہوں نے اچھا ساتھ نبھایا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عطا کردہ عُلُوم سے فیضیاب کیا اور جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے مجھے آپ کا پتہ بتایا آپ نے بھی میرے ساتھ اَچھا سُلوک کیا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عطا کردہ عُلُوم میں سے مجھے سکھایا اور اب آپ بھی دُنیا سے جا رہے ہیں تو میں کہاں جاؤں گا؟'' اس نے کہا: ''ملکِ رُوم میں میرا ایک بھائی رہتا ہے وہ حق پر ہے اس کے پاس جا کر میرا اسلام کہنا اور بتانا کہ میں نے تمہیں اس کے پاس رہنے کا حکم دیا ہے۔''



www.dawateislami.net

جب وہ شخص فوت ہوگیا تو میں وہاں سے نکل کر سَفَر کرتے ہوئے اس کے بتائے ہوئے شخص کے پاس پہنچ گیا اور اس سے کہا کہ ''آپ کے فلاں بھائی نے آپ کو سَلام کہا ہے اور مجھے آپ کے پاس رہنے کا حکم دیا ہے۔'' اس نے سَلام کا جواب دیا اور پوچھا: ''وہ کیسے ہیں؟'' میں نے کہا: ''وہ فوت ہوگئے ہیں۔'' پھر میں نے اسے اپنا قصّہ بتایا اور کہا کہ ''انہوں نے مجھے آپ کی صُحبت اِختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔'' اس نے مجھے قبول کر کے اچھی صُحبت سے نوازا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عطا کردہ عُلُوم سے سکھایا جب اس کا وقت وصال قریب آیا تو میں اس کے سرہانے بیٹھ کر رونے لگا۔ اس نے رونے کا سبب دریافت کیا تو میں نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے آپ کی صحبت عطا فرمائی اب آپ وفات پا رہے ہیں، میں کہاں جاؤں گا؟'' اس نے کہا: ''تم کہیں بھی نہ جاؤ کیونکہ میں کسی ایسے شخص کو نہیں جانتا جو حضرت سیِّدُنا عیسیٰ (عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کے دین کا پیروکار ہو لیکن اب وہ وقت قریب آچکا ہے کہ ارضِ تِہامہ میں ایک نبی عَلَیْہِ السَّلَام کا ظہور ہونے والا ہے یا ہو چکا ہے لہٰذا تم میری وفات کے بعد اِسی گرجا میں ٹھہرے رہنا اور یہاں سے گزرنے والے تاجروں کے ہر قافلے کے بارے میں پوچھتے رہنا کیونکہ رُوم میں داخل ہونے کے لئے اہلِ حجاز کے تجارتی قافلے یہیں سے گزرتے ہیں۔ لہٰذا جب حجاز کے تاجروں کا کوئی قافلہ روم میں آئے تو ان سے پوچھنا کہ ''کیا تمہارے ہاں کسی نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔'' جب تجھے کسی شخص کے بارے میں بتا دیا جائے کہ اس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے، تو تم ان کے پاس چلے جانا کیونکہ یہ وہی ہوں گے جن کی بِشارت حضرت سیِّدُنا عیسیٰ (عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) نے دی ہے اور ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت درخشاں ہوگی، وہ ہدیہ تناوُل فرمائیں گے لیکن صَدَقہ قبول نہیں کریں گے۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ''اتنا کہہ کر وہ شخص بھی انتقال کر گیا اور میں وہیں ٹھہرا رہا اور ہر گزرنے والے قافلے کے بارے میں مَعْلُومات لیتا رہا یہاں تک کہ مکہ مکرّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفًاوَّ تَعْظِیْمًا کے کچھ لوگ میرے پاس سے گزرے، میں نے ان سے ان کا وطن پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ''ہم حجاز سے آئے ہیں۔'' میں نے دریافت کیا: ''کیا تمہارے ہاں کسی شخص نے نبوّت کا دعویٰ کیا ہے؟'' انہوں نے کہا: ''ہاں۔'' میں نے کہا: ''تم میں سے کوئی مجھے اپنا غُلام بنالے اور مکہ مکرّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفًاوَّ تَعْظِیْمًا پہنچنے تک مجھے سواری اور کھانے کی سُہولت فراہم کردے۔ پھر وہاں پہنچ کر چاہے تو بیچ دے اور چاہے تو خدمت لیتا رہے۔'' چنانچہ، ان میں سے ایک شخص نے مجھے اپنا غلام بنالیا اور سواری پر جگہ بھی دی۔ مکہ مکرّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا پہنچ کر


www.dawateislami.net

اس نے مجھے دوحبشیوں کے ساتھ ایک باغ میں کام پر لگا دیا۔ایک دن میں باغ سے نکل کر مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّ تَعۡظِیۡمًا میں گھوم رہا تھا کہ اپنے علاقے کی ایک عورت سے میری ملاقات ہوگئی۔ میں نے کچھ دیر اس سے گفتگو کی تو اس نے مجھے بتایا کہ''اس کے آقا اور گھر والے سب نے اسلام قبول کرلیا ہے۔'' پھر میں نے حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے بتایا کہ''آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم رات اپنے اصحاب کے ساتھ حجرِ اَسْوَد کے پاس تشریف فرما ہوتے ہیں اور صُبْح کو تشریف لے جاتے ہیں۔''

حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ فرماتے ہیں: میں رات اس غور وفکر میں بیٹھا ہوا تھا کہ کہیں میرے ساتھ کام کرنے والے مجھے کھو نہ دیں اتنے میں کچھ لوگوں نے مجھ سے پوچھا:''کیا ہوا؟''میں نے کہا:''پیٹ میں دَرد ہے۔'' پھر جب حجرِ اسود کے پاس سرکارِ اَبد قرار، بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آمد کا وقت ہوا تو میں وہاں جا پہنچا۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حجرِ اَسود کے پاس تشریف فرما تھے اور صحابۂ کرام (رِضۡوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡن) آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔ میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پُشت مبارک کی طرف ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے دِل کی بات جان گئے اور اپنی چادر مبارک کمر سے سرکا دی۔ میں کندھوں کے درمیان مہرِ نبوت کی زیارت سے مُشَرَّف ہوا تو دِل میں کہا: ''اَللّٰہُ اَکۡبَر ایک نشانی تو دیکھ لی۔'' پھر اگلی رات بھی میں نے اسی طرح کیا اور میرے ساتھ کام کرنے والوں نے کچھ ناراضی کا اظہار نہ کیا۔ میں کچھ کھجوریں جمع کر کے انتظار کرنے لگا۔ جیسے ہی مصطفٰی جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تشریف آوری کا وقت ہوا تو میں نے کھجوریں لیں اور حاضر ہو کر خدمت میں پیش کر دیں۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِستِفسار فرمایا:''یہ کیا ہے؟''میں نے عرض کی:''صَدَقہ ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے وہ کھجوریں اپنے صحابہ (رِضۡوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡن) کو تناوُل کرنے کا حکم دیا اور خود ان میں سے کچھ بھی تناوُل نہ فرمایا۔''میں نے دل میں کہا:''اَللّٰہُ اَکۡبَر یہ دوسری نشانی ہے۔''

پھر تیسری رات بھی میں نے کچھ کھجوریں جمع کیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہو کر پیش کر دیں۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کے مُتَعَلِّق اِستفسار فرمایا تو میں نے عرض کی:''ہدیہ ہے۔'' سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں خود بھی تناوُل فرمائیں اور صحابہ (رِضۡوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡھِمۡ اَجۡمَعِیۡن) نے بھی


www.dawateislami.net

کھائیں، یہ دیکھتے ہی میں نے کہا: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی مَعبُود نہیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس کے رسول ہیں[1]۔'' حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے میرا حال دریافت فرمایا تو میں نے سارا واقعہ کہہ سنایا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جاؤ اور جا کر اپنے آپ کو خرید لو۔'' چنانچہ، میں اپنے مالک کے پاس آیا اور کہا: ''میرا نفس مجھے بیچ دو۔'' مالک نے کہا: ''میں تجھے اس شرط پر بیچتا ہوں کہ تم میرے لئے کھجور کے 100 درخت لگاؤ یہاں تک کہ وہ تیار ہو کر پھل دینے لگیں اور اس کے ساتھ کھجور کی گٹھلی کے برابر سونا بھی دو۔''

چنانچہ، میں نے خدمتِ اَقدس میں حاضر ہو کر ساری بات عرض کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''جو اس نے مانگا ہے اسے دے دو اور جس کنوئیں سے تم باغ کو سیراب کرتے ہو اس سے ایک ڈول پانی بھر کر میرے پاس لاؤ۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں اپنے مالک کے پاس گیا اور اس کی مَطْلُوبہ شَرائِط پر اپنے آپ کو خرید لیا اور جس کنوئیں سے باغ کو سیراب کیا جاتا تھا اس سے پانی کا ایک ڈول لے کر بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں حاضر ہو گیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرے لئے دُعا فرمائی پھر میں نے اس پانی سے کھجوروں کے درخت لگا دیئے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ان میں سے ایک بھی کھجور کا درخت نہیں مُرجھایا، جب اس کا پھل ظاہر ہو گیا تو میں نے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں حاضر ہو کر عرض کی کہ ''پھل پک کر تیار ہو چکا ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کھجور کی گٹھلی کے برابر سونا منگوایا اور مجھے عطا فرمایا میں وہ سونا لے کر ایک آدمی کے پاس گیا اور ترازو کے ایک پلڑے میں سونا اور دوسرے میں کھجور کی گٹھلی رکھ دیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! سونے والا پلڑا زمین سے نہ اُٹھا۔ پھر میں بارگاہِ نبوت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اگر تم اتنے اتنے وزن کی بھی شرط مان لیتے تو یہ سونے کا ٹکڑا اس سے بھاری ہوتا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''اس کے بعد میں حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

---

[1] ...... حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضور سیِّد عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں تشریف آوری کے بعد اسلام لائے۔ جیسا کہ بعد والی روایت سے ظاہر ہے۔ اور بعض نے کہا ہجرت سے پہلے مکہ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں اسلام قبول کیا۔ یہ قول ضعیف ہے۔ (ماخوذ از معرفة الصحابة، الرقم ۱۲۰۷، ج ۲، ص ۴۵۵)



www.dawateislami.net

کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو گیا اور ہر وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت رہتا۔''

{612} (ب)......حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان فرماتے ہیں کہ میں شہرِ ''اَصْبَہان'' کے ایک دیہات میں رہتا تھا۔ ایک دن اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میرے دل میں یہ بات القا فرمائی کہ آسمانوں اور زمین کا خالق کون ہے؟ پس میں ایک ایسے آدمی کے پاس گیا جو اپنی باتوں سے لوگوں کو پریشان نہیں کرتا تھا میں نے اس سے پوچھا: ''کون سا دین افضل ہے؟'' اس نے کہا: ''تجھے یہ نئی بات کہاں سے سوجھی، تو اپنے باپ کے دین کے سوا اور دین اختیار کرنا چاہتا ہے؟'' میں نے کہا: ''نہیں! لیکن میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ آسمانوں اور زمینوں کا مالک کون ہے؟ سب سے افضل دین کون سا ہے؟'' اس نے کہا کہ ''مَوْصَل'' میں ایک راہب ہے اس سے بڑا کوئی عالم نہیں۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں اس کی طرف چل دیا، میں اس کے پاس رہا تو میں پوری دنیا میں اس پر بھروسا کرنے لگا۔ وہ دن کو روزہ رکھتا اور رات عبادت میں بسر کرتا، میں بھی اس کی طرح عبادت کرنے لگا۔ یوں میں 3 سال اس کے پاس ٹھہرا رہا جب اس کا وقتِ وصال قریب آیا تو میں نے اس سے کہا کہ ''آپ مجھے کس کے پاس جانے کا حکم دیتے ہیں؟'' اس نے کہا: ''میں مشرق میں کسی ایسے شخص کو نہیں جانتا جو اس دین پر کاربند ہو جس پر میں ہوں۔ البتہ جزیرۂ عرب کے اس پار ایک راہب ہے تم اس کے پاس چلے جانا اور اسے میرا سلام کہنا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: (اس کے وصال کے بعد) میں اس عالم کے پاس چلا آیا اور اس کا سلام کہا اور بتایا کہ اس کا وصال ہو چکا ہے۔ میں اِس کے پاس بھی 3 سال تک رہا۔ جب اس کی موت کا وقت قریب آیا تو میں نے کہا کہ ''آپ اپنے بعد مجھے کس کے پاس جانے کا کہتے ہیں؟'' اس نے کہا: ''میری معلومات کے مطابق اس علاقے میں تو کوئی ایسا عالم نہیں ہے جو دینِ حق پر ہو۔ البتہ ''عَمُوْرِیَّہ'' میں ایک بڑی عمر کا عالم ہے لیکن پتا نہیں تم اسے مل پاؤ گے یا نہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: اس کے انتقال کے بعد میں نے ''عَمُّوْرِیَّہ'' کا سفر اختیار کیا۔ اس عالم کے پاس بھی کچھ عرصہ رہا۔ اسے میں نے بہت خوشحال پایا۔ جب اس کا وقتِ وصال آیا تو میں نے کہا: ''آپ مجھے کہاں جانے کا حکم دیتے ہیں؟'' اس نے کہا: ''اس وقت روئے زمین پر کوئی عالم ایسا نہیں ہے جو حق پر ہو اس لئے اب تم کسی کے پاس مت جانا لیکن اگر تم کسی زمانے میں سنو کہ حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی آل میں ایک شخص

پیدا ہوا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ تم اس زمانے کو پاؤ گے۔'' حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''لیکن مجھے امید تھی کہ میں اس زمانے کو پاؤں گا۔'' بہر حال اس نے کہا: ''اگر تم ان کا ساتھ دے سکو تو ضرور دینا کہ وہ حق پر ہوں گے۔ ان کی نشانی یہ ہے کہ ان کی قوم کے لوگ انہیں ساحر، مجنون اور کاہن کہیں گے اور ایک نشانی یہ ہے کہ وہ ہدیہ تناوُل فرمائیں گے لیکن صَدَقے کے مال میں سے کچھ نہ کھائیں گے اور ایک علامت یہ ہے کہ ان کے دونوں شانوں کے درمیان مُہرِ نبوت درخشاں ہوگی۔''

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں انتظار کرتا رہا بالآخر مدینے کی طرف جانے والا ایک قافلہ گزرا۔ میں نے ان سے پوچھا: ''تم لوگ کون ہو؟'' بولے: ''ہم مدینے کے رہنے والے ہیں۔ تاجر ہیں۔ تجارت کر کے گُزر بَسر کرتے ہیں۔ لیکن اب آلِ ابراہیم سے ایک شخص پیدا ہوا ہے اس کی قوم اسے قتل کرنے کے درپے ہے۔ جس کی وجہ سے وہ ہجرت کر کے ہمارے شہر میں چلا آیا ہے۔ ہمیں ڈر ہے کہ کہیں وہ ہماری تجارت میں رُکاوٹ نہ ڈال دے اور اب اُسے مدینے پر تَسَلُّط حاصل ہے۔'' حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے ان سے پوچھا کہ ''ان کی قوم کے لوگوں کا ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟'' انہوں نے جواب دیا کہ ''وہ اسے سَاحر، مجنون اور کاہن کہتے ہیں۔'' میں نے (دل میں) کہا یہی تو نشانی ہے۔'' میں نے کہا: ''تم مجھے اپنے امیر کے پاس لے چلو۔'' چنانچہ، امیر کے پاس پہنچ کر میں نے اس سے کہا کہ ''مجھے اپنے ساتھ مدینے لے چلو۔'' اس نے کہا: ''تم اس کے عوض مجھے کیا دو گے؟'' میں نے کہا: ''میرے پاس تمہیں دینے کے لئے اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ میں تمہارا غُلام بن جاؤں۔'' لہٰذا اس نے مجھے اپنے ساتھ لے لیا اور مدینے پہنچ کر کھجوروں کے ایک باغ میں ٹھہرایا۔ میں اونٹوں کی طرح اپنی پیٹھ پر پانی لاد کر لاتا اور باغ کو سیراب کرتا حتی کہ اس کے سبب میری پیٹھ اور سینہ زخمی ہو گئے۔ وہاں میری (فارسی) زبان کوئی نہیں سمجھتا تھا۔ ایک دن ایک بوڑھی فارسی خاتون وہاں آئی وہ بھی یہی کام کرتی تھی۔ میں نے اس سے بات کی تو وہ میری بات سمجھ گئی۔ میں نے کہا: ''مجھے بتاؤ یہ شخص جو ظاہر ہوا ہے کہاں ملے گا؟'' اس نے کہا: ''صُبح سویرے نمازِ فجر کے بعد دن کے ابتدائی حصّے میں وہ یہاں سے گزرے گا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں واپس آیا کھجوریں اکٹھی کیں، صبح کھجوریں لے کر اسی جگہ پہنچ گیا جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صحابۂ کرام


www.dawateislami.net

رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے جُھرمٹ میں تشریف لائے تو میں نے کھجوریں خدمت میں پیش کیں تو اِستِفسار فرمایا: ''یہ کیا ہے؟ صَدَقَہ ہے یا ہدیہ؟'' میں نے عرض کی: ''صَدَقَہ ہے۔'' ارشاد فرمایا: ''یہ انہیں دے دو۔'' پھر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے وہ کھجوریں تناوُل فرمائیں لیکن حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس میں سے کچھ نہ کھایا۔ میں نے (دِل میں) کہا: ''ایک نشانی تو ہوگئی۔'' دوسرے دن میں پھر کھجوریں لے کر حاضر ہوا تو دریافت فرمایا: ''یہ کیا ہے؟'' میں نے عرض کی: ''ہدیہ ہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے خود بھی تناوُل فرمائیں اور صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کو بلا کر انہیں بھی اپنے ساتھ شامل فرمایا۔ پھر جب سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ میں مہر نبوت دیکھنے کی بے قراری مُلاحظہ فرمائی تو پُشتِ اَطہر سے کپڑا ہٹا دیا پس میں مہر نبوت کے بوسے لینے اور اس سے چمٹنے لگا۔ پھر حُضُور نبیٔ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دریافت فرمانے پر میں نے اپنا سارا واقعہ عرض کر دیا۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''چونکہ تم نے اہل قافلہ سے طے کرلیا تھا کہ تم ان کے غلام ہو۔ لہٰذا اب میں تمہیں ان سے خرید لوں گا۔'' پھر مجھے میرے آقا سے اس شرط پر خرید لیا کہ ''یہ تمہیں کھجوروں کے 300 درخت لگا کر دے گا اور 40 اُوقِیَّہ سونا بھی دے گا۔ پھر یہ آزاد ہو جائے گا۔'' اس کے بعد آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''درخت لگاؤ!'' میں نے درخت لگائے۔ تو فرمایا: ''کنوئیں پر جاؤ! اس میں ڈول ڈالو جب بھر جائے تو درختوں کی جڑوں میں بہا دو۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایسا ہی کیا تو وہ درخت بُہت جلد اُگ آئے یہ دیکھ کر لوگ کہنے لگے: ''سُبْحَانَ اللّٰہ! ہم نے کبھی ایسا غلام نہیں دیکھا اس کی تو بڑی شان ہے۔'' پھر لوگ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس جمع ہو گئے تو حُضُور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں سونے کا ایک ٹکڑا عطا فرمایا جس کا وزن 40 اُوقِیَّہ کے برابر نکلا۔'' (1)

﴿613﴾...... حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''10 سے زیادہ راہبوں کی خدمت میں رہنے کے بعد مجھے صحیح دِین ملا۔'' (2)

---

1 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ٦٠٧٥/٦٠٧٦، ج٦، ص ٢٣١ تا ٢٣٣.

2 ...... صحیح البخاری، کتاب مناقب الانصار، الحدیث: ٣٩٤٦، ص ٣٢٢.



www.dawateislami.net

# سَیِّدُنا سلْمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے نصیحت آموز واقعات

﴿614﴾......حضرت سیِّدُنا جابِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کے لئے گئے اور کہا: ''اے ابوعبداللہ! خوشخبری ہو کہ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس دُنیا سے تشریف لے جاتے وقت آپ سے راضی تھے۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: اے سَعد! یہ کیسے؟ جبکہ میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یہ فرمان سنا ہے کہ ''تمہارے پاس دنیاوی ساز وسامان ایک مسافر کے زادِراہ کی مثل ہونا چاہئے۔''[1]

## مالِ دُنیا نے رُلا دیا:

﴿615﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسُفیان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے شیوخ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سعد بن ابی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کے لئے گئے تو انہیں روتے دیکھ کر پوچھا: ''کیوں رو رہے ہیں؟ آپ تو حوضِ کوثر پر اپنے دوستوں (یعنی صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن) اور حُضُور نبیٔ اکرم، رسولِ محتشم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ملنے والے ہیں اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دنیا سے تشریف لے جاتے وقت آپ سے راضی تھے۔'' فرمایا: میں مَوت کے ڈر یا دنیا چھوٹنے کی وجہ سے نہیں رو رہا بلکہ میں تو اس وجہ سے رو رہا ہوں کہ میرے اردگرد کثیر ساز وسامان پڑا ہوا ہے حالانکہ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہم سے عہد لیا تھا کہ ''تمہارے پاس دنیاوی سامان صرف اتنا ہونا چاہئے جتنا ایک مسافر کے پاس زادِراہ ہوتا ہے۔'' راوی بیان کرتے ہیں: ''اس وقت ان کے پاس جو سامان تھا وہ صرف ایک برتن تھا جو وُضو کرنے یا کپڑے دھونے کے کام آتا تھا۔''

حضرت سیِّدُنا سَعد بن ابی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: ''آپ ہم سے کوئی عہد لیں جس پر ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے بعد کاربند رہیں۔'' تو انہوں نے فرمایا:

---

1......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الزھد وقصر الامل، الحدیث:۱۰۳۹٦، ج۷، ص۳۰٦.



www.dawateislami.net

''کوئی کام کرتے وقت، فیصلہ کرتے وقت اور کوئی چیز تقسیم کرتے وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ کو یاد رکھا کرو۔'' (1)

﴿616﴾......حضرت سیِّدُنا مُوَرِّق عِجلِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے وقت کسی نے انہیں روتا دیکھ کر وجہ دریافت کی تو فرمایا: حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہم سے عہد لیا تھا کہ ''تمہارے پاس دُنیاوی ساز و سامان ایک مسافر کے زادِراہ جتنا ہونا چاہئے۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے بعد جب گھر کے سامان کی طرف نظر کی گئی تو ایک پالان، ایک بستر اور کھانے پینے کی چند چیزوں کے سوا اور کچھ نہ تھا اور ان سب کی قیمت تقریباً 20 درہم کو پہنچتی تھی۔'' (2)

﴿617﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کا وقت قَرِیب آیا تو رونے لگے۔ کسی نے پوچھا: ''اے ابو عبداللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ کیا حُضُور نبیٔ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آپ سے راضی ہو کر دُنیا سے تشریف نہیں لے گئے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں موت کے خوف سے نہیں رو رہا بلکہ میں اس وجہ سے رو رہا ہوں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہم سے عَہْد لیا تھا کہ ''تمہارے پاس دنیاوی ساز و سامان ایک مسافر کے زادِراہ کی مثل ہونا چاہئے۔'' (3)

## سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے کئے عَہْد نے رُلا دیا:

﴿618﴾......حضرت سیِّدُنا سعید بن مُسیّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدُنا سَعْد بن مالِک اور حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کے لئے گئے تو انہیں روتے دیکھ کر کہا: ''اے ابو عبداللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہم سے عَہْد لیا تھا کہ ''تمہارے پاس دُنیاوی مال و دولت ایک مسافر کے زادِراہ کے برابر ہونا چاہئے۔'' لیکن ہم میں سے کوئی بھی صحیح مَعنوں میں اس عَہْد کی حِفاظت نہیں کر سکا۔'' (4)

---

1 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۳۵۹، سلمان الفارسی، ج ٤، ص ٦٨، بتغیر.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٦١٦٠، ج ٦، ص ٢٦١.

3 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۳۵۹، سلمان الفارسی، ج ٤، ص ٦٨، مختصرًا.

4 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۳۵۹، سلمان الفارسی، ج ٤، ص ٦٨، مختصرًا.



www.dawateislami.net

## رنج وملال کی وجہ!

﴿619﴾......حضرت سیِّدُنا عامر بن عبداللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے وقت ہم نے ان پر غم کے اثرات دیکھے تو پوچھا: ''اے ابو عبداللہ! آپ کیوں گریہ وزاری کر رہے ہیں؟ حالانکہ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ سابق الاسلام ہیں اور سرکار دو جہان، سرور ذیشان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی معیت میں کئی غَزْوات میں شرکت کی سعادت پائی ہے اور بڑی بڑی فتوحات میں بھی شریک ہوئے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: مجھے اس بات نے رنجیدہ وملول کر رکھا ہے کہ مصطفٰی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہم سے جدا ہوتے وقت عَہْد لیا تھا کہ ''مومن کے لئے مسافر کے زادِراہ کے برابر دُنیاوی سامان کافی ہے۔'' یہی بات میرے لئے پریشانی کا باعث ہے۔ راوی کہتے ہیں: ''جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مال جمع کیا گیا تو اس کی قیمت 15 دینار تھی۔''

حضرت سیِّدُنا عامر بن عبداللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت کے مطابق تو وہ 15 دینار ہی تھے لیکن دوسرے راویوں کا اس بات پر اِتفاق ہے کہ ان کے تر کہ کی کل قیمت 10 درہم سے کچھ زیادہ تھی۔'' (1)

﴿620﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کرنے کی غرض سے ان کے پاس گیا تو انہیں روتا پا کر سبب گریہ دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے عَہْد لیا تھا کہ ''میرے پاس ایک مسافر کے زادِراہ سے بڑھ کر ساز وسامان نہیں ہونا چاہئے۔'' (2)

﴿621﴾......حضرت سیِّدُنا علی بن بَزِیمہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ''حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ (کے وصال کے بعد جب ان) کا تر کہ بیچا گیا تو اس کی قیمت صرف 14 درہم حاصل ہوئی تھی۔'' (3)

---

1 ......الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب الرقائق، باب الفقراء و الزهدو القناعة، الحديث: ٧٠٤، ج٢، ص ٤٥.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ٦٠٦٩ ج٦، ص ٢٢٧، بتغيرٍ.

3 ......المعجم الكبير، الحديث: ٦٠٤٢، ج٦، ص ٢١٤.



www.dawateislami.net

## ٹوکریاں بنانے والا حاکم:

﴿622﴾......حضرت سیِّدُ ناسَلامَہ عِجلِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ گاؤں سے میرے بھانجے قُدَامَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ آئے اور مجھ سے کہا کہ ''میں حضرت سیِّدُ ناسَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی زیارت کرکے انہیں سَلام پیش کرنا چاہتا ہوں۔'' اس وقت حضرت سیِّدُ ناسَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ ''مَدَائِن'' میں 20 ہزار مسلمانوں پر امیر مُقرَّر تھے۔ چنانچہ، ہم وہاں پہنچے تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ چارپائی پر بیٹھے کھجُور کے پتوں سے ٹوکریاں بنا رہے ہیں۔ ''میں نے سَلام کے بعد عرض کی: ''اے ابو عبد اللّٰہ! یہ میرا بھانجا ہے جو گاؤں سے آیا ہے اور آپ کو سَلام پیش کرنا چاہتا ہے۔'' (اس نے سلام کیا تو) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے اس کے سَلام کا جواب ارشاد فرمایا۔ پھر میں نے عرض کی: ''یہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے محبت کرتا ہے۔'' فرمایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اسے اپنی محبت عطا فرمائے۔'' (1)

﴿623﴾......حضرت سیِّدُ ناحَسَن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُ ناسَلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ 30 ہزار مسلمانوں پر امیر تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا وظیفہ 5 ہزار درہم تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے پاس ایک چادر تھی جسے اوڑھ کر لوگوں کو خُطْبَہ دیتے اور سوتے وقت وہی چادر آدھی اوپر لیتے اور آدھی نیچے بچھا لیتے۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے پاس وظیفہ آتا تو اسے مسلمانوں پر خرچ کر دیتے اور خود اپنے ہاتھوں سے کھجُور کے پتوں کی ٹوکریاں بنا کر گزارہ کر لیتے۔'' (2)

## لونڈی سے نکاح:

﴿624﴾......حضرت سیِّدُ ناعَمرو بن اَبی قُرَّہ کِنْدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں: میرے والد نے حضرت سیِّدُ ناسَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کو اپنی ہمشیرہ (میری پھوپھی) سے نِکاح کا پیغام دیا تو انہوں نے اِنکار کر دیا اور پھر بُقَیرَہ نامی ایک لونڈی سے نِکاح کر لیا۔ میرے والد کو خبر ہوئی کہ حضرت سیِّدُ ناحُذَیفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے حضرت سیِّدُ ناسَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے اچھے تعلقات ہیں تو وہ انہیں تلاش کرنے لگے۔ کسی نے بتایا کہ وہ سبزی کے کھیت میں ہیں۔ ابّا حُضُور ان کے پاس پہنچے تو انہیں کندھوں پر سبزی سے بھری ایک ٹوکری اُٹھائے دیکھا۔ پھر

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ٦١١٠، ج٦، ص ٢٤١.

(2)......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد سلمان الفارسی، الحدیث: ٨١٥، ص ١٧٣.



www.dawateislami.net

انہیں ساتھ لے کر حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر پہنچے۔ حضرت سیِّدُ نا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے گھر میں داخل ہو کر سَلام کیا اور پھر میرے والد کو اندر آنے کا کہا۔ اس وقت حضرت سیِّدُ نا سلمان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ ایک چٹائی پر آرام فرما رہے تھے اور ان کے سر کی جانب کچھ اینٹیں اور بعض معمولی چیزیں رکھی تھیں۔ حضرت سیِّدُ نا سلمان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس باندی کی چٹائی پر بیٹھو جو اس نے اپنے لئے تیار کی ہے (اس سے وہ سمجھ گئے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نکاح کر چکے ہیں لہٰذا انہوں نے پھر اس موضوع پر کوئی گفتگو نہ کی)۔'' (1)

## محبت اور نفرت کا راز:

﴾625﴿...... حضرت سیِّدُ نا حارِث بن عُمَیْرہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں ''مدائن'' گیا تو وہاں بوسیدہ لباس میں ملبوس ایک آدمی دیکھا۔ اس کے پاس پکا ہوا سُرخ چمڑا تھا جسے وہ حرکت دے رہا تھا۔ میں نے اسے متوجہ کیا تو اس نے میری طرف دیکھا اور ہاتھ سے اِشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندے! اپنی جگہ پر ٹھہرے رہو۔'' میں رُک ہو گیا اور اپنے ساتھ والوں سے دریافت کیا کہ ''یہ کون ہے؟'' انہوں نے بتایا کہ ''یہ حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' کچھ دیر بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے گھر میں داخل ہوئے اور سفید لباس زیب تن کئے باہر تشریف لائے، پھر میرا ہاتھ پکڑ کر مجھ سے مُصافَحہ کیا اور حال دریافت فرمایا۔ میں نے کہا: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بندے! اس سے پہلے نہ تو میں نے کبھی آپ کو دیکھا ہے اور نہ ہی آپ نے مجھے کہیں دیکھا ہے، نہ میں آپ کو جانتا ہوں اور نہ ہی آپ مجھے پہچانتے ہیں؟'' تو انہوں نے فرمایا: ''کیوں نہیں! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! تجھے دیکھتے ہی میری روح نے تیری روح کو پہچان لیا۔ بتاؤ! کیا تم حارِث بن عُمَیْرہ نہیں ہو؟'' میں نے کہا: ''بے شک میں حارِث بن عُمَیْرہ ہی ہوں۔'' حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یہ فرمان سنا ہے کہ ''اَرواح مخلوط لشکر ہیں، تو ان میں سے جو (عالَمِ اَرواح میں) جان پہچان رکھتی ہیں وہ (دُنیا میں بھی) اُلفت رکھتی ہیں اور جو (عالَمِ اَرواح میں) اجنبی رہتی ہیں وہ (دُنیا میں بھی) الگ رہتی ہیں۔'' (2)

---

1 ......الادب المفرد للبخاری، باب الخروج الی ......الخ، الحدیث: ۲۳۵، ص ۸۱.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۶۱۷۲، ج ۶، ص ۲۶۴.



www.dawateislami.net

## قیامت کی بُھوک:

﴿626﴾......حضرت سیِّدُ نا عَطِیَّہ بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تکلفًا کھانا تناوُل کر رہے ہیں اور فرما رہے ہیں: مجھے یہ کھانا کافی ہے، مجھے یہ کھانا کافی ہے۔ کیونکہ میں نے رسولِ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ”جو لوگ دُنیا میں پیٹ بھر کر کھاتے ہیں وہ قیامت میں زیادہ بھوکے ہوں گے۔ اے سَلْمان! بے شک دُنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافِر کے لئے جنّت[1] ہے۔“[2]

﴿627﴾......حضرت سیِّدُ نا اَبو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ قبیلۂ بنی عَبس کے ایک شخص کا بیان ہے کہ میں حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی صُحبت میں رہا کرتا تھا، ایک بار آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مسلمانوں کے کسریٰ کو فتح کرنے اور وہاں کے خزانے ملنے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: ”جس مالک مطلق خدائے حنّان ومنّان عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں کسریٰ کے خزانے اور ملک عطا فرمایا اگر وہ چاہتا تو حضور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حیاتِ طیِّبہ میں یہ خزانے عطا فرما دیتا۔ اس وقت صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی صبح اس حال میں ہوتی تھی کہ ان کے پاس درہم و دینار حتیٰ کہ کھانا بھی معقول مقدار میں نہیں ہوتا تھا۔ اے عَبسی! اب اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مسلمانوں کو اتنا مال عطا فرما دیا ہے۔“ اس شخص کا کہنا ہے کہ ”پھر ہم ان خزانوں کے قریب سے گُزرے تو وہ بکھرے پڑے تھے۔“ حضرت سیِّدُ نا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان خزانوں کو یوں بکھرے پڑے دیکھا تو فرمایا:

---

1 ...... مفسر شہیر حکیم الامت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ”یعنی مومن دُنیا میں کتنا ہی آرام میں ہو، مگر اس کے لئے آخرت کے مُقابَلہ میں دنیا جیل ہے، جس میں وہ دل نہیں لگاتا جیل اگرچہ اے کلاس ہو، پھر بھی جیل ہے، اور کافر خواہ کتنے ہی تکالیف میں ہوں، مگر آخرت کے عذاب کے مقابل اس کے لئے دنیا باغ اور جنت ہے، وہ یہاں دل لگا کر رہتا ہے، لہٰذا حدیث پر یہ اعتراض نہیں کہ بعض مومن دنیا میں آرام سے رہتے ہیں، اور بعض کافر تکلیف میں ایک روایت میں ہے کہ حُضُورِ انور نے فرمایا: اے ابوذر دنیا مومن کی جیل ہے اور قبر اس کے چھٹکارے کی جگہ، جنّت اس کے رہنے کا مقام ہے، اور دُنیا کافِر کے لئے جنّت ہے، موت اس کی پکڑ کا دن اور دوزخ اس کا ٹھکانا (مرقات)۔“ (مرآۃ المناجیح، ج۷، ص ٤)

2 ......سنن ابن ماجه، ابواب الاطعمة، باب الاقتصاد فی الأکل و کراهة الشبع، الحدیث: ۳۳۵۱، ص ۲٦۷۹۔
البحر الزخار بمسند البزار، مسند سلمان الفارسی، الحدیث: ۲٤۹۸، ج٦، ص ٤٦۱


www.dawateislami.net

''جس مالک مطلق خدائے حنّان ومنّان عَزَّوَجَلَّ نے کسریٰ کے خزانے اور ملک عطا فرمایا اگر وہ چاہتا تو حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حیاتِ ظاہری میں یہ خزانے تمہیں عطا فرما دیتا، اس وقت صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی صبح اس حال میں ہوتی تھی کہ ان کے پاس درہم ودینار حتی کہ کھانے کو بھی کچھ نہ ہوتا تھا، اے عَبسی! اب اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے مسلمانوں کو کسریٰ کے خزانے اور ملک عطا فرما دیا ہے (اب مسلمان کتنے چین میں ہیں)۔'' (1)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی سادگی:

﴿628﴾......حضرت سیِّدُنا مَیْمُوْن بن مِہْرَان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ قبیلۂ بنی عبد القیس کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ اس نے حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایک ایسی جنگ میں کہ جس میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر لشکر تھے ایسی حالت میں دیکھا کہ ایک دراز گوش پر سوار تھے اور ایسی شلوار پہن رکھی تھی جس کے کنارے ہوا کی وجہ سے حرکت کر رہے تھے۔ دوسری طرف لشکر والے کہہ رہے تھے کہ ''امیر لشکر تشریف لا رہے ہیں۔'' یہ سن کر انہوں نے فرمایا کہ ''خیر اور شر تو آج کے بعد شُروع ہوں گے (یعنی کامیابی یا ناکامی کا پتا تو اب چلے گا)۔'' (2)

﴿629﴾......حضرت سیِّدُنا ابن شَوْذَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سر کے تمام بال مُنڈوا کے رکھتے۔ کسی نے اس کا سبب دریافت کیا تو فرمایا: ''اصل زندگی تو آخرت کی ہے۔'' (3)

## بخل وحرص کی مذمت:

﴿630﴾......حضرت سیِّدُنا سَہْل بن حُنَیْف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ایک شخص سے جھگڑا تھا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ خُداوندی میں عرض کی: ''یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! اگر یہ جھوٹا ہے تو اسے اس وقت تک مَوت نہ دینا جب تک وہ تین باتوں میں سے ایک میں مُبتلا نہ ہو جائے۔'' جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا غصّہ کم ہوا تو میں نے پوچھا: ''اے ابو عبد اللّٰہ! وہ تین باتیں کون سی ہیں؟'' فرمایا: ''فتنۂ دجال،

---

1 ......مسند ابی داؤد الطیالسی، سلمان الفارسی، الحدیث: ۶۵۷، ص ۹۱.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الجھاد، باب فی الامارة، الحدیث: ۱۳، ج ۷، ص ۵۷۰، مختصرًا۔
الزھد لابی داؤد، الحدیث: ۲۵۵، ج ۱، ص ۲۷۲.

3 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب فی فضل ابی ھریرة، الحدیث: ۸۴۲، ص ۱۷۷.



www.dawateislami.net

فتنۂ اُمارت، یہ بھی فتنۂ دجال ہی کی طرح ہے اور بخل وحرص کہ جب یہ کسی انسان کو لاحق ہوتے ہیں تو وہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ فلاں شئے کہاں سے آئی ہے۔‘‘ (1)

## دعوت کے کھانے کا ایک مسئلہ:

﴿631﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک شخص کو کھانے کی دعوت دی (کھانے کے دوران وہاں) ایک مسکین آ گیا تو مہمان نے کھانے سے ایک نوالہ اٹھایا تاکہ اسے دے لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مہمان سے فرمایا: ’’یہ نوالہ جہاں سے اُٹھایا ہے وہیں رکھ دو کیونکہ میں نے تمہاری دعوت کی ہے تاکہ تم خود یہ کھانا کھاؤ، مجھے یہ پسند نہیں کہ تمہارے مسکین کو نوالہ دینے کی وجہ سے مجھے اجر ملے اور تمہارے سر گناہ ہو (2)۔‘‘ (3)

## بیماروں کی خیر خواہی:

﴿632﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن بُرَیْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ’’حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے ہاتھ سے روزی کماتے، جب کچھ پیسے حاصل ہو جاتے تو اس کے عوض گوشت یا مچھلی خرید لاتے

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۶۰۵۲، ج۶، ص۲۱۷.

2 ......یہ شرعی مسئلہ ہر مہمان کو ذہن میں رکھنا چاہئے کہ عموماً دعوتوں میں پیش آتا ہے۔ چنانچہ دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صفحات پر مشتمل کتاب، ’’بہارِ شریعت‘‘ حصّہ 16 صَفْحَہ 36 پر ہے: (i)......دوسرے کے یہاں کھانا کھا رہا ہے، سائل نے مانگا اس کو یہ جائز نہیں کہ سائل کو روٹی کا ٹکڑا دیدے کیونکہ اس (میزبان) نے اس کے کھانے کے لئے رکھا ہے، اس کو مالک نہیں کر دیا کہ جس کو چاہے دیدے۔ (ii)......ایک دسترخوان پر جو لوگ کھانا تناول کرتے ہیں، ان میں سے ایک شخص کوئی چیز اٹھا کر دوسرے کو دیدے یہ جائز ہے، جبکہ معلوم ہو کہ صاحبِ خانہ کو یہ دینا ناگوار نہ ہوگا اور اگر مَعلُوم ہے کہ اسے ناگوار ہوگا تو دینا جائز نہیں، بلکہ اگر مشتبہ حال ہو مَعلُوم نہ ہو کہ ناگوار ہوگا یا نہیں جب بھی نہ دے۔ بعض لوگ ایک ہی دسترخوان پر معززین کے سامنے عمدہ کھانے چنتے ہیں اور غریبوں کے لئے معمولی چیزیں رکھ دیتے ہیں۔ اگرچہ ایسا نہ کرنا چاہئے کہ غریبوں کی اس میں دل شکنی ہوتی ہے۔ مگر اس صورت میں جس کے پاس کوئی اچھی چیز ہے، اس نے ایسے کو دے دی جس کے پاس نہیں ہے تو ظاہر یہی ہے کہ صاحبِ خانہ کو ناگوار ہوگا کیونکہ اگر دینا ہوتا تو وہ خود ہی اس کے سامنے بھی یہ چیز رکھتا یا کم از کم یہ صورت اشتباہ کی ہے، لہٰذا ایسی حالت میں چیز دینا ناجائز ہے اور اگر ایک ہی قسم کا کھانا ہے، مثلاً روٹی، گوشت اور ایک کے پاس روٹی ختم ہوگئی، دوسرے نے اپنے پاس سے اٹھا کر دے دی تو (جائز ہے کیونکہ) ظاہر یہ ہے کہ صاحبِ خانہ کو ناگوار نہ ہوگا۔

3 ......مسند ابن الجعد، باب عمرو بن ابی البختری، الحدیث: ۱۲۳، ص۳۵.


www.dawateislami.net

پھر مرضِ کوڑھ میں مُبْتَلا لوگوں کو بلاتے اور ان کو اپنے ساتھ کھانا کھلاتے تھے۔'' (1)

## اپنے ہاتھ کی کمائی پسند ہے:

﴿633﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعثمان نَہدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھانا پسند کرتا ہوں۔''

## کمزور کے ساتھ رحمت خداوندی ہوتی ہے:

﴿634﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعثمان نَہدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر لوگوں کو مَعْلُوم ہو جائے کہ کمزور کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تائید و نُصرت حاصل ہوتی ہے تو وہ کمزوری و ناتوانی کو طاقت و قوت پر ترجیح دیں۔'' (2)

﴿635﴾......حضرت سیِّدُنا ثابِت بُنَانِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ قبیلہ ''بنی لَیث'' کے پاس گئے تا کہ ان سے بات کریں کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان کی ایک عورت سے نِکاح کا ارادہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ، حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قبیلے والوں کے سامنے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے فضائل و کمالات اور سابِق الاسلام ہونے کا ذکر کیا اور انہیں بتایا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تمہارے قبیلے کی فلاں عورت سے نکاح کا ارادہ رکھتے ہیں۔ قبیلے والوں نے کہا کہ ''ہم اس عورت کا نِکاح آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کر دیتے ہیں لیکن ان سے نہیں کر سکتے۔'' چنانچہ، حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس عورت سے نِکاح کر لیا اور جب وہاں سے نکلے تو حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہنے لگے: ''ایک بات ہے لیکن وہ بتاتے ہوئے مجھے حیا آتی ہے۔'' انہوں نے کہا: ''ایسی کون سی بات ہے جو آپ حیا کی وجہ سے نہیں بتا پا رہے؟'' حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ سارا واقعہ کہہ سنایا (کہ قبیلے والوں نے اس طرح کہا ہے اور میں نے اس عورت سے شادی کر لی ہے)۔ حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے زیادہ حق پہنچتا ہے کہ ایسی عورت کو پیغامِ نِکاح دینے

---

1......سیر اعلام النبلاء، الرقم ۹۶، سلمان الفارسی، ج۳، ص۳٤٦.

2......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد سلمان الفارسی، الحدیث: ۸۲۱، ص۱۷٤.



www.dawateislami.net

میں حیا کروں جس کے نِکاح کا فیصلہ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے حق میں فرما دیا تھا۔'' (1)

## خادم پر نرمی:

﴿636﴾......حضرت سیِّدُنا ابو قِلَابَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا، اس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو آٹا گوندھتے دیکھا تو حیرت زدہ ہو کر اس کی وجہ دریافت کی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے خادم کو کسی کام سے بھیجا ہے اور مجھے یہ پسند نہیں کہ میں اس پر دو کام جمع کروں۔'' پھر اس شخص نے کہا کہ ''فُلاں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو سلام بھیجا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دریافت فرمایا: ''تم کب آئے ہو؟'' اس نے کہا: ''فُلاں دن۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر تم اس کا سَلام نہ پہنچاتے تو خیانت کے مُرتَکِب ہوتے (2)۔'' (3)

## سَلام بھی ہدیہ ہے:

﴿637﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَختَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرتِ سیِّدُنا اَشْعَث بن قَیس اور جَرِیر بن عبد اللّٰہ بَجَلِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمَا حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملاقات کے لئے نکلے تو انہیں مدائن کے گرد و نواح میں ایک جھونپڑی میں پایا حاضر ہو کر سلام عرض کیا، پھر پوچھا: ''کیا سَلْمان فارسی آپ ہی ہیں؟'' فرمایا: ''جی ہاں!'' انہوں نے پوچھا: ''کیا آپ صحابیٔ رسول ہیں؟'' فرمایا: ''میں نہیں جانتا کہ میں

1 ......المعجم الكبير، الحديث: ٦٠٥٠، ج٦، ص٢١٦.

2 ......دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' حصہ 16 صفحہ 106 پر صدر الشریعہ بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''کسی سے کہہ دیا کہ فُلاں کو میرا سلام کہہ دینا اس پر سلام پہنچانا واجب ہے اور جب اس نے سلام پہنچایا تو جواب یوں دے کہ پہلے اس پہنچانے والے کو اس کے بعد اس کو جس نے سَلام بھیجا ہے یعنی یہ کہے: وَعَلَیْکَ وَعَلَیْہِ السَّلَام۔'' (الفتاوی الهندية، كتاب الكراهية، الباب السابع في السلام، ج٥، ص٣٢٦) مزید فرمایا: ''یہ سلام پہنچانا اس وقت واجب ہے جب اس نے اس کا التزام کرلیا ہو یعنی کہہ دیا ہو کہ ہاں تمہارا سلام کہہ دوں گا کہ اس وقت یہ سلام اس کے پاس امانت ہے جو اس کا حقدار ہے اس کو دینا ہی ہو گا ورنہ یہ بمنزلہ ودیعت ہے کہ اس پر یہ لازم نہیں کہ سلام پہنچانے وہاں جائے۔ اسی طرح حاجیوں سے لوگ یہ کہہ دیتے ہیں کہ حُضُور اَقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے دربار میں میرا سلام عرض کر دینا یہ سَلام بھی پہنچانا واجب ہے۔''

(ردالمحتار، كتاب الحظر والاباحة، فصل في البيع، ج٩، ص٦٨٥)

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب في فضل ابي هريرة، الحديث: ٨٤١، ص١٧٧.



www.dawateislami.net

صحابی ہوں یا نہیں۔'' یہ سُن کر دونوں حضرات شک میں مُبتلا ہو گئے اور کہنے لگے:'' شاید ہم جن سے ملنا چاہتے ہیں یہ وہ نہیں ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:'' تم جس سے ملنا چاہتے ہو میں وہی ہوں۔ میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی زیارت کا شَرف پایا ہے اور ان کی صُحبت بابَرَکت بھی مجھے حاصل رہی ہے اور (حقیقت میں) صحابی تو وہ ہے جو حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا۔'' پھر اِسْتِفْسار فرمایا:'' تم کس کام سے آئے ہو؟'' انہوں نے عرض کی:'' ہم ملکِ شام سے آپ کے بھائی کے پاس سے آئے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پھر پوچھا:'' وہ کون ہے؟'' عرض کی:'' حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ۔'' فرمایا: '' انہوں نے میرے لئے جو تحفہ بھیجا ہے وہ کہاں ہے؟'' عرض کی:'' انہوں نے آپ کے لئے کوئی تُحفہ نہیں بھیجا۔'' فرمایا:'' اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرو اور امانت ادا کرو جو شخص بھی ان کے پاس سے آتا ہے وہ میرے لئے ان کا تُحفہ لاتا ہے۔'' بولے: '' آپ ہم پر تہمت نہ لگائیں اگر آپ کو کوئی ضَرورت ہے تو ہم اسے اپنے مال سے پورا کئے دیتے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:'' مجھے تمہارے مال کی کوئی ضَرورت نہیں، مجھے تو وہ ہدیہ چاہئے جو انہوں نے تمہارے ہاتھ بھیجا ہے۔'' انہوں نے عرض کی:'' اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! انہوں نے ہمیں کوئی چیز دے کر نہیں بھیجا سوائے اس کے کہ انہوں نے فرمایا: تم میں ایک ایسا شخص موجود ہے کہ جب وہ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ ہوتا تھا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو کسی دوسرے کی حاجت نہیں ہوتی تھی۔ لہٰذا جب تم اُن کے پاس جاؤ تو میرا سلام کہنا۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:'' یہی تو وہ ہدیہ ہے جس کا میں تم سے مُطالَبہ کر رہا تھا اور ایک مسلمان کے لئے سلام سے افضل کون سا ہدیہ ہوسکتا ہے جو اچھی دعا ہے۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پاس سے مُبارَک و پاکیزہ ہے۔'' (1)

## حکمت بھرا فیصلہ:

﴿638﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن حَنْظَلہ اور ابونُہیک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمَا فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ ایک لشکر میں شریک تھے کہ ایک شخص نے سورۂ مریم کی تِلاوت شُروع کی تو وہاں موجود ایک شخص حضرت سَیِّدَتُنا مریم اور حضرت سیِّدُنا عیسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو برا بھلا کہنے لگا، ہم نے اسے خوب مارا یہاں تک کہ وہ لہولہان ہوگیا، اس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ہماری

1 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۶۰۵۸، ج۶، ص۲۱۹.



www.dawateislami.net

شِکایَت کی اور کہا: ''جب انسان پر ظُلم ہوتا ہے تو وہ حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے شِکایَت کرتا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمارے پاس تشریف لائے اور اسے مارنے کی وجہ دریافت فرمائی۔ ہم نے عرض کی کہ ''ہم سورۂ مریم کی تِلاوت کر رہے تھے تو اس نے حضرت سیِّدَتُنا مریم اور حضرت سیِّدُ نا عیسٰی روح اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو گالی دی۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: تمہیں اس کے سامنے یہ سورت تِلاوت کرنے کی کیا ضَرورت تھی؟ کیا تم نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا یہ فرمان نہیں سنا:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ (پ۷،الانعام:۱۰۸)

ترجمۂ کنزالایمان: اور انہیں گالی نہ دو جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں کہ وہ اللہ کی شان میں بے ادبی کریں گے زیادتی اور جہالت سے یونہی ہم نے ہرامت کی نگاہ میں اس کے عمل بھلے کر دیئے ہیں پھر انہیں اپنے رب کی طرف پھرنا ہے وہ انہیں بتادے گا جو کرتے تھے۔

پھر فرمایا: ''اے گروہ عرب! (یاد کرو) تم دین ودنیا میں کس قدر بُرے اور گھٹیا تھے۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں عزّت وغَلَبہ عطا فرمایا تو کیا اب تم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی دی ہوئی عزت سے لوگوں پر غَلَبہ چاہتے ہو؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تم اپنی ان حرکتوں سے باز آجاؤ! ورنہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہاری یہ شان وشوکت جواس نے تمہیں عطا فرمائی ہے، چھین کر دوسروں کو عطا فرمادے گا۔'' پھر آپ نے ہمیں دَرس دیتے ہوئے مزید ارشاد فرمایا: ''مغرب اور عشا کے درمیان کچھ نوافل (یعنی صلوٰۃ الاوابین) ادا کیا کرو، اس کی بَرَکت سے تم سکون محسوس کرو گے اور اس سے ابتدائی رات کا بوجھ ختم ہو جاتا ہے کیونکہ ابتدائی رات کا بوجھ ہی آخری رات کو زائل کرتا ہے۔'' (1)

## دِل کی بات:

﴿639﴾......حضرت سیِّدُ نا امام اَعْمَش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ہم نے لوگوں سے سنا کہ حضرت سیِّدُ نا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُ نا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: ''اے ابو عبد اللّٰہ! کیا میں آپ کے لئے ایک گھر بنوادوں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے ناپسند جانا تو انہوں نے کہا: ''آپ اِنکار نہ کریں،

1 ......الزھد لابی داؤد، باب من زھد سلمان، الحدیث: ۲۵۷، ج۱، ص۲۷۴.



www.dawateislami.net

میں آپ کے لئے ایسا گھر بنوانا چاہتا ہوں کہ جب آپ اس میں لیٹیں تو ایک جانب آپ کا سر لگے اور دوسری جانب پاؤں، جب آپ کھڑے ہوں تو چھت آپ کے سر کو چھوئے، حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''گویا آپ نے میرے دِل کی بات کہی ہے۔'' (1)

## قیامت کی تاریکیاں:

﴿640﴾......حضرت سیِّدُنا جَرِیْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''اے جَرِیْر! اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے عاجزی اختیار کرو، جو اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے عاجزی اختیار کرتا ہے بروزِ قیامت اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اسے بلندی عطا فرمائے گا۔'' پھر فرمایا: ''اے جَرِیْر! کیا تم قیامت کی تاریکیوں کے بارے میں جانتے ہو؟'' حضرت سیِّدُنا جَرِیْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''نہیں۔'' تو حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دُنیا میں لوگوں کا ایک دوسرے پر ظُلم کرنا قیامت کی تاریکیوں کا سبب ہے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک باریک لکڑی ہاتھ میں لی جو اُنگلیوں میں صحیح طرح دکھائی بھی نہیں دے رہی تھی اور فرمایا: ''اے جَرِیْر! اگر تم جنّت میں اس قسم کی لکڑی ڈھونڈو گے تو نہ پاؤ گے۔'' انہوں نے پوچھا: ''اے ابو عبداللّٰہ! تو پھر جنت میں کھجور کے اور دیگر درخت کیسے ہوں گے؟'' فرمایا: ''جنت کے درختوں کی جڑیں موتیوں اور سونے کی اور ان کا بالائی حصہ پھلوں سے لدا ہوگا۔'' (2)

## سب سے بڑا گنہگار:

﴿641﴾......حضرت سیِّدُنا شِمر بن عَطِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی میں زیادہ کلام کرنے والا بروزِ قیامت سب سے بڑا گنہگار ہوگا۔'' (3)

## بدگمانی سے اِجتناب:

﴿642﴾......حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن مُضَرِّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ

(1)......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب فی فضل ابی هريرة، الحديث: ۸٤٠، ص۱۷۷.

(2)......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد، باب كلام سلمان، الحديث: ۹، ج۸، ص۱۷۹.

(3)......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد سلمان الفارسی، الحديث: ۸۱٤، ص۱۷۳.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں خادم کے مُتَعَلِّق بدگمان ہونے کے خوف سے اپنا کھانا خود تیار کرتا ہوں۔'' (1)

﴿643﴾......حضرت سیِّدُ نا عبید بن ابوجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ایک اَشْجعی شخص سے روایت کرتے ہیں کہ لوگوں کو پتا چلا کہ حضرت سیِّدُ نا سَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مدائن کی ایک مَسْجِد میں ہیں تو وہ ان کے پاس جمع ہونے لگے یہاں تک کہ ہزار کے لگ بھگ اَفراد وہاں جمع ہوگئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کھڑے ہوکر فرمایا: بیٹھو بیٹھو! جب سب لوگ بیٹھ گئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سورۂ یوسف کی تِلاوت شروع کردی، آہستہ آہستہ لوگ وہاں سے نکلنے لگے یہاں تک کہ 100 کے قریب اَفراد باقی رہ گئے، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جلال میں آکر فرمایا: ''تم نے من گھڑت وفُضُول باتیں سننا چاہیں لیکن میں نے تمہیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا کلام سنایا تو اُٹھ کر چلے گئے۔''

حضرت سیِّدُ نا امام ثَورِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی حضرت سیِّدُ نا امام اَعْمَش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا سَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم جھوٹی باتیں سننا چاہتے ہو اور میں تمہیں فُلاں فُلاں سورت کی آیتیں سناتا ہوں۔'' (2)

## مہمان نوازی اِیمان کا حصّہ ہے:

﴿644﴾......حضرت سیِّدُ نا اَبو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُ نا سَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کی: ''آج کے لوگوں کی عادتیں کتنی اچھی ہیں۔ میں سَفر میں تھا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نے جب بھی کسی کے ہاں قیام کیا تو اس نے میرے ساتھ اتنا اچھا برتاؤ کیا کہ مجھے یوں لگا جیسے میں نے اپنے بھائی کے پاس قیام کیا ہے۔''

راوی فرماتے ہیں: پھر اس شخص نے لوگوں کی چند اور اچھی عادات اور لطف و مہربانی کے واقعات بتائے تو حضرت سیِّدُ نا سَلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے بھتیجے! یہ ایمان کی علامت ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جب جانور پر بوجھ لادا جاتا ہے تو وہ (ابتداءً) تیزی سے چلتا ہے اور طویل سفر طے کرنے کے بعد سُست ہوجاتا ہے (غالباً یہ اس بات کی طرف اِشارہ ہے کہ مہمان اگر میزبان کے ہاں ایک، دو دِن تک رُکے تو میزبان اس کی اچھی خاطر تواضع کرتا ہے

1 ......مسند ابن الجعد، باب من حديث ابی خثيمة زهير بن معاوية، الحديث: ۲۵۵۱، ص ۳۷۱.

2 ......سير اعلام النبلاء، الرقم ۹۶، سلمان الفارسی، ج ۳، ص ۳۴۸، مختصرًا.



www.dawateislami.net

اوراس پر بوجھ نہیں پڑتا لیکن اگر وہ زیادہ دن تک رُکے گا تو میز بان اس سے اُکتا جائے گا)۔"

## ظاہری اِصلاح کا راز:

﴿645﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَختَری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "ہر شخص کا ایک باطِن ہوتا ہے اور ایک ظاہر، جو اپنے باطِن کو سنوار لیتا ہے اَللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے ظاہِر کو سنوار دیتا ہے اور جو اپنے باطِن کو بگاڑ لیتا ہے اَللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے ظاہِر کو بھی بگاڑ دیتا ہے۔" (1)

## بُت کی اَدنیٰ سی تَعظِیم جہنّم میں لے گئی:

﴿646﴾......حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "ایک شخص مکھی کی وجہ سے جنّت میں داخِل ہوا اور دوسرا شخص مکھی کے سبب جہنّم میں جا گرا۔" لوگوں نے عرض کی: "وہ کیسے؟" فرمایا: گذشتہ زمانے میں دو شخص کچھ ایسے لوگوں کے پاس سے گزرے جن کے پاس ان کا بُت بھی تھا اور وہاں سے جو بھی گزرتا وہ ان کے بت کو کُچھ نہ کچھ نذر و نیاز پیش کرتا تھا۔ ان لوگوں نے گزرنے والے ایک شخص سے کہا کہ "ہمارے اس بت کو نذرانہ پیش کرو۔" اس نے کہا: "میرے پاس تو کچھ بھی نہیں ہے میں کس چیز کا نذرانہ پیش کروں۔" بولے: "کچھ تو پیش کرو اگرچہ ایک مکھی ہی کیوں نہ ہو۔" چنانچہ، اس نے ایک مکھی بطورِ نذرانہ پیش کردی۔ جب اس شخص کا اِنْتِقال ہوا تو اسے جہنم میں داخِل کردیا گیا۔ پھر انہوں نے دوسرے سے کہا کہ "بُت کو نذرانہ پیش کرو۔" اس نے کہا: "میں اَللہ عَزَّوَجَلَّ کے علاوہ کسی سے تَعلُّق قائم نہیں کروں گا۔" یہ سُن کر انہوں نے اس شخص کو شہید کردیا پس وہ جنّت میں داخِل کردیا گیا۔" (2)

## ذِکْرُ اللہ کی فضیلت:

﴿647﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عثمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "اگر کوئی شخص غُلاموں اور لونڈیوں پر صَدَقہ و خیرات کرتے ہوئے رات بَسر کرے اور دوسرا شخص قرآن حکیم

(1)......الزهد لابن المبارك، مارواه نعيم بن حماد في نسخته زائدا، باب حسن السريرة، الحديث: ٧٢، ص١٧.

(2)......الزهد للامام احمد بن حنبل، الحديث: ٨٤، ص٤٣، بتغير.



www.dawateislami.net

کی تلاوت اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتے ہوئے رات گزارے تو یہ دوسرا شخص پہلے سے افضل ہے۔"

حضرت سیِّدُنا سلیمان تیمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کی ایک روایت میں ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "پوری رات نیزہ بازی کرنے والے سے ذِکر وتلاوت کرنے والا افضل ہے۔" (1)

## بے حیائی کی آفات:

﴾648﴿......حضرت سیِّدُنا زاذان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْمَنَّان سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "اللہ عَزَّوَجَلَّ جب کسی کو ذلیل ورسوا یا ہلاک کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے حیا چھین لیتا ہے۔ پھر تم اس سے اس حال میں ملو گے کہ وہ لوگوں سے نَفْرت کرتا اور لوگ اس سے نَفْرت کرتے ہیں اور جب وہ لوگوں سے نفرت کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے مہربانی وشَفْقَت سے محروم کر دیتا ہے۔ پھر تم اسے اس حال میں ملو گے کہ وہ سخت دِل اور بدمزاج ہو جاتا ہے۔ جب وہ اس حالت کو پہنچتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے امانت داری سلب فرمالیتا ہے۔ اب جب تم اسے ملو گے تو اس حالت میں دیکھو گے کہ وہ لوگوں سے خیانت کرتا اور لوگ اس سے خیانت کرتے ہیں۔ جب وہ اس حالت کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا ایمان بھی سلب فرمالیتا ہے جس کی وجہ سے وہ ملعون ہو جاتا ہے۔" (2)

﴾649﴿......حضرت سیِّدُنا سَلْم بن عَطِیَّہ اَسَدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک شخص کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ اس وقت وہ نَزْع کے عالَم میں تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: "اے فِرِشْتے! اس کے ساتھ نرمی سے پیش آ۔" وہ شخص کہنے لگا کہ مَلَکُ الْمَوت عَلَیْہِ السَّلَام فرما رہے ہیں: "میں ہر مومن کے ساتھ نرمی سے پیش آتا ہوں۔" (3)

## سَلام عام کرو!

﴾650﴿......حضرت سیِّدُنا اَوْس بن ضَمْعَج رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ہم نے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے عَرْض کی: "ہمیں کوئی ایسا کام بتائیں جس پر ہم عَمَل کریں۔" آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:

1......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب فضائل القرآن، باب من قال قراء ة......الخ، الحدیث:۲، ج۷، ص۱۷۸، بتغیرٍ.

2......مکارم الاخلاق لابن ابی الدنیا، باب ذکر الحیاء و ماجاء فیه، الحدیث:۱۱۳، ص۹۴.

3......کرامات الاولیاء، الحدیث:۱۰۲، ص۱۴۶، مفهومًا.



www.dawateislami.net

’’سَلام کو عام کرو، کھانا کھلاؤ اور رات کے وقت جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز ادا کرو۔‘‘ (1)

﴿651﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعثمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْـہ نے فرمایا: ’’جو مسلمان کسی جنگل بیابان میں وُضُو یا تیمّم کر کے اذان کہتا اور نماز قائم کرتا ہے تو اس کی اقتدا میں اس قدر فرِشتے نماز ادا کرتے ہیں کہ ان کی صفوں کے کنارے نظر نہیں آتے۔‘‘ (2)

## خط کے ذریعے اِنفرادی کوشش:

﴿652﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن سَعِید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِیْد سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰـہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خط کے ذریعے ارضِ مُقدَّسہ تشریف لانے کی دعوت دی تو انہوں نے جواب لکھا کہ ’’زمین کسی کو مُقدَّس نہیں بناتی بلکہ انسان کے اَعمال اسے مُقدَّس بناتے ہیں اور مجھے مَعْلوم ہوا ہے کہ آپ طبیب (یعنی قاضی) بنادیئے گئے ہیں۔ اگر آپ لوگوں کو شِفا دیتے ہیں (یعنی دُرُست فیصلہ کرتے ہیں) پھر تو یہ آپ کے حق میں بہتر ہے اور اگر آپ اس سے ناواقف ہیں تو پھر کسی انسان کا قتل کر کے دوزخ میں جانے سے خود کو بچایئے۔‘‘ اس کے بعد حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰـہُ تَعَالٰی عَنْـہ جب دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ فرماتے تو انہیں واپس جاتا دیکھ کر فرماتے: ’’میری طرف آؤ اور اپنا واقعہ مجھے دوبارہ سناؤ۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں ناواقف طبیب ہوں۔‘‘ (3)

﴿653﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن دِینار عَلَیْـہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خط لکھا کہ ’’مجھے مَعْلُوم ہوا ہے کہ آپ طبیب (یعنی قاضی) بنادیئے گئے ہیں کہ لوگوں کا علاج کریں لیکن خیال رکھنا کہ کسی مسلمان کو قتل کر کے جہنم کے مستحق نہ بن جانا۔‘‘ (4)

## دِل اور جسم کی مثال:

﴿654﴾......حضرت سیِّدُنا اَبو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہ

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة،باب کلام سلمان،الحدیث:۲۲، ج۸،ص۱۸۲،بتغیرٍ.

2 ......السنن الکبریٰ للبیهقی، کتاب الصلاة،باب سنة الاذان والاقامة......الخ،الحدیث: ۱۹۰۷، ج۱،ص۵۹۶،بتغیرٍ.

3 ......المؤطاللامام مالك، کتاب الوصیة،باب جامع القضاء و کراهیة،الحدیث:۱۵۲٤، ج۲،ص۲۸۵.

4 ......الزهدللامام احمدبن حنبل،باب فی فضل ابی هریرة،الحدیث:۸۳۹،ص۱۷۷.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: دل اور جسم کی مثال اس نابینا اور اَپاہج شخص جیسی ہے کہ اپاہج، نابینا سے کہے: ''میں ایک پھل دار درخت دیکھ رہا ہوں لیکن اُٹھ کر اس سے پھل نہیں توڑ سکتا لہٰذا تم مجھے اُٹھاؤ تاکہ میں پھل اتاروں۔'' تو نابینا اسے اُوپر اُٹھالے اور وہ پھل توڑ کر خود بھی کھائے اور نابینا کو بھی کھلائے۔'' (1)

﴿655﴾...... حضرت سیِّدُنا مُغِیرہ بن عبدالرحمٰن عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن سَلَام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملے اور فرمایا: ''اگر تم مجھ سے پہلے انتقال کر جاؤ تو پیش آنے والے حالات سے مجھے آگاہ کرنا اور اگر میں تم سے پہلے فوت ہو گیا تو میں تمہیں آگاہ کروں گا۔'' (2)

چنانچہ، حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا انتقال پہلے ہو گیا تو حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن سَلَام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں خواب میں دیکھ کر پوچھا: ''اے ابو عبداللہ! کیسے ہیں؟'' انہوں نے جواب دیا: ''میں خیریت سے ہوں۔'' پھر پوچھا: ''آپ نے کون سا عمل افضل پایا؟'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے توَکُّل (3) کو بہت عمدہ پایا۔'' (4)

حضرت سیِّدُنا سعید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت میں ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تین بار فرمایا: ''تم تَوَکُّل کو اپنے اوپر لازم کر لو۔ یہ کتنا عُمدہ عمل ہے۔'' (5)

## فِرِشتے پَروں سے ڈھانپ لیتے:

﴿656﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو عثمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''فرعون کی بیوی (حضرت سیِّدَتُنا آسیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا) کو ستایا جاتا تھا اور جب تکالیف دینے والے ہٹتے

---

1 ......القصاص والمذکرین، ص۲۱۸.

2 ......ایک روایت میں اتنا زائد ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن سلام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: کیا زندے اور مردے بھی آپس میں ملتے ہیں؟ تو حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ہاں مسلمانوں کی روحیں تو جنّت میں ہوتی ہیں لیکن انہیں اختیار ہوتا ہے کہ جہاں چاہے جائیں۔ (شعب الایمان للبیھقی، باب التوکل والتسلیم، الحدیث: ۱۳۵۵، ج۲، ص۱۲۱)

3 ......توکُّل کی تعریف: ضَروری اَسباب کے اختیار کرنے میں حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اتباع کرتے ہوئے اللہ عَزَّوَجَلَّ پر بھروسا کرنا اور اس بات کا یقین رکھنا کہ جو کچھ مقدر میں ہے وہ ہو کر رہے گا۔ (القاموس الفقہیۃ، ج۱۴، ص۱۸۵)

4 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۳۵۹، سلمان الفارسی، ج۴، ص۷۰ 5 ......المرجع السابق.



www.dawateislami.net

تو فرِشتے اپنے پروں سے انہیں ڈھانپ لیا کرتے اور جب انہیں تکلیفیں دی جارہی ہوتیں تو یہ جنّت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ رہی ہوتیں۔'' (1)

## شیر سجدہ کرتے:

﴿657﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عثمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے لئے دو شیر بھوکے رکھے جاتے پھر انہیں آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام پر چھوڑ دیا جاتا تو وہ بھوکے ہونے کے باوجود آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو اپنی زبان سے چاٹتے اور آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے آگے سجدے میں گر جاتے۔'' (2)

## حکمت کی بات:

﴿658﴾......حضرت سیِّدُنا نافع بن جُبَیْر بن مُطْعِم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نماز پڑھنے کے لئے جگہ تلاش کررہے تھے کہ ''عِلْجَہ'' نامی ایک عورت نے دیکھ کر کہا: ''پہلے پاکیزہ دِل تلاش کرلو پھر جہاں چاہو نماز پڑھو۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں اس کی بات سمجھ گیا ہوں۔'' (3)

﴿659﴾......حضرت سیِّدُنا مَیْمُوْن بن مِہْرَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ اور حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک ''نَبَطِیَّہ'' عورت کے پاس قیام پزیر ہوئے اور اس سے پوچھا: ''کیا یہاں نماز پڑھنے کے لئے کوئی پاک جگہ ہے؟'' اس نے کہا: ''پہلے اپنے دِل کو پاک کرو۔'' پھر دونوں میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: ''کافر کے دِل سے نکلی ہوئی حکمت کی بات لے لو۔'' (4)

## نماز کے لئے انفرادی کوشش:

﴿660﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہ

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام سلمان، الحدیث:۲، ج۸، ص۱۷۸.

2 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الفضائل، باب ما ذکر مما...... الخ، الحدیث:۹، ج۷، ص۴۴۸.

3 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ فی البیعۃ، الحدیث:۱۶۱۴، ج۱، ص۳۱۱.

4 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد سلمان الفارسی، الحدیث:۸۱۸، ص۱۷۳.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہ کے حصّہ میں ایک لونڈی آئی، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے فارسی زبان میں فرمایا: ''نماز ادا کرو۔'' اس نے اِنکار کیا۔ پھر فرمایا: ''اے خاتون! ایک سجدہ ہی کر لے۔'' اس نے اس سے بھی اِنکار کر دیا۔ تو کسی نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے دریافت کیا کہ ''اے ابوعبداللّٰہ! ایک سجدے سے اس کو کیا فائدہ پہنچنا تھا؟'' اِرشاد فرمایا: ''اگر یہ ایک سجدہ ہی کر لیتی تو اس کو پانچوں نمازوں کی توفیق مل جاتی اور جس کا اِسلام میں کچھ حصّہ ہو وہ اس سے بہتر ہے جس کا اِسلام میں کوئی حصّہ نہیں۔'' (1)

## مومن و کافِر کی آزمائش میں فرق:

﴿661﴾......حضرت سیِّدُنا سعید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے ایک دوست کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے جو ''کِنْدَہ'' سے تعلُّق رکھتا تھا۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنے مومن بندے کو مصیبت و آزمائش میں مُبْتَلا فرماتا ہے۔ پھر اسے اس سے نجات عطا فرماتا ہے تو یہ اس کے گذشتہ گناہوں کا کَفّارہ ہو جاتا ہے اور وہ مومن بندہ آئندہ کے لئے محتاط ہو جاتا (یعنی نافرمانیوں سے باز آجاتا) ہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کافر کو بھی آزمائش میں مُبْتَلا کرتا اور پھر اسے عافیت بخشتا ہے لیکن وہ اس اُونٹ کی طرح ہوتا ہے جسے باندھا اور کھولا جاتا ہے جبکہ وہ نہیں جانتا کہ اسے باندھا کیوں گیا اور کھولا کیوں گیا۔'' (2)

## مومن کی مثال:

﴿662﴾......حضرت سیِّدُنا ابو سعید وَھْبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: مومن کی مثال دُنیا میں اس مریض کی طرح ہے جس کا طبیب ہر وقت اس کے ساتھ رہتا ہے۔ اس کی بیماری کو بھی جانتا اور اس کے علاج سے بھی باخبر ہوتا ہے۔ جب وہ مریض کسی نقصان دِہ چیز کی خواہش کرتا ہے تو اسے روک دیتا اور کہتا ہے: ''اس چیز کے قریب نہ جانا، اگر تم اس تک گئے تو وہ تمہیں ہلاک کر دے گی۔'' وہ طبیب اس مریض کو مسلسل نقصان دِہ اشیاء سے بچنے کی تلقین کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ ان چیزوں سے پرہیز کرنے کی وجہ سے

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٦٠٥٤، ج٦، ص٢١٨.

2 ......الزھد لھناد بن السری، باب حط الخطایا، الحدیث: ٤١٤، ج١، ص٢٤٢.



www.dawateislami.net

صحت یاب ہوجاتا ہے۔ اسی طرح مومن کُفّار کو عیش کرتا دیکھ کر بہت سی چیزوں کی خواہش کرتا ہے لیکن اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ان چیزوں سے باز رہنے کا حکم فرماتا اور اسے ان چیزوں سے روک دیتا ہے یہاں تک کہ اسے مَوت دے کر جنّت میں داخل فرمادیتا ہے۔'' (1)

## 3 چیزیں رُلاتی اور 3 ہنساتی ہیں:

﴿663﴾......حضرت سیِّدُنا جَعْفَر بن بُرْقَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے 3 چیزیں ہنساتی اور 3 رُلاتی ہیں۔ ہنسانے والی 3 چیزیں یہ ہیں: تَعَجُّب ہے اس شخص پر جو دُنیا سے اُمّیدیں باندھتا ہے حالانکہ موت اس کی تلاش میں ہے، اور حیرت ہے اس غافِل انسان پر جو غفلت سے بیدار نہیں ہوتا اور اس پر بھی تعجُّب ہے جو منہ کھول کر ہنستا ہے حالانکہ اسے نہیں مَعْلُوم کہ اس کا ربّ عَزَّوَجَلَّ اس سے راضی ہے یا ناراض اور رُلانے والی 3 چیزیں یہ ہیں: حُضُور نبی رحمت، شفیع اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور صحابۂ کرام رِضوانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی جدائی، نَزْع کی تکالیف کا پیش آنا اور بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہونا جبکہ مجھے مَعْلُوم نہیں کہ میں جہنم کی طرف ہانکا جاؤں گا یا جنت میں جگہ پاؤں گا۔'' (2)

## وسوسوں سے چھٹکارے کی انوکھی ترکیب:

﴿664﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن صُوحان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے آزاد کردہ غلام حضرت سیِّدُنا سالم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ میں اپنے آقا حضرت سیِّدُنا زید بن صُوحان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے ساتھ بازار میں تھا کہ ہمارے قریب سے حضرت سیِّدُنا سَلْمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گزرے۔ آپ نے ایک وَسْق (ساٹھ صَاع یعنی 1440 تولے، بعض کے نزدیک ایک اونٹ کے بوجھ کے برابر) کھانا خریدا تو میرے آقا نے عَرض کی: ''اے ابوعبد اللہ! آپ صحابیٔ رسول ہو کر اتنا کھانا خرید رہے ہیں؟'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب بندہ اپنا رزق جمع کرلیتا ہے تو اس کا دِل مطمئن ہو کر عبادت میں لگ جاتا ہے اور شیطان اس سے مایوس ہوجاتا ہے۔'' (3)

1 ......صفة الصفوة، الرقم ٥٩ سلمان الفارسی، ذکر نبذة من......الخ، ج ١، ص ٢٨٠.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب فی فضل ابی هريرة، الحديث: ٨٣٧، ص ١٧٦.

3 ......المعجم الكبير، الحديث: ٦٠٥٧، ج ٦، ص ٢١٩.



www.dawateislami.net

﴿665﴾...... حضرت سیِّدُنا ابن غَنِیَّہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”بندہ جب اپنا رزق حاصل کر لیتا ہے تو دِل مطمئن ہو جاتا ہے۔“ (1)

## وصالِ پُر ملال:

﴿666﴾...... حضرت سیِّدُنا سعید بن مَعْرُوف اور حضرت سیِّدُنا سعید بن سُوْقَہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمَا فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ پیٹ کی تکلیف میں مُبتَلا ہوئے تو ہم ان کی عیادت کے لئے حاضر ہوئے اور کافی دیر تک ان کے پاس بیٹھے رہے۔ یہ بات ان پر شاق گزری تو اپنی زوجہ سے فرمایا: ”وہ خوشبو کہاں ہے جو میں (روم کے شہر) ”بَلَنْجَر“ سے لایا تھا؟“ زوجہ نے وہ خوشبو حاضر کی تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”اسے پانی میں ملا کر میرے بستر کے اِرد گرد چھڑک دو کیونکہ اب میرے پاس وہ قوم آنے والی ہے جو نہ جن ہے نہ انسان (بلکہ فِرِشتے ہیں)۔“ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ نے ایسا ہی کیا اور ہم وہاں سے چلے آئے۔ جب دوبارہ وہاں گئے تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی روح قَفَسِ عُنْصُرِی سے پرواز کر چکی ہے۔“ (2)

﴿667﴾...... حضرت سیِّدُنا امام شَعْبِی عَلَیْہ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا سَلمان فارِسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ بُقَیْرَہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں: ”جب حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو اس وقت وہ چار دروازوں والے کمرہ میں تھے مجھے بلا کر فرمایا: ”اے بُقَیْرَہ! دروازے کھول دو کیونکہ آج ملاقاتی آنے والے ہیں اور مجھے نہیں مَعلُوم کہ وہ کس دروازے سے اندر داخل ہوں گے۔“ پھر خوشبو منگوائی اور فرمایا: ”اسے پانی میں ملا کر میرے بستر کے اِرد گرد چھڑک دو۔“ میں نے ایسا ہی کیا پھر فرمایا: ”اب میرے پاس سے چلی جاؤ کچھ دیر بعد آنا۔“ پھر میں نے تھوڑی دیر کے بعد جا کر دیکھا تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی روح قَفَسِ عُنْصُرِی سے پرواز کر چکی تھی اور آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ بستر پر یوں لیٹے ہوئے تھے جیسے سو رہے ہوں۔“ (3)

---

1 ......شعب الایمان للبیہقی، باب التوکل والتسلیم، الحدیث: ۱۲۲۰، ج۲، ص۸۳.

2 ......تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر، الرقم ۲۵۹۹ سلمان بن الاسلام ابوعبداللہ الفاری، ج۲۱، ص۴۵۷.

3 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۳۵۹ سلمان الفارسی، ج۴، ص۶۹.



www.dawateislami.net

# حضرت سَیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

ہجرت میں سَبْقَت لے جانے والوں میں حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ غوروفکر کرنے والے، عارِف، وَعظ ونصیحت کرنے والے عالم، نعمتیں عطا فرمانے والے رب ذوالجلال عَزَّوَجَلَّ اور اس کی نعمتوں (کے حق) کو پہچاننے والے، خوشی ورنج میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تخلیق کردہ اشیاء میں غوروفکر کرنے والے تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو عبادت سے اس قدر محبت تھی کہ عبادت کے شوق اور حساب کی شِدَّت کے خوف سے تجارت کو ترک فرما دیا۔عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے والے، قربِ الٰہی کے مشتاق، دنیاوی غموں کی پرواہ نہ کرنے والے تھے۔اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کے لئے فہم کے دروازے کھول دیئے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ علم وحکمت کو جاننے والے تھے۔

اَہلِ تَصَوُّف فرماتے ہیں: ''بلندیاں عطا فرمانے والے کے شوقِ دیدار ومحبت میں مُشَقَّتیں برداشت کرنے کا نام تَصَوُّف ہے۔''

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی فکرِ آخرت:

﴿668﴾......حضرت سَیِّدُنا عَوْن بن عبداللہ بن عُتْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سَیِّدَتُنا اُمِ دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے پوچھا کہ حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا کون سا عمل افضل تھا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے فرمایا: ''فکرِ آخرت کرنا اور عبرت حاصل کرنا۔'' (1)

﴿669﴾......حضرت سَیِّدُنا عَوْن بن عبداللہ بن عُتْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدَتُنا اُمِ دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے پوچھا گیا کہ ''حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کون سا عمل کثرت سے کرتے تھے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے فرمایا: ''عبرت حاصل کرنا۔'' (2)

﴿670﴾......حضرت سَیِّدُنا سالم بن ابو الْجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدَتُنا اُمِ دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے پوچھا گیا کہ ''حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا کون سا عمل افضل تھا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ

(1)......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۲۰، ص ۱۶۰.

(2)......الزھد لابن المبارک، باب ماجاء فی ذکر عامر بن قیس وصلۃ بن اشیم، الحدیث: ۸۷۲، ص ۳۰۲، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

تعالٰی عَنْھَا نے فرمایا: ''(آخرت کے مُعاملے میں) غور وفکر کرنا۔'' (1)

﴿671﴾......حضرت سیِّدُنا مَعْدَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: ''(آخرت کے مُعامَلات میں) لمحہ بھر غور وفکر کرنا ساری رات کی (نفلی) عبادت سے بہتر ہے۔'' (2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نصیحت:

﴿672﴾......حضرت سیِّدُنا حَبِیب بن عبداللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص جنگ میں روانگی سے قبل حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''اے ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! مجھے وصیت فرمایئے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم خوشی کی حالت میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کو یاد رکھو وہ تمہیں تمہاری مصیبت وتنگی کے وقت یاد رکھے گا اور جب کوئی دنیاوی چیز تمہیں اچھی لگے تو اسے اختیار کرنے سے پہلے اس کا انجام سوچ لینا۔'' (3)

﴿673﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن ابو الْجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ کھیتی باڑی میں مصروف دو بیل حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سامنے سے گُزرے۔ ان میں سے ایک ٹھہرا تو دوسرا بھی رُک گیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس میں بھی انسان کے لئے عبرت ہے۔'' (4)

## جذبۂ عبادت وترکِ تجارت:

﴿674﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن مُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بِعْثَت ہوئی اس وقت میں تجارت کیا کرتا تھا۔ میں نے کوشش کی کہ میری تجارت بھی باقی رہے اور میں عبادت بھی کرتا رہوں لیکن ایسا نہ ہوسکا۔ بالآخر میں تجارت کو چھوڑ کر عبادت میں مشغول ہوگیا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں ابودَرْدَاء کی جان ہے! اگر مسجد

(1)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث:٧، ج٨، ص١٦٧.

(2)......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد ابی الدرداء، الحدیث:٧٤٦، ص١٦٣.

(3)......سیر اعلام النبلاء، الرقم ١٦٤، ابو الدرداء، ج٤، ص٢٢.

(4)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث:٢٠، ج٨، ص١٦٩.



www.dawateislami.net

کے دروازہ پر میری دکان ہو اور میں یومیہ اس سے 40 دینار کما کر راہِ خُدا میں صدقہ کروں اور میری نمازوں میں بھی اس سے خلل واقع نہ ہو پھر بھی میں تجارت کرنا پسند نہیں کروں گا۔'' کسی نے عرض کی: ''اے ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ تجارت کو اس قدر ناپسند کیوں جانتے ہیں؟'' فرمایا: ''حساب کی شدّت کے خوف کی وجہ سے۔'' (1)

﴿675﴾......حضرت سیِّدُنا خَیْثَمَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بِعْثَت سے پہلے میں تجارت کیا کرتا تھا۔ جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِعلانِ نبوت فرمایا تو میں نے عبادت وتجارت کو جمع کرنے کی کوشش کی مگر ناکام رہا۔ پھر میں تجارت ترک کر کے عبادت میں مشغول ہو گیا۔'' (2)

﴿676﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعبدِرَبّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے یہ پسند نہیں کہ مَسْجِد کے دروازے پر میری دکان ہو اور میں یومیہ اس سے 300 دینار کماؤں اور تمام نمازیں بھی مسجد میں باجماعت ادا کروں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے خرید وفروخت کو حلال اور سود کو حرام قرار نہیں دیا بلکہ میں یہ پسند کرتا ہوں کہ میرا شمار ان لوگوں میں ہو جنہیں بیع وتجارت ذِکرِ الٰہی سے غافل نہیں کرتی۔'' (3)

## بے مثال جنتی نعمتیں:

﴿677﴾......حضرت سیِّدُنا عَوْف بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے خواب میں ایک گندمی رنگ کا قُبّہ (یعنی گنبد) اور سبز چراگاہ دیکھی اور اس قُبّہ کے اِردگرد بکریوں کو چرتے دیکھا تو پوچھا: ''یہ کس کے لئے ہے؟'' جواب ملا: ''یہ عبدالرحمٰن بن عَوف کے لئے ہے۔'' راوی کہتے ہیں: ''کچھ دیر بعد حضرتِ سیِّدُنا عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خود اس قُبّہ سے نکلے اور مجھ سے کہا: ''اے عَوف! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ ہمیں قرآنِ مجید کی تِلاوت کے اجر میں عطا فرمایا ہے اور اگر تم اس ٹیلے پر چڑھ کر دیکھو تو وہاں ایسی ایسی نعمتیں پاؤ گے کہ ان کی مثل نہ تمہاری آنکھوں نے کبھی دیکھیں، نہ تمہارے کانوں نے کبھی ان کا تذکرہ سنا اور نہ ہی تمہارے دِل پر کبھی ان کا خیال گزرا ہے اور یہ سب اللہ

---

1 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، ج٤٧، ص١٠٨.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث: ٣٠، ج٨، ص١٧٢.

3 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد ابی الدرداء، الحدیث: ٧٣٥، ص١٦٢.



www.dawateislami.net

عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے تیار کی ہیں کیونکہ انہوں نے دُنیا کو ان راحتوں کے لئے چھوڑ دیا۔"[1]

## عمل میں سستی کا ایک سبب:

﴿678﴾......حضرت سیِّدُ نا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "جو کھانے پینے کی نعمت کے علاوہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمتوں کو نہیں پہچانتا اس کا عمل تھوڑا ہوجاتا ہے اور اُسے تکالیف کا سامنا رہتا ہے[2] اور جو دُنیا کے پیچھے بھاگتا ہے دنیا اس کے ہاتھ نہیں آتی۔"[3]

﴿679﴾......حضرت سیِّدُ نا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کتنی ہی نعمتیں ایک ساکن (یعنی ٹھہری ہوئی) رگ میں پوشیدہ ہوتی ہیں۔"[4]

﴿680﴾......حضرت سیِّدُ نا حسان بن عَطِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "جب تک تم نیک لوگوں سے محبت رکھو گے بھلائی پر رہو گے اور تمہارے بارے میں جب کوئی حق بات بیان کی جائے تو اسے مان لیا کرو کہ حق کو پہچاننے والا اس پر عمل کرنے والے کی طرح ہوتا ہے۔"[5]

﴿681﴾......حضرت سیِّدُ نا مِسْعَر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا قاسم بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد نے فرمایا: "حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جنہیں علم عطا کیا گیا۔"[6]

## دُشمن سے درگزر:

﴿682﴾......حضرت سیِّدُ نا شُرَیْح بن عُبَیْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مخاطب کر کے کہا: "اے قُراء کے گروہ! کیا بات ہے تم ہم سے بھی زیادہ بُزدل ہو، جب تم

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ۷۱٤، ص ۱۵۹، بتغير.
2 ......الزهد لابن المبارك، باب فضل ذكر الله، الحديث: ۱۵۵۱، ص ۵٤۲.
3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ۷۷۲، ص ۱٦٦.
4 ......الزهد لابی داؤد، باب من خبر ابی الدرداء، الحديث: ۲٤۰، ج ۱، ص ۲۵٦.
5 ......شعب الايمان للبيهقی، باب فی مقاربة وموادة......الخ، الحديث: ۹۰٦۳، ج ٦، ص ۵۰۳، بتغير.
6 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الفضائل، باب ما ذكر فی ابی الدرداء، الحديث: ۱، ج ۷، ص ۵۳۵.


www.dawateislami.net

سے کسی چیز کا سوال کیا جاتا ہے تو اس وقت بخیل بن جاتے ہو اور کھانے کے دوران بڑے بڑے لقمے منہ میں ڈالتے ہو؟'' حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ کی اور نہ ہی کوئی جواب دیا۔ یہ خبر جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو پہنچی تو انہوں نے حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے اس کے مُتَعَلِّق دریافت فرمایا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس شخص کے لئے دُعائے مَغْفِرت کی، پھر کہا: ''اے عمر! کیا ہم لوگوں سے جو کچھ بھی سنیں اس پر ان سے جھگڑا کریں؟'' اس کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس شخص کے پاس گئے اور اسے گریبان سے پکڑ کر حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں لے آئے، اس شخص نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے عرض کی: ''میں نے تو مذاق کے طور پر ایسا کہا تھا۔'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے محبوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف وحی فرمائی:

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ (پ ۱۰، التوبة: ٦٥)

ترجمۂ کنز الایمان: اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے۔(1)

## جاہل وبے عمل کے لئے ہلاکت:

﴿683﴾...... حضرت سیِّدُنا مَیمُون بن مِہْران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہلاکت ہے اس جاہل کے لئے جو علم حاصل نہیں کرتا اور اگر اللہ عَزَّوَجَلَّ چاہتا تو اسے علم عطا فرماتا اور ہلاکت ہے اس عالِم کے لئے جو اپنے علم پر عمل نہیں کرتا۔'' یہ بات آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سات مرتبہ ارشاد فرمائی۔(2)

﴿684﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوقِلابہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم اس وقت تک کامل فقیہ نہیں بن سکتے جب تک قرآن مجید کو مُخْتَلِف وجوہ سے سمجھ نہ لو اور تم اس وقت تک کامِل فقیہ نہیں بن سکتے حتی کہ لوگوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے بُرا سمجھو۔ پھر اپنے نفس کو دیکھو تو اسے لوگوں سے بڑھ کر برا سمجھو۔''(3)

---

1 ...... تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، ج٤٧، ص١١٩.

2 ...... الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧٦٤، ص١٦٦، مختصرًا.

3 ...... الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧١٣، ص١٥٩.



www.dawateislami.net

## عالم کی نشانی:

﴿685﴾......حضرت سیِّدُنا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”زندگی میں نرمی وآسانی آدمی کے عالم ہونے کی علامت ہے۔“ (1)

﴿686﴾......حضرت سیِّدُنا شُرَیک بن نُہَیک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”اہلِ علم حضرات کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا اوران کی مجالس میں شریک ہونا آدمی کے عالم ہونے کی علامت ہے۔“ (2)

## عالم وجاہل کی عبادت میں فرق:

﴿687﴾......حضرت سیِّدُنا ابو سَعِید کِنْدِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”عقلمندوں (یعنی علم والوں) کے کھانے پینے اور سونے کی بھی کیا بات ہے کہ بے وقوفوں (یعنی جاہلوں) کی شب بیداری اور روزے بھی ان کے سامنے عیب دار ہو جاتے (یعنی ناقص رہ جاتے) ہیں اور صاحبِ تقویٰ و یقین کی ذراسی نیکی جاہلوں کی پہاڑوں جیسی عبادت سے افضل اور بہتر ہے۔“ (3)

﴿688﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ھُیَثْم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”تم لوگوں کو ان باتوں کا مکلَّف نہ بناؤ جن کا انہیں مکلَّف نہیں بنایا گیا اور حساب وکتاب کا مُعَامَلہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پر چھوڑ دو۔ اے ابنِ آدم! تم پر اپنے نفس کا مُحاسبہ لازم ہے کیونکہ جو کسی کی ٹوہ میں رہتا ہے اس کا غم طویل ہو جاتا ہے اور اس کا غصّہ ٹھنڈا نہیں ہوتا۔“ (4)

﴿689﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اور اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرو

1 ......المسندللامام احمدبن حنبل، حدیث ابی الدرداء، الحدیث: ٢١٧٥٤، ج٨، ص١٦٣.

2 ......التاریخ الکبیرللبخاری، باب الشین، باب شریك، الحدیث: ٢٦٥٣، ج٤، ص٢٠٠، بتغیرٍ.

3 ......الزھدللامام احمدبن حبنل، باب زھدابی الدرداء، الحدیث: ٧٣٨، ص١٦٢، بتغیرٍ.

4 ......الزھدللامام احمدحنبل، باب زھدابی الدرداء، الحدیث: ٧٧١، ص١٦٦، مختصرًا.



www.dawateislami.net

اور جان لو! وہ قلیل مال جو تمہاری دُنیاوی فکروں سے نجات کا ذَرِیعہ بنے اس کثیر مال سے بہتر ہے جو تمہاری غفلت کا سبب بنے۔ جان لو! نیکی کبھی پرانی نہیں ہوتی اور گُناہ کبھی بھلایا نہیں جاتا۔'' (1)

## بھلائی کس میں ہے؟

﴿690﴾...... حضرت سیِّدُنامُعَاوِیَہ بن قُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بھلائی اس میں نہیں کہ تجھے کثیر مال واولاد مل جائے بلکہ بھلائی تو اس میں ہے کہ تیرا حلم بڑھے، عِلم ترقی کرے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت میں لوگوں سے آگے بڑھے اور جب تم کوئی نیکی کرنے میں کامیاب ہو جاؤ تو اس پر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد بجالاؤ اور بُرائی ہو جانے پر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے بخشش کا سوال کرو۔'' (2)

## زندگی کو پسند کرنے کی وجہ:

﴿691﴾...... حضرت سیِّدُنا عَبَّاس بن جُلَیْد حَجْرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر 3 چیزیں نہ ہوتیں تو میں زندہ رہنے کو مرنے پر ترجیح نہ دیتا۔'' میں نے عرض کی: ''وہ 3 چیزیں کون سی ہیں؟'' فرمایا: ''دن رات اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور سجدے کرنا، سخت گرمی کے دنوں میں پیاسا رہنا (یعنی روزے رکھنا) اور ایسے لوگوں کے ساتھ بیٹھنا جو کلام کو عُمدہ پھلوں کی طرح چنتے ہیں۔'' پھر فرمایا: ''کمال درجہ تقویٰ یہ ہے کہ بندہ ایک ذرہ کے مُعَاملے میں بھی اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرے اور جس حلال میں ذرہ بھر بھی حرام کا شُبہ ہو اسے ترک کردے، اس طرح وہ اپنے اور حرام کے درمیان مضبوط آڑ بنالے گا، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے مُقدّس کلام میں بندوں کے انجام کو بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ ﴿۷﴾ وَ مَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ﴿۸﴾

ترجمۂ کنزالایمان: تو جو ایک ذرّہ بھر بھلائی کرے اسے دیکھے گا اور جو ایک ذرّہ بھر بُرائی کرے اسے دیکھے گا۔

(پ ۳۰، الزلزال: ۷،۸)

اس لئے تم کسی بُرائی کو معمولی نہ سمجھو اور نہ ہی کسی نیکی کو حقیر جانو۔'' (3)

---

(1)...... المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث: ۱، ج۸، ص۱۶۷.

(2)...... المرجع السابق، الحدیث: ۶.    (3)...... الزھد الکبیر للبیھقی، الحدیث: ۸۷۰، ص ۳۲۴.



www.dawateislami.net

## دِین سیکھنے اور سکھانے والا اَجر میں برابر ہیں:

﴿692﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن ابو الجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے راوِیت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا بات ہے تمہارے عُلَما دُنیا سے رخصت ہو گئے اور بے علم، علم سیکھ نہیں رہے؟ بے شک عِلم دین سیکھنے اور سکھانے والا اجر میں برابر ہیں اور ان کے علاوہ (جو نہ عِلم دین سیکھتے ہیں، نہ دوسروں کو سکھاتے ہیں) کسی میں بھلائی نہیں۔'' (1)

## عِلم کے اعتبار سے لوگوں کی اَقسام:

﴿693﴾......حضرت سیِّدُنا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''لوگ تین طرح کے ہیں: (۱) عالم، علم رکھنے والا (۲) طالبِ علم، علم سیکھنے والا (۳) جاہل، نہ علم رکھتا ہے نہ سیکھتا ہے اور اس میں کوئی بھلائی نہیں۔'' (2)

﴿694﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن ابو الجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''عِلم حاصل کرو! اس لئے کہ عِلم سکھانے والے اور سیکھنے والے کا اَجر یکساں ہے اور ان دونوں کے عِلاوہ کسی میں بھلائی نہیں۔'' (3)

## اہلِ دمشق کو وَعظ و نصیحت:

﴿695﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحَّاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے اہلِ دمشق! تم سب دِین میں اِسلامی بھائی، گھروں میں ایک دوسرے کے پڑوسی اور دُشمن کے مُقابلے

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث: ۲۶، ج۸، ص ۱۷۰۔
الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۲۸، ص ۱۶۱، بتغیر۔

(2)......سنن الدارمی، المقدمة، باب فی ذھاب العلم، الحدیث: ۲۴۶، ج۱، ص ۹۰، مختصرًا۔
الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۳۲، ص ۱۶۱، مفھومًا۔

(3)......سنن الدارمی، المقدمة، باب فی فضل العلم والعلم، الحدیث: ۳۲۷، ج۱، ص ۱۰۷۔
الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۲۷، ص ۱۶۱۔


www.dawateislami.net

میں ایک دوسرے کے مُعاوِن و مدد گار رہو۔ پھر کیا وجہ ہے کہ تم مجھ سے محبت نہیں کرتے؟ میری محنت ومُشقَّت تمہارے عِلاوہ دوسروں پر صرف ہورہی ہے۔ میں تمہارے عُلَما کو دُنیا سے رخصت ہوتے دیکھ رہا ہوں اور یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے بے علم علم حاصل نہیں کرتے۔ تم رزق کی تلاش میں اپنی آخرت بھولے بیٹھے ہو۔ سنو! ایک قوم نے مضبوط محلات تعمیر کئے۔ کثیر مال اکٹھا کیا اور لمبی لمبی اُمّیدیں باندھیں مگر وہی محلات ان کی قبروں میں تبدیل ہوگئے۔ ان کی اُمّیدوں نے انہیں دھوکے میں ڈالا اور ان کا مال ضائع ہوگیا۔ خبردار! علم حاصل کرو کیونکہ علم سکھانے اور سیکھنے والا اَجر میں برابر ہیں اور ان دونوں کے عِلاوہ کسی شخص میں بھلائی نہیں۔'' (1)

﴿696﴾ ......حضرت سیِّدُنا قُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! علم حاصل کرلو اس سے پہلے کہ علم اُٹھ جائے۔ بے شک عُلَما کے جانے سے علم اٹھ جاتا ہے اور علم سیکھنے اور سکھانے والا دونوں اَجر میں برابر ہیں۔ بے شک سمجھدار لوگ دو قسم کے ہیں: (۱) علم سکھانے والے (۲) علم سیکھنے والے، ان کے عِلاوہ کسی میں بھلائی نہیں۔'' (2)

﴿697﴾ ......حضرت سیِّدُنا ابو وائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! میں تمہیں کبھی ایسی بات کا حکم دیتا ہوں جس پر خود عمل نہیں کرتا لیکن اُمید ہے کہ میں اس پر اَجر پاؤں گا (یعنی میرے بتانے سے تم عَمَل کروگے تو مجھے بھی ثواب ملے گا)۔'' (3)

## تقویٰ بغیر علم اور علم بغیر عمل کے کامل نہیں:

﴿698﴾ ......حضرت سیِّدُنا ضَمْرَہ بن حَبِیب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کوئی اس وقت تک متقی نہیں بن سکتا جب تک عالم نہ بن جائے اور اس وقت تک علم سے آراستہ نہیں ہوسکتا جب تک اپنے علم پر عمل نہ کرے۔'' (4)

---

1 ......القصاص والمذكرين، ص ۲۲۲.

2 ......سنن الدارمی، باب فی فضل العلم والعالم، الحديث: ۲۴۶/۲۴۵، ج ۱، ص ۹۰۔ الحديث: ۳۲۷، ص ۱۰۷.

3 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد، باب كلام ابی الدرداء، الحديث: ۱۲، ج ۸، ص ۱۶۸.

4 ......سنن الدارمی، باب من قال العلم الخشية وتقوى الله، الحديث: ۲۹۳، ج ۱، ص ۱۰۰، مفهومًا



www.dawateislami.net

## سب سے زیادہ خوف زدہ کرنے والی بات:

﴾699﴿......حضرت سیِّدُنا حُمَید بن ہِلَال رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمایا کرتے تھے: مجھے سب سے زیادہ اس بات سے خوف آتا ہے کہ قیامت کے دن جب میں حساب کے لئے کھڑا ہوں تو مجھ سے کہا جائے: "تم نے علم تو حاصل کیا لیکن علم پر کیوں عمل نہ کیا۔" (1)

﴾700﴿......حضرت سیِّدُنا حَوْشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: مجھے سب سے زیادہ اس بات کا خوف ہے کہ قیامت کے دن مجھ سے فرمایا جائے: "اے عُوَیْمِر! تم نے علم حاصل کیا یا جاہل رہے؟" اگر میں نے عرض کی کہ علم حاصل کیا ہے۔ تو پھر مجھ سے حکم اور مُمانَعت والی ہر آیتِ قرآنی کے مُتَعَلِّق پوچھ گچھ کی جائے گی کہ "کیا تو نے حکم اور مُمانَعت والی آیت پر عمل کیا؟" میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو نَفْع نہ دے، ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دُعا سے جو مقبول نہ ہو۔" (2)

﴾701﴿......حضرت سیِّدُنا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: مجھے سب سے زیادہ اس بات کا ڈر ہے کہ کہیں بروزِ قیامت تمام مخلوق کے سامنے مجھ سے یہ سوال نہ کر لیا جائے کہ "اے عُوَیْمِر! کیا تو نے علم حاصل کیا؟" مَیں ہاں میں جواب دوں تو پھر پوچھا جائے کہ "اپنے علم پر کہاں تک عمل کیا؟" (3)

## خط کے ذَرِیعے نیکی کی دعوت:

﴾702﴿......حضرت سیِّدُنا مَعْمَر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے ایک دوست سے راویت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایک خط لکھا کہ اے میرے بھائی! اپنی صحت وفراغت کو غنیمت جانو اس سے پہلے کہ تم پر ایسی مصیبت نازل ہو جس کو مخلوق دور نہ کر سکے اور مصیبت زدہ کی دعا

1......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث: ۱۹، ج۸، ص۱۶۹.

2......الزھد لابی داؤد، باب من خبر ابی الدرداء، الحدیث: ۲۱۵، ج۱، ص۲۳۱، مفھومًا.

3......شعب الایمان للبیھقی، باب فی نشر العلم، الحدیث: ۱۸۵۲، ج۲، ص۲۹۹، مفھومًا.



www.dawateislami.net

کو غنیمت سمجھو۔[1] اے میرے بھائی! مسجد کو (عبادت کے لئے) اپنا گھر بنالو کیونکہ میں نے رسولِ اَکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''مسجد ہر متقی کا گھر ہے۔'' اور جو لوگ مَساجِد کو اپنا گھر بنا لیتے ہیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ان سے راحت و آرام اور پل صراط سے سلامتی کے ساتھ گزار کر اپنی رضا تک پہنچانے کا وعدہ فرمایا ہے۔

اے میرے بھائی! یتیم پر رحم کرو، اسے اپنے قریب کرو اور اپنے کھانے میں سے اسے کھلاؤ کیونکہ ایک بار کسی شخص نے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں قَساوَتِ قلبی (یعنی دِل کی سختی) کی شِکایَت کی تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا تم اپنے دِل کو نرم کرنا چاہتے ہو؟'' عرض کی: ''جی ہاں۔'' ارشاد فرمایا: ''یتیم کو اپنے قریب کرو، اس کے سر پر ہاتھ پھیرو اور اپنے کھانے میں سے اسے کھلاؤ کہ یہ چیزیں دِل کو نرم کرتی اور حاجات کے پورا ہونے کا بھی ذَرِیعہ ہیں۔''

اے میرے بھائی! اتنا مال اکٹھا نہ کرو جس کا شکر ادا نہ کرسکو۔ بے شک میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سُنا کہ ''قیامت کے دن ایک ایسے مالدار کو لایا جائے گا جس نے مال کے مُعَاملے میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت و فرمانبرداری کی ہوگی۔ وہ اس حال میں آئے گا کہ وہ آگے اور اس کا مال اس کے پیچھے ہوگا۔ پل صراط پر جب بھی کوئی رکاوٹ آئے گی تو اس کا مال اسے کہے گا: چلو! چلو! تم نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے تمام حُقُوق پورے کئے ہیں۔ پھر ایک ایسے مالدار کو لایا جائے گا جس نے مال کے مُعَاملے میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت نہ کی ہوگی۔ وہ اس حال میں آئے گا کہ اس کا مال اس کے کندھوں کے درمیان ہوگا وہ اسے پھسلائے گا اور کہے گا: ''تیری ہَلاکت ہو! تو نے میرے معاملے میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت کیوں نہ کی؟ وہ اسی طرح کہتا رہے گا حتی کہ ہَلاکت کی دُعا مانگے گا۔''

اے میرے بھائی! مجھے مَعلُوم ہوا ہے کہ تم نے ایک خادِم خریدا ہے۔ میں نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''بندہ جب تک کسی خادِم سے مدد نہیں لیتا، مسلسل اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا قرب پاتا رہتا ہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بھی اسے اپنے قرب سے نوازتا ہے اور جب وہ کسی خادم سے خدمت لیتا ہے تو اس پر اس کا حِساب لازم ہو جاتا ہے۔'' میری زوجہ نے مجھ سے ایک خادِم رکھنے کا مُطَالبہ کیا تھا لیکن حِساب کے خوف سے میں نے اسے ناپسند جانا حالانکہ میں ان دنوں مالدار تھا۔ اے میرے بھائی! اگر ہم سے پورا پورا حساب لیا گیا تو بروزِ

1 ......الجامع لعمربن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، ج۱۰، ص۱۳۵.



www.dawateislami.net

قیامت میرا اور تیرا مددگار کون ہوگا؟

اے میرے بھائی! رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا صحابی ہونے کی وجہ سے دھوکے میں نہ رہنا۔ بے شک ہم حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد ایک طویل عرصہ زندہ رہے ہیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ خوب جانتا ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد ہمیں کن کن حالات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

## بنتِ ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا نِکاح:

﴿703﴾......حضرت سیِّدُنا ثابت بُنَانِی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے مروی ہے کہ یَزِید بن مُعَاوِیَہ نے حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو ان کی صاحبزادی ''دَرْدَاء'' کے لئے نِکاح کا پیغام بھیجا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے رد کر دیا۔ یزید کے ساتھیوں میں سے ایک نے یزید سے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تیرا بھلا کرے! تو مجھے اس لڑکی سے نِکاح کرنے کی اجازت دے دے؟'' یزید نے کہا: ''تو ہلاک ہو! یہ ممکن نہیں۔'' اس شخص نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تیری اِصلاح کرے! مجھے اِجازت دے دے۔'' یزید نے اِجازت دے دی۔ چنانچہ، اس شخص نے حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی طرف پیغام بھیجا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے اپنی بیٹی کا نِکاح اس آدمی کے ساتھ کر دیا۔ راوی کا بیان ہے کہ ''یہ بات لوگوں میں مشہور ہوگئی کہ حضرت سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے یزید کا پیغام رد کر کے اپنی بیٹی کا نِکاح ایک غریب مسلمان سے کر دیا ہے۔'' (اس پر) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا: ''میں نے اپنی بیٹی دَرْدَاء کی بہتری سوچی ہے تم اس وقت دَرْدَاء کے بارے میں کیا سوچتے جب ایک دُنیادار بادشاہ اس کا شوہر ہوتا اور وہ ایسے گھر میں رہتی جس میں اس کی نظریں چکا چوندھ (یعنی اندھی) ہو جاتیں تو کیا اس کا دِین سَلامت رہتا؟''[1]

## تنہائی میں گناہ کرنے کی دُنیاوی سزا:

﴿704﴾......حضرت سیِّدُنا داود بن مِہْرَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: میں بچپن میں ایک بار حضرت سیِّدُنا فُضَیْل بن عِیَاض رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی خدمت میں حاضر ہوا، سلام کیا، آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی آنکھیں کھلی تھیں اور میں سمجھ رہا تھا کہ آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ مجھے مُلَاحَظہ فرما رہے ہیں۔ کافی دیر آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اسی حالت میں رہے پھر سر جھکایا اور پوچھا: ''بیٹا! تم کب سے یہاں کھڑے ہو؟'' میں نے عرض کی: ''کافی دیر سے کھڑا ہوں۔''

[1]......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب زھد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۶۱، ص ۱۶۵۔



www.dawateislami.net

آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ نے فرمایا: ''ہم کسی خیال میں تھے اور تم کسی اور خیال میں تھے۔'' پھر فرمایا: ہمیں حضرت سیِّدُ نا سلیمان بن مِہْرَان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ نے حضرت سیِّدُ نا سالم بن ابو الجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے بیان فرمایا کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا اِرشاد ہے کہ ''بندے کو اس بات سے خوفزدہ رہنا چاہئے کہ کہیں مسلمانوں کے دلوں میں اس کی نَفْرت نہ ڈال دی جائے اور اسے پتا تک نہ چلے۔'' پھر فرمایا: ''جانتے ہو ایسا کیونکر ہوتا ہے؟'' حضرت سیِّدُ نا سالم بن ابو الجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ نے عرض کی: ''مجھے نہیں مَعْلُوم۔'' فرمایا: ''بندہ تنہائی میں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی کرتا ہے جس کی وجہ سے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مسلمانوں کے دلوں میں اس کی نَفْرت ڈال دیتا ہے اور اسے مَعْلُوم بھی نہیں ہوتا۔'' (1)

## دوست اور دوستی کے آداب:

﴿705﴾......حضرت سیِّدُ نا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تیرا دوست تجھ پر عتاب کرے یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ تجھ سے دُور رہے۔ تیرے دوست سے بڑھ کر کون تیرا خیر خواہ ہوگا۔ اپنے دوست کے سوال کو پورا کر اور اس کے مُعَامَلے میں نرمی اختیار کر اور اس کے بارے میں کسی حاسِد کی بات پہ یقین نہ کر ورنہ تو بھی اسی کی مثل اپنے دوست سے حَسَد کرنے لگے گا۔ پھر کل جب تیری موت آئے گی تو وہ تجھ سے منہ پھیر لے گا اور تم اس کی مَوت کے بعد کیوں روتے ہو جبکہ زندگی میں اس سے ملنا بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔'' (2)

## قَبْرو حَشْر کا خَوف:

﴿706﴾......حضرت سیِّدُ نا حِزَام بن حَکِیْم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَرِیْم سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر تم مَوت کے بعد کے مُعَامَلات جان لو تو من پسند لذیذ کھانے، ٹھنڈے اور میٹھے مشروبات چھوڑ دو، عالیشان مکانات وعُمدہ محلات سے منہ موڑ لو، تمہاری کیفیت ایسی ہو جائے کہ سینوں کو پیٹتے، آنسو بہاتے صحراؤں کی طرف نکل جاؤ اور اس بات کی تمنا کرنے لگو کہ اے کاش! ہم درخت ہوتے جنہیں کاٹ لیا جاتا اور ان کے

1 ......الزهد لابی داؤد، باب من خبر الی الدرداء، الحدیث: ۲۲۰، ج۱، ص۲۳۶، مختصرًا.

2 ......الزهد لابی داؤد، باب من خبر الی الدرداء، الحدیث: ۲۵۱، ص۲۶۷، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

پھل کھالئے جاتے۔‘‘ (1)

## اِیمان کا اَعلیٰ دَرَجہ:

﴿707﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعثمان یزید بن مَرْثَد ہَمْدانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمایا کرتے تھے کہ ’’ایمان کا اعلیٰ دَرَجہ یہ ہے کہ بندہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم پرصَبْر کرے اور تقدیر پر راضی رہے نیز توکل کے معاملے میں اِخْلاص اپنائے اور ہر وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمانبردار رہے۔‘‘(2)

## دوست پر اِنْفِرادی کوشش:

﴿708﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن محمد مُحَارِبی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے ایک دوست کو خط لکھا حمدوثنا کے بعد فرمایا: ’’اس دُنیا میں تیرا کوئی حصہ نہیں ہے کیونکہ تجھ سے پہلے بھی اس میں لوگ رہتے تھے وہ اسے یونہی چھوڑ کر چلے گئے اور تیرے بعد اس میں کچھ اور لوگ آبسیں گے۔ اس دُنیا میں تیرے لئے وہی ہے جو تو آگے بھیج دے اور جو چیزیں تو یہاں چھوڑ جائے گا اس کی حقدار تیری نیک اولاد ہوگی کیونکہ مرنے کے بعد تیری پیشی ایسی بارگاہ میں ہونی ہے جہاں کوئی بہانہ چلے گا نہ عُذر قابل قبول ہوگا اور تم جن کے لئے دنیا اکٹھی کرو گے وہ تمہارے کام نہیں آسکیں گے۔ تمہارا جمع کیا ہوا مال تمہاری اولاد کے لئے ہے۔ وہ اس میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت کر کے سعادت مند ہو جائے گی جس کو کمانے کی وجہ سے تم بدبخت بنے یا وہ اس مال کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی میں خرچ کر کے بدبخت ہو جائے گی۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ان دونوں میں سے کوئی بھی ایسا معاملہ نہیں کہ جس کی وجہ سے تم اپنی کمر پر بوجھ اٹھاؤ اور انہیں اپنی ذات پر ترجیح دو۔ لہٰذا جو گزر گئے ان کے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کی اُمید رکھو اور جو پیچھے رہ گئے ان کے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رزق پر اعتماد کرو۔‘‘ (3) وَالسَّلَام!

## اَہلِ قُبْرُص کی شان وشوکت کہاں گئی؟

﴿709﴾......حضرت سیِّدُنا جُبَیْر بن نُفَیْر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ جب ’’قُبْرُص‘‘ فتح ہوا تو وہاں کے

---

1 ......الزهد لابی داؤد، باب من خبر الی الدرداء، الحدیث: ۲۰۱، ص۲۱۷.

2 ......الزهد لابن المبارك، ماروا ه نعیم بن حماد فی نسخته زائدا، باب فی الرضا بالقضاء، الحدیث: ۱۲۳، ص۳۱.

3 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، ج۴۷، ص۱۶۹، مفهومًا.



www.dawateislami.net

باشندوں میں تفریق کردی گئی۔ وہ ایک دوسرے کو یاد کرکے رونے لگے۔ میں نے حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھا کہ تنہا بیٹھے رو رہے ہیں۔ میں نے عرض کی: ''اے ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ کیوں رو رہے ہیں جبکہ آج کے دن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اسلام و مسلمانوں کو عزت وعظمت عطا فرمائی ہے؟'' فرمایا: ''افسوس اے جُبَیْر! جب کوئی قوم اَحکاماتِ الٰہی کو ترک کردیتی ہے تو وہ اس کے ہاں بے وقعت ہوجاتی ہے۔ دیکھو! اہلِ قُبْرُص کس قدر طاقت وغلبہ والے تھے لیکن انہوں نے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے اُحکامات کی نافرمانی کی تو ان کا یہ حال ہوا جو تم دیکھ رہے ہو۔'' (1)

## مَرَضِ مَوت کی گفتگو:

﴿710﴾......حضرت سیِّدُنا اسماعیل بن عُبَیدُ اللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی موت کا وقت قریب آیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کون میرے اس دن کے عمل کی طرح عمل کرے گا؟ کون میری اس گھڑی کی طرح عمل کرے گا؟ کون میرے اس لیٹنے کی طرح عمل کرے گا؟ پھر یہ آیتِ مبارکہ تلاوت فرمائی:

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ یُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ (پ۷، الانعام: ۱۱۰)

ترجمۂ کنزالایمان: اور ہم پھیر دیتے ہیں ان کے دلوں اور آنکھوں کو جیسا وہ پہلی بار اس پر ایمان نہ لائے تھے۔'' (2)

## مال جمع کرنے والے کے لئے ہلاکت:

﴿711﴾......حضرت سیِّدُنا فُرَات بن سلیمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہر وہ شخص جو مال جمع کرتا ہے اس کے لئے ہلاکت ہے۔ اس کا منہ بھرا ہوا ہے گویا کہ وہ مجنون (یعنی پاگل) ہے۔ ایسے شخص کی نظر اپنے مال پر نہیں بلکہ لوگوں کے مال پر ہوتی ہے، اگر اس کے بس میں ہوتا تو رات دن کماتا ہی رہتا۔ اس کے لئے سخت حساب اور دردناک عذاب کی وجہ سے ہلاکت ہے۔'' (3)

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧٦٣، ص ١٦٥.

2 ......شعب الايمان للبيهقي، باب فی الزهد وقصر الامل، الحديث: ١٠٦٦٦، ج٧، ص ٣٨٢.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧٦٩، ص ١٦٦.



www.dawateislami.net

## نصیحت کے لئے موت ہی کافی ہے:

﴾712﴿......حضرت سیِّدُ ناشُرَحبِیل عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَلِیْل سے مَروِی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب کوئی جنازہ دیکھتے تو فرماتے: ''تم صبح کو چل پڑے ہم شام کو تمہارے پیچھے آنے والے ہیں یا تم شام کو چلے ہم صُبح آنے والے ہیں۔ مَوت بہت بڑی نصیحت ہے۔ لیکن غَفْلَت بھی بُہت جلد طاری ہو جاتی ہے اور نصیحت کے لئے مَوت ہی کافی ہے۔ اچھے لوگ دُنیا سے رخصت ہو گئے اور باقی بچنے والوں میں حِلْم و بُردباری نام کی کوئی چیز نہیں۔''(1)

## 3 محبوب چیزیں:

﴾713﴿......حضرت سیِّدُ نامُعَاوِیَہ بن قُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''3 چیزیں جنہیں لوگ ناپسند کرتے ہیں مجھے بہت محبوب ہیں: فَقر، مَرض اور مَوت۔''(2)

﴾714﴿......حضرت سیِّدُ ناعَمرو بن مُرَّۃَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے شیخ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں مَوت کو پسند کرتا ہوں تاکہ دیدارِ الٰہی حاصل ہو۔ فَقر کو پسند کرتا ہوں تاکہ ربّ عَزَّوَجَلَّ کے حُضُور گڑگڑاؤں اور بیماری کو پسند کرتا ہوں تاکہ میرے گُناہوں کا کَفّارہ ہو۔''(3)

## قومِ عاد کا حال:

﴾715﴿......حضرت سیِّدُ ناسَعِید بن ابوہلال رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے اہلِ دمشق! کیا تم حیا نہیں کرتے؟ اتنا مال جمع کرتے ہو جو کھا نہ سکو گے۔ ایسے مکان تعمیر کرتے ہو جن میں رہ نہ پاؤ گے اور ایسی اُمّیدیں باندھتے ہو جو پوری نہ ہو سکیں گی۔ تم سے پہلے بھی ایسے لوگ گزرے ہیں جنہوں نے مال جمع کیا۔ لمبی امیدیں باندھیں اور مضبوط عمارتیں تعمیر کیں لیکن ان کے جمع شدہ اَموال تباہ و برباد ہو گئے۔ ان کی اُمیدیں خاک میں مل گئیں اور ان کے محلات ان کی قبروں میں تبدیل ہو گئے۔ یہ قومِ عاد تھی، جس نے ''عَدَن'' سے لے کر ''عَمَّان'' تک مال جمع کیا اور کثیر اولاد پائی تو کوئی ہے جو قومِ عاد کا ترکہ مجھ سے 2 دِرہم کے عوض

---

1 ......الزهد لابی داؤد، باب من خبر الی الدرداء، الحدیث: ۲۵۰، ج۱، ص۲۶۶.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۳۶، ص۱۶۲، بتغیرٍ.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحدیث: ۸۱۱، ص۱۷۲.



www.dawateislami.net

خرید لے؟'' (1)

## مالداروں کو نصیحت:

﴿716﴾......حضرت سیِّدُنا صَفْوَان بن عمرو رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے مالدارو! اپنے اَموال سے اپنے جسموں کو راحت پہنچالو اس سے پہلے کہ ہم اور تم برابر ہوجائیں اور دنیا میں جو کچھ تم دیکھتے ہو تو تمہارے ساتھ ہم بھی دیکھ لیتے ہیں۔'' پھر فرمایا: ''مجھے تم پر غافل کر دینے والی نعمت میں مخفی شہوت کا خوف ہے۔ وہ اس طرح کہ تم کھانا تو سیر ہو کر کھاتے ہو لیکن علم کے مُعَاملے میں بھوکے رہتے ہو، تم میں بہترین شخص وہ ہے جو اپنے دوست سے کہے کہ آؤ مرنے سے پہلے روزہ رکھ لیں اور بدترین شخص وہ ہے جو اپنے دوست سے کہے کہ آؤ مرنے سے پہلے کچھ کھاپی لیں اور کھیل کود کرلیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا گزر ایک قوم کے پاس سے ہوا جو مکان تعمیر کرنے میں مشغول تھی تو فرمایا: ''تم دُنیا کو بنانے میں مشغول ہو جبکہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اسے برباد و ویران کرنے کا اِرادہ فرمایا ہوا ہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا ارادہ ہی (سب پر) غالب ہے۔''

## ویران عمارتوں سے عبرت:

﴿717﴾......حضرت سیِّدُنا مَکْحُوْل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ویران عمارتوں کے پاس جا کر کہتے: ''اے ویران ہونے والی عمارتو! تمہارے پہلے رہائشی کہاں چلے گئے؟'' (2)

﴿718﴾......حضرت سیِّدُنا مُعَاوِیَہ بن قُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیمار ہوئے تو کچھ دوست عیادت کے لئے حاضر ہوئے اور پوچھا: ''اے ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ کو کیا مرض ہے؟'' فرمایا: ''مجھے گناہوں کا مرض لاحق ہے۔'' دوستوں نے پوچھا: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کسی چیز کی خواہش ہے؟'' فرمایا: ''میں جنّت کا خواہش مند ہوں۔'' دوستوں نے کہا: ''ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے طبیب کو بُلا لائیں؟'' فرمایا: ''اسی (یعنی طبیبِ حقیقی اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ) نے مجھے بستر پر لٹایا ہے۔'' (3)

---

1 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی الزهد و قصر الامل، الحدیث: ۱۰۷۴۰، ج۷، ص۳۹۸، بتغیرٍ.

2 ......الزهد لوکیع، باب الخرب، الحدیث: ۱۰۵، ج۲، ص۷۶.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۷۱۶، ص۱۶۰.



www.dawateislami.net

﴿719﴾......حضرت سیِّدُنا عَوْن بن عبد اللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جو تلاش کرتا ہے وہ گم ہو جاتا ہے۔ جو تکلیف دِہ امور پر صبر نہیں کرتا وہ عاجز آ جاتا ہے۔ اگر تم لوگوں کے ساتھ برائی سے پیش آ ؤ گے تو وہ بھی تمہارے ساتھ ایسا ہی مُعَامَلہ کریں گے۔ تم انہیں چھوڑنا چاہو گے لیکن وہ تمہیں نہیں چھوڑیں گے۔'' راوی نے عرض کی: ''پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟'' فرمایا: ''اپنی طرف سے فَقْر والے دن (یعنی قیامت) کے لئے قرض دو۔'' (1)

﴿720﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِیْد بن عبدالعزیز عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْعَزِیْز سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے دُعا کی درخواست کی گئی تو فرمایا: ''میں اچھی طرح تیراکی نہیں جانتا اس لئے مجھے غرق ہونے کا خوف لاحق رہتا ہے۔'' (2)

﴿721﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! مجھے تمہارے بارے میں سب سے زیادہ خوف عالم کی لَغْزِش اور اس بات کا ہے کہ مُنَافِق قرآن سے مجادلہ (جھگڑا) کرے حالانکہ قرآنِ پاک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی سچی کتاب ہے۔ جس طرح راستے کے سرے پر رہنما منارہ ہوتا ہے اسی طرح قرآن بھی ایک مَنَارہ ہے اور جو شخص دُنیا سے بے نیاز نہ ہو اس کے لئے دُنیا بے فائدہ ہے۔'' (3)

## سیِّدُنا ابودرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دُعا:

﴿722﴾......حضرت سیِّدُنا بلال بن سعد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَحَد فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ دُعا مانگتے سنا: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ تَفْرِقَةِ الْقَلْب یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں دل کے مُتَفَرِّق ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے عرض کی گئی: ''دل کے مُتَفَرِّق ہونے کا کیا مطلب ہے؟'' فرمایا: ''میرے لئے مُخْتَلِف وادیوں میں مال رکھ دیا جائے۔'' (4)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، باب کلام ابی الدرداء، الحدیث: ۱۷، ج۸، ص۱۶۹ .

2 ......رجال حول الرسول، أبو الدرداء -أيّ حكيم كان، ص۹۲ .

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحدیث: ۷۷۲، ص۱۶۶ .

4 ......الزهد لابن المبارك، باب فی طلب الحلال، الحدیث: ۶۳۵، ص۲۲۳ .



www.dawateislami.net

## ہنستا ہوا جنت میں جائے گا:

﴿723﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ ''بے شک ان لوگوں میں سے کہ جن کی زبانیں ہر وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر میں مشغول رہتی ہیں ہر شخص مسکراتا ہوا جنّت میں داخل ہوگا۔'' (1)

## ذکر اللہ، صَدَقہ کرنے سے اَفضل ہے:

﴿724﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن ابو الجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ کسی نے حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں عرض کی کہ ''حضرت سیِّدُنا سَعْد بن مُنَبِّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے 100 غلام آزاد کئے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ایک آدمی کے مال سے 100 غُلام کا آزاد ہونا بُہت بڑی بات ہے لیکن تم چاہو تو میں تمہیں اس سے بھی افضل چیز بتاؤں؟ وہ یہ کہ رات دن ہر وقت ایمان کو لازِم پکڑو اور اپنی زبان ہر وقت ذِکرِ الٰہی سے تر رکھو۔'' (2)

﴿725﴾......حضرت سیِّدُنا عِمْرَان قَصِیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر فرماتے ہیں: میں نے اَبو رَجَاء عَلَیْہِ رَحْمَۃُ رَبِّ الْعُلاء کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''100 مرتبہ ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہنا مجھے 100 دینار صَدَقہ کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔'' (3)

## سب سے اچھا عمل:

﴿726﴾......حضرت سیِّدُنا کَثِیر بن مُرَّہ حَضْرَمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا تمہارے اَعمال میں سے سب سے اچھے عمل کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے مالک عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک پسندیدہ اور دَرَجات میں اضافے کا باعث اور دُشمن سے جنگ کرنے، اپنی گردن کٹوانے، اس کی گردن کاٹنے اور راہِ خُدا میں درہم و دینار خرچ کرنے سے بہتر ہو؟'' لوگوں نے عرض کی: ''اے ابودرداء رَضِیَ

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧٢٦، ص ١٦١.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧٣٠، ص ١٦١.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، باب زهد ابی الدرداء، الحديث: ٧٣٣، ص ١٦٢.



www.dawateislami.net

اللہُ تَعَالٰی عَنْہ! وہ کون سا عمل ہے؟" فرمایا: "اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذِکر کرنا اور اس کا ذِکر ہی سب سے بڑا ہے۔"(1)

## مومن اور کافر کی زبان:

﴿727﴾......حضرت سیِّدُنا اُسَید بن وَدَاعہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروِی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "مومن کے جسم میں کوئی عضو ایسا نہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کو زبان سے زیادہ محبوب ہو اور مومن اسی کے سبب جنّت میں داخل ہوگا اور کافر کے جسم میں بھی کوئی عُضو ایسا نہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کو زبان سے زیادہ ناپسندیدہ ہو اور کافر اسی کے سبب جہنّم میں جائے گا۔"(2)

﴿728﴾......حضرت سیِّدُنا عبدُالملک بن عُمَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "جو موت کو کثرت سے یاد کرتا ہے اس کی خوشیاں کم ہو جاتیں اور جسم کمزور پڑ جاتا ہے۔"(3)

﴿729﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم تَیمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "جو شخص موت کو کثرت سے یاد کرتا ہے اس کی خوشیاں کم ہو جاتیں اور جسم کمزور پڑ جاتا ہے۔"(4)

## صالحین کے ساتھ مرنے کی دُعا:

﴿730﴾......حضرت سیِّدُنا اسماعیل بن عُبَیدُاللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس طرح دُعا کرتے: "اَللّٰھُمَّ تَوَفَّنِیْ مَعَ الْاَبْرَارِ وَلَا تُبْقِنِیْ مَعَ الْاَشْرَار یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے صالحین کے ساتھ موت دینا اور بُروں کے ساتھ زندہ مت رکھنا۔"

## بُرے کاموں سے حفاظت کی دُعا:

﴿731﴾......حضرت سیِّدُنا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرداء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ یوں دعا کرتے: "اَللّٰھُمَّ لَا تَبْتَلِنِیْ بِعَمَلٍ سُوْءٍ فَاُدْعٰی بِہٖ رَجُلَ سُوْءٍ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے بُرے عمل میں

---

1......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام ابی الدَّرْدَاء، الحدیث: ۱۱، ج۸، ص۱۶۸.

2......الزھد للامام احمدبن حنبل، زھد ابی الدَّرْدَاء، الحدیث: ۷۵۰، ص۱۶۴.

3......الزھدلابن المبارک، ماروا نعیم بن حمادفی نسختہ زائدا، باب فی ذکر الموت، الحدیث: ۱۴۹، ص۳۷.

4......الزھدلابن المبارک ،، ماروا نعیم بن حمادفی نسختہ زائدا، باب فی ذکر الموت، الحدیث: ۱۴۹، ص۳۷.



www.dawateislami.net

مُبتَلا نہ کرنا کہ میں بُرے آدمی کے نام سے پکارا جاؤں۔" [1]

﴿732﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبکر بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوعَوْن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے مجھ سے فرمایا کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ارشاد فرماتے ہیں: "مجھے لوگوں کی طرف سے جب بھی کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو میں اس میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے نعمت ہی پاتا ہوں۔" [2]

﴿733﴾......حضرت سیِّدُنا سَائِب بن خَلَّاد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "مجھے کسی دن یا رات میں جب بھی کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو مجھے اس سے عافیت دی جاتی ہے۔"

﴿734﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن ابو الجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "اے لوگو! کیا بات ہے تم دنیا کے حریص بنتے جارہے ہو اور جس (دین) پر تمہیں نگہبان بنایا گیا ہے اسے ضائع کررہے ہو۔ میں تمہارے شریر لوگوں سے آگاہ ہوں جو گھڑ سواری کرتے ہوئے اکڑتے، نمازوں میں سستی کرتے، قرآن مجید توجہ سے نہیں سنتے اور نہ ہی غلاموں کو آزاد کرنے میں رغبت رکھتے ہیں۔" [3]

## یتیم اور مظلوم کی بددعا سے بچو:

﴿735﴾......حضرت سیِّدُنا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "مظلوم اور یتیم کی بددعا سے بچو کیونکہ ان دونوں کی دُعائیں راتوں رات اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں پیش ہوجاتی ہیں جبکہ لوگ محوِ استراحت ہوتے ہیں۔" [4]

﴿736﴾......حضرت سیِّدُنا ابووائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: "مجھے سب سے زیادہ نفرت اس سے ہے جو ایسے شخص پر ظُلم کرے جس کا مددگار اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی نہ ہو۔" [5]

---

1 ......امالی ابن سمعون، ص۱۳.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب کلام ابی الدَّرْدَاء، الحدیث:۹، ج۸، ص۱۶۸.

3 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی الدَّرْدَاء، الحدیث:۲۶، ج۸، ص۱۷۰.

4 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ابی الدَّرْدَاء، الحدیث:۷۶۶، ص۱۶۶، مختصرًا.

5 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی الدَّرْدَاء، الحدیث:۱۲، ج۸، ص۱۶۸.



www.dawateislami.net

## رحمتِ الٰہی سے دُوری:

﴿737﴾......حضرت سیِّدُنا سُلَیم بن عامر رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کُرَیب بن اَبْرَھَہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بندہ اس وقت تک اللہ عَزَّوَجَلَّ (کی رحمت) سے دُور ہوتا رہتا ہے جب تک اس کی مرضی کے خِلاف چلتا رہتا ہے۔'' (1)

﴿738﴾......حضرت سیِّدُنا ابن جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب تہجد گزاروں کو قرآن مجید کی تلاوت کرتے سنتے تو فرماتے: ''میرا باپ ان لوگوں پر قربان جو قیامت کے دن سے پہلے ہی اپنی جانوں پر رو رہے ہیں اور ان کے دِل اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے خوش ہیں۔'' (2)

## بھلائی کی تلاش میں رہو:

﴿739﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن اَسلم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْاَکْرَم سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہر وقت بھلائی کی تلاش میں رہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت بھری ہواؤں کے مُتلاشی رہو کیونکہ وہ جس پر چاہتا ہے اپنی رحمت کی ہوائیں چلاتا ہے اور اسی سے عیب پوشی اور خوف سے امن کا سوال کرو۔'' (3)

## نَفع بخش باتیں:

﴿740﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن جُبَیْر رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے عرض کی: ''مجھے کوئی ایسی بات سکھا دیجئے جس پر عمل کرنے سے میں نفع پاؤں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''2، 3، 4 اور 5 باتیں ہیں جو ان پر عمل کرے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں اس کے دَرَجات بلند ہوں گے: حلال وطیّب کماؤ، حلال وطیّب کھاؤ، اپنے گھر میں حلال وطیّب کو داخل کرو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ سے سوال کرو کہ وہ تمہیں روزانہ کا رزق روزانہ ہی عطا فرمائے اور جب صبح کرو تو اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرو گویا تم ان سے مل گئے ہو، اپنی عزت وآبرو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سپرد کر دو اور جو شخص تمہیں گالی دے، بُرا بھلا کہے یا تم سے جھگڑا کرے

---

1 ......الزهد لابن المبارك، باب في التواضع، الحديث: ٣٩٤، ص ١٣٢.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد ابي الدَّرْدَاء، الحديث: ٧٢٣، ص ١٦١.

3 ......المصنف لابن ابي شيبة، كتاب الزهد، كلام ابي الدَّرْدَاء، الحديث: ١٥، ج ٨، ص ١٦٨.



www.dawateislami.net

اس کا معاملہ اللہ عَزَّوَجَلَّ پر چھوڑ دو اور جب تم سے کوئی بُرائی سرزد ہو جائے تو اِسْتِغْفار کرو۔'' (1)

﴿741﴾......حضرت سیِّدُنا خَلَف بن حَوْشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بعض لوگوں کے سامنے ہم ہنستے ہیں جبکہ ہمارے دل ان پر لعنت بھیجتے ہیں۔'' (2)

## بخار میں بھی فکرِ آخرت:

﴿742﴾......حضرت سیِّدُنا خالد بن حُدَیر اَسْلَمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ پسینہ سے شرابور، اُونی چادر اوڑھے بخار کی حالت میں چمڑے یا اُون کے بچھونے پر آرام فرما ہیں۔ میں نے عرض کی: ''اگر آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ پسند فرمائیں تو میں آپ کی خدمت میں امیر المؤمنین کا بھیجا ہوا عمدہ بچھونا اور چادر پیش کر دیتا ہوں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہمارا ایک گھر ہے جس کی طرف ہمیں روانہ ہونا ہے اور اسی کے لئے ہم عمل کرتے ہیں۔'' (3)

## مہمانوں کو درسِ آخرت:

﴿743﴾......حضرت سیِّدُنا حسّان بن عَطِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے کچھ دوست آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے مہمان بنے تو آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کی مہمان نوازی کی، جب رات ہوئی تو بعض اُونی بستر پر اور بعض بغیر بستر کے سو گئے۔ دوسرے دن صبح جب آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ ان کے پاس تشریف لے گئے تو ان کے چہروں پر ناگواری کے آثار دیکھ کر فرمایا: ''ہمارا ایک اصلی گھر ہے جس کے لئے ہم سامان جمع کر رہے ہیں اور اسی کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے۔'' (4)

## اہلِ دمشق سے خِطاب:

﴿744﴾......حضرت سیِّدُنا حسّان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ

---

(1)......الزھد لابی داود، من خبر ابی الدَّرْدَاء، الحدیث:۲۴۲، ج۱، ص۲۵۸.

(2)......صحیح البخاری، کتاب الادب، باب المداراۃ مع الناس، ص۵۱۷.

(3)......الزھد للمعافی بن عمران الموصلی، باب فی التنعم واتباع......الخ، الحدیث:۸۰، ص۲۱۸، بتغیرٍ قلیلٍ.

(4)......صفۃ الصفوۃ، الرقم۷۶ ابو الدَّرْدَاء عویمر بن زید، ج۱، ص۳۲۴، مختصرًا.



www.dawateislami.net

نے اہلِ دمشق سے فرمایا: ''کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ سالہا سال سیر ہو کر کھاؤ اور تمہاری مجالس اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے خالی ہوں؟ کیا بات ہے تمہارے عُلَما دُنیا سے رخصت ہو رہے ہیں لیکن تمہارے اَن پڑھ پھر بھی علم حاصل نہیں کرتے۔ اگر تمہارے عُلَما چاہیں تو علم میں مزید اضافہ کر سکتے اور ان پڑھ علم حاصل کر سکتے ہیں۔ لہٰذا نقصان دِہ چیزوں پر سودمند چیزوں کو ترجیح دو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! (ماقبل) تمام امتیں نفسانی خواہشات کی پیروی کرنے اور خود کو اچھا سمجھنے کی وجہ سے ہلاک ہوئیں۔'' (1)

﴿745﴾ ......حضرت سیِّدُنا حسّان بن عَطِیَّہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک شخص کو اپنے بیٹے کا بناؤ سنگار کرتے دیکھا تو اس سے فرمایا: ''تم جتنا چاہو اس کا بناؤ سنگار کرلو، یہ اس کی گمراہی کا سبب ہے۔'' (2)

﴿746﴾ ......حضرت سیِّدُنا حسّان بن عَطِیَّہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں اپنے بھائی کی شکایت کی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بہت جلد اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے خِلاف تیری مدد فرمائے گا۔'' اتفاقاً وہ شخص قاصد بن کر حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوا تو انہوں نے اسے 100 دینار عطا فرمائے۔'' واپسی پر حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس شخص سے فرمایا: ''کیا تجھے یقین آ گیا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تیرے بھائی کے خلاف تیری مدد فرمادی۔'' (حضرت سیِّدُنا حسّان بن عَطِیَّہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں) مدد اس طرح ہوئی کہ وہ شخص قاصِد بن کر حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس گیا تو انہوں نے اسے 100 دینار اور اپنا ایک خادِم عطا فرمایا۔'' (3)

## لوگوں میں بدترین شخص:

﴿747﴾ ......حضرت سیِّدُنا ابو کَبْشَہ سَلُوْلِی عَلَیْہِ رَحْمَةُ اللّٰہِ الْوَلِی فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''قیامت کے دن لوگوں میں سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک بدترین شخص وہ

1 ......شعب الإیمان للبیهقی، باب فی طلب العلم......الخ، الحدیث: ۱۷۲۰، ج۲، ص۲۶۸، مختصرًا.

2 ......لسان العرب، حرف زوق، ج۱، ص۱۷۱۵.

3 ......الزهدلابی داؤد، من خبرابی الدَّرْدَاء، الحدیث: ۲۳۹، ج۱، ص۲۵۵.



www.dawateislami.net

عالم ہوگا جو اپنے علم سے نَفْع حاصل نہیں کرتا۔'' (1)

## عُلما کی ناپسندیدگی سے بچو:

﴿748﴾......حضرت سیِّدُنا حسّان بن عَطِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ یوں دعا کرتے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ اَنۡ تَلۡعَنَنِیۡ قُلُوۡبُ الۡعُلَمَاءِ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ عُلما کے دل مجھ پر لعنت کریں۔'' کسی نے عرض کی: ''ان کے دل آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر کیوں کر لعنت کریں گے؟'' فرمایا: ''ان کے دلوں کا لعنت کرنا یہ ہے کہ وہ مجھے ناپسند کریں۔'' (2)

﴿750﴾......حضرت سیِّدُنا عُمَیربن ھَانِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جھٹلانے والے، نافرمانی کرنے والے اور پختہ عہد کو توڑنے والے کے لئے ہلاکت ہے اس میں کوئی بھلائی ہے نہ سچائی۔''

﴿751﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عبداللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تمہارے دل ہر وقت دُنیا کی محبت میں ڈوبے رہتے ہیں اگرچہ بڑھاپے کی وجہ سے ہنسلی کی ہڈیاں آپس میں مل جائیں، سوائے ان لوگوں کے کہ جن کے دلوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تقویٰ کے لئے چن رکھا ہے مگر ایسے لوگ بہت کم ہیں۔'' (3)

## کامل انسان کی تین نشانیاں:

﴿752﴾......حضرت سیِّدُنا عَوْف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''انسان کے کامل ہونے کی 3 نشانیاں ہیں: (۱) مصیبت کے وقت شکوہ نہ کرنا (۲) اپنی تکلیف کا ڈھنڈورا نہ پیٹتے پھرنا اور (۳) اپنے منہ میاں مٹھو نہ بننا۔'' (4)

1 ......الزھد لابن المبارک، باب التحضیض علی طاعۃ اللہ، الحدیث: ۴۰، ص ۱۴.

2 ......رجال حول الرسول، أبو الدرداء ـ أیّ حکیم کان، ص ۹۱.

3 ......الزھد لابن المبارک، باب النھی عن طول الأمل، الحدیث: ۲۵۷، ص ۸۷، بتغیر.

4 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ابی الدَّرْدَاء، الحدیث: ۷۷۳، ص ۱۶۶.



www.dawateislami.net

## پیالے والا واقعہ:

﴿753﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف (یا حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُن کی طرف) خط لکھتے تو انہیں پیالے والا واقعہ یاد دِلاتے۔ راوی اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتے ہیں: ''اور ہم باہم یہ گفتگو کیا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ یہ دونوں بُزُرگ پیالے میں کھانا کھا رہے تھے کہ اس پیالے اور اس میں موجود کھانے نے ان کے سامنے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی تسبیح بیان کی تھی۔'' (1)

## اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی پاکی بولنے والی ہنڈیا:

﴿754﴾......حضرت سیِّدُنا اَبُو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہنڈیا کے نیچے آگ جلا رہے تھے، حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی پاس موجود تھے کہ اچانک حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہنڈیا سے آواز سنی پھر آواز بلند ہوئی وہ اس طرح تسبیح بیان کر رہی تھی جس طرح بچہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی تسبیح بیان کرتا ہے پھر وہ ہنڈیا اپنی جگہ سے ہٹ کر خود بخود اپنی جگہ پہنچ گئی اور اس سے کوئی چیز بھی نہ گری۔ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو آواز دے کر فرمایا: ''اے سلمان! یہ عجیب منظر دیکھو! ایسا منظر تم نے اور تمہارے والد نے کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔'' حضرت سیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر آپ خاموش رہتے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی اس سے بڑی بڑی نشانیاں دیکھتے۔'' (2)

## بارگاہِ الٰہی میں اِلتجا:

﴿755﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن یَزِید بن رَبِیْعَہ دِمَشْقِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ایک رات میں مسجد میں داخل ہوا تو میرا گزر ایک ایسے شخص کے پاس سے ہوا جو سجدے کی حالت میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں یہ اِلتجا کر رہا تھا: ''اَللّٰھُمَّ خَائِفٌ مُّسْتَجِیْرٌ فَاَجِرْنِیْ مِنْ عَذَابِکَ،

---

(1) ......فوائد أبي علي بن أحمد بن الحسن الصواف، اول الكتاب، ص ٤٩.

(2) ......المصنف لابن ابی شیبة، كتاب الزهد، كلام ابی الدَّرْدَاء، الحديث: ١٨، ج٨، ص ١٦٩.



www.dawateislami.net

وَسَائِلٌ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِکَ، لَامِنْ ذَنْبٍ فَاعْتَذِرُ، وَلَاذُوْقُوَّۃٍ فَا نْتَصِرُ وَلٰکِنْ مُذْنِبٌ مُّسْتَغْفِرٌ یعنی اے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! میں تیرے عذاب سے خوف زدہ ہوں۔ پناہ چاہتا ہوں۔ مجھے اپنے عذاب سے بچا۔ میں محتاج ہوں۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ مجھے اپنے فضل سے رزق عطا فرما۔ میں کسی گناہ سے اِظہارِ براءت نہیں کرتا۔ نہ میں طاقتور ہوں کہ خود ہی اپنی مدد کرسکوں۔ ہاں! میں گناہ گار ہوں اوراپنے گناہوں کی معافی چاہتا ہوں۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ صُبح حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بڑی چاہت کے ساتھ یہ کَلِمات اپنے دوستوں کوسکھائے۔'' (1)

## جنّت میں بھی ساتھ رہنے کی دُعا:

﴿756﴾......حضرت سیِّدُ نا لقمان بن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدَتُنا اُمِ دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے بارگاہِ الٰہی میں یوں اِلتجا کی: ''اے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دنیا میں مجھے نکاح کا پیغام بھیجا اور مجھ سے شادی کی۔ میں تیری بارگاہ میں عرض کرتی ہوں کہ مجھے جنت میں بھی ان کی زوجیت میں رکھنا۔'' حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اُن سے فرمایا: ''اگرتواس بات کو پسند کرتی ہے تو میں بھی یہی چاہتا ہوں لہٰذا میرے بعد کسی سے شادی نہ کرنا۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ'' حضرت سَیِّدَتُنا اُم درداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا صاحبِ حُسن وجمال تھیں۔ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے بعد حضرت سیِّدُ نا امیر مُعَاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے انہیں نِکاح کا پیغام بھجوایا تو انہوں نے جواب دیا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں دنیا میں کسی سے شادی نہیں کروں گی۔ اگر اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا تو جنّت میں حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجیت میں رہوں گی۔'' (2)

## گنہگار سے نہیں، گُناہ سے نَفْرت کرو:

﴿757﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوقِلَابَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک شخص کے پاس سے گزرے جسے لوگ گناہ کی وجہ سے ملامت کررہے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس بارے میں تمہاری کیارائے ہے کہ اگرتم اسے کسی کنوئیں میں گراہوا پاتے تو اسے نکالنے کی کوشش نہ کرتے؟'' لوگوں

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الدعاء، باب مارخص للرجل......الخ، الحدیث: ٥، ج٧، ص ٣٤.

2 ......صفة الصفوة، الرقم ٧٦ ابو الدَّرْدَاء عویمر بن زید، ذکروفاة ابی الدَّرْدَاء، ج ١، ص ٣٢٥.



www.dawateislami.net

نے عرض کی: ''جی ہاں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اپنے بھائی کو گالیاں نہ دو بلکہ اس بات پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد بیان کرو کہ اُس نے تمہیں اس گناہ سے عافیت بخشی۔'' انہوں نے عرض کی: ''کیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس کو برا نہیں سمجھتے؟'' فرمایا: ''میں اس کے عمل کو بُرا سمجھتا ہوں اگر یہ اسے چھوڑ دے تو میرا بھائی ہے۔'' (1)

نیز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! خوشحالی کے ایام میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کو یاد کرو تا کہ وہ تنگی و مصیبت میں تمہاری دُعاؤں کو قبول فرمائے۔'' (2)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حکمت و دانائی سے بھرے ہوئے اور ماہر روحانی طبیب تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا کلام بکثرت حِکْمَت پر مشتمل ہوتا اور وَعْظ بے حد مفید ہوتا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حکمت بھرے کَلام اور عُلُوم سے (روحانی) مریض شِفا پاتے۔ دُنیا سے کَنارہ کش اور مظلوم انہیں اپنی حِفاظت کا ذریعہ بناتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ غور و تفکُّر فرماتے تو مُعَامَلہ کی گہرائی تک رسائی پاتے اور ذکر کرتے تو شِفا پاتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دنیا کی زیب و زینت سے کتراتے اور آخرت کے مراتب کے حُصُول کی سعی فرماتے تھے۔''

﴿758﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ اَبی مُلَیْکَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے یزید بن مُعَاوِیَہ کو کہتے سنا کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار عُلَما و حُکَماء اور ان لوگوں میں ہوتا ہے جن سے لوگ شِفا پاتے ہیں۔'' (3)

## سب سے زِیادہ مفید چیز:

﴿759﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن یَزِیْد رَحَبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے عرض کی گئی: ''کیا بات ہے آپ شعر نہیں کہتے؟ جبکہ انصار میں سے سب نے کوئی نہ کوئی شعر ضَرور کہا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے بھی اَشعار کہے ہیں، سنو:

---

1 ......شعب الإيمان للبيهقي، باب في تحريم أعراض الناس، الحديث: ٦٦٩١، ج٥، ص ٢٩٠، بتغير.

2 ......الزهدللامام احمد بن حنبل، زهدابي الدَرْدَاء، الحديث: ٧١٨، ص ١٦٠.

3 ......الاستيعاب في معرفة الأصحاب، باب الدال، الرقم ٢٩٧٠ ابو الدَرْدَاء، ج٤، ص ٢١٢، بتغير.



www.dawateislami.net

يُرِيْدُ الْمَرْءُ أَنْ يُّعْطٰى مَنَاهُ وَيَأْبَى اللّٰهُ اِلَّا مَا أَرَادَ

يَقُوْلُ الْمَرْءُ فَائِدَتِيْ وَمَالِيْ وَتَقْوَى اللّٰهِ اَفْضَلُ مَا اسْتَفَادَا

**ترجمہ:** (۱)......بندہ چاہتا ہے کہ اس کی ہر اُمید پوری ہو حالانکہ ہونا تو وہی ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کو منظور ہے۔

(۲)......بندہ کہتا ہے: میرا فائدہ، میرا مال۔ جبکہ خوفِ خُدا سے بڑھ کر کوئی چیز فائدہ مند نہیں۔ (1)

## دُشْوَار گزار گھاٹی:

﴿761﴾......حضرت سَیِّدُنا ہلال بن یَساف رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدَتُنا اُمِّ دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا فرماتی ہیں: میں نے حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے عرض کی: ''کیا بات ہے آپ اپنے مہمانوں کی اس طرح ضیافت نہیں کرتے جس طرح دوسرے لوگ کرتے ہیں؟'' اُنہوں نے فرمایا: میں نے سرکارِ دوعالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے جسے بھاری بوجھ والے عبور نہیں کرسکیں گے۔'' لہٰذا اس گھاٹی کو عبور کرنے کے لئے مجھے ہلکے بوجھ والا رہنا پسند ہے۔ (2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے مروی 6 اَحادیث:

﴿762﴾......حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے مروی ہے کہ حُضور نبی مُکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اے لوگو! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تعظیم کرو وہ تمہارے گُناہ مُعاف فرمادے گا۔'' مروان نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تعظیم سے مراد یہ ہے کہ اس کی فرمانبرداری کرو۔'' (3)

حضرت سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه سے مروی ہے کہ سَیِّدِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو وہ جنّت میں داخل ہوگا۔'' حضرتِ سَیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے مُتَعَجِّب ہو عرض کی: ''اگرچہ وہ زِنا کرے، اگرچہ وہ چوری کرے۔'' ارشاد فرمایا: ''ابودرداء کی ناک خاک آلود ہو، ہاں! اگرچہ وہ زنا کرے، اگرچہ وہ چوری کرے۔'' (4)

---

1 ......صفة الصفوة، الرقم ٧٦ ابو الدَرْدَاء عويمر بن زيد، ج ١، ص ٣٢٣.

2 ......المستدرك، كتاب الأهوال، باب موت ابن وهب بسمع كتاب الأهوال، الحديث: ٨٧٥٣، ج ٥، ص ٧٩٢.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حديث ابى الدَرْدَاء، الحديث: ٢١٧٩٣، ج ٨، ص ١٧١ "مروان" بدله "ابن ثوبان".

4 ......السنن الكبرى للنسائى، كتاب عمل اليوم والليلة، الحديث: ١٠٩٦٣، ج ٦، ص ٢٧٦، بدون "حين سبر".



www.dawateislami.net

﴿763﴾......حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''طُلُوعِ آفتاب کے وقت دو فرِشتے ندا کرتے ہیں جسے جن و اِنس کے علاوہ تمام مخلوق سنتی ہے کہ اے لوگو! اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف آؤ، قلیل (مال) جو کفایت کرے اس کثیر سے بہتر ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی یاد سے غافل کر دے۔'' (1)

﴿764﴾......حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یوں دُعا مانگا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْأَلُکَ حُبَّکَ وَ حُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ، اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَ اَھْلِیْ وَ الْمَاءِ الْبَارِدِ یعنی اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے تیری محبت، تیرے مُحبین کی محبت اور اس عمل کا سوال کرتا ہوں جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اپنی محبت میرے نزدیک میری جان، میرے گھر والوں اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنا دے۔'' (2)

﴿765﴾......حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جہاں تک ہو سکے دنیا کے غموں سے فراغت اختیار کرو کیونکہ جس شخص کی سب سے بڑی فکر دنیا بن جاتی ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے کام پھیلا دیتا اور اسے فَقر و فاقہ کے خوف میں مُبتَلا فرما دیتا ہے اور جس شخص کی سب سے بڑی فکر آخرت بن جائے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے کام سنوارتا اور اس کے دل میں غنا (یعنی دُنیا سے بے پرواہی) ڈال دیتا ہے اور جو بندہ دِل سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ مؤمنین کے دلوں کو دوستی و محبت کے ساتھ اس کی طرف مائل کر دیتا اور اسے ہر بھلائی پہنچانے میں جلدی فرماتا ہے۔'' (3)

﴿766﴾......حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت عیسٰی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے فرمایا: ''اے عیسٰی! تمہارے بعد میں ایسی امت بھیجوں گا جو بلا حِلْم و عِلْم نعمت پر حمد و شکر بجا لائے گی اور مصیبت پر صَبْر و ثواب کی طالب ہو گی۔''

1......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی الدَرْدَاء، الحدیث: ٢١٧٨٠، ج٨، ص١٦٨۔
مسند ابی داود الطیالسی، مسند ابی الدَرْدَاء، الحدیث: ٩٧٩، ص١٣١.

2......جامع الترمذی، کتاب الدعوات، باب دعاء داود......الخ، الحدیث: ٣٤٩٠، ص٢٠١١.

3......المعجم الاوسط، الحدیث: ٥٠٢٥، ج٤، ص٩، "تفد علیه" بدله "تفد إلیه".



www.dawateislami.net

حضرت عیسیٰ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے عرض کی: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! یہ بغیر عِلْم وحِلْم کے کیسے ہوگا؟'' اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''میں اپنے عِلْم وحِلْم سے انہیں عطا فرماؤں گا۔'' (1)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''مذکورہ 6 اَحادیث مُبارَکہ مصطفیٰ جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے صرف حضرت سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے روایت کی ہیں۔''

# حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

ہجرت میں سبقت لے جانے والوں میں حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کاموں کو درست طریقہ سے اَنجام دیتے، لڑائی جھگڑوں سے اِجْتِنَاب کرتے، عُلَما کے پیشوا، سخیوں کے سردار، عبادت گزار، قاریٔ قرآن، حقیقی محبت میں ثابت قدم رہنے والے، خوش خُلْق وخوش مزاج، سخی وفیاض، مسلمانوں کے محافظ، فتنوں سے محفوظ، پاکدامن ووفادار، حُقُوقُ الْعِباد کے مُعامَلے میں دیانت دار، اَموال کے لین دین میں امانت دار اور خوش حالی وخستہ حالی میں میانہ روی پر کاربند رہنے والے تھے۔

اَہلِ تصوُّف فرماتے ہیں: برکت کے خزانوں کے باغات میں مسلسل اللہ عَزَّوَجَلَّ کی محبت کی تلاش میں رہنا تصوُّف کہلاتا ہے۔

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مَناقِب:

﴿767﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیٔ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''میری اُمَّت میں حَلال وحَرام کا سب سے زیادہ عِلْم رکھنے والے مُعاذ بن جَبَل ہیں۔'' (2)

﴿770﴾......حضرت سیِّدُنا شَہر بن حَوشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اگر میں حضرت مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خلیفہ نامزد کرتا اور میرا رب عَزَّوَجَلَّ مجھ سے اس کی وجہ پوچھتا تو میں عرض کرتا کہ میں نے تیرے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا کہ ''جب

---

1 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ۳۲۵۲، ج۲، ص ۲۷۰.

2 ......جامع الترمذی، ابواب المناقب، باب مناقب مُعَاذبن جبل......الخ، الحدیث: ۳۷۹۱، ص ۲۰۴۱.



www.dawateislami.net

علما اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے تو مُعاذ بن جَبَل ان میں نمایاں مقام و مرتبے پر فائز ہوں گے۔“ (1)

﴿771﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور سرورِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”(بروزِ قیامت) مُعاذ بن جبل عُلما کے امام اور ان میں نمایاں مقام و مرتبے پر فائز ہوں گے۔“ (2)

﴿773﴾......حضرت سیِّدُنا ابو الْعَجْفَاء یا ابو الْعَجْمَاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ کسی نے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں عرض کی: ”کاش آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہم سے، اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کے بارے میں عہد لے لیتے۔“ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اگر میں حضرت مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو پاتا تو انہیں خلیفہ بناتا پھر جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھ سے ارشاد فرماتا کہ ”تو نے محمد (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی امت پر کس کو خلیفہ مُقَرَّر کیا؟“ تو میں عرض کرتا: میں نے تیرے نبی و تیرے بندۂ خاص مصطفٰی جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا کہ ”بروزِ قیامت عُلما کے سامنے مُعاذ بن جَبَل کی حیثیت ایک گروہ کی مانند ہوگی۔“ (3)

﴿775﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ”4 آدمیوں سے قرآن سیکھو! (۱) عبد اللّٰہ بن مسعود (۲) مُعاذ بن جَبَل (۳) اُبَی بن کَعب اور (۴) ابو حُذَیفہ کے آزاد کردہ غُلام سالم (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم)۔“ (4)

﴿776﴾......حضرت سیِّدُنا قَتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”سیِّدِ دو عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُبارَک زمانے میں 4 اشخاص نے قرآن مجید جمع کیا جو سب کے سب انصاری تھے: (۱) حضرت اُبَی بن کَعب (۲) حضرت مُعاذ بن جَبَل (۳) حضرت زَید بن ثابت اور (۴) حضرت ابو زَید (رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن)۔“ راوی کہتے فرماتے ہیں: ”میں نے حضرتِ سیِّدُنا اَنس

---

1 ......فضائل الصحابة للامام احمدبن حنبل، باب فضائل اَبی عبیدة بن الجراح، الحدیث: ١٢٨٧، ج٢، ص٧٤٢.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ٤٠، ج٢٠، ص٢٩.

3 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، الرقم ٧٣٨١ مُعَاذبن جَبَل، ج٥٨، ص٤٠٣، بتغیرٍ قلیلٍ.

4 ......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل عبداللّٰه بن مسعود و امه، الحدیث: ٦٣٣٤، ص١١١٠.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا: ''ابوزَید کون ہیں؟'' انہوں نے فرمایا: ''ابوزید میرے چچا ہیں۔'' (1)

## اِمام کون ہوتا ہے؟

﴿777﴾......حضرت سیِّدُنا فَرْوَہ بن نَوْفَل اَشْجَعِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرتِ سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک اِمام، اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے فرمانبردار اور ہر باطل سے جدا تھے۔'' کسی نے (یہ خیال کرکے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھول گئے ہیں) یہ آیت تلاوت کی: ''اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًاؕ (پ۱۴ النحل: ۱۲۰) ترجمۂ کنزالایمان: بے شک ابراہیم ایک امام تھا، اللّٰہ کا فرمانبردار اور سب سے جدا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں بھولا نہیں ہوں۔ کیا تم جانتے ہو کہ امام اور فرمانبردار کون ہوتا ہے؟'' راوی نے عرض کی: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہتر جانتا ہے۔'' فرمایا: ''امام وہ ہوتا ہے جو لوگوں کو بھلائی سکھاتا ہے اور ''قانت'' اَللّٰہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مطیع وفرمانبردار کو کہتے ہیں اور حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں کو بھلائی بھی سکھاتے تھے اور اَللّٰہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اطاعت بھی کرتے تھے۔'' (2)

﴿778﴾......حضرت سیِّدُنا امام شَعْبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک امام اور اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے فرمانبردار بندے تھے۔'' کسی نے کہا کہ ''امام اور اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمانبردار تو قرآن پاک میں حضرت سیِّدُنا ابراہیم خلیل اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو فرمایا گیا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہم حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے مشابہ ہونے کی وجہ سے امام اور اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمانبردار کہتے ہیں۔'' کسی نے عرض کی: ''امام کون ہوتا ہے؟'' فرمایا: ''امام اسے کہتے ہیں جو لوگوں کو بھلائی سکھائے۔'' (3)

---

(1)......صحیح البخاری، کتاب مناقب الأنصار، باب مناقب زید بن ثابت، الحدیث: ۳۸۱۰، ص۳۰۹.

(2)......الطبقات الکبری لابن سعد، مُعَاذ بن جَبَل، ج۲، ص۲٦٥۔

صفة الصفوة، الرقم ۵۱: مُعَاذ بن جَبَل، ذکر ثناء الصحابة علیه، ج۱، ص۲۵٦.

(3)......الطبقات الکبری لابن سعد، مُعَاذبن جَبَل، ج۲، ص۲٦٦.



www.dawateislami.net

## مرجعِ صحابہ:

﴿779﴾......حضرت سیِّدُنا عَطَاء بن اَبِی رَبَاح رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو مُسْلِم خَوْلَانِی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''ایک مرتبہ میں حِمْص کی مَسْجِد میں داخل ہوا تو وہاں تقریباً 30 بُزُرگ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن تشریف فرما تھے۔ ان میں ایک سرمگیں آنکھوں اور چمکدار دانتوں والا خوبصورت نوجوان خاموش بیٹھا تھا۔ جب لوگوں کا کسی بات میں اِخْتِلَاف ہوتا تو اس نوجوان کی طرف رُجُوع کرتے اور اس سے پوچھتے تھے۔ میں نے اپنے قریب بیٹھے ایک شخص سے دریافت کیا کہ ''یہ کون ہیں؟'' اس نے بتایا کہ ''یہ حضرت سیِّدُنا مُعَاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مَحَبَّت میرے دل میں رَچ بس گئی اور جب تک وہ لوگ وہاں بیٹھے رہے میں بھی ان کے ساتھ بیٹھا رہا۔'' (1)

﴿780﴾......حضرت سیِّدُنا شَہْر بن حَوْشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرتِ سیِّدُنا ابن غَنْم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ حضرتِ سیِّدُنا عَائِذُ اللہ بن عبد اللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خِلافت کے ابتدائی دور میں، مَیں حضرات صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے ساتھ ایک مَسْجِد میں داخل ہوا اور وہاں ایک مجلس میں بیٹھ گیا۔ اس میں تقریباً 30 سے زیادہ افراد احادیث کی تکرار کر رہے تھے۔ اس حلقے میں ایک خوبصورت، پختہ گندمی رنگ والا، شیریں مقال نوجوان بھی بیٹھا ہوا تھا جو حاضرین میں سب سے جواں عمر مَعْلُوم ہوتا تھا۔ جب کسی حدیث میں لوگوں کا اِخْتِلَاف ہوتا تو وہ اس نوجوان کی طرف رُجُوع کرتے اور وہ انہیں تسلی بخش جواب دیتا اور لوگ جب تک اس سے نہ پوچھتے وہ کوئی حدیث بیان نہ کرتا۔'' میں نے پوچھا: ''اے بندۂ خدا! تم کون ہو؟'' اس نے کہا: ''میرا نام مُعَاذ بن جَبَل ہے۔'' (2)

﴿781﴾......حضرت سیِّدُنا یَعْقُوْب بن زَید رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرتِ سیِّدُنا ابو بَحْرِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث معاذ بن جبل، الحدیث: ۲۲۱۴۱، ج۸، ص۲۵۱۔
الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم ۳۰۲ مُعَاذ بن جَبَل، ج۳، ص۴۴۲۔

2 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند مُعَاذ بن جَبَل، الحدیث: ۲۶۷۲، ج۷، ص۱۱۶۔
الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم ۳۰۲ مُعَاذ بن جَبَل، ج۳، ص۴۴۰۔



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں حِمْص کی مسجد میں داخل ہوا تو وہاں گھنگریالے بالوں والے ایک نوجوان کو بیٹھے دیکھا، جس کے اردگرد لوگ جمع تھے۔ وہ بات کرتا تو اس کے منہ سے نور اور موتی جھڑتے مَعْلُوم ہوتے۔ میں نے پوچھا: ''یہ کون ہے؟'' لوگوں نے بتایا: ''یہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' (1)

﴿782﴾......حضرت سیِّدُنا شَہر بن حَوْشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی موجودگی میں صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن جب آپس میں گفتگو کرتے تو ان کی علمی جلالت ورُعب کی وجہ سے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن انہیں دیکھتے رہتے۔'' (2)

﴿783﴾......حضرت سیِّدُنا ابن کَعْب بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خوبصورت، فیاض اور اپنے خاندان کے سب سے بہتر نوجوان تھے۔ ان سے جو مانگا جاتا ضرور عطا فرماتے۔ یہاں تک کہ مَقْرُوض ہوگئے اور قرض ان کے مال واسباب سے بڑھ گیا۔ چنانچہ، انہوں نے بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں عرض کی کہ'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان قرض خواہوں سے رعایت کرنے کا فرمائیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے بات کی لیکن قرض خواہوں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بات کو اہمیت نہ دی۔ حالانکہ اگر کسی کے کہنے پر کسی کا کوئی قرض چھوڑا جاتا تو رسولِ دوجہان، سرورِ کون ومکان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ارشاد پر ان کا قرض چھوڑا جاتا۔ چنانچہ، حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مال فروخت فرمادیا اور اس سے حاصل ہونے والی رقم قرض خواہوں کے درمیان تقسیم فرمادی جس کی وجہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس کچھ نہ رہا۔ پھر جب انہوں نے حج کیا تو حضور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں یمن بھیجا تاکہ وہ کمی پوری کرسکیں۔''

راوی فرماتے ہیں کہ'' (تقاضائے قرض کے سبب) سب سے پہلے جس شخص پر اپنے مال میں تصرف کرنے پر پابندی عائد کی گئی وہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ، حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وصالِ ظاہری کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دورِ

1 ......صفة الصفوة، الرقم ١٥ مُعاذ بن جَبَل، ج ١، ص ٢٥٣

2 ......صفة الصفوة، الرقم ١٥ مُعاذ بن جَبَل، ج ١، ص ٢٥٦



www.dawateislami.net

خلافت میں یمن سے واپس لوٹے۔ (1)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے قرض خواہ چونکہ یہودی تھے اس لئے انہوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ کوئی رعایت نہ کی۔''

﴿784﴾......حضرت سیِّدُنا ابووائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ جب حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے وصالِ ظاہری فرمایا تو لوگوں نے حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خلیفہ منتخب کرلیا اس وقت حضرتِ سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے حکم سے یمن میں تھے۔ پس امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حج کے قافلے کا امیر بنا کر بھیجا۔ چنانچہ، مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں ان کی ملاقات حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے اس حال میں ہوئی کہ ان کے ہمراہ کچھ غلام بھی تھے۔ انہوں نے عرض کی: ''اہلِ یمن نے یہ غلام مجھے اور یہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ہدیہ کئے ہیں۔'' حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں آپ کو مشورہ دیتا ہوں کہ آپ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس چلے جائیں۔''

راوی فرماتے ہیں کہ دوسرے دن جب حضرت سیِّدُنا مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ملاقات امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ہوئی تو انہوں نے عرض کی: ''اے ابن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! میں نے رات خواب میں دیکھا کہ میں آگ کی طرف جا رہا ہوں اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھے اس سے روک رہے ہیں۔ لہٰذا اب مجھے آپ کی اِتباع کے سوا کوئی چارہ نہیں۔'' چنانچہ، حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ غلاموں کو لے کر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہو گئے اور عرض کی: ''یہ غلام اہلِ یمن نے مجھے اور یہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بطور ہدیہ دیئے ہیں۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں آپ کا ہدیہ آپ کے سپرد کرتا ہوں۔'' پھر حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نماز کے لئے تشریف لے گئے اور غُلاموں کو اپنے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا تو اِسْتِفْسَار فرمایا: ''تم کس کے لئے نماز پڑھ رہے ہو؟'' بولے: ''ہم

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٤٠، ج ٢٠، ص ٣٠ تا ٣٢، "حجز" بدلہ "تجر".



www.dawateislami.net

اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے نماز پڑھ رہے ہیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: '' جاؤ! میں تم سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے آزاد کرتا ہوں۔'' (1)

## فتنوں کی خبر:

﴿785﴾......حضرت سیِّدُنا امام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی حضرت سیِّدُنا ابو اِدْرِیس خَوْلَانِی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے راویت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: بے شک تمہارے بعد فتنے ہوں گے، ان میں مال کی کثرت ہوگی، قرآن کریم کے راستے کھل جائیں گے یہاں تک کہ مومن ومُنافق، چھوٹا و بڑا، سرخ و سیاہ سب اسے حاصل کریں گے۔ پھر عنقریب ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ کوئی کہنے والا کہے گا کہ '' کیا بات ہے لوگ میری پیروی نہیں کرتے حالانکہ میں ان کو قرآن پڑھ کر سناتا ہوں؟ میرا خیال ہے کہ یہ لوگ اس وقت میری اِتباع کریں گے جب میں ان کے سامنے کوئی بدعت گھڑ کر پیش کروں گا۔'' (خبردار!) تم اس کی گھڑی ہوئی بدعت سے ضرور بچ کر رہنا کیونکہ وہ سراسر گمراہی ہے اور میں تمہیں عالم کی گمراہی سے ڈراتا ہوں کہ کبھی شَیْطان عالم کی زبان سے گمراہی والی بات کہلوا دیتا ہے اور کبھی مُنافق بھی حق بیان کر دیتا ہے۔ بہر حال تم حق قبول کر لینا کیونکہ اتباعِ حق میں نورانیت ہے۔ ''لوگوں نے عرض کی: '' اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ پر رحم فرمائے! ہمیں کس طرح پتا چلے گا کہ عالم گمراہی والی بات کہہ رہا ہے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: '' وہ ایسی بات بیان کرے گا جس کا تم اِنکار کرو گے اور کہو گے کہ '' یہ اس نے کیا بات کہی ہے؟'' بہر حال یہ چیز تمہیں عُلما کے بیان کردہ حق پر عمل کرنے سے نہ روکے کیونکہ ہو سکتا ہے وہ اپنی غَلَطی سے رجوع کر لے اور ایمان وعمل کا مقام ومرتبہ قیامت کے دن کھلے گا۔ البتہ! جو ان کو پانے کی کوشش کرتا ہے وہ انہیں پالیتا ہے۔'' (2)

﴿786﴾......حضرت سیِّدُنا یزید بن عُمَیْرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جو حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مصاحبوں میں سے تھے بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب بھی کسی مجلس میں وعظ کرنے تشریف لاتے تو فرماتے: '' اللہ عَزَّوَجَلَّ ہی حاکم اور انصاف فرمانے والا ہے۔ اس کا نام بَرَکت والا ہے۔

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب إن مُعاذا (كان أمة قانتاًللّٰه)، الحديث: ٥٢٣٩، ج٤، ص٣٠٩.

2 ......سنن ابى داود، كتاب السنة، باب من دعاالى السنة، الحديث: ٤٦١١، ص١٥٦٢، مفهومًا.



www.dawateislami.net

شک کرنے والوں کے لئے ہلاکت ہے۔'' چنانچہ، ایک روز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک تمہارے بعد فتنے ہیں۔ ان میں مال کی کثرت ہوگی۔ قرآن حکیم کے راستے کھل جائیں گے یہاں تک کہ مومن ومُنافق، مرد وعورت، چھوٹا بڑا، آزاد وغلام ہر کوئی اسے حاصل کرلے گا۔ پھر عنقریب ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ کوئی کہنے والا کہے گا: ''کیا بات ہے لوگ میری اتباع نہیں کرتے حالانکہ میں انہیں قرآن سناتا ہوں؟ میرا خیال ہے کہ یہ میری اِتباع اس وقت کریں گے جب میں قرآن چھوڑ کر کوئی بدعت گھڑ کر ان کے سامنے پیش کروں گا۔'' (خبردار!) تم اس کی گھڑی ہوئی بدعت سے بچ کر رہنا کیونکہ وہ سراسر گمراہی ہے اور میں تمہیں عالم کی گمراہی سے ڈراتا ہوں بے شک شیطان کبھی اس کی زبان سے گمراہی والی بات کہلوا دیتا ہے اور کبھی مُنافق بھی حق بات کہہ دیتا ہے۔'' حضرت سیِّدُنا یزید بن عُمَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ پر رحم فرمائے! مجھے کیسے مَعْلُوم ہوگا کہ عالم گمراہی والی بات کہہ رہا ہے اور مُنافق حق بات بیان کر رہا ہے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیوں نہیں! تم عالم کی ان باتوں سے بچو جن کے بارے میں اہل علم کہیں کہ ''یہ اس نے کیا کہا ہے؟ اور عالم کی غَلَطی تمہیں اس کے بیان کردہ حق کو قبول کرنے سے نہ روکے۔ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جب وہ حق سنے تو اپنی غَلَطی سے رُجُوع کر کے حق کا اِتباع کرلے، بے شک اِتباعِ حق میں نورانیت ہے۔'' (1)

## اِعْتِدال کا درس:

﴿787﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن سَلَمَہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے عرض کی: ''مجھے کوئی علم کی بات سکھیے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا تم میری اطاعت کرو گے؟'' اس نے عرض کی: ''میں آپ کی اطاعت پر حریص ہوں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''روزہ رکھو اور افطار بھی کرو، رات میں قیام کرو اور آرام بھی کرو، کسبِ حَلال کے لئے کوشش کرو اور گناہ سے بھی بچو، حالت اسلام میں ہی مرو اور مظلوم کی بددُعا سے بچو۔'' (2)

---

1 ......سنن ابی داود، کتاب السنة، باب من دعاالی السنة، الحدیث: ٤٦١١، ص١٥٦٢.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعاذ بن جَبَل، الحدیث: ١٠١٠، ص٢٠٠.



www.dawateislami.net

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مناجات:

﴿788﴾......حضرت سیِّدُنا ثَور بن یزید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِیْد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب تَہَجُّد کی نماز سے فراغت پاتے تو بارگاہِ خُداوندی میں یوں مُناجات کرتے: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! آنکھیں سورہی ہیں اور ستارے چھپ گئے ہیں جبکہ تو زندہ اور دوسروں کو زندہ رکھنے والا ہے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! جنت کے معاملے میں میری طلب سست ہے اور جہنم کی آگ سے میرا بھاگنا ضعیف ہے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنے پاس سے ایسی ہدایت عطا فرما جو آخرت میں بھی میرے کام آئے۔ بے شک تو اپنے وعدے کے خِلاف نہیں کرتا۔'' (1)

## بیٹے کو نصیحت:

﴿789﴾......حضرت سیِّدُنا مُعَاوِیَہ بن قُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے صاحبزادے سے فرمایا: ''اے میرے بیٹے! جب تم نماز پڑھو تو رخصت ہونے والے کی طرح نماز پڑھو (یعنی اسے اپنی زِندگی کی آخری نماز خیال کرو) اور اس گمان میں نہ رہنا کہ تمہیں دوسری نماز کا موقع ملے گا۔ اے میرے بیٹے! مومن دو نیکیوں کے درمیان وفات پاتا ہے ایک وہ نیکی جسے وہ آگے بھیج چکا اور دوسری وہ جو اپنے پیچھے چھوڑی (یعنی صدقہ جاریہ)۔'' (2)

﴿790﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن سیرِین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے روایت ہے کہ ایک شخص حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا اس کے ساتھ اس کے دوست بھی تھے جو اسے سَلامِ رخصت کر کے جا رہے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تمہیں دو باتوں کی نصیحت کرتا ہوں۔ اگر تم ان کی حفاظت کرو گے تو محفوظ رہو گے: (۱) تمہیں دنیا سے جو حصّہ ملنا ہے اس کی فکر مت کرنا (۲) تمہیں اپنی آخرت کے حصّے کی فکر کرنے کی زیادہ حاجت ہے۔ لہٰذا آخرت کے حصّہ کو دنیا کے حصّہ پر ترجیح دو یہاں تک کہ اس کا انتظام کر لو اس کے بعد تم جہاں کہیں بھی جاؤ گے وہ تمہارے ساتھ ساتھ رہے گا۔'' (3)

---

1 ......المعجم الكبير، الحديث: ٤٨، ج ٢٠، ص ٣٤.

2 ......الزهد للامام احمد حنبل، أخبار مُعَاذ بن جَبَل، الحديث: ١٠٠٧، ص ١٩٩.

3 ......المعجم الكبير، الحديث: ٤٩، ج ٢٠، ص ٣٥.



www.dawateislami.net

## عِلْمِ دِین کی محبت نے رُلا دیا:

﴿791﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن سَلَمہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوکر گریہ وزاری کرنے لگا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے اس سے رونے کا سبب دریافت فرمایا۔ اس نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اس قرابت داری کی وجہ سے نہیں رو رہا جو میرے اور آپ کے درمیان ہے اور نہ ہی میرے رونے کا باعث مجھے آپ کی طرف سے ملنے والی دنیا ہے تاہم مجھے اس بات کا خوف رُلا رہا ہے کہ میں جو آپ سے عِلْم حاصل کرتا تھا اب اس کا سلسلہ مُنْقَطَع ہو جائے گا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مت رو! بے شک جو شخص علم وایمان کا اِرادہ رکھتا ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے اس طرح عِلْم عطا فرماتا ہے جس طرح حضرت سیِّدُنا ابراہیم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو عطا فرمایا تھا حالانکہ اس وقت عِلْم حاصل کرنے اور ایمان کے نور سے اپنے قلب کو چمکانے کا کوئی ظاہری ذریعہ موجود نہیں تھا۔'' (1)

## انصاف کی عُمدہ ولاجواب مثال:

﴿792﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن سَعید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِید سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی دو بیویاں تھیں۔ جس دن ایک کی باری ہوتی اس دن دوسری کے گھر میں وُضُو تک نہ فرماتے تھے۔ جب ملکِ شام میں کسی مَرَض میں مُبْتَلا ہوکر دونوں انتقال کر گئیں تو چونکہ اس وقت سب لوگ اپنے اپنے مُعَامَلات میں مصروف تھے اس لئے دونوں کو ایک ہی قَبْر میں دفن کر دیا گیا اور قَبْر میں اُتارتے وقت بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے قُرعہ ڈالا کہ پہلے کس کو قَبْر میں رکھا جائے۔'' (2)

﴿793﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن سعید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِید سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی دو بیویاں تھیں جب باری کے مطابق کسی ایک کے پاس تشریف فرما ہوتے تو اس دوران دوسری کے گھر سے پانی تک نوش نہ فرماتے تھے۔'' (3)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۲۲۸، ج ۲۰، ص ۱۱۵، مفهومًا.

2 ......صفة الصفوة، الرقم ۱ ۵ مُعَاذ بن جَبَل، ذکر نبذه من ورعه، ج ۱، ص ۲۵۵.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعَاذ بن جَبَل، الحدیث: ۱۰۲۳، ص ۲۰۲.



www.dawateislami.net

# ذِکْرُ اللہ جہاد سے اَفضل ہے

﴿794﴾......حضرت سیِّدُنا ابوزُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے بڑھ کر بندے کو عذابِ الٰہی سے نجات دِلانے والی کوئی چیز نہیں۔'' لوگوں نے عرض کی: ''کیا راہِ خُدا میں تلوار چلانا بھی نہیں؟'' یہ بات لوگوں نے تین بار کہی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہاں یہ بھی نہیں! مگر یہ کہ راہِ خدا میں لڑتے لڑتے اس کی تلوار ٹوٹ جائے۔''(1)

﴿795﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَخْرِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے بڑھ کر بندے کو عذابِ الٰہی سے نجات دلانے والا کوئی عمل نہیں۔'' لوگوں نے عرض کی: ''اے ابو عبد الرحمٰن! (یہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے) کیا راہِ خدا میں جہاد کرنا بھی نہیں؟'' فرمایا: ''نہیں، مگر یہ کہ لڑتے لڑتے تلوار ٹوٹ جائے کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے قرآنِ پاک میں ارشاد فرمایا ہے:

وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ (پ۲۱،العنکبوت:۴۵) ترجمۂ کنز الایمان: اور بے شک اللہ کا ذکر سب سے بڑا۔''(2)

﴿796﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں صبح سے رات تک اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر میں مشغول رہوں یہ عمل مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ میں عُمدہ گھوڑے پر سوار ہو کر صُبح سے رات تک راہِ خُدا میں جہاد کروں۔''(3)

## ترکِ سنّت گمراہی کا سبب:

﴿797﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَخْرِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں حِمْص کی مسجد میں داخل ہوا تو حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''جسے یہ پسند ہو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے وقت اسے کوئی خوف نہ ہو تو اسے چاہئے کہ جب اذان دی جائے تو نماز کے لئے مَسجِد میں حاضر ہو جائے کیونکہ

(1)......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعاذ بن جَبَل، الحدیث:۱۰۰۸، ص۱۹۹.

(2)......الزھد للامام احمد حنبل، أخبار مُعاذ بن جَبَل، الحدیث:۱۰۲۵، ص۲۰۲.

(3)......شعب الایمان للبیھقی، باب فی محبة اللّٰہ/فصل فی ذکر أخبار وردت فی ذکر اللّٰہ، الحدیث:۶۷۵، ج۱، ص۴۴۹.



www.dawateislami.net

باجماعت نماز ادا کرنا سُنَنِ ھُدیٰ میں سے ہے اور یہ ان سنتوں میں سے ہے جنہیں حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تمہارے لئے جاری فرمایا اور کوئی شخص یہ نہ کہے کہ میرے گھر میں جائے نماز ہے میں گھر میں ہی نماز پڑھ لوں گا۔ کیونکہ اگر تم ایسا کرو گے تو اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّت کے تارِک کہلاؤ گے اور اگر تم نے اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سنّت کو ترک کر دیا تو گمراہ ہو جاؤ گے۔'' (1)

﴿798﴾...... حضرت سیِّدُنا اَسْوَد بن ہلال رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ چل رہے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہم سے فرمایا: ''بیٹھو تھوڑی دیر ایمان کی باتیں کرلیں۔'' (2)

﴿799﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو اِدْرِیس خَوْلَانِی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم ایسے لوگوں کے پاس بیٹھتے ہو جو لازمی طور پر باتوں میں لگ جاتے ہیں۔ لہٰذا جب انہیں غَفْلت میں دیکھو تو فوراً اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔''

حضرت سیِّدُنا وَلِید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِید فرماتے ہیں: جب یہ حدیث حضرتِ سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے پاس ذکر کی گئی تو انہوں نے کہا: جی ہاں! مجھے ابو طلحہ حکیم بن دِینار نے بیان کیا کہ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن فرمایا کرتے تھے کہ ''مقبول دُعا کی نشانی یہ ہے کہ جب تم لوگوں کو غفلت میں دیکھو تو فوراً اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔'' (3)

﴿800﴾...... حضرت سیِّدُنا طاؤس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمارے علاقے میں تشریف لائے تو ہمارے کچھ بزرگوں نے ان سے درخواست کی کہ ''اگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اجازت دیں تو ہم پتھروں اور لکڑیوں کا بندوبست کر دیں تاکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے مسجد بنا دی جائے۔'' حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے خوف ہے کہ بروزِ قیامت انہیں پیٹھ پر اُٹھانے

1 ......صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب صلاة الجماعة من سنن الهدی، الحدیث: ١٤٨٨، ص ٧٧٩، راوی عبدالله بن مسعود، بتغیر.

2 ......صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب قول النبی بُنِیَ الْإِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ، ص ٢۔
صفة الصفوة، الرقم ١٥ مُعَاذ بن جَبَل، ذکر نبذه من مواعظه و کلامه، ج ١، ص ٢٥٧.

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعَاذ بن جَبَل، الحدیث: ١٠٢٤، ص ٢٠٢.


www.dawateislami.net

کا مکلّف نہ بنادیا جاؤں۔" [1]

## فکرِ آخرت پر مبنی بیان:

﴿801﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن مَیمُون اَوْدِی عَلَیْہِ رَحْمَةُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہمارے درمیان کھڑے ہوکر فرمایا: "اے قبیلۂ "اَوْد" والو! میں رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا قاصد ہوں۔ تمہیں اس بات کا یقینی علم ہونا چاہئے کہ ایک دن ہمیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے، اس کے بعد جنّت میں جانا ہوگا یا پھر جہنم ٹھکانہ ہوگا اور وہاں ہمیشہ ٹھہرنا ہے اس سے آگے کوچ نہ ہوگا اور ہم ہمیشہ ان جسموں میں رہیں گے جنہیں کبھی مَوت نہیں آئے گی۔" [2]

﴿802﴾......حضرت سیِّدُنا یزید بن یزید بن جابر عَلَیْہِ رَحْمَةُ اللّٰہِ الْقَادِر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "تم جتنا چاہو علم حاصل کرو لیکن اس پر عمل بھی کرو کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہیں ہرگز علم پر اجر عطا نہ فرمائے گا جب تک اس پر عمل نہ کرو گے۔" [3]

﴿803﴾......حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "اگر تم علم حاصل کرنا چاہتے ہو تو جتنا چاہو حاصل کرو لیکن اس پر عمل بھی کرو کیونکہ جب تک تم علم پر عمل نہ کرو گے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہرگز تمہیں اس سے نَفع عطا نہ فرمائے گا۔" [4]

## عورتوں کا فتنہ:

﴿804﴾......حضرت سیِّدُنا رَجاء بن حَیْوَہ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "تمہیں خستہ حالی کے فتنے میں مُبتَلا کیا گیا تو تم نے اس پر صَبر کیا اور عنقریب تم خوشحالی کے فتنے میں مُبتَلا کئے جاؤ گے اور مجھے تم پر سب سے زیادہ عورتوں کے فتنے کا خوف ہے، جب وہ سونے اور چاندی کے کنگن پہنیں گی

1 ......الزهد لهناد بن السری، باب معيشة النبی، الحديث: ٧٢٥، ج٢، ص٣٧٦.

2 ......المستدرك، كتاب الإيمان، باب يذبح الموت على الصراط، الحديث: ٢٨٩، ج١، ص٢٦٧.

3 ......الزهد لابن المبارك، باب من طلب العلم لعرض فی الدنيا، الحديث: ٦٢، ص٢١.

4 ......الكامل فی ضعفاء الرجال لابن عدی، الرقم ٢٦٤ بكر بن خُنَيس كوفی، ج٢، ص١٨٩، بدون: إن شئتم.



www.dawateislami.net

اور شام کے نرم و نازک کپڑے اور یمن کی چادریں زیب تن کریں گی تو مالداروں کو تھکا دیں گی اور غریبوں کو اس چیز کا مکلّف بنائیں گی جس کی وہ طاقت نہیں رکھتے۔'' (1)

## نَفْرت کے اَسباب:

﴿806﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن نضر حارثی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''3 باتیں ایسی ہیں کہ جوان کا عادی ہوتا ہے اسے لوگوں کی نَفْرت و ناپسندیدگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے: (۱) بغیر کسی عجیب بات کے ہنستے رہنا (۲) بلاضَرورت سوئے رہنا اور (۳) بغیر بھوک کے کھانا کھانا۔'' (2)

﴿807﴾......حضرت سیِّدُنا مالِک دَارَانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک تھیلی میں 400 دینار ڈال کر غلام کو دیئے اور فرمایا: ''انہیں حضرت ابو عبیدہ بن جرّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس لے جاؤ پھر کچھ دیر وہاں ٹھہرنا اور دیکھنا کہ وہ انہیں کہاں صرف کرتے ہیں۔'' چنانچہ، غلام وہ تھیلی لے کر امین الامّت حضرت سیِّدُنا ابو عبیدہ بن جرّاح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی: ''امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا ہے کہ یہ دینار اپنی کسی ضَرورت میں استعمال کرلیں۔'' انہوں نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ امیر المؤمنین پر رحم فرمائے۔'' پھر اپنی لونڈی کو بلا کر فرمایا: ''یہ 7 دینار فُلاں کو، یہ 5 فلاں کو اور یہ 5 فلاں کو دے آؤ۔'' یہاں تک کہ سب کے سب صَدَقہ کر دیئے۔ غلام نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہو کر ساری صورت حال بیان کر دی۔

پھر امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اتنے ہی دینار ایک اور تھیلی میں ڈال کر غلام کے حوالے کئے اور فرمایا: ''یہ حضرت مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس لے جاؤ اور کچھ دیر وہاں ٹھہرنا اور دیکھنا کہ وہ انہیں کہاں صرف کرتے ہیں؟'' غلام نے تھیلی لی اور حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی: ''امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں اس رقم سے اپنی کوئی حاجت پوری کرلیں۔'' انہوں نے فرمایا: ''اللہ

---

1 ......الزهد لابن المبارك، باب ماجاء فى ذنب التنعم فى الدنيا، الحديث: ٧٨٥، ص ٢٧١.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعاذ بن جَبَل، الحديث: ١٠٢٢، ص ٢٠٢.



www.dawateislami.net

عَزَّوَجَلَّ امیر المومنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر رحم فرمائے۔'' پھر اپنی لونڈی کو بلا کر فرمایا: ''اتنے درہم فلاں کے گھر اور اتنے فلاں کے گھر پہنچا دو۔'' اسی اَثنا میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ کو اس بات کا علم ہوا تو عرض گزار ہوئیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم بھی مسکین ہیں، ہمیں بھی عطا فرمائیں۔'' اس وقت تھیلی میں صرف 2 دینار باقی بچے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ تھیلی دیناروں سمیت اپنی اہلیہ کی طرف اُچھال دی۔ غلام امیر المومنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور سارا واقعہ سُنایا۔ یہ سُن کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بہت خوش ہوئے اور فرمایا: ''بے شک تمام صحابہ آپس میں بھائی بھائی ہیں۔'' (1)

## امیر المؤمنین کو نصیحت:

﴿808﴾...... حضرت سیِّدُنا محمد بن سُوقہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں حضرتِ سیِّدُنا نُعَیم بن اَبِی ھِنْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے پاس آیا تو انہوں نے مجھے ایک کاغذ نکال کر دکھایا جس پر لکھا تھا کہ یہ خط ابوعبیدہ بن جرّاح و مُعاذ بن جَبَل کی طرف سے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْک! حمد وثناء کے بعد! ہم دونوں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ ''جو مُعامَلہ (یعنی خِلافت) آپ کے سپرد کیا گیا ہے وہ اہم ترین ہے۔ آپ کو اس اُمّت کے سُرخ وسیاہ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ آپ کے پاس معزز وحقیر، دُشمن ودوست فیصلے کروانے آئیں گے اور عدل وانصاف ہر ایک کا حق ہے۔ اے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! غور کرلیں کہ اس وقت آپ کی کیا کیفیت ہوگی۔ ہم آپ کو اس دن سے ڈراتے ہیں جس دن لوگوں کے چہرے جھک جائیں گے۔ دل کانپ اُٹھیں گے اور تمام حجتیں ختم ہوجائیں گی۔ صرف ایک بادشاہِ حقیقی اللّٰہ رَبُّ الْعٰلَمِیْن عَزَّوَجَلَّ کی حجت اپنی طاقت وقُدرت کے ساتھ غالب ہوگی اور مخلوق اس کے سامنے حقیر ہوگی۔ اس کی رحمت کی امید اور عذاب کا خوف کرتی ہوگی اور ہم آپس میں گفتگو کرتے ہیں کہ آخری زمانہ میں اس اُمت کا حال ایسا ہوجائے گا کہ لوگ ظاہری طور پر تو ایک دوسرے کے بھائی بنیں گے جبکہ دِلی طور پر دُشمن ہوں گے۔ ہم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتے ہیں اس بات سے کہ یہ خط آپ کو ہماری طرف سے وہ بات پہنچائے جو ہمارے دلوں میں نہیں۔ ہم نے محض آپ کی خیر خواہی کے لئے یہ خط لکھا ہے۔ وَالسَّلَامُ عَلَیْک.

---

(1)...... الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار الحسن بن ابی الحسن، الحدیث: ١٥٦٢، ص٢٨٣، بتغیر.



www.dawateislami.net

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ ناعمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس خط کا جواب یوں دیا: یہ تحریر عمر بن خطاب کی طرف سے حضرت ابوعبیدہ بن جرّاح اور حضرت مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی طرف ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا: حمد وثناء کے بعد! مجھے آپ کا خط ملا، جس میں آپ نے ذکر کیا ہے کہ ''میرا معاملہ سخت تر ہے اور مجھے اس امت کے سرخ وسیاہ کی ولایت سونپی گئی ہے۔ میرے سامنے شریف وذلیل، دشمن ودوست آئیں گے۔ بے شک ہر شخص کا عدل میں حصّہ ہے۔'' آپ نے لکھا ہے کہ ''اے عمر! اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی۔'' بے شک عمر کو اطاعت کی توفیق اور معصیت سے بچنے کی قوت دینے والا صرف اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے اور آپ نے لکھا ہے کہ ''آپ مجھے اس مُعَامَلَہ سے ڈراتے ہیں جس سے سَابِقہ اُمتیں ڈرائی جاتی رہیں۔'' پہلے ہی رات اور دن کے بدلنے نے لوگوں کی اَمْوات کے ساتھ ہر دُور کو قریب، ہر نئے کو پرانا اور ہر آنے والے کو حاضر کر دیا ہے یہاں تک کہ لوگ اپنے ٹھکانے جنت یا دوزخ کی طرف چلے گئے۔ آپ نے اس بات کا بھی اظہار کیا ہے کہ ''آخری زمانے میں اس امت کا یہ حال ہوگا کہ لوگ بظاہر بھائی بھائی جبکہ دلی طور پر ایک دوسرے کے دُشمن ہوں گے۔'' لیکن آپ تو ایسے نہیں اور نہ ہی یہ وہ زمانہ ہے کیوں کہ اِس زمانہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف رغبت اور اس کا خوف ظاہر ہے، لوگ اصلاحِ دنیا کے لئے ایک دوسرے کی طرف رغبت کرتے ہیں اور آخر میں تحریر کیا کہ ''آپ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتے ہیں اس بات سے کہ میں یہ خط پڑھ کر وہ مفہوم لوں جو آپ کے دلوں میں نہیں ہے جبکہ آپ نے تو خیر خواہی کے لئے لکھا ہے۔'' تم دونوں نے سچ کہا ہے مجھے آئندہ بھی تمہارے خط کا انتظار رہے گا، میں آپ حضرات (کی خیر خواہی) سے بے نیاز نہیں ہوں۔''[1]

وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمَا.

## عِلم کے فضائل وبرکات:

﴿809﴾......حضرت سیِّدُ نا رَجَاء بن حَیْوَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''علم حاصل کرو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے علم حاصل کرنا خشیّت، اسے تلاش کرنا عبادت، اس کی تکرار کرنا تسبیح اور اس کی جستجو کرنا جہاد ہے۔ جاہلوں کو علم سکھانا صَدَقَہ اور اسے اس کے اہل تک پہنچانا نیکی ہے کیونکہ

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام عمربن الخطاب، الحدیث: ۱۰، ج۸، ص۱۴۸۔
المعجم الکبیر، الحدیث: ۴۵، ج۲۰، ص۳۲.



www.dawateislami.net

یہ حلال وحرام کا شعور دیتا، اہل جنت کو روشن دلیل اور گھبراہٹ میں اُنسیت دیتا ہے۔ سفر میں ہم نشین اور تنہائی کا ساتھی ہے۔ تنگدستی وخوشحالی میں رہنمائی کرتا اور دشمنوں کے مقابلے میں ہتھیار ہے۔ عظیم لوگوں کے ہاں علم کی حیثیت زینت کی سی ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ علم ہی کی بدولت قوموں کو رِفعت وبلندی عطا فرماتا اور انہیں بھلائی میں لوگوں کا مُقتدا و پیشوا بنا دیتا ہے۔ اہلِ علم کے نقش وقدم پر چلا جاتا، ان کے افعال کی پیروی کی جاتی اور ان کی رائے کو حرفِ آخر سمجھا جاتا ہے۔ فرشتے ان کی دوستی میں رغبت رکھتے اور انہیں اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں۔ ہر خشک وتر یہاں تک کہ سمندر میں مچھلیاں اور پانی کے دیگر جانور، درندے اور چوپائے سب ان کے لئے دُعائے مَغفِرت کرتے ہیں۔ علم جہالت کی تاریکی سے نجات دیتا، دلوں کو جلا بخشتا اور جہالت کے اندھیروں میں آنکھوں کو روشنی عطا کرتا ہے۔ اس کے ذریعے انسان نیک لوگوں کی منازل تک رسائی پاتا اور دنیا وآخرت میں بلند مقام تک جا پہنچتا ہے۔ علم میں غور وفکر کرنے کا اجر روزہ رکھنے کے برابر اور اسے پڑھنا پڑھانا نوافل کے برابر ہے۔ علم ہی صلۂ رحمی کا پیغام دیتا اور حلال وحرام کی پہچان کراتا ہے۔ علم تمام عمل کرنے والوں کا سردار اور عمل اس کا پیروکار ہے۔ یہ ایسی نعمت ہے جو خوش نصیبوں کو عطا کی جاتی اور بدبختوں کو اس سے محروم رکھا جاتا ہے۔'' (1)

## مرحبا اے موت! مرحبا:

﴿810﴾ ...... حضرت سیِّدُنا عَمرو بن قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وقتِ وصال قریب آیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دیکھو! کیا صُبح ہو چکی ہے؟'' عرض کی گئی: ''ابھی صُبح نہیں ہوئی۔'' کچھ دیر بعد پھر فرمایا: ''دیکھو! کیا صبح ہو چکی ہے؟'' عرض کی گئی: ''ابھی صُبح نہیں ہوئی۔'' پھر کچھ دیر بعد کسی نے آ کر خبر دی کہ ''صُبح ہو چکی ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں ایسی رات سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں جس کی صُبح آگ کی طرف لے جانے والی ہو۔ مرحبا اے موت! مرحبا! موت ایک ایسا ملاقاتی ہے جو آخر میں آیا ہے۔ ایسا دوست ہے جو فاقہ کی حالت میں آیا ہے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں دنیا میں تجھ سے ڈرتا تھا اور آج تجھ سے امیدیں وابستہ کئے ہوئے ہوں۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تو جانتا ہے کہ میں نے دنیا کی محبت کو دل میں بسایا نہ لمبی عمر کا ارمان رکھا کہ اس دنیا میں نہریں جاری کروں اور باغات لگاؤں لیکن سخت گرم دنوں کی پیاس،

---

(1) ...... مختصر جامع بیان العلم وفضلہ لابن عبد البر، باب جامع فی فضل العلم، الحدیث: ٥٤، ص ٥٣.


www.dawateislami.net

سختی والی ساعتیں، سفر میں علما سے ملاقات اور ذکر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حلقوں کی طلب دل میں آج بھی باقی ہے۔“ (1)

## طاعون اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت ہے:

﴿811﴾......حضرت سیِّدُنا طارق بن عبدالرحمٰن عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ ملک شام میں طاعون (2) کی وبا پھیلی تو لوگوں نے کہنا شروع کر دیا کہ یہ بغیر پانی کے طوفان ہے۔ یہ بات حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو پہنچی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُٹھے اور خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ”مجھے تمہاری باتیں پہنچی ہیں حالانکہ یہ تو تمہارے رب عَزَّوَجَلَّ کی رحمت اور تمہارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دُعا اور تم سے پہلے نیک لوگوں کی وفات کا سبب ہے۔ لیکن وہ اس بیماری کے بجائے اس بات سے زیادہ ڈرتے تھے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے گھر میں اس حال میں صبح کرے کہ اسے اتنی بھی خبر نہ ہو کہ وہ مومن ہے یا مُنافِق اور وہ بچوں کی حکمرانی سے خوفزدہ تھے۔“(3)

## اَولاد کے لئے طاعون کی دُعا:

﴿812﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن غَنم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا معاذ بن جَبَل، حضرت سیِّدُنا ابوعبیدہ بن جَرّاح، حضرت سیِّدُنا شُرَحْبِیل بن حَسَنَہ اور حضرت سیِّدُنا ابو مالِک اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم چاروں بُزرگوں پر ایک ہی دن طاعون کا حملہ ہوا تو حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”یہ تمہارے ربّ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت اور تمہارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دعا ہے۔ نیز تم سے قبل نیک لوگ اسی بیماری کے سبب فوت ہوئے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! معاذ کی اولاد کو اس رحمت سے وافر حصّہ عطا فرما(4)۔“ چنانچہ،

1......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعاذ بن جَبَل، الحدیث: ۱۰۱۱، ص ۲۰۰، بتغیر.

2......مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ”طاعون طعن سے بنا ہے بمعنی نیزہ مارنا، چونکہ اس بیماری میں مریض کو پھوڑے یا زخم سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے اسے کوئی نیزے مار رہا ہے، سوئیاں چبھو رہا ہے اس لئے اسے طاعون کہا جاتا ہے یہ مشہور وبائی بیماری ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج۲، ص۴۱۳)

3......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار مُعاذ بن جَبَل، الحدیث: ۱۰۲۱، ص ۲۰۲.

4...... آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا اپنی اولاد کے لئے طاعون کی دعا کرنا درحقیقت ان کے لئے شہادت ورحمت کی دُعا کرنا ہے کیونکہ سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اسے شہادت فرمایا ہے۔ جیسا کہ مشکوۃ المصابیح میں بخاری و مسلم کے حوالے سے فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نقل ہے: طاعون ہر مسلمان کی شہادت ہے۔ ایک اور روایت کا خُلاصہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اسے مسلمانوں کے لئے رحمت بنایا ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج۲، ص۴۱۳)



www.dawateislami.net

ابھی شام بھی نہ ہوئی تھی کہ آپ کے بیٹے حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کہ جن کے نام سے آپ نے اپنی کنیت رکھی اور ان سے آپ کو بہت محبت تھی طاعون کے مرض میں مُبْتَلا ہو گئے۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مَسْجِد سے لوٹے تو اپنے بیٹے کو سخت تکلیف میں مُبْتَلا پا کر دریافت فرمایا: ''اے عبدالرحمٰن! کیا حال ہے؟'' بیٹے نے جواب میں یہ آیتِ کریمہ تِلاوت کی:

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۶۰﴾ ترجمۂ کنزالایمان: اے سننے والے! یہ تیرے رب کی طرف سے حق ہے تو شک والوں میں نہ ہونا۔ (پ ٣، ال عمران: ٦٠)

حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! تم مجھے صَبْر کرنے والا ہی پاؤ گے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رات بھر ٹھہرے رہے اور صبح کے وقت بیٹے کو دفن کیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر طاعون کا حملہ ہوا اور نزع کی تکالیف شدت اختیار کر گئیں تو جب کچھ اِفاقہ ہوتا تو عرض کرتے: ''اے میرے رب عَزَّوَجَلَّ! مجھے جتنی بھی تکلیف آئے لیکن تیری عزّت کی قسم! بے شک تو جانتا ہے کہ میرا دل تیری محبت سے لبریز ہے۔'' (1)

## سفرِ یمن کے وقت نصیحتیں:

﴿813﴾......حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اے مُعاذ! جاؤ اپنی سواری تیار کرو پھر میرے پاس آ جانا میں تمہیں یمن بھیجنا چاہتا ہوں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے سواری تیار کی اور مَسْجِد کے دروازے پر آ کر کھڑا ہو گیا یہاں تک کہ حضور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اجازت عطا فرمائی اور میرا ہاتھ پکڑ کر میرے ساتھ چلتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اے مُعاذ! میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے، سچی بات کہنے، وعدہ پورا کرنے، امانت ادا کرنے، خیانت سے بچنے، یتیم پر رحم کرنے، پڑوسی کا خیال رکھنے، غُصّہ پر قابو پانے، دوسروں کے لئے نرمی اختیار کرنے، سَلام عام کرنے، گفتگو میں نرمی اپنانے، ایمان پر ثابت قدم رہنے، قرآن میں غور و فکر کرنے، آخرت سے محبت کرنے، حساب و کتاب سے ڈرنے، لمبی اُمّیدوں سے بچنے اور اچھے اَعمال کرنے کی وصیت کرتا اور مسلمان کو گالی دینے، سچے کو جھوٹا یا جھوٹے کو سچا ثابت کرنے اور عادِل حکمران کی نافرمانی کرنے سے مَنْع کرتا ہوں۔ اے مُعاذ! ہر شجر و حجر کے پاس اللہ عَزَّوَجَلَّ

(1)......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند مُعاذ بن جَبَل، الحدیث: ٢٦٧١، ج٧، ص ١١٤.


www.dawateislami.net

کا ذکر کرتے رہنا اور جب کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو توبہ کرنا پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ اور علانیہ کی علانیہ۔"[1]

﴿814﴾......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یمن بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو اس وقت حضرت مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سواری پر تھے اور پیارے مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان کے ساتھ پیدل چلتے ہوئے انہیں نصیحت فرمارہے تھے کہ "اے مُعاذ! میں تمہیں اس طرح نصیحت کرتا ہوں جس طرح ایک حقیقی بھائی نصیحت کرتا ہے۔ میں تمہیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنے کی نصیحت کرتا ہوں۔" اس کے بعد مذکورہ بالا حدیث کی طرح بیان کیا۔ البتہ اس میں اتنا زائد کہ "مریض کی عیادت کرنا۔ بیواؤں اور کمزوروں کی ضروریات کو جلد پورا کرنا۔ غریبوں اور مسکینوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا۔ لوگوں کو اپنی طرف سے انصاف فراہم کرنا۔ ہمیشہ حق بات کہنا اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرنا۔"[2]

﴿815﴾......حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ایک دن میرا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا: "اے مُعاذ! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں تم سے محبت کرتا ہوں۔" میں نے عرض کی: "یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے ماں باپ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر قربان! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کرتا ہوں۔" پھر حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "اے مُعاذ! میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے بعد یہ دُعا پڑھنا مت بھولنا: اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ یعنی اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اپنے ذکر، شکر اور حُسنِ عبادت پر میری مدد فرما۔"

حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا صُنَابِحِی کو یہ وصیت کی، انہوں نے حضرت ابوعبدالرحمٰن کو، انہوں نے حضرت عُقْبہ کو، انہوں نے حضرت حَیْوَہ کو، انہوں نے حضرت عبدالرحمٰن مُقْرِی کو، انہوں نے حضرت بِشر بن موسیٰ کو، انہوں نے حضرت محمد بن اَحمد بن حَسَن کو، انہوں نے مجھے (یعنی حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونعیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی کو) یہ وصیت فرمائی اور میں تمہیں اس کی وصیت کرتا ہوں (کہ ہر نماز کے بعد

---

1 ......الزهد الكبير للبيهقي، باب الورع والتقوى، الحديث: ٩٥٦، ص ٣٤٧، مختصرًا.

2 ...... كتاب الثقات لابن حبان، السيرة النبوية، السنة التاسعة من الهجرة، ج ١، ص ١٤٧، بدون الأخ الشقيق.



www.dawateislami.net

مذکورہ دعا پڑھنا مت بھولنا)۔ [1]

﴿816﴾......حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بارگاہِ نبوت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: ''اے مُعاذ! تم نے صُبْح کس حال میں کی؟'' عرض کی: ''میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان رکھتے ہوئے صبح کی ہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر قول کا ایک تصدیق کرنے والا اور ہر حق کی ایک حقیقت ہوتی ہے اور تمہاری کہی ہوئی بات کی کیا تصدیق ہے؟'' انہوں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں نے جب بھی صبح کی تو یہ گمان کیا کہ شام نہیں دیکھ سکوں گا اور جب بھی شام کی تو یہ خیال کیا کہ صُبْح نہیں دیکھ سکوں گا۔ جو بھی قدم اُٹھایا یہ سوچ کر اُٹھایا کہ اس کے بعد دوسرا قدم نہیں اُٹھا سکوں گا اور گویا میں (قیامت کا یہ منظر) دیکھ رہا ہوں کہ ہر وہ اُمَّت گھُٹنوں کے بل گری ہوئی ہے جسے ان کے نامۂ اَعمال کی طرف بلایا جا رہا ہے اور ان کے ساتھ ان کی طرف بھیجے جانے والے نبی (عَلَیْہِ السَّلَام) ہیں اور وہ بت بھی ہیں جنہیں وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کو چھوڑ کر پوجتے تھے اور گویا میں جہنمیوں کی سزا اور اہلِ جنت کے ثواب کو دیکھ رہا ہوں۔'' اس پر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''تم نے جان لیا پس ان اُمُور کی پابندی رکھنا۔'' [2]

﴿817﴾......حضرت سیِّدُنا قاسم بن مُخَیمِرہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب یمن سے واپس تشریف لائے تو مصطفٰی جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے استفسار فرمایا: ''تم نے اپنے بعد لوگوں کو کس حال میں چھوڑا ہے؟'' عرض کی: ''میں نے انہیں اس حال میں چھوڑا ہے کہ ان کا مقصد صرف چوپایوں والا ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تم ایسے لوگوں میں رہ جاؤ گے جو اُن چیزوں کا علم رکھتے ہوں گے جن سے یہ لوگ جاہل ہیں مگر اِن (علم رکھنے والوں) کا مقصد بھی ان جیسا ہی ہوگا۔'' [3]

---

1 ......السنن الکبری للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلۃ، الحدیث: ۹۹۳۷، ج۶، ص ۳۲.

2 ......کتاب الضعفاء للعقیلی، باب العین، الرقم ۸۶۶، ج۲، ص ۶۹۱.

3 ......کنز العمال، کتاب العلم، قسم الاقوال، الحدیث: ۲۸۹۶۷، ج۱۰، ص ۸۱.



www.dawateislami.net

## بدترین لوگ:

﴿818﴾......حضرت سیِّدُ نامُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ طواف میں مشغول تھے۔ میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے لوگوں میں سے سب سے بُرے شخص کے بارے میں بتایئے۔'' ارشاد فرمایا: ''مجھ سے بھلائی کے مُتَعَلِّق سوال کرو برائی کے مُتَعَلِّق مت پوچھو، بدترین لوگ بُرے عُلما ہیں۔'' (1)

## سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا تعزیتی مکتوب:

﴿819﴾......حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن غَنْم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ جب حضرت سیِّدُ نامُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بیٹے طاعون کی وبا میں مُبْتَلا ہو (کر انتقال فرما) گئے تو انہیں بہت صَدْمَہ ہوا۔ جب یہ بات حضور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو معلوم ہوئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُ نامُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف یہ خط لکھا: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم، یہ خط محمد رسول اللّٰہ (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی طرف سے مُعاذ بن جَبَل کی طرف ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ! میں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد بیان کرتا ہوں، جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اَمَّا بَعْد! اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تمہیں اَجرِ عظیم عطا فرمائے اور صبر کی توفیق بخشے۔ ہمیں اور تمہیں اپنا شکر گزار بندہ بنائے، ہماری جانیں، ہمارے اہل وعیال، ہمارے اموال اور اولاد سب اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے عطا کردہ اور ہمارے پاس اس کی طرف سے عاریت ہیں۔ جو وہ ہمیں ایک مدت مُقَرَّرہ تک عطا فرماتا ہے کہ ہم ان سے نفع اُٹھائیں اور اس مُقَرَّرہ مدت کے بعد وہ ہم سے واپس لے لیتا ہے۔ لہٰذا ہم پر فرض ہے کہ جب ہمیں کوئی نعمت ملے تو اس پر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کریں اور جب وہ ہم سے لے لی جائے تو اس پر صبر کریں۔ اے مُعاذ! تمہارا بیٹا بھی اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عطا کی ہوئی ایک نعمت تھی جو اس کی طرف سے تمہارے پاس عاریت تھی جس کے ذریعے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں مُسَرَّت وشادمانی عطا فرمائی اور پھر تمہیں اس کے بدلے عظیم اَجر وثواب عطا فرما کر اسے واپس لے لیا۔ اگر صبر کرو گے تو تمہارے لئے رحمت، ہدایت اور ثواب ہوگا۔

(1)......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند مُعاذ بن جَبَل، الحدیث: ٢٦٤٩، ج٧، ص٩٣، مفهومًا.



www.dawateislami.net

اے مُعاذ! تم میں 2 خصلتیں ہرگز جمع نہ ہونے پائیں کہ ان کی وجہ سے تمہارا اجر ضائع ہو جائے گا اور پھر تمہیں اپنے اَجر وثواب کے کھو دینے پر ندامت ہو گی۔ اگر تم اپنی مصیبت کو اس کی وجہ سے ہاتھ آنے والے اجر وثواب پر پیش کرو گے تو جان لو گے کہ اتنے عظیم ثواب کے مُقابلے میں تمہاری مصیبت تو بہت چھوٹی ہے۔ تم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے اس کے وعدہ کے مطابق اجر پاؤ گے اور اپنی مصیبت کا صَدْمہ بھول جاؤ گے۔" گویا ایسا ہی لکھا تھا۔ وَالسَّلام۔"[1]

## مذکورہ روایت پر مُصَنِّف کا تبصِرہ:

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: "یہ تینوں روایتیں ضعیف ہیں کیونکہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بیٹے کی وفات حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وصالِ ظاہری فرمانے کے 2 سال بعد ہوئی۔ البتہ بعض صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے ان کو خطوط لکھے ہیں اور راوی نے وَہم کے سبب ان کی نسبت رسولِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف کر دی ہے۔ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جیسے جلیل القدر اور اعلم صحابی کے بارے میں کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے بے صبری کی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پر راضی نہ رہے۔ لہٰذا اس میں صحیح روایت وہی ہے جو حارِث بن عُمَیرہ اور ابو جُرشی نے روایت کی ہے، اس میں انہوں نے بیٹے کی وفات پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پر راضی رہنا اور صَبْر واِسْتِقامت کا دامن تھامے رہنا بیان کیا ہے اور پھر یہ کہ حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں یقینی طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حیاتِ مُبارکہ میں سفرِ یمن کے علاوہ کبھی حُضُور سراپا نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ سے دُور رہے ہوں اور یمن سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی واپسی سرکارِ والا تبار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وصالِ ظاہری کے بعد ہوئی تھی اور محمد بن سعید اور مجاشع اس پائے کے راوی نہیں ہے کہ جن کی روایات ومفردات پر اعتماد کیا جائے۔"

﴿822﴾......حضرت سیِّدُنا مُعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں یمن کی طرف بھیجا تو ارشاد فرمایا: "دِین میں مُخْلِص رہنا، تھوڑا عمل بھی کِفایت کرے گا۔"[2]

1 ......المعجم الكبير، الحديث: ٣٢٤، ج٢٠، ص ١٥٥، مفهوماً.

2 ......المستدرك، كتاب الرقاق، الحديث: ٧٩١٤، ج٥، ص ٤٣٥.



www.dawateislami.net

# حضرت سَیِّدُنا سَعِیدبن عَامِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

ہجرت میں سُبْقَت لے جانے والوں میں سے حضرت سَیِّدُ نا سَعِیدبن عامِربن حِذْیَم جُمَحِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سحر انگیز وفتنہ گر دنیا سے بے رغبتی اختیار کی، دنیا کے طلب گاروں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ نیکیوں کی ترغیب دلانے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرانے کے مُعامَلے میں سابِقین کے طریقۂ کار پر گامزن رہے۔ حکومت وسَلْطَنَت حاصل ہونے کے باوجود دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے اپنی ذمہ داری کوانتہائی جانفشانی وامانت داری سے نبھاتے رہے۔

عُلَمائے تَصَوُّف کے نزدیک: صَبْر پر قائم رہتے ہوئے مُشکِل حالات کا ڈٹ کے مُقابَلہ کرنے اور بے جا گمانوں کی تحقیق میں نہ پڑنے کا نام تَصَوُّف ہے۔

## گھر اَمن کا گہوارہ کیسے بنا؟

﴿823﴾...... حضرت سَیِّدُ نا حسّان بن عَطِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ جب امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سَیِّدُ نا اَمیر مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوشام کی گورنری سے معزول کیا تو اِن کی جگہ حضرت سَیِّدُ نا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو گورنر بنا کر وہاں بھیجا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی بیوی جو قبیلۂ قریش سے تَعَلُّق رکھتی تھی، کو ساتھ لے کر ملک شام روانہ ہو گئے۔ وہاں کچھ ہی دنوں بعد تنگدستی نے آلیا۔ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اس کی اطلاع ملی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک ہزار دینار انہیں بھیجے۔ حضرت سَیِّدُ نا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہ دِینار لے کر اپنی زوجہ کے پاس گئے اور فرمایا: ''یہ ہمیں امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بھیجے ہیں۔'' زوجہ نے عرض کی: ''اگر آپ چاہیں تو ان میں سے بعض سے گھر کا راشن خرید لیں اور جو بچیں وہ آئندہ کے لئے سنبھال کر رکھ لیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں اس سے بہتر صورت نہ بتاؤں؟ وہ یہ کہ ہم یہ مال کسی تاجر کو دے دیتے ہیں جو ہمارے لئے تجارت کرے اور ہم اس کا نَفْع کھاتے رہیں اور ہمارے سرمائے کی ذمہ داری بھی اسی پر ہوگی۔'' زوجہ نے کہا: ''یہ تو بہُت اچھا ہے۔''

چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کچھ کھانے پینے کا سامان، 2 اونٹ، 2 غُلام خریدے پھر لوگوں کی ضَروریات


www.dawateislami.net

کا سامان غلاموں کے ذریعے اونٹوں پر رکھوا کر مسکینوں اور حاجتمندوں میں تقسیم فرما دیا۔ کچھ دن گزرنے کے بعد زوجہ نے عرض کی: ''فلاں فلاں سامان ختم ہوگیا ہے آپ اس تاجر کے پاس جائیں اور حاصل ہونے والے نَفْع سے سامان خرید لائیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ زوجہ نے پھر کہا لیکن اب کی بار بھی کوئی جواب نہ پا کر اس نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ستانا شروع کر دیا جس کی وجہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صرف رات کو گھر میں تشریف لاتے اور سارا دن گھر سے باہر گزار دیتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر والوں میں سے ایک آدمی تھا جو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ آپ کے گھر آیا جایا کرتا تھا ایک دن اس نے ان کی زوجہ سے کہا کہ ''آپ کیوں انہیں تکلیف دیتی ہیں وہ تو سارا مال صَدَقہ کر چکے ہیں؟'' یہ سن کر وہ، مال کے ختم ہونے پر افسوس کرنے اور رونے لگیں۔ ایک دن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھر تشریف لائے اور زوجہ سے فرمایا: ''آرام سے بیٹھی رہو! میرے چند دوست کچھ عرصہ پہلے مجھ سے جدا ہو گئے ہیں اگر مجھے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سب مل جائے تب بھی میں ان کے طریقے سے دور نہیں ہٹوں گا۔ اگر کوئی جنتی حور آسمانِ دنیا سے جھانک لے تو تمام اہلِ زمین کو روشن کر دے اور اس کے چہرے کا نور چاند سورج کی روشنی پر غالب آ جائے اور جو دوپٹہ وہ اوڑھتی ہے وہ دُنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ لہٰذا ان حوروں کی خاطر تجھے چھوڑنا تو میرے لئے آسان ہے لیکن تیری خاطر میں انہیں نہیں چھوڑ سکتا۔ یہ سن کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ نرم دل اور راضی ہوگئیں۔'' (1)

## اہلِ حِمص کی چار شِکایات:

﴿824﴾......حضرت سیِّدُنا خَالِد بن مَعْدَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حِمْص کا گورنر مُقرَّر فرمایا۔ جب امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حِمص تشریف لائے تو اھلِ حِمص سے فرمایا: ''تم نے اپنے گورنر کو کیسا پایا؟'' انہوں نے اپنے گورنر کی شِکایتیں کیں جس کی وجہ سے حِمص والوں کو چھوٹے کوفی کہا جانے لگا۔ انہوں نے کہا: ''ہمیں ان سے 4 شِکایات ہیں۔ ایک یہ کہ یہ دن چڑھے ہمارے پاس آتے ہیں۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

(1)......صفة الصفوة، الرقم ٨٣ سعيد بن عامر بن حِذْيَم، ج ١، ص ٣٣٦۔
الجهاد لابن المبارك، الحديث: ٢٤، ص ٤٠.


www.dawateislami.net

نے فرمایا: ''یہ تو بہت بڑی شِکایت ہے۔اس کے عِلاوہ کیا شِکایت ہے؟''بولے: ''یہ رات کو کسی کی بات نہیں سنتے۔''
آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ بھی بڑی شِکایت ہے اور کیا ہے؟''بولے: ''یہ مہینے میں ایک دن گھر میں ہی رہتے ہیں، ہمارے پاس نہیں آتے۔''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ بھی بڑی شِکایت ہے اور کیا شِکایت ہے؟''انہوں نے کہا: ''کبھی کبھی انہیں بے ہوشی کا ایسا دورہ پڑتا ہے جس کی وجہ سے یہ مرنے کے قریب ہو جاتے ہیں۔''

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اہلِ حِمْص اور ان کے گورنر حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایک جگہ جمع فرمایا پھر بارگاہِ خُداوندی میں عرض کی: ''یا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! آج اس مُعاملے میں میرا فیصلہ غلط نہ ہو۔''دُعا کے بعد اہلِ حِمْص سے فرمایا: ''تمہیں ان سے کیا شِکایت ہے؟''انہوں نے کہا: ''یہ دن چڑھے ہمارے پاس آتے ہیں۔''حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اس بات کا اظہار مجھے پسند نہیں لیکن مجبوراً بتائے دیتا ہوں کہ میرے گھر میں کوئی خادم نہیں ہے اس لئے میں خود ہی آٹا گوندھتا ہوں پھر اس کے خمیرہ ہونے کا انتظار کرتا ہوں پھر روٹی پکا کر کھانا کھاتا اور وُضو کر کے ان کے پاس آ جاتا ہوں۔''
امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لوگوں سے پوچھا: ''اور کیا شِکایت ہے؟''بولے: ''یہ رات کو کسی کی بات نہیں سنتے۔''
امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پوچھنے پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اگرچہ یہ بتانا مجھے پسند نہیں لیکن مجبوراً بتائے دیتا ہوں کہ میں نے دن لوگوں (کے مُعاملات) کے لئے اور رات اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کے لئے خاص کر رکھی ہے۔''امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مزید شِکایت کے بارے میں پوچھا: تو لوگوں نے کہا: ''یہ مہینے میں ایک دن ہمارے پاس نہیں آتے۔''اس کی وجہ دریافت کرنے پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''کپڑے دھونے کے لئے میرے پاس کوئی خادِم نہیں ہے اور میرے پاس پہننے کے لئے صرف ایک ہی جوڑا ہے جب وہ میلا ہو جاتا ہے تو اسے خود ہی دھوتا ہوں پھر اس کے سوکھنے کا انتظار کرتا ہوں جب سوکھ جاتا ہے تو اسے رگڑ کر نرم کرتا ہوں پھر پہن کر شام کو ان کے پاس آتا ہوں۔''امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''اور کیا شِکایت ہے؟''اہلِ حِمْص نے کہا: ''کبھی کبھی ان پر رنج و غم کی ایسی کیفیت طاری ہوتی ہے کہ یہ بے ہوش ہو جاتے ہیں۔''اس پر حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: حضرت خبیب انصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت کے وقت میں بھی مکہ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں موجود تھا قریش نے پہلے تو ان کے جسم کا گوشت جگہ جگہ سے کاٹا پھر انہیں سولی پر لٹکا دیا اور


www.dawateislami.net

پوچھا: ''کیاتم یہ پسند کرتے ہو کہ تمہاری جگہ محمد (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) ہوں؟'' تو انہوں نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! مجھے تو یہ بھی پسند نہیں کہ میں اپنے اہل وعیال میں ہوں اور میرے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو کانٹا بھی چبھے (پھر فرطِ محبت سے) باآواز بلند پکارا: یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم!'' پس جب بھی مجھے وہ دن یاد آتا اور یہ خیال آتا ہے کہ میں نے اس حالت میں ان کی مدد نہیں کی کیونکہ میں اس وقت مُشرِک تھا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان نہیں لایا تھا تو میں یہ گمان کرتا ہوں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ میرے اس گناہ کو کبھی مُعاف نہیں فرمائے گا۔ بس یہ سوچتے ہی مجھ پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔''

امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ سب سنا تو فرمایا: ''تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے میری فِراست کو غلط نہیں ہونے دیا۔'' پھر امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کے پاس ایک ہزار دینار بھیجے اور فرمایا: ''ان سے اپنی حاجات کو پورا کرلو۔'' ان کی زوجہ نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے ہمیں آپ کے کام کاج کرنے سے بے نیاز کر دیا۔'' حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے زوجہ سے فرمایا: ''کیاتم یہ پسند نہیں کرتی کہ ہم یہ دینار اسے دے دیں جو ہمیں سخت ضَرورت کے وقت لوٹا دے؟'' زوجہ نے عرض کی: ''ٹھیک ہے۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے گھر والوں میں سے ایک قابلِ اعتماد شخص کو بلایا اور دیناروں کو بہُت سی تھیلیوں میں ڈال کر فرمایا: ''یہ دینار فلاں خاندان کی بیواؤں، فلاں خاندان کے یتیموں، فُلاں خاندان کے مسکینوں اور فلاں خاندان کے مصیبت زدوں کو دے آؤ۔'' تھوڑے سے دینار بچ گئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی زوجہ سے فرمایا: ''یہ اپنی ضَروریات میں خرچ کرلو۔'' پھر اپنے کاموں میں مشغول ہو گئے۔ کچھ دنوں بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ نے عرض کی: ''آپ ہمارے لئے کوئی خادم کیوں نہیں خرید لاتے؟ اور مال کے بارے میں بھی پوچھا۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''وہ مال تمہیں (آخرت میں) سخت ضَرورت کے وقت مل جائے گا۔'' (1)

## بِلا حساب جنّت میں داخلہ:

﴿825﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن سَابِط جُمَحِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قبیلۂ بنو جُمَح کے ایک شخص حضرتِ سیِّدُنا سعید بن عامر بن

2 ......صفة الصفوة، الرقم ٨٣ سعيد بن عامر بن حِذْيَم، ج ١، ص ٣٣٧.



www.dawateislami.net

حِذْیَم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بلا کر فرمایا: ''میں آپ کو فلاں فلاں علاقے کا گورنر بنانا چاہتا ہوں۔'' انہوں نے عرض کی: ''یا امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! مجھے اس آزمائش میں نہ ڈالئے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا تم نے امارت کا وزن میرے سر ڈال دیا اور مجھے تنہا چھوڑ دیا۔'' پھر امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا میں آپ کے لئے کوئی وظیفہ مُقرّر کر دوں؟'' حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے اتنا عطا فرمایا ہے کہ اس سے کم مجھے کفایت کرتا ہے میں اس سے زیادہ نہیں چاہتا۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جو وظیفہ ملتا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھر کا راشن خریدنے کے بعد بقیہ صَدَقَہ کر دیتے تو زوجہ پوچھتی: ''بقیہ رقم کہاں ہے؟'' فرماتے: ''میں نے قرض دے دیا ہے۔'' کچھ لوگ نے ان کے پاس آ کر کہا: ''آپ کے گھر والوں اور سسرال والوں کا بھی آپ پر حق ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں ان کے حُقُوق ادا کرنے پر کسی کو ترجیح نہیں دیتا اور نہ حورِعین کی طَلَب میں کسی انسان کی رضا کا مُتَلاشی ہوں۔ اگر جنت کی ایک حور دنیا کی طرف جھانک لے تو ساری زمین آفتاب کی طرح چمکنے لگے اور میں جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے گروہ سے پیچھے نہیں رہنا چاہتا۔ میں نے حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اِرشاد فرماتے سنا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تمام لوگوں کو حِساب کے لئے جمع فرمائے گا تو غریب مسلمان جنّت کی طرف ایسے تیزی سے جائیں گے جیسے کبوتر پَر پھیلا کر اپنے گھونسلے کی طرف اترتا ہے۔ ان سے کہا جائے گا: ''ٹھہرو! پہلے حِساب دو۔'' تو وہ کہیں گے: ''ہمارے پاس تو کچھ بھی نہیں جس کا حِساب ہو۔'' ان کا پروردگار عَزَّوَجَلَّ فرمائے گا: ''میرے بندے سچ کہتے ہیں۔'' پھر ان کے لئے جنت کا دروازہ کھل جائے گا اور وہ دوسرے لوگوں سے 70 سال پہلے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔''

یہ الفاظ حضرت جَرِیْر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت کے ہیں جبکہ حضرت سیِّدُنا موسیٰ صغیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَبِیْر کی روایت میں اس طرح ہے کہ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خبر ملی کہ حضرت سیِّدُنا سعید بن عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مُشکِلات کا سامنا ہے یہاں تک کہ ان کے گھر میں آگ بھی نہیں جلتی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کی طرف کچھ مال بھیجا انہوں نے وہ سارا مال مُختَلِف تھیلیوں میں ڈالا اور آس پاس کے پڑوسیوں میں



www.dawateislami.net

صَدَقہ کردیا اور فرمایا: میں نے حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ”اگر کوئی حُور اپنی ایک اُنگلی ظاہر کردے تو ہر جاندار اس کی خوشبو پائے۔“ تو کیا میں تمہاری خاطر ان کو چھوڑ دوں؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اے دنیا کی عورتو! تم اس بات کے زیادہ لائق ہو کہ میں تمہیں ان حوروں کی خاطر چھوڑ دوں نہ کہ انہیں تمہاری خاطر۔“ (1)

# حضرت سَیِّدُنا عُمَیر بن سَعد رَضِیَ اللّٰہ تعالٰی عَنْہ

ہجرت میں سَبقت لے جانے والوں میں حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سَعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ عہد کی حفاظت کرتے، وعدہ پورا کرتے تھے۔ بہت ذہین تھے اور مزاج میں قدرے سختی تھی۔ بہترین گورنر اور رعایا پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حجت تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ”نَسِیْجُ وَحْدَہٗ“ یعنی صفاتِ محمودہ میں لاثانی و بے نظیر کہا جاتا ہے۔

## حِمْص کے گورنر کا تقرُّر:

﴾826﴿...... حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد انصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان فرماتے ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے حِمْص کا گورنر بنا کر بھیجا ایک سال گزر گیا لیکن میری کوئی خبر نہ آئی تو امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کاتِب سے فرمایا: ”عُمَیر کی طرف خط لکھو کہ جیسے ہی یہ خط تمہیں ملے فوراً میرے پاس چلے آؤ اور وہ سارا مال بھی لے آؤ جو تم نے مسلمانوں کے مالِ غنیمت سے جمع کر رکھا ہے۔“ خط پڑھتے ہی میں نے تھیلے میں اپنا زادِ راہ، پیالہ اور چمڑے کا ایک برتن رکھا، لاٹھی لی اور حِمْص سے پیدل سَفَر طے کر کے مدینۂ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا آ پہنچا۔

راوی بیان کرتے ہیں کہ جب آپ تشریف لائے تو آپ کا رنگ بدلا ہوا، چہرہ غبار آلود اور بال لمبے ہو چکے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام عرض کیا۔ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کا حال دریافت فرمایا تو انہوں نے عرض کی: ”آپ ملاحظہ فرما رہے

---

1 ...... صفة الصفوة، الرقم ۸۳ سعید بن عامر بن حِذْیَم، ج ۱، ص ۳۳۵۔
المعجم الکبیر، الحدیث: ۵۵۰۸/ ۵۵۱۰/ ۵۵۱۱، ج ۶، ص ۵۸


www.dawateislami.net

ہیں کہ میں صحت منداور پاک خون والا ہوں میرے ساتھ میری یہ دنیا ہے جسے یہاں تک کھینچ لایا ہوں۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''آپ کے ساتھ کیا ہے؟'' اور یہ گُمان کیا کہ یہ اپنے ساتھ مال لائے ہوں گے۔ حضرت سیِّدُ نا عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''میرے پاس میرا ایک تھیلا ہے اس میں میرا زادِراہ ایک پیالہ ہے جس میں، میں کھاتا ہوں اور اسی کے ذریعے اپنا سر اور کپڑے دھوتا ہوں اور ایک چمڑے کا برتن ہے جس میں وُضو کرنے اور پینے کا پانی رکھتا ہوں اس کے عِلاوہ ایک لاٹھی ہے جس پر سہارا لیتا ہوں اور اگر کوئی دشمن سامنے آ جائے تو اسی سے مُقابلہ کرتا ہوں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میری یہ متاع ہی میری دنیا ہے۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے استفسار فرمایا: ''آپ وہاں سے پیدل سَفَر کر کے آئے ہیں؟'' عرض کی: ''جی ہاں۔'' فرمایا: ''کیا وہاں ایسا کوئی نہیں تھا جو آپ کو سواری کے لئے جانور دیتا؟'' عرض کی: ''نہ انہوں نے ایسا کیا اور نہ میں نے ان سے اس کا مُطالَبہ کیا۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''وہ مسلمان کتنے بُرے ہیں جن کے پاس سے تم آئے ہو۔'' انہوں نے عرض کی: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈریئے اس نے غیبت کرنے سے مَنْع فرمایا ہے اور میں نے وہاں کے مسلمانوں کو صبح کی نماز ادا کرتے دیکھا ہے۔''

امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے تمہیں کہاں بھیجا تھا؟ اور تم نے کیا کیا ہے؟'' انہوں نے عرض کی: ''آپ کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟'' فرمایا: ''سبحان اللّٰہ! (یہ بطورِ تعجب کے کہا جاتا ہے)۔'' انہوں نے عرض کی: ''اگر مجھے اس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ میرے نہ بتانے سے آپ کو غم ہوگا تو میں نہ بتاتا۔ آپ نے جس شہر میں مجھے بھیجا میں نے وہاں پہنچ کر وہاں کے نیک لوگوں کو اکٹھا کیا اور اُنہیں مسلمانوں سے مالِ غنیمت جمع کرنے کی ذمہ داری سونپی جب وہ مال جمع کر لیا گیا تو میں نے سارے کا سارا صحیح مصرف پر خرچ کر دیا اگر اس میں امیر المؤمنین کا کوئی حصّہ بنتا تو میں ضرور آپ کے پاس لاتا۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''کیا تم ہمارے پاس کچھ نہیں لائے؟'' عرض کی: ''ہاں! میں کچھ نہیں لایا۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''عُمَیر بن سَعد کے لئے گورنری کا نیا عہد نامہ لکھ دو۔'' انہوں عرض کی: ''مجھے یہ عہدہ نہ تو آپ کی طرف سے قبول ہے اور نہ آپ کے بعد کسی اور سے قبول کروں گا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اس کے فتنے سے نہیں بچ سکتا بلکہ بچ نہیں سکا کیونکہ ایک


www.dawateislami.net

دن میں نے (اس عہدے کے سبب) ایک نصرانی سے کہا: اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے رُسوا کرے۔'' اے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! مَیں اس مُعَامَلہ میں آپ کی وجہ سے مبتلا ہوا اور میرا سب سے بُرا دن وہ تھا جس دن میں گورنر بنایا گیا تھا۔''

پھر حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جانے کی اجازت طَلَب کی اور اجازت ملنے پر اپنے گھر تشریف لے گئے جو مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا سے چند میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ ان کے چلے جانے کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے اندیشہ ہے کہ انہوں نے ہمارے ساتھ خیانت کی ہے۔''

چنانچہ، اس خیال سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حارِث نامی ایک شخص کو 100 دینار دے کر بھیجا اور فرمایا: ''عُمَیر بن سَعد کے ہاں جا کر بطورِ مہمان قیام کرو اگر ان کے گھر میں مال و دولت کی فراوانی دیکھو تو لوٹ آنا اور تنگی دیکھو تو یہ دینار دے آنا۔'' جب حارِث حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک دیوار سے ٹیک لگائے اپنی قمیص کو جوؤں سے صاف کر رہے ہیں۔ حارِث نے سلام عرض کیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جواب دینے کے بعد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تم پر رحم فرمائے! ہمارے ہاں رُک جاؤ۔'' حارث سواری سے اتر کر ان کے ہاں ٹھہر گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''کہاں سے آئے ہو؟'' کہا: ''مدینے سے۔'' پھر دریافت فرمایا: ''امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کس حال میں چھوڑا ہے؟'' عرض کی: ''اچھے حال میں چھوڑا ہے۔'' پوچھا: ''مسلمانوں کو کس حال میں چھوڑا؟'' عرض کی: ''وہ بھی اچھے حال میں ہیں۔'' پھر پوچھا: ''کیا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ شرعی حدود نافذ کرتے ہیں؟'' عرض کی: ''ہاں! یہاں تک کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو کسی قبیح فعل کی وجہ سے کوڑے لگائے جس کی تکلیف کی شدّت ان کے بیٹے سے برداشت نہ ہوسکی اور ان کا انتقال ہو گیا(1)۔'' یہ سن کر حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کی: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! عمر کی مدد فرما! میں ان کے بارے میں جانتا ہوں کہ وہ تجھ سے بہُت محبت کرتے ہیں۔''

(1)......امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صاحبزادے کی طرف کارِ بد کی نسبت غَلَط ہے جیسا کہ فقیہ مِلّت حضرت علامہ مفتی جلال الدین احمد امجدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القَوِی مجمع البحار کے حوالہ سے فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا عمر فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صاحبزادے جن کا نام عبد الرحمٰن اوسط اور کنیت ابو شحمہ ہے۔ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ۔ ان کی جانب شراب پینے اور زنا کرنے کی نسبت غَلَط ہے۔ صحیح یہ ہے کہ انہوں نے نبیذ پی تھی جس کے سبب نشہ ہو گیا تھا تو حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان پر حد قائم فرمائی۔ پھر وہ بیمار ہو کر انتقال فرما گئے۔ (فتاوی فیض الرسول، ج ۲، ص ۷۱۰)


www.dawateislami.net

راوی بیان کرتے ہیں کہ حارث نے حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہاں 3 دن قیام کیا۔ ان کے پاس صرف جَو کی ایک روٹی ہوتی جو وہ حارِث کو کھلا دیتے اور خود بھوکے رہتے۔ یہاں تک کہ جب فاقہ بہت زیادہ ہوگیا تو انہوں نے حارث سے فرمایا: ''ہم پر فاقے آ گئے ہیں اگر مناسب سمجھو تو کہیں اور چلے جاؤ'' حارث نے وہ دینار نکال کر دیئے اور عرض کی: ''امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ آپ کے لئے بھیجے ہیں ان سے اپنی ضروریات پوری کر لیں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بلند آواز سے کہا: ''مجھے ان کی حاجت نہیں۔'' اور وہ دینار واپس لوٹا دیئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ نے وہ دینار رکھ لینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ ''اگر ضرورت نہ پڑی تو کسی مُناسب جگہ پر خرچ فرما دیجئے گا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! انہیں رکھنے کے لئے بھی میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے۔'' زوجہ نے اپنی قمیص کا نیچے والا حصّہ پھاڑ کر دیا، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس میں دینار رکھ لئے پھر گھر سے باہر جا کر وہ سب کے سب شُہَدا اور فُقَرا کی اولادوں میں بانٹ آئے۔'' جب واپس لوٹے تو حارِث نے خیال کیا کہ مجھے بھی ان میں سے کچھ عطا کریں گے لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تو بالکل خالی ہاتھ تھے اور حارث سے فرمایا کہ ''امیر المؤمنین کو میرا اسلام عرض کیجئے گا۔'' جب حارِث امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں پہنچا تو انہوں نے اِستِفْسار فرمایا: ''تم نے کیا دیکھا؟'' عرض کی: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! میں نے انہیں سخت مُشکِل حالات میں دیکھا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دیناروں کے بارے میں دریافت کیا تو عرض کی: ''مجھے نہیں مَعلُوم کہ انہوں نے ان کا کیا کیا۔'' پھر امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خط لکھا کہ ''جیسے ہی آپ میرا خط پڑھیں فوراً میرے پاس چلے آئیں۔''

چنانچہ، حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے دیناروں کے مُتَعَلِّق اِسْتِفْسَار فرمایا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''میرے دل نے جو چاہا میں نے وہی کیا آپ ان کے مُتَعَلِّق کیوں پوچھ رہے ہیں؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تمہیں قسم دیتا ہوں مجھے ضرور بتاؤ کہ تم نے وہ کہاں صرف کئے ہیں؟'' حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''میں انہیں اپنے لئے آگے بھیج چکا ہوں۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ پر رحم فرمائے!'' پھر انہیں ایک وَسْق غلہ اور دو کپڑے دینے کا حکم دیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ کہتے ہوئے غلہ لینے سے انکار کر دیا کہ ''مجھے اس کی ضَرورت نہیں کیوں کہ میرے گھر میں دو صاع غلّہ موجود ہے جب وہ ختم ہوگا اللہ عَزَّوَجَلَّ مزید رزق عطا فرما دے گا اور کپڑے اس نیت سے لے لئے کہ اُمِّ فلاں کے پاس کپڑے نہیں ہیں اسے دے دوں گا۔'' پھر وہ کپڑے لے کر اپنے گھر لوٹ آئے اور کچھ ہی عرصے بعد ان کا اِنتقال ہو گیا، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ان پر رحمت ہو۔ جب امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ان کے انتقال کی خبر ملی تو انہیں بہُت صَدمہ ہوا اور بہُت سے لوگوں کے ہمراہ جنت البقیع تشریف لے گئے اور اپنے رُفقا سے فرمایا: ''تم میں سے ہر شخص اپنی خواہش و تمنا کا اِظہار کرے۔'' ایک نے کہا: ''یا امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس بہُت سا مال ہو اور میں اس کے ذریعے بہُت سے غلام خرید کر رضائے الٰہی کے لئے آزاد کر دوں۔'' دوسرے نے کہا: ''کاش! مجھے اتنی جسمانی طاقت مل جائے کہ میں آبِ زمزم کے ڈول نکال نکال کر حاجیوں کو پلاتا رہوں۔'' پھر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میری تمنا تو یہ ہے کہ میرے پاس عُمَیر بن سعد جیسا شخص ہوتا جس سے میں مسلمانوں کے مُخْتَلِف کاموں پر مدد لیتا۔'' (1)

## ایک غَلَط عقیدے کی تردید:

﴿827﴾......حضرت سیِّدُنا ابوطلحہ خَوْلانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہمارا فِلَسْطِین میں حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر جانا ہوا۔ انہیں ''نَسِیْجُ وَّحْدَہٗ'' یعنی صفاتِ محمودہ میں لاثانی و بے نظیر کے نام سے پکارا جاتا تھا یہ اس وقت کی بات ہے کہ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے گھر میں واقع ایک بڑی دکان پر تھے اور گھر میں پانی کا ایک پکا حوض بھی تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے غُلام سے فرمایا: ''گھوڑوں کو حوض پر لاؤ۔'' غُلام گھوڑے لے کر آیا تو دریافت فرمایا: ''فلاں گھوڑی کہاں ہے؟'' غُلام نے عرض کی: ''اسے خارش ہے جس کی وجہ سے اس کے بدن سے خون بہہ رہا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اسے بھی پانی پلانے کے لئے حوض پر

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۹، ج۱۵۔۱۷، ص ۵۱ تا ۵۳.



www.dawateislami.net

لاؤ۔'' غلام نے عرض کی: ''اس کی وجہ سے دوسرے گھوڑوں کو بھی خارش لگ جائے گی۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: اسے لے آؤ کیونکہ میں نے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اِرشاد فرماتے سنا ہے کہ ''نہ بیماری کا اُڑ کر لگنا ہے نہ پرندہ نہ اُلّو (1)۔'' تمہارا کیا خیال ہے کہ ایک اُونٹ صحرا میں ہوتا ہے اس کے سینہ کے اُبھار یا پیٹ کے نرم حصّہ پر خارش کا نکتہ ظاہر ہوتا ہے جو پہلے نہیں تھا تو اس کو پہلے کس نے بیماری لگائی ؟(2)

## مُصنِّف کتاب کا تبصِرہ:

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اس حدیث کے علاوہ حضرت سیِّدُنا عُمَیر بن سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی کوئی حدیث ہمارے عِلْم میں نہیں ہے۔''

# حضرت سَیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی عَنْہ

ہجرت میں سبقت لے جانے والے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پیچیدہ و مُشکِل مسائل کا جواب بھی انتہائی آسان انداز میں ارشاد فرما دیتے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی محبت سے سرشار اور سَیِّدُ الْمُسْلِمِیْن (یعنی مسلمانوں کے سردار) کے لقب سے مشہور تھے۔

---

1 ......حکیم الامت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس کے تحت فرماتے ہیں: ''اہلِ عَرب کا عقیدہ تھا کہ بیماریوں میں عقل و ہوش ہے جو بیمار کے پاس بیٹھے اسے بھی اس مریض کی بیماری لگ جاتی ہے وہ پاس بیٹھنے والے کو جانتی پہچانتی ہے یہاں اسی عقیدے کی تردید ہے موجودہ حکیم ڈاکٹر سات بیماریوں کو متعدی مانتے ہیں۔ جذام، خارش، چیچک، موتی جھرہ، منہ کی یا بغل کی بو، آشوب چشم، وبائی بیماریاں اس حدیث میں ان سب وہموں کو دفع فرمایا گیا ہے۔ (مرقات و اشعہ) اس معنٰی سے مرض کا اڑ کر لگنا باطل ہے مگر یہ ہوسکتا ہے کہ کسی بیمار کے پاس کی ہوا متعفن ہو اور جس کے جسم میں اس بیماری کا مادہ ہو وہ اس تَعَفُّن سے اثر لے کر بیمار ہو جاوے اس معنٰی سے تعدی ہوسکتی ہے اس بنا پر فرمایا گیا کہ جذامی سے بھاگو لہٰذا یہ حدیث ان احادیث کے خِلاف نہیں غرضیکہ عُدْوٰی یا تَعَدِّی اور چیز ہے کسی بیمار کے پاس بیٹھنے سے بیمار ہو جانا کچھ اور چیز ہے۔ اہلِ عرب کا خیال تھا کہ میت کی گلی ہڈیاں اُلّو بن کر آجاتی ہیں اور اُلّو جہاں بول جاوے وہاں ویرانہ ہو جاتا ہے۔ یہ عقیدہ غَلَط ہے بعض لوگ کہتے تھے کہ جس مقتول کا بدلہ نہ لیا جاوے اس کی روح اُلّو کی شکل میں آکر لوگوں سے کہتی ہے اُسْقُو، اُسْقُو مجھے پانی پلاؤ۔ یہ سب باطل خیالات ہیں۔ (مرآة المناجیح، ج٦، ص٢٥٦)

2 ......المسند لابی یعلی الموصلی، مسند عمیر بن سعد، الحدیث: ١٥٧٧، ج٢، ص١٠٠.


www.dawateislami.net

# سَیِّدُنا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مقام ومرتبہ

## سب سے زِیادہ عَظْمت والی آیت:

﴿828﴾......حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن رَباح اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُ نا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے فرمایا: ”اے ابومُنْذِر! (یہ حضرت سیِّدُ نا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کنیت ہے) تمہارے نزدیک قرآنِ پاک کی سب سے زِیادہ عَظْمت والی آیت کونسی ہے؟“ عرض کی: ”اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم زیادہ جانتے ہیں۔“ پھر فرمایا: ”اے ابومُنْذِر! تمہارے نزدیک قرآنِ پاک کی سب سے زیادہ عَظْمت والی آیت کونسی ہے؟“ تو انہوں نے عرض کی: ”سب سے زیادہ عَظْمت والی آیت: اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ (یعنی آیت الکرسی) ہے۔“ سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا: ”اے ابومُنْذِر! تمہیں علم مُبارک ہو۔“ (1)

## محبتِ الٰہی:

﴿829﴾......حضرت سیِّدُ نا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُ نا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ارشاد فرمایا کہ ”اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں قرآن سُناؤں۔“ انہوں نے عرض کی: ”کیا اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے میرا نام لے کر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو تلاوت کرنے کا حکم دیا ہے؟“ ارشاد فرمایا: ”ہاں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہارا نام لے کر حکم فرمایا ہے۔“ راوی کہتے ہیں: ”یہ سُن کر حضرت سیِّدُ نا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے رونا شُروع کر دیا۔“ (2)

﴿830﴾......حضرت سیِّدُ نا اُبَی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ”مجھے حکم ہوا ہے کہ میں تمہیں قرآن سکھاؤں۔“ میں نے عرض کی: ”کیا

---

1 ......صحیح مسلم، کتاب فضائل القرآن، باب فضل سورة الکھف وآیة الکرسی، الحدیث: ١٨٨٥، ص ٨٠٥.

2 ......صحیح مسلم، باب اِستِحباب قراءة القرآن......الخ، الحدیث: ١٨٦٤/١٨٦٥، ص ٨٠٣.



www.dawateislami.net

میرے پروردگار عَزَّوَجَلَّ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے میرا نام یاد فرمایا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں۔'' پھر یہ آیتِ کریمہ تلاوت فرمائی:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝۵۸ (پ ۱۱، یونس:۵۸)

ترجمۂ کنزالایمان: تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں وہ ان کے سب دھن دولت سے بہتر ہے۔ (1)

﴿831﴾......عبدالرحمٰن بن اَبزیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمَّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے فرمایا: ''مجھے حکمِ الٰہی ہوا ہے کہ میں تمہیں قرآن حکیم کی کوئی سُورت سناؤں۔'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے میرا نام لیا گیا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں۔'' راوی کہتے ہیں: ''میں نے ان سے کہا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اس سے بہت خوشی ہوئی ہوگی۔'' تو انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں۔ جبکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان ہے:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝۵۸ (پ ۱۱، یونس:۵۸)

ترجمۂ کنزالایمان: تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں وہ ان کے سب دھن دولت سے بہتر ہے۔ (2)

﴿832﴾......حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ نُور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''مجھے تم کو قران سنانے کا حکم دیا گیا ہے۔'' میں نے عرض کی: ''میں اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان لایا ہوں، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دستِ اَقدس پر اِسلام قبول کیا ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ہی علم حاصل کیا ہے۔'' حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دوبارہ یہی اِرشاد فرمایا تو میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم!

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، الحدیث:۲۱۱۹۴، ج۸، ص۲۳.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، الحدیث:۲۱۱۹۵ـ المستدرك، الحدیث:۵۳۷۶، ج۴، ص۳۵۸.



www.dawateislami.net

کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں میرا ذِکر کیا گیا ہے؟'' اِرشاد فرمایا: ''ہاں! تیرا نام ونسب عالم بالا میں ذکر کیا گیا ہے۔'' یہ سُن کر میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! پھر تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ضَرور تلاوت فرمائیں۔'' (1)

﴿833﴾...... حضرت سیِّدُنا سُلَیمان بن عامر مَرْوَزِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَلِی حضرت سیِّدُنا رَبِیع بن اَنَس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت سیِّدُنا ابو الْعَالِیَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے اورانہوں نے حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے قرآنِ پاک پڑھا اور حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''مجھے کہا گیا ہے کہ میں تمہارے سامنے قرآنِ پاک کی تلاوت کروں۔'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا وہاں میرا ذکر کیا گیا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں۔'' یہ سن کر حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رو پڑے۔ راوی کہتے ہیں: ''میں نہیں جانتا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خوشی کے مارے روئے یا ہیبت وجلال کی وجہ سے۔'' (2)

﴿834﴾...... حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن اَبی لیلیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں بارگاہِ رِسالت میں حاضر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا دستِ اَقدس میرے سینے پر مار کر فرمایا: ''میں تمہیں شک اور تکذیب سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ میں دیتا ہوں۔'' فرماتے ہیں: ''یہ سن کر میں پسینے سے شرابور ہو گیا اور میں نے محسوس کیا گویا کہ میں خوف وگھبراہٹ کی حالت میں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی طرف دیکھ رہا ہوں۔'' (3)

﴿835﴾...... حضرت سیِّدُنا قَیس بن عُباد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: مَیں حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی زیارت کی غرض سے مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا حاضر ہوا مجھے حضرت سیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملنے کا شوق بُہت زیادہ تھا۔ چنانچہ، میں مَسْجِد

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۵۳۹، ج۱، ص۲۰۰.

2 ......السنن الکبریٰ للنسائی، کتاب فضائل القرآن، باب ذکر قراء القرآن، الحدیث: ۷۹۹۸، ج۵، ص۸.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث سُلَیمان بن صُرَد، الحدیث: ۲۱۲۱۰، ج۸، ص۲۶۔
صحیح مسلم، کتاب فضائل القرآن، الحدیث: ۱۹۰۴، ص۸۰۶، مفھومًا.



www.dawateislami.net

کی پہلی صف میں جا کھڑا ہوا۔حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف لائے ، نماز پڑھائی اور پھر حدیث بیان فرمانے لگے۔میں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بات پرتوجہ دیتے لوگوں کی گردنیں آپ کی طرف اتنی دراز ہوتی دیکھیں کہ کسی چیز کی طرف اتنی دراز ہوتی نہیں دیکھیں۔میں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کوفرماتے سنا کہ ''ربِّ کَعبہ کی قسم!حُکَماء واُمَرا ہلاک ہوگئے۔'' یہ بات تین بار کہی پھر فرمایا:''وہ خود بھی ہَلاک ہوئے اور دوسروں کو بھی ہَلاک کیا بہرحال مجھے اِن پرنہیں بلکہ اُن پر اَفسوس ہے جنہوں نے مسلمانوں کو ہَلاک کیا۔'' (1)

﴿836﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس بن عُباد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں مسجد کی پہلی صف میں تھا کہ ایک شخص نے مجھے پیچھے سے پکڑ کر کھینچا اور خود میری جگہ کھڑا ہوگیا۔سلام پھیر کر جب وہ میری طرف متوجہ ہوا تو وہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تھے۔انہوں نے مجھ سے فرمایا:''اے نوجوان! اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے رنج نہ دے!ہمیں مَدَنی سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دربار سے یہ تاکید ہے۔'' پھر قبلہ رُو ہوکر فرمایا:''ربِّ کَعبہ کی قسم!اُمَرا وسلاطین ہَلاک ہوگئے۔'' یہ بات تین بار کہی پھر فرمایا:''مجھے ان پر نہیں بلکہ اِن لوگوں پر اَفسوس ہے جنہوں نے لوگوں کو گمراہ کیا۔'' (2)

## خَشیَتِ الٰہی سے رونے کی فضیلت:

﴿837﴾......حضرت سیِّدُنا ابوالعالیہ رَفیع بن مِہران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْمَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا:''صراطِ مُستَقیم اور سنَّتِ مصطفٰی پر قائم رہنے کو اپنے او پر لازِم کرلو کیونکہ جو بھی بندہ صراطِ مُستَقیم اور سنت رسول پر گامزن رہتا ہے اور ذِکْرُ اللّٰہ کرتے وقت اس کی آنکھیں خوفِ خُدا سے آنسو بہاتی ہیں اسے آگ نہیں چُھو سکتی اور جو بندہ صراطِ مستقیم اور سنتِ مصطفٰی پر قائم رہتے ہوئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتا ہے اور خوف سے اس کا بدن کانپنے لگتا ہے تو ایسے شخص کی مثال اس درخت جیسی ہے جس کے پتے خشک ہو چکے ہوں اور تیز ہوا کے جھونکوں سے جھڑ جاتے ہوں تو جس طرح اس درخت کے پتے جھڑتے ہیں اسی طرح اس شخص کے گناہ جھڑ جاتے ہیں۔راہِ خُدا اور سنّت مصطفٰی میں میانہ روی اختیار کرنا ان کے خِلاف محنت وکوشش کرنے سے بہتر ہے۔لہٰذا تم اپنے

1 ......مسند ابی داؤد الطیالسی، احادیث اُبی بن کَعب، الحدیث:٥٥٥،ص ٧٥.

2 ......سنن النسائی، کتاب الامامة، باب من یلی الامام ثم الذی یلیه، الحدیث:٨٠٩،ص ٢١٣٩.


www.dawateislami.net

اَعمال کا جائزہ لو خواہ وہ میانہ روی سے ہوں یا محنت وکوشش سے، بہر حال وہ اَنبیائے کرام عَلَیۡهِمُ الصَّلٰوۃُوَالسَّلَام کے طریقے اور ان کی سنّت کے مطابق ہونے چاہئیں۔'' (1)

﴿838﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو العالیہ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُ نا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے نصیحت کی درخواست کی تو انہوں نے فرمایا: ''قرآن کریم کو اپنا امام وپیشوا بنالو اور اس کے قاضی وحاکم ہونے (یعنی اس کے فیصلوں اور اَحکام) پر راضی رہو کیونکہ یہی وہ چیز ہے جسے تمہارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تم میں اپنا جانشین مُقرَّر فرمایا ہے۔ یہ ایسا شَفیع ہے جس کی شَفاعت مقبول ہے اور ایسا شاہد ہے جس پر کوئی الزام نہیں۔ اس میں تمہارا اور تم سے پہلے کی امتوں کا بیان ہے۔ یہ کتاب تمہارے درمیان حاکم ہے۔ اس میں تمہارے اور تم سے بعد والوں کے اَحوال بھی بیان کئے گئے ہیں۔'' (2)

﴿839﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو العالیہ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے اس آیت کے بارے میں: قُلۡ هُوَ الۡقَادِرُ عَلٰۤی اَنۡ یَّبۡعَثَ عَلَیۡكُمۡ عَذَابًا مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ (پ۷، الانعام: ٦٥)
ترجمۂ کنز الایمان: تم فرماؤ وہ قادر ہے کہ تم پر عذاب بھیجے تمہارے اُوپر سے۔ فرمایا: ''اس میں عذاب سے 4 چیزیں مراد ہیں جو سب کی سب عذابِ الٰہی ہیں اور ان سب کا واقع ہونا یقینی طور پر ثابت ہے۔ چنانچہ، حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وصالِ ظاہری کے 25 سال بعد 2 چیزیں تو واقع ہو چکی ہیں ان میں ایک یہ کہ لوگ مُختلِف گروہوں میں بٹ گئے جبکہ دوسری چیز لوگوں کے درمیان جھگڑوں کا عام ہونا ہے اور 2 چیزوں کا وُقوع ابھی باقی ہے اور یقیناً وہ ضرور واقع ہوں گی زمین میں دھنسنا اور آسمان سے پتھر برسنا۔'' (3)

﴿840﴾......حضرت سیِّدُ نا عبید بن عُمَیر رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا: ''جو بندہ رضائے الٰہی کے لئے کسی چیز کو ترک کر دیتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے بدلے اس سے

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، باب ما قالوا فی البکاء من خشیة اللّٰه، الحدیث:٥، ج٨، ص٢٩٧۔
الزهد لابن المبارك، ماروا ه نعیم بن حماد فی نسخته زائدا، باب فی لزوم السنة، الحدیث:٨٧، ص٢١.

2 ......سیر اعلام النبلاء، الرقم ٨٧ اُبَیُّ بن کَعب بن قَیس، ج٣، ص٢٤٥.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی العالیة الریاحی، الحدیث:٢١٢٨٥، ج٨، ص٤٦.



www.dawateislami.net

بہتر چیز اسے عطا فرماتا ہے جس کا اسے گمان تک نہیں ہوتا اور جو کسی کو حقیر اور معمولی جان کر بے احتیاطی سے اس میں ہاتھ ڈالتا ہے اور غلط طریقے سے اسے حاصل کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ایسی سختی وتنگی میں مُبْتَلا فرماتا ہے جس کا اسے خیال تک نہیں ہوتا۔‘‘ (1)

﴿841﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ’’حُضُور نبی مُکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے زمانے میں ہم متحد تھے لیکن بعد میں ہمارے درمیان اتحاد نہ رہا۔‘‘ (2)

﴿842﴾......حضرت سیِّدُنا عُتَیّ بن ضَمْرَہ رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ’’حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے زمانے میں ہم متحد تھے لیکن اب اتحاد واتفاق نہیں رہا۔‘‘

## دُنیا کی مثال:

﴿843﴾......حضرت سیِّدُنا حَسن بَصرِی رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْه نے ارشاد فرمایا: ’’سنو! دنیا کی مثال ابنِ آدم کے کھانے کی طرح ہے جس کا ذائقہ نمک اور مَسالے سے بنتا ہے۔‘‘ (3)

﴿844﴾......حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ’’بے شک دُنیا کی مثال ابن آدم کے کھانے سے بیان کی گئی ہے تو تم دیکھو کہ وہ نمک مصالحے والا کھانا آدمی کے پیٹ سے کیا بن کے نکلتا ہے اور یہ مَعْلُوم ہے کہ کھانا کیا بن جاتا ہے۔‘‘ (4)

---

1 ......الزهدلهنادبن السری، باب الورع، الحديث: ۹۳۷، ج۲، ص۴٦٦.

2 ......سنن ابن ماجه، ابواب الجنائز، باب ذکر وفاته ودفنه صلی الله عليه وسلم، الحديث: ۱٦۳۳، ص۲۵۷٤.

3 ......مسندابی داود الطيالسی، احاديث اُبَیّ بن کَعْب، الحديث: ۵٤۸، ص۷٤.

4 ......المعجم الکبير، الحديث: ۵۳۱، ج۱، ص۱۹۸.



www.dawateislami.net

# سَیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ کے اِرشادات

## مصیبت پر صبر کرنے کی فضیلت:

﴿845﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم بن مُرَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: ''اے ابومُنذِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! قرآنِ کریم کی ایک آیت نے مجھے بہت غمزدہ کر دیا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دریافت فرمایا: ''وہ کون سی آیت ہے جس نے تمہیں غمگین کر دیا ہے؟'' اس نے کہا: وہ یہ آیتِ مبارکہ ہے:

مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِهٖ (پ٥، النساء:١٢٣) ترجمۂ کنزالایمان: جو برائی کرے گا اس کا بدلہ پائے گا۔

حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بندۂ مومن کو جب کوئی مصیبت پہنچتی ہے اور وہ اس پر صبر کرتا ہے تو وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اس حال میں ملے گا کہ اس پر کوئی گناہ نہ ہوگا۔''(1)

﴿846﴾......حضرت سیِّدُنا عُتَی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: حضرت سیِّدُنا آدم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام دراز قد تھے اور ان کے سینے پر کھجور کے پرانے درخت کی طرح بہت زیادہ بال تھے۔ (جن سے ان کا ستر چھپا ہوا تھا) جب آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے لغزش سرزد ہوئی تو وہ سب بال جھڑ گئے جس کی وجہ سے آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام جنّت میں بھاگنے لگے کہ اچانک ایک درخت میں آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کا سر اُلجھ گیا، آپ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس سے فرمایا: ''مجھے چھوڑ دے۔'' درخت نے عرض کی: ''آپ کو چھوڑنے کا مجھے حکم نہیں ہے۔'' اتنے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: ''اے آدم! کیا تو مجھ سے بھاگ رہا ہے؟'' عرض کی: ''اے میرے پروردگار عَزَّوَجَلَّ! مجھے تجھ سے حیا آرہی ہے۔''(2)

## مومن کے خصائل وفضائل:

﴿847﴾......حضرت سیِّدُنا ابوالعالیہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ

---

1 ......الزھد لھناد بن السری، باب الصبر علی البلاء، الحدیث:٣٩٧، ج١، ص٢٣٥.

2 ......المستدرك، کتاب التفسیر، البقرۃ، باب خلق اللّٰہ آدم عَلَیْہِ السَّلَام......الخ، الحدیث:٣٠٩٢، ج٢، ص٦٥٠، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مومن میں یہ 4 خصلتیں ہوتی ہیں: (۱) مصیبت میں مُبْتَلا ہوتا ہے تو صَبْر کرتا ہے۔ (۲) نعمت پاتا ہے تو شکرادا کرتا ہے۔ (۳) بات کرتا ہے تو سچ بولتا ہے۔ (۴) فیصلہ کرتا ہے تو انصاف کرتا ہے۔ چنانچہ، وہ نور کی 5 چیزوں میں اُلٹ پُلٹ ہوتا رہتا ہے جس کے بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا: نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ؕ (پ۱۸، النور:۳۵)

ترجمۂ کنزالایمان: نور پر نور ہے۔

لہٰذا مومن کا کَلام نور، عِلم نور، اس کے نکلنے اور داخل ہونے کا مقام نور اور قیامت کے دن اسے نور ہی کی طرف پھرنا ہے۔ جبکہ کافران 5 ظُلْمتوں میں بھٹکتا ہے۔ چنانچہ، اس کا کلام ظُلْمت، عَمل ظُلْمت، اس کے داخل ہونے اور نکلنے کی جگہ ظلمت اور اسے قیامت کے دن تاریکیوں کی طرف ہی پلٹنا ہے۔'' (1)

## سونے کا پہاڑ:

﴿848﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن حارِث بن نَوفَل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ قلعۂ حسّان کے سائے میں کھڑا تھا، اس وقت لوگ فروٹ منڈی میں خرید وفروخت میں مشغول تھے۔ حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دیکھ رہے ہو لوگ دُنیا کی طَلَب میں کس طرح مصروف ہیں؟'' میں نے عرض کی: ''جی ہاں۔'' پھر فرمایا: میں نے حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''عنقریب دریائے فرات سونے کا ایک پہاڑ ظاہر کرے گا لوگ جونہی اس کے بارے میں سنیں گے فوراً اس کی طرف دوڑیں گے وہاں کے لوگ کہیں گے کہ اگر ہم ان کا راستہ کھلا چھوڑ دیں تو یہ سونے کا سارا پہاڑ لے جائیں گے اور اس میں سے کچھ بھی نہ چھوڑیں گے۔ بس پھر اس پر لوگوں میں قتلِ عام شُروع ہوجائے گا اور ہر 100 میں سے 99 آدمی مارے جائیں گے۔'' (2)

---

1 ......تفسیرالطبری، سورۃ النور، تحت الآیۃ ۳۵، الحدیث: ۲۶۱۰۳، ج۹، ص ۳۲۳۔
المستدرك، کتاب التفسیر، سورۃ النور، باب أحوال أنوار المؤمنین و ......الخ، الحدیث: ۳۵۶۲، ج۳، ص ۱۶٤.

2 ......صحیح مسلم کتاب الفتن، باب لا تقوم الساعۃ......الخ، الحدیث: ۷۲۷۶، ص ۱۱۷۹۔
المسندللامام احمدبن حنبل، حدیث عبداللہ بن الحارث، الحدیث: ۲۱۳۱۹، ج۸، ص ۵۶۔
سیراعلام النبلاء، الرقم ۸۷ اُبَیّ بن کَعْب، ج۳، ص ۲٤۵.


www.dawateislami.net

## بخار کی فضیلت:

﴿849﴾......حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں عرض کی کہ ''بخار کا اجر وثواب کیا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''جب تک بخار میں مُبتَلا شخص کے پاؤں لڑکھڑاتے رہتے ہیں اور وہ پسینے میں شرابُور رہتا ہے اسے نیکیاں ملتی رہتی ہیں۔'' یہ سن کر میں نے بارگاہِ الٰہی میں دُعا کی: ''اے پرورد گار عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ایسے بخار کا سوال کرتا ہوں جو مجھے تیری راہ میں جہاد کرنے، تیرے گھر کا حج کرنے اور نماز باجماعت کے لئے مَسْجِدِ نبوی میں جانے سے رُکاوٹ نہ بنے۔'' راوی کہتے ہیں: ''آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی یہ دُعا ایسی مقبول ہوئی کہ اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کو ہر وقت بخار ہی رہتا تھا۔'' (1)

## ریاکاری کی تباہ کاری:

﴿850﴾......حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ دوعالم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اس امت کو بلندیٔ رُتبہ، نُصرت ومَدَد اور غَلَبہ وقُدرت کی خوشخبری دو اور جو شخص کوئی دینی کام دنیا کے حصول کے لئے کرے گا اسے آخرت میں اس کا کوئی اجر نہیں دیا جائے گا۔'' (2)

﴿851﴾......حضرت سیِّدُنا طُفَیل بن اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب ایک چوتھائی رات گزر جاتی تو حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم فرمایا کرتے: ''اے لوگو! اللہ عَزَّوَجَلَّ کو یاد کرو، تھر تھرانے والی، اس کے پیچھے آنے والی آ رہی ہے اور موت اپنی تمام تر تکالیف کو ساتھ لئے آ رہی ہے۔'' یہ بات آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تین مرتبہ فرمایا کرتے تھے۔'' (3)

﴿852﴾......حضرت سیِّدُنا اُبی بن کَعب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا میں تمہیں وہ کَلِمات نہ سکھاؤں جو مجھے جبرائیل عَلَیْہِ السَّلَام نے سکھائے

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ٥٤٠، ج١، ص٢٠٠.

(2)......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی العالیة الریاحی، الحدیث: ٢١٢٨١، ج٨، ص٤٥.

(3)......المستدرک، کتاب التفسیر، الأحزاب، باب أکثروا علیّ الصلاة فی یوم الجمعة، الحدیث: ٣٦٣١، ج٣، ص١٩٨۔
جامع الترمذی، ابواب صفة القیامة، باب فی الترغیب فی ذکر اللہ......الخ، الحدیث: ٢٤٥٧، ص١٨٩٩.


www.dawateislami.net

ہیں؟''میں نے عرض کی:''جی ہاں!یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔''ارشادفرمایا:''اس طرح کہو:''اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَایَایَ وَعَمْدِیْ وَھَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَلَاتَحْرِمْنِیْ مِنْ بَرَکَۃِ مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا تُفْتِنِّیْ فِیْمَاحَرَّمْتَنِیْ یعنی اے اللہ عَزَّوَجَلَّ !جوگناہ میں نے بھول کریاجان بوجھ کر،مذاق میں یاسنجیدہ رہ کرکئے سب معاف فرمااور مجھے اپنی نعمتوں کی بَرَکات سے محروم نہ فرمااوراپنی حرام کردہ چیزوں کے فتنوں سے بچا۔''(1)

# حضرتِ سَیِّدُنااَبُومُوسٰی اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ

مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں حضرت سیدنا ابوموسٰی عبداللہ بن قَیس بن حَضار اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ باعمل مُعَلِّم،خوش اِلحان قاریٔ قرآن تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ میدانِ گھڑدوڑ کے شہسوار تھے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اَحْکام ومسائل کے بڑے عالم تھے۔محبت و مشاہدہ کی وادیوں میں سرگرداں رہتے،تاریک راتوں میں خوش اِلحانی کے ساتھ قیام میں قرآن مجید کی تِلاوت فرماتے اورطویل دنوں میں گرمی کی شدّت کے باوجودروزے رکھاکرتے تھے۔

صوفیائے کرام رَحِمَھُمُ اللّٰہُ السَّلَام فرماتے ہیں:سرگرداں دل کی ہرپژمردگی کودائمی عزّت کی چراگاہوں میں عزت بخشنے کانام تَصَوُّف ہے۔''

﴿853﴾......حضرت سَیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سَیِّدُنا ابوموسٰی اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ سرکارِمدینہ،قرارِقلب وسینہ،باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں اورحضرت سَیِّدُنا مُعاذ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کویمن بھیجااوریہ حکم ارشادفرمایاکہ وہاں لوگوں کوقرآن کریم کی تعلیم دیں۔''(2)

﴿854﴾......حضرت سَیِّدُنا ابورَجاء عُطَارِدِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں:''حضرت سَیِّدُنا ابوموسٰی اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بصرہ کی اس مَسْجِد میں ہمارے پاس تشریف لاتے اورہمارے ساتھ حلقوں میں تشریف فرماہوتے تھے۔گویامیں اِس وقت بھی اِنہیں مُلاحَظہ کررہاہوں کہ 2 سفید چادروں میں ملبوس مجھے قرآن مجید پڑھارہے ہیں اور

(1)......المعجم الاوسط،الحدیث:۷۱۱۰،ج۵،ص۲۱۴.

(2)......المسندللامام احمدبن حنبل،حدیث ابی موسی الاشعری،الحدیث:۱۹۵۶۱،ج۷،ص۱۳۴.



www.dawateislami.net

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ہی میں نے قرآنِ پاک کی یہ سورت یاد کی ہے۔ یہ کہہ کرآپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ آیت تلاوت کی:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَۚ۝۱ ترجمۂ کنزالایمان: پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ (پ ۳۰،العلق:۱)

حضرت سیِّدُنا ابورَجاء عَلَیْہِ رَحْمَۃُ رَبِّ الْعُلَاء فرماتے ہیں حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر سب سے پہلے یہی سورت نازل ہوئی۔''[1]

﴿855﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعامر خَزَّاز رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدُنا حسن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تمہارے پاس بھیجا ہے تاکہ میں تمہیں قرآن سکھاؤں اور تمہارے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا طریقہ بتاؤں اور تمہارے طور طریقے ستھرے کروں۔''[2]

﴿856﴾......حضرت سیِّدُنا ابواَسود رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قُرَّاء کو جمع کیا اور فرمایا: ''جنہیں پورا قرآن مجید یاد ہے صرف وہ میرے پاس آئیں۔'' راوی بیان کرتے ہیں: ''ہم تقریباً 300 قُرَّاء ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے ہمیں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: ''تم لوگ اس شہر کے قُرَّاء ہو کہیں زیادہ مدت گزرنے کی وجہ سے اہلِ کتاب کی طرح تمہارے دل سخت نہ ہوجائیں۔ بے شک ایک سورت نازل کی گئی تھی جسے ہم شدت وطوالت میں سورۂ براءت سے تشبیہ دیتے تھے۔ مجھے اس میں سے یہ ایک بات یاد ہے کہ اگر ابنِ آدم کے لئے سونے کی دو وادیاں ہوں تو وہ پھر بھی تیسری کی تلاش میں رہتا ہے اور ابن آدم کا پیٹ تو صرف (قبر کی) مٹی ہی بھر سکتی ہے۔ اسی طرح ایک اور سورت نازل ہوئی تھی جسے ہم مُسَبِّحَات[3] یعنی جو

1 ......المستدرك، كتاب التفسير، باب اول ﴿ اقرأ باسم ربك الذى خلق﴾، الحديث: ۲۹۲۷، ج۲، ص ۵۹۲، بتغيرٍ.

2 ......سنن الدارمى، المقدمة، باب البلاغ عن رسول اللّٰه ﷺ وتعليم السنن، الحديث: ۵۶۰، ج۱، ص ۱۴۹.

3 ......حکیم الامت مولانا مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان مُسَبِّحَات کی شرح میں فرماتے ہیں: ''یعنی جن سورتوں کے اوّل میں سَبَّحَ یا یُسَبِّحُ یا سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ یا سُبْحٰنَ ہے یہ سورتیں کل سات ہیں سورۂ اَسْرَاء، حَدِیْد، حَشْر، صَف، جُمُعَہ، تَغَابُن، اَعْلٰی۔ مرقات۔'' (مراۃ المناجیح، ج۳، ص۲۴۷)


www.dawateislami.net

سورتیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تسبیح سے شُروع ہوتی ہیں ان سے مشابہ قرار دیتے تھے۔ مجھے اس میں سے یہ بات یاد ہے کہ اے ایمان والو! جو تم خود نہیں کرتے وہ دوسروں کو کیوں کہتے ہو تمہاری گردنوں میں شہادت لکھ دی جائے گی پھر قیامت کے دن تم سے اس کے بارے میں سوال ہوگا۔'' (1)

## عَظْمتِ قرآن:

﴿857﴾......حضرت سیِّدُنا ابو کِنَانہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان لوگوں کو جمع کیا جو قرآنِ پاک پڑھ چکے تھے ان کی تعداد تقریباً 300 تھی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کے سامنے قرآنِ مجید کی عُظْمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''بے شک یہ قرآنِ مجید تمہارے لئے اَجروثواب کا ذَرِیعہ ہے لیکن یہ تم پر بوجھ بھی بن سکتا ہے۔ اس لئے تم قرآن مجید کی اتباع کرو۔ اسے اپنا تابع نہ بناؤ۔ کیونکہ جو قرآن مجید کی اتباع کرتا ہے قرآنِ پاک اسے جنت کے باغات میں پہنچا دیتا ہے اور جو قرآن مجید کو اپنا تابع بناتا ہے قرآنِ پاک اسے گدی کے بل جہنم میں دھکیل دیتا ہے۔'' (2)

﴿858﴾......حضرت سیِّدُنا بُرَیْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ اَکرم، رَسُولِ مُعَظَّم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کو بلند آواز سے قرآنِ مجید پڑھتے سنا تو اِرشاد فرمایا: ''اسے آلِ داؤد کی خوش آوازی سے حصہ ملا ہے۔'' حضرت سیِّدُنا بُرَیْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کہتے ہیں: یہ بات میں نے حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بتائی تو انہیں نے کہا: ''جب سے آپ نے مجھے حضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی یہ بات بتائی ہے تب سے آپ میرے دوست ہیں۔'' (3)

﴿859﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی موسٰی، الحدیث: ١١، ج٨، ص٢٠٤۔
صحیح مسلم، کتاب الزکاة، باب لوأن لابن آدم وادیین لابتغی ثالثا، الحدیث: ٢٤١٩، ص٨٤٣.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی موسٰی، الحدیث: ٩، ج٨، ص ٢٠٤۔
فضائل القرآن للفریابی، باب فی فضل القرآن وقرائته، الحدیث: ١٩، ص٢١.

3 ......سنن النسائی، کتاب الافتتاح، باب تزیین القرآن بالصوت، الحدیث: ١٠٢٢، ص٢١٥٣۔
المسندللامام احمدبن حنبل، حدیث بریدة الاسلمی، الحدیث: ٢٣٠١٣/٢٣٠٩٥، ج٩، ص١٠تا٢٩.



www.dawateislami.net

روایت کرتے ہیں کہ ایک رات سرکارِنامدار، شہنشاہِ ابرار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ام المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا کے ساتھ حضرتِ سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر کے پاس سے گزرے۔ اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے گھر میں قرآنِ مجید کی تِلاوت کررہے تھے۔ دونوں مُبارَک ہستیاں ان کی قراءت سننے کے لئے وہاں ٹھہر گئے، پھر کچھ دیر بعد گھر تشریف لے گئے۔ صُبْح جب حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابوموسیٰ! گذشتہ رات میں تمہارے گھر کے پاس سے گزرا میرے ساتھ عائشہ بھی تھیں اس وقت تم اپنے گھر میں قرآن مجید کی تِلاوت کررہے تھے، ہم دونوں تمہاری قراءت سننے کے لئے ٹھہر گئے۔'' حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اگر مجھے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی موجودگی کا علم ہوتا تو میں اور زیادہ خوبصورت آواز سے تِلاوت کرتا۔'' (1)

﴿860﴾...... حضرت سیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ابوموسیٰ کو آلِ داوٗد کی خوش آوازی سے حصّہ دیا گیا ہے۔'' (2)

﴿861﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوسَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے فرمایا کرتے: ''ہمیں ہمارے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ کا کلام سناؤ۔'' تو وہ قرآن مجید کی تِلاوت کرتے۔ (3)

﴿862﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوعثمان نَہدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہمیں صُبْح کی نماز پڑھاتے تھے۔ ان کی آواز اتنی سریلی اور دِلکش تھی کہ سِتار اور جھانجھ (ایک قسم کے باجے) کی آواز بھی ایسی نہ تھی۔'' (4)

---

1 ...... مسند ابی یعلی الموصلی، حدیث ابی موسیٰ الاَشْعَرِی، الحدیث:٧٢٤٢، ج٦، ص٢٢١.

2 ...... کتاب الضعفاء للعقیلی، باب السین، الرقم٥٧٦، سعیدبن زربی، ج٢، ص٤٦٨.

3 ...... المصنف لعبد الرزاق، کتاب الصلاۃ، باب حسن الصوت، الحدیث:٤١٩٢، ج٢، ص٣٢١.

4 ...... الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم٣٦٧ ابوموسیٰ الاَشْعَرِی، ج٤، ص ٨١۔
الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، الرقم١٤٦٩ عبد الرحمن بن ملّ، ج٢، ص٣٩٥.


www.dawateislami.net

﴿863﴾......حضرت سیِّدُ نامَسْرُوق رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ہم چند افراد ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے ساتھ کسی سفر پر تھے، رات ہم نے حَرْث کے باغ میں پڑاؤ کیا۔ وہاں حضرت سیِّدُ نا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ رات کو اُٹھ کر نماز پڑھنے لگے۔ اس کے بعد حضرت سیِّدُ نامَسْرُوق رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ نے حضرت سیِّدُ نا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی حسنِ آواز وحسنِ قراءَت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا دورانِ تِلاوت جس مضمون پر سے گزر ہوتا اسے تِلاوت کرنے کے بعد کہتے: ''اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْکَ السَّلَامُ وَ اَنْتَ الْمُؤْمِنُ تُحِبُّ الْمُؤْمِنَ وَاَنْتَ الْمُھَیْمِنُ تُحِبُّ الْمُھَیْمِنَ وَاَنْتَ الصَّادِقُ تُحِبُّ الصَّادِقَ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تو سلامتی والا ہے اور سلامتی تیری ہی طرف سے ہے، تو امن دیتا اور مؤمن سے محبت کرتا ہے۔ تو نگہبان ہے اور نگہبان کو پسند کرتا ہے۔ تو سچا ہے اور سچے سے محبت کرتا ہے۔'' (1)

﴿864﴾......حضرت سیِّدُ نا اَنَس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ہم ایک سفر میں حضرت ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کے ساتھ تھے۔ ایک مقام پر انہوں نے لوگوں کو آپس میں باتیں کرتے سنا پھر اچانک ایک آواز سنی تو فرمایا: ''اے اَنَس! مجھے کیا ہو گیا ہے؟ آؤ! ہم اپنے پروردگار عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کرتے ہیں۔ کیا بعید ان میں سے کوئی جھوٹا اِلزام لگا رہا ہو۔'' پھر فرمایا: ''اے اَنَس! کس چیز نے لوگوں کو آخرت کی طَلَب سے بے رغبت کر دیا ہے اور کس چیز نے انہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی اطاعت سے روک رکھا ہے؟'' میں نے عرض کی: ''خواہشات اور شیطان نے انہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے غافل کر رکھا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بخدا! ایسا نہیں ہے بلکہ ان کی غَفْلَت کی وجہ یہ ہے کہ دنیا جلد سونپ دی گئی ہے اور آخرت کو مؤخر رکھا گیا ہے۔ اگر یہ لوگ آخرت کے مُعَامَلات کا مشاہدہ کر لیتے تو دنیا کی طرف مائل ہو کر آخرت سے غافل نہ ہوتے۔'' (2)

﴿865﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوبُرْدَہ بن ابوموسیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُ نا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے مجھ سے فرمایا: ''اے بیٹے! اگر تم ہمیں حُضُورِ اَنور صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے زمانے میں دیکھتے تو بارش کی وجہ سے ہمارے لباس کی بو کو بھیڑوں کی بو کی مثل خیال کرتے۔'' (3)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی موسٰی، الحدیث: ٤، ج٨، ص٢٠٣.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، باب أخبار عبد اللہ بن عمر، الحدیث: ١٠٩٩، ص٢١٥.

3 ......سنن ابن ماجه، کتاب اللباس، باب لبس الصوف، الحدیث: ٣٥٦٢، ص٢٦٩١.



www.dawateislami.net

﴿866﴾...... حضرت سیِّدُنا قتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''ایک مرتبہ حضرت ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خبر ملی کہ کچھ لوگوں کو جُمُعہ کی حاضری سے یہ بات روکے ہوئے ہے کہ ان کو اس قدر لباس مُیَسَّر نہیں ہے جسے پہن کر وہ جُمُعہ کی نماز میں حاضر ہوسکیں۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جبہ (اسے چوغہ بھی کہتے ہیں۔ یعنی: بغیر آستینوں کے ایسا لباس جو اوپر سے پہنا جاتا ہے) پہن کر تشریف لائے اور لوگوں کو نماز پڑھائی۔'' (1)

﴿867﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''70 اَنْبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے رَوْحاء سے صَخْرَہ تک برہنہ پا، جبہ پہنے ہوئے سَفَر کیا۔'' (2)

﴿868﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ایک مرتبہ ہم حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ ایک غزوہ کے لئے نکلے، ہم 6 آدمی تھے جو ایک دوسرے کے پیچھے تھے۔ بہت زیادہ چلنے کی وجہ سے ہمارے پاؤں زخمی ہوگئے تھے۔ جس کی وجہ سے میرے پاؤں کے ناخن نکل گئے۔ چنانچہ، ہم حفاظت کی غرض سے پاؤں پر کپڑوں کے ٹکڑے لپیٹتے تھے۔ اسی وجہ سے اس کو غَزْوَہ ذاتُ الرِّقاع کہا جاتا ہے کیونکہ ہم نے اپنے پاؤں پر کپڑوں کے ٹکڑے باندھ رکھے تھے۔'' حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ بات بیان کرنے کے بعد فرمایا: ''میں تمہیں یہ بات بیان نہیں کرنا چاہتا تھا۔'' گویا وہ اپنے کسی عمل کو ظاہر کرنا پسند نہیں کرتے تھے اور آخر میں فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی جزا دینے والا ہے۔'' (3)

## غیبی آواز:

﴿869﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ایک مرتبہ ہم کسی جنگ میں شرکت کے لئے سَمُنْدری سفر پر تھے، ہوا بُہت خوشگوار تھی اور ہمارا بادبان (یعنی کشتی

(1)...... الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٣٦٧ ابو موسیٰ الاَشعَرِی، ج٤، ص٨٤، بدون "فصلی بالناس".

(2)...... مسند ابی یعلی الموصلی، حدیث ابی موسیٰ الاَشعَرِی، الحدیث: ٧٢٣٤، ج٦، ص٢١٩.

(3)...... صحیح مسلم، کتاب الجهاد، باب غزوة ذات الرقاع، الحدیث: ٤٦٩٩، ص١٠٠٤.


www.dawateislami.net

کی رفتار تیز کرنے اوراس کا رخ موڑنے کے لئے لگایا جانے والا کپڑا) بلند تھا، ہم نے کسی کو یہ نداء دیتے سنا کہ ''اے کشتی والو! ٹھہرو! میں تمہیں ایک خبر سناتا ہوں۔'' حتی کہ اس نے پے در پے 7 مرتبہ یہ آواز لگائی۔ تو میں نے کشتی کے اگلے کنارے پر کھڑے ہو کر پکارا: ''تم کون ہو اور کہاں ہو؟ کیا تم نہیں دیکھ رہے کہ ہم کس حالت میں ہیں اور رُکنے کی طاقت نہیں رکھتے؟'' جواباً آواز آئی کہ ''کیا میں ایسے فیصلہ کے بارے میں نہ بتاؤں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے ذمہ لے رکھا ہے؟'' میں نے کہا: ''کیوں نہیں! بتاؤ۔'' اس نے کہا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فیصلہ کرلیا ہے کہ جو شخص سخت گرمی کے دن اپنے آپ کو میری رضا کے لئے پیاسا رکھے گا تو مجھ پر حق ہے کہ اسے قیامت کے دن سیراب کروں۔''

حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''اس کے بعد حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایسے شدید گرمی کے دن کی تلاش میں رہتے تھے کہ جس میں گرمی کی وجہ سے انسان کی جان نکلتی ہو اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خاص اس دن بھی روزہ رکھتے۔'' (1)

## پیکرِ شرم وحیا:

﴿870﴾......حضرت سیِّدُنا ابومِجْلَز رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے حیا کی وجہ سے بہت زِیادہ تاریک جگہ میں غُسل کرتا ہوں اور سیدھا کھڑا ہونے سے پہلے کپڑے پہن لیتا ہوں۔'' (2)

﴿871﴾......حضرت سیِّدُنا سعید بن ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اشعری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: ''انسان اس دُنیا میں زندہ رہ کر صرف کسی پریشان کُن آفت ومصیبت یا کسی فتنہ کا انتظار کرتا ہے۔'' (3)

## مال کا وبال:

﴿872﴾......حضرت سیِّدُنا ابووائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ

1 ......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الھواتف، الحدیث: ۱۳، ج۲، ص۴۳۹.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث: ۱۱۰۰، ص۲۱۵.

3 ......الزھد لابن المبارک، باب التحضیض علی طاعة اللہ، الحدیث: ۵، ص۳.


www.dawateislami.net

تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''درہم ودینار نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کر دیا اور یہ تمہیں بھی ہلاکت میں ڈال دیں گے۔'' (1)

﴿873﴾......حضرت سیِّدُنا غُنَیم بن قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دل کو اس کے بار بار اُلٹنے پلٹنے کی وجہ سے قلب کا نام دیا گیا ہے اور دِل کی مثال اس پَر کی طرح ہے جو کسی کھلے میدان میں پڑا ہو (اور ہوا اسے اِدھر اُدھر پھینک رہی ہو)۔'' (2)

## رونے کا عذاب:

﴿874﴾......حضرت سیِّدُنا قسامہ بن زُہَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ بصرہ میں حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہمیں خُطْبَہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اے لوگو! رویا کرو اور اگر رونا نہ آئے تو رونے جیسی صورت بنالیا کرو کیونکہ (نافرمانیوں کے سبب جہنم میں جانے والے) جہنمی اتنا روئیں گے کہ روتے روتے ان کے آنسو ختم ہو جائیں گے۔ بالآخر وہ خون کے آنسو رونا شُروع کر دیں گے اور اس قدر آنسو بہائیں گے کہ اگر ان کے آنسوؤں میں کشتیاں چھوڑی جائیں تو چلنے لگیں۔'' (3)

﴿875﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک جہنمی جہنم میں اس قدر روئیں گے کہ اگر ان کے آنسوؤں میں کشتیاں چلائی جائیں تو چلنے لگیں اور آنسو ختم ہو جانے کے بعد خون کے آنسو روئیں گے اور ان کی ایسی حالت ہوگی کہ اسے یاد کر کے رونا چاہئے۔'' (4)

﴿876﴾......حضرت سیِّدُنا عُتبہ بن غَزْوان رِقَاشِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھ سے فرمایا: ''تمہاری آنکھ کیوں سُوجی ہوئی ہے؟'' میں نے عرض کی: ''ایک مرتبہ لشکر کے کسی آدمی کی لونڈی پر میری نگاہ پڑی تو میں نے ایک نظر اسے دیکھ لیا۔ جب مجھے خیال آیا تو میں نے اس آنکھ پر ایک طمانچہ دے مارا جس کی وجہ سے میری یہ آنکھ سوج گئی اور اس کی یہ حالت ہوگئی جسے آپ مُلاحَظہ فرما رہے ہیں۔''

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی موسٰی، الحدیث: ١، ج٨، ص٢٠٣.

2 ......مسندابن الجعد، شعبة عن سعیدبن إیاس الجریری، الحدیث: ١٤٥٠، ص٢١٩.

3 ......الزھدللامام احمدبن حنبل، أخبارعبدالله بن عمر، الحدیث: ١١٠٣، ص٢١٥.

4 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب ذکر النار، ماذکرفیماأعدلأھل النار وشدّته، الحدیث: ١٥، ج٨، ص٩٤.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اپنے پروردگار عَزَّوَجَلَّ سے اِسْتِغْفَار کرو! تم نے اپنی آنکھ پر ظُلم کیا ہے کیونکہ پہلی بار نظر پڑ جانا مُعاف ہے جبکہ دوبارہ دیکھنا جائز نہیں۔'' (1)

﴾877﴿......حضرت سیِّدُنا ابوظَبْیَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْمَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْـہ نے فرمایا: ''بے شک قیامت کے دن سورج لوگوں کے سروں پر رہ کر آگ برسا رہا ہوگا اور ان کے اَعمال ان کے لئے سائے کا ذَرِیعہ بنیں گے یا دھوپ ہی میں جلنے دیں گے۔'' (2)

## خُدائے ستّار کی شانِ ستّارِی:

﴾878﴿......حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک بندے کو لایا جائے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے اور لوگوں کے درمیان پردہ حائل فرمادے گا پھر وہ بندہ بھلائی دیکھ کر کہے گا: ''نیکیاں قبول کر لی گئیں۔'' اور برائیاں دیکھے گا تو کہے گا: ''بُرائیاں مُعاف کر دی گئیں۔'' لہٰذا بندہ بھلائی و بُرائی سے بے نیاز ہو کر سجدہ میں گر جائے گا۔ اسے دیکھ کر ساری مخلوق پکار اُٹھے گی: ''خوشخبری ہے اس کے لئے جس نے کبھی کوئی بُرائی نہیں کی۔'' (3)

## نیک و بد کا اَنجام:

﴾879﴿......حضرت سیِّدُنا شَقِیْق رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: جب مومن کی روح قبض کی جاتی ہے تو وہ مشک سے بھی زیادہ خوشبودار ہوتی ہے۔ روح قبض کرنے والے فرشتے اسے لے کر آسمانوں کی طرف چڑھتے ہیں تو آسمان سے پہلے انہیں کچھ اور فِرِشتے ملتے ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں: ''یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟'' وہ کہتے ہیں: ''یہ فلاں ہے۔'' اور اس کے اَچھے اَعمال کا تذکرہ کرتے ہیں۔ فِرِشتے کہتے ہیں: ''اللہ عَـزَّوَجَلَّ کی تم پر اور جو تمہارے ساتھ ہے اس پر سلامتی ہو۔'' اس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اس کا چہرہ چمک اٹھتا ہے۔ پھر وہ اپنے پَروَردگار عَـزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں اس طرح حاضر ہوتا ہے کہ اس کا

---

1 ......كتاب الثقات لابن حبان، كتاب التابعين، باب العين، الرقم ٣١١٣ عتبة بن غزوان، ج ٢، ص ٤٠٧.

2 ......المصنف لابن ابى شيبة، كتاب الزهد، كلام ابى موسى، الحديث: ٣، ج ٨، ص ٢٠٣.

3 ......البعث والنشور للبيهقى، باب قول الله تعالى: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ......الآية، الحديث: ٥٢، ج ١، ص ٥٥.



www.dawateislami.net

چہرہ سورج کی طرح روشن ہوتا ہے۔ پھر ایک دوسرے بندے کی رُوح نکالی جاتی ہے۔ وہ مُردار سے بھی زیادہ بدبودار ہوتی ہے۔ رُوح قبض کرنے والے فرشتے اسے آسمان کی طرف لے جاتے ہیں آسمان تک پہنچنے سے پہلے انہیں کچھ اور فرِشتے ملتے ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں: ''یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟'' وہ جواب دیتے ہیں: ''یہ فُلاں ہے۔'' اور اس کے بُرے اَعمال کا ذکر کرتے ہیں۔ فرِشتے کہتے ہیں: ''اسے واپس لے جاؤ اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس پر کچھ ظُلم نہیں کیا۔''

اس کے بعد حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی:

وَلَا یَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّۃَ حَتّٰی یَلِجَ الۡجَمَلُ فِیۡ سَمِّ الۡخِیَاطِ ؕ (پ۸،الاعراف:۴۰)

ترجمہ کنزالایمان: اور نہ وہ جنت میں داخل ہوں جب تک سوئی کے ناکے اونٹ نہ داخل ہو۔'' (1)

## قبر کی دو حالتیں:

﴿880﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحّاک بن عبدالرحمٰن بن عَرزَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بوقتِ وفات اپنے بیٹوں کو بلا کر فرمایا: ''جاؤ! قبر کھودو! اسے کشادہ اور گہرا رکھنا۔'' کچھ دیر بعد انہوں نے حاضر ہو کر عرض کی: ''ہم نے قبر کھود دی ہے اور اسے خوب کشادہ اور گہرا رکھا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! قبر 2 ٹھکانوں (یعنی جنّت کا باغ یا جَہَنَّم کے گڑھے) میں سے ایک ضَرور بنے گی یا تو میری قبر مجھ پر کُشادہ کر دی جائے گی یہاں تک کہ ہر طرف سے 40،40 گز تک وسیع ہو جائے گی۔ پھر میرے لئے جنّت کا ایک دروازہ کھولا جائے گا۔ میں اس میں اپنی بیویاں، محلات اور جو عزّت وکرامت اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میرے لئے تیار کی ہے اس کا نظارہ کروں گا۔ پھر میں اپنے ٹھکانے کی طرف اس طرح جاؤں گا جس طرح دُنیا میں اپنے گھر کی طرف آتا ہوں اور پھر دوبارہ اٹھائے جانے تک مجھے جنّت کی ہوائیں وخوشبوئیں پہنچتی رہیں گی۔ لیکن اگر میرا ٹھکانہ دوسرا (یعنی جَہَنَّم کا گڑھا) ہوا ہم اس سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتے ہیں تو میری قبر مجھ پر تنگ کر دی جائے گی حتّٰی کہ نیزے کی نچلی نوک سے بھی زیادہ تنگ ہو جائے گی۔ پھر میرے لئے جَہَنَّم کا دروازہ کھول دیا جائے گا۔ میں اس میں زنجیروں، طوقوں اور رسیوں کو دیکھوں گا۔ پھر میں جَہَنَّم میں اپنے ٹھکانہ کی طرف اس طرح جاؤں گا جس طرح دُنیا میں اپنے گھر کی

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی موسی، الحدیث:۵، ج۸، ص۲۰۳.



www.dawateislami.net

طرف لوٹتا ہوں اور پھر دوبارہ اٹھائے جانے تک مجھے اس کی تپش اور گرمی پہنچتی رہے گی۔‘‘ (1)

## روٹی والا عبادت گزار:

﴿881﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو اپنے بیٹوں سے فرمایا: ’’اے میرے بیٹو! روٹی والے کو یاد کرو! یہ ایک آدمی تھا جو ایک جھونپڑی میں عبادت کیا کرتا تھا۔‘‘ راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا تھا کہ ’’وہ 70 سال تک عبادت کرتا رہا۔ ہفتے میں صرف ایک دن جھونپڑی سے باہر آتا تھا۔ اسی طرح ایک بار جب وہ اپنی جھونپڑی سے نکلا تو شیطان نے اسے ایک عورت کے فتنے میں مُبْتَلا کردیا، وہ عابد 7 دن یا 7 راتیں اس عورت کے ساتھ رہا۔ پھر ایک دم اس کی آنکھوں سے غَفْلَت کا پردہ ہٹا اور وہ توبہ کرتا ہوا وہاں سے نکلا۔ اب وہ قدم قدم پر سجدے کرتا نوافل پڑھتا اور یوں چلتے چلتے ایک رات اس نے ایک چبوترے پر پناہ لی۔ وہاں پہلے ہی 12 مسکین رہتے تھے۔ چونکہ یہ بُہت تھک چکا تھا اس لئے اس نے 2 آدمیوں کے درمیان جگہ پاکر اپنے آپ کو ان کے درمیان گرادیا۔ وہاں ایک راہب رہتا تھا جو اِن 12 مسکینوں کو ہر رات روٹیاں بھیجتا تھا اور ہر مسکین کو ایک روٹی ملتی۔ حسب معمول آج بھی روٹیاں دینے والا آیا اور اس نے سب کو ایک ایک روٹی دینا شُروع کی، جب وہ اس توبہ کرنے والے کے پاس سے گزرا تو اسے بھی ان مساکین میں شامل سمجھ کر ایک روٹی دے دی۔ جس کی وجہ سے ایک مسکین روٹی سے محروم رہ گیا تو اس نے روٹیوں والے سے کہا: کیا بات ہے تم نے میرے حصے کی روٹی مجھے نہیں دی؟ تم مجھ سے بے پرواہ کیوں ہوگئے ہو؟ روٹی والے نے کہا: تیرا خیال ہے کہ میں نے تمہارے حصّے کی روٹی تم سے روک لی ہے؟ اِن سے پوچھو کہیں میں نے کسی کو دو روٹیاں تو نہیں دے دیں؟ سب نے کہا: نہیں۔ تو اس روٹی والے نے کہا: تو سمجھتا ہے کہ میں نے تمہاری روٹی روک رکھی ہے؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آج رات میں تمہیں کچھ بھی نہیں دوں گا۔ اس عبادت گزار تائب نے جب یہ دیکھا تو اسے اس مسکین پر ترس آیا اور اس نے لی ہوئی روٹی اس کو دے دی اور خود بھوکا رہا اور صبح تک بھوک کی تاب نہ لا کر وفات پا گیا۔‘‘

(1)......صفة الصفوة، الرقم ٦٠ ابو موسى الاَشْعَرِي، ج ١، ص ٢٨٦۔

تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، الرقم ٣٤٦١ عبدالله بن قیس المعروف ابو موسیٰ الاَشْعَرِي، ج ٣٢، ص ٩٨۔



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''اس کے 70 سالوں کا وزن 7 راتوں سے کیا گیا تو وہ 7 راتیں غالب آگئیں پھر ان 7 راتوں کا اس ایک روٹی سے وزن کیا گیا جو اس نے مسکین کو دے دی تھی تو وہ روٹی ان 7 راتوں پر غالب آگئی (اور اس کو بخش دیا گیا)۔'' اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے میرے بیٹو! اس روٹی والے کو یاد رکھنا۔'' (1)

## دِل کی مثال:

﴿882﴾......حضرت سیِّدُنا ابوکَبْشَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دل کے اُلٹنے پلٹنے کی وجہ سے اسے قلب کہا جاتا ہے اور دل کی مثال اس پَر جیسی ہے جو خالی زمین میں کسی درخت کے ساتھ مُعَلَّق (یعنی لٹکا) ہو اور ہوا اسے کبھی اُلٹا کر دیتی ہے اور کبھی سیدھا۔'' (2)

## دُگنا اجر و ثواب:

﴿883﴾......حضرت سیِّدُنا اَزْھَر بن عبداللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا ابوموسیٰ اَشْعَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حِمْص میں یُوحَنَّا کے گرجا میں نماز ادا کی پھر گرجا سے باہر تشریف لائے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد و ثناء کے بعد فرمایا: ''اے لوگو! تمہارے اس زمانے میں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے عمل کرتا ہے اس کو ایک اَجر ملتا ہے اور تمہارے بعد جلد ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے عمل کرنے والے کو 2 اَجر ملیں گے۔'' (3)

# حضرت سَیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابویَعْلٰی شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فُضُول باتوں سے اِجْتِنَاب کرتے۔ بامعنیٰ و بامراد ایسا سَہْل کلام کرتے جو با آسانی سمجھ لیا جاتا۔ وَرَع و تقویٰ، گریہ و زاری اور عاجزی و اِنکساری جیسی عمدہ صفات سے مُتَّصِف تھے۔

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب ذکر رحمة اللّٰہ، ما ذکر فی سعة رحمة اللّٰہ، الحدیث: ۱٤، ج۸، ص۱۰۷.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابی موسٰی، الحدیث: ۷، ج۸، ص۲۰٤.

3 ......الأوسط لابن المنذر، کتاب طھارات الأبدان والثیاب، باب ذکر الصلاة......الخ، الحدیث: ۷٥۲، ج۳، ص۲٤.



www.dawateislami.net

## جہنم کا خوف:

﴿884﴾......حضرت سیِّدُنا اَسد بن وَدَاعَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب سونے کے لئے بستر پر تشریف لے جاتے تو نیند نہ آنے کی وجہ سے کروٹیں بدلتے رہتے اور بارگاہِ خداوندی میں عرض کرتے: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! جہنم کے خوف نے میری نیندیں اُڑادی ہیں۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بستر سے اُٹھتے اور صُبح تک عبادت میں مصروف رہتے۔'' (1)

## آخرت کے بیٹے بنو:

﴿885﴾......حضرت سیِّدُنا زِیاد بن ماھک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم لوگوں نے بھلائی اور بُرائی کے صرف اسباب ہی دیکھے ہیں۔ ساری خوبیاں اپنے کناروں سمیت جنت میں ہیں اور ساری بُرائیاں کناروں سمیت جہنم میں ہیں۔ دنیا، موجودہ سامان ہے (2) جس سے نیک وبدسب کھاتے ہیں اور آخرت ایک سچا وعدہ ہے جس میں قُدرت والا بادشاہ فیصلہ فرمائے گا۔ ان دونوں میں سے ہر ایک کے بچے ہیں (3)۔ لہٰذا تم آخرت کے بیٹے بنو نہ کہ دُنیا کے۔''

## صاحبِ عِلم وحِلم:

حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بعض لوگوں کو علم عطا کیا جاتا ہے لیکن انہیں حِلم نہیں دیا جاتا جبکہ حضرت ابویعلٰی شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو علم بھی عطا کیا گیا ہے اور حِلم سے بھی نوازا گیا ہے۔'' (4)

---

1 ......صفة الصفوة، الرقم ١٠٣ شداد بن اوس، ج١، ص ٣٦٠.

2 ......حکیم الامت مولانا مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''قرآن مجید میں دُنیا کو مَتاع فرمایا گیا ہے، حدیث شریف میں عرض، لیکن دونوں کے معنیٰ ہیں سامان، چونکہ دنیا کو چھوڑ کر انسان چلا جاتا ہے، دوسرے آکر اسے برتتے ہیں اس لئے اسے متاع یا عرض کہتے ہیں، زمین نے سب کو کھالیا، زمین کو کسی نے نہ کھایا، حاضر بمعنی نقد، یعنی ادھار کا مقابل دنیاوی کام کرو، تو زندگی میں اس کا نَفع نُقصان مل جاتا ہے، مگر آخرت کے کام کی جزاوسزا بعد قیامت، یہ بڑا ہی اُدھار ہے جو برزخ وقیامت گزار کر وُصول ہوتا ہے۔'' (مرآۃ المناجیح، ج٧، ص٤٧)

3 ......یہاں بچوں سے مراد تابع، محکوم، زیرِ فرمان لوگ ہیں۔ (مرآۃ المناجیح، ج٧، ص٤٥)

4 ......صفة الصفوة، الرقم ١٠٣ شداد بن اوس، ج١، ص ٣٦٠۔

المعجم الکبیر، الحدیث: ٧١٥٨، ج٧، ص٢٨٨، بتغیر.



www.dawateislami.net

﴿886﴾......حضرت سیِّدُ نا شَدَّ ادبن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''اے لوگو! دنیا، موجودہ سامان ہے جس سے نیک وبد سب کھاتے ہیں اور آخرت ایک سچا وعدہ ہے جس میں قدرت والا بادشاہ فیصلہ فرمائے گا۔ اس دن سچ کو سچ اور جھوٹ کو جھوٹ کر دکھائے گا۔ لہٰذا تم آخرت کی اولاد بنو نہ کہ دنیا کی کیونکہ ہر بچہ اپنی ماں کے پیچھے ہوتا ہے۔'' (1)

﴿887﴾......حضرت سیِّدُ نا شَدَّ ادبن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سابِقہ روایت کی مثل روایت بیان کی۔ البتہ! اس میں اتنا زائد ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''خبردار! تم اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے رہو، عَمَل کیا کرو اور جان لو کہ تم اپنے اَعمال پر پیش کئے جاؤ گے اور تمہیں ضرور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے۔ تو جو ذرّہ بھر بھلائی کرے اسے دیکھے گا اور جو ذرّہ (2) بھر بُرائی کرے اسے دیکھے گا۔'' (3)

## فقیہ الامت:

﴿888﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو یَزِیْد غَوْثی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہر اُمت کا ایک فقیہ ہوتا ہے اور اس اُمت کے فقیہ حضرت شَدَّ ادبن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' (4)

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۱۵۸، ج۷، ص۲۸۸.

(2)......ذرّہ سے مراد یا توریت کا ذرّہ ہے، یا چھوٹی چیونٹی، اس ''فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ ۝ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ۝'' (پ۳۰، الزلزال: ۷، ۸) ترجمۂ کنزالایمان: تو جو ایک ذرّہ بھر بھلائی کرے اسے دیکھے گا اور جو ایک ذرّہ بھر بُرائی کرے اسے دیکھے گا۔'' آیتِ کریمہ کی تحقیق یہ ہے کہ ''مَن'' سے مراد یا تو صرف مسلمان ہیں، اور خَیر سے مراد وہ نیکی ہے جو ضبط نہ ہو چکی ہو، اور شَر سے مراد وہ گناہ ہے جو مُعاف نہ ہو چکا ہو۔ اور دیکھنے سے مراد ہے اس کی سزا و جزا بھگتنا، یعنی اے مسلمان تجھ کو ذرّہ بھر نیکی کی جزا اور ذرہ بھر گناہ کی سزا ملے گی۔ بشرطیکہ نیکی ضبط نہ ہوئی ہو، گناہ مُعاف نہ ہوا ہو، یا ''مَن'' سے مراد ہر انسان ہے مومن ہو یا کافر اور دیکھنے سے مراد ہے اپنے اَعمال کو آنکھ سے دیکھ لینا، سزا جزا ہو یا نہ ہو یعنی ہر انسان اپنے ہر عمل کو اپنی آنکھوں سے دیکھے گا کہ مومن کو اس کے گناہ دِکھا کر مُعاف کئے جائیں گے کافر کو اس کی نیکیاں دِکھا کر ضبط کی جائیں۔ لہٰذا یہ آیت نہ معافی کی آیات و احادیث کے خِلاف ہے، نہ ضبطیٔ اَعمال کی آیات کے خِلاف۔ (مرآۃ المناجیح، ج۷، ص۴۷)

(3)......السنن الکبریٰ للبیھقی، کتاب الجمعة، الحدیث: ۵۸۰۸، ج۳، ص۳۰۶.

(4)......صفة الصفوة، الرقم ۱۰۳ شدادبن اوس، ج۱، ص۳۶۰.



www.dawateislami.net

## کبھی فضول بات نہیں کی:

﴿889﴾......حضرت سیِّدُ نا ثابِت بُنَانِی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت سیِّدُ نا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے ایک رفیق سے فرمایا: ''دستر خوان لاؤ اس سے تھوڑا جی بہلالیں۔'' رفیق نے عرض کی: ''میں جب سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی صُحبت میں ہوں کبھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے اس طرح کی بات نہیں سنی؟'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے جُدا ہونے کے بعد کبھی کوئی بے مقصد بات میری زبان سے نہیں نکلی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آئندہ بھی کوئی فُضول بات میری زبان سے نہیں نکلے گی۔'' (1)

## ایک جامع دُعا:

﴿890﴾......حضرت سیِّدُ نا سلیمان بن موسیٰ رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت سیِّدُ نا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دستر خوان لاؤ اس سے تھوڑا جی بہلالیں۔'' راوی کہتے ہیں: لوگوں نے اس بات پر ان کا مُؤاخذہ کیا اور کسی نے کہا: ''ابویعلی (یعنی حضرت شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کو دیکھو! یہ کیسی بات کرتے ہیں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے میرے بھتیجو! جب سے میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دستِ اَقْدَس پر بَیْعَت کی ہے اس کے سوا کبھی کوئی بے مقصد وفُضول بات اپنی زبان سے نہیں نکالی۔ آئیں میں آپ کو ایک حدیث سناتا ہوں۔ فُضول باتوں کو چھوڑو اور اس سے بہتر بات (یعنی رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سکھائی ہوئی دُعا) لے لو: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْاَلُکَ التَّثَبُّتَ فِی الْاَمْرِ وَنَسْاَلُکَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَنَسْاَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَنَسْاَلُکَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَنَسْاَلُکَ خَیْرَ مَا تَعْلَمُ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! ہم تجھ سے ہر کام میں ثابت قدمی، ہدایت میں پختگی، شکرِ نعمت، حُسنِ عبادت، قلبِ سلیم اور سچی زبان کا سوال کرتے ہیں اور ہر اس خیر و بھلائی کا سوال کرتے ہیں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس برائی و شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں جسے تو جانتا ہے۔ (پھر فرمایا:) پس اس دُعا کو یاد کرلو اور فُضول بات پر دھیان نہ دو۔'' (2)

(1)......صفة الصفوة، الرقم ١٠٣ شداد بن اوس، ج١، ص ٣٦٠.

(2)......جامع الترمذی، کتاب الدعوات، باب منه دعاء: اللّٰهم إنی أسألك......الخ، الحدیث: ٣٤٠٧، ص ٢٠٠٢، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

﴿891﴾......حضرت سیِّدُ ناحسّان بن عَطِیّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ ناشَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ایک جگہ پڑاؤڈالا اورفرمایا: ''دَسترخوان لاؤ تاکہ ہم اس سے دِل بہلالیں۔'' ایک شخص نے عرض کی: ''اے ابویعلٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ! آپ نے یہ کیسی بات کردی؟'' لوگوں کو یہ بات ناگوار گزری تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں جب سے اسلام لایا ہوں کبھی کوئی فُضُول بات نہیں کی صرف یہ کَلِمہ زَبان سے نکل گیا تم اسے چھوڑ دو اور اس بات کو یاد کرلو جو میں تم سے کہنے لگا ہوں اور وہ یہ کہ میں نے حُضُور نبیِّ رحمت، شَفِیْعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اِرشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''لوگ سونا و چاندی جَمع کرنے لگیں تو تم ان کَلِمات کو پڑھ کر ذَخِیرہ کرلو: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَۃَ عَلَی الرُّشْدِ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ہر کام میں ثابت قدمی اور ہدایت میں پختگی کا سوال کرتا ہوں۔'' اس کے بعد سابِقہ روایت میں ذِکر کردہ دُعا بیان کی۔ البتہ! اس میں اتنا زائد ہے: ''وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْب یعنی: اے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ! میں اپنے ان گناہوں کی بخشش کا سوال کرتا ہوں جنہیں تو جانتا ہے۔ بے شک تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے۔'' (1)

﴿892﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو عُبَیدُاللہ مُسْلِم بن مِشْکَم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت سیِّدُ ناشَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ نکلے ''مَرْجُ صُفَّر'' کے مقام پر ہم نے پڑاؤ ڈالا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دسترخوان لاؤ تاکہ ہم اس سے دل بہلالیں۔'' کسی نے عرض کی: ''اے ابویعلٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ! آپ نے یہ کیسی بات کردی؟'' گویا لوگ آپ کی وہ بات یاد کرنے لگے تو فرمایا: تم اسے چھوڑ دو اور اس بات کو یاد کرلو جو میں تم سے کہنے لگا ہوں اور وہ یہ کہ میں نے حُضُور نبیِّ رحمت، شَفِیْعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''لوگ سونا چاندی جمع کرنے لگیں تو تم ان کَلِمات کو پڑھ کر ذخیرہ کرلو: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ہر کام میں ثابت قدمی کا سوال کرتا ہوں۔'' اس کے بعد سابِقہ روایت کی مثل حدیث بیان کی۔'' (2)

﴿893﴾......حضرت سیِّدُ ناشَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

1......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث شداد بن اوس، الحدیث:١٧١١٣، ج٦، ص٧٦.

2......الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب الرقائق، باب الادعیۃ، الحدیث:٩٣١، ج٢، ص١٤٣.



www.dawateislami.net

نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''اے شدّاد! جب تم لوگوں کو سونا چاندی جمع کرتے پاؤ تو تم ان کَلِمات کا ذخیرہ کر لینا (یعنی ان کا وِرد کرنا): اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الۡاَمۡرِ وَالۡعَزِیۡمَۃَ عَلَی الرُّشۡدِ وَاَسۡاَلُکَ مُوۡجِبَاتِ رَحۡمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغۡفِرَتِکَ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ہر کام میں ثابت قدمی اور رُشد و ہدایت میں پختگی کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے تیری رحمت کے اَسباب اور تیری مَغْفِرت کے عزائم کا سوال کرتا ہوں۔'' اس کے بعد سابِقہ روایت کی مثل بیان کیا۔ (1)

﴿894﴾...... حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیٔ دوجہاں صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بارگاہِ ربُ العزّت میں اس طرح دُعا کیا کرتے: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الۡاَمۡرِ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے ہر کام میں ثابت قدمی کا سوال کرتا ہوں۔'' اس کے بعد سابِقہ روایت کی مثل بیان کیا۔ (2)

﴿895﴾...... حضرت سیِّدُنا محمد بن عبد اللّٰہ شُعَیْثی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا شَدَّاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجاہدین کے ہمراہ نکلے، کچھ لوگوں نے انہیں دسترخوان پر آنے کی دعوت دی تو انہوں نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحْبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دستِ اَقدس پر بَیْعَت کرنے سے پہلے کی میری عادت ہے کہ کھانا کھانے سے پہلے یہ معلوم کرتا ہوں کہ کھانا کہاں سے آیا ہے۔ لیکن اب میرے پاس ایک تحفہ ہے اور وہ یہ کہ میں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''جب تم لوگوں کو سونا چاندی جمع کرتے دیکھو تو یہ کَلِمات کہو: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الۡاَمۡرِ وَعَزِیۡمَۃَ الرُّشۡدِ وَاَسۡاَلُکَ شُکۡرَ نِعۡمَتِکَ وَحُسۡنَ عِبَادَتِکَ وَاَسۡاَلُکَ قَلۡبًا تَقِیًّا وَّ لِسَانًا صَادِقًا نَقِیًّا یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں تجھ سے تمام کاموں میں ثابت قدمی، ہدایت میں پختگی، شکرِ نعمت، حسنِ عبادت، متقی دل اور صاف ستھری و سچی زبان کا سوال کرتا ہوں۔'' (3)

## عقلمند و بے وُقوف کی پہچان:

﴿896﴾...... حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''عقلمند وہ ہے جو اپنے نَفْس کو مغلوب کر دے اور مَوت کے بعد کے لئے عمل

---

1 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۱۳۵، ج۷، ص۲۷۹.

2 ...... جامع الترمذی، کتاب الدعوات، باب منه دعاء: اللّٰھم إنی أسألك الثبات فی الأمر، الحدیث: ۳۴۰۷، ص۲۰۰۲.

3 ...... المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث شداد بن اوس، الحدیث: ۱۷۱۱۳، ج۶، ص۷۶، بتغیر.



www.dawateislami.net

کرے اور عاجز وہ ہے جو اپنے نَفْس کو خواہشات کے پیچھے لگا دے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ پر آرزو رکھے(1)۔'' (2)

## امام زُہری کی روایت:

﴿898﴾......حضرت سیِّدُنا سُفیان بن عُیَیْنَہ رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه فرماتے ہیں: میں نے حضرتِ سیِّدُنا امام زُہری عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْقَوِی کو ایک دن لوگوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''بیٹھو! میں تمہیں حدیث سناتا ہوں۔'' اس سے پہلے میں نے انہیں کبھی لوگوں سے یہ کہتے نہیں سنا تھا۔ بہرحال آپ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه نے فرمایا: مجھے حضرت سیِّدُنا محمود بن ربیع عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْبَدِيع نے خبر دی ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کے وصال کا وقت قریب آیا تو فرمایا: ''بے شک مجھے تم پر سب سے زیادہ ریاکاری اور خفیہ شہوت کا خوف ہے۔'' (3)

## حدیث یاد آنے پر اشک باری:

﴿899﴾......حضرت سیِّدُنا عُبادہ بن نُسَیّ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه میرے پاس سے گزرے تو میرا ہاتھ تھام کر مجھے اپنے ساتھ گھر لے گئے اور گھر بیٹھ کر رونے لگے یہاں تک کہ انہیں روتا دیکھ کر میری آنکھیں بھی اشکبار ہو گئیں۔ جب انہیں کچھ افاقہ ہوا تو مجھ سے فرمایا: ''تمہیں کس چیز نے رُلایا؟'' میں نے عرض کی: ''آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کو گریہ وزاری کرتے دیکھا تو میں بھی رونے لگا۔'' پھر انہوں نے اپنے رونے کا سبب بیان کرتے ہوئے فرمایا: مجھے ایک حدیث یاد آ گئی تھی جو میں نے حُضُور نبیِ مُکرَّم،

---

1......اس فرمانِ عالی میں ''عاجز'' سے مراد بے وقوف ہے ''کَیِّس'' کا مقابل۔ نَفْس اَمّارہ سے دبا ہوا یعنی وہ بے وُقوف ہے جو کام کرے دوزخ کے اور امید کرے جنت کی کہا کرے کہ اللہ غفور رحیم ہے باجرہ بوئے اور امید کرے گیہوں کاٹنے کی کہا کرے کہ اللہ غفور رحیم ہے کاٹتے وقت اسے گندم بنادے گا اس کا نام اُمّید نہیں رب تعالیٰ فرماتا ہے: ''مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ ۝'' (پ ۳۰، الانفطار: ۶) ترجمۂ کنزالایمان: تجھے کس چیز نے فریب دیا اپنے کرم والے رب سے۔'' اور فرماتا ہے: '' اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ'' (پ ۲، البقرۃ: ۲۱۸) ترجمۂ کنزالایمان: وہ جو ایمان لائے اور وہ جنہوں نے اللہ کے لئے اپنے گھر بار چھوڑے اور اللہ کی راہ میں لڑے وہ رحمتِ الٰہی کے اُمیدوار ہیں۔'' جو بو کر گندم کاٹنے کی آس لگانا شیطانی دھوکہ اور نفسانی وسوسہ ہے۔ خواجہ حَسَن بَصری (عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللّٰهِ الْقَوِی) فرماتے ہیں کہ ''بعض لوگوں کو جھوٹی اُمید نے سیدھے راہ نیک اَعمال سے ہٹا دیا ہے جیسے جھوٹی بات گُناہ ہے ایسے ہی جھوٹی آس بھی گناہ ہے۔'' (مرآۃ المناجیح، ج۷، ص۱۰۳)

2......جامع الترمذی، ابواب صفة القیامة، باب حدیث الکیس من......الخ، الحدیث: ۲۴۵۹، ص۱۸۹۹.

3......الزھد لابن المبارک، باب فضل ذکر اللہ، الحدیث: ۱۱۱۴، ص۳۹۳.



www.dawateislami.net

نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی تھی وہ یہ کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک مجھے اپنی اُمّت پر سب سے زیادہ شرک اور خفیہ شہوت کا خوف ہے۔'' راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: ''ان دو میں ایک کی طرف تو کوئی راستہ نہیں۔'' انہوں نے فرمایا: ''میں نے بھی رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے یہی عرض کیا تھا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مجھے ان دونوں کا خوف ہے۔'' پھر ارشاد فرمایا: ''بے شک لوگ سورج، چاند اور بُتوں کی پوجا نہیں کریں گے لیکن وہ غیر اللہ کے لئے عمل کریں گے۔'' [1]

## شرکِ خفی اور خفیہ شہوت:

﴿900﴾...... حضرت سیِّدُنا عُبادہ بن نُسَیّ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: میں حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہیں روتا پا کر سببِ گریہ دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے اس حدیث نے رُلا دیا جو میں نے حُضُور رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی تھی کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''مجھے اپنی اُمّت پر شرک اور خفیہ شہوت کا خوف ہے۔ خفیہ شہوت یہ ہے کہ آدمی صبح روزہ کی حالت میں کرے گا لیکن جب نفس کو مرغوب چیز اس کے سامنے آئے گی تو وہ اس میں پڑ جائے گا اور روزہ چھوڑ دے گا [2] اور شرک (خفی) یہ ہے کہ لوگ نہ پتھروں کو پوجیں گے نہ بتوں کو لیکن دِکھلاوے کے لئے عمل کریں گے۔'' [3]

---

1 ......سنن ابن ماجه، ابواب الزهد، باب الرياء والسمعة، الحديث: ٤٢٠٥، ص ٢٧٣٢، بتغيرٍ.

2 ......اس طرح کہ اس نے روزہ رکھ لیا ہو گا کوئی اچھے کھانے کی دعوت آ گئی یا کسی نے شربت سوڈا پیش کیا تو اس کھانے، شربت کی وجہ سے روزہ توڑ دیا یا روزہ کی نیت تھی کہ آج روزہ رکھوں گا مگر یہ چیزیں دیکھیں ارادہ بدل دیا۔ محض نفسانی لذت وخواہش کے لئے کہ ایسا مزہ دار کھانا کون چھوڑے لہٰذا یہ حدیث اس حدیث کے خلاف نہیں کہ حضورِ انور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) نے اَزواجِ مُطَہَّرات سے پوچھا کہ کھانا ہے عرض کیا گیا ہاں فرمایا لاؤ ہم نے تو آج روزہ رکھ لیا تھا پھر کھانا مُلاحَظہ فرمالیا کہ یہ افطار فرمالینا خواہش نفس کے لئے نہ تھا بلکہ حکم شرعی بیان کرنے کے لئے تھا کہ نفل روزہ رکھ کر توڑ دینا جائز ہے اگرچہ قضا واجب ہو گی حضرت اُمِّ ہانی کو حُضُورِ انور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) نے اپنا پس خوردہ (بچا ہوا) پانی دیا آپ نے پی کر پوچھا کہ حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) میرا روزہ تھا فرمایا کوئی حرج نہیں وہ روزہ توڑ دینا حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کے تبرک سے بُرَکت حاصل کرنے کے لئے تھا نہ کہ نفسانی خواہش سے لہٰذا احادیث سمجھ کر پڑھنا ضروری ہے۔

(مرآة المناجيح، ج٧، ص١٤٢)

3 ......المعجم الكبير، الحديث: ٧١٤٥، ج٧، ص٢٨٤.



www.dawateislami.net

## شرکِ خفی پر علمی مُکالمہ:

﴿901﴾......حضرت سیِّدُنا شَہر بن حَوْشَب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن غَنْم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب میں اور حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جابِیَہ کی جامع مَسْجِد میں داخل ہوئے تو ہماری ملاقات حضرت سیِّدُنا عُبَادَہ بن صَامِت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ہوئی، ہم وہاں بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت سیِّدُنا شَدَّاد بن اَوْس اور حضرت سیِّدُنا عَوْف بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی تشریف لے آئے اور ہمارے درمیان بیٹھ گئے۔ پھر حضرت سیِّدُنا شَدَّاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! مجھے تم پر سب سے زیادہ اس چیز کا خوف ہے جو میں نے رسولِ بے مثال صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی یعنی شرک اور خُفْیَہ شہوت۔'' حضرت سیِّدُنا عُبَادَہ اور حضرت سیِّدُنا ابو دَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ! آپ کی مَغْفِرَت فرمائے! کیا رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں یہ حدیث نہیں بیان فرمائی کہ شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ جزیرۂ عرب میں اس کی پوجا کی جائے اور رہی خُفْیَہ شہوت کی بات تو ہم اسے پہچان چکے ہیں اور وہ دنیا اور عورتوں کی خواہشات ہیں۔ لیکن اے شَدَّاد! یہ کون سا شرک ہے جس کا آپ ہم پر خوف فرما رہے ہیں؟'' حضرت سیِّدُنا شَدَّاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس شخص کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جو کسی کے لئے نماز پڑھے، روزہ رکھے اور صَدَقہ کرے؟'' کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس نے شرک کیا؟'' انہوں نے فرمایا: ''ہاں! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جو کسی کو دِکھانے کے لئے صَدَقہ کرے، نماز پڑھے یا روزہ رکھے تو اس نے شرک کیا(1)۔'' پھر حضرت

---

(1)......شرک دو قسم کا ہے شرک جلی، شرک خفی، شرک جلی تو کھلم کھلا شرک و بُت پرستی کرنا ہے شرک خفی ریا کاری ہے یا یوں کہو کہ شرک اِعْتِقَادی تو کھلا ہوا شرک ہے اور شرک عَمَلی ریا کاری ہے صوفیاء فرماتے ہیں: ''کُلُّ مَاصَدَّکَ عَنِ اللّٰہِ فَھُوَ صَنَمُکَ'' جو تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے روکے وہ ہی تمہارا بت ہے۔ نَفْس امارہ بھی بت ہے اسی حدیث سے مَعْلُوم ہوا کہ روزے میں بھی ریا کاری ہو سکتی ہے ہاں روزے میں ریاء خالص نہیں ہو سکتی۔ اسی لئے ارشاد ہے ''اَلصَّوْمُ لِیْ وَ اَنَا اَجْزِیْ بِہٖ'' بعض لوگ روزہ رکھ کر لوگوں کے سامنے بہت کلیاں کرتے سر پر پانی ڈالتے رہتے ہیں کہتے پھرتے ہیں ہائے روزہ بہت لگا ہے بڑی پیاس لگی ہے وغیرہ وغیرہ یہ بھی روزے کی ریاء ہے اور اس حدیث میں داخل ہے۔ خیال رہے! کہ ریاء کی دو قسمیں ہیں ایک ریاء اصل عمل میں دوسری ریاء وصف عمل میں، اصل عمل میں ریاء یہ ہے کہ کوئی دیکھے تو یہ نماز پڑھ لے نہ دیکھے تو نماز پڑھے ہی نہیں۔ وصف عمل میں ریاء یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے نماز خوب اچھی طرح پڑھے تنہائی میں معمولی طرح۔ پہلی ریاء بہت بُری ہے دوسری ریاء پہلی سے کم۔ (مرآۃ المناجیح، ج۷، ص۱٤۱)



www.dawateislami.net

سیِّدُ ناعوف بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے اس عمل کو نہیں دیکھتا جسے وہ اِخلاص کے ساتھ محض اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا وخوشنودی کے لئے بجالاتا ہے تو وہ اس کے اخلاص والے عمل کو قبول فرمالے اور ریاکاری والے عمل کو رد فرمادے۔'' حضرت سیِّدُ ناشَدَّاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں نے رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ''جسے میرا شریک ٹھہرایا جائے میں اس کے لئے بہترین تقسیم فرماتا ہوں۔ پس جو کسی کو میرا شُرِیک ٹھہراتا ہے تو اس کا جسم، اس کا عمل اور اس کا قلیل وکثیر اسی کے لئے ہے جس کو اس نے شُرِیک ٹھہرایا، میں اس سے بے نیاز ہوں (1)۔'' (2)

﴿902﴾...... حضرت سیِّدُ نامحمود بن رَبیع عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْبَدِیْع فرماتے ہیں ایک دن حضرت سیِّدُ ناشَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ میرے ساتھ بازار تشریف لے گئے۔ بازار سے واپس آئے تو لیٹ گئے۔ پھر کپڑوں سے خود کو چھپا کر زار وزار روتے اور بار بار کہتے کہ ''میں اجنبی ہوں اسلام سے دور نہیں رہوں گا۔'' جب ان کی یہ کیفیت دور ہوئی تو میں نے عرض کی کہ ''میں نے پہلے کبھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ایسے کرتے نہیں دیکھا؟'' انہوں نے فرمایا: ''مجھے تم پر شرک اور خُفْیَہ شہوت کا خوف ہے۔'' میں نے کہا: ''کیا ہمارے مسلمان ہونے کے باوجود بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ہم پر شرک کا خوف ہے؟'' فرمایا: ''اے محمود! تیری ماں تجھ پر روئے! کیا شرک بس اتنا ہی ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ کوئی دوسرا مَعْبُود مانا جائے۔'' (3)

## دو امن اور دو خوف:

﴿903﴾...... حضرت سیِّدُ ناشَدَّاد بن اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک توبہ سے گُناہ مُعاف ہوجاتے ہیں اور

1 ...... یعنی دنیا والے اپنے حصّہ داروں شریکوں سے راضی وخوش ہوتے ہیں کیونکہ وہ اکیلے اپنا کام نہیں کرسکتے مگر میں شریکوں سے پاک بے نیاز ہوں مجھے کسی شریک کی ضرورت نہیں۔ شرکاء سے مراد دُنیا کے شریک ہیں جو آپس میں ایک دوسرے کے حصہ دار ہوتے ہیں لہٰذا حدیث بالکل واضح ہے۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ یہاں روئے سخن مُشرکین سے ہے اور معنی یہ ہیں کہ تم لوگوں نے جن چیزوں کو میرا شریک ٹھہرایا ہے میں ان سے بے نیاز بھی ہوں بے زار بھی، بے نیاز کو شریک کی کیا ضرورت ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج۷، ص۱۲۸)

2 ...... المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث شداد بن اوس، الحدیث: ۱۷۱۴۰، ج۶، ص۸۱.

3 ...... تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر، الرقم ۲۷۰۸ شداد بن اوس بن ثابت الانصاری، ج۲۲، ص۴۱۴، بتغیر.



www.dawateislami.net

نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں اور جب بندہ خوش حالی میں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کو یاد کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ آزمائش ومصیبت سے اسے نجات عطا فرماتا ہے۔ اس لئے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: میں اپنے بندے کے لئے کبھی دو امن جمع نہیں کرتا اور نہ ہی اس پر دو خوف جمع کرتا ہوں۔ اگر وہ دُنیا میں مجھ سے بے خوف رہا تو جس دن میں بندوں کو جمع کروں گا وہ مجھ سے خوفزدہ ہوگا لیکن اگر وہ دنیا میں مجھ سے ڈرتا رہا تو جس دن میں بندوں کو جمع کروں گا اس دن اسے جنت میں داخل کر کے امن بخشوں گا اور اس کا امن ہمیشہ برقرار رہے گا کبھی ختم نہیں ہوگا۔" (1)

# حضرت سَیِّدُنا حُذَیْفَہ بن یَمان رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سَیِّدُنا ابو عبد اللہ حُذَیْفَہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی مہاجرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مصیبتوں، آفتوں، فتنوں، عیبوں اور دلوں کے حالات سے باخبر رہتے۔ بُرائی کے بارے میں دریافت کرتے پھر اس سے اِجْتِنَاب کرتے۔ خَیر و بھلائی میں غور وفکر کرتے پھر اسے بجالاتے۔ فَقر وفاقہ میں سکون پاتے، توبہ وندامت کی طرف مائل رہتے اور اہلِ زمانہ کی عزت واِصلاح میں پیش پیش رہتے تھے۔

عُلَمائے تَصَوُّف فرماتے ہیں: "اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کاریگری کو دیکھنے، رکاوٹوں کے باوجود حال سے مُوافَقَت رکھنے کا نام تَصَوُّف ہے۔"

# فتنوں کا سیلاب

## دِل دوقسم کے ہوجائیں گے:

﴿904﴾...... حضرت سَیِّدُنا رِبْعِی بن خِرَاش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سَیِّدُنا حُذَیْفَہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بارگاہ سے واپس لوٹے تو بیان کیا کہ ہم امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر تھے کہ انہوں نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سے دریافت فرمایا: "کیا تم میں سے کسی نے حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے

---

(1) ......الزهد لابن المبارك، باب ماجاء في الخشوع والخوف، الحديث: ۱۵۷، ص ۵۰، مختصرًا۔
جامع الاحاديث للسيوطي، الهمزة مع النون، الحديث: ۵۰۰۷، ج ۱، ص ۲۲۴۔



www.dawateislami.net

سمندر کی طرح موجزن ہونے والے فتنوں سے متعلق حدیث سُنی ہے؟'' سب صحابہ خاموش رہے اور میں سمجھ گیا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مراد میں ہوں۔ چنانچہ، میں نے عرض کی: ''جی ہاں! میں نے سُنی ہے۔'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ تیرے باپ پر رحم فرمائے! تم نے ضرور سنی ہوگی۔'' پھر میں نے حدیث بیان کی کہ ''دلوں پر اس طرح فتنے چھا جائیں گے جس طرح کٹی ہوئی کھیتی۔ جو ان فتنوں سے نفرت کرے گا اس کے دل پر سفید نکتہ لگا دیا جائے گا اور جو انہیں پسند کرے گا اس کے دل پر سیاہ دھبا لگا دیا جائے گا حتی کہ لوگوں کے دل دو قسم کے ہو جائیں گے ایک سفید سنگ مرمر کی طرح، جب تک زمین وآسمان قائم ہیں اس دل کو کوئی فتنہ نقصان نہ پہنچا سکے گا اور دوسرا کالا، راکھ کی طرح جیسے اوندھا کوزہ اس کا ایک پہلو جھکا ہوگا۔'' حضرت سیِّدُنا ابویزید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِیْد فرماتے ہیں: ''پہلو جھکا ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ نہ تو کسی بھلائی کو پہچانے، نہ کسی بُرائی کو بُرا جانے سوا اس خواہش کے جو اس کے مَن کو بھائے۔'' حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: پھر میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بتایا کہ ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور ان فتنوں کے درمیان ایک بند دروازہ ہے جو عنقریب توڑ دیا جائے گا۔'' انہوں نے فرمایا: ''تیرا باپ نہ رہے! کیا وہ توڑ دیا جائے گا؟'' میں نے عرض کی: ''جی ہاں۔'' فرمایا: ''اگر وہ کھولا جاتا تو ہوسکتا تھا کہ دوبارہ لوٹا یا جاتا۔'' میں نے کہا: ''نہیں! بلکہ اسے توڑ دیا جائے گا۔'' اور میں نے امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بتایا کہ ''وہ دروازہ ایک مَرد ہے جسے شہید کیا جائے گا یا وہ وفات پائے گا۔ یہ ایک صاف بات ہے، کوئی مُغالطہ نہیں۔''(1)

## اَمانت اُٹھ جائے گی:

﴿905﴾ ...... حضرت سیِّدُنا زید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مَروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں دو باتیں بیان فرمائیں، ان میں سے ایک کو تو میں دیکھ چکا ہوں اور دوسری کے اِنتظار میں ہوں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں بتایا کہ امانت لوگوں کے دِلوں کی گہرائی میں اُتاری گئی ہے۔ پھر لوگوں نے قرآن اور سنّت کو سیکھا۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں اس امانت کے اُٹھ جانے کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ ''آدمی سوئے گا تو اس کے دِل میں ایک

1 ......صحیح مسلم، کتاب الإیمان، باب رفع الأمانة والإیمان......الخ، الحدیث: ۳۶۹، ص ۷۰۲۔
المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث حذیفة بن الیمان، الحدیث: ۲۳۵۰۰، ج ۹، ص ۱۱۶۔


www.dawateislami.net

سِیاہ دَھبّا لگا دیا جائے گا جس کا اَثر آبلے کی طرح ہوگا کہ جیسے تم اپنے پاؤں پر چنگاری ڈالو تو اس سے چھالا بن جاتا ہے تم اسے پھولا ہوا دیکھتے ہو جبکہ اس میں کچھ نہیں ہوتا۔ پھر لوگوں میں کوئی امین نہ رہے گا اور ان پر ضرور ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ ایک شخص کے بارے میں کہا جائے گا وہ کتنا خوش طَبع اور کتنا زبردست عالِم ہے حالانکہ اس کے دل میں جو کے دانے برابر بھی ایمان نہیں ہوگا۔'' (1)

## گونگے بہرے فتنے:

﴿906﴾......حضرت سیِّدُنا نصر بن عاصِم لَیثی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللهِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں قبیلہ بنولَیث کی ایک جماعت کے ہمراہ یشکری کے پاس آیا پھر میں کوفہ میں آیا اور کوفہ کی جامع مَسْجِد میں داخِل ہوا تو دیکھا کہ مَسْجِد میں ایک حلقہ لگا ہوا ہے ان کی کیفیت یہ ہے کہ گویا ان کے سر کاٹ دیئے گئے ہیں اور وہ سب ایک شخص کی باتوں کی طرف کان لگائے غور سے سن رہے ہیں میں بھی ان لوگوں کے پاس کھڑا ہو گیا اور پوچھا: ''یہ شخص کون ہے؟'' بتایا گیا: ''یہ حضرتِ سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه ہیں۔'' میں نے ان کے قریب ہو کر سنا تو آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه فرما رہے تھے کہ لوگ تو حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم سے خیر کے مُتَعَلِّق پوچھا کرتے تھے جبکہ میں شَر کے بارے میں سوال کرتا تھا کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ بھلائی مجھ سے سَبقت نہیں لے جاسکتی۔ چنانچہ، میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! کیا اس خیر کے بعد کوئی شَر ہوگا؟'' ارشاد فرمایا: ''اے حُذَیفہ! قرآن سیکھو اور اس کی اِتباع کرو۔'' یہ بات آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے 3 مرتبہ ارشاد فرمائی۔ میں نے پھر عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! کیا اس خیر کے بعد کوئی بُرائی ہوگی؟'' ارشاد فرمایا: ''ایک فتنہ اور شَر ہے۔'' اور ابوداؤد شریف کی روایت میں ہے کہ فرمایا: ''دھویں پر صلح۔'' میں نے عرض کی: ''دھویں پر صُلح کیا چیز ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''لوگوں کے دل اس طرف نہیں لوٹیں گے جس پر تھے۔'' اس کے بعد آپ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''پھر گونگے، بہرے فتنے رُونما ہوں گے، ان کی طرف بلانے والے سراسر گمراہ ہوں گے (یا فرمایا: اس کی طرف بلانے والے جہنمی ہوں گے۔) تو تمہارا کسی درخت کی ٹہنی کو اپنے دانتوں کے ساتھ مضبوطی سے پکڑ لینا ان

(1)......مسندابی داؤدالطیالسی، احادیث حذیفة بن الیمان، الحدیث: ٤٢٤، ص ٥٧.



www.dawateislami.net

میں سے کسی کی پیروی کرنے سے بہتر ہے۔'' (1)

## فتنہ کے وقت کیا کریں:

﴿907﴾......حضرت سیِّدُنا ابو اِدْرِیس خَوْلَانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: میں نے حضرتِ سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لوگ حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے خَیر کے بارے میں پوچھتے تھے جبکہ میں شَر کے بارے میں پوچھا کرتا تھا اس ڈر سے کہ کہیں اس میں مُبْتَلَا نہ ہو جاؤں۔ چنانچہ، میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہم جہالت اور شر میں تھے، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں اس خیر کی دولت سے سرفراز فرمایا تو کیا اس خَیر کے بعد کوئی شَر ہے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہاں۔'' میں نے عرض کی: ''تو کیا اس شَر کے بعد پھر خَیر ہوگی؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں! پھر خیر ہوگی لیکن اس میں کدورت ہوگی۔'' میں نے عرض کی: ''کدورت سے کیا مراد ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''لوگ میری سنّت کے خِلاف چلیں گے اور میرے طریقے کے عِلاوہ طریقہ اختیار کریں گے۔ ان میں بعض باتیں اچھی ہوں گی بعض بُری۔'' میں نے عرض کی: ''کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی برائی آئے گی؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں! جہنم کے دروازے پر کچھ لوگ ہوں گے جو جہنم کی طرف بلائیں گے جو ان کی بات مانے گا اسے جہنم میں ڈال دیں گے۔'' میں نے پوچھا: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اگر میں اس زمانے کو پاؤں تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے کیا حکم فرماتے ہیں؟'' فرمایا: ''مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کو پکڑے رہنا۔'' عرض کی: ''اگر مسلمانوں کی کوئی جماعت ہو نہ کوئی امام تو پھر کیا حکم ہے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ان سے الگ رہنا۔ اگرچہ موت آنے تک تمہیں درخت کی جڑیں چبانا پڑیں۔'' (2)

## فتنوں میں مُبْتَلَا ہونے کی پہچان:

﴿908﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عَمَّار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک دِلوں پر فتنے چھا جائیں گے۔ جو انہیں اچھا سمجھے گا اس کے دل پر سیاہ دھبّا لگا دیا جائے گا اور جو

---

1 ......سنن ابی داود، کتاب الفتن، باب ذکر الفتن وملاحم، الحدیث: ۴۲۴۶، ص ۱۵۳۱.

مسند ابی داؤد الطیالسی، احادیث حذیفۃ بن الیمان، الحدیث: ۴۴۲، ص ۵۹

2 ......صحیح مسلم، کتاب الإمارۃ، باب وجوب ملازمۃ جماعۃ المسلمین...... الخ، الحدیث: ۴۷۸۴، ص ۱۰۰۹.



www.dawateislami.net

ان سے نفرت کرے گا اس کے دل پر سفید نکتہ لگا دیا جائے گا۔ پس تم میں سے جو یہ چاہتا ہے کہ اسے مَعْلُوم ہو جائے کہ وہ فتنوں میں مُبتلا ہے یا نہیں؟ تو وہ غور کرے کہ اگر جسے وہ پہلے حَلال سمجھتا تھا اب حَرام جاننے لگا ہے یا جسے حُرام جانتا تھا اب حَلال سمجھنے لگا ہے تو بلا شُبہ وہ فتنوں میں مُبتلا ہے۔'' (1)

## گُناہوں کی نحُوسَت:

﴿909﴾......حضرت سیِّدُنا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَہَّاب سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سِیاہ نکتہ لگا دیا جاتا ہے۔ جب دوبارہ گناہ کرتا ہے تو ایک اور نکتہ لگا دیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ (مُسَلسَل گناہوں کا اِرتکاب کرنے کی وجہ سے) اس کا دل خاکی رنگ کی بکری کی طرح ہو جاتا ہے۔'' (2)

﴿910﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عَمَّار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے سِوا کوئی مَعْبُود نہیں! بے شک ایک آدمی صُبح کو اُٹھے گا تو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہو گا لیکن شام کے وقت اسے آنکھوں کے گوشوں سے کچھ نظر نہیں آئے گا۔'' (3)

## فتنوں کے آنے کے مُختَلِف انداز:

﴿911﴾......حضرت سیِّدُنا زَید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''فتنے تم پر جُھانوِیں (یعنی پتھروں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے) برساتے آئیں گے۔ پھر گرم پتھر برسائیں گے۔ اس کے بعد سِیاہ تاریک اندھیرے کی طرح تم پر چھا جائیں گے۔'' (4)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب من کره الخروج......الخ، الحدیث: ۲۳۵، ج۸، ص۶۲۸۔

صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب رفع الامانة......الخ، الحدیث: ۳۶۹، ص۷۰۲.

2 ......شعب الإیمان للبیهقی، باب فی معالجة کل ذنب بالتوبة، الحدیث: ۷۲۰۵، ج۵، ص۴۴۱، بتغیر.

3 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب من کره......الخ، الحدیث: ۳۹، ج۸، ص۵۹۸، مفهومًا.

4 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، الحدیث: ۲۴، ج۸، ص۵۹۶۔

المستدرک، کتاب الفتن و الملاحم، باب ذکر خروج المهدی، الحدیث: ۸۴۸۳، ج۵، ص۶۵۸.



www.dawateislami.net

﴿912﴾......حضرت سیِّدُنا ابوطُفیل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”تم پر تین فتنے آئیں گے اس کے بعد چوتھا فتنہ دجّال کی طرف ہانک کرلے جائے گا۔ ایک وہ فتنہ جس میں تم پر گرم پتھر برسائے جائیں گے۔ دوسرا وہ فتنہ جس میں چھوٹے چھوٹے پتھر برسائے جائیں گے۔ تیسرا وہ فتنہ جو سیاہ اندھیرا ہے جو سمندر کی طرح جوش مارے گا اور چوتھا فتنہ دجّال کی طرف ہانک کرلے جائے گا۔“ (1)

## فتنوں سے بچو!

﴿913﴾......حضرت سیِّدُنا عَمّارہ بن عبداللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”اے لوگو! فتنوں سے بچو! کوئی ان کے قریب نہ جائے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جو فتنوں میں پڑے گا وہ اسے اس طرح تہس نہس کردیں گے جس طرح سیلاب کھیتی و سبزہ کو تہس نہس کردیتا ہے۔ بلاشُبہ فتنے مشتبہ ہو کر آئیں گے۔ یہاں تک کہ جاہل کہیں گے یہ تو شُبہ میں ڈال رہا ہے اور ان کی حقیقت اس وقت کھلے گی جب وہ پیٹھ پھیر کر جائیں گے۔ چنانچہ، جب تم ان فتنوں کو دیکھو تو اپنے گھروں میں بیٹھے رہو۔ اپنی تلواروں کو توڑ ڈالو اور اپنی کمانوں کے ٹکڑے ٹکڑے کردو۔“ (2)

﴿914﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”بے شک فتنے وقفے وقفے سے آئیں گے اور یکا یک بھی۔ پس جوان وقفوں کے درمیان مرسکتا ہو ضرور مرجائے۔ وقفہ سے مراد تلوار کو نیام میں ڈال لینا ہے۔“ (3)

﴿915﴾......حضرت سیِّدُنا ہمّام رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ جس میں صرف وہ شخص نجات پائے گا جو ڈوبنے والے کی دُعا جیسی دُعا کرے گا۔“ (4)

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی الفتنة وتعوذعنها، الحدیث: ٢٤، ج٨، ص٥٩٦.

(2)......المستدرك، کتاب الفتن والملاحم، باب إیاك والفتن لایشخص لها أحد، الحدیث: ٨٤٣٤، ج٥، ص٦٣٨۔
جامع معمربن راشدمع المصنف لعبدالرزاق، کتاب الجامع، باب الفتن، الحدیث: ٢٠٩٠٦، ج١٠، ص٣٠٨.

(3)......المستدرك، کتاب الفتن والملاحم، باب ذکرفتنة الدجال، الحدیث: ٨٣٨٢، ج٥، ص٦١٨، بتغیر.

(4)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، الحدیث: ٣٧/٣٨، ج٨، ص٥٩٨.



www.dawateislami.net

﴿916﴾......حضرت سیِّدُنا حَبّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابومسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں عرض کی: ''فتنے کا زمانہ آچکا ہے لہٰذا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جو اَحادِیث اس بارے میں سُنی ہیں مجھے سنائیں۔'' حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا یقین یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کِتاب تمہارے پاس نہیں آئی۔''

## فتنہ عَقل کو بگاڑ دیتا ہے:

﴿917﴾......حضرت سیِّدُنا ابووائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''فتنہ شراب سے زیادہ لوگوں کی عقلوں کو بگاڑ دیتا ہے۔'' (1)

## فتنے کا وبال کس پر؟

﴿918﴾......حضرت سیِّدُنا زَید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے سُنا کہ ''فتنے کا وبال تین آدمیوں کے سر ہے۔ ایک عقلمند وذہین جس کے سامنے جو چیز بھی سر اُٹھاتی ہے وہ تلوار کے ساتھ اس کا قَلع قَمع کر دیتا ہے۔ دوسرا خطیب جو اپنے خِطاب سے لوگوں کو فتنے کی طرف بلاتا ہے اور تیسرا سردار ہے۔ پہلے دو کو تو فتنہ منہ کے بل گرادے گا جبکہ سردار کو برانگیختہ کرتا رہے گا یہاں تک کہ جو کچھ اس کے پاس ہوگا سب تباہ وبرباد ہو جائے گا۔'' (2)

## زندوں میں مردہ کون؟

﴿919﴾......حضرت سیِّدُنا ابوطُفَیل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے سنا کہ ''اے لوگو! کیا تم مجھ سے نہیں پوچھو گے؟ لوگ رَسُولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے خیر کے بارے میں پوچھتے تھے اور میں شَر کے بارے میں سوال کرتا تھا۔ کیا تم مجھ سے زندوں میں مردہ کے بارے میں سوال نہیں کرو گے؟'' پھر فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی الفتنة و تعوذعنها، الحدیث: ٢٣٧، ج٨، ص٦٢٨.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج......الخ، الحدیث: ٢٧، ج٨، ص٥٩٦، مفهومًا.



www.dawateislami.net

مَبعُوث فرمایا تو انہوں نے لوگوں کو گمراہی سے ہدایت اور کفر سے ایمان کی طرف بُلایا۔ پس جس نے دعوت قبول کرنی تھی اس نے کی۔ جو شخص پہلے مردہ تھا وہ قبولِ حق کی وجہ سے زندہ ہو گیا اور جو پہلے زندہ تھا وہ مردہ ہو گیا۔ اب سلسلۂ نبوت ختم ہو گیا۔ چنانچہ نبوت کے طور طریقہ پر خِلَافَت قائم ہوئی پھر ظُلم و زیادتی والی بادشاہت قائم ہوئی۔ پس بعض لوگ اپنے دل، ہاتھ اور زبان سے اس بادشاہت کا اِنکار کریں گے اور یہ وہ ہوں گے جو حق کو مکمل کرنے والے ہوں گے اور بعض لوگ ایسے ہوں گے جو دل اور زبان سے تو اس کا اِنکار کریں گے لیکن ہاتھوں کو اس کے اِنکار سے روکے رکھیں گے۔ لامحالہ ایسے لوگ حق کے ایک شعبے کو ترک کر دیں گے اور بعض لوگ دل سے تو بادشاہت کا اِنکار کریں گے لیکن ہاتھ اور زبان کو اس کے اِنکار سے روکے رکھیں گے لَامُحَالَہ ایسے لوگ حق کے دو شعبوں کو ترک کریں گے اور لوگوں میں سے بعض وہ ہیں کہ جو ایسی بادشاہت کا دل اور زبان سے اِنکار نہیں کرتے۔ پس ایسے لوگ زندوں میں مردہ ہیں۔'' (1)

﴿920﴾......حضرت سیِّدُنا فُلْفُلَه جُعْفِی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللهِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر میں چاہوں تو تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ہزار باتیں ایسی بتاؤں کہ تم ان کی وجہ سے مجھ سے محبت کرنے، میری اتباع کرنے اور میری تصدیق کرنے لگو اور اگر چاہوں تو ہزار باتیں ایسی بتاؤں کہ جن کی وجہ سے تم مجھ سے بُغض و نَفرت کرنے، مجھ سے دُور بھاگنے اور مجھے جھٹلانے لگو۔'' (2)

﴿921﴾......حضرت سیِّدُنا اَبو بَخْتَرِی عَلَیْهِ رَحْمَةُ اللهِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں چاہوں تو تمہیں ایک ہزار ایسی باتیں سنا سکتا ہوں جنہیں سُن کر تم میری تصدیق کرو، میری اتباع کرو اور میری مدد کرنے لگو اور اگر چاہوں تو ایک ہزار ایسی باتیں بھی سنا سکتا ہوں جنہیں سُن کر تم مجھے جھٹلاؤ، مجھ سے دور بھاگو اور مجھے گالیاں دینے لگو حالانکہ وہ باتیں اللہ عَزَّوَجَلَّ و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف سے سچی ہیں۔'' (3)

﴿922﴾......حضرت سیِّدُنا جُنْدُب بن عبد اللہ بن سُفْیَان عَلَیْهِ رَحْمَةُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حديث حذيفة بن اليمان، الحديث: ۲۳۴۹۲، ج۹، ص ۱۱۴۔

المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الفتن، باب من كره الخروج......الخ، الحديث: ۱۲۳، ج۸، ص ۶۶۷، مختصرًا.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ۳۰۰۵، ج۳، ص ۱۶۳، بتغيرٍ. 3 ......المرجع السابق، مختصرًا.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں ایک قوم کے رہنما کو جانتا ہوں کہ وہ خود تو جنت میں جائے گا لیکن اس کے پیروکار جہنم میں داخل کئے جائیں گے۔'' راوی کہتے ہیں: ''ہم نے عرض کی: ''کیا یہ وہ تو نہیں ہے جس کے بارے میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہمیں بتایا ہے؟'' فرمایا: ''تمہیں کیا معلوم کہ اس سے پہلے کتنے گزر گئے ہیں۔''

﴿923﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے سنا کہ ''گویا میں ایک سوار کو دیکھ رہا ہوں جو تمہارے درمیان اقامت اختیار کرتا ہے اور دعویٰ کرتا ہے کہ ساری زمین ہماری اور سارے اَموال ہمارے ہیں۔ وہ بیواؤں، مسکینوں اور اس مال کے درمیان حائل ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس کے آباء واَجداد کو عطا فرمایا۔''

## دل چار قسم کے ہوتے ہیں:

﴿924﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بَخْتَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''دل چار قسم کے ہیں: ایک وہ جو پردوں میں لپٹا ہوا ہے۔ یہ کافر کا دل ہے۔ دوسرا وہ جو اُلٹا جھکا ہوا ہے۔ یہ مُنافِق کا دل ہے۔ تیسرا وہ جو صاف ستھرا ہے۔ جس میں ایک روشن چراغ ہے۔ یہ مومن کا دل ہے اور چوتھا وہ جس میں نِفاق و ایمان دونوں ہیں۔ ایمان کی مثال اس درخت کی سی ہے جسے پاکیزہ پانی پروان چڑھاتا ہے اور نِفاق کی مثال اس زخم کی سی ہے جس میں پیپ وخون بھرا ہوتا ہے۔ پس ان میں سے جو دوسرے پر غَلَبہ پالے وہی غالب ہو جاتا ہے۔'' (1)

﴿925﴾......حضرت سیِّدُنا ابو مُغِیرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے زبان کی تیزی کی شِکایت کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم (دن میں) کتنی بار اِسْتِغْفار کرتے ہو؟ بے شک میں تو ہر روز 100 بار اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اِسْتِغْفار کرتا ہوں۔'' (2)

﴿926﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہو کر عرض کی کہ ''گھر والوں پر میری زبان تیز ہو جاتی ہے اور میں ڈرتا ہوں کہ کہیں یہ مجھے جہنّم میں نہ

1......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج......الخ، الحدیث:۲۸۷، ج۸، ص۶۳۷.

2......السنن الکبرٰی للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلۃ، باب مایقول من......الخ، الحدیث:۱۰۲۸۴، ج۶، ص۱۱۷.



www.dawateislami.net

لے جائے۔" آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: "تم (دن میں) کتنی بار اِستِغفار کرتے ہو؟ بے شک میں روزانہ 100 بار اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اِستِغفار کرتا ہوں۔" (1)

## فقروفاقہ آنکھوں کی ٹھنڈک:

﴿927﴾......حضرت سیِّدُنا ابوابیض مَدَنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "میری آنکھوں کو زیادہ ٹھنڈک ان ایام میں پہنچتی ہے جن میں میرے گھر لوٹنے پر گھر والے فاقہ کی شِکایت کرتے ہیں۔" (2)

﴿928﴾......حضرت سیِّدُنا اُمَیَّہ بن قَسِیم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْحَکِیْم سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "میری آنکھوں کو سب سے زیادہ ٹھنڈک اس وقت پہنچتی ہے جب گھر والے مجھ سے فَقروفاقہ کی شِکایت کررہے ہوں اور بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ بندۂ مومن کی، دنیا سے اس طرح حفاظت فرماتا ہے جس طرح مریض کے گھر والے مریض کو کھانے سے پرہیز کرواتے ہیں۔" (3)

﴿929﴾......حضرت سیِّدُنا ساعِد بن سَعْد بن حُذَیْفَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمایا کرتے تھے کہ میری آنکھوں کو سب سے زیادہ ٹھنڈک اس دِن پہنچتی ہے اور مجھے سب سے زیادہ محبوب وہ دن ہے کہ جس دن میں گھر آؤں اور اپنے گھر والوں کے پاس کھانے کی کوئی چیز نہ پاؤں اور وہ مجھے کہیں کہ تم تھوڑے بہت پر بھی قُدرت نہیں رکھتے ہو (کہ کماسکو) یہ اس لئے کہ میں نے رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ "جتنا پرہیز مریض کے گھر والے مریض کو کھانے سے کرواتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر اللہ عَزَّوَجَلَّ بندۂ مومن کی دنیا سے حفاظت فرماتا ہے اور جس قدر ایک باپ اپنی اولاد کو خیریت سے رکھنا چاہتا ہے اس سے بھی کہیں زیادہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے بندۂ مومن کو آزمائش میں رکھنا چاہتا ہے۔" (4)

---

1 ......السنن الکبری للنسائی، کتاب عمل الیوم واللیلۃ، باب مایقول من......الخ، الحدیث: ۱۰۲۸۵، ج۶، ص۱۱۷.

2 ......شعب الإیمان للبیھقی، باب فی الصبر علی المصائب، الحدیث: ۱۰۱۲۱، ج۷، ص۲۳۱.

3 ......الزھدلھنادبن السری، باب ماجاء فی الفقر، الحدیث: ۵۹۳، ج۱، ص۳۲۶.

4 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۰۰۴، ج۳، ص۱۶۲.



www.dawateislami.net

﴿930﴾......حضرت سیِّدُنا اَعمش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا سَعد بن مُعاذ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے اِستِفسار فرمایا: ''جب ہم دُنیا میں مُبتلا ہو جائیں گے تو آپ ہمیں کس حالت میں دیکھنا پسند کریں گے؟'' انہوں نے فرمایا: ''ہم ایسا زمانہ نہیں پائیں گے۔'' حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرت سَعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ان کے گمان کے مطابق اور مجھے میرے گُمان کے مطابق دُنیا عطا کی گئی۔'' (1)

## سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عاجِزی واِنکساری:

﴿931﴾......حضرت سیِّدُنا امام محمد بن سِیرِین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب مدائن تشریف لائے تو دراز گوش کے پالان پر سوار تھے اور ہاتھ میں ایک روٹی اور ایک بوٹی تھی جسے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دراز گوش پر بیٹھے بیٹھے تناول فرما رہے تھے۔'' (2)

﴿932﴾......یہ روایت بھی سابقہ روایت ہی کی طرح ہے۔ البتہ اس کے راوی حضرت سیِّدُنا طَلْحہ بن مُصَرِّف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ہیں اور اس میں اتنا زائد ہے کہ ''حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے پاؤں ایک طرف کئے ہوئے تھے۔'' (3)

## خوشامد سے بچو:

﴿933﴾......حضرت سیِّدُنا عُمارہ بن عَبد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے لوگو! فتنوں کی جگہوں سے بچو۔'' کسی نے پوچھا: ''اے ابو عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! فتنوں کی جگہیں کون سی ہیں؟'' فرمایا: ''اُمَرا کے دروازے۔ کیونکہ جب تم میں سے کوئی کسی امیر کے پاس جاتا ہے تو وہ اس کی جھوٹی بات میں بھی تصدیق کرتا ہے اور اس کی وہ خوبیاں بیان کرتا ہے جو اس میں نہیں ہوتیں (یعنی خوشامد کرتا ہے)۔'' (4)

1 ......الزھد لھناد بن السری، باب معیشۃ أصحاب النبی، الحدیث: ٧٧٢، ج ٢، ص ٣٩٧.

2 ......الزھد لھناد بن السری، باب التواضع، الحدیث: ٨٠٩، ج ٢، ص ٤٥١.

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الجھاد، باب فی امام السریۃ یأمرھم......الخ، الحدیث: ١١، ج ٧، ص ٧٣٧.

4 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، کتاب الجامع، باب ابواب السلطان، الحدیث: ٢٩٨٠٩، ج ١٠، ص ٢٨٠.


www.dawateislami.net

﴿934﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن وَہب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک شخص حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس آیا اور عرض کی: ''میرے لئے دُعائے مَغْفِرَت فرما دیجئے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کے لئے دُعا نہ فرمائی اور فرمایا: ''اگر میں اس گناہ گار کے لئے دُعا کر دیتا تو یہ کہتا پھرتا کہ حُذَیْفَہ نے میرے لئے مَغْفِرَت کی دُعا کی ہے۔'' پھر (کچھ دیر بعد) اس سے فرمایا: ''کیا تو اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے حُذَیْفَہ کے ساتھ رکھے۔ پھر دُعا فرمائی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اسے حُذَیْفَہ کے ساتھ رکھنا۔'' (1)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصال:

﴿935﴾......حضرت سیِّدُنا رِبْعِی بن خِرَاش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی وفات کے وقت کہنے لگے: ''کتنے دن مَوت میرے پاس آئی لیکن مجھے اس میں تردّد نہ ہوا جبکہ آج مُخْتَلِف خیالات دل پر گزر رہے ہیں نہ معلوم کس خیال پر میری مَوت واقع ہوگی۔'' (2)

﴿936﴾......حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ سَلَمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت ہے کہ حضرت حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں چاہتا ہوں کہ کوئی شخص ہو جو میرے مال کا خیال رکھے پھر میں دروازہ بند کر لوں اور میرے پاس کوئی نہ آئے یہاں تک کہ میں اپنے رب عَزَّوَجَلَّ سے جا ملوں۔'' (3)

﴿937﴾......حضرت سیِّدُنا ابو وائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ جس حالت میں اپنے بندے کو دیکھنا چاہتا ہے اس میں پسندیدہ ترین حالت یہ ہے کہ بندہ اپنے چہرے کو مٹی سے آلودہ کئے ہوئے ہو۔'' (4)

﴿938﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحّاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے اس اُمت پر سب سے زیادہ خوف اس بات کا ہے کہ وہ اپنی رائے کو اپنے علم پر ترجیح دیں گے اور گمراہ

---

1 ......الطبقات الکبری لابن سعد، الرقم ۲۳۲۵ ابراھیم النخعی، ج۶، ص ۲۸۴، مختصرًا.

2 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام حذیفۃ، الحدیث: ۱۰، ج۸، ص ۲۰۱.

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام حذیفۃ، الحدیث: ۵، ج۸، ص ۲۰۱، بتغیرٍ.

4 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار حذیفۃ بن الیمان، الحدیث: ۱۰۰۵، ص ۱۹۹، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

ہوجائیں گے اور انہیں اپنی گمراہی کا شُعُور بھی نہ ہوگا۔'' (1)

﴿939﴾......حضرت سیِّدُنا اَعْمَش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمایا کرتے تھے کہ ''تم میں بہترین لوگ وہ نہیں جو آخرت کی خاطر دُنیا کو ترک کردیں یا دُنیا کی خاطر آخرت کو نظر انداز کردیں بلکہ بہترین لوگ وہ ہیں جو دونوں سے ضَرورت کے مطابق حصہ لیں۔'' (2)

## مَقامِ مَحْمُود:

﴿940﴾......حضرت سیِّدُنا صِلَہ بن زُفَر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: سب لوگ ایک وسیع میدان میں جمع کئے جائیں گے۔ وہاں کسی کو بات کرنے کی جرأت نہ ہوگی۔ چنانچہ، سب سے پہلے حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو بلایا جائے گا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم عرض کریں گے: ''اے رب عَزَّوَجَلَّ! میں حاضر ہوں۔ ساری بھلائی تیرے قبضۂ قدرت میں ہے اور برائی تیری طرف سے نہیں (3)۔ جسے تو نے چاہا ہدایت دی۔ تیرا بندہ تیری بارگاہ میں حاضر ہے۔ میرا تَعَلُّق تیرے ساتھ ہے اور مجھے تجھی سے غرض ہے۔ تیرے سوا نجات و پناہ کی کوئی جگہ نہیں۔ تو برکت والا اور بلند رُتبے والا ہے۔ اے رب کعبہ! تیری ذات پاک ہے۔'' حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: قرآنِ کریم کی اس آیت کریمہ میں اسی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ، اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان عالیشان ہے:

عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾

(پ۱۵، بنی اسرائیل: ۷۹)

ترجمۂ کنزالایمان: قریب ہے کہ تمہیں تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔

---

1 ......الزھد لھناد بن السری، باب الورع، الحدیث: ۹۳۵، ج۲، ص۴٦۵.

2 ......فردوس الأخبار للدیلمی، باب اللام، الحدیث: ۵۲۹۰، ج۲، ص۲۱۲، مفھوماً، راوی انس بن مالك.

3 ......اگرچہ ہر خیر و شر کا خالق اللہ تعالٰی ہی ہے لیکن اس بارگاہ کا اَدَب یہ ہے کہ خیر کو اس کی طرف منسوب کیا جائے اور شر کو اپنی طرف، جس طرح حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کا قول ہے: وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿۸۰﴾ (پ۱۹، الشعرآء: ۸۰) ترجمۂ کنزالایمان: اور جب میں بیمار ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔ بیماری کو اپنی طرف منسوب کیا اور شفا کو اللہ تعالٰی کی طرف۔

4 ......مسند ابی داؤد الطیالسی، احادیث حذیفة بن الیمان، الحدیث: ۴۱۴، ص۵۵۔

البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند حذیفة بن الیمان، الحدیث: ۲۹۲٦، ج۷، ص۳۲۹.



www.dawateislami.net

﴿941﴾......حضرت سیِّدُنا طارِق بن شِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَھَّاب سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کسی نے پوچھا: ''کیا بنی اسرائیل نے ایک ہی دِن میں اپنے دین کو چھوڑ دیا تھا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''نہیں! بلکہ جب انہیں کسی کام کے بجالانے کا حکم دیا جاتا تو وہ اسے ترک کر دیتے اور جب کسی کام سے روکا جاتا تو اسے کر گزرتے تھے یہاں تک کہ آہستہ آہستہ اپنے دین سے اس طرح نکل گئے جس طرح آدمی اپنی قمیص سے نکل جاتا ہے۔''(1)

## ''اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر'' ترک کرنے کا وبال

﴿942﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن سَیِّدان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی لعنت ہو اس پر جو ہمارے طریقے پر نہ ہو۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تم ضرور نیکی کا حکم دیتے اور بُرائی سے مَنْع کرتے رہو ورنہ تم ایک دوسرے کو قتل کرنے لگو گے اور تمہارے بُرے تمہارے نیکوں پر غالب آ جائیں گے اور وہ نیک لوگوں کو قتل کر دیں گے۔ یہاں تک کہ کوئی ایک بھی باقی نہ بچے گا جو نیکی کا حکم کرے اور برائی سے مَنْع کرے۔ پھر تم اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے دُعا مانگو گے لیکن وہ تم پر ناراض ہونے کی وجہ سے تمہاری دُعا قبول نہیں فرمائے گا۔''(2)

﴿943﴾......حضرت سیِّدُنا ابو رُقاد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں اپنے آقا کے ہمراہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس گیا اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرما رہے تھے کہ ''رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُبارَک زمانے میں کوئی شخص ایسی بات کہہ دیتا تھا جس سے وہ مُنافِق ہو جاتا تھا اور اب میں تم سے ایک ہی مجلس میں 4،4 مرتبہ وہ بات سنتا ہوں۔ تم ضرور نیکی کا حکم دیتے اور بُرائی سے مَنْع کرتے رہو اور دوسروں کو نیکی کی ترغیب دلاتے رہو ورنہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تمہیں عذاب میں مُبْتَلا فرما دے گا اور بدترین لوگ تم پر حکمرانی کرنے لگیں گے۔ پھر تمہارے نیک لوگ دُعا کریں گے لیکن ان کی دُعا قبول نہ کی جائے گی۔''(3)

---

1......السنة لابی بکر بن الخلال، باب مناکحة المرجئة، الحدیث: ۱۳۳۲، ج۳، ص ۳۹۵.

2......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الامر بالمعروف......الخ، الحدیث: ۱۶، ج۲، ص۱۹۸، بدون "واللّٰه، بینکم".

3......المسند للامام احمد بن حنبل، الحدیث: ۲۳۳۷۲، ج۹، ص۸۷.



www.dawateislami.net

﴾944﴿......حضرت سیِّدُنا ابوظَبْیان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”جب بھی کوئی قوم ایک دوسرے پر لَعن طَعن کرنے میں مُبْتَلا ہوتی ہے تو ان پر بات (یعنی عذاب وسزا) ثابت ہوجاتی ہے۔“ (1)

﴾945﴿......حضرت سیِّدُنا نَزَّال بن سَبْرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہمراہ ایک گھر میں جمع تھے کہ حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے پوچھا: ”اے ابوعبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! مجھے آپ کے بارے میں کیسی خبر پہنچی ہے؟“ انہوں نے کہا: ”میں نے کیا کہا ہے؟“ حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ ”تم سب سے زیادہ سچے اور نیک ہو۔“ راوی فرماتے ہیں: جب حضرت سیِّدُنا عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تشریف لے گئے تو میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے پوچھا: ”اے ابوعبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! جو بات آپ کی طرف منسوب ہے کیا واقعی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ بات نہیں کہی؟“ فرمایا: ”ہاں! کیوں نہیں! لیکن میں دین کے بعض مُعامَلات میں توریہ(2) کرتا ہوں اس ڈر سے کہ کہیں سارا دین نہ جاتا رہے۔“ (3)

﴾946﴿......حضرت سیِّدُنا ابوعمرو زَاذان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”تم پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس وقت تم میں بہترین شخص وہ ہوگا جو **”اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَنَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر“** نہیں کرے گا۔“ (4)

﴾947﴿......حضرت سیِّدُنا حَبِیب بن اَبِی ثَابِت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہ

---

(1)......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، کتاب الجامع، باب اللعن، الحدیث: ۱۹۷۰۴، ج ۱۰، ص ۳۰.

(2)......دعوتِ اسلامی کے اِشاعَتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صَفحات پر مشتمل کتاب، ”بہارِ شریعت“ حصّہ 16 صَفحہ 160 پر ہے: ”توریہ یعنی لفظ کے جو ظاہر معنی ہیں وہ غلط ہیں مگر اس نے دوسرے معنی مراد لئے جو صحیح ہیں، ایسا کرنا بلا حاجت جائز نہیں اور حاجت ہو تو جائز ہے۔ توریہ کی مثال یہ ہے کہ تم نے کسی کو کھانے کے لئے بلایا وہ کہتا ہے میں نے کھانا کھالیا۔ اس کے ظاہر معنی یہ ہیں کہ اس وقت کا کھانا کھالیا ہے مگر وہ یہ مراد لیتا ہے کہ کل کھایا ہے یہ بھی جھوٹ میں داخل ہے۔ (مزید ارشاد فرماتے ہیں) احیائے حق کے لئے توریہ جائز ہے۔“ (ملخصًا)

(3)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الجہاد، باب ما قالوا فی......الخ، الحدیث: ۱۵، ج ۷، ص ۶۴۳، بتغیر.

(4)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی......الخ، الحدیث: ۱۲۴۱، ج ۸، ص ۶۲۹.


www.dawateislami.net

تعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''مومن سے مُخْلِص رہو اور کافر سے (باجازت شرعی) راہ ورسم رکھو(1) اور اپنے دین کو عیب دار نہ کرو۔''

﴿948﴾......حضرت سیِّدُنا ابو شَعْثَاء مُحَارِبی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''نِفاق جاتا رہا، اب ایمان ہے یا کُفر(2)۔''(3)

﴿949﴾......حضرت سیِّدُنا ابو وائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''اس دور کے مُنافِقِین زمانۂ رسالت کے مُنافِقِین سے بدتر ہیں کیونکہ وہ اپنا نِفاق چھپاتے تھے جبکہ یہ اپنا نِفاق ظاہر کرتے ہیں۔''(4)

﴿950﴾......حضرت سیِّدُنا شِمر بن عَطِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے ایک شخص سے فرمایا: ''کیا لوگوں میں بدترین شخص کو قتل کرنا تمہیں خوش کرتا ہے؟'' اس نے کہا: ''جی ہاں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ نے فرمایا: ''پھر تو تم اس سے بھی زِیادہ بدتر ہو۔''(5)

﴿951﴾......حضرت سیِّدُنا سَعد بن حُذَیْفَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد حضرت سیِّدُنا

---

1 ...... کُفّار کے ساتھ حُسنِ سُلوک، کُفر اور کُفر پر مدد واعانت کے علاوہ دیگر مُعامَلات میں ہوسکتا ہے مثلاً مُشرِک پڑوسی کے ساتھ حق پڑوس کی ادائیگی اور کافر باپ کی غیر کُفرِیہ مُعامَلات میں اِطاعت وغیرہ، وگرنہ کُفّار سے مُوالات (یعنی میل جول) ناجائز وحرام ہے، چنانچہ، سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن ارشاد فرماتے ہیں: ''قرآنِ عظیم نے بکثرت آیتوں میں تمام کُفّار سے مُوالات (یعنی میل جول، باہمی اتحاد، آپس کی دوستی) قطعاً حَرام فرمائی، مجوس (آگ کے پجاری) ہوں خواہ یہود ونَصارٰی (یہودی وعیسائی) ہوں، خواہ ہُنُود (ہندو) اور سب سے بدتر مُرتدانِ عُنُود (دینِ حق سے بغاوت کرنے والے مرتدین) (فتاوی رضویہ، ج۱۵، ص۲۷۳)، ہاں! دنیوی مُعامَلات مثلاً خرید وفروخت وغیرہ (اپنی شرائط کے ساتھ) جس سے دین پر ضرر (نقصان) نہ ہو مرتدین کے علاوہ کسی سے ممنوع نہیں (فتاوی رضویہ، ج۲۴، ص۳۳۱ مُلَخَّصًا) مزید تفصیل کے لئے فتاوی رضویہ شریف (مُخَرَّجَہ) کے مذکورہ مقامات کا مُطالَعَہ فرمائیے۔

2 ......یعنی حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے زمانہ میں وقتی مصلحتوں کے ماتحت مُنافِقوں کو قتل نہ کیا گیا۔ اگرچہ ان سے علامات کُفر ظاہر ہوئیں تاکہ کفار ہماری خانہ جنگی سے فائدہ نہ اٹھائیں اس زمانہ میں تین قسم کے لوگ مانے گئے کافر، مؤمن اور مُنافِق، حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد نِفاق کوئی چیز نہیں، یا کُفر ہے یا اِسلام۔ اگر کسی سے علامات کُفر دیکھی گئیں قتل کیا جائے گا، کھلا کافر بھی قتل ہوگا، چھپا بھی کیونکہ وہ مُرتد ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج۱، ص۸۱)

3 ......صحیح البخاری، کتاب الفتن، باب اذا قال عند قوم شیئًا......الخ، الحدیث: ۷۱۱٤، ص۵۹۳، مفهومًا.

4 ......مسند ابی داؤد الطیالسی، احادیث حذیفة بن الیمان، الحدیث: ۴۱۰، ص۵۵.

5 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی......الخ، الحدیث: ۲۸۶، ج۸، ص۶۳۷.



www.dawateislami.net

حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جس نے ایک بالشت بھی جماعت سے علیحدگی اختیار کی اس نے اِسلام کو چھوڑ دیا[1]۔'' [2]

﴿952﴾...... حضرت سیِّدُنا ابراہیم بن ہَمَّام رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے قاریوں کے گروہ! سیدھے راستے پر گامزن رہو کیونکہ اگر سیدھے راستے پر چلتے رہے تو بہُت آگے نکل جاؤ گے لیکن اگر دائیں بائیں ہو گئے تو دور کی گمراہی میں جا گرو گے۔'' [3]

﴿953﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوسَلامہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم پر ضَرور ایسے حکمران بھی ہوں گے کہ قِیامت کے دن اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک ان میں سے کسی کا مقام جَو کے چھلکے کے برابر بھی نہ ہوگا۔'' [4]

## آخرت کی تیاری کا درس:

﴿954﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوعبدالرحمٰن سُلَمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں جُمُعَہ کی نماز کے لئے اپنے والد کے ہمراہ مدائن گیا۔ جامع مَسْجِد ہم سے تین میل کے فاصلہ پر تھی۔ ان دنوں حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ بن

[1]...... یعنی جو ایک ساعت کے لئے اہلِ سنّت و جماعت کے عقیدے سے الگ ہوا یا کسی معمولی عقیدے میں بھی اِنکا مُخالِف ہوا تو آئندہ اس کے اِسلام کا خطرہ ہے، جیسے بکری وہی محفوظ رہتی ہے جو میخ سے بندھی رہے۔ مالِک کی قید سے آزاد ہو جانا بکری کی ہَلاکت ہے، مسلمانوں کی جماعت نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رسی ہے جس میں ہر سنی بندھا ہوا ہے یہ نہ سمجھو کہ فرض کا انکار ہی خطرناک ہے کبھی مستحبات کا اِنکار بھی ہَلاکت کا باعث بن جاتا ہے، حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن سلام (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) نے صرف اونٹ کے گوشت سے بچنا چاہا تھا کہ رب تعالیٰ نے فرمایا: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ كَآفَّةً۪ وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِؕ (پ۲، البقرۃ:۲۰۸) ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! اسلام میں پورے داخل ہو اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ تفسیر کبیر میں اس کا شانِ نزول یہ بیان کیا گیا ہے کہ ''اہلِ کتاب میں سے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن سلام (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) اور ان کے اصحاب حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانے کے بعد شریعت موسوی (یعنی حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی شریعت) کے بعض اَحکام پر قائم رہے۔ ہفتہ کے دن کی تعظیم کرتے اس روز شکار سے اِجْتِناب لازم جانتے اور اونٹ کے دودھ اور گوشت سے پرہیز کرتے اور یہ خیال کرتے کہ یہ چیزیں اسلام میں تو مُباح ہیں۔

(مرآۃ المناجیح، ج۱، ص۱۷۷، التفسیر الکبیر، البقرہ، تحت الآیۃ:۲۰۸)

[2]...... المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی...... الخ، الحدیث:۳۶، ج۸، ص۵۹۷، مفہومًا.

[3]...... البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند حذیفۃ بن الیمان، الحدیث:۲۹۵۶، ج۷، ص۳۵۸.

[4]...... مسند ابن الجعد، شریک عن سماك، الحدیث:۲۳۳٤، ص۳۳۹.



www.dawateislami.net

یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مدائن کے گورنر تھے۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ منبر پر تشریف فرما ہوئے، حمد وثناء کے بعد فرمایا: ''قیامت قریب آ چکی اور چاند شق ہو گیا۔ ہاں! ہاں! چاند دو ٹکڑے ہو چکا ہے اور دنیا جدائی کا اِعلان کر چکی ہے۔ آج دوڑ کا میدان ہے اور کل دوڑ کا مُقابَلہ ہوگا۔'' راوی کہتے ہیں: ''میں نے اپنے والد سے ''دوڑ کے مُقابلے'' کا مطلب دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ اس سے جنت کی طرف سَبقت لے جانا مراد ہے۔'' (1)

## جنّت سے محرومی:

﴿955﴾......حضرت سیِّدُنا کُرْدُوس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مدائن میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! اپنے غلاموں کی آمدنی میں اچھی طرح غور کیا کرو حلال ہو تو استعمال کرو ورنہ قبول نہ کرو۔ کیونکہ میں نے حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''حرام سے پلنے والا جسم جنّت میں داخِل نہیں ہوگا۔'' (2)

## عالِم کی نشانی اور جھوٹے کی پہچان:

﴿956﴾......حضرت سیِّدُنا سُلَیْم عامِری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''آدمی کے عالِم ہونے کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرے اور اس کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ کہے: میں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مُعافی مانگتا ہوں اور پھر گُناہوں میں مبتلا ہو جائے۔'' (3)

## حَرام کی نُحُوست:

﴿957﴾......حضرت سیِّدُنا مالک اَحْمَرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ''شراب بیچنے والا شراب پینے والے کی طرح ہے اور خنزیروں کی دیکھ بھال کرنے والا خنزیر کھانے والے کی طرح ہے۔ اپنے خادموں کو دیکھو کہ وہ کہاں سے کما کر لاتے ہیں۔ کیونکہ حَرام سے پرورش

1 ......المستدرك، كتاب اهوال، باب خطبة حذيفه، الحديث: ٨٨٣٦، ج٥، ص٨٣٤.

2 ......المصنف لعبدالرزاق، كتاب الاشربة، باب ما يقال فى الشراب، الحديث: ١٧٣٨٥، ج٩، ص١٥٠، مفهومًا.

3 ......المصنف لابن ابى شيبة، كتاب الزهد، كلام حذيفة، الحديث: ٢، ج٨، ص٢٠٠.



www.dawateislami.net

پانے والا کوئی جسم جنّت میں داخل نہیں ہوگا۔'' (1)

## نہ خُشُوع رہے گا نہ نمازوں کا جذبہ:

﴿958﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بھتیجے حضرت سیِّدُنا عبدالعزیز عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْعَزِیْز فرماتے ہیں: میں 45 سال سے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ فرماتے سن رہا ہوں کہ ''دین میں سے سب سے پہلے خُشُوع جاتا رہے گا اور سب سے آخر میں لوگوں میں نماز میں سستی ظاہر ہوگی۔'' (2)

## مُنافِق کون ہے؟

﴿959﴾......حضرت سیِّدُنا ابو یحییٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ کسی نے حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے منافق کے بارے میں پوچھا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مُنافِق وہ ہے جو اسلام کی تعریف تو کرے لیکن اس پر عمل پیرا نہ ہو۔'' (3)

## سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات کے واقعات:

﴿960﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے خادِم حضرت سیِّدُنا زِیاد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مَرَضُ الْمَوت میں وہاں موجود ایک شخص نے بتایا کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اگر آج کا دن میرے لئے دنیا کا آخری اور آخرت کا پہلا دن نہ ہوتا تو میں کوئی بات نہ کرتا۔ (پھر عرض کی:) اے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ! بے شک تو جانتا ہے کہ میں غربت و ناداری کو مالداری پر، ذلت کو عزّت پر اور موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہوں۔ حبیب فَقْر کی حالت میں آیا ہے۔ جو پشیمان ہوگا وہ کامیاب نہیں ہوگا۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصال ہوگیا۔'' (4)

﴿961﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

---

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، أخبار حذیفۃ بن الیمان، الحدیث: ۱۰۰۴، ص ۱۹۹.

2 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام حذیفۃ، الحدیث: ۱۱، ج ۸، ص ۲۰۲.

3 ......المرجع السابق، کتاب الفتن، باب من کرہ الخروج فی......الخ، الحدیث: ۳۰۷، ص ۶۴۰.

4 ......موسوعۃ لابن ابی الدنیا، کتاب المحتضرین، الحدیث: ۳۵۵، ج ۵، ص ۳۸۳، مفھومًا.



www.dawateislami.net

کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے فرمایا: ''حبیب فقر کی حالت میں آیا ہے۔ جو پشیمان ہو گا وہ کامیاب نہیں ہو گا۔ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد بجا لاتا ہوں جس نے مجھے فتنے کے پھیلنے اور اس میں مبتلا ہونے سے پہلے ہی اپنے پاس بلا لیا۔'' (1)

## قیمتی کفن خریدنے سے منع فرمادیا:

﴿962﴾......حضرت سیِّدُنا ابو وائل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے مَرَضُ الْمَوت نے شدّت اختیار کی تو قبیلہ ''بنوعَبس'' کے کچھ لوگ ان کے پاس حاضر ہوئے اور مجھے حضرت سیِّدُنا خالد بن رَبیع عَبْسی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے بتایا کہ جب ہم حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حاضر ہوئے اس وقت آپ مدائن میں تھے اور آدھی رات کا وقت تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہم سے وقت دریافت فرمایا تو ہم نے آدھی رات یا رات کا آخری پہر بتایا تو انہوں نے فرمایا: ''میں ایسی صبح سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں جو دوزخ کی طرف لے جانے والی ہو۔'' پھر دریافت فرمایا: ''کیا تم اپنے ساتھ کفن لائے ہو؟'' ہم نے کہا: ''جی ہاں!'' ارشاد فرمایا: ''میرے کفن میں غُلُو نہ کرنا(2)۔ کیونکہ اگر تمہارے رفیق کے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں خیر و بھلائی ہے تو یقیناً اس کا کفن اس سے بہتر کپڑوں سے بدل دیا جائے گا ورنہ یہ کفن بھی چھین لیا جائے گا۔'' (3)

﴿963﴾......حضرت سیِّدُنا ابو مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا کفن لایا گیا اس وقت وہ میرے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ پھر ایک نیا کفن لایا گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

---

1......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب المحتضرین، الحدیث: ۱۳۰، ج۵، ص۳۳۵۔

2...... جیسا کہ حضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کفن میں غُلُو نہ کرو کیونکہ یہ بہت جلد خراب ہو جاتا ہے۔'' اس کی شرح میں عارِف باللہ، شیخ محقق حضرت سیدنا عبدالحق محدث دہلوی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''اس حدیث شریف کا مقصد یہ ہے کہ کفن میں اِسراف اور فُضُول خرچی کی ممانعت ہے۔'' (اشعة اللمعات، کتاب الجنائز، ج۱، ص۷۱۸) **دعوت اسلامی** کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب، ''**بہارِ شریعت**'' صفحہ 818 پر صدر الشَّریعہ، بدر الطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: کفن اچھا ہونا چاہیے یعنی مرد عیدین و جُمُعہ کے لیے جیسے کپڑے پہنتا تھا اور عورت جیسے کپڑے پہن کر میکے جاتی تھی اس قیمت کا ہونا چاہیے۔ حدیث میں ہے: ''مُردوں کو اچھا کفن دو کہ وہ باہم ملاقات کرتے اور اچھے کفن سے تَفاخُر کرتے یعنی خوش ہوتے ہیں۔'' سفید کفن بہتر ہے۔ کہ نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''اپنے مُردے سفید کپڑوں میں کفناؤ۔'' (ردالمحتار، کتاب الصلوۃ، باب صلوۃ الجنازۃ، ج۳، ص۱۱۲۔ غنیۃ المتملی، ص۵۸۱۔۵۸۲۔ جامع الترمذی، ابواب الجنائز، الحدیث: ۹۹۶، ج۲، ص۳۰۱)

3......الادب المفرد للبخاری، باب العبادۃ جوف اللیل، الحدیث: ۵۰۴، ص۱۴۳، مفہومًا۔



www.dawateislami.net

نے فرمایا: ''تم اس کفن کا کیا کرو گے اگر تمہارا رفیق نیک ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے کفن کو اچھے کفن سے بدل دے گا اور اگر صالح نہیں ہے تو یہ کپڑے قیامت تک کے لئے قبر کے ایک کونے میں پھینک دیئے جائیں گے۔'' (1)

## 300 درہم کا کفن:

﴿964﴾......حضرت سیِّدُنا صِلَه بن زُفَر رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْه فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَه رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے مجھے اور حضرتِ سیِّدُنا ابومسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کو کفن لینے بھیجا تو ہم 300 درہم میں عمدہ چادروں کا ایک کفن خرید کر لے آئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ''جو کفن میرے لئے خرید کر لائے ہو وہ مجھے دکھاؤ۔'' ہم نے دکھایا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے اسے قبول نہ کرتے ہوئے فرمایا: ''میرے کفن کے لئے تو دو سفید چادریں ہی کافی ہیں جن کے ساتھ قمیص نہ ہو، کیونکہ انہیں بھی مجھ پر نہیں رہنے دیا جائے گا اس لئے کہ یا تو انہیں ان سے بہتر چادروں میں تبدیل کر دیا جائے گا یا بدتر کپڑوں میں بدل دیا جائے گا۔'' راوی فرماتے ہیں: ''پھر ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه کے لئے دو سفید چادریں خرید لائے۔'' (2)

﴿965﴾......حضرت سیِّدُنا صِلَه رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَه رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ''صَبْر کی عادت بنا لو! عنقریب تم پر ایک مصیبت آنے والی ہے۔ البتہ! تم پر اس سے زیادہ سخت مصیبت نہیں آئے گی جو ہمیں سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے زمانے میں پیش آئی تھی۔'' (3)

## شدّتِ حِساب:

﴿966﴾......حضرت سیِّدُنا ابوخِرَاش رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا حُذَیْفَه رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ''ایک حِساب قبر میں ہونا ہے اور ایک قیامت کے دن۔ جو قیامت کے دن حِساب میں مُبْتَلا ہوا وہ عذاب میں پھنس جائے گا۔'' (4)

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب وصية حذيفة بن اليمان، الحديث: ٥٦٨١، ج٤، ص ٤٦٥، مفهومًا.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ٣٠٠٧، ج٣، ص ١٦٣، مفهومًا.

3 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند حذيفة بن اليمان، الحديث: ٢٩٢٠، ج٧، ص ٣٢٢.

4 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد، كلام حذيفة، الحديث: ٧، ج٨، ص ٢٠١.



www.dawateislami.net

# حضرت سَیِّدُ نا عَبْدُاللّٰہ بن عَمْرو بن عَاص
## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا

حضرت سَیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خوفِ خدا رکھنے والے، طاقتور نوجوان، متواضع قاری اور روزے دار وعبادت گزار صحابی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حق گو اور باعمل تھے۔ نیز باطل سے مُنْحرِف، لڑائی جھگڑے سے کوسوں دور رہتے تھے۔ مسکینوں کو کھانا کھلاتے، سلام کو پھیلاتے اور پاکیزہ گفتگو فرماتے تھے۔

اہلِ تَصَوُّف کے نزدیک: ''عُمدہ اَخلاق اپنانے اور شرعی احکام کے آگے سرِ تسلیم خم کرنے کا نام تصوُّف ہے۔''

﴿967﴾...... حضرت سیدنا عبد اللّٰہ بن عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحْبُوب، دانائے غُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو میرے بارے میں بتایا گیا کہ میں کہتا ہوں: ''میں ساری زندگی دن کو روزہ رکھوں گا اور تمام رات نوافل پڑھا کروں گا۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے (مجھ سے) اِستفسار فرمایا: ''کیا تم نے یہ بات کہی ہے کہ میں ساری زندگی دن کو روزہ رکھوں گا اور تمام رات نوافل پڑھا کروں گا؟'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے ماں باپ آپ پر قربان! جی ہاں! میں نے یہ بات کہی ہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم اس کی طاقت نہیں رکھتے۔''[1]

﴿968﴾...... حضرت سَیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے گھر تشریف لائے اور فرمایا: ''اے عبد اللّٰہ بن عمرو! مجھے خبر ملی ہے کہ تم رات میں قیام کرنے اور دن کو روزہ رکھنے کی مَشَقَّت اُٹھاتے ہو۔'' میں نے عرض کی: ''جی ہاں! میں ایسا ہی کرتا ہوں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تمہارے لئے یہی کافی ہے کہ ہفتے میں 3 روزے رکھ لیا کرو۔'' (فرماتے ہیں:) میں نے سختی چاہی تو مجھ پر سختی کی گئی۔ میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں اس کی

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب الصوم، باب صوم الدھر، الحدیث: ۱۹۷۶، ص ۱۵۴۔
صحیح البخاری، کتاب أحادیث الأنبیاء، الحدیث: ۳۴۱۸، ص ۲۷۸۔


www.dawateislami.net

طاقت رکھتا ہوں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''بے شک تمہاری آنکھوں کا بھی تم پر حق ہے۔تمہارے مہمانوں کا بھی تم پر حق ہے اور تمہارے گھر والوں کا بھی تم پر حق ہے۔'' (1)

## جذبۂ عبادت وشوقِ تلاوت:

﴿969﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے پوچھا کہ ''رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم آپ کے پاس کیوں تشریف لائے تھے اور کیا فرمایا تھا؟'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بتایا کہ حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے پاس تشریف لائے اور ارشادفرمایا: ''اے عبداللّٰہ بن عمرو! مجھے اس بات کی خبر ملی ہے کہ تم رات کو قیام کرنے اور دن کو روزہ رکھنے کی مَشَقَّت اُٹھاتے ہو؟'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! بے شک میں ایسا کرتا ہوں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''تمہارے لئے اِتنا کافی ہے کہ ہر مہینے میں 3 روزے رکھو جب تم ایسا کرو گے تو گویا تم نے ہمیشہ روزے رکھے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے سختی چاہی تو مجھ پر سختی کی گئی۔ پھر میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میں اس سے زیادہ کی قُوَّت رکھتا ہوں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا: ''بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک پسندیدہ روزے حضرت داوٗد عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے روزے ہیں۔'' حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا فرماتے ہیں: ''اب مجھے بڑھاپے اور کمزوری نے آلیا ہے۔ کاش! میں اپنے مال اور گھر والوں کو بطور تاوان دے کر حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رُخصت یعنی ہر مہینے 3 روزے رکھنا قبول کر لیتا۔'' (2)

﴿970﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا فرماتے ہیں: حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشادفرمایا: ''مجھے خبر ملی ہے کہ تم بغیر ناغہ کئے روزہ رکھتے ہو اور بغیر آرام کئے رات کو نماز پڑھتے ہو۔ ہفتے میں دو روزے رکھ لیا کرو یہ کافی ہیں۔'' فرماتے ہیں: میں نے عرض کی:

---

1 ......المسندللامام احمدبن حنبل،مسند عبداللّٰہ بن عمروبن العاص،الحدیث:٦٨٩٥،ج٢،ص٦٤١۔
سنن النسائی،کتاب الصیام،باب صوم یوم......الخ،الحدیث:٢٣٩٣،ص٢٢٤١۔

2 ......المسندللامام احمدبن حنبل،مسندعبداللّٰہ عمروبن العاص،الحدیث:٦٨٩٥،ج٢،ص٦٤١،مفھومًا۔



www.dawateislami.net

''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔''تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا:''پھرتمہارے لئے حضرت داوٗدعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ والسَّلام کی طرح روزے رکھنا کافی ہیں اور یہ روزوں کا عُمدہ طریقہ ہے کہ تم ایک دن روزہ رکھواور ایک دن ناغہ کرو۔''میں نے عرض کی:''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔''تو ارشادفرمایا:''شایدتم اسی حالت میں بڑھاپے کو پہنچ جاؤاور کمزور ہو جاؤ گے۔''(1)

﴿971﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ حکیم بن صَفوان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں:''میں نے قرآنِ مجید حِفظ کرلیا تھااور ایک ہی رات میں پوراپڑھ لیا کرتا تھاتورسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشادفرمایا:''مجھے اندیشہ ہے کہ تمہاری عُمر زیادہ ہوگی تو تم قرآنِ مجید کی تلاوت سے اُکتا جاؤ گے۔لہٰذا مہینے میں ایک بارقرآنِ مجید ختم کیا کرو۔''میں نے عرض کی:''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! مجھے اپنی طاقت وقُوَّت اور جوانی سے بھرپور فائدہ اُٹھانے دیجئے۔''ارشادفرمایا:''تو پھر 20دِن میں ختم کرلیا کرو۔''میں نے عرض کی:''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! مجھے اپنی طاقت وقوت اور جوانی سے بھرپور فائدہ اُٹھانے دیجئے۔''ارشادفرمایا:''پھر ہفتے میں ایک بار ختم کرلیا کرو۔''میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! مجھے اپنی طاقت وقوت اور جوانی سے بھرپور فائدہ اُٹھانے دیجئے۔''تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس سے مَنْع فرمادیا۔''(2)

﴿972﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن رَافِع رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: جب حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بڑھاپے کو پہنچے اور قرآن مجید کی قراءت دُشوار محسوس ہونے لگی تو فرمایا: جب میں نے قرآنِ مجید حِفظ کیا تو حُضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی:''میں نے قرانِ مجید حِفظ کرلیا ہے۔اب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے لئے اِس کو پڑھنے کی مِقدار مُقرَّر فرمادیجئے۔''ارشاد

---

1 ......المسندللامام احمدبن حنبل،مسندعبداللہ عمروبن العاص،ج۲،الحدیث:۶۸۹۳/۶۸۹۵،ص۶۴۱مفهومًا.

2 ......سنن ابن ماجه،ابواب اقامة الصلوات،باب فی کم یستحب یختم القرآن،الحدیث:۱۳۴۶،ص۲۵۵۶۔
المسندللامام احمدبن حنبل،مسندعبداللہ بن عمروبن العاص،الحدیث:۶۸۹۰،ج۲،ص۶۳۹.


www.dawateislami.net

فرمایا: ''مہینے بھر میں پورا قرآنِ مجید پڑھ لیا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔'' فرمایا: ''تو پھر مہینے میں 2 مرتبہ پڑھ لیا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے بھی زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔'' فرمایا: ''تو پھر مہینے میں 3 مرتبہ پڑھ لیا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے بھی زیادہ کی اِستطاعت رکھتا ہوں۔'' فرمایا: ''تو پھر 6 دن میں پڑھ لیا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے بھی زیادہ کی قوت رکھتا ہوں۔'' فرمایا: ''تو پھر 3 دن میں پڑھ لیا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے بھی زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جلال میں آکر فرمایا: ''جاؤ اور پڑھو۔'' (1)

﴿973﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: میرے والد نے ایک قُرَیشی عورت کے ساتھ میرا نکاح کر دیا۔ جب وہ عورت میرے پاس آئی تو چونکہ مجھ میں نماز و روزہ کی بے پناہ قوَّت تھی اس لئے میں نماز و روزہ میں مصروف رہا اور اس سے شادی کے بعد کے مُعاملات نہ کئے۔ چنانچہ، میرے والد حضرت سیِّدُنا عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی بہو کے پاس تشریف لائے اور اس سے پوچھا کہ ''تم نے اپنے شوہر کو کیسا پایا؟'' اس نے کہا: ''تمام مردوں (یہاں راوی کو شک ہے) یا یہ کہا: تمام شوہروں سے بہتر پایا وہ ایک ایسا شخص ہے کہ اس نے نہ ہمارے پہلو کو تلاشا اور نہ ہمارے بستر کے قریب آیا۔'' یہ سُن کر میرے والد نے مجھے سَرزَنِش (یعنی ملامت) کرتے ہوئے فرمایا: ''میں نے قُرَیش کی عُمدہ حَسَب والی عورت سے تمہارا نکاح کرایا پھر عورتوں نے اسے تجھ تک پہنچایا اور تم نے ایسا برتاؤ کیا؟'' پھر میرے والد نے بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں میری شکایت کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے بلوایا میں حاضر ہوا تو اشاد فرمایا: ''کیا تم دن کو روزہ رکھتے ہو؟'' میں نے عرض کی: ''جی ہاں۔'' اِستفسار فرمایا: ''کیا رات کو عبادت کرتے ہو؟'' عرض کی: ''جی ہاں۔'' اِرشاد فرمایا: ''لیکن میں روزہ بھی رکھتا ہو اور اِفطار (یعنی ناغہ) بھی کرتا ہوں۔ رات میں نماز بھی پڑھتا ہوں اور آرام بھی کرتا ہوں اور میں عورتوں کے پاس بھی جاتا ہوں۔ تو جس نے میری سنت سے روگردانی کی وہ مجھ سے نہیں (یعنی میرے طریقہ پر نہیں)۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہر مہینے ایک مرتبہ

---

(1)......صحیح مسلم، کتاب الصیام، باب النھی عن صوم الدھرلمن......الخ، الحدیث: ٢٧٣٠، ص ٨٦٤، مفھومًا۔

سنن ابن ماجه، ابواب اقامة الصلوات، باب فی کم یستحب یختم القرآن، الحدیث: ١٣٤٦، ص ٢٥٥٦، مختصرًا۔



www.dawateislami.net

قرآنِ مجید پڑھا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔'' ارشاد فرمایا: ''تو ہر 10 دن میں ایک بار پڑھ لیا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے بھی زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں۔'' فرمایا: ''تو ہر 3 دن میں ایک بار پڑھ لیا کرو۔'' پھر ارشاد فرمایا: ''ہر مہینے 3 روزے رکھا کرو۔'' میں نے عرض کی: ''میں اس سے زیادہ کی اِستطاعت رکھتا ہوں۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم روزوں کی تعداد بڑھاتے رہے یہاں تک کہ آخر میں ارشاد فرمایا: ''ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن نہ رکھو کہ یہ سب سے افضل روزے ہیں اور یہ میرے بھائی حضرت داوٗد عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے روزے ہیں۔''

حضرت سیِّدُنا حُصَین رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ پھر حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک ہر عبادت گزار کے لئے ایک تیزی اور شِدَّت ہوتی ہے اور ہر تیزی کے بعد سُستی وکمزوری ہوتی ہے جو سُنَّت یا بدعت کے مُوافِق ہوتی ہے۔ پس جس کی کمزوری سُنَّت کے مُوافِق ہوئی اس نے ہدایت پائی اور جس کی بدعت کے مُوافِق ہوئی وہ ہلاک ہو گیا۔''

حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب ضَعِیف اور عُمر رَسِیدہ ہو گئے تو بھی کئی کئی دِنوں تک لگاتار روزے رکھتے۔ پھر ناغہ کرتے تاکہ اپنے اندر قوَّت جمع کرلیں اور اسی طرح کبھی اپنے وظائف کو بڑھا دیتے تو کبھی ان میں کمی کر دیتے۔ البتہ! مُقَرَّرہ تعداد کو 7 یا 3 دنوں میں ضرور پورا کر لیتے اور فرمایا کرتے کہ ''حُضُور نبیِّ رحمت، شَفِیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دی ہوئی رُخصت کو قبول کر لینا مجھے اس بات سے زیادہ مَحْبُوب ہے کہ اس مُقَرَّرہ تعداد میں کمی بیشی کروں۔ لیکن جس حالت پر میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے جدا ہوا ہوں اس کا خلاف کرنا مجھے پسند نہیں۔'' (1)

## خواب میں عِلم کی بشارت:

﴿974﴾...... حضرت سیِّدُنا وَاہِب بن عبد اللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: میں نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ میری ایک اُنگلی میں گھی اور دوسری میں شہد ہے اور میں ان دونوں انگلیوں کو چاٹ رہا ہوں۔ صبح میں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اس کا ذِکر

(1) ...... المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللّٰہ بن عمرو بن العاص، الحدیث: ٦٤٨٧، ج٢، ص٥٤٩.



www.dawateislami.net

کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''تم 2 کتابوں تورات اور قرآنِ مجید کا علم حاصل کرو گے۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دونوں کتابوں کا علم حاصل کیا۔'' (1)

﴿975﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عبدالرحمٰن حُبُلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو فرماتے سنا کہ ''اس زمانے میں کسی نیکی کو بجالانا مجھے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے زمانے میں اس سے دُگنا عمل کرنے سے زیادہ مَحْبُوب ہے۔ کیونکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مبارک زمانے میں ہمیں آخرت کی فکر رہتی تھی، دنیا کا کچھ غم نہ تھا جبکہ آج دنیا نے ہمیں اپنی طرف مائل کرلیا ہے۔'' (2)

## افضل عمل:

﴿976﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے عرض کی: ''اسلام کا کون سا عمل سب سے افضل ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''تمہارا لوگوں کو کھانا کھلانا اور ہر جاننے اور نہ جاننے والے کو سلام کرنا۔'' (3)

## جنّت میں لے جانے والے اَعمال:

﴿977﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تبار، ہم بےکسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کرو، سلام عام کرو اور کھانا کھلاؤ جنّت میں داخل ہو جاؤ گے۔'' (4)

﴿978﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''میں نے حُضُور نبیِّ پاک، صاحِبِ لولاک، سیّاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ایک ایسی مجلس اِختیار کی کہ اس جیسی مجلس نہ اس سے پہلے اِختیار کی نہ اس کے بعد، اس مجلس کے بارے میں مجھے اپنے آپ پر اتنا رشک آتا ہے کہ اس کے علاوہ کسی اور مجلس میں شریک ہونے

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبداللہ بن عمرو بن العاص، الحدیث: ۷۰۸۸، ج۲، ص۶۸۷.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۴۳، ج۱۳-۱۴، ص۱۶.

3 ......صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب إطعام الطعام من الإسلام، الحدیث: ۱۲، ص۳.

4 ......سنن الدارمی، کتاب الأطعمة، باب فی إطعام الطعام، الحدیث: ۲۰۸۱، ج۲، ص۱۴۸.



www.dawateislami.net

پر اتنا رشک نہیں آتا۔'' (1)

## ادائے رسول:

﴿979﴾......حضرت سیِّدُنا عمرو بن شُعَیب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے والد فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے ساتھ بیت اللہ شریف کا طواف کیا۔ جب ہم کعبہ مبارکہ کی پچھلی جانب آئے تو میں نے ان سے دریافت کیا: ''کیا آپ تَعَوُّذ نہیں پڑھتے؟'' انہوں نے فرمایا: ''میں دوزخ کی آگ سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں۔'' پھر آگے چل دیئے، حجرِ اسود کا بوسہ لیا پھر اس کے اور بابِ کعبہ کے درمیان کھڑے ہوکر سینہ اور چہرہ اس پر رکھا اور کلائیاں بچھا دیں پھر فرمایا: ''میں نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اس طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔'' (2)

## 3 برائیاں اور 3 بھلائیاں:

﴿980﴾......حضرت سیِّدُنا حسین بن شُفَی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ہم حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کی خدمت میں حاضر تھے کہ وہاں ایک بچھڑا آیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جو شخص اس پر سوار ہوکر تمہاری طرف آیا ہے میں اسے جانتا ہوں۔'' جب وہ سوار آکر بیٹھ گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے فرمایا: ''ہمیں 3 بھلائیوں اور 3 برائیوں کے بارے میں بتاؤ۔'' اس نے کہا: ''ہاں! **3 بھلائیاں یہ ہیں:** سچی زبان، پرہیزگار دل اور نیک بیوی اور **3 برائیاں یہ ہیں:** جھوٹی زبان، نافرمان دل اور بُری بیوی۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک میں یہ چیزیں تمہیں بیان کرچکا ہوں۔'' (3)

﴿981﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عبدالرحمٰن حُبُلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو فرماتے سنا کہ ''مجھے قیامت کے دن 10 مسکینوں میں سے دسواں ہونا 10 مالداروں میں

1 ......مسندالحارث، کتاب التفسیر، باب النھی عن الجدال بالقرآن، الحدیث: ۷۳۵، ج۲، ص۷۴۰۔
سنن ابن ماجه، کتاب السنة، باب فی القدر، الحدیث: ۸۵، ص۲۴۸۲

2 ......سنن ابی داؤد، کتاب المناسك، باب الملتزم، الحدیث: ۱۸۹۹، ص۱۳۶۳.

3 ......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ۹۸۸ تبیع بن عامر، ج۱۱، ص۳۲.



www.dawateislami.net

سے دسواں ہونے سے زیادہ محبوب ہے کیونکہ اس دن زیادہ مال دار کم توشہ والے ہوں گے سوائے اس شخص کے جو دائیں بائیں (یعنی بکثرت) صدقہ کرے۔"(1)

## بدکلام پر جنّت حرام ہے:

﴿982﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعبدالرحمٰن حُبُلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کوفرماتے سنا کہ "ہر بدزبان پر جنّت میں داخلہ حرام ہے۔"(2)

## مسلمان کو پانی پلانے کی فضیلت:

﴿983﴾......حضرت سیِّدُنا حُمَید بن ہلال رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: "جو کسی مسلمان کو ایک گھونٹ پانی پلاتا ہے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اسے جَہَنَّم سے اتنی مَسافت دور فرمادیتا ہے جتنی مَسافت طے کرتے کرتے گھوڑا تھک جاتا ہے۔"(3)

﴿984﴾......حضرت سیِّدُنا حُمَید بن ہلال رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: "بے مَقصد کام کو ترک کردو، فضول باتوں سے بچو اور اپنی زبان کی اس طرح حِفاظت کرو جس طرح سونے چاندی کی حِفاظت کرتے ہو۔"(4)

## اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے ناپسند بندے:

﴿985﴾......حضرت سیِّدُنا ابن هُبَیْرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: "حضرت سیِّدُنا موسیٰ کَلِیْمُ اللّٰہ عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُوَالسَّلَام پر نازل ہونے والے صحیفے میں ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنی مخلوق میں 3 بندوں کو پسند نہیں فرماتا: ایک وہ جو دو دوستوں کے درمیان

---

(1)......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ٣٤٣٤ عبداللّٰہ بن عمرو بن العاص، ج ٣١، ص ٢٦٦

(2)......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الصمت و آداب اللسان، باب ذم الفُحش و البذاء، الحدیث: ٣٢٥، ج٧، ص ٢٠٤.

(3)......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٣٥، ج ١٣-١٤، ص ٣٩، مفهومًا.

(4)......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الصمت و آداب اللسان، باب حفظ اللسان و فضل الصمت، الحدیث: ٢٤، ج٧، ص ٤٤.


www.dawateislami.net

پھوٹ (یعنی جدائی) ڈالتا ہے۔ دوسرا وہ جو تعویذات لے کر چلتا ہے[1] اور تیسرا وہ جو کسی بے عیب کو عیب لگانے اور عار دلانے کی جستجو میں رہتا ہے۔''[2]

## برائی کا گڑھا:

﴿986﴾...... حضرت سیِّدُنا خالد بن یزید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْمَجِید سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''تورات شریف میں لکھا ہے کہ ''جس نے کسی قسم کی ناجائز تجارت کی اس نے نافرمانی کی اور جو اپنے کسی رفیق کے لئے برائی کا گڑھا کھودے گا خود اس میں جا گرے گا۔''[3]

﴿987﴾...... حضرت سیِّدُنا شَرَاحِیل عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَکِیْل فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو فرماتے سنا کہ ''بے شک شیطان نچلی زمین میں بندھا ہوا ہے جب وہ حرکت کرتا ہے تو زمین پر موجود ہر شر دو یا زیادہ حصوں میں بٹ جاتا ہے۔''[4]

---

1 ...... اس سے مراد وہ تعویذات ہیں جو ناجائز و کفریہ الفاظ پر مشتمل ہوں جبکہ ایسے تعویذات استعمال کرنا جائز ہے جو آیاتِ قرآنیہ، اسماءِ الٰہیہ یا دعاؤں پر مشتمل ہوں۔ چنانچہ، حضرت سیِّدُنا امام احمد بن حنبل عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْاَکْرَم یہ روایت نقل فرماتے ہیں کہ: ''حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اپنے بالغ بچوں کو سوتے وقت یہ کلمات پڑھنے کی تلقین فرماتے: بِسْمِ اللّٰہِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ. (یعنی: میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں اس کے غضب سے، اس کے عذاب سے، اس کے بندوں کے شر اور شیاطین کے وسوسوں اور ان کی حاضری سے۔) اور ان میں سے جو نابالغ ہوتے اور یاد نہ کر سکتے تو مذکورہ کلمات لکھ کر ان کا تعویذ بچوں کے گلے میں ڈال دیتے۔'' (مسند احمد، مسند عبداللہ بن عمرو، الحدیث: ٦٧٠٨، ج٢، ص ٦٠٠) دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' حصہ 16 صفحہ 294 پر صدرُ الشَّرِیعہ، بدرُ الطَّرِیقہ حضرت مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''گلے میں تعویذ لٹکانا جائز ہے جبکہ وہ تعویذ جائز ہو یعنی آیاتِ قرآنیہ یا اسمائے الٰہیہ یا اَدْعِیہ (یعنی دعاؤں) سے تعویذ کیا گیا ہو اور **بعض حدیثوں میں جو ممانعت آئی ہے اس سے مراد وہ تعویذات ہیں جو ناجائز الفاظ پر مشتمل ہوں، جو زمانہ جاہلیت میں کیے جاتے تھے**۔ اسی طرح تعویذات اور آیات و احادیث و اَدْعِیہ رکابی میں لکھ کر مریض کو بہ نیتِ شفاء پلانا بھی جائز ہے۔ جُنُب (یعنی جس پر جماع، احتلام یا شہوت کے ساتھ مَنی خارج ہونے کے سبب غسل فرض ہو گیا ہو) و حائض و نفسا بھی تعویذات کو گلے میں پہن سکتے ہیں، بازو پر باندھ سکتے ہیں جبکہ تعویذات غلاف میں ہوں۔''

2 ...... الجامع فی الحدیث: لابن وھب، باب الإخاء فی اللہ، الحدیث: ٢١٧، ج١، ص٢٢٣.

3 ...... کتاب روضۃ العقلاء و نزھۃ الفضلاء، ذکر الزجر عن التجسس و سوء الظن، ص١٢٨.

4 ...... تفسیر القرطبی، سورۃ البقرۃ، تحت الآیۃ ١٦٨، الجزء الثانی، ج١، ص ١٦٠.



www.dawateislami.net

﴿988﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ اَبِی مُلَیکہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''اگر تم وہ جان لو جو میں جانتا ہوں تو کم ہنسو اور زیادہ رو ؤ اور اگر تم علم کا حق جان لو تو اس قدر چیخو کہ تمہاری آواز ختم ہو جائے اور اتنا طویل سجدہ کرو کہ تمہاری کمر ٹوٹ جائے۔'' (1)

## آگ کی آواز:

﴿989﴾......حضرت سیِّدُنا جعفر بن ابی عمران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ہمیں یہ خبر ملی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے ایک مرتبہ آگ کی آواز سنی تو فوراً بولے: ''اور میں؟'' کسی نے عرض کی: ''اے ابن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! یہ کیا ہے؟'' فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! یہ دنیا کی آگ اس بات سے پناہ مانگ رہی ہے کہ اسے دوبارہ دوزخ کی آگ میں داخل کیا جائے۔'' (2)

## صبر کی تلقین:

﴿990﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عبد الرحمٰن حُبُلی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے عرض کی: ''کیا ہم فُقَرائے مُہاجِرین میں سے نہیں ہیں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِستفسار فرمایا: ''کیا تمہاری بیوی ہے جس کے پاس تم جاتے ہو؟'' عرض کی: ''جی ہاں۔'' فرمایا: ''کیا تمہارے پاس رہنے کا مکان ہے؟'' عرض کی: ''جی ہاں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''پھر تم فُقَرائے مُہاجِرین میں سے نہیں ہو، اب اگر تم چاہو تو ہم تمہیں عطا کر دیں اور اگر چاہو تو تمہارا معاملہ بادشاہ کے سامنے پیش کر دیں؟'' اس نے عرض کی: ''ہم صبر کریں گے اور کسی چیز کا سوال نہیں کریں گے۔'' (3)

## صبر کا اُخروی اِنعام:

﴿991﴾......حضرت سیِّدُنا ابو کثیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فُقَرا سے فرمایا: میدانِ محشر میں ایک نداء لگائی جائے گی کہ ''اس اُمّت کے فُقَرا و مساکین کہاں ہیں؟'' یہ

(1) ......الزهد لوكيع، باب قلة الضحك، الحديث: ١٨، ج ١، ص ٢٤.

(2) ......موسوعة لابن ابی الدنيا، كتاب صفة النار، الحديث: ١٥٠، ج ٦، ص ٤٣١.

(3) ......صحيح مسلم، كتاب الزهد، باب الدنيا سجن للمؤمن وجنة للكافر، الحديث: ٧٤٦٢/٧٤٦٣، ص ١١٩٤، بتغيرٍ.



www.dawateislami.net

ندا سُن کر تم لوگوں میں نمایاں ہو جاؤ گے تو فرِشتے پوچھیں گے کہ ''تمہارے پاس کیا ہے؟'' تو تم (فرِشتوں کے بجائے) بارگاہِ خداوندی میں عرض کرو گے: ''اے ہمارے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ! تو نے ہمیں آزمائشوں میں مُبتلا کیا تو ہم نے صبر کیا اور تو بہتر جانتا ہے اور تو نے مال و بادشاہی دوسروں کو عطا فرمائی۔'' پس فرمایا جائے گا: ''تم نے سچ کہا۔'' حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''اس کے بعد فُقَرا و مساکین ایک زمانہ پہلے جنّت میں داخل ہو جائیں گے جبکہ مالداروں پر حساب و کتاب کی شِدَّت باقی رہے گی۔''(1)

## روحوں کو رزق دیا جاتا ہے:

﴿992﴾......حضرت سیِّدُنا خالد بن مَعْدان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا کہ ''جنّت لپٹی ہوئی ہے۔ سورج کے کناروں سے بندھی ہوئی ہے۔ ہر سال ایک مرتبہ پھیلتی ہے اور مومنین کی ارواح چڑیوں کی مانند سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہوتی ہیں۔ ایک دوسرے کو پہچانتی ہیں اور انہیں جنّت کے پھلوں سے رِزق دیا جاتا ہے۔''(2)

## گِریہ وزاری:

﴿993﴾......حضرت سیِّدُنا یعلی بن عَطاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی والدہ نے انہیں بتایا کہ ''حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بہت زیادہ گریہ وزاری فرماتے تھے اور میں ان کے لئے سُرمہ تیار کرتی تھی۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دروازہ بند کر کے اس قدر روتے تھے کہ آنکھوں سے سفید میل آنے لگتا اور میری امی جان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہَا ان کے لئے سُرمہ بنایا کرتی تھیں۔''(3)

﴿994﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن بابا رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں عرفہ کے دن حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حرم میں خیمہ نَصْب فرما رکھا ہے۔ میں نے اس کی وَجْہ دریافت کی تو فرمایا: ''اس لئے تاکہ میری نماز حرم میں ادا ہو اور جب اپنے گھر

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، الحدیث:۳، ج۸، ص۱۸۸.

(2)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الجنة، باب ماذکرفی الجنة ومافیهاأعدلأهلها، الحدیث:۲۵، ج۸، ص۷۰.

(3)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزهد، ما قالوافی البکاء......الخ، الحدیث:۱۸، ج۸، ص۲۹۹، مفهومًا.



www.dawateislami.net

والوں کے پاس جاؤں تو حِل [1] میں رہوں۔'' [2]

## فجر کے وقت خُصوصی رحمت کا نُزول:

﴿995﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نمازِ فجر کے بعد ایک شخص کے پاس سے گزرے وہ سو رہا تھا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے پاؤں سے حَرکت دی تو وہ بیدار ہو گیا پھر اسے فرمایا: ''کیا تجھے معلوم نہیں کہ اس وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے بندوں کی طرف خاص توجہ فرماتا ہے اور ان میں سے بعض کو اپنی رحمت سے جنّت میں داخل فرماتا ہے۔'' [3]

## زائد پانی مت بیچو:

﴿997﴾......حضرت سیِّدُنا عَمرو بن شُعَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دادا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ایک خادم نے بچا ہوا پانی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے چچا کو 20 ہزار میں بیچ دیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بچے ہوئے پانی کو مت بیچو کہ اسے بیچنا مَنْع ہے [4]۔'' [5]

## اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام پر دینے کی فضیلت:

﴿998﴾......حضرت سیِّدُنا یعقوب بن عاصم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''جس سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام پر کچھ مانگا گیا اور اس نے دے دیا تو اس کے نامۂ اعمال میں 70 نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔'' [6]

---

1 ......مکۂ مُعَظّمہ کے چاروں طرف میلوں تک اس کی حدود ہے اور یہ زمین حرمت وتَقَدُّس کی وجہ سے ''حرم'' کہلاتی ہے ہر جانب اس کی حدود پر نشان لگے ہیں۔ حدودِ حرم سے باہر میقات تک کی زمین کو ''حِل'' کہتے ہیں۔ (رفیق الحرمین، ص ۴۱، ۴۲)

2 ......مجمع الزوائد، کتاب الصلاۃ، باب عدد الوتر، الحدیث: ۳۴۵۳، ج۲، ص ۵۰۳.

3 ......مجمع الزوائد، باب فی النوم بعد الصبح، الحدیث: ۱۷۹۱، ج۲، ص ۶۹.

4 ......پانی کی خرید وفرخت کے مسائل جاننے کے لئے بہارِ شریعت حصہ 17 سے ''شُرب کا بیان'' کا مطالعہ فرمالیجئے۔ (**علمیہ**)

5 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب البیوع والاقضیۃ، باب فی بیع الماء وشرائہ، الحدیث: ۸، ج۵، ص ۱۱۰.

6 ......المرجع السابق، کتاب الزکاۃ، الحدیث: ۱، ج۳، ص ۱۱۶.


www.dawateislami.net

## سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی سخاوت:

﴿999﴾......حضرت سیِّدُنا سلیمان بن رَبِیْعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا امیر مُعَاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دورِحکومت میں حج کیا اور بصری قراء کی ایک جماعت میں شامل مُنْتَصِر بن حارِث ضَبِّی میرے ساتھ تھا۔ وہ سب لوگ کہنے لگے کہ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہم اس وقت تک واپس نہیں لوٹیں گے جب تک رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے کسی صحابی سے ملاقات کرکے ان سے اَحادیث نہ سُن لیں۔'' چنانچہ، ہم لوگوں سے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے بارے میں پوچھتے رہے یہاں تک کہ کسی نے ہمیں بتایا کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا مکۂ مُکَرَّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا کی نچلی جانب ٹھہرے ہوئے ہیں۔ ہم ان سے مُلاقات کے لئے ان کی طرف چل دیئے۔ اچانک ہم نے ایک عَظِیْم لشکر دیکھا جو کُوچ کر رہا تھا اس میں 300 اونٹ تھے جن میں سے 100 سواری کے لئے اور 200 بار برداری (یعنی سازوسامان اٹھانے) کے لئے تھے۔ ہم نے لوگوں سے پوچھا: ''یہ بھاری لشکر کس کا ہے؟'' اُنہوں نے بتایا: ''یہ لشکر حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا ہے۔'' ہم نے پوچھا: ''کیا یہ سب کا سب اِنہی کا ہے؟'' پھر ہم آپس میں باتیں کرنے لگے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ لوگوں میں سب سے زیادہ عاجزی وانکساری کرنے والے ہیں۔ اتنے میں لوگوں نے بتایا کہ''ان میں 100 اُونٹ ان کے دوستوں کے لئے ہیں اور 200 اُونٹ مہمانوں کے لئے ہیں جو مختلف شہروں سے ان کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔'' یہ سُن کر ہمیں بڑا تَعَجُّب ہوا تو لوگوں نے کہا: ''یہ تعجُّب کی بات نہیں ہے کیونکہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک مالدار آدمی ہیں اور ہر آنے والے مہمان کو زادِراہ دینا ضروری سمجھتے ہیں۔'' ہم نے کہا: ''ہمیں ان تک پہنچا دو۔'' تو انہوں نے ہمیں بتایا کہ'' وہ مَسْجِدِ حرام میں تشریف فرما ہیں۔'' ہم ان کی تلاش میں مَسْجِدِ حرام گئے تو انہیں کعبۂ مُشَرَّفہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا کے پیچھے بیٹھے پایا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پَستہ قد تھے اور اس وقت آشوبِ چَشْم کے مَرَض میں مُبتلا تھے، دو چادریں اوڑھ رکھی تھیں، سر پر عِمامہ سجایا ہوا تھا جبکہ بدنِ مبارک پر قمیص نہ تھی اور جوتے اپنی بائیں جانب رکھے ہوئے تھے۔''(1)

---

(1)......المستدرك، كتاب الفتن و الملاحم، باب مكالمة ابن عمرو......الخ، الحديث: ٨٦٦٢، ج٥، ص٧٤٢، بتغيرٍ قليلٍ.



www.dawateislami.net

## جہاد سے مُتَعَلِّق دو رِوایات:

﴿1000﴾......حضرت سیِّدُنا ابو مُخَارِق زُھَیْر عَبْسِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: کیا میں تمہیں افضل ترین شہید کے بارے میں نہ بتاؤں کہ جس کا مقام و مرتبہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک بہت بلند ہوگا؟ جب شُہَدا صَف بَستہ دشمن کے مقابلے کے لئے نکلتے اور اس کا سامنا کرتے ہیں تو وہ دائیں بائیں مُتَوَجِّہ نہیں ہوتا مگر تلوار اپنے کندھے پر رکھے ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں آج گزرے ہوئے دنوں میں اپنے اعمال کے مقابلے میں تجھے اختیار کرتا ہوں۔'' پھر وہ قتل ہو جاتا ہے پس یہ ان شُہَدا میں سے ہے جو جنت کے بالاخانوں میں جائیں گے اور جہاں چاہیں گے اُٹھیں بیٹھیں گے۔'' (1)

﴿1001﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن اَبی عَمرو شَیْبَانِی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ اہلِ یمن کا ایک قافلہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے پاس سے گزرا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں عرض کی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس آدمی کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جس نے اسلام قبول کیا تو اچھے انداز سے، ہجرت کی تو وہ بھی احسن طریقے سے، جہاد کیا تو وہ بھی اچھے انداز پر۔ پھر اپنے والدین کی خدمت میں یمن لوٹ آیا اور ان کے ساتھ احسان و بھلائی والا مُعامَلہ کرتا رہا؟'' حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پوچھا: ''تمہارا اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟'' اس نے کہا: ''ایسا شخص میدانِ جہاد سے بھاگنے والا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ارشاد فرمایا: ''نہیں! بلکہ ایسا شخص جنّتی ہے۔ ہاں! میں تمہیں بتاتا ہوں کہ کون میدانِ جہاد سے بھاگنے والا ہے۔ سنو! وہ شخص جس نے اسلام قبول کیا تو اچھے انداز سے، ہجرت کی تو وہ بھی احسن طریقے سے، جہاد کیا تو وہ بھی اچھے انداز پر۔ پھر اس نے کنوئیں والی زمین کا قَصْد کیا اور اسے اس کے جِزْیَہ و مَحْصُول کے عوض خرید لیا اور آباد کرنے میں لگ کر جہاد ترک کر دیا۔ یہ ہے وہ شخص جو میدانِ جہاد سے بھاگنے والا ہے۔'' (2)

---

1 ......الجهادلابن المبارك،الحديث:٤٩،ص٥٣،"انى اخترتك"بدله"انى اجزيك".

2 ......الأموال لابن زنجويه، كتاب فتوح الأرضين وسننها واحكامها،باب فى شراء أرض العنوة......الخ،الحديث:٢٥٧، ج١،ص٢٧٧ بتغير.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا عَبدُاللہ بن عُمَر

## رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا

حضرت سیِّدُ ناعبد اللہ بن عُمَر بن خطاب رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ اَمارت ومراتب سے بے رغبتی اور نیکی واچھائی میں رَغْبت رکھتے۔ انتہائی عبادت گزار بلکہ تہجُّد گزار اور سُنَّتِ رسول پر سختی سے عمل کرتے تھے۔ مساجد اور پتھریلی زمین پر پڑاؤ ڈال لیتے۔ اکثر مُشاہَدات میں ڈوبے رہتے۔ اپنے آپ کو دُنیا میں مسافر و اَجنبی شُمار کرتے۔ پیش آنے والے ہر مُعامَلہ کو قریب سمجھتے اور کثرت سے توبہ و اِسْتِغْفار کیا کرتے تھے۔

اہلِ تصوُّف فرماتے ہیں: ”سرکشی سے دور رہنے اور بُلند دَرَجات میں رغبت رکھنے کا نام تصوُّف ہے۔“

﴿1002﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ ناعبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کعبۃ اللہ شریف میں داخل ہوئے تو میں نے سنا کہ آپ سجدہ کی حالت میں کہہ رہے ہیں: ”یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! تو جانتا ہے کہ مجھے اس دُنیا پر قُرَیش سے مُزاحَمت کرنے سے صرف تیرے خوف نے روکا ہے۔“ (1)

﴿1003﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ایک شخص حضرت سیِّدُ ناعبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے پاس آیا اور کہا کہ ”آپ امیر المؤمنین حضرتِ سیِّدُ نا عُمَر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لختِ جگر اور حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابی ہیں۔“ مزید کچھ مَناقِب بیان کرنے کے بعد کہا کہ ”آپ کو اس مُعاملے (یعنی تلوار لے کر میدان میں نکلنے) سے کس چیز نے روک رکھا ہے؟“ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”مجھے اس بات نے روک رکھا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مسلمان کا خون بہانا حرام ٹھہرایا ہے۔“ اس نے کہا: بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے:

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ (پ۲، البقرۃ:۱۹۳)

ترجمۂ کنز الایمان: اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور ایک اللہ کی پوجا ہو۔

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب ذكر اجل فضائل ابن عمر، الحديث: ٦٤٢٩، ج٤، ص٧٢٧.



www.dawateislami.net

تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک ہم نے ایسا کیا ہے، کیونکہ ہم نے مُشرِکین سے قتال کیا ہے یہاں تک کہ صرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت ہونے لگی اور اب تم لڑنا چاہتے ہو یہاں تک کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کسی اور کی پوجا ہونے لگے۔'' (1)

## حَجَّاج بن یُوسُف کو جواب:

﴿1004﴾......حضرت سیِّدُنا مُطْعِم بن مِقْدَام صَنْعَانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حَجَّاج بن یُوسُف نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو خط لکھا کہ ''مجھے خبر ملی ہے کہ تم خلیفہ بننا چاہتے ہو حالانکہ کلام سے عاجز، بخیل اور غَیُور شخص خلافت کا اہل نہیں ہوسکتا۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جواب میں لکھا کہ ''تم نے جو خلافت کا تذکرہ کیا ہے کہ ''میں اس کی خواہش رکھتا ہوں'' تو سُن لو! مجھے اس کی بالکل تمنّا نہیں اور نہ ہی میرے دل میں کبھی اس کا خیال گزرا اور رہی بات کلام سے عاجز ہونے، بخیل و غیرت مند ہونے کی تو سُن! بے شک جو شخص قرآنِ حکیم کا حافظ ہو وہ کلام سے عاجز نہیں ہوسکتا اور جو اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرتا ہے وہ بخیل نہیں ہوسکتا اور رہا مُعامَلہ غیرت کا تو میں نے جس مُعامَلے میں غیرت کی اس کی زیادہ حقدار میری اولاد ہے کہ وہ میرے علاوہ کسی دوسرے کو اس میں شریک ٹھہرائے۔'' (2)

﴿1005﴾......حضرت سیِّدُنا حَسَن بَصْرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ جب لوگوں کے درمیان فتنے کا مُعامَلہ شِدّت اِختیار کر گیا تو لوگ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سَیِّدُ النَّاس، اِبْنِ سَیِّدِ النَّاس ہیں اور لوگ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے خوش ہیں۔ باہر تشریف لایئے تاکہ ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دستِ اَقدس پر بَیْعَت کریں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''نہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے کسی ذِی رُوح کا پچھنے لگنے کی جگہ کے برابر بھی خون بہایا جائے۔'' پھر لوگوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ڈرایا اور قتل کی دھمکی دی لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پھر بھی اِنکار پر مُصِر رہے۔'' حضرت سیِّدُنا حَسَن بَصْرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! لوگ ان کے پائے

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث:۱۳۰٤٦، ج۱۲، ص۲۰۲.

(2)......المعجم الکبیر، الحدیث:۱۳۰٤۸، ج۱۲، ص۲۰۲.



www.dawateislami.net

ثَبات (ثابت قدمی) میں ذرا برابر بھی لَغْزِش پیدا نہ کر سکے یہاں تک کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصال ہو گیا۔'' (1)

﴿1006﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب حضرت سیِّدُ نا ابو موسیٰ اَشْعَرِی اور حضرت سیِّدُ نا عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا جن دونوں انہیں خلیفہ نامزد کرنے کے لئے حَکَم بنایا گیا تھا تشریف لائے تو حضرت سیِّدُ نا ابو موسیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں خلافت کا صحیح حقدار حضرت عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے سوا کسی کو نہیں سمجھتا۔'' پھر حضرتِ سیِّدُ نا عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے کہا کہ ''ہم بَیْعَت تو آپ کے ہاتھ پر کرنا چاہتے ہیں لیکن کیا آپ کثیر مال لے کر اس آدمی کے لئے خلافت چھوڑ دیں گے جو آپ سے زیادہ اس کا حریص ہے؟'' یہ بات سن کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جلال میں آ کر مجلس سے کھڑے ہو گئے تو حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لباس کو ایک کنارے سے پکڑ کر کہا: ''اے ابو عبد الرحمٰن! عَمرو بن عاص کے کہنے کا مَقْصَد تو یہ ہے کہ آپ مالِ کثیر لے کر اس بات پر راضی ہو جائیں کہ ہم آپ کے ہاتھ پر بَیْعَت کریں۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے عَمرو! تم پر افسوس ہے۔'' حضرت سیِّدُ نا عَمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: ''میں تو آپ کی آزمائش کر رہا تھا۔'' حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''نہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اس (یعنی خلیفہ بننے) پر کچھ نہیں لوں گا اور نہ کسی اور کو لینے دوں گا اور نہ ہی تمام مسلمانوں کی رضا مندی کے بغیر اسے قبول کروں گا۔'' (2)

﴿1007﴾......حضرت سیِّدُ نا قاسم بن عبد الرحمٰن عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ پہلے فتنے میں لوگوں نے حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے درخواست کی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی باہر نکلیں اور لوگوں سے قتال کریں۔ انہوں نے فرمایا: ''میں قتال کر چکا ہوں جب حجرِ اسود اور بابِ کعبہ کے درمیان بت رکھے ہوئے تھے یہاں تک کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے سرزمینِ عَرَب کو بتوں کی گندگی سے پاک فرما دیا اور مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہ کہنے والوں سے قتال کروں۔'' لوگوں نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آپ کی رائے یہ نہیں، بلکہ آپ تو چاہتے ہیں کہ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن ایک دوسرے کو شہید کرتے رہیں یہاں تک کہ آپ کے سوا کوئی زندہ

---

(1)......فضائل الصحابة للامام احمدبن حنبل،فضائل عبدالله بن عمر،الحديث:۱۷۰۲،ج۲،ص۸۹۵،مفهومًا.

(2)......تاريخ دمشق لابن عساكر،الرقم۳۴۲۱عبدالله بن عمربن الخطاب،ج۳۱،ص۱۸۴،بتغيرٍقليلٍ.



www.dawateislami.net

نہ رہے پھر کہا جائے کہ عبد اللہ بن عُمَر کے امیر المومنین ہونے پر ان کی بَیْعَت کرلو۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میرے دل میں بالکل یہ بات نہیں ہے بلکہ جب تم حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کی صدا لگاؤ گے، میں نمازِ باجماعت میں تمہارے ساتھ حاضر ہوں گا اور جب تم میں اِنتِشار ہو جائے گا میں تمہیں اِکٹھا نہیں کروں گا اور جب تم میں اِتِّفاق ہوگا، میں تمہارے درمیان اِنتِشار نہیں پھیلاؤں گا۔''[1]

## سیِّدُنا ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نظر میں:

﴿1008﴾......حضرت سیِّدُنا ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک نوجوانانِ قُریش میں سب سے زیادہ اپنے نَفْس کو دُنیا کی رعنائیوں سے قابو میں رکھنے والے حضرت ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ہیں۔''[2]

## سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نظر میں:

﴿1009﴾......حضرت سیِّدُنا جابر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے علاوہ کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھا کہ جسے دُنیا کی رنگینیوں نے اپنی طرف مائل نہ کیا ہو یا وہ خود مائل نہ ہوا ہو۔''[3]

# صدقات وخیرات کے واقعات

﴿1010﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو اپنے مال میں جو چیز سب سے زیادہ پیاری ہوتی اسے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے صَدَقہ کر دیتے۔ حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے غلاموں کو اس بات کا علم ہوا تو وہ اکثر بن سنور کر مَسْجِد میں پڑے رہتے۔ جب حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اپنے کسی غلام کو اس اچھی حالت میں مُلاحظہ فرماتے تو اسے آزاد کر دیتے۔ رُفَقا نے عرض کی: ''اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اس طرح یہ آپ کو دھوکا دیتے ہیں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے: ''جو ہمیں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے دھوکا دے گا ہم بھی اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے اس سے دھوکا کھاتے رہیں گے۔''

---

1 ......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ۳۴۲۱ عبداللہ بن عمر بن الخطاب، ج ۳۱، ص ۱۹۰.

2 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۴۰۲ عبداللہ بن عمر بن الخطاب، ج ۴، ص ۱۰۷.

3 ......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل، فضائل عبداللہ بن عمر، الحدیث: ۱۶۹۹، ج ۲، ص ۸۹۴.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ شام کے وقت حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو ایک عمدہ اُونٹ پر سوار آتے دیکھا جسے آپ نے کثیر مال کے عوض خریدا تھا۔ جب اُونٹ کی چال آپ کے دل کو بھائی تو اونٹ کو بٹھایا پھر نیچے اتر کر فرمایا: ''اے نافع! اس کی لگام اور کجاوہ وغیرہ اُتار لو اور اسے بنا سوار کر قربانی کے اُونٹوں میں داخل کردو۔'' (1)

## من پسند اُونٹنی خیرات کردی:

﴿1011﴾...... حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اپنی اُونٹنی پر سوار کسی سفر پر تھے کہ وہ اونٹنی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دل کو بھا گئی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اونٹنی کو بیٹھایا جب وہ بیٹھ گئی تو فرمایا: ''اے نافع! اس سے کجاوہ اتار لو۔'' حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں ان کا اِرادہ سمجھ گیا۔ لٰہذا میں نے کجاوہ اُتار لیا۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ایک نظر دیکھو! کیا ہمارے جانوروں میں کوئی اس سے اچھی سواری بھی ہے (کہ اُسے صَدَقہ کیا جائے)؟'' میں نے عرض کی: ''میں آپ کو قسم دے کر کہتا ہوں کہ اسے بیچ دیں اور اس سے حاصل ہونے والی رقم سے اور خرید لیں۔'' فرمایا: ''اسے آزاد کردو اور اس کے گلے میں قِلادہ (یعنی ہار) لٹکا کر اسے قربانی کے جانوروں میں شامل کرو۔'' (حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں:) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو جب بھی اپنے مال واَسباب میں سے کوئی چیز اچھی لگتی تو اسے صَدَقہ کر کے آخرت کے لئے ذخیرہ کرلیتے۔ (2)

## پسندیدہ لونڈی آزاد کردی:

﴿1012﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن ابی عثمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اپنی رُمَیْثَہ نامی لونڈی آزاد کردی (اس کا واقعہ یوں ہے کہ) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ آیتِ کریمہ تلاوت فرمائی:

---

1 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۲ ۰ ٤ عبداللّٰہ بن عمر، ج ٤، ص ۱۲۵.

2 ......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ۳٤۲۱ عبداللّٰہ بن عمربن الخطاب، ج ۳۱، ص ۱۳۳.



www.dawateislami.net

لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّ حَتّٰی تُنۡفِقُوۡا مِمَّا تُحِبُّوۡنَ ۬ؕ (پ ٤،ال عمران:٩٢) ترجمۂ کنزالایمان: تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو۔

پھر فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اے رُمَیْثَہ! میں دُنیا میں تجھے سب سے زیادہ چاہتا ہوں، جاؤ! میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے آزاد کرتا ہوں۔'' (1)

﴾1013﴿......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی:

لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّ حَتّٰی تُنۡفِقُوۡا مِمَّا تُحِبُّوۡنَ ۬ؕ (پ ٤،ال عمران:٩٢) ترجمۂ کنزالایمان: تم ہرگز بھلائی کو نہ پہنچو گے جب تک راہ خدا میں اپنی پیاری چیز نہ خرچ کرو۔

تو حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اپنی کنیز کو بلایا اور اسے آزاد کر دیا۔'' (2)

## 30ہزار درہم کا صَدَقہ:

﴾1014﴿......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو اپنے مال میں سے جو چیز بھی پسند آتی اسے راہِ خدا میں صَدَقہ کر دیتے۔ حتی کہ بعض اوقات تو 30،30 ہزار درہم ایک ہی مجلس میں صدقہ کر دیتے۔ چنانچہ، حضرتِ سیِّدُنا ابن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْغَافِر نے دو مرتبہ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو 30 ہزار درہم بھجوائے تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے نافع! مجھے اس بات کا خوف ہے کہ کہیں ابن عامر کے دراہم مجھے آزمائش میں نہ ڈال دیں۔ لہٰذا جاؤ! تم آزاد ہو۔'' اور آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سفر یا ماہِ رمضان کے علاوہ پورا پورا مہینہ مُسَلْسَل گوشت نہ کھاتے تھے۔ نیز بعض اوقات پورا مہینہ گوشت کی ایک بوٹی تک نہ چکھ پاتے تھے۔ (3)

﴾1015﴿......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''بعض اَوقات حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک ہی مجلس میں 30 ہزار درہم راہِ خدا میں خرچ فرما دیا کرتے۔ پھر ان پر ایسا مہینہ بھی آتا کہ

---

1 ......تاریخ دمشق لابن عساکر،الرقم ٣٤٢١ عبداللہ بن عمربن الخطاب،ج٣١،ص١٣٧.

2 ......الزھدللامام احمدبن حنبل،اخبارعبداللہ بن عمر،الحدیث:١٠٧٨،ص٢١٠،بتغیرٍ.

3 ......المعجم الکبیر،الحدیث:١٣٠٤٥،ج١٢،ص٢٠٢۔

الزھدللامام احمدبن حنبل،اخبار عبداللہ بن عمر،الحدیث:١٠٦٨،ص٢٠٩.



www.dawateislami.net

گوشت کی ایک بوٹی تک نہ چکھ پاتے تھے۔“ (1)

﴿1016﴾......حضرت سیِّدُنا مَیمُون بن مِہران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ ”ایک مرتبہ ایک مجلس میں حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے پاس کہیں سے 22 ہزار دینار (سونے کے سکّے) آئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ تمام دینار مجلس برخاست کرنے سے پہلے ہی لوگوں میں تقسیم فرما دیئے۔“ (2)

## ایک ہزار غلام آزاد فرمائے:

﴿1017﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ”حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اپنی زندگی میں ایک ہزار یا اس سے زائد غلام آزاد فرمائے۔“ (3)

﴿1018﴾......حضرت سیِّدُنا عاصم بن محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَحَد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو ان کے غلام حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بدلے میں 10 ہزار یا ایک ہزار دِینار کی پیش کش کی گئی تو میں نے عرض کی: ”اے ابو عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ کس چیز کا انتظار فرما رہے ہیں۔ اسے بیچ کیوں نہیں دیتے؟“ فرمایا: ”کیا وہ ان دیناروں سے بہتر نہیں۔ میں اسے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کے لئے آزاد کرتا ہوں۔“ (4)

## 100 اُونٹنیوں کا وقف:

﴿1019﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اپنی کچھ زمین 200 اُونٹنیوں کے بدلے فروخت کی پھر ان میں سے 100 اونٹنیاں راہِ خدا کے مسافروں پر وقف فرما دیں اور ان پر یہ شرط رکھی کہ وہ ان کو وادیٔ قُریٰ عُبور کرنے سے پہلے فروخت نہیں کریں گے۔“ (5)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث:۱۳۰۴۵، ج۱۲، ص۲۰۲.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث:۱۰۶۲، ص۲۰۹.

3 ......صفۃ الصفوۃ، الرقم۱۲۶ عبداللہ بن عمر بن الخطاب، ج۱، ص۲۹۲.

4 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث:۱۰۷۹، ص۲۱۱۔
کتاب الثقات لابن حبان، کتاب التابعین، باب النون، الرقم ۵۱۶۰ نافع مولی عبد اللہ بن عمر الخطاب، ج۳، ص۸۴.

5 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث:۱۰۷۵، ص۲۱۰.



www.dawateislami.net

## ایک سال میں ایک لاکھ درہم صَدَقہ:

﴿1020﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا امیرِ مُعَاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کی طرف ایک لاکھ درہم بھیجے۔ ابھی سال بھی نہیں گزرا تھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس ان میں سے ایک درہم بھی نہ بچا (یعنی تمام کے تمام راہِ خدا میں صَدَقہ کر دیئے)۔''(1)

## ایک رات میں 10 ہزار درہم کی خیرات:

﴿1021﴾......حضرت سیِّدُنا اَیُّوب بن وائل رَاسِبی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَلِی بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں مدینۂ منوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا حاضر ہوا تو مجھے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے ایک پڑوسی نے بتایا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حضرت سیِّدُنا امیرِ مُعَاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف سے 4 ہزار درہم آئے ہیں اور ایک دوسرے آدمی کی طرف سے بھی اتنے ہی درہم آئے ہیں اور ایک شخص نے 2 ہزار درہم اور ایک عُمدہ چادر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں بھیجی ہے۔ پھر حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا بازار میں تشریف لائے اور کھوٹے دِرہم کے بدلے میں اپنی سواری کے لئے چارا خریدا۔ میں نے انہیں پہچان لیا پھر میں نے ان کی اَہلیہ کے پاس آ کر کہا کہ ''میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں اور میں یہ پسند کرتا ہوں کہ آپ مجھ سے سچ بیان کریں۔'' میں نے پوچھا: ''کیا ابوعبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس حضرت سیِّدُنا امیرِ مُعَاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف سے 4 ہزار درہم، ایک دوسرے آدمی کی طرف سے 4 ہزار درہم اور ایک شخص کے پاس سے 2 ہزار درہم اور ایک چادر نہیں آئی تھی؟'' جواب ملا: ''کیوں نہیں! یقیناً یہ سب کچھ آیا تھا۔'' میں نے کہا کہ ''میں نے تو انہیں کھوٹے درہم کے عوض چارا خریدتے دیکھا ہے۔'' تو ان کی اہلیہ نے بتایا کہ ''انہوں نے تو وہ سب مال رات ہی کو لوگوں میں تقسیم کر دیا تھا اور چادر اپنے کندھے پر ڈال کر چل دیئے اور اسے واپس لوٹا کر گھر آ گئے۔''

تو میں نے لوگوں سے کہا: ''اے تاجروں کے گروہ! تم دُنیا کا کیا کرو گے جبکہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے پاس گزشتہ رات 10 ہزار درہم آئے تھے اور اُنہوں نے راتوں رات وہ سب خیرات کر دیئے اور

---

(1)......صفة الصفوة، الرقم ٦٢ عبدالله بن عمربن الخطاب، ج ١، ص ٢٩٢.



www.dawateislami.net

آج صبح اپنی سواری کے لئے کھوٹے درہم کے عوض چارا خریدا ہے۔'' (1)

﴿1022﴾ ......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بیمار ہوگئے تو میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے ایک درہم کے انگور خرید کر لایا۔ اتنے میں ایک مسکین آ گیا۔ تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ خوشہ اسے دے دو۔'' میں نے اُٹھا کر اسے دے دیا تو ایک شخص اس کے پیچھے گیا اور وہ انگور کا خوشہ مسکین سے ایک درہم میں خرید کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس لے آیا۔ اتنے میں پھر وہی مسکین آ گیا اس نے سوال کیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے خوشہ اسے دینے کا کہا۔ چنانچہ، وہ اس مسکین کو دے دیا گیا تو پھر وہ شخص مسکین کے پیچھے گیا اور وہ خوشہ اس سے ایک درہم کے عوض خرید کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس لے آیا لیکن وہ مسکین پھر سوال کرنے آ گیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اب کی بار بھی وہ خوشہ اسے دے دینے کا حکم دیا تو پھر وہ شخص اس کے پیچھے گیا اور مسکین سے ایک درہم کے بدلے خوشہ خرید لیا۔ اب کی بار پھر اس مسکین نے لوٹ کر سوال کرنے کا ارادہ کیا تو اس شخص نے اسے روک دیا۔ (راوی بیان کرتے ہیں) اگر حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو اس بات کا علم ہو جاتا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہ انگور کبھی نہ چکھتے۔'' (2)

﴿1023﴾ ......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو بیماری کی حالت میں انگور کھانے کی خواہش ہوئی تو میں ان کے لئے ایک درہم میں انگوروں کا ایک خوشہ خرید لایا۔ میں نے وہ انگور ان کے ہاتھ میں رکھے ہی تھے کہ ایک سائل نے دروازے پر کھڑے ہو کر سوال کر دیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ انگور سائل کو دینے کا کہا تو میں نے عرض کی: ''اس میں سے کچھ تو تناول فرما لیجئے، تھوڑے سے تو چکھ لیجئے۔'' فرمایا: ''نہیں، یہ اسے دے دو۔'' تو میں نے وہ سائل کو دے دیئے۔

پھر میں نے سائل سے وہ انگور ایک درہم کے بدلے خرید لئے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں لے آیا۔ ابھی ہاتھ میں رکھے ہی تھے کہ وہ سائل پھر آ گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ اسے دے دو۔'' میں نے عرض کی: ''آپ اس میں سے کچھ چکھ لیجئے۔'' فرمایا: ''نہیں، یہ اسے دے دو۔'' میں نے وہ خوشہ اسے دے دیا۔ وہ

1 ......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ۳۴۲۱ عبداللہ بن عمر بن الخطاب، ج ۳۱، ص ۱۴۰.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۳۰۶۷، ج ۱۲، ص ۲۰۶.



www.dawateislami.net

سائل اسی طرح لوٹ کر آتا رہا اور آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ اسے انگور دینے کا حکم فرماتے رہے۔ بالآخر تیسری یا چوتھی بار مَیں نے اس سے کہا: ''تیرا ناس ہو! تجھے شرم نہیں آتی ؟'' پھر میں اس سے ایک درہم کے عوض انگوروں کا وہ خوشہ خرید کر آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس لایا تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے تناوُل فرمالیا۔'' (1)

﴿1024﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن اَبی ہلال رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے مقامِ جُحفَہ میں پڑاؤ کیا۔ اس وقت آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کچھ بیمار تھے، آپ نے مچھلی کھانے کی خواہش ظاہر کی، رُفقا نے تلاش کیا لیکن صرف ایک ہی مچھلی دستیاب ہو سکی۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ حضرت صَفِیَّہ بنت اَبی عُبَید رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے مچھلی پکا کر خدمت میں پیش کر دی۔ اتنے میں ایک مسکین ان کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے فرمایا: ''مچھلی اُٹھا لو۔'' یہ دیکھ کر زوجہ نے عرض کی: ''سُبْحَانَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! اس مچھلی نے تو ہمیں تھکا دیا ہے اور سائل کو دینے کے لئے ہمارے پاس دوسرا کھانا بھی موجود تھا وہ اسے دے دیتے۔'' فرمایا: ''لیکن عبد اللہ کو تو یہ مچھلی پسند تھی (اور پسندیدہ چیز کا صَدَقہ افضل ہے)۔'' (2)

﴿1025﴾......حضرت سیِّدُنا عُمَر بن سَعْد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْاَحَد سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو بیماری کی حالت میں مچھلی کھانے کی خواہش ہوئی۔ جب مچھلی پکا کر پیش کی گئی تو ایک سائل آ گیا۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ مچھلی سائل کو دے دو۔'' زوجہ نے کہا: ''ہم اسے درہم دے دیتے ہیں۔ وہ سائل کے لئے مچھلی سے زیادہ فائدے مند ہیں۔ آپ اپنی خواہش کی تکمیل کیجئے۔'' فرمایا: ''اب میری خواہش یہی ہے جو میں کہہ رہا ہوں۔'' (3)

## مساکین سے مَحَبَّت:

﴿1027﴾......حضرت سیِّدُنا مَیْمُوْن بن مِہْرَان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی زوجہ کو کسی نے عتاب کرتے ہوئے کہا: ''تم اس ضَعِیْفُ الْعُمُر کے ساتھ نرم برتاؤ

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبد الله بن عمر، الحديث: ۱۰۵۲، ص۲۰۷.

2 ......تاريخ دمشق لابن عساكر، الرقم ۳۴۲۱ عبد الله بن عمر بن الخطاب، ج۳۱، ص۱۴۳.

3 ......الزهد لهناد بن السرى، باب الطعام فى الله، الحديث: ۶۳۵، ج۱، ص۳۴۳.



www.dawateislami.net

کیوں نہیں کرتی ؟'' انہوں نے کہا: میں کیا کروں؟ ان کے لئے کھانا بناتی ہوں تو یہ کسی اور کو کھانے پر بلا لیتے ہیں۔ جب مَسْجِد جاتے ہیں تو میں راستے میں بیٹھے ہوئے مسکینوں کو کھانا بھیج کر کھلا دیتی ہوں اور اُن کو کہلواتی ہوں کہ ان کے راستے میں نہ بیٹھا کرو۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھر آتے ہیں تو فرماتے ہیں کہ ''فلاں کو کھانا بھجوا دینا، فلاں کو کھانا بھجوا دینا۔'' تو میں ان کی طرف کھانا بھیجتی ہوں اور ان کو کہلواتی ہوں کہ ''اگر ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا تمہیں بلائیں تو مت آنا۔'' (پھر جب وہ ان کے بلانے پر نہ آتے تو) آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے: ''تم چاہتے ہو کہ میں آج کی رات کھانا نہ کھاؤں۔'' چنانچہ، اس رات کھانا تناوُل نہیں فرماتے۔ (1)

﴿1028﴾......حضرت سیِّدُ نا محمد بن قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ہمیشہ مسکینوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا تناوُل فرماتے تھے حتی کہ اس کی وَجْہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے جسم میں کمزوری پیدا ہوگئی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ (کمزوری دور کرنے کے لئے) کھجوروں کا شِیْرَہ تیار کر کے کھانے کے ساتھ آپ کو پلایا کرتی تھیں۔''

## کبھی سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا:

﴿1029﴾......حضرت سیِّدُ نا حمزہ بن عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم فرماتے ہیں کہ اگر کھانا زیادہ ہوتا اور حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کسی کھانے والے کو پالیتے تو خود سیر ہو کر نہ کھاتے۔ چنانچہ، ایک مرتبہ حضرتِ سیِّدُ نا ابنِ مُطِیْع عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْبَدِیْع ان کی عیادت کو حاضر ہوئے تو ان کے جسم کی نقاہت و کمزوری دیکھ کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی زوجہ حضرت صَفِیَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے کہا: ''تم ان کا خیال رکھا کرو! ان کے لئے عُمدہ کھانا بنایا کرو! ہوسکتا ہے ان کی جسمانی طاقت لوٹ آئے۔'' زوجہ نے جواب دیا: ''ہم ایسا کرتے ہیں لیکن وہ اپنے بعض گھر والوں اور جو، ان کے پاس آتا ہے اسے اپنے ساتھ کھانے میں شریک کر لیتے ہیں۔ لہٰذا آپ ہی ان سے اس بارے میں بات کریں۔'' چنانچہ، حضرتِ سیِّدُ نا ابنِ مُطِیْع عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْبَدِیْع نے عرض کی: ''اے ابو عبد الرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اگر آپ عُمدہ کھانا استعمال کریں تو ممکن ہے کہ آپ کی صِحَّت بحال ہو جائے۔'' حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''میری عُمر کے 80 سال بیت چکے ہیں اور میں نے اس دوران ایک مرتبہ بھی

1......الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، الرقم ٤٠٢ عبدالله بن عمر بن الخطاب، ج ٤، ص ١٢٥.


www.dawateislami.net

پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا۔'' یا فرمایا: ''سوائے ایک بار کے کبھی بھی پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا اور اب تم چاہتے ہو کہ میں پیٹ بھر کر کھاؤں جبکہ میری عُمر صرف اتنی باقی رہ گئی ہے جتنی دراز گوش کی پیاس ہوتی ہے۔'' (1)

﴿1030﴾......حضرت سیِّدُنا عُمَر بن حمزہ بن عبد اللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم فرماتے ہیں: میں اپنے والد کے ساتھ تھا کہ اچانک ایک آدمی گزرا۔ اس نے میرے والد سے کہا: ''ایک دن میں نے آپ کو مقامِ جرف پر حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے ساتھ بات چیت کرتے دیکھا تھا۔ مجھے بتائیے کہ آپ اس وقت ان سے کیا کہہ رہے تھے؟'' والد صاحب نے فرمایا: مَیں نے ان سے یہ عرض کی تھی: ''اے ابو عبد الرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ کا جسم نَحِیف و کمزور ہو گیا ہے اور آپ کو اب بڑھاپا آ رہا ہے اور آپ کے ہم نشیں آپ کے حق و شَرَف سے ناواقف ہیں۔ لہٰذا اپنے گھر والوں کو حکم دیں کہ جب آپ ان کے پاس جائیں تو وہ عُمدہ کھانا بنائیں اور اچھا سلوک کریں (تاکہ آپ تَنْدُرُست و توانا ہو جائیں)۔'' حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تجھ پر افسوس ہے! میں نے 11، 12، 13 اور 14 سالوں سے کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا تو اب یہ کیونکر ہو سکتا ہے جبکہ میری عُمر صرف دراز گوش کی پیاس جتنی باقی رہ گئی ہے۔'' (2)

﴿1031﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''میں جب سے اسلام لایا ہوں کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا۔'' (3)

## یتیموں پر شفقت:

﴿1032﴾......حضرت سیِّدُنا ابو بکر بن حَفْص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا جب بھی کھانا تناوُل فرماتے تو آپ کے دسترخوان پر کوئی یتیم ضرور موجود ہوتا۔'' (4)

﴿1033﴾......حضرت سیِّدُنا حَسَن بَصرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر

---

(1) ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبد الرزاق، باب زهد الصحابة، الحديث: ٢٠٧٩٦، ج١٠، ص٢٧٦.

(2) ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبد الله بن عمر، الحديث: ١٠٨١، ص٢١١.

(3) ......المعجم الكبير، الحديث: ١٣٠٤٤، ج١٢، ص٢٠٢.

(4) ......الادب المفرد للبخاري، باب فضل من يعول يتيمًا بين ابويه، الحديث: ١٣٦، ص٥٨.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا جب بھی دوپہر یا شام کا کھانا تناوُل فرماتے تو اپنے اڑوس پڑوس کے یتیموں کو ضرور بلا لیتے۔ایک دن جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دوپہر کا کھانا تناوُل فرمانے لگے تو حسبِ مَعْمُول یتیم کو بلوایا لیکن کوئی نہ آیا۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے ستو گوٹے جاتے تھے جنہیں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دوپہر کے کھانے کے بعد نوش فرماتے تھے۔ چنانچہ،کھانے سے فراغت کے بعد ابھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ ستو پینے کے لئے اٹھائے ہی تھے کہ ایک یتیم آ پہنچا۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے وہ ستو اسے دیتے ہوئے فرمایا:''لو میں نہیں سمجھتا کہ تم نے دھوکا کھایا ہے۔'' (1)

## سائل کو خالی نہ پھیرتے:

﴿1034﴾......حضرت سَیِّدُنا اَفْلَح بن کَثِیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر سے روایت ہے کہ حضرت سَیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کسی سائل کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتے تھے حتی کہ مَجْذُوم (یعنی کوڑھ والے) کو بھی اپنے ساتھ ایک ہی برتن میں کھانا کھلاتے اگرچہ اس کی انگلیوں سے خون ٹپک رہا ہوتا۔'' (2)

﴿1035﴾......حضرت سَیِّدُنا عُبَیدُاللّٰہ بن مُغِیْرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سَیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے آزاد کردہ غلام حضرت سَیِّدُنا عُبَیدُاللّٰہ بن عَدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَلِی عراق سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے،سلام کیا پھر عرض کی:''میں آپ کے لئے ایک تُحْفَہ لایا ہوں۔''حضرت سَیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے دریافت فرمایا:''تم کیا تُحْفَہ لائے ہو؟''عرض کی:''جوارش۔''فرمایا:''جوارش کیا ہے؟'' عرض کی:''کھانا ہضم کرنے والی ایک دوا ہے۔''فرمایا:''میں نے 40 سال سے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا تو میں اسے کیا کروں گا۔''

﴿1036﴾......حضرت سَیِّدُنا اِمام محمد بن سِیْرِین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سَیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے عرض کی:''میں آپ کے لئے جوارش بنا دوں؟''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے پوچھا:''جوارش کیا ہے؟''اس نے بتایا:''یہ ایک دوائی ہے جو بدہضمی کے لئے بہت مفید ہے۔''فرمایا:''میں نے تو 4 مہینے سے پیٹ بھر کر کھانا ہی نہیں کھایا مجھے اس کی کیا ضرورت،میری زندگی ان لوگوں (یعنی صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ

1......الزھد للامام احمد بن حنبل،اخبار عبداللہ بن عمر،الحدیث:۱۰۵۱،ص۲۰۷.

2......تاریخ دمشق لابن عساکر،الرقم ۳۴۲۱ عبداللہ بن عمر بن الخطاب،ج۳۱،ص۱۴۵،"صحنہ"بدلہ"صحفتہ".



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن) کے ساتھ گزری ہے جو ایک مرتبہ پیٹ بھر کر کھاتے اور دوسری بار بھوکے رہا کرتے۔'' (1)

﴿1037﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے پاس کُبَّر نامی ایک چیز لائی گئی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہم اس کا کیا کریں گے؟'' لانے والے نے کہا: ''یہ آپ کو کھانا ہَضْم کرنے میں مدد دے گی۔'' فرمایا: ''میں تو مہینے بھر میں ایک دو مرتبہ ہی پیٹ بھر کر کھانا کھاتا ہوں۔'' (2)

﴿1038﴾......حضرت سیِّدُنا مَیْمُوْن بن مِہْران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نجدہ حروری کے کچھ لوگ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے اُونٹوں کے پاس سے گزرے اور اُنہیں ہانک کر ساتھ لے گئے۔ اونٹوں کا چرواہا آپ کے پاس آیا اور کہا: ''اے ابوعبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اپنے اونٹوں کے ثواب ہی کی امید رکھئے۔'' دریافت فرمایا: ''انہیں کیا ہوا؟'' چرواہے نے بتایا: ''نجدہ حروری کے کچھ لوگوں کا گزران کے پاس سے ہوا تو وہ انہیں ہانک کر ساتھ لے گئے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''وہ اونٹوں کو لے گئے تو تمہیں کیسے چھوڑ گئے؟'' چرواہے نے عرض کی: ''وہ مجھے بھی اپنے ساتھ لے گئے تھے لیکن میں ان سے بھاگ نکلا ہوں۔'' فرمایا: ''انہیں چھوڑ کر میرے پاس آنے پر تمہیں کس چیز نے آمادہ کیا؟'' اس نے عرض کی: ''آپ مجھے ان سے زیادہ مَحْبُوب ہیں۔'' فرمایا: ''تجھے اس اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں! کیا میں واقعی تجھے ان سے زیادہ مَحْبُوب ہوں؟'' چرواہے نے قسم اُٹھا کر اقرار کیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں اونٹوں کے ساتھ تجھے بھی ثواب کا ذَرِیعہ سمجھتا ہوں۔'' اور یہ کہہ کر اسے آزاد کر دیا۔ پھر کچھ عرصے بعد ایک آدمی آیا اور اس نے اُونٹنی کا نام لے کر کہا کہ'' فلاں اونٹنی جو آپ کو پسند تھی وہ بازار میں بکنے آئی ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میری چادر دو۔'' چادر کندھوں پر ڈالی کھڑے ہوئے پھر بیٹھ گئے اور چادر کندھوں سے اتار کر فرمانے لگے: ''میں تو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اس کے ثواب کی امید لگائے ہوئے ہوں۔ پھر کیوں اس کی خواہش کروں؟'' (3)

---

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبد اللہ بن عمر، الحدیث: ۱۰۵۰، ص۲۰۷.

2 ......المرجع السابق، الحدیث: ۱۰۶۰، ص۲۰۸، "لہ الکبر" بدلہ "لہ الکبل".

3 ......الزھد لابی داود، اخبار عبد اللہ بن عمر، الحدیث: ۳۰۳، ج۱، ص۳۲۸.



www.dawateislami.net

﴿1039﴾......حضرت سیِّدُنا میمُون بن مِہران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے ایک غلام کو مُکاتَب بنایا اور کتابت کی رقم قسط وار مقرر فرمائی۔ چنانچہ، جب پہلی قسط کی ادائیگی کا وقت آیا تو غلام آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس رقم لے آیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِستفسار فرمایا: ''یہ رقم کہاں سے لائے ہو؟'' اس نے عرض کی: ''کچھ کما کر اور کچھ لوگوں سے مانگ کر۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تو کیا تم لوگوں کا مَیل کُچیل لا کر مجھے کھلانا چاہتے ہو؟'' جاؤ میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے آزاد کرتا ہوں اور جو رقم لائے ہو اسے بھی لے جاؤ۔'' (1)

﴿1040﴾......حضرت سیِّدُنا میمُون بن مِہران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ایک صاحبزادے نے ان سے تہبند مانگا اور عرض کی کہ ''میرا تہبند پھٹ گیا ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تہبند کاٹ کر دوبارہ سی لو پھر اسی کو پہن لو۔'' لیکن انہوں نے ایسا کرنا ناپسند جانا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تجھ پر افسوس ہے! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈر اور ان لوگوں سے نہ ہونا جو اپنا رزق دُنیا میں ہی اپنے پیٹوں میں بھر لیتے اور اپنے جسموں پر پہن لیتے ہیں۔'' (2)

﴿1041﴾......حضرت سیِّدُنا میمُون بن مِہران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے گھر میرا جانا ہوا تو میں نے دیکھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر میری اس چادر جتنی بھی قیمتی کوئی چیز نہ تھی۔'' (3)

﴿1042﴾......اُمّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا نے فرمایا: ''میں نے عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے بڑھ کر کسی شخص کو حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ کے ساتھ مُشابہت رکھنے والا نہیں پایا جو دھاری دار چادروں میں دَفن کر دیئے گئے۔'' (4)

﴿1043﴾......حضرت سیِّدُنا مالک بن اَنس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں: مجھے بتایا گیا کہ ایک مرتبہ حضرت

(1)......السنن الکبریٰ للبیہقی، کتاب المکاتب، باب من کرہ اخذھا......الخ، الحدیث: ۲۱۶۶۶، ج۱۰، ص۵۵۲، مفہومًا.

(2)......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، باب ما قالوا فی البکاء من خشیۃ اللہ، الحدیث: ۱۰۱، ج۸، ص۳۱۰، مفہومًا.

(3)......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبد اللہ بن عمر، الحدیث: ۱۰۵۳، ص۲۰۷.

(4)......المرجع السابق، الحدیث: ۱۰۸۰، ص۲۱۱.



www.dawateislami.net

سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا جُحفہ کے مقام پر اُترے تو حضرتِ سیِّدُنا ابن عامر بن کُرَیز نے اپنے نانبائی سے کہا کہ ''ان کی خدمت میں کھانا پیش کرو۔'' وہ ایک پیالہ لایا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اسے رکھ دو۔'' پھر وہ دوسرا برتن لایا اور پہلا برتن اُٹھانا چاہا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دریافت فرمایا: ''کیا ہوا؟'' عرض کی: ''میں یہ برتن اٹھانا چاہتا ہوں۔'' فرمایا: ''اسے یہیں رہنے دو اور دوسرے برتن میں جو کھانا لائے ہو اِسے بھی اسی میں اُنڈیل دو۔'' چنانچہ، وہ جب بھی دوسرا برتن لاتا اس کا کھانا پہلے میں ڈال دیتا۔ راوی کہتے ہیں: کچھ دیر بعد نان بائی نے حضرت سیِّدُنا ابن عامر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَافِر سے جا کر کہا کہ ''اس اَعْرابی (یعنی دیہات کے رہنے والے) کو بہت بھوک لگی ہے۔'' تو انہوں نے اسے بتایا کہ یہ تمہارے سردار حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ہیں۔'' (1)

## غلاموں پر شفقت:

﴿1044﴾...... حضرت سیِّدُنا ابو جَعْفَر قَارِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْبَارِی بیان کرتے ہیں کہ میرے آقا نے مجھے کہا کہ ''حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ساتھ جاؤ اور ان کی خدمت کرو۔'' چنانچہ، میں ان کے ساتھ ہولیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب بھی کسی پانی کے چشمے کے پاس پڑاؤ ڈالتے تو وہاں کے رہنے والوں کو بھی اپنے ساتھ کھانے میں شریک کرلیتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بڑے بچے آتے اور کھانا کھاتے لیکن ایک شخص دو یا تین لقمے ہی کھاتا۔ پس جب آپ مقام جُحفَہ پر اُترے تو اہلِ جُحفَہ اور ایک عُرْیاں بدن سیاہ فام غلام آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس غلام کو اپنے پاس بلایا تو غلام نے عرض کی: ''آپ کے ارد گرد لوگ بیٹھے ہیں اور میں اپنے بیٹھنے کے لئے جگہ نہیں پاتا۔'' راوی فرماتے ہیں: ''میں نے دیکھا کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک جانب سَرک گئے اور غلام کو اپنے سینے سے لگالیا۔''

﴿1045﴾...... حضرت سیِّدُنا قَزَعَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو کھردرا لباس پہنے دیکھا تو عرض کی: ''اے ابو عبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! میں آپ کے لئے خُراسان کا بنا ہوا ایک نرم لباس لایا ہوں۔ آپ اسے زیبِ تن فرمالیں گے تو مجھے خوشی ہوگی کیونکہ آپ نے کھردرا لباس پہن رکھا

(1)...... الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبدالله بن عمر، الحديث: ١٠٨٢، ص ٢١١، "جاف اعرابی" بدله "كوفی اعرابی".



www.dawateislami.net

ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے دکھاؤ میں دیکھوں تو کیسا لباس ہے۔'' پھر وہ لباس اپنے ہاتھوں میں لیا تو استفسار فرمایا: ''کیا یہ ریشمی ہے؟'' میں نے عرض کی: ''نہیں! بلکہ اُونی ہے۔'' فرمایا: ''مجھے اس بات کا خوف ہے کہ کہیں یہ لباس پہن کر میں شیخی وفخر میں مُبتلا نہ ہو جاؤں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کو نہیں بھاتا کوئی اِتراتا فخر کرتا۔'' (1)

## کیسا لباس پہنوں؟

﴿1046﴾...... حضرت سیِّدُنا یُونُس بن اَبی یَعْفُور عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفُوْر کے والد نے انہیں بتایا کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہُمَا سے ایک شخص نے پوچھا کہ ''میں کیسے کپڑے پہنوں؟'' ارشاد فرمایا: ''ایسے کہ بے وقوف لوگ تمہیں اس لباس میں دیکھ کر حقیر نہ جانیں اور عقلمند لوگ تمہیں ملامت نہ کریں۔'' عرض کی: ''ایسا لباس کون سا ہے؟'' فرمایا: ''جس کی قیمت 5 سے 20 درہم تک ہو(2)۔'' (3)

﴿1047﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن حُبَیْش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہُمَا کو دو مَعَافِرِیَّہ کپڑے (یمن کے ایک معافِر نامی قبیلے میں تیار کردہ لباس) پہنے دیکھا اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کا تہبند نصف پنڈلی تک تھا(4)۔'' (5)

---

1 ...... الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث: ۱۰۷۱، ص ۲۱۰.

2 ...... دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صفحات پر مُشْتَمِل کتاب، ''بہارِ شریعت'' حصہ 16 صفحہ 52 پر صدرُ الشَّرِیعَہ، بدرُ الطَّرِیقَہ حضرت علامہ مولانا مُفْتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''نہ نہایت اعلیٰ درجہ کے ہوں نہ بہت گھٹیا، بلکہ مُتَوَسِّط (یعنی درمیانہ) قسم کے ہوں کہ جس طرح بہت اعلیٰ درجہ کے کپڑوں سے نمود ہوتی ہے، بہت گھٹیا کپڑے پہننے سے بھی نمائش ہوتی ہے۔ لوگوں کی نظریں اُٹھتی ہیں، سمجھتے ہیں کہ یہ کوئی صاحبِ کمال اور تارِکُ الدُّنیا شخص ہے۔''

3 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۳۰۵۱، ج ۱۲، ص ۲۰۳، ''الحلماء'' بدلہ ''الحکماء''.

4 ...... ''بہارِ شریعت'' حصہ 16 صفحہ 60 پر ہے ''کپڑوں میں اسبال یعنی اتنا نیچا کرتہ، جبہ، پاجامہ، تہبند پہننا کہ ٹخنے چھپ جائیں ممنوع ہے، یہ کپڑے آدھی پنڈلی سے لے کر ٹخنے تک ہوں یعنی ٹخنے نہ چھپنے پائیں۔'' (الفتاوی الھندیہ، کتاب الکراھیۃ، الباب التاسع فی اللبس، ج ۵، ص ۳۳۳) مگر پاجامہ یا تہبند بہت اونچا پہننا آج کل وہابیوں کا طریقہ ہے، لہٰذا اتنا اونچا بھی نہ پہنے کہ دیکھنے والا وہابی سمجھے۔ اس زمانے میں بعض لوگوں نے پاجامے بہت نیچے پہننے شروع کر دیئے ہیں کہ ٹخنے تو کیا ایڑیاں بھی چھپ جاتی ہیں، حدیث میں اس کی بہت سخت ممانعت آئی ہے، یہاں تک کہ ارشاد فرمایا: ''ٹخنے سے جو نیچا ہو، وہ جہنم میں ہے۔'' (صحیح البخاری، کتاب اللباس، الحدیث: ۵۷۸۷، ص ۴۹۴)

5 ...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۳۰۴۹، ج ۱۲، ص ۲۰۳.



www.dawateislami.net

﴿1048﴾......حضرت سیِّدُنا عمرو بن دینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اس دُنیا سے تشریف لے جانے کے بعد میں نے کبھی کوئی مکان بنوایا نہ ہی کوئی باغ لگوایا۔'' (1)

﴿1049﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن زید رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا ایک گھر تھا جسے آپ چھوڑ چکے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب بھی اس کے قریب سے گزرتے تو آنکھیں بند فرما لیتے۔ نہ اس کی طرف کبھی نظر اُٹھا کر دیکھا اور نہ ہی اس میں کبھی داخل ہوئے۔'' (2)

﴿1050﴾......حضرت سیِّدُنا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: میرے لڑکپن کی بات ہے جب کہ ابھی میری شادی بھی نہیں ہوئی تھی اور میں (اُن دنوں) زمانۂ نبوی میں مَسْجِد میں سویا کرتا تھا اس وقت جب کوئی شخص خواب دیکھتا تو اگلے دن حُضُور نبیٔ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں عرض کرتا تھا۔ میرے دل میں بھی تمنّا پیدا ہوئی کہ میں کوئی خواب دیکھوں جسے حُضُور سراپا نور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے بیان کروں۔ چنانچہ، ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ دو فِرِشتے مجھے پکڑ کر جَہَنَّم کی طرف لے جا رہے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ وہ پیچ دار کنوئیں کی طرح تھی اور کنوئیں کی طرح اس کے دو سُتُون بھی تھے۔ جب میں نے اس میں چند ایسے لوگوں کو دیکھا جنہیں میں پہچانتا تھا تو میں ''اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّار، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ النَّار'' (یعنی میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں جَہَنَّم سے۔ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں جَہَنَّم سے) کہہ کر جَہَنَّم سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگنے لگا۔ وہاں موجود ایک اور فِرِشتے نے مجھ سے کہا: ''ڈرو مت۔''

جب یہ خواب میں نے اپنی بہن حفصہ کو بتایا اور انہوں نے سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو سنایا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''عبد اللّٰہ اچھا آدمی ہے۔ کاش! وہ رات کے کچھ حصے میں نماز پڑھا کرے۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ اس کے بعد آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ رات کو بہت کم آرام فرمانے لگے۔'' (3)

---

1......صحیح البخاری، کتاب الاستئذان، باب ماجاء فی البناء، الحدیث:٦٣٠٢، ص٥٣٠.

2......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ٣٤٢١ عبداللّٰہ بن عمر بن الخطاب، ج٣١، ص١٢٥.

3......صحیح البخاری، کتاب الفضائل اصحاب النبی، باب مناقب عبداللّٰہ بن عمر۔۔۔الخ، الحدیث:٣٧٣٨، ص٣٠٥.



www.dawateislami.net

# عِبادت کے واقعات

## جماعت چھوٹنے پر رات بھر عبادت:

﴿1051﴾ ......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''حضرت سیِّدُنا ابنِ عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا جب کبھی (کسی عذر کے سبب) عشاء کی جماعت میں حاضر نہ ہو پاتے تو ساری رات عبادت میں گزار دیتے۔'' حضرت بشر بن موسیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ساری رات عبادت کیا کرتے تھے۔''(1)

﴿1052﴾ ......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ساری رات نماز میں مصروف رہتے۔ پھر فرماتے: ''اے نافع! کیا سَحَر کا وقت ہو چکا ہے؟'' میں عرض کرتا: ''نہیں۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ دوبارہ نماز میں مصروف ہو جاتے۔ کچھ دیر بعد پھر پوچھتے: ''اے نافع! کیا سَحَر کا وقت ہو چکا ہے؟'' میں عرض کرتا: ''جی ہاں! سَحَر ہو چکی ہے۔'' تو پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیٹھ جاتے اور اِسْتِغْفَار و دُعا میں مشغول ہو جاتے یہاں تک کہ فَجْر کا وقت شروع ہو جاتا۔''(2)

﴿1053﴾ ......حضرت سیِّدُنا محمد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الصَّمَد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابنِ عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا رات کو جب بھی بیدار ہوتے نماز میں مشغول ہو جاتے۔(3)

## سورۂ اِخلاص کا ثواب:

﴿1054﴾ ......حضرت سیِّدُنا خالد بن عبداللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے غلام حضرتِ سیِّدُنا ابو غالِب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا مکۂ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں ہمارے ہاں قیام پذیر تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نمازِ تہجّد ادا فرمایا کرتے تھے۔ ایک رات طلوعِ فَجْر سے کچھ پہلے مجھے فرمایا: ''اے ابو غالب! کیا تم اُٹھ کر نماز نہیں پڑھو گے؟ کاش! تم تہائی قرآن پاک کی تلاوت کر لیتے۔'' میں نے عرض کی: ''اب تو وقت بہت تھوڑا رہ گیا ہے۔ صبح طلوع ہونے کے قریب ہے۔ اتنے کم وقت میں میرے لئے تہائی قرآن

---

1 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب الصلاۃ، باب فضل الصلاۃ فی جماعۃ، الحدیث: ٢٠٢٠، ج١، ص٣٩٠، مفہومًا.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٣٠٤٣، ج١٢، ص٢٠١.

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الزھد، کلام ابن عمر، الحدیث: ١٩، ج٨، ص١٧٦.



www.dawateislami.net

پاک پڑھنا کیونکر ممکن ہوگا؟" فرمایا: "سورۂ اِخلاص (یعنی قُلْ ھُوَاللّٰهُ اَحَدٌ) تہائی قرآن کے برابر ہے۔"[1]

## ظُہر تا عَصر عبادت:

﴿1055﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ "حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا ظُہر سے عَصر تک عبادت میں مصروف رہتے تھے۔"[2]

﴿1056﴾......حضرت سیِّدُنا طاؤس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: "میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کی طرح کسی کو نماز پڑھتے اور ان سے زیادہ کسی کو اپنا چہرہ، ہتھیلیاں اور (قیام میں) پاؤں قبلہ رُو کرتے نہیں دیکھا۔"[3]

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دُعائیں:

﴿1057﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے پہلو میں کھڑے ہو کر نماز پڑھی۔ جب آپ سجدے میں گئے تو میں نے سنا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بارگاہِ خداوندی میں عرض کر رہے تھے:

"اَللّٰھُمَّ اجْعَلْکَ اَحَبَّ شَیْءٍ اِلَیَّ وَاَخْشٰی شَیْءٍ عِنْدِیْ یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنی سب سے زیادہ مَحَبَّت اور اپنا سب سے زیادہ خوف عطا فرما۔" میں نے انہیں سجدوں میں یہ دُعا کرتے بھی سنا ہے: "رَبِّ بِمَا اَنْعَمْتَ عَلَیَّ فَلَنْ اَکُوْنَ ظَھِیْرًا لِّلْمُجْرِمِیْن. یعنی: اے میرے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ! تیرے فضل و انعام سے میں مجرموں کا ہرگز مددگار نہ بنوں۔" اور عاجزی کرتے ہوئے فرمایا: "اسلام لانے کے بعد میں نے جو بھی نماز پڑھی، اس امید پر پڑھی کہ وہ میرے گناہوں کا کفارہ بن جائے۔"[4]

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبدالله بن عمر، الحديث: ١٠٥٤، ص٢٠٧.

2 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبدالله بن عمر، الحديث: ١٠٧٢، ص٢١٠.

3 ......المصنف لعبدالرزاق، كتاب الصلاة، باب السجود، الحديث: ٢٩٤١، ج٢، ص١١٣.

4 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الصلاة، باب فيما يفتح به الصلاة، الحديث: ٢١، ج١، ص٢٦٣۔
كتاب الدعاء، باب ما ذكر عن ابن عمر من قوله، الحديث: ٤، ج٧، ص٨٧.



www.dawateislami.net

## صُبح کی دُعا:

﴿1058﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن سَبُرَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا صُبح کے وقت یوں دُعا کرتے: ''اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْ اَعْظَمِ عِبَادِکَ عِنْدَکَ نَصِیْبًا فِیْ کُلِّ خَیْرٍ تَقْسِمُہُ الْغَدَاۃَ وَنُوْرًا تَھْدِیْ بِہٖ وَرَحْمَۃً تَنْشُرُھَا وَرِزْقًا تَبْسُطُہُ وَضَرًّا تَکْشِفُہُ وَبَلَاءً تَرْفَعُہُ وَفِتْنَۃً تَصْرِفُھَا یعنی: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنے عظیم بندوں میں سے بنادے، ہر اس خیر و بھلائی کا حصہ عطا فرما کر جسے تو صُبح اپنے بندوں میں تقسیم فرماتا ہے اور نورِ ہدایت، وسیع رحمت اور کثیر رزق عطا فرما، تنگی دور فرما، پیش آنے والے مصائب کو ٹال دے اور فتنوں سے نجات عطا فرما۔'' (1)

﴿1059﴾......حضرت سیِّدُ نا سَعِید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے راویت ہے کہ ''جس دن حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا وصال ہوا اس دن رُوئے زمین پر کوئی ایسا شخص نہیں تھا جو ان جیسا عمل لے کر اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ملتا۔'' (2)

# آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا خوفِ خدا

## تلاوت کرتے کرتے رونے لگے:

﴿1060﴾......حضرت سیِّدُ نا قاسم بن ابو بَزَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے سننے والے ایک شخص نے مجھے یہ بات بیان کی کہ ایک مرتبہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سورۂ مُطَفِّفِین کی تلاوت شروع کی اور جب اس آیتِ مبارکہ پر پہنچے:

یَوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ﴿۶﴾ ترجمۂ کنز الایمان: جس دن سب لوگ رب العالمین کے حضور کھڑے ہوں گے۔ (پ۳۰، المطففین:۶)

تو رونے لگے حتی کہ زمین پر گر گئے اور اس کے بعد قراءت نہ کر سکے۔'' (3)

﴿1061﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث:۱۳۰۷۹، ج۱۲، ص۲۰۸.

(2)......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ۳۴۲۱ عبداللہ عمر، ج۳۱، ص۱۱۳.

(3)......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث:۱۰۶۹، ص۲۰۹.



www.dawateislami.net

عنہما جب بھی سورۂ بقرہ کے آخر سے دو آیتیں: وَ اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓىٕكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ (پ۳،البقرۃ:٨٥۔٢٨٤) ترجمۂ کنزالایمان: اور اگر تم ظاہر کرو جو کچھ تمہارے جی میں ہے یا چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا تو جسے چاہے گا بخشے گا اور جسے چاہے گا سزا دے گا اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ رسول ایمان لایا اس پر جو اس کے رب کے پاس سے اس پر اُترا اور ایمان والے سب نے مانا اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو یہ کہتے ہوئے کہ ہم اس کے کسی رسول پر ایمان لانے میں فرق نہیں کرتے اور عرض کی کہ ہم نے سنا اور مانا تیری معافی ہو اے رب ہمارے اور تیری ہی طرف پھرنا ہے۔ تلاوت فرماتے تو رونے لگتے۔ پھر فرماتے: ''بے شک یہ حساب بہت سخت ہے۔'' (1)

﴿1062﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ''حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمر رَضِیَ اللّٰہ تَعالٰی عَنْہُمَا نماز میں جب کوئی ایسی آیت تلاوت فرماتے جس میں دوزخ کا ذکر ہوتا تو ٹھہر جاتے۔ پھر دُعا مانگتے اور اس سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتے (2)۔'' (3)

﴿1063﴾......حضرت سیِّدُنا یوسف بن ماہک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَالِک فرماتے ہیں: ''ایک مرتبہ میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمر رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہُمَا کو حضرت عُبَید بن عُمَیر کے پاس دیکھا وہ کچھ بیان کر رہے تھے۔ جبکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعالٰی عَنْہ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔'' (4)

## روتے روتے ہچکیاں بندھ جاتیں:

﴿1064﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعالٰی عَنْہ جب یہ آیت مبارکہ:

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبد الله بن عمر، الحديث: ١٠٧٠، ص ٢٠٩.

2 ......دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' جلد اوّل صَفْحہ 634 پر ہے: ''آیتِ رحمت پر سوال کرنا اور آیتِ عذاب پر پناہ مانگنا، منفرد نفل پڑھنے والے کے لئے جائز ہے۔''

3 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبد الله بن عمر، الحديث: ١٠٧٤، ص ٢١٠.

4 ......اخبار مكة للفاكهي، ذكر القصص بمكة......الخ، الحديث: ١٦٢١، ج٢، ص ٣٣٨.



www.dawateislami.net

اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ (پ۲۷،الحدید:۱۶)

ترجمۂ کنز الایمان: کیا ایمان والوں کو ابھی وہ وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ کی یاد کے لئے۔

تلاوت کرتے تو رونے لگتے یہاں تک کہ روتے روتے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ہچکیاں بندھ جاتیں۔'' (1)

## اِتّباعِ صحابہ کا درس:

﴿1065﴾......حضرت سیِّدُنا حَسَن بَصرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''جو کسی کی پیروی کرنا چاہتا ہو وہ اسلاف کی پیروی کرے جو حضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ ہیں۔ یہی اس اُمّت کے بہترین لوگ ہیں۔ ان کے دل نیکی و بھلائی میں سب لوگوں سے بڑھ کر ہیں۔ ان کا علم سب سے وسیع اور ان میں بناوٹ و نُمائش نہ تھی۔ یہ وہ نُفُوسِ قُدْسِیَہ ہیں کہ جنہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صُحبت اور دین کی تبلیغ کے لئے مُنْتَخَب فرمایا۔ لہٰذا تم ان کے اخلاق وعادات اور ان کے طور طریقوں پر چلو کیونکہ وہ حضرت سیِّدُنا محمد مُصْطَفٰی، اَحمد مُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ ہیں۔ ربِّ کعبہ کی قسم! یہی لوگ ہدایت کے سیدھے راستے پر گامزن تھے۔ اے بندے! مَحْض اپنے بدن کی حد تک دُنیا سے تَعَلُّق قائم کر اور اپنے دل ودماغ کو اس سے دور رکھ کیونکہ تیری نجات کا دارومدار تیرے عمل پر ہے۔ لہٰذا تو ابھی سے موت کی تیاری کر تا کہ تیرا انجام اور خاتمہ اچھا ہو۔''

﴿1066﴾......حضرت سیِّدُنا سُدِّی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمْرو، حضرت سیِّدُنا ابو سَعِید، حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ اور دیگر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کا زمانہ پایا ہے۔ ان حضرات کی رائے یہ تھی کہ ''حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے سوا ان میں سے کوئی بھی اس حالت پر قائم نہیں رہے جس حالت پر حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے جدا ہوئے تھے۔'' (2)

## حاسد اور مُتکبِّر عالِم نہیں ہوسکتا:

﴿1067﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ ''وہ شخص عالِم نہیں ہوسکتا جو

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام عبداللہ بن عمر، الحدیث: ۲۱، ج۸، ص۱۷٦.

(2)......المستدرك، کتاب معرفة الصحابة، باب کان ابن عمر خیر ھذہ الامة، الحدیث: ٦٤٣١، ج٤، ص٧٢٧.



www.dawateislami.net

اپنے بڑوں سے حَسَد کرتا ہو، چھوٹوں کو حقیر سمجھتا ہو اور علم کو دُنیا کے حُصُول کا ذَرِیعہ بناتا ہو۔'' (1)

﴿1068﴾......حضرت سیِّدُنا سالِم بن ابوجَعْد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''کوئی بندہ اس وقت تک حقیقتِ ایمان تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ لوگ دین پر اس کی اِسْتِقامت دیکھ کر اسے بے وقوف نہ سمجھیں۔'' (2)

## مشورہ کرنے کی ترغیب:

﴿1069﴾......حضرت سیِّدُنا سَلِیط رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''اچھے کاموں میں ایک دوسرے سے مشورہ کیا کرو لیکن برائی میں مشورہ نہ کیا کرو۔'' (3)

﴿1070﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا فرمان ہے: ''انسان دُنیا کی کوئی بھی نِعْمَت پاتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہاں اس کے دَرَجات میں کمی آجاتی ہے۔ اگرچہ وہ بارگاہِ الٰہی میں کتنا ہی شَرَف وعزّت رکھتا ہو۔'' (4)

﴿1071﴾......حضرت سیِّدُنا عَمْرو بن مَیْمُون رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ کسی نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو بتایا کہ حضرت سیِّدُنا زَید بن حارِثہ اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وفات پاگئے ہیں تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ ان پر رحم فرمائے۔'' کسی نے کہا: ''اے ابوعبدالرحمٰن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! انہوں نے ایک لاکھ (درہم یا دینار) چھوڑے ہیں۔'' فرمایا: ''لیکن ایک لاکھ نے تو انہیں نہیں چھوڑا (یعنی ان کا تو حساب ہوگا)۔'' (5)

﴿1072﴾......حضرت سیِّدُنا عاصِم اَحْوَل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے ایک شخص کو یہ کہتے سنا کہ ''دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرنے والے اور آخرت

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابن عمر، الحدیث:۳، ج۸، ص۱۷۴، بدون "بمکان".

(2)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، کلام ابن عمر، الحدیث:۴، ج۸، ص۱۷۵.

(3)......المرجع السابق، الحدیث:۱۶، ص۱۷۶. (4)......المرجع السابق، الحدیث:۲، ص۱۷۴.

(5)......المعجم الکبیر، الحدیث:۵۱۴۹، ج۵، ص۲۲۴



www.dawateislami.net

میں رَغْبت رکھنے والے کہاں گئے؟'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسے حُضُورنبیُّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکرصدیق اور امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے مزارات مبارکہ دکھائے اور فرمایا: ''کیاتم ان لوگوں کے بارے میں سوال کررہے ہو؟'' [1]

## شراب سے نفرت:

﴿1073﴾......حضرت سیِّدُنا سُلَیْمان بن حُبَیْب رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''اگرمیری انگلی شراب میں پڑجائے تو اسے اپنے ہاتھ کے ساتھ رکھنا مجھے گوارا نہیں ہوگا۔'' [2]

﴿1074﴾......حضرت سیِّدُنا یُوسُف بن مِہْران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''تانبے کے برتن کا کھولتا ہوا جلادینے والا پانی پینا مجھے مٹی کے گھڑے میں بنائی گئی (نشہ آور) نبیذ [3] پینے سے زیادہ پسند ہے۔'' [4]

﴿1075﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس بن سعد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَحَد سے مروی ہے کہ جسے شراب پینے اور خِنْزِیر کا گوشت کھانے پر مجبور کیا گیا ہو اس کے بارے میں حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''اگر وہ شراب پیئے نہ خِنْزِیر کا گوشت کھائے حتّٰی کہ اسے قتل کردیا جائے تو اس نے خیر و بھلائی [5] کو پالیا اور اگر وہ شراب پی لے

1......شعب الإيمان للبيهقي، باب في الزهد وقصر الامل، الحديث: ١٠٥٢٠، ج٧، ص٣٤٣.

2......المصنف لابن ابى شيبة، كتاب الاشربة، باب فى الخمر وماجاء فيها، الحديث: ٦، ج٥، ص٥٠٩، مفهومًا.

3......حکیم الامت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''نبیذ عموماً کھجور کے شربت (زلال) کو کہتے ہیں کہ رات کو کشمش یا کھجوریں پانی میں بھگودی جاتی ہیں۔ صبح کو وہ پانی نتھار کر پیا جاتا ہے اسے نبیذ کہتے ہیں۔ یہ بہت ہی مقوی اور زود ہضم ہوتا ہے۔ یہ حلال ہے بشرطیکہ خدشہ کو نہ پہنچے اگر بہت روز تک رکھا رہے تو جھاگ چھوڑ دیتا ہے اور نشہ آور ہے۔ اب حرام ہو جاتا ہے کہ فرمایا گیا کُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ۔''

(مرآۃ المناجیح، ج٦، ص٩٠)

4......موسوعة لابن ابى الدنيا، كتاب ذم المسكر، الحديث: ٢٩، ج٥، ص٢٦٠، بدون "قداغلى".

5......معاذاللہ شراب پینے یا خون پینے یا مردار کا گوشت کھانے یا سوئر کا گوشت کھانے پر اکراہ کیا گیا، اگر وہ اکراہ غیر ملجی ہے یعنی حبس وضرب (یعنی قید و مار پیٹ) کی دھمکی ہے تو ان چیزوں کا کھانا پینا جائز نہیں ہے، البتہ شراب پینے میں اس صورت میں حد نہیں ماری جائے گی کہ شبہ سے حد ساقط ہو جاتی ہے اور اگر وہ اکراہ ملجی ہے یعنی قتل یا قطع عضو کی دھمکی ہے تو ان کاموں کا کرنا جائز بلکہ فرض ہے۔ اگر صبر کیا ان کاموں کو نہیں کیا اور مارڈالا گیا تو گنہگار ہوا کہ شرع نے ان صورتوں میں اس کے لئے یہ چیزیں جائز کی تھیں جس طرح بھوک کی شدت اور اضطرار کی حالت میں یہ......



www.dawateislami.net

اورخنزیر کا گوشت کھالے تو وہ معذور ہے (یعنی اس پر کوئی گناہ نہیں)۔''

## زبان کی حفاظت کا درس:

﴿1076﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''انسان کے اعضاء میں سب سے زیادہ زبان اس بات کی حق دار ہے کہ اسے (فُضُول باتوں سے) پاک رکھا جائے۔'' (1)

## کسی پر لَعْنَت نہیں بھیجتے تھے:

﴿1077﴾......حضرت سیِّدُ نا سالم رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا نے کبھی کسی خادم پر لَعْنَت نہیں کی۔ البتہ ایک خادم پر لَعْنَت کی تھی لیکن پھر اسے آزاد فرمادیا۔''

اِمام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا اپنی خادمہ پر لَعْنَت کرنے لگے تو کہا: اَللّٰھُمَّ اَلْعِ یعنی: اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اس پر لَعْ۔ یعنی لفظِ لَعْنَت زبان پر پورا نہ لائے اور فرمایا: ''مجھے یہ کلمہ (یعنی لَعْنَت) کہنا پسند نہیں۔'' (2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی عاجزی:

﴿1078﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ''ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا کو ''خَیْرُ النَّاس اَوِابْنِ خَیْرُ النَّاس'' کے القابات سے پکارا یعنی: اے تمام لوگوں سے بہتر یا اے تمام لوگوں سے بہتر کے صاحبزادے!'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''نہ میں لوگوں میں سے بہتر ہوں اور نہ لوگوں میں سے بہتر کا بیٹا ہوں۔ ہاں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے بندوں میں سے ایک بندہ ہوں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کی اُمید اور اس کے عذاب کا خوف رکھتا ہوں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تم آدمی کے ساتھ اس طرح کرتے رہتے ہو

---

......چیزیں مباح ہیں۔ ہاں اگر اس کو یہ بات معلوم نہ تھی کہ اس حالت میں ان چیزوں کا استعمال شرعاً جائز ہے اور ناواقفی کی وجہ سے استعمال نہ کیا اور قتل کردیا گیا تو گناہ نہیں۔ یونہیں اگر استعمال نہ کرنے سے کُفّار کو غیظ وغضب میں ڈالنا مقصود ہو تو گناہ نہیں۔'' (بہارِشریعت، ج۲، حصہ ۱۵)

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الادب، باب فی کف اللسان، الحدیث:۷، ج۶، ص۲۳۷.

2 ......جامع معمربن راشدمع المصنف لعبدالرزاق، باب اللعن، الحدیث:۱۹۷۰۲/۱۹۷۰۳، ج۱۰، ص۳۰.



www.dawateislami.net

یہاں تک کہ اسے ہلاکت تک پہنچا دیتے ہو۔“ (1)

# حج کے واقعات

﴿1079﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرح تلبیہ پڑھتے تھے اور اس میں اپنی طرف سے کچھ اضافہ کرتے ہوئے یوں کہتے تھے:

”لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ، لَبَّیْکَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْکَ، لَبَّیْکَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَیْکَ وَالْعَمَلُ“

ترجمہ: میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں اور عبادت کے لئے تیار ہوں۔ میں حاضر ہوں اور بھلائی تیرے اختیار میں ہے۔ میں حاضر ہوں اور تیری طرف ہی رَغبت ہے اور تیرے ہی لئے عمل کرتا ہوں۔“ (2)

﴿1080﴾......حضرت سیِّدُنا وَبَرہ بن عبدالرحمٰن عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ساتھ سفرِ حج پر تھا۔ میں نے انہیں یوں تلبیہ پڑھتے سنا: ”لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَیْکَ وَالْعَمَلُ“ ترجمہ: میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں۔ تیری طرف ہی رَغبت ہے اور تیرے ہی لئے عمل کرتا ہوں۔“ (3)

## مُقدّس مقامات پر مانگی ہوئی دُعا:

﴿1081﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا (سعی کرتے ہوئے جب) صفا پر چڑھتے تو یوں دعا مانگتے:

”اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ بِدِیْنِکَ وَطَوَاعِیَتِکَ وَطَوَاعِیَۃِ رَسُوْلِکَ، اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنِیْ حُدُوْدَکَ، اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یُّحِبُّکَ وَیُحِبُّ مَلَائِکَتَکَ وَیُحِبُّ رُسُلَکَ وَیُحِبُّ عِبَادَکَ الصَّالِحِیْنَ، اَللّٰھُمَّ حَبِّبْنِیْ اِلَیْکَ وَاِلٰی مَلَائِکَتِکَ وَاِلٰی رُسُلِکَ وَاِلٰی عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ، اَللّٰھُمَّ یَسِّرْنِیْ لِلْیُسْرٰی وَجَنِّبْنِیَ الْعُسْرٰی وَاغْفِرْلِیْ فِی الْاٰخِرَۃِ وَالْاُوْلٰی

1......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، باب المدح، الحديث: ٢٠٦٩٠، ج١٠، ص٢٥٠۔
المدخل الی السنن الکبری للبیهقی، باب ما یکره لاهل العلم......الخ، الحديث: ٥٤١، ص٣٣٤.

2......جامع الترمذی، ابواب الحج، باب ما جاء فی التلبية، الحديث: ٨٢٦، ص١٧٢٩.

3......صحيح مسلم، كتاب الحج، باب التلبية وصفتها ووقتها، الحديث: ٢٨١٤، ص٨٧٠، عن نافع.



www.dawateislami.net

وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَئِمَّۃِ الْمُتَّقِیْنَ،اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَاِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ،اَللّٰھُمَّ اِذْ ھَدَیْتَنِیْ لِلْاِسْلَامِ فَلَا تَنْزَعْنِیْ مِنْہُ وَلَا تَنْزَعْہُ مِنِّیْ حَتّٰی تَقْبِضَنِیْ وَاَنَا عَلَیْہِ“

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اپنے دِین، اپنی اور اپنے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طاعت کے ذریعے میری حِفاظت فرما۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنی مُقرَّر کردہ حُدُود سے تجاوُز کرنے سے بچا۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے ان لوگوں میں سے کر دے جو تجھ سے، تیرے فِرِشتوں سے، تیرے پیغمبروں سے اور تیرے نیک بندوں سے مَحبَّت کرتے ہیں۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے اپنا، اپنے فِرِشتوں کا، اپنے پیغمبروں کا اور اپنے نیک بندوں کا پسندیدہ بنادے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے آسانی مُہَیّا فرما اور تنگی و دشواری دور فرما۔ دنیا و آخرت میں میری مَغْفِرت فرما اور مجھے پرہیزگاروں کا امام بنا۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تیرا ہی فرمان ہے کہ ''مجھ سے دُعا کرو میں قبول کروں گا'' اور بے شک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! جب کہ تو نے مجھے اسلام کی ہدایت دی ہے تو اب مجھے اس نعمت سے دور نہ کرنا اور نہ ہی اس نعمت کو مجھ سے دور کرنا یہاں تک کہ تو اسلام پر ہی میری روح قَبْض فرمالے۔''

حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا صفا و مروہ پر طویل دعا کرتے تھے یہ اس دُعا کا کچھ حصہ ہے۔ اور یہی دُعا عَرَفات، دو جمروں کے درمیان اور طواف کے دوران مانگا کرتے تھے۔'' (1)

## حجرِ اَسود کا بوسہ لیتے تو یہ پڑھتے:

﴿1082﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا جب حجرِ اسود کا بوسہ لیتے تو یہ پڑھتے تھے: ''بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ترجمہ: اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام سے جو سب سے بڑا ہے۔'' (2)

## بوسۂ حجرِ اَسود کا جذبہ:

﴿1083﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو حجرِ اَسود کا بوسہ لینے کے لئے سخت بھیڑ کا سامنا کرنا پڑتا حتی کہ بعض دَفْعہ نکسیر پھوٹ جاتی پھر لوٹ کر خون دھو ڈالتے۔'' (3)

---

(1)......اخبارمکۃ للفاکھی،باب ذکر کیف یوقف بین الصفاو......الخ،الحدیث:۱۴۱۱/۱۴۱۴،ج۲،ص۲۲۹-۲۳۱.

(2)......المصنف لعبدالرزاق،کتاب المناسک،باب القول عنداستلامہ،الحدیث:۸۹۲۵،ج۵،ص۲۴،بدون''الاسود''.

(3)......المصنف لعبدالرزاق،کتاب المناسک،باب الزحام علی الرکن،الحدیث:۸۹۳۵،ج۵،ص۲۵.



www.dawateislami.net

## مدینے کی حاضری:

﴿1084﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا مدینہ مُنَوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعۡظِیۡمًا حاضر ہوتے تو پہلے حُضُور نبیٔ رَحمت، شفیعِ اُمَّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روضۂ اقدس پر حاضری دیتے اور مُواجہہ شریف کی طرف رُخ کرکے درودِ پاک پڑھتے۔ پھر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی قبرِ مبارک کی طرف آتے اور اس طرف رُخ کرکے ان کے لئے دُعا کرتے۔ پھر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی قبرِ مبارک پر آتے اور اس طرف رُخ کرکے ان کے لئے دُعا کرتے اور پھر کہتے: ''اے ابا جان! اے ابا جان!'' (1)

﴿1085﴾......حضرت سیِّدُنا عُروہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ دورانِ طواف میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو ان کی بیٹی سے نکاح کا پیغام دیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خاموش رہے اور کوئی جواب نہ دیا۔ میں نے (دل میں) کہا: ''اگر آپ راضی ہوتے تو ضرور جواب دیتے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں آئندہ اس بارے میں کوئی بات نہیں کروں گا۔'' پھر یوں ہوا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھ سے پہلے مدینہ طیِّبہ کی طرف کوچ کر آئے پھر میں بھی مدینہ شریف حاضر ہوگیا اور مَسْجِدِ نبوی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں داخل ہوا روضۂ اَقدس پر صلوۃ وسلام پیش کیا۔ پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس آیا۔ آپ نے مجھے خوش آمدید کہا اور پوچھا: ''کب آئے ہو؟'' میں نے کہا: ''ابھی آرہا ہوں۔'' فرمایا: ''تم نے دورانِ طواف مجھ سے سودہ بنت عبداللہ کے بارے میں تذکرہ کیا تھا مگر اس وقت اللہ عَزَّوَجَلَّ کی شانِ کبریائی ملحوظ تھی، تم مجھے اس کے علاوہ کہیں اور بھی مل سکتے تھے۔'' میں نے کہا: ''تقدیر میں اسی طرح مُعاملہ لکھا جاچکا تھا۔'' انہوں نے پوچھا: ''اب تمہاری کیا رائے ہے؟'' میں نے کہا: ''میری رائے وہی ہے جو پہلے تھی۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے دونوں صاحبزادوں حضرت سیِّدُنا سالم وحضرت سیِّدُنا عبداللہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو بلایا اور اپنی صاحبزادی سے میرا نکاح کردیا۔'' (2)

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الجنائز، باب من کان یاتی قبر النبی، فیسلم، الحدیث: ۱، ج۳، ص۲۲۲، بتغیرٍ.

2 ......اخبار مکۃ للفاکھی، الحدیث: ۳۳۹/۳۴۰، ج۱، ص۲۰۴۔

الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۴۰۲ عبداللہ بن عمر بن الخطاب، ج۴، ص۱۲۶.



www.dawateislami.net

## میں تو مغفرت چاہتا ہوں:

﴿1086﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن اَبی زِناد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْجَوَاد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حجر کے مقام پر حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن زُبیر، حضرت سیِّدُنا عُروہ بن زُبیر، حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر اور حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم جمع ہوئے، تو انہوں نے کہا: چلو آج سب اپنی اپنی خواہش کا اِظہار کریں۔ چنانچہ، حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے کہا: ''مجھے تو خلافت کی تمنّا ہے۔'' حضرت سیِّدُنا عُروہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے کہا: ''میں چاہتا ہوں کہ مجھ سے علم حاصل کیا جائے۔'' پھر حضرت سیِّدُنا مُصْعَب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: ''میری آرزو ہے کہ میں عراق کا گورنر بنوں اور اس بات کی خواہش ہے کہ عائشہ بنت طَلْحہ اور سَکِیْنَہ بنت حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم سے میرا نکاح ہو۔'' پھر حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے کہا: ''میں تو مَغْفِرت چاہتا ہوں۔'' راوی فرماتے ہیں: ''ان سب کی مرادیں پوری ہوئیں اور یقیناً حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی مَغْفِرت یافتہ ہیں۔'' (1)

﴿1087﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے زمانے میں جاری ایک ''مَعْرِکے'' کے وقت کسی نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے کہا: ''کیا آپ اِن کے ساتھ بھی نماز پڑھ لیں گے اور اُن کے ساتھ بھی جبکہ وہ ایک دوسرے کے قتل کے درپے ہیں؟'' فرمایا: ''جو ''حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ'' اور ''حَیَّ عَلَی الْفَلَاح'' کہے گا میں اسے جواب دوں گا (یعنی جا کر نماز ادا کروں گا) اور جو مجھے کسی مسلمان کے قتل اور اس کا مال لوٹنے کی دعوت دے گا میں اس کی بات قبول نہیں کروں گا۔'' (2)

﴿1088﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُبَیْد بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''فتنہ میں ہماری مثال ان لوگوں کی طرح ہے جو سیدھی راہ پر چل رہے ہوں اور اس سے واقف بھی ہوں۔ پھر اس دوران ان پر بادل وسخت تاریکی چھا گئی تو ان میں سے بعض دائیں اور بعض بائیں طرف ہوگئے اور راستہ بھول گئے جبکہ ہم بادل وتاریکی میں جہاں تھے وہیں ٹھہر گئے یہاں تک کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے بادل

(1)......تاریخ دمشق لابن عساکر، الرقم ٤٦٨٧ عروۃ بن الزُّبَیر، ج٤٠، ص٢٦٧.

(2)......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٤٠٢ عبداللّٰہ بن عمر بن الخطاب، ج٤، ص١٢٧.



www.dawateislami.net

دور کر دیئے اور تاریکی کو ختم فرما دیا۔ پھر ہم نے اپنا پہلا راستہ دیکھا اور اسے پہچان کر دوبارا اسی پر چل دیئے۔ یہ قُریش کے کچھ نوجوان ہیں جو سلطنت اور دُنیا کے حُصُول کی خاطر ایک دوسرے سے لڑ رہے ہیں اور جس دُنیا کی خاطر یہ ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہیں مجھے اس میں سے اپنے لئے ان پرانے جوتوں کے باقی رہنے کی بھی پرواہ نہیں۔" (1)

## اِبن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اور اِتّباعِ سُنّت کا جذبہ:

﴿1089﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: "اگر تم حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّتوں پر عمل کرتے دیکھ لیتے تو کہتے کہ یہ تو دیوانے ہیں۔" (2)

## لوگ دیوانہ سمجھتے:

﴿1090﴾......حضرت سیِّدُنا عاصِم اَحْوَل عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَوَّل ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو دیکھتا تو حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّتوں پر عمل کرنے کی وجہ سے دیوانہ سمجھتا۔" (3)

﴿1091﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا مکّۂ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کے راستے میں اپنی سواری کے جانور کو سر سے پکڑ کر (اِدھر اُدھر) چلاتے اور فرماتے شاید میری سواری کے قدم بھی اس جگہ لگ جائیں جہاں حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سواری کے قدم لگے ہیں۔" (4)

﴿1092﴾......حضرت سیِّدُنا زید بن اَسلم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جس طرح اُونٹنی اپنے گمشدہ بچے کی تلاش میں جنگل میں مارے مارے پھرتی ہے حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اس

---

1 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٤٠٢ عبداللّٰہ بن عمر بن الخطاب، ج٤، ص١٢٩، مفهومًا.

2 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب اتباع ابن عمر آثار النبی ﷺ، الحديث: ٦٤٣٦، ج٤، ص٧٢٩.

3 ......المصنف لابن ابی شيبة، كتاب الزهد، باب كلام ابن عمر، الحديث: ٧، ج٨، ص١٧٥.

4 ......المرجع السابق، الحديث: ٢٢، ج٨، ص١٧٧.



www.dawateislami.net

سے بھی زیادہ اپنے والد امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے نَقْشِ قدم پر چلتے تھے۔'' (1)

## فقط سلام کرنے بازار جاتے:

﴿1093﴾......حضرت سیِّدُنا طُفَیْل بن اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے پاس جاتا تو وہ مجھے ساتھ لے کر بازار کی طرف چل پڑتے۔ جب ہم بازار پہنچ جاتے تو حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا جس رَدّی فروش، دُکاندار اور مسکین یا کسی شخص کے پاس سے گزرتے تو سب کو سلام کرتے۔'' حضرت سیِّدُنا طُفَیْل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کہتے ہیں (ایک دن جب وہ بازار جانے لگے تو): ''میں نے پوچھا: ''آپ بازار جا کر کیا کریں گے؟ وہاں نہ تو خریداری کے لئے رُکتے ہیں۔ نہ سامان کے مُتَعَلِّق کچھ پوچھتے ہیں۔ نہ بھاؤ کرتے ہیں اور نہ بازار کی کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں۔ میری تو گزارش یہ ہے کہ یہیں ہمارے پاس تشریف رکھیں۔ ہم باتیں کریں گے۔'' فرمایا: ''اے بڑے پیٹ والے! (حضرت سیِّدُنا طُفَیْل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا پیٹ بڑا تھا) ہم صرف سلام کی غرض سے جاتے ہیں۔ ہم جس سے ملتے ہیں اُسے سلام کہتے ہیں۔'' (2)

﴿1094﴾......حضرت سیِّدُنا عُبَیْدُ اللّٰہ بن عبد اللّٰہ بن عُتْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر اور حضرتِ سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا (اس طرح چھپا کر عمل کرتے کہ) جب تک اپنی کسی نیکی کو بیان نہ کر دیتے یا اسے علی الاعلان نہ کرتے اس وقت تک کسی کو خبر نہ ہوتی تھی۔'' (3)

## عُمر، عَقْل اور جِسم میں کمی:

﴿1095﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابن سعدان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن نے مجھ سے کہا: ''اے ابو الغازی! حضرت سیِّدُنا نُوح عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اپنی قوم میں کتنا عرصہ ٹھہرے؟'' میں نے کہا: ''ساڑھے نو سو سال۔'' انہوں نے فرمایا: ''بے شک اس وقت سے لوگوں کی عُمْریں، اجسام اور عَقْلیں گھٹتی جا رہی ہیں (یعنی اب عُمْر، عَقْل اور قد میں کمی آ گئی ہے)۔'' (4)

---

1 ......صفة الصفوة، الرقم ٦٢ عبدالله بن عمر بن الخطاب، ج ١، ص ٢٩٠.

2 ......المؤطا للامام مالك، كتاب السلام، باب جامع السلام، الحديث: ١٨٤٤، ج ٢، ص ٤٤٤.

3 ......الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، الرقم ٥٦ عمر بن الخطاب، ج ٣، ص ٢٢١.

4 ......مسند ابن الجعد، الحكم مجاهد، الحديث: ٢٤٧، ص ٥٥.



www.dawateislami.net

## صحابۂ کرام عَلَیۡہِمُ الرِّضۡوَان کا ایمان:

﴿1096﴾......حضرت سیِّدُ نا قتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا سے کسی نے پوچھا: ''کیا حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابہ رِضۡوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡن ہنسا کرتے تھے؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا: ''جی ہاں! حالانکہ ایمان ان کے دلوں میں پہاڑوں سے بھی زیادہ قوی اور مضبوط تھا[1]۔'' [2]

## وضو اور نماز میں کمی کرنے والے:

﴿1097﴾......حضرت سیِّدُ نا آدم بن علی عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡوَلِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا نے فرمایا: ''بے شک بروزِ قیامت کچھ لوگوں کو بلایا جائے گا جو کمی کرنے والے ہوں گے۔'' کسی نے عرض کی: ''کمی کرنے والوں سے مراد کون لوگ ہیں؟'' فرمایا: ''وضو اور نماز کامل طور پر نہ بجالانے والے۔'' [3]

﴿1098﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا نے ایک شخص کے ہاں بطورِ مہمان قیام فرمایا۔ جب تین دن گزر گئے تو فرمایا: ''اے نافع! اب ہم پر ہمارے مال سے خرچ کرو۔'' [4] [5]

---

1 ......حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ الۡحَنَّان اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں: ''جواب کا مقصد یہ ہے ہنسا حرام نہیں، حلال ہے۔ وہ حضرات وہ ہنسی نہ ہنستے تھے جو دل کو مُردہ کردے یعنی ہر وقت ہنستا رہنا بلکہ وہ ہنسی ہنستے تھے جو دل کو شگفتہ رکھے اور سامنے والے کو بھی شگفتہ بنا دے ان حضرات کے دل ایمان سے بھرے ہوئے تھے ساتھ ہی وہ حضرات شگفتہ دل بھی تھے ان کے پاس بیٹھنے والے بھی خوش ہو جاتے تھے۔'' (مرآۃ المناجیح، ج٦، ص٤٠٤)

2 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبد الرزاق، باب الامام راع، الحدیث: ٢٠٨٣٧، ج١٠، ص٢٨٦.

3 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الطھارت، باب من قال لا تقبل صلاۃ اِلا بطھور، الحدیث: ٥، ج١، ص١٥.

4 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٣٠٧٥، ج١٢، ص٢٠٨، بتغیرٍ.

5 ......دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' حصہ 16 صفحہ 34 پر صدرُ الشَّریعہ، بدرُ الطَّریقہ حضرت مُفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡقَوِی فرماتے ہیں: یہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے اس لئے فرمایا کہ حدیث میں آیا: صحیح بخاری و مسلم میں ابو شُرَیح کَعۡبِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ سے مروی، کہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَسَلَّم نے فرمایا کہ ''جو شخص اللّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، وہ مہمان کا اکرام کرے، ایک دن رات اس کا جائزہ ہے (یعنی ایک دن اس کی پوری خاطر داری......



www.dawateislami.net

## دھوکے میں نہ رہنا:

﴿1099﴾......حضرت سیِّدُنا قتادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے پوچھا: ''جس طرح لَااِلٰہَ اِلَّااللہ (یعنی اسلام) کے بغیر کوئی عمل نَفع نہیں دیتا تو کیا مسلمان کو کوئی عمل نُقصان بھی نہیں پہنچا سکتا؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''(نیکیوں والی) زندگی بَسر کر اور دھوکے میں نہ رہنا (کہ مسلمان کو کوئی برائی نُقصان نہیں پہنچا سکتی)۔''(1)

﴿1100﴾......حضرت سیِّدُنا مَعْبَد جُھَنِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے عرض کی: ''ایک آدمی جو ہر بھلائی اپناتا ہے مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے بارے میں شک کرتا ہے (اس کا انجام کیا ہوگا)؟'' فرمایا: ''وہ ضرور ہلاک ہوگا۔'' میں نے کہا: ''اور وہ شخص جو ہر قسم کی برائی کا اِرْتِکاب کرتا ہے مگر اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی مَعْبُود نہیں اور مُحمد صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول ہیں (اس کا انجام کیا ہوگا)؟'' فرمایا: ''(نیکیوں والی) زندگی بَسر کر اور دھوکے میں نہ رہنا۔''(2)

﴿1101﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا ایک قصہ گو کے پاس سے گزرے۔ لوگوں نے اپنے ہاتھ بلند کر رکھے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ ان ہاتھوں کو ہلاک فرمائے! تمہاری خرابی ہو! بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہارے بلند کئے ہوئے ہاتھوں بلکہ تمہاری شہ رگ سے بھی زیادہ تمہارے قریب ہے(3)۔''

﴿1102﴾......حضرت سیِّدُنا نافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہ

......کرے، اپنے مقدور بھر اس کے لئے تکلُّف کا کھانا تیار کرائے) اور ضِیَافت تین دن ہے (یعنی ایک دن کے بعد ما حضر پیش کرے) اور تین دن کے بعد صَدَقہ ہے۔ مہمان کے لئے یہ حلال نہیں کہ اُس کے یہاں ٹھہرا رہے کہ اُسے حَرَج میں ڈال دے۔

1 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، باب الرخص والشدائد، الحدیث: ۲۰۷۲۰، ج۱۰، ص۲۵۸.

2 ......شرح اصول اعتقاد اھل السنة والجماعة، باب جماع الکلام فی الایمان، الحدیث: ۲۰۰۲، ج۲، ص۹۱۰.

3 ......جیسا کہ قرآنِ مجید میں ہے: ''وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ﴿۱۶﴾'' (پ۲۶، ق:۱۶) ترجمۂ کنزالایمان: اور ہم دل کی رگ سے بھی اس سے زیادہ نزدیک ہیں۔'' اس کے تحت صَدْرُالْاَفَاضِل حضرت سید محمد نعیم الدین مرادآبادی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی فرماتے ہیں: ''یہ کمالِ علم کا بیان ہے کہ ہم بندے کے حال کو خود اس سے زیادہ جاننے والے ہیں۔ ''وَرِیْد'' وہ رگ ہے جس سے خون جاری ہو کر بدن کے ہر جزو میں......



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ہمراہ ایک جنازہ میں شریک ہوا جب میت کو دفن کر چکے تو کسی نے صدا لگائی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام پر اُٹھو۔'' حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ کا نام تو ہر شے سے بلند ہے اس لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا نام لے کر اُٹھو۔'' (1)

﴿1103﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد فرماتے ہیں کہ میں حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ہمراہ تھا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا گزر ایک کھنڈر کے قریب سے ہوا تو فرمایا: ''(اے مجاہد!) ذرا پوچھو! اے ویران مکان! تجھ میں بسنے والوں کا انجام کیا ہوا؟'' میں نے کہا: ''اے ویران مکان! تیرے اندر رہنے والے انسان کہاں گئے؟'' تو حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''وہ دُنیا سے چلے گئے جبکہ اُن کے اعمال باقی رہ گئے۔'' (2)

﴿1104﴾......حضرت سیِّدُنا ابو حازم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک عراقی شخص کے پاس سے گزرے جو بے ہوش پڑا تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''اِسے کیا ہوا؟'' لوگوں نے بتایا: ''جب اس کے پاس قرآنِ مجید پڑھا جاتا ہے تو اس پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''بے شک ہم بھی اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے ہیں لیکن ہم تو بے ہوش نہیں ہوتے ہیں۔'' (3)

## اِیمان کی حلاوت پانے کا ذَرِیعہ:

﴿1105﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر مَحبَّت رکھو اور اسی کے لئے نفرت کرو۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطر دوستی رکھو اور اسی کے لئے دشمنی کرو۔ بے شک تم اسی طرح اللہ عَزَّوَجَلَّ کا قُرب پا سکتے ہو اور کوئی شخص چاہے کتنی ہی نمازیں پڑھے اور روزے رکھے اس وقت تک ایمان کی حلاوت نہیں پا سکتا جب تک کہ وہ ایسا نہ کرے اور لوگوں کی

......پہنچتا ہے۔ یہ رگ گردن میں ہے معنی یہ ہیں کہ انسان کے اجزاء ایک دوسرے سے پردے میں ہیں مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کوئی چیز پردے میں نہیں۔'' (تفسیرخزائن العرفان،پارہ۲۶،ق،تحت الآیۃ:۱۶)

1 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الجنائز، باب فی الرجل یرفع الجنازۃ مایقول، الحدیث:۱، ج۳، ص۲۵۹.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث:۱۰۵۹، ص۲۰۸.

3 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، اخبار عبداللہ بن عمر، الحدیث:۱۰۷۷، ص۲۱۰.



www.dawateislami.net

دوستیاں دُنیا کی وجہ سے ہوتی ہیں حالانکہ یہ چیز انہیں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔'' مزید بیان کرتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے یہ بھی ارشاد فرمایا: ''اے ابن عُمَر! صُبح کو شام کی باتیں نہ کرو اور شام کو صُبح کی فکر مت کرو۔ نیز اپنی صِحّت وتَندُرُستی سے اپنی بیماری کے لئے نَفْع حاصل کرو۔ زندگی سے موت کے لئے فائدہ اٹھالو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ کل تمہارا نام کیا ہوگا (جناب یا محروم)؟'' پھر میرے کندھے کو پکڑ کر فرمایا: ''دُنیا میں اجنبی یا مسافر کی طرح رہو اور اپنے آپ کو اہلِ قُبُور میں شُمار کرو۔'' (1)

## عَقْلمند مسلمان کی پہچان:

﴿1106﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا روایت کرتے ہیں کہ ایک نوجوان نے کھڑے ہو کر عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کون سا مسلمان سب سے زیادہ سمجھدار ہے؟'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''موت کو کثرت سے یاد کرنے اور اس کے آنے سے پہلے اس کے لئے اچھی تیاری کرنے والا ہی سب سے زیادہ سمجھدار ہے۔'' (2)

## دُنیاوی عزَّت باعثِ نجات نہیں:

﴿1107﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمان عالیشان ہے: ''کتنے ہی عَقْلمند ایسے ہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم کو سمجھتے ہیں اور لوگ انہیں حَقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جبکہ وہ کل قیامت کے دن نجات پائیں گے اور کتنے ہی خوش زبان ایسے ہیں جنہیں لوگ اچھا سمجھتے اور عزَّت دیتے ہیں لیکن کل قیامت میں ہلاکت ان کا مُقَدَّر ہوگی۔'' (3)

﴿1108﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ جب نبیوں کے سلطان، سرور

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۳۵۳۷، ج۱۲، ص۳۱۸۔
جامع الترمذی، ابواب الزھد، باب ماجاء فی قصر الامل، الحدیث: ۲۳۳۳، ص۱۸۸٦.

(2)......سنن ابن ماجه، ابواب الزھد، باب ذکر الموت و الاستعدادله، الحدیث: ٤۲٥۹، ص۲۷۳٥۔
السیرة النبویة لابن ھشام، غزوة عبدالرحمٰن بن عوف الی دومة الجندل، ص٥٦٦.

(3)......فردوس الاخبار للدیلمی، باب الکاف، الحدیث: ٤۹٤۹، ج۲، ص۱۸٤ "ذمیم" بدله "دمیم".



www.dawateislami.net

ذیشان، مَحْبُوبِ رَحمٰن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مَسْجِد تعمیر فرمائی تو ایک دروازہ، خاص طور پر عورتوں کے لئے بنوایا اور فرمایا: ''اس دروازے سے کوئی مرد اندر آئے نہ باہر جائے۔'' (1)

﴿1109﴾......حضرت سیِّدُنا عطاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ہم پر ایک ایسا وقت بھی تھا کہ ہم میں سے ہر ایک اپنے درہم و دینار کا خود سے زیادہ حق دار اپنے مسلمان بھائی کو سمجھتا تھا یہاں تک کہ یہ زمانہ آ گیا اور بے شک میں نے حُضُور نبی کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''جب لوگ درہم و دینار میں بُخْل کرنے لگیں گے اور بطورِ ''عِینَہ'' (2) خرید و فروخت کریں گے اور (کھیتی باڑی کے لئے) بیلوں کی دُمیں پکڑیں گے اور راہِ خدا میں جہاد کرنا ترک کر دیں گے تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ان کو ذلیل و رُسوا کر دے گا پھر ان سے ذلت کو دور نہ فرمائے گا یہاں تک وہ اپنے دِین (کے احکام) پر واپس لوٹ آئیں۔'' (3)

---

1 ......مسند ابی داود الطیالسی، ماروی نافع عن ابن عمر، الحدیث: ۱۸۲۹، ص ۲۵۱.

2 ......بیع ''عِینَہ'' قرض پر نَفْع حاصل کرنے کا ایک حیلہ ہے۔ چنانچہ، دعوتِ اسلامی کے اشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1182 صَفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' جلد دوم صَفْحَہ 779 پر صدرُ الشَّرِیعَہ، بدرُ الطَّرِیقَہ حضرت علامہ مولانا مُفتی محمد اَمجد علی اَعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القَوِی فرماتے ہیں: ''سُود سے بچنے کی ایک صورت بیع ''عِینَہ'' ہے امام محمد رَحْمَۃُ اللّٰہ تَعَالٰی نے فرمایا کہ بیع ''عِینَہ'' مکروہ ہے کیونکہ قرض کی خوبی اور حُسنِ سُلوک سے مَحض نَفْع کی خاطر بچنا چاہتا ہے اور امام ابو یُوسُف رَحْمَۃُ اللّٰہ تَعَالٰی نے فرمایا کہ اچھی نیت ہو تو اس میں حَرَج نہیں بلکہ بیع کرنے والا مُستحقِ ثواب ہے کیونکہ وہ سُود سے بچنا چاہتا ہے۔ مشائخ بلخ نے فرمایا بیع ''عِینَہ'' ہمارے زمانہ کی اکثر بیعوں سے بہتر ہے۔ بیع ''عِینَہ'' کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے دوسرے سے مثلاً دس روپے قرض مانگے اس نے کہا میں قرض نہیں دوں گا، یہ البتہ کرسکتا ہوں کہ یہ چیز تمہارے ہاتھ بارہ روپے میں بیچتا ہوں اگر تم چاہو خرید لو اسے بازار میں دس روپے کی بیع کر دینا تمہیں دس روپے مل جائیں گے اور کام چل جائے گا اور اسی صورت سے بیع ہوئی۔ بائع نے زیادہ نَفْع حاصل کرنے اور سود سے بچنے کا یہ حیلہ نکالا کہ دس کی چیز بارہ میں بیع کر دی اس کا کام چل گیا اور خاطر خواہ اس کو نفع مل گیا۔ بعض لوگوں نے اس کا یہ طریقہ بتایا ہے کہ تیسرے شخص کو اپنی بیع میں شامل کریں یعنی مُقرِض (قرض خواہ) نے قرض دار کے ہاتھ اس کو بارہ میں بیچا اور قبضہ دے دیا پھر قرض دار نے ثالث کے ہاتھ دس روپے میں بیچ کر قبضہ دے دیا اس نے مقرض کے ہاتھ دس روپے میں بیچا اور قبضہ دے دیا اور دس روپے ثمن کے مقرض سے وصول کر کے قرض دار کو دے دیئے نتیجہ یہ ہوا کہ قرض مانگنے والے کو دس روپے وصول ہو گئے مگر بارہ دینے پڑیں گے کیونکہ وہ چیز بارہ میں خریدی ہے۔'' (الفتاوی الخانیۃ، کتاب البیع، فصل فیما یکون فراراً عن الربا، ج۱، ص ۴۰۸۔ فتح القدیر، کتاب الکفالۃ، ج۶، ص ۳۲۴۔ ردالمحتار، کتاب البیوع، باب الصرف، مطلب: فی بیع العینۃ، ج۷، ص ۵۷۶)

3 ......المسند لابی یعلی الموصلی، مسند عبداللّٰہ بن عمر، الحدیث: ۵۶۳۳، ج۵، ص ۱۲۳ "ادخل اللّٰہ" بدلہ "بعث اللّٰہ".



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُ ناعَبدُ اللہ بِن عَبَّاس

## رَضِیَ اللہ تَعالٰی عَنہُمَا

مُہاجرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے حضرت سیِّدُ ناعبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ایک ذہین مُعَلِّم (یعنی اُستاذ)، صاحبِ فراست، قابلِ فخر، بدرُ العُلما، قُطبُ الافلاک، بادشاہوں کی ضرورت، (علم کے) بہتے چشمے، مُفَسِّرِ قرآن، تاویلات کو بیان فرمانے والے، باریکیوں کے جاننے والے، عُمدہ لباس زیبِ تن کرنے والے، اپنے پاس بیٹھنے والے کی عزّت کرنے والے اور لوگوں کو کھانا کھلانے والے تھے۔

اہلِ تصوُّف فرماتے ہیں: ''عُمدہ اَخلاق کو اپنانے میں سَبْقَت لے جانے اور نَفْس کو دُنیاوی تَعَلُّقات سے دُور رکھنے کا نام تصوُّف ہے۔''

﴿1110﴾......حضرت سیِّدُ ناعبداللہ بن عبداللہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ ناابن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ رسولِ اَکرم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''اے لڑکے! میں تمہیں ایسی باتیں نہ بتاؤں جن سے اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہیں نَفْع بخشے؟ (پھر خود ہی ارشاد فرمایا:) حُقُوق اللہ کی حفاظت کرو اللہ عَزَّوَجَلَّ تمہاری حفاظت فرمائے گا۔ حُقُوق اللہ کی حفاظت کرو اللہ عَزَّوَجَلَّ کو اپنے سامنے پاؤ گے۔ فراخی وخوشحالی میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کو یاد کرو وہ سختی وشِدّت میں تمہیں یاد رکھے گا۔ جب سوال کرو تو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کرو اور جب مدد مانگو تو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مانگو۔[1] قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے قلم اسے لکھ کر خشک ہو چکا ہے اور جو چیز اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تیرا مقدر نہیں فرمائی وہ سب لوگ مل کر بھی تجھے نہیں دے سکتے اور جو شے اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تیرے مُقَدَّر میں لکھ دی ہے اسے سب لوگ مل کر بھی تجھ سے نہیں روک سکتے۔ لہٰذا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کے لئے یقین کے ساتھ عمل کرو اور جان لو کہ ناگوار چیز پر صبر کرنا بہت زیادہ بھلائی کا کام ہے اور مدد صبر کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ وُسْعَت وکُشادگی تنگی کے

1......حکیم الاُمّت مُفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ''یعنی ہر چھوٹی بڑی چیز اعلیٰ ادنیٰ مدد اللہ تعالٰی سے مانگو یہ نہ خیال کرو کہ اتنے بڑے دربار میں ایسی ادنی چیز کیوں مانگوں۔ دوسرے کریم مانگنے سے ناراض ہوتے ہیں اللہ تعالٰی نہ مانگنے سے ناراض ہوتا ہے۔ خیال رہے! کہ مجازی طور پر بادشاہ، حاکم، اولیاء اللہ، حضرت محمد مصطفٰی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے کچھ مانگنا خدا تعالٰی سے ہی مانگنا ہے، لہٰذا یہ حدیث ان قرآنی آیات اور احادیث کے خلاف نہیں جن میں بندوں سے مانگنے کا ذکر یا حکم ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج۷، ص۱۱۷)



www.dawateislami.net

ساتھ ہوتی ہے اور ہر تنگی کے بعد آسانی ہے۔'' (1)

# مدنی آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے دُعاؤں سے نوازا

## عِلْم وفَہْم میں ترقّی کی دُعا:

﴿1111﴾......حضرت سیِّدُنا کُرَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ایک مرتبہ رات کے پچھلے پہر میں حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْ لاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پیچھے نماز پڑھنے لگا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اپنے برابر کرلیا۔ نماز سے فراغت کے بعد میں نے عرض کی: ''کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے برابر کھڑے ہوکر نماز پڑھنا کسی کو رَوا ہوسکتا ہے جبکہ آپ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو بُلند مقام عطا فرمایا ہے؟'' فرماتے ہیں: ''(میرا اَدب مُلاحظہ فرما کر) حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بارگاہِ خداوندی میں میرے لئے عِلْم وفَہْم میں ترقّی کی دُعا فرمائی۔'' (2)

## حِکْمت ودانائی کی دُعا:

﴿1112﴾......حضرت سیِّدُنا عبد المومن اَنصاری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْبَارِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: میں حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوْف رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مشکیزے کی طرف بڑھے۔ وُضُو فرمایا پھر کھڑے کھڑے پانی نوش فرمایا(3) تو میں نے ارادہ کرلیا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں بھی اسی طرح کروں گا۔ چنانچہ، میں اُٹھا وضو کیا اور پھر کھڑے کھڑے پانی پیا اور حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پیچھے صف میں کھڑا ہوگیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اپنے برابر دائیں جانب کھڑے ہونے کا اشارہ فرمایا مگر میں کھڑا نہ ہوا۔ نماز مکمل کرنے کے بعد استفسار فرمایا: ''میرے برابر

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللّٰہ بن عبَّاس، الحدیث: ۲۸۰۴، ج۱، ص۶۵۹.

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبد اللّٰہ بن عبَّاس، الحدیث: ۳۰۶۱، ج۱، ص۷۰۸، بتغیر.

3 ......تین پانی کھڑے ہوکر پینا مُستحب ہے: (۱) آبِ زمزم (۲) وضو کا بچا ہوا پانی اور (۳) بُزُرگوں کا پس خوردہ (جوٹھا) پانی۔

(مرآۃ المناجیح، ج۶، ص۷۰، ملخصًا)



www.dawateislami.net

کھڑا ہونے سے تمہیں کس چیز نے روکا؟'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے دل میں جو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عزّت وجلالت کی شمع روشن ہے اس نے مجھے اس سے باز رکھا۔'' یہ سُن کر حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دُعا کی: ''اے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اسے حکمت ودانائی عطا فرما۔'' (1)

## عِلْم وحِکمت کی دُعا:

﴿1113﴾......حضرت سیِّدُنا عِکْرِمَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: ''رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اپنے سینۂ اَقدس سے لگا کر میرے لئے علم وحکمت کی دُعا فرمائی۔'' (2)

## بَرَکت کی دُعا:

﴿1114﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے لئے یہ دُعا فرمائی کہ ''اے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اسے بَرَکت عطا فرما اور اشاعتِ دِین کا ذَرِیعہ بنا۔'' (3)

﴿1115﴾......حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم گھر سے باہر تشریف لائے تو حضرت سیِّدُنا عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ملے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''اے اَبُو الْفَضْل! میں تمہیں خوشخبری نہ سناؤں؟'' انہوں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیوں نہیں۔'' ارشاد فرمایا: ''بے شک اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے میرے ذَرِیعے اس امر کی اِبتدا فرمائی اور تیری اَولاد کے ذَرِیعے اس کی تکمیل فرمائے گا۔''

﴿1116﴾......حضرت سیِّدُنا جابر بن عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''عبّاس کی اَولاد میں سے کچھ بادشاہ ہوں گے جو میری اُمّت

---

1......المعجم الکبیر، الحدیث:١١٤٦٦، ج١٢، ص٤٦، مختصرًا.

2......صحیح البخاری، کتاب فضائل اصحاب النبی، باب ذکر ابن عبّاس، الحدیث:٣٧٥٦، ص٣٠٦.

3......الکامل فی ضعفاء الرجال لابن عدی، الرقم ٦٢٨ داود بن عطاء مدنی، ج٣، ص٥٥٠.


www.dawateislami.net

کے اُمورِ خلافت کے ذِمّہ دار ہوں گے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ان کے ذَرِیعے اِسلام کو شان وشوکت عطا فرمائے گا۔'' (1)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمی مقام:

﴾1117﴿......حضرت سیِّدُنا مُجاہِد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَاحِد فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو کثرتِ عِلْم کی وجہ سے بحرِ بیکراں کہا جاتا ہے۔'' (2)

## سَیِّدُ الْمَلائکہ عَلَیْہِ السَّلام کی پیشین گوئی:

﴾1118﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن بریدہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: میں بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوا۔ اس وقت سیِّدُ الملائکہ حضرت سیِّدُنا جبریل عَلَیْہِ السَّلام بھی سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر تھے۔ انہوں نے عرض کی: ''ابن عبَّاس اس اُمَّت کے بہت بڑے عالِم ہوں گے۔ لہٰذا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان پر خُصوصی توجہ فرمائیں۔'' (3)

## سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے دَستِ اَقدس اور دُعا کی بَرَکت:

﴾1119﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ حُضُورِ اَنور، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا دستِ اَقدس میرے سر پر رکھا اور دعا فرمائی: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اسے حکمت ودانائی اور تَفْسِیر کا عِلْم عطا فرما۔'' پھر اپنا دَستِ اَنور میرے سینے پر رکھا تو میں نے اس کی ٹھنڈک اپنی پُشت میں مَحْسُوس کی۔ پھر دُعا فرمائی: ''اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اس کا سینہ عِلْم وحِکْمَت کا گَنْجِینہ بنا۔'' (راوی فرماتے ہیں: '') اس کی بَرَکت ایسی ہوئی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کبھی کسی سوال کا جواب دینے سے نہ گھبرائے اور تاحیات اُمَّت کے بہت بڑے عالِم رہے۔ (4)

﴾1120﴿......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لولاک،

---

1 ......الجامع الصغیر للسیوطی، حرف اللام، الحدیث: ۷۷۲۱، ص ۴۷۲.

2 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، ذکر من جمع القرآن......الخ، ج ۲، ص ۲۸۰.

3 ......الشریعۃ للآجری، کتاب فضائل العبَّاس بن عبدالمطلب، باب فضل عبداللّٰہ بن عبَّاس، الحدیث: ۱۷۰۲، ج ۴، ص ۴۴۶.

4 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۵۸۵، ج ۱۰، ص ۲۳۷.



www.dawateislami.net

سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرے لئے خیرِ کثیر کی دُعا فرمائی اور ارشاد فرمایا: ''تم قرآنِ کریم کے کتنے اچھے ترجمان (یعنی تفسیر بیان کرنے والے) ہو۔''(1)

## اُمّت کے بڑے عالِم:

﴿1121﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ حنفیہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے فرمایا: ''حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا اس اُمّت کے بہت بڑے عالِم تھے۔''(2)

## ابن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اور تفسیرِ قرآن:

﴿1122﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: امیر المومنین حضرتِ سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اصحابِ بدر کے ساتھ میرے پاس تشریف لائے تو ان میں سے کسی نے کہا کہ آپ ہمیں ان کے پاس کیوں لائے ہیں۔ ان جیسے تو ہمارے بیٹے بھی ہیں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ ان میں سے ہیں جنہیں تم عُلَما کہتے ہو۔'' فرماتے ہیں: ''پھر ایک دن امیر المومنین حضرتِ سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کو بھی بلایا اور مجھے بھی۔ میں سمجھ گیا کہ آپ نے انہیں میرے مرتبہ سے آگاہ کرنے کے لئے جمع فرمایا ہے۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُۙ(۱) (پ۳۰، النصر:۱) ترجمۂ کنزالایمان: جب اللہ کی مدد اور فتح آئے۔ پوری سورت تلاوت فرمائی پھر پوچھا کہ ''تم اس کی تفسیر میں کیا کہتے ہو؟'' کسی نے کہا: ''اس سورت میں ہمیں حکم دیا جا رہا ہے کہ جب اللہ عَزَّوَجَلَّ ہماری مدد فرمائے اور ہمیں فتح نصیب فرمائے تو ہم اس کی حمد بجالائیں اور اس سے مغفرت طلب کریں۔'' کسی نے کہا: ''ہم نہیں جانتے۔'' جبکہ بعض خاموش رہے اور کچھ جواب نہ دیا۔ پھر امیر المومنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے فرمایا: ''اے ابن عبّاس! کیا آپ کا بھی یہی جواب ہے؟'' میں نے کہا: ''نہیں۔'' فرمایا: ''تو پھر تم کیا کہتے ہو؟'' میں نے کہا: ''اس سورت میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حضور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ان کے وِصال کی خبر دی ہے۔ چنانچہ، فرمایا: ''اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُۙ(۱) (پ۳۰، النصر:۱) ترجمۂ کنزالایمان: جب اللہ کی مدد اور فتح آئے۔ اس میں فتح سے

1......المعجم الکبیر، الحدیث:۱۱۱۰۸، ج۱۱، ص۶۷، بدون ''خیر کثیر''.

2......المستدرك، کتاب معرفة الصحابة، باب کان ابن عبّاس یسمی البحر......الخ، الحدیث:۶۳۳۸، ج۴، ص۶۹۰.



www.dawateislami.net

''فَتحِ مَکّہ'' مراد ہے اور یہی حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وِصال کی علامت ہے اور آخر میں ارشاد ہوا: '' فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝٣ '' (پ ۳۰، النصر: ۳) ترجمۂ کنزالایمان: تو اپنے رب کی ثناء کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو اور اس سے بخشش چاہو بے شک وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔'' حضرت سیِّدُنا عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اس سورت کا جو مَفْہُوم تم نے بیان کیا ہے میں بھی اس سے یہی سمجھا ہوں۔'' (1)

﴿1123﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ امیر المومنین حضرتِ سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ،مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے ایک گروہ میں تشریف فرما تھے وہ ایک دوسرے سے شَبِ قَدْر کا تذکرہ کرنے لگے۔ پس شبِ قدر سے مُتَعَلِّق جس نے جو سُنا تھا بیان کر دیا۔ ان سب نے اس رات کے بارے میں مُخْتَلِف اَقوال بیان کئے۔ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے ابن عبَّاس! آپ کیوں خاموش ہیں؟ بیان کریں اور کم عُمْری کی وجہ سے خاموش مت رہیں۔'' میں نے عرض کی: ''اے امیر المومنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! بے شک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ طاق ہے اور طاق کو پسند فرماتا ہے۔ چنانچہ، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے دنیا کی زندگی کو اس طرح بنایا ہے کہ وہ سات کے عدد کے گرد گھومتی ہے۔ انسان کی تخلیق سات چیزوں سے فرمائی۔ ہمارا رزق سات چیزوں میں رکھا۔ ہمارے اُوپر سات آسمان بنائے اور نیچے سات زمینیں بنائیں۔ سورۂ فاتحہ کی بار بار تلاوت کی جانے والی سات آیات نازل فرمائیں۔ قرآنِ حکیم میں سات قسم کے (نَسَبی) رشتوں سے نکاح ممنوع و حرام ٹھہرایا۔ قرآنِ کریم میں وراثت کو سات قسم کے وُرثاء کے لئے بیان فرمایا۔ ہم سجدہ بھی سات اعضاء پر کرتے ہیں۔ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے طوافِ کعبہ کے سات پھیرے لگائے۔ صفا و مروہ کے درمیان سَعی کے سات چکر لگائے اور جمرات کی رمی بھی سات کنکریوں سے فرمائی۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم کو بجالانے کے لئے جو اس نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔ لہٰذا میرا خیال ہے کہ لَیْلَۃُ الْقَدْر بھی رمضان المبارک کی آخری سات راتوں میں ہوتی ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَم یعنی اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہتر جانتا ہے۔''

یہ سُن کر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بڑے حیران ہوئے اور فرمایا: ''اس لڑکے کی اَعلیٰ صلاحیتوں کی کوئی مثال نہیں۔ اس کے سوا کسی نے اس فرمانِ مُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میں میری

(1)...... صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب ۵۲، الحدیث: ۴۲۹۴، ص ۳۵۱.



www.dawateislami.net

مُوافقت نہیں کی کہ ''لَیۡلَۃُ الۡقَدۡر کو ماہِ رمضان کی آخری 10 راتوں میں تلاش کرو۔'' پھر فرمایا: ''اے لوگو! عبداللہ بن عبّاس کی طرح کون میری تائید کرتا ہے؟'' (1)

## عِلمِ تفسیر میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کا مَقام:

﴿1124﴾......حضرت سیِّدُنا ابوبکر ہُذَلی عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡوَلِی فرماتے ہیں: میں حضرت سیِّدُنا حَسَن بَصۡرِی عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡقَوِی کے پاس گیا تو انہوں نے فرمایا: حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا تفسیرِ قرآن میں اِمتیازی مَقام رکھتے تھے۔ امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ ان کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ ''تم اس پُختہ عُمر کے جوان کی صُحبَت میں رہا کرو کہ یہ بہت سوال کرنے والی زبان اور بہت سمجھدار دل کا مالک ہے۔'' اور فرمایا: ''وہ ہمارے اس مِنۡبَر پر جلوہ افروز ہوا کرتے تھے (راوی فرماتے ہیں: شاید یہ شبِ عَرَفہ ہوتا تھا۔) اور سورۂ بَقَرہ اور سورۂ آلِ عمران کی تلاوت کر کے ایک ایک آیت کی تفسیر بیان فرمایا کرتے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کے کلام کی سَلاسَت ورَوانی بے مثال تھی۔'' (2)

## تین باتوں کی نصیحت:

﴿1125﴾......حضرت سیِّدُنا عَامِر شَعۡبِی عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡقَوِی حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد حضرت سیِّدُنا عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے انہیں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: ''اے میرے بیٹے! میں دیکھ رہا ہوں کہ امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ تمہیں صحابۂ کرام رِضۡوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡن کے ساتھ اپنے پاس بلاتے، قریب بٹھاتے اور تم سے مشورہ بھی کرتے ہیں۔ پس تم اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرو اور میری تین باتیں یاد رکھو: (۱) امیرالمؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کے سامنے کبھی بھی تم سے ذرّہ برابر جھوٹ صادر نہ ہو (۲) کبھی ان کا راز کسی پر ظاہر نہ کرنا اور (۳) نہ ان کے پاس کسی کی غیبت کرنا۔''

---

1 ......صحيح ابن خزيمة، كتاب الصيام، باب الامر بالتماس ليلة القدر......الخ، الحديث: ٢١٧٢، ج٣، ص ٣٢٢۔
المعجم الكبير، الحديث: ١٠٦١٨، ج١٠، ص ٢٦٤۔
صحيح البخاری، كتاب فضل ليلة القدر، باب تحری ليلة القدر فی الوتر......الخ، الحديث: ٢٠٢١، ص١٥٧.

2 ......المعجم الكبير، الحديث: ١٠٦٢٠، ج١٠، ص٢٦٥.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُ ناعَامِر شَعْبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُاللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُ ناعبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے عرض کی کہ ''ان میں سے ہر بات ایک ہزار (درہم و دینار) سے بڑھ کر ہے۔'' تو انہوں نے فرمایا: ''نہیں! بلکہ میرے نزدیک ان میں سے ہر بات کی قیمت 10 ہزار سے بڑھ کر ہے۔'' (1)

## خارجیوں کو منہ توڑ جوابات:

﴿1126﴾......حضرت سیِّدُ نا اَبوزُمَیل حَنَفِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ ناعبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: جب خارجیوں نے اہلِ حق کا ساتھ چھوڑ دیا اور علیحدہ ہو گئے تو میں نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ ناعلی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی خدمت میں عرض کی: ''نمازِ ظہر کو ٹھنڈا کر لیں تا کہ میں ان لوگوں کے پاس جا کر ان سے بات کر سکوں۔'' امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مجھے تم پر ان کی طرف سے نُقصان کا خوف ہے۔'' میں نے عرض کی: ''اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔''

چنانچہ، میں عُمدہ یمنی لباس پہن کر ان کے پاس گیا۔ دیکھا کہ وہ عین دوپہر کے وقت قَیْلُوْلَہ کر رہے ہیں اور میں نے ان جیسی عبادت و ریاضت کرنے والے لوگ نہیں دیکھے تھے کیونکہ (کثرتِ عبادت کے سبب) ان کے ہاتھ اُونٹ کے گھٹنوں کی طرح سخت ہو چکے تھے اور چہروں پر سَجدوں کے نشان نُمایاں تھے۔ میں ان کے پاس پہنچا تو انہوں نے مجھے خوش آمدید کہتے ہوئے آنے کی وجہ پوچھی تو میں نے کہا: ''میں تم سے ایک بات کرنے آیا ہوں اور وہ یہ کہ پیارے مُصْطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن کے زمانے میں وحی اترتی تھی اور وہ اس کی تاویل وتفسیر کو بہتر جانتے ہیں۔'' اتنے میں ایک کہنے لگا: ''ان سے بات مت کرو۔'' لیکن دوسرے بولے: ''ہم ان سے ضرور بات کریں گے۔'' پھر میں نے ان سے کہا: ''مجھے یہ بتاؤ کہ تم لوگ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چچازاد بھائی، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے داماد اور (بچوں میں) آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر سب سے پہلے اِیمان لانے والے پر لَعْن طَعْن کیوں کرتے ہو حالانکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن بھی ان کے ساتھ ہیں؟'' انہوں نے کہا: ''ہم ان پر تین باتوں کی

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۶۱۹، ج۱۰، ص۲۶۵۔
المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الادب، باب مایؤمر بہ الرجل فی مجلسہ، الحدیث: ۱، ج۶، ص۱۱۳۔



www.dawateislami.net

وجہ سے طَعْن وتَشْنِیع کرتے ہیں۔'' میں نے وہ تین باتیں دریافت کیں تو اُنہوں نے بتایا: پہلی تو یہ کہ انہوں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دین میں بندوں کو حَکَم بنایا ہے حالانکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا فرمان ہے: '' اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ '' (پ۷ الانعام: ۵۷)

ترجمۂ کنزالایمان: حکم نہیں مگر اللہ کا۔'' میں نے کہا: ''اس کے علاوہ اور کیا ہے؟'' انہوں نے کہا: ''(حضرت) علی نے قتال کیا (یعنی جنگ کی) لیکن فریقِ مخالف کے بچوں اور عورتوں کو قیدی بنایا نہ ہی ان کے اَموال کو غنیمت قرار دیا۔ پس اگر وہ کافر ہیں تو لامحالہ ان کے اَموال ہمارے لئے حلال ہیں اور اگر وہ مومنین ہیں تو ان کے خون ہم پر حرام ہیں۔'' میں نے پوچھا: ''ان کے علاوہ اور کون سی بات ہے؟'' وہ بولے: ''انہوں نے اپنے نام سے امیر المومنین کا لقب مٹا دیا ہے۔ پس اگر یہ امیر المومنین نہیں ہیں تو پھر امیر الکافرین ہوں گے۔'' میں نے کہا: ''اگر میں تمہیں قرآنِ مجید کی آیات اور حُضور نبیِ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ارشادات بیان کروں جن پر تمہارا بھی ایمان ہے تو کیا رُجوع کر لوگے؟'' وہ بولے: ''ہاں!'' میں نے کہا: ''تمہارے اس اعتراض کہ ''امیر المومنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دین میں بندوں کو حَکَم بنایا ہے'' کا جواب اللہ عَزَّوَجَلَّ کا یہ ارشاد ہے:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ (پ۷، المائدۃ: ۹۵)

ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو شکار نہ مارو جب تم احرام میں ہو اور تم میں جو اسے قصداً قتل کرے تو اس کا بدلہ یہ ہے کہ ویسا ہی جانور مویشی سے دے تم میں کے دو ثقہ آدمی اس کا حکم کریں۔

نیز اللہ عَزَّوَجَلَّ نے خاوند اور بیوی کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ (پ۵، النساء: ۳۵)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اگر تم کو میاں بی بی کے جھگڑے کا خوف ہو تو ایک پنچ مرد والوں کی طرف سے بھیجو اور ایک پنچ عورت والوں کی طرف سے۔

میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا مردوں کے خون وجان کی حفاظت اور ان کے باہمی اُمور کی اِصلاح کی خاطر مَردوں کو حکم بنانا زیادہ بہتر ہے یا ایک شکار کئے ہوئے خرگوش جس کی قیمت چوتھائی درہم ہے کے بارے میں مَردوں کو حکم بنانا زیادہ بہتر ہے؟'' بولے: ''مَردوں کی جان کی حفاظت اور ان کے باہمی اُمور کی اِصلاح



www.dawateislami.net

کے لئے مَردوں کو حکم بنانا زیادہ بہتر ہے۔'' حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا نے پوچھا: ''کیا یہ اعتراض اُٹھ گیا؟'' بولے: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اُٹھ گیا۔'' فرمایا: ''تمہارا یہ اعتراض کہ وہ جنگ تو کرتے ہیں لیکن فریقِ مخالف کے بچوں اور عورتوں کو قید نہیں کرتے اور نہ ہی ان کے اَموالِ غنیمت کے طور پر تقسیم کرتے ہیں؟'' (تو اس کا جواب یہ ہے کہ تم بتاؤ) کیا تم اپنی ماں کو قید کرو گے اور پھر تم اس سے ایسے تَعَلُّقات حلال سمجھو گے جن کو تم دیگر عورتوں سے حلال سمجھتے ہو؟'' (اگر ایسا ہے) تو بالیقین تم کافر ہو چکے ہو اور اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ حضرت عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنھا تمہاری ماں نہیں ہیں تو بھی بلاشک وشبہ تم کافر اور دائرۂ اِسلام سے خارج ہو گئے۔ کیونکہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا ارشاد ہے:

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ (پ ۲۱، الاحزاب: ٦)

ترجمۂ کنزالایمان: یہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے اور اس کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں۔

پس تم ان دو گمراہیوں میں پھنس رہے ہو جس کو چاہو اختیار کرو۔ اب یہ اعتراض بھی جاتا رہا؟'' بولے: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جاتا رہا۔'' فرمایا: ''اب رہا یہ اِعتراض کہ حضرت علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تعَالٰی وَجھَہُ الْکَرِیْم نے اپنے نام سے امیر المومنین کا لقب کیوں مٹایا؟'' (تو سنو) بے شک سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صُلحِ حُدَیْبِیہ کے دن قُرَیْش کو صُلح کی شرائط لکھنے کی دعوت دی اور فرمایا: ''لکھو کہ ''یہ وہ مُعاہدہ ہے جسے ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه'' نے طے کیا ہے۔'' قُرَیْش نے کہا: ''اگر ہم آپ کو ''اللّٰہ کا رسول'' مانتے تو آپ کا راستہ کیوں روکتے اور آپ سے جنگ وجِدال کیوں کرتے؟ اس لئے صرف محمد بن عبداللّٰہ لکھوائیں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں اللّٰہ کا رسول ہی ہوں اگرچہ تم میری تکذیب کرتے ہو۔ اے علی! مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه کے بجائے محمد بن عبداللّٰہ لکھ دو۔'' اب بتاؤ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ سے بدرجہا اَفضل ہیں (تو جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لفظ ''رسول اللّٰہ'' مٹوانے پر اعتراض نہیں تو حضرت علی کَرَّمَ اللّٰہُ تعَالٰی وَجھَہُ الْکَرِیْم کے لفظ ''امیر المومنین'' مٹانے پر اعتراض کیوں؟) فرمایا: ''کیا اس اعتراض کا بھی ازالہ ہو گیا؟'' بولے: ''اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہو گیا۔'' چنانچہ، ان میں سے 20 ہزار توبہ کر کے لوٹ آئے اور بقیہ 4 ہزار اپنی بددِینی پر اَڑے رہے جنہیں بعد میں قتل کر دیا گیا۔'' (1)

1 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب العقول، باب ماجاء فی الحروریة، الحدیث: ۱۸۹۴۹، ج۹، ص ۴۵۵۔



www.dawateislami.net

## تین سوالات کے جوابات:

﴿1127﴾......حضرت سیِّدُنا سعید بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو خط لکھا اوراس میں تین چیزوں کے بارے میں سوال کیا۔راوی کہتے ہیں:یہ تینوں سوال رُوم کے بادشاہ ھِرَقْل نے بَذَرِیعہ خط حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کئے تھے۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خط ملا تو فرمایا:''کون ان سوالوں کے جواب دے گا؟'' حاضرین میں سے کسی نے عرض کی:''حضرت عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا ان کا جواب دے سکتے ہیں۔'' چنانچہ، حضرت سیِّدُنا امیر مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کی طرف خط لکھا جس میں انہوں نے ''مجرہ،قوس اوراس جگہ کے بارے میں دریافت کیا جہاں صرف ایک بار سورج طُلُوع ہوا نہ اس سے پہلے کبھی طُلُوع ہوا نہ اس کے بعد کبھی طلوع ہوگا؟'' حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے خط کے جواب میں تحریر فرمایا:''مجرہ،ایک دروازہ ہے جو آسمان میں کھلتا ہے۔قوس،اہلِ زمین کے لئے تباہی سے بچنے کی علامت ہے اور وہ جگہ جہاں صرف ایک مرتبہ سورج طُلُوع ہوا،نہ اس سے پہلے کبھی طُلُوع ہوا تھا نہ اس کے بعد طُلُوع ہوگا تو یہ وہ راستہ ہے جو بنی اسرائیل کے لئے سمندر پھاڑ کر بنایا گیا تھا۔''(1)

﴿1128﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن دِینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْغَفَّار سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں:ایک شخص میرے پاس آیا اوراس نے زمین وآسمان کے بارے میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فرمان'' كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَاؕ (پ۱۷،الانبیاء:۳۰) ترجمۂ کنزالایمان:بند تھے تو ہم نے انہیں کھولا۔'' کی تفسیر دریافت کی تو میں نے اسے کہا:''اس شیخ التفسیر (یعنی حضرت عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا) کے پاس جاؤ،ان سے یہ سوال کرو۔پھر میرے پاس آؤ اور مجھے ان کے دیئے ہوئے جواب سے آگاہ کرو۔'' چنانچہ،وہ شخص حِبْرُ الْاُمَّہ،حضرت سیِّدُنا ابن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی خدمت میں حاضر ہوا اوراس کے مُتَعَلِّق پوچھا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ''آسمان بند تھے ان سے بارش نہیں ہوتی تھی اور زمین بھی بند تھی کہ اس سے سبزہ نہیں اُگتا تھا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آسمانوں سے بارش برسا کر اور زمینوں سے نباتات اُگا کر انہیں کھول دیا۔'' وہ شخص حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر

(1)......المعجم الکبیر،الحدیث:۱۰۵۹۱،ج۱۰،ص۲۴۳،مفھومًا.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا کے پاس لوٹا اور انہیں وہ جواب سنایا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے فرمایا: ''زمین وآسمان ایسے ہی تھے۔'' راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا نے فرمایا: میں کہا کرتا تھا کہ ''حضرت عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا کی قرآنِ مجید کی تفسیر پر جرأت مجھے تعجُّب میں ڈال دیتی ہے لیکن اب مجھے معلوم ہوگیا ہے کہ انہیں کثیر علم عطا کیا گیا ہے۔'' (1)

## عِلم سیکھنے والوں کی بھیڑ:

﴿1129﴾......حضرت سیِّدُنا ابو صالح رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا کی ایک ایسی مجلس دیکھی کہ اگر سارے قُرَیۡش اس پر فخر کریں تو یہ ضرور ان کے لئے قابلِ فخر ہے۔ میں نے دیکھا کہ لوگ جمع ہو رہے ہیں۔ یہاں تک کہ راستہ تنگ پڑ گیا اور لوگوں کا ایسا تانتا بندھا کہ کوئی شخص ان کے درمیان سے گزر کر اِدھر اُدھر نہیں جاسکتا تھا۔ چنانچہ، میں حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا کے پاس حاضر ہوا اور انہیں دروازے پر لوگوں کے جمع ہونے کی اِطلاع دی۔ انہوں نے فرمایا: ''میرے وضو کے لئے پانی لاؤ۔'' وضو کے بعد آپ بیٹھ گئے اور مجھ سے فرمایا: ''باہر جاؤ اور جو لوگ جمع ہیں ان سے کہو کہ جسے قرآنِ مجید یا اس کے حروف یا کسی اور بات کے مُتَعَلِّق سوال کرنا ہے وہ اندر آجائے۔'' راوی کہتے ہیں: میں نے جیسے ہی لوگوں کو اندر آنے کی اجازت دی تو وہ داخل ہونا شروع ہوگئے یہاں تک کہ سارا گھر بھر گیا۔ پھر انہوں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا سے جس چیز کے مُتَعَلِّق بھی سوال کیا انہوں نے اس کا جواب دیا بلکہ ان کے سوال سے کچھ زیادہ ہی بیان کیا پھر فرمایا: ''اپنے بھائیوں کا خیال کرو۔'' چنانچہ، وہ لوگ باہر چلے گئے۔

پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے مجھ سے فرمایا: ''باہر جاؤ اور لوگوں سے کہو کہ جو قرآنِ مجید کی تفسیر یا تاویل پوچھنا چاہتا ہے وہ اندر آجائے۔'' راوی کہتے ہیں: میں باہر نکلا اور لوگوں کو اندر آنے کی اجازت دی تو وہ داخل ہونے لگے یہاں تک کہ سارا گھر بھر گیا۔ پھر لوگوں نے حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡھُمَا سے جو بھی سوال کیا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے اس کا جواب دیا۔ بلکہ کچھ مزید علمی باتیں بھی بتائیں۔ پھر ان سے فرمایا: ''تم اپنے بھائیوں کا خیال کرو۔'' تو وہ باہر نکل آئے۔ پھر فرمایا: ''جاؤ اور نداء کرو کہ جس کا سوال حرام وحلال اور فقہ کے مُتَعَلِّق ہے وہ اندر

(1)......تفسیر ابن ابی حاتم، سورة الانبیاء، تحت الآیة ۳۰، ج۹، ص ۳۲۰.



www.dawateislami.net

آ جائے۔'' میں نے نداء کی تو لوگ اندر داخل ہونے لگے یہاں تک کہ سارا گھر بھر گیا۔ اُنہوں نے جو پوچھا آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس سے بڑھ کر انہیں جواب دیا پھر ان لوگوں سے فرمایا: ''اپنے بھائیوں کا خیال کرو۔'' چنانچہ، وہ باہر نکل گئے۔ تو مجھے حکم دیا کہ ''باہر جا کر لوگوں میں یہ صدا لگاؤ کہ جو فرائض اور اس جیسے دیگر مسائل دریافت کرنا چاہتا ہے وہ اندر آئے۔'' میں نے باہر آ کر لوگوں کو اندر آنے کا کہا تو وہ داخل ہونے لگے یہاں تک کہ پورا گھر بھر گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کے ہر سوال کا کافی وشافی جواب دیا۔ پھر فرمایا: ''اپنے بھائیوں کا خیال کرو۔'' چنانچہ، وہ چلے گئے۔ پھر مجھے ارشاد فرمایا کہ ''جاؤ اور کہو کہ جو شخص عَرَبی زبان، اَشعار اور نادِر کلام کے بارے میں سوال کرنا چاہتا ہے وہ اندر آ جائے۔'' چنانچہ لوگ اندر داخل ہونا شروع ہوئے یہاں تک کہ گھر بھر گیا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان کے ہر سوال کا تسلی بخش جواب دیا۔'' راوی حضرت سیِّدُنا ابو صالح رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ''اگر سارے قُریش اس مَجْلس پر فخر کریں تو یہ ضرور ان کے لئے قابلِ فخر بات ہے۔ میں نے لوگوں میں ان جیسا نہیں دیکھا۔'' (1)

## ابن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی سخاوت:

﴿1130﴾...... حضرت سیِّدُنا عطاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میں نے کبھی کوئی گھر ایسا نہیں دیکھا جہاں حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے گھر سے زیادہ لوگوں کو کھلایا پلایا جاتا ہو۔''

﴿1131﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبدالرحمٰن بن ابی حسین رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میں نے کوئی گھر ایسا نہیں دیکھا جہاں حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے گھر سے زیادہ لوگوں کو کھانا، پانی، پھل فروٹ اور علم سیکھنا مُیَسَّر آیا ہو۔''

﴿1132﴾...... حضرت سیِّدُنا عثمان بن ابی سُلَیْمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْمَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے ایک ہزار درہم کا لباس خرید کر زیبِ تن فرمایا۔ (2)

## گالی دینے والے پر نرمی:

﴿1133﴾...... حضرت سیِّدُنا ابنِ بُرَیْدہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب ذكر تبحر علم ابن عبَّاس، الحديث: ٦٣٤٧، ج ٤، ص ٦٩٣.

2 ......فضائل الصحابة للامام احمد بن حنبل، فضائل عبدالله بن عبَّاس، الحديث: ١٩١٢، ج ٢، ص ٩٧٢، بدون "درهم فلبسه.



www.dawateislami.net

بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو گالی دی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم مجھے گالی دے رہے ہو جبکہ مجھ میں تین خصلتیں ہیں۔ میں کتابُ اللّٰہ کی ایک آیت کی تلاوت کرتا ہوں تو میں چاہتا ہوں کہ اس آیت کے بارے میں جو میں جانتا ہوں اسے سب جان لیں اور جب میں سنتا ہوں کہ کوئی مسلمان حکمران عدل وانصاف پر مبنی فیصلہ کرتا ہے تو مجھے خوشی ہوتی ہے اگرچہ میں کبھی اس سے اپنا کوئی فیصلہ نہ کرواؤں اور جب مسلمانوں کے کسی شہر پر بارش برسنے کا سنتا ہوں تو مجھے خوشی محسوس ہوتی ہے اگرچہ میرے جانور وہاں نہ چرتے ہوں۔'' (1)

﴿1134﴾......حضرت سیِّدُنا سعید بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''اگر فرعون بھی مجھے کہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تجھے بَرَکت دے تو میں ضرور کہوں کہ ''اور تجھے بھی (اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہدایت دے)۔'' (2)

# آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اِرشادات

﴿1135﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''اگر ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ پر ظُلم وزِیادتی کرنے پر اُتر آئے تو سرکشی کرنے والا پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر ہموار ہو جائے۔'' (3)

## کثرتِ اَموات کا ایک سبب:

﴿1136﴾......حضرت سیِّدُنا حَسَن بن مُسْلِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''جس قوم میں بھی ظُلْم ظاہر ہوتا ہے اس میں کثرت سے اَموات واقع ہوتی ہیں۔'' (4)

## بادشاہ کا خوف ہو تو کیا پڑھا جائے:

﴿1137﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِیْد بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبّاس

1......المعجم الکبیر،الحدیث:١٠٦٢١،ج١٠،ص٢٦٦.

2......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الادب،باب فی الیھودی و النصرانی یدعی له،الحدیث:٣،ج٦،ص١٥٠.

3......الادب المفرد للبخاری،باب البغی،الحدیث:٦٠١،ص١٦٧.

4......التمھید لابن عبدالبر،یحیی بن سعید الانصاری،تحت الحدیث:٧٥٥،ج١٠،ص٢٦٢.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''جب تم کسی ظالم بادشاہ کے پاس جاؤ اور اس کے ظُلم کا اندیشہ ہو تو تین مرتبہ یہ پڑھ لیا کرو:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا، اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْمُمْسِکُ لِلسَّمٰوٰتِ السَّبْعِ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِہٖ فُلَانٍ، وَجُنُدِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ، اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّھِمْ جَلَّ ثَنَاؤُکَ وَعَزَّ جَارُکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ.

یعنی: اللہ عَزَّوَجَلَّ سب سے بڑا ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنی ساری مخلوق پر غالب ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس پر بھی غالب ہے جس سے میں خوفزدہ ہوں۔ میں فلاں بندے اور فلاں کی جماعت اور اس کے پیروکار جن وانس کے شر سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگتا ہوں۔ جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ جو ساتوں آسمانوں کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے مگر اسی کے حکم سے۔ اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تو ان کے شر سے مجھے اپنی پناہ عطا فرما۔ تو جلیل الشان ہے۔ تیری پناہ والا ہی غالب ہے۔ تیرا نام بَرَکت والا ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔'' (1)

## مُختلف اَذکار کی بَرَکات:

﴿1138﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحّاک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''جس نے ''بِسْمِ اللّٰہ'' پڑھی اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کیا۔ جس نے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہ'' کہا اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کیا۔ جس نے ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' کہا اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بڑائی بیان کی۔ جس نے ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ'' پڑھا اس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی توحید کا اقرار کیا اور جس نے ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ'' کہا وہ مطیع وفرمانبردار رہا۔ یہ اَذکار اِنسان کے لئے جنّت میں رَونق وخزانہ ہوں گے۔'' (2)

## اَنار، کی ایک خُصُوصِیَّت:

﴿1139﴾......حضرت سیِّدُنا عبدالحمید بن جَعْفَر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَکْبَر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اَنار کا (ایک ایک) دانہ تناوُل فرماتے۔ کسی نے اس کی وَجہ دریافت کی تو فرمایا: ''مجھے خبر ملی ہے کہ زمین میں کوئی بھی انار کا دَرَخت ایسا نہیں جسے باردار (یعنی پھل کے قابل) کرنے کے لئے اس

---

1 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الدعاء، باب الرجل یخاف......الخ، الحدیث: ۲، ج۷، ص ۲۵.

2 ......کتاب الدعاء للطبرانی، باب فضل التسبیح والتحمید، الحدیث: ۱۷۳۵، ص ۴۹۳.



www.dawateislami.net

میں جنّتی انار سے دانہ نہ ڈالا جاتا ہو، ہوسکتا ہے یہ وہی دانہ ہو۔'' (1)

## ٹڈی کی عجیب حِکایت:

﴿1140﴾ ...... حضرت سیِّدُ ناعِکْرِمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی بینائی جاتی رہی تھی کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت ابن حَنَفِیَّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے ہاں ناشتہ کیا تو اس دوران ہمارے دستر خوان پر ایک ٹڈی آ گری، میں نے اسے پکڑ کر حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی طرف کر دیا اور عرض کی: ''اے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چچازاد بھائی! ہمارے دستر خوان پر ٹڈی گری ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے میرا نام پکارا، میں نے عرض کی: ''میں حاضر ہوں۔'' فرمایا: ''اس ٹڈی پر سُریانی زبان میں لکھا ہے: ''بے شک میں رب ہوں۔ میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں وحدہ لاشریک ہوں۔ ٹڈیاں میرے لشکروں میں سے ایک لشکر ہے۔ اسے میں اپنے بندوں میں سے جن پر چاہوں مُسَلَّط کر دیتا ہوں۔'' یا فرمایا: ''اپنے بندوں میں سے جن پر چاہوں پہنچا دیتا ہوں۔'' (2)

## چند آیات کی تفسیر:

﴿1141﴾ ...... حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بیان کرتے ہیں: اس آیت مبارکہ،

اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ﴿۸۹﴾ (پ۱۹، الشعراء: ۸۹)

ترجمۂ کنزالایمان: مگر وہ جو اللّٰہ کے حُضُور حاضر ہوا سلامت دل لے کر۔

سے مراد اس بات کی گواہی دینا ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی معبود نہیں۔'' (3)

﴿1142﴾ ...... حضرت سیِّدُ ناحسین بن واقِد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ المَاجِد فرماتے ہیں: میرے والد نے مجھے بتایا کہ حضرت سیِّدُ نا امام اَعْمَش رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے مجھے حضرت سیِّدُ نا سعید بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے حضرت سیِّدُ نا عبداللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کا فرمان بتایا کہ ''یَعْلَمُ خَآىِٕنَةَ الْاَعْیُنِ (پ۲۴، المؤمن: ۱۹)

---

1 ...... المعجم الكبير، الحديث: ١٠٦١١، ج١٠، ص٢٦٣.

2 ...... شعب الايمان للبيهقي، باب في الصبر على المصائب، الحديث: ١٠١٣١، ج٧، ص٢٣٣، بتغيرٍ.

3 ...... كتاب الدعاء للطبراني، باب تأويل قول الله عزوجل ﴿اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ﴾، الحديث: ١٥٨٦، ص٤٥٧.



www.dawateislami.net

ترجمۂ کنزالایمان: اللہ جانتا ہے چوری چھپے کی نگاہ۔ سے مراد یہ ہے کہ جب تم کسی عورت کو دیکھو تو اس سے خیانت (یعنی زیادتی) کا ارادہ کرتے ہو یا نہیں اور وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ (پ۲۴،المؤمن:۱۹) ترجمۂ کنزالایمان: اور جو کچھ سینوں میں چھپا ہے۔ کا مطلب یہ ہے کہ جب تمہیں کسی عورت پر قابو حاصل ہو جائے تو تم اس سے زِنا کرتے ہو یا اسے چھوڑ دیتے ہو۔'' میرے والد صاحب فرماتے ہیں: ''اس کے بعد حضرت سیِّدُنا امام اَعْمَش رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه خاموش ہو گئے پھر فرمایا: ''کیا میں تمہیں ان آیات کے ساتھ ملی ہوئی آیت کے مُتَعَلِّق نہ بتاؤں؟'' میں نے کہا: ''کیوں نہیں ضَرور بتایئے۔'' فرمایا: ''وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ (پ۲۴، المؤمن:۲۰) ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ سچا فیصلہ فرماتا ہے۔'' یعنی وہ نیکی کا بدلہ نیکی سے اور بُرائی کا بُرائی سے دینے پر قادر ہے۔ اس کے بعد ہے: ''اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ (پ۲۴، المؤمن:۲۰) ترجمۂ کنزالایمان: بے شک اللہ ہی سنتا دیکھتا ہے۔'' (1)

﴿1144﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوظَبْیَان عَلَیْهِ رَحْمَةُ الْحَنَّان سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا نے اس آیت کریمہ،

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ (پ۵،النساء:۱۳۵) ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! انصاف پر خوب قائم ہو جاؤ اللہ کے لئے گواہی دیتے۔

کی تفسیر میں فرمایا کہ ''دو آدمی قاضی کے پاس بیٹھ جائیں پھر قاضی کسی کا لحاظ نہ رکھے اور ان میں سے ایک کو دوسرے پر پیش کرے۔'' (2)

﴿1145﴾...... حضرت سیِّدُنا ابونَضْرَه رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا نے فرمایا: ''قیامت سے پہلے ایک پکارنے والا پکارے گا: ''قیامت قائم ہوگئی، قیامت قائم ہوگئی۔'' یہاں تک کہ ہر زندہ اور مردہ یہ پکار سنے گا۔ اس کے بعد پھر ایک ندا دینے والا فرمائے گا: لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ (پ۲۴، المؤمن:۱۶) ترجمۂ کنزالایمان: آج کس کی بادشاہی ہے ایک اللہ سب پر غالب کی۔'' (3)

---

1 ...... المعجم الاوسط، الحديث: ۱۲۸۳، ج۱، ص۳۵۲۔
تفسير الطبری، سورة المؤمن، تحت الآية ۱۹، الحديث: ۳۰۳۱۶، ج۱۱، ص۵۰.

2 ...... المصنف لابن ابی شيبة، كتاب البيوع والاقضية، باب فی الحكم يكون...... الخ، الحديث: ۱، ج۵، ص۳۵۴، بتغيرٍ.

3 ...... المستدرك، كتاب التفسير، تفسير سورة حٰمٓ المؤمن، باب الحواميم ديباج القرآن، الحديث: ۳۶۸۹، ج۳، ص۲۲۴.



www.dawateislami.net

﴿1146﴾ ......حضرت سیِّدُنا شَقِیق رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے ہمیں حج کے دنوں میں خُطبہ دیا۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سورۂ بَقَرہ کی تلاوت کرنے اور اس کی تفسیر بیان کرنے لگے۔ میں کہنے لگا کہ میں نے ان جیسا کلام کرتے نہ کسی آدمی کو دیکھا نہ سنا، اگر اہلِ فارس واہلِ روم اس کلام کو سُن لیں تو ضَرُور اسلام قبول کرلیں۔'' (1)

## ایک گناہ کئی گناہوں کا سَبَب ہوتا ہے:

﴿1147﴾ ......حضرت سیِّدُنا ضَحَّاک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''اے گناہ کرنے والے! گناہ کے برے اَنجام سے بے خوف مت رہ اور اگر تو اسے سمجھے تو جو گناہ کے نتیجے میں ہوتا ہے وہ ضرور اس گناہ سے زیادہ بڑا ہوتا ہے۔ چنانچہ، اِرْتِکابِ گناہ کے وقت تیرا کراماً کاتبین سے حیا نہ کرنا۔ اس گناہ سے بڑھ کر ہے جو تو کرتا ہے۔ تیرا ہنسنا جبکہ تو نہیں جانتا کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تیرے ساتھ کیسا مُعامَلہ فرمانے والا ہے اس گناہ سے عظیم تر ہے۔ تیرا گناہ کرنے میں کامیابی ملنے پر خوش ہونا گناہ کرنے سے بڑھ کر ہے۔ تیرا گناہ میں کامیابی نہ ملنے پر غمگین ہونا اس گناہ سے بڑھ کر ہے جس کا تو اِرْتِکاب کرتا ہے اور جب تو گھر میں پردے لٹکائے گناہ میں مصروف ہو کہ ہوا سے پردے ہلنے لگیں تو تُو ڈر جائے لیکن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ جو تمہیں دیکھ رہا ہے اس سے تیرے دل کا پریشان و مُضْطَرِب نہ ہونا اس گناہ سے عظیم تر ہے جس کا تو اِرْتِکاب کرتا ہے۔ تیرا ناس ہو! کیا تجھے معلوم ہے کہ حضرت سیِّدُنا اَیُّوب عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی کس لَغْزِش کی وَجہ سے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں جِسْم کی بیماری اور مال کے ختم ہونے کی آزمائش (2) میں مُبْتَلا فرمایا تھا؟ بس یہی کہ ایک مظلوم مسکین نے اپنے ظُلْم کو دور کرنے

---

1 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب راى ابن عبَّاس جبريل فى بيت النبى، الحديث: ٦٣٤٤، ج٤، ص٦٩٢، "سورة البقرة" بدله "سورة النور".

2 ......حضرت سیِّدُنا اَیُّوب عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی آزمائش کو صدرُالْاَفاضل، حضرت سیِّدُنا نعیم الدین مراد آبادی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی یوں بیان فرماتے ہیں کہ '' اللّٰہ تعالیٰ نے آپ عَلَیْہِ السَّلَام کو ہر طرح کی نعمتیں عطا فرمائی ہیں، حُسنِ صورت بھی، کثرتِ اولاد بھی، کثرتِ اَموال بھی۔ اللّٰہ تعالیٰ نے آپ کو اِبتلاء میں ڈالا اور آپ کے فرزند و اولاد مکان کے گرنے سے دب کر مر گئے، تمام جانور جس میں ہزار ہا اونٹ، ہزار ہا بکریاں تھیں سب مر گئے، تمام کھیتیاں اور باغات برباد ہو گئے، کچھ بھی باقی نہ رہا اور جب آپ کو ان چیزوں کے ہلاک ہونے اور ضائع ہونے کی خبر دی جاتی تھی تو آپ حمدِ الٰہی بجالاتے تھے اور فرماتے تھے میرا کیا ہے جس کا تھا اس نے لیا جب تک مجھے دیا اور میرے پاس رکھا......



www.dawateislami.net

کے لئے آپ عَلَیْہِ السَّلَام سے مدد طلب کی تھی لیکن آپ عَلَیْہِ السَّلَام اس کی مدد نہ کر سکے، نہ ہی ظالم کو نیکی کرنے اور مسکین پر ظُلم سے باز رہنے کی تلقین کی۔ چنانچہ، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں آزمائش میں مُبتلا فرما دیا۔‘‘ (1)

## تقدیر میں جھگڑنے والوں پر انفرادی کوشش:

﴿1149﴾...... حضرت سیِّدُنا وَہب بن مُنَبِّہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو کسی نے خبر دی کہ بابِ بنی سہم کے پاس کچھ لوگ مسئلۂ تقدیر پر جھگڑ رہے ہیں۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان کے پاس جانے کے لئے اُٹھے۔ اپنی لاٹھی حضرت عِکْرِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دی۔ پھر اپنا ایک بازو حضرت عِکْرِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے کندھے پر اور دوسرا حضرت طاؤس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے کندھے پر رکھا۔ جب ان کے پاس پہنچے تو اُنہوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے جگہ کُشادہ کر دی۔ خوش آمدید کہا لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ان کے پاس نہ بیٹھے۔

حضرت سیِّدُنا ابوشِہاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْوَھَّاب اپنی روایت میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے ان لوگوں سے فرمایا: ’’تم اپنا نَسَب بیان کرو تا کہ میں تمہیں پہچان لوں۔‘‘ تو انہوں نے اپنا اپنا نَسَب بیان کیا یا ان میں سے ایک شخص نے ان کا نَسَب بیان کیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ’’کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کچھ بندے ایسے ہیں جنہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے خوف وخَشِیَّت نے خاموش کر رکھا ہے حالانکہ وہ لوگ گونگے ہیں نہ کلام کرنے سے عاجز، وہ ایسے عُلما، فُصَحا، شگُفتہ وشیریں کلام اور مُعَزَّز لوگ ہیں جو اللہ

......اس کا شکر ہی ادا نہیں ہو سکتا میں اس کی مرضی پر راضی ہوں پھر آپ بیمار ہوئے تمام جسم شریف میں آبلے پڑے بدن مبارک سب کا سب زخموں سے بھر گیا سب لوگوں نے چھوڑ دیا بجز آپ کی بی بی صاحبہ کے کہ وہ آپ کی خدمت کرتی رہیں اور یہ حالت سالہا سال رہی آخر کار کوئی ایسا سبب پیش آیا کہ آپ نے بارگاہ الٰہی میں دُعا کی۔‘‘ اللہ تعالٰی نے ارشاد فرمایا: ’’فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ترجمۂ کنز الایمان: تو ہم نے اس کی دُعا سُن لی تو ہم نے دور کر دی جو تکلیف اسے تھی۔‘‘ اس طرح کہ حضرت اَیُّوب عَلَیْہِ السَّلَام سے فرمایا کہ آپ زمین میں پاؤں ماریئے انہوں نے پاؤں مارا ایک چشمہ ظاہر ہوا، حکم دیا گیا اس سے غسل کیجئے غسل کیا تو ظاہر بدن کی تمام بیماریاں دور ہو گئیں پھر آپ چالیس قدم چلے پھر دوبارہ زمین میں پاؤں مارنے کا حکم ہوا پھر آپ نے پاؤں مارا اس سے بھی ایک چشمہ ظاہر ہوا جس کا پانی نہایت سرد تھا، آپ نے بحکمِ الٰہی پیا اس سے باطن کی تمام بیماریاں دور ہو گئیں اور آپ کو اعلٰی درجہ کی صِحَّت حاصل ہوئی۔‘‘ (تفسیر خزائن العرفان، پ۱۷، الانبیاء، تحت الآیہ:۸۳)

1 ......تاریخ مدینة دمشق لابن عساکر، الرقم ۸۴۸ ایوب نبی علیه السلام، ج ۱۰، ص ۶۰.



www.dawateislami.net

عَزَّوَجَلَّ کے انعامات سے باخبر ہیں۔باوجود اس کے جب وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عَظمت و کبریائی کا تذکرہ کرتے ہیں تو ان کی عَقلیں قابو میں نہیں رہتیں، دل شِکَستہ ہو جاتے ہیں اور ان کی زبانیں گنگ ہو جاتی ہیں۔حتی کہ جب وہ اس کیفیت سے اِفاقہ پاتے ہیں تو پاکیزہ اَعمال سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف جلدی کرتے ہیں۔''

حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن بن مَہدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نے اپنی روایت میں اتنا زائد کیا ہے کہ''وہ حضرات اپنے آپ کو غافلین میں شُمار کرتے ہیں حالانکہ وہ عَقلمند و طاقتور ہوتے ہیں۔ وہ خود کو ظالموں اور خطا کاروں میں شُمار کرتے ہیں باوجود یکہ وہ نیکوکار اور گناہوں سے بیزار ہوتے ہیں مگر وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کسی قسم کی کثرت کے خواہاں نہیں ہوتے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے قلیل اَعمال پر راضی نہیں ہوتے اور نہ ہی اَعمال کے ذریعے اللہ عَزَّوَجَلَّ پر بھروسا کرتے ہیں۔تم جہاں کہیں بھی ان سے ملو گے انہیں غمگین اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عذاب سے ڈرنے والے پاؤ گے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت سیِّدُنا ابن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا اپنی مَجلِس میں واپس لوٹ آئے۔''[1]

## منکرِ تقدیر پر غَضَب:

﴿1150﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن جُبَیر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا فرماتے ہیں:''کوئی تقدیر کا منکر میرے پاس ہو تو میں اس کا سر پھوڑ دوں۔''لوگوں نے اس کی وجہ دریافت کی تو فرمایا:''اس لئے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے لوحِ محفوظ کو سفید موتی سے پیدا فرمایا۔اس کے دونوں پہلو سرخ یاقوت کے ہیں۔اس کا قلم نور کا ہے۔اس کی لکھائی نور کی ہے۔اس کی چوڑائی زمین و آسمان کی درمیانی وسعت کے برابر ہے۔اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر روز اسے 360 مرتبہ مُلاحظہ فرماتا ہے۔ہر نظر پر اَشیاء تخلیق فرماتا ہے، زندہ کرتا، مارتا، عزت عطا فرماتا اور ذلیل کرتا ہے۔الغرض وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔''[2]

## تکالیف کیسے دُور ہوتی ہیں:

﴿1151﴾......حضرت سیِّدُنا ابوغالِب خُلجِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو فرماتے ہوئے سنا:''تم فرائض کی اَدائیگی اپنے اوپر لازم کر لو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تم پر

1 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ایوب علیه السلام، الحدیث: ۲۳۱، ص ۷۹، بتغیر.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۶۰۵، ج ۱۰، ص ۲۶۰.



www.dawateislami.net

جواپنے حُقُوق مُقَرَّر فرمائے ہیں انہیں ادا کرو اور اس پر اسی سے مدد طَلَب کرو کیونکہ وہ پَرْوَرْدْگار عَزَّوَجَلَّ جب کسی بندے میں صِدقِ نیّت اور ثواب کی طَلَب دیکھتا ہے تو اس کی تکالیف دور فرما دیتا ہے اور وہ مالک ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے۔''

## رِزق میں کمی کا ایک سَبَب:

﴿1152﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن جُبَیر رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: ''بلاشُبہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ہر مومن وفاسق کا رزق لکھ دیا ہے۔ پس اگر وہ رزقِ حلال ملنے تک صبر کرے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے عطا فرماتا ہے اور اگر بے صبری سے کام لے اور حرام کی طرف قدم بڑھائے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے رزقِ حلال میں کمی فرما دیتا ہے۔''

﴿1153﴾......حضرت سیِّدُنا عِکْرِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے اس آیت مبارکہ،

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَكُوْۤا اَنْ یَّقُوْلُوْۤا اٰمَنَّا وَ هُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ۝۲ (پ ۲۰، العنکبوت: ۲)

ترجمۂ کنز الایمان: کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنی بات پر چھوڑ دیئے جائیں گے کہ کہیں ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہ ہوگی۔

کی تفسیر نقل کرتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کسی نبی عَلَیْہِ السَّلَام کو اس کی امت کی طرف مبعوث فرماتا ہے تو وہ نبی عَلَیْہِ السَّلَام اپنی حیاتِ ظاہری تک ان کے درمیان رہتا ہے۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی رُوح قَبض فرما لیتا ہے تو اس کی اُمّت یا جو ان میں سے چاہتا ہے، کہتا ہے: ''ہم اپنے نبی عَلَیْہِ السَّلَام کی سنت اور طریقہ کار پر کاربند ہیں۔'' پھر جب اللہ عَزَّوَجَلَّ انہیں کسی آزمائش میں مُبتلا کرتا ہے تو جو شخص اپنے نبی عَلَیْہِ السَّلَام کی سنت پر ثابت قدم رہتا ہے وہ سچا اور جو اپنے نبی عَلَیْہِ السَّلَام کے طریقے سے پھر کر کوئی دوسرا راستہ اپنا لیتا ہے وہ جھوٹا ہے۔''

## ایک قَدَری کی توبہ کا عجیب واقعہ:

﴿1154﴾......حضرت سیِّدُنا علی بن حسین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے فرمایا: تم سے پہلی اُمّت میں ایک شخص تھا جو تقدیر کا منکر تھا اور اپنی بیوی سے بُرا سُلوک کیا کرتا


www.dawateislami.net

تھا۔ ایک مرتبہ وہ ایک ویرانے کی طرف نکلا تو وہاں اسے ایک کھوپڑی ملی جس پر لکھا تھا کہ ''اسے جلا کر اس کی خاک ہوا میں اُڑا دی جائے گی۔'' اس نے وہ کھوپڑی اُٹھائی اور اسے ٹوکری میں رکھ کر اپنی بیوی کے حوالے کر دیا۔ پھر بیوی کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے لگا اور کچھ ہی دنوں بعد وہ کسی سَفَر پر چلا گیا۔ پیچھے اس کی بیوی کے پاس پڑوسنیں آئیں اور کہنے لگیں: ''اے اُمِّ فلاں! اب تیرا شوہر تیرے ساتھ اچھا سُلوک کرنے لگا ہے اس نے تیرے پاس کوئی چیز امانت تو نہیں رکھوائی؟'' بیوی نے کہا: ''ہاں! یہ ٹوکری امانت رکھوائی ہے۔'' تو وہ عورتیں اسے بھڑکانے لگیں اور کہا کہ ''اس میں تیرے شوہر کی مَعْشُوقہ کا سر ہے۔'' یہ سُن کر اس کی بیوی آگ بگولا ہو گئی۔ اس نے ٹوکری لی۔ اُسے کھولا تو اس میں واقعی ایک کھوپڑی نکلی۔ پڑوس کی عورتوں نے کہا: ''اے اُمِّ فلاں! تم نہیں جانتیں کہ تم نے اس کے ساتھ کیا کرنا ہے؟ ایسا کرو کہ اسے جلا کر اس کی راکھ ہوا میں اُڑا دو۔'' چنانچہ، اُس نے ایسا ہی کیا۔ جب اس کا شوہر سَفَر سے واپس لوٹا تو بیوی کو غَیظ وغَضَب سے بھرپور پا کر ٹوکری کے مُتَعَلِّق پوچھا۔ اس کی بیوی نے اسے سارا واقعہ کہہ سُنایا تو وہ قدری کہنے لگا: ''میں اللہ عَزَّوَجَلَّ پر ایمان لاتا اور تقدیر کے حق ہونے کا اِقرار کرتا ہوں۔'' چنانچہ، اس نے ''تقدیر کے اِنکار سے توبہ کر لی۔

## ایک صالح وخائف نوجوان:

﴿1155﴾......حضرت سیِّدُنا مُقاتِل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''تم سے پہلی اُمّت میں ایک شخص تھا جس نے 80 سال تک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کی پھر اچانک اس سے کوئی خطا سرزد ہو گئی جس کی وَجہ سے وہ بَہُت خوفزدہ ہوا۔ اسی خوف کے عالَم میں وہ ایک بیابان میں آیا اور اسے مُخاطَب کر کے کہنے لگا: ''اے بیابان! تجھ میں ریت کے ٹیلے، جھاڑیاں، رِینگنے والے جانوروں کی بَہُت تعداد ہے، تو کیا تجھ میں کوئی ایسی جگہ بھی ہے جو مجھے میرے پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ سے چھپا لے؟'' بیابان نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم سے جواب دیا: ''اے فلاں! مجھ میں موجود ہر دَرَخت اور جھاڑی پر ایک فِرِشتہ مُقرّر ہے۔ میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کیسے چھپا سکتا ہوں؟'' پھر وہ آدمی سَمُندر کے پاس آیا، اسے پکارا اور کہا: ''اے گہرے پانی اور کثیر مچھلیوں والے سَمُندر! بتا کیا تجھ میں کوئی ایسی جگہ ہے جو مجھے میرے رب عَزَّوَجَلَّ سے چھپا لے؟'' سَمُندر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم سے بول اٹھا: ''اے فلاں! میرے اندر جو بھی کنکری یا جانور ہے اس پر ایک نگہبان فرشتہ مقرر ہے۔ میں تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ



www.dawateislami.net

سے کس طرح چھپا سکتا ہوں؟'' اس کے بعد اس شخص نے پہاڑوں کا رُخ کیا ان کے پاس آیا اور کہا: ''اے آسمان کی طرف بلند ہونے والے کثیر غاروں والے پہاڑو! کیا تم میں کوئی ایسی جگہ ہے جو مجھے میرے رب عَزَّوَجَلَّ سے چھپا سکے؟'' پہاڑوں نے جواب دیا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ہمارے اندر کوئی کنکری اور کوئی غار ایسا نہیں جس پر ایک نگہبان فِرِشتہ مُقرَّر نہ ہو تو ہم تجھے کہاں چھپا سکتے ہیں؟'' حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا فرماتے ہیں: ''پھر وہ شخص اسی جگہ قیام پذیر ہو کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت اور توبہ میں مصروف رہنے لگا بالآخر جب اس کی موت کا وقت آیا تو اس نے رو کر عرض کی: ''اے میرے مالک عَزَّوَجَلَّ! میری رُوح قبض کر کے فوت شدہ اَرواح اور میرا جسم فوت شُدہ اَجسام سے ملا دے اور مجھے قیامت کے دن نہ اُٹھانا۔''

﴿1156﴾...... حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن اَبی مُلَیکہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''میں نے مکّہ مکرّمہ سے مدینہ مُنوَّرہ زَادَهُمَا اللهُ شَرَفًاوَّتَعْظِيْمًا جاتے ہوئے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا کی صحبتِ بابرکت اختیار کی۔ چنانچہ، آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ راستے میں جب کہیں پڑاؤ ڈالتے تو آدھی رات تک عبادت کرتے۔'' آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا اَیُّوب رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے مجھ سے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا کی تلاوت کے بارے میں دریافت کیا تو میں نے بتایا کہ ''ایک مرتبہ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا نے یہ آیت مبارَکہ تلاوت کی:

وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۗ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ (پ٢٦، ق:١٩)

ترجمۂ کنز الایمان: اور آئی موت کی سختی حق کے ساتھ یہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔

تو آپ اسے ٹھہر ٹھہر کر بار بار پڑھنے اور آنسو بہانے لگے۔'' (1)

## زبان کی حِفاظت:

﴿1157﴾...... حضرت سیِّدُنا سَعِید جُرَیْرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ القَوِی ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ اس نے دیکھا کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْهُمَا اپنی زبان کی نوک ہاتھ سے پکڑ کر فرما رہے ہیں: ''تجھ پر

---

1 ......فضائل الصحابة للامام احمدبن حنبل، فضائل عبدالله بن عبّاس، الحديث: ١٨٤٠، ج٢، ص٩٥٠.



www.dawateislami.net

اَفسوس ہے! اچھی بات کہہ کہ اسی میں تیرا فائدہ ہے اور بری بات سے خاموش رہ کہ اسی میں تیری سلامتی ہے۔'' دیکھنے والے نے اس کی وَجہ دریافت کی تو فرمایا: ''مجھے خبر ملی ہے کہ قیامت کے دن آدمی اپنی زبان کی وَجہ سے سب سے زیادہ خسارہ اُٹھائے گا۔'' (1)

## مسلمانوں کی خیر خواہی کا جذبہ:

﴿1158﴾......حضرت سیِّدُنا عِکْرِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''مجھے کسی مسلمان گھرانے کی مہینہ بھر یا ہفتہ بھر یا جتنے دن اللہ عَزَّوَجَلَّ چاہے اتنے دن کفالت کرنا نفلی حج کرنے سے زیادہ مَحْبُوب ہے اور میں اپنے کسی مسلمان بھائی کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے ایک دَانِق (یعنی درہم کے چھٹے حصہ) کے برابر مال ہدیہ کروں یہ مجھے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے راستے میں دینار خرچ کرنے سے زیادہ پسند ہے۔'' (2)

## درہم و دینار بننے پر شیطان کی خوشی:

﴿1159﴾......حضرت سیِّدُنا ضَحَّاک عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: جب درہم و دینار بنائے گئے تو ابلیس نے انہیں پکڑ کر اپنی آنکھوں سے لگایا اور کہا: ''تم میرے دل کی غذا اور آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔ میں تمہارے ذریعے لوگوں کو سرکش و کافر بناؤں گا اور تمہاری وَجہ سے میں لوگوں کو جَہَنَّم میں داخل کراؤں گا۔ میں اس آدمی سے خوش ہوں جو دنیا کی مَحَبَّت میں مُبتلا ہو کر تمہاری غلامی کرنے لگے۔'' (3)

﴿1160﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ اَبِی مُلَیْکَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''(نیک و باکمال) لوگ دنیا سے چلے گئے اب صرف ''نَسْنَاس'' باقی رہ گئے ہیں۔ کسی نے پوچھا: ''نَسْنَاس'' کون ہیں؟'' فرمایا: ''جو نیکیوں کا لبادہ اوڑھے رہتے ہیں لیکن حقیقت میں وہ نیک نہیں ہوتے۔'' (4)

---

1 ......الزھد للامام احمدبن حنبل، اخبار عبداللّٰہ بن عبَّاس، الحدیث: ۱۰۴۷، ص ۲۰۶.

2 ......صفة الصفوة، الرقم ۱۱۹ عبداللّٰہ بن العبَّاس بن عبدالمطلب، ج ۱، ص ۳۸۴.

3 ......صفة الصفوة، الرقم ۱۱۹ عبداللّٰہ بن العبَّاس بن عبدالمطلب، ج ۱، ص ۳۸۴.

4 ......الزھد الکبیر للبیہقی، فصل فی العزلة و الخمول، الحدیث: ۲۱۹، ص ۱۲۳، عن ابی ھریرہ.



www.dawateislami.net

﴿1161﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے فرمایا: ''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ عَقلیں ماند پڑ جائیں گی یہاں تک کہ تم ان میں کوئی بھی عَقل والا نہ پاؤ گے۔''

﴿1162﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا امیرِ مُعاوِیَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھ سے اِستفسار فرمایا: ''کیا آپ حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی مِلَّت پر ہیں؟'' میں نے کہا: ''نہیں! اور نہ ہی مِلَّتِ عثمان پر ہوں بلکہ میں تو حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مِلَّت پر ہوں۔'' (1)

## گریہ وزاری:

﴿1163﴾......حضرت سیِّدُنا ابو رَجاء رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی یہ جگہ (یعنی آنسو بہنے کی جگہ کثرتِ گریہ کے سبب) پرانے تسمے کی طرح ہوگئی تھی۔'' (2)

﴿1164﴾......حضرت سیِّدُنا اَیُّوب سَخْتِیانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں کہ مجھے بتایا گیا کہ حضرت سیِّدُنا طاؤس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرمایا کرتے تھے: ''میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے بڑھ کر اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی حُرُمات کی تعظیم کرتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا۔ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں جب بھی انہیں یاد کر کے رونا چاہتا ہوں تو رو لیتا ہوں۔'' (3)

## سفید پرندہ کفن میں داخل ہوگیا:

﴿1165﴾......حضرت سیِّدُنا مَیْمُوْن بن مِہْران عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں کہ میں طائف میں حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے جنازے میں شریک تھا۔ جب ان کا جنازہ نماز کے لئے رکھا گیا تو اچانک ایک سفید پرندہ آیا جو ان کے کفن میں گھس گیا لوگوں نے اسے تلاش کیا لیکن وہ نہ ملا۔ پھر جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی قبر پر اینٹیں درست کی گئیں تو ہم نے ایک آواز سنی لیکن آواز والا دکھائی نہ دیا اس نے کہا:

---

(1)......شرح اصول اعتقاداھل السنة والجماعة،سیاق......فی الحث علی التمسك......الخ،الحدیث:۱۳۳،ج۱،ص۹۳.

(2)......فضائل الصحابة للامام احمدبن حنبل،فضائل عبداللّٰه بن عبّاس،الحدیث:۱۸۴۳،ج۲،ص۹۵۲.

(3)......فضائل الصحابة للاما م احمدبن حنبل،فضائل عبداللّٰه بن عبّاس،الحدیث:۱۸۳۸،ص۹۵۰.


www.dawateislami.net

یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىٕنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِیْۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ ﴿۲۹﴾ وَ ادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ﴿۳۰﴾

(پ ۳۰،الفجر:۲۷ تا ۳۰)

ترجمۂ کنزالایمان: اے اطمینان والی جان اپنے رب کی طرف واپس ہو یوں کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی پھر میرے خاص بندوں میں داخل ہو اور میری جنت میں آ۔ (1)

# حضرت سیّدنا عبدُاللہ بن زُبَیر

## رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا

حضرت سیّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا بھی مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ حق کی خاطر لڑنے والے، سچ بولنے والے، حُضور نبیِّ اکرم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لُعابِ دہن سے گھٹی پانے والے، خاندانی شرافت والے، رات کو قیام کرنے والے، لگاتار روزے رکھنے والے، بے مثال شمشیر زن، پختہ رائے والے، بہادروں کو للکارنے والے، حافظِ قرآن، حُضور نبیِّ پاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّت کے پیروکار، امیرُ المؤمنین حضرت سیّدُنا ابوبکر صِدّیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے رفیق، حُضور نبیِّ کریم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پھوپھی حضرت سیّدَتُنا صَفِیَّہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے پوتے، حُضور پُرنور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی وفا شِعار زوجہ ام المؤمنین حضرت سیّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے بھانجے، مُعاملہ کی گہرائی تک جانے والے اور جنگ میں خون سے لت پت ہونے والے ہیں۔

اہلِ تصوُّف فرماتے ہیں: ''مخلوق کی کثرت پر حق کو غالب کردینے کا نام تصوُّف ہے۔''

## رحمتِ عالَم کا بابَرَکت خون:

﴿1166﴾......حضرت سیّدُنا عامر بن عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُم سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ دربارِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ مکّی مَدَنی آقا، میٹھے میٹھے مُصْطَفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پچھنے لگوا رہے ہیں۔ فارغ ہوئے تو فرمایا: ''اے عبداللہ! یہ

1 ......صفة الصفوة، الرقم۱۱۹ عبدالله بن العبّاس بن عبدالمطلب، ذكر وفاة ابن عبّاس، ج۱، ص۳۸۴.



www.dawateislami.net

خون لے جاؤ اور ایسی جگہ محفوظ کر آؤ جہاں کوئی نہ دیکھے۔" حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: باہر جا کر میں نے سارا خون پی لیا[1]۔ جب خدمتِ اقدس میں لوٹ کر آیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: "اے عبداللہ! خون کہاں محفوظ کیا؟" عرض کی: "ایسی جگہ جہاں کوئی نہیں دیکھ سکتا۔" کیونکہ میں سمجھ گیا تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو لوگوں کے مُطَّلِع ہونے کا اندیشہ تھا۔ ارشاد فرمایا: "شاید تم نے اسے پی لیا ہے۔" عرض کی: "جی ہاں۔" فرمایا: "تمہیں خون پینے کا کس نے کہا تھا۔ خرابی ہے تیرے لئے لوگوں سے اور ان کے لئے تجھ سے[2]۔"[3]

﴿1167﴾...... حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے خادم حضرت کَیْسان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ اَقدس میں حاضری کے لئے آئے تو دیکھا کہ حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے پاس ایک برتن تھا جس سے وہ کچھ پی رہے تھے۔ فارغ ہونے کے بعد وہ بھی بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دریافت فرمایا: "تم فارغ ہو گئے ہو؟" عرض کی: "جی ہاں۔" حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: "یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آپ نے انہیں کیا حکم دیا تھا؟" ارشاد فرمایا: "پچھنے لگوانے سے جو خون نکلا تھا وہ کسی محفوظ جگہ رکھ آنے کو دیا تھا۔" حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: "اس ذات کی قسم جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو

---

1 ...... سیِّدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: "انبیاء کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے فُضلات (یعنی پیشاب وخون وغیرہ) طاہر وطیِّب ہیں ہمارے لئے ان کا کھانا پینا حلال ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج۱، ص۴۳۵)

2 ...... "خرابی ہے تیرے لئے لوگوں سے۔" اس کی شرح میں حضرت سیِّدُنا امام محمد بن عبدالباقی زرقانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: "حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو محاصرہ کر کے شہید کر دیا گیا اور پھر سولی چڑھایا گیا یہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے لئے حجاج وغیرہ کی طرف سے خرابی ہے۔" اور "لوگوں کے لئے تجھ سے" اس کی شرح میں فرماتے ہیں: "آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے قاتلوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو قتل کرنے اور کعبہ معظّمہ زَادَہَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کی بے حرمتی کا جو بہت بڑا گناہ اپنے سر لیا وہ ان لوگوں کے لئے خرابی ہے۔" (شرح العلامة الزرقانی علی المواهب اللدنية ج٥، ص٥٤٦)

3 ...... المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، شراب ابن الزُبَير دم النبی بعد احتجامه، الحديث: ٦٤٠٠، ج٤، ص٧١٧.



www.dawateislami.net

حق کے ساتھ مبعوث فرمایا! انہوں نے تو اسے پی لیا ہے۔'' حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسار فرمایا: ''کیا واقعی تم نے اسے پی لیا ہے؟'' حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''جی ہاں!'' ارشاد فرمایا: ''کیوں؟'' عرض کی: ''میں نے چاہا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا بابرکت خون میرے پیٹ میں چلا جائے۔'' تو حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا ہاتھ مبارک حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے سر پر رکھا اور ارشاد فرمایا: ''خرابی ہے تیرے لئے لوگوں سے اور لوگوں کے لئے تجھ سے۔ تجھے دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی مگر یہ کہ قسم پوری کرنے کے لئے (1)۔'' (2)

## یزید پلید کی بَیْعَت سے کھلا اِنکار:

﴿1168﴾...... حضرت سیِّدُنا قاسم بن محمد بن اَبی بکر رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو خبر ملی کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر، حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن ابی بکر اور حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ یزید کی بَیْعَت سے بچنے کے لئے مدینہ طیِّبہ سے مکّۂ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا روانہ ہوگئے ہیں۔ چنانچہ، جب حضرت سیِّدُنا مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم مکّۂ مکرّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا تشریف لائے تو مقامِ تنعیم میں حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ملاقات ہوئی۔ مُسکراتے ہوئے ان سے ان کے اَقارب و دوستوں کا حال دریافت کیا اور جس معاملے کی خبر ملی تھی اس کے بارے میں کچھ نہ کہا۔ اس کے بعد حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عُمَر، حضرت سیِّدُنا عبد الرحمٰن بن اَبی بکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مُلاقات ہوئی تو ان سے

---

1 ...... یہاں اِس فرمان باری تعالیٰ کی طرف اشارہ ہے: ''وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿۷۱﴾'' (پ۱۶، مریم:۷۱)

ترجمۂ کنز الایمان: ''اور تم میں کوئی ایسا نہیں جس کا گزر دوزخ پر نہ ہو، تمہارے رب کے ذمہ پر یہ ضرور ٹھہری ہوئی بات ہے۔''

**صدرُ الاَفاضِل مُفسِّرِ شہیر مُفتی محمد نعیم الدین مرادآبادی** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی اس آیت کے پہلے حصہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ''نیک ہو یا بد، مگر نیک سلامت رہیں گے اور جب ان کا گزر دوزخ پر ہوگا تو دوزخ سے صدا اٹھے گی: اے مومن! گزر جا کہ تیرے نور نے میری لَپٹ (یعنی گرمی) سَرد کردی ہے۔ حَسَن وقتادہ (رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی) سے مروی ہے کہ دوزخ پر گزرنے سے پُل صراط پر گزرنا مراد ہے جو دوزخ پر ہے۔'' اور دوسرے حصۂ آیت کے تحت ارشاد فرماتے ہیں: ''یعنی وُرُودِ جہنم قضائے لازم ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر لازم کیا ہے۔''

(تفسیر خزائن العرفان، پ۱۶، مریم، تحت الآیۃ: ۷۱)

2 ...... جزء ابن الغطریف، الحدیث: ۶۵، ص۶۶، مختصرًا.



www.dawateislami.net

یزید کی بَیْعَت کے بارے میں تبادلہ خیال کیا اور پھر حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ کو بلا کر فرمایا کہ ''یہ سب تم نے ہی کیا ہے کہ ان دو آدمیوں کو اپنے ساتھ ملا لیا ہے اور یہ مُعامَلہ تیار کر لیا ہے۔'' حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْھُمَا نے کہا: ''میں کسی قسم کی مخالفت کے درپے نہیں ہوں۔ البتہ ایک ساتھ دو آدمیوں کے ہاتھ پر بَیْعَت کرنا مجھے پسند نہیں۔ کیونکہ اگر میں دونوں کی بَیْعَت کر لوں تو پھر دونوں میں سے کس کی اِطاعت کروں گا؟ اگر آپ حکومت کے اَہل نہیں ہیں تو یزید کی بَیْعَت کر لیجئے ہم بھی آپ کے ساتھ اس کی بَیْعَت کر لیں گے۔'' یوں جب سب نے یزید کی بیعت سے انکار کر دیا تو حضرت سیِّدُ نا امیرِ مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کھڑے ہو کر فرمایا: ''یاد رکھو! مجھے بہت سارے لوگوں کی باتیں پہنچی ہیں جو قابلِ غور ہیں اور مجھے ان لوگوں کے بارے میں مختلف افواہیں پہنچی ہیں جنہیں میں سراسر جھوٹ سمجھتا ہوں کیونکہ یہ لوگ بات سننے اور اطاعت کرنے والے ہیں اور جس صلح میں پوری اُمت داخل ہے یہ بھی اس میں داخل ہیں۔'' (1)

## یزید پلید کا خط پھینک دیا:

﴿1169﴾......حضرت سیِّدُ نا عُروَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ یزید نے حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف خط لکھا کہ میں ایک چاندی کی کڑی، دو سونے کی بیڑیاں اور ایک چاندی کا طوق بھیج رہا ہوں اور میں نے قسم کھائی ہے کہ تم ان چیزوں کو پہن کر ضرور میرے پاس آؤ گے۔'' تو حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس کا خط پھینک کر فرمایا:

وَ لَا اَلِیْنُ لِغَیْرِ الْحَقِّ اَسْئَلُہٗ      حَتّٰی یَلِیْنَ لِضَرْسِ الْمَاضِغِ الْحَجَرُ

**ترجمہ**: میں ناحق مطالبے کو پورا کرنے کے لئے معمولی سی نرمی بھی اختیار نہیں کروں گا یہاں تک کہ چبانے والی داڑھوں کے لئے پتھر نرم ہو جائیں۔'' (2)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بے مثل شہادت:

﴿1170﴾......حضرت سیِّدُ نا عُروَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا امیرِ مُعاوِیہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

1 ......اخبار مکۃ للفاکھی، ذکر مایقال عند وداع الکعبۃ......الخ، الرقم ۷۱۰، ج ۱، ص ۳۴۴، مختصرًا.

2 ......المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب سبب قتال ابن الزُّبَیر مع یزید، الحدیث: ۶۳۹۳، ج ۴، ص ۷۱۱.



www.dawateislami.net

عَنْہ کے وِصال کے بعد حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے یزید کی اطاعت کرنے سے اِنکار کرتے ہوئے علانیہ طور پر اسے برا بھلا کہا۔ جب یزید کو اس کا پتا چلا تو اس نے قسم کھائی کہ انہیں گرفتار کر کے طوق پہنا کر میرے دربار میں لایا جائے ورنہ میں ان پر لشکر کشی کروں گا۔ لوگوں نے حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے عرض کی کہ ''ہم آپ کے لئے چاندی کا ایک طوق بنا دیتے ہیں آپ اسے کپڑوں کے نیچے پہن لیجئے گا تا کہ یزید کی قسم بھی پوری ہو جائے اور آپ کے لئے صلح کا بہتر راستہ بھی نکل آئے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّ وَجَلَّ اس کی قسم کو پورا نہ کرے۔'' پھر یہ شعر پڑھا:

وَ لَا اَلِیْنُ لِغَیْرِ الْحَقِّ اَسْئَلُہٗ　　　حَتّٰی یَلِیْنَ لِضَرْسِ الْمَاضِغِ الْحَجَرُ

**ترجمہ:** میں ناحق مطالبے کو پورا کرنے کے لئے معمولی سی نرمی بھی اختیار نہیں کروں گا یہاں تک کہ چبانے والی داڑھوں کے لئے پتھر نرم ہو جائیں۔

پھر فرمایا: ''اللہ عَزَّ وَجَلَّ کی قسم! مجھے عزت والے معاملہ میں تلوار کا وار، ذلت والے معاملہ میں کوڑے کی ضرب سے زیادہ مَحبُوب ہے۔'' پھر لوگوں کو اپنے ہاتھ پر بَیْعَت کرنے کی دعوت دی اور یزید کی مخالفت کا اِعلان کر دیا۔ اُدھر یزید نے حُصَین بن نُمَیر کِنْدِی کو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے جنگ کرنے کے لئے بھیج دیا اور اس سے کہا کہ ''اے گدھے کے بچے! قُرَیش کی دھوکہ بازیوں سے بچ کر رہنا اور ان کے ساتھ صرف نیزوں اور گھوڑوں سے مقابلہ کرنا (یعنی صلح میں نہ پڑ جانا)۔'' چنانچہ، وہ مکۂ مکرّمہ پہنچا تو حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اس کے ساتھ بھرپور جنگ کی اور حُصَین نے (مَعَاذَ اللہ عَزَّ وَجَلَّ) کعبہ مُعَظّمہ تک کو جلا ڈالا۔ مگر جب اسے یزید پلید کے مرنے کی خبر ملی تو وہ بھاگ نکلا۔ یزید کی موت کے بعد مَرْوَان بن حَکَم نے لوگوں کو اپنے ہاتھ پر بَیْعَت کرنے کا کہا۔ جب مَرْوَان مر گیا تو عبد الملک بن مروان نے اپنے ہاتھ پر بَیْعَت کرنے کا اِعلان کیا اور حَجّاج کو ایک لشکر کا امیر مقرر کر کے مکۂ مکرّمہ روانہ کیا، حَجّاج مکہ پہنچا تو جبلِ ابو قُبَیْس پر چڑھ کر وہاں مَنْجَنِیْق نَصْب کی اور مَسْجِدِ حرام میں حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اور ان کے اَصحاب پر پتھر برسائے۔

جب حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت کا دن طُلُوع ہوا تو اس دن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صُبْح سویرے اپنی والدہ ماجدہ حضرت سیِّدَتُنا اسماء بنت اَبی بکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی خدمت میں آئے، اس وقت


www.dawateislami.net

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ سو برس کی تھیں اور ابھی تک ان کا کوئی دانت گرا تھا نہ بینائی میں کچھ فرق آیا تھا۔ والدہ ماجدہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے پوچھا: ''اے عبد اللّٰہ! تمہاری جنگ کا کیا ہوا؟'' عرض کی: ''دُشمن فُلاں مَقام تک پہنچ چُکا ہے۔'' یہ کہہ کر مُسکرا دیئے اور کہا کہ ''بِلاشُبہ موت ہی میں راحت و آرام ہے۔'' والدہ نے فرمایا: ''اے میرے بیٹے! شاید تم نے میرے لئے موت کی تمنّا کی ہے لیکن مجھے تو اس وقت تک مرنا پسند نہیں جب تک تمہارا کچھ فیصلہ نہ ہو جائے۔ اگر تم اِقْتِدار حاصل کر لو گے تو اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی اور اگر تم قتل کر دیئے گئے تو میں اسے باعثِ ثواب سمجھوں گی (کہ میرا بیٹا راہِ حق میں شہید ہو گیا) پھر حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا نے اپنی والدہ کو الوَداع کہا تو والدہ نے نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: ''بیٹا! تم قتل کے خوف سے اپنے دِین کی کوئی خصلت نہ چھوڑنا۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہاں سے نکل کر مَسْجِد میں داخل ہوئے تو لوگوں نے عرض کی کہ ''ہم دشمن سے صُلْح کی بات چیت نہ کر لیں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا یہ صُلْح کا وقت ہے؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر دشمن تمہیں اس وقت کعبہ کے اندر بھی پالیں تو ضرور ذبح کر ڈالیں۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے یہ شعر پڑھا:

وَلَسْتُ بِمُبْتَاعِ الْحَيَاةِ بِذِلَّةٍ وَلَا مُرْتَقٍ مِنْ خَشْيَةِ الْمَوْتِ سُلَّمَا

**ترجمہ:** میں ذلت و رُسوائی کے بدلے میں زندگی کا خریدار نہیں ہوں اور نہ ہی موت کے ڈر سے سیڑھی پر چڑھنے والا ہوں۔

پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے رُفقا کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: ''جس طرح تمہارے چہرے غُصّہ سے بھرپور ہیں اس طرح تمہاری تلواریں بھی غُصّہ سے آگ اُگلیں، کسی کی تلوار نہ ٹوٹنے پائے کہ وہ پھر عورت کی طرح ہاتھوں سے اپنا دِفاع کرنے لگے۔ بخدا! جب بھی کسی لشکر سے میرا سامنا ہوا تو میں ہمیشہ صفِ اوّل میں رہا اور مجھے جو بھی زخم لگا میں نے اس کا اتنا ہی درد محسوس کیا جتنا اس پر دوا لگانے سے ہوتا ہے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے شامیوں پر حملہ کر دیا اور آپ کے پاس دو تلواریں تھیں۔ سب سے پہلے اسود نامی آدمی سے مُقابلہ ہوا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تلوار کے ایک ہی وار میں اس کی ٹانگ کاٹ دی۔ اس نے بکواس کی: ''اُخ (غُصّہ کے وقت کی آواز) اے زانیہ کے بیٹے! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اے کالی عورت کے مَردُود بیٹے! کیا حضرت اسماء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا زانیہ ہیں؟'' پھر شامیوں کو مسجد سے مار بھگایا۔ اسی طرح مُسلسل ان پر حملے کرتے رہے اور انہیں مَسْجِد سے دور بھگاتے رہے اور ساتھ ساتھ فرماتے رہے: ''کاش کوئی ایک شخص بھی میرا ہم پلہ ہوتا تو میں اس کے لئے کافی ہوتا۔'' راوی بیان


www.dawateislami.net

کرتے ہیں کہ ''مَسْجِد کی چھت پر حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے کچھ مددگار چڑھے ہوئے تھے جو دشمنوں پر اینٹیں برسا رہے تھے۔ اتفاق سے ایک اینٹ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سر کے درمیان آ لگی جس سے سر پھٹ گیا اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ٹھہر گئے اور فرمانے لگے:

وَلَسْنَا عَلَى الْاَعْقَابِ تَدْمِیْ كُلُوْمُنَا وَلٰكِنْ عَلٰى اَقْدَامِنَا تَقْطُرُ الدِّمَا

**ترجمہ:** ہم وہ لوگ نہیں کہ پیٹھ پھیرنے کی وجہ سے ہماری ایڑیوں پر خون گرتا ہو بلکہ سینہ سپر ہونے کی وجہ سے ہمارے قدموں پر خون ٹپکتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں کہ پھر حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا زمین پر تشریف لے آئے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دو خادم یہ کہتے ہوئے ان پر جھکے کہ ''بندہ اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کی خاطر حملہ کرتا ہے اور اس سے بچتا ہے۔'' پھر شامیوں کی ایک جماعت نے آگے بڑھ کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا سرِ مبارک تن سے جدا کر دیا۔ (1)

﴿1171﴾......حضرت سیِّدُنا ابو اسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق فرماتے ہیں کہ جب حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو مسجدِ حرام میں شہید کیا گیا اس وقت میں بھی وہاں موجود تھا۔ ہوا کچھ یوں کہ شامیوں کے لشکر مَسْجِد کے دروازوں سے داخل ہونا شروع ہوئے۔ جب کچھ لوگ مَسْجِد میں داخل ہوتے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ تن تنہا مردانہ وار ان پر حملہ کرتے اور اِنہیں مَسْجِد سے نکال دیتے۔ اسی دوران مَسْجِد کی ایک اینٹ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے سر پر آ لگی جس کے گہرے زخموں کی تاب نہ لا کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ زمین پر تشریف لے آئے۔ اس وقت ان اَشعار کی مثل رَجزِیہ اَشعار زبان پر تھے:

أَسْمَاءُ اِنْ قُتِلْتُ لَاتَبْكِیْنِیْ لَمْ یَبْقَ اِلَّا حَسَبِیْ وَدِیْنِیْ

وَصَارِمٌ لَانَتْ بِهٖ یَمِیْنِیْ

**ترجمہ:** اے (میری والدہ ماجدہ) اسماء! اگر میں شہید ہو جاؤں تو مجھ پر مت رونا چونکہ صرف میرا حَسَب و دِین اور ایک تلوار جس پر میرا دایاں ہاتھ نرم پڑ گیا، باقی رہ جائے گی۔'' (2)

---

1 ......المستدرك،الحديث:٦٣٩٤،باب ذكر قتال ابن الزُبَير مع حصين بن نمير،الحديث:٦٣٩٥،ص٧١١۔
اخبار مكة للفاكهي،ذكر قتال ابن الزُبَير......الخ،الحديث:١٦٥٢/١٦٥٣/١٦٥٤،ج٢،ص٣٥١.

2 ......تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر،الرقم٣٢٩٧عبدالله بن الزُبَير،ج٢٨،ص٢٢٥.



www.dawateislami.net

﴿1172﴾......حضرت سیِّدُ نا عُرْوَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا شامیوں پر حملہ آور ہوتے یہاں تک کہ انہیں مَسْجِدِ حرام کے دروازوں سے باہر نکال دیتے اور فرماتے جاتے:
''کاش! کوئی ایک شخص بھی میرا ہم پلہ ہوتا تو میں اس کے لئے کافی ہوتا۔''

اور یہ رجز پڑھتے تھے:

وَلَسْنَا عَلَی الْاَعْقَابِ تَدْمِیْ کُلُوْمُنَا وَلٰـكِنْ عَلٰی اَقْدَامِنَا تَقْطُرُ الدِّمَا

**ترجمہ:** ہم وہ لوگ نہیں کہ پیٹھ پھیرنے کی وجہ سے ہماری ایڑیوں پر خون گرتا ہو بلکہ سینہ سپر ہونے کی وجہ سے ہمارے قدموں پر خون ٹپکتا ہے۔ (1)

## پیدا ہوتے ہی بارگاہِ رسالت میں حاضری:

﴿1173﴾......حضرت سیِّدُ نا ہشام بن عُرْوَہ اور حضرت سیِّدَتُنا فاطمہ بنت مُنْذِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم بیان کرتے ہیں: ''حضرت سیِّدَتُنا اسماء بنت ابی بکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف ہجرت کی۔ اس وقت وہ حضرت عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے حمل سے تھیں۔ جب ان کی ولادت ہوئی تو اس وقت تک دودھ نہ پلایا جب تک حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں لے کر حاضر نہ ہوئیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں اپنی گود میں لیا اور ایک چھوارا (یعنی خشک کھجور) منگوا کر اسے چبایا اور انہیں گھٹی دی۔ چنانچہ، دنیا میں آنے کے بعد سب سے پہلے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا لُعابِ دَہن ان کے پیٹ میں داخل ہوا جو چھوارے سے ملا ہوا تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان کا نام عبد اللّٰہ رکھا۔''

حضرت سیِّدُ نا شُعَیب اپنی رِوایت میں بیان کرتے ہیں: ''حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے چھوارا منگوایا، ہم نے کچھ دیر تلاش کر کے پیش کیا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اسے چبا کر حضرت سیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے منہ میں ڈال دیا۔'' (2)

---

(1)......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الادب، باب الرخصة فی الشعر، الحدیث: ٧٤، ج٦، ص١٨٢.

(2) المرجع السابق، کتاب المغازی، باب ما قالوافی مهاجرالنبی، الحدیث: ١٥، ج٨، ص ٤٦٠۔

صحیح مسلم، کتاب الآداب، باب استحباب تحنیك المولود......الخ، الحدیث: ٥٦١٦، ص١٠٦٠.



www.dawateislami.net

## حَجّاج و مُختار ثَقَفِی کے بارے میں پیشین گوئی:

﴿1174﴾......حضرت سیِّدُ نا یَعْلٰی تَیْمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت کے تین روز بعد مکّہ مکرّمہ زَادَھَا اللہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا حاضر ہوا تو دیکھا کہ ابھی تک آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی لاش مبارک سُولی پر تھی۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ ماجدہ لاش مبارک کے پاس آئیں اس وقت وہ انتہائی ضَعِیْفُ الْعُمر اور نابینا تھیں۔ انہوں نے حَجّاج سے کہا: ''کیا ابھی تک اس شہسوار کے اُترنے کا وقت نہیں آیا؟'' حَجّاج بولا: ''یہ مُنافِق ہے۔'' حضرت سیِّدَتُنا اَسماء رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! یہ منافق نہیں تھا۔ بِلاشُبہ یہ روزہ دار، عبادت گزار اور نیکوکار تھا۔'' حَجّاج نے کہا: ''اے بڑھیا! واپس چلی جا! بے شک تیری عَقْل زائل ہو گئی ہے۔'' حضرت سیِّدَتُنا اسماء رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے فرمایا: ''نہیں! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! جب سے میں نے حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے یہ بات سنی میری عَقْل زائل نہیں ہوئی ہے۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا تھا کہ ''قبیلہ ثَقِیف سے ایک جھوٹا اور لوگوں کا قتلِ عام کرنے والا ایک شخص ظاہر ہو گا۔'' پس جھوٹے شخص (یعنی مُختار ثَقَفِی) کو تو ہم دیکھ چکے ہیں اور رہا لوگوں کا قتلِ عام کرنے والا، پس وہ تُو ہے۔'' (1)

﴿1175﴾......حضرت سیِّدُ نا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَاحِد فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت کے بعد (انہیں سولی پر لٹکا دیا گیا تھا اسی دوران) میں حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے ساتھ ان کے مبارک لاشہ کے پاس سے گزرا تو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ وہاں ٹھہر گئے اور فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ پر رحم فرمائے! میں آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں یہی جانتا ہوں کہ آپ روزہ دار، عبادت گزار اور رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنے والے تھے اور مجھے یہی اُمید ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو عذاب میں مبتلا نہیں فرمائے گا۔'' پھر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: مجھے امیرُ المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بتایا تھا کہ حُضُور انور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو بُرا عمل کرے گا اسے اس کا بدلہ دیا جائے گا۔'' (2)

﴿1176﴾......حضرت سیِّدُ نا نافع رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۲۰۱/۲۷۲، ج۲۴، ص۱۰۱/۷۷.

(2)......المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب ذکر قتال ابن الزُبیر......الخ، الحدیث: ۶۳۹۶، ج۴، ص۷۱۵، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

تَعَالٰی عَنْھُمَا کو اس کھجور کے دَرَخت کے قریب کیا جس پر حضرت سَیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو سولی دی گئی تھی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ پر رحم فرمائے! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ روزہ دار اور عبادت گزار انسان تھے۔'' (1)

﴿1177﴾......حضرت سَیِّدُ نا عُمَر بن قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے رِوایت ہے کہ حضرت سَیِّدُ نا ابن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے 100 غلام تھے۔ ان میں سے ہر غلام مختلف زبان میں بات کرتا تھا اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہر غلام سے اسی کی زبان میں گفتگو فرماتے تھے۔ جب میں آپ کو دُنیوی کام میں مشغول دیکھتا تو کہتا کہ انہیں لمحہ بھر کے لئے بھی آخرت کا خیال نہیں اور جب اُمورِ آخرت میں مُتَفَکِّر دیکھتا تو کہتا کہ انہیں لمحہ بھر کے لئے بھی دُنیا کا خیال نہیں۔'' (2)

﴿1178﴾......حضرت سَیِّدُ نا ابن اَبی مُلَیْکَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سَیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے پاس حضرت سَیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کا ذکر ہوا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''حضرت عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا اِسلام میں پاکیزہ زندگی کے مالک اور قرآن پاک کے قاری ہیں۔ آپ کے والد حضرت سَیِّدُ نا زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ، والدہ حضرت اَسماء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا، نانا امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ، پھوپھی اُمُّ المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا، دادی حضرت سَیِّدَتُنا صَفِیَّہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اور خالہ ام المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا ہیں۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں ان کے لئے ایسی سرتوڑ کوشش کروں گا جو امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا ابوبکر اور امیر المؤمنین حضرت سَیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کے لئے بھی نہیں کی تھی۔'' (3)

## نماز میں خُشُوع و خُضُوع کا عالَم:

﴿1179﴾......حضرت سَیِّدُ نا عَمْرو بن دِینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سَیِّدُ نا عبد اللّٰہ بن

1......طبقات المحدثین باصبھان، الطبقة الاولی، عبداللّٰہ بن الزُّبَیربن العوام، ج١، ص١٩٦.

2......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب كان ابن الزُّبَیریواصل سبعة ایام، الحدیث: ٦٣٩١، ج٤، ص٧١١.

3......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب كان ابن الزُّبَیریواصل سبعة ایام، الحدیث، الحدیث: ٦٣٨٧، ص٧١٠۔
صحیح البخاری، كتاب التفسیر، سورة التوبة، باب قوله﴿ثانی اثنین اذھما......الخ﴾ الحدیث: ٤٦٦٥/٤٦٦٦، ص٣٨٦.



www.dawateislami.net

زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما سے زیادہ حُسن وخوبی سے نماز پڑھتے کسی کو نہیں دیکھا۔'' (1)

﴿1180﴾......حضرت سیِّدُنا ہِشَام بن عُرْوَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا اِبن مُنۡکَدِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ نے مجھ سے فرمایا: ''اگر تم حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما کو نماز پڑھتے دیکھتے تو ضَرُوْر کہتے کہ یہ کسی دَرَخت کی ٹہنی ہیں جسے ہوا تھپکی دے رہی ہے۔ دورانِ نماز دشمن کی مَنۡجَنِیق پتھر برساتی۔ پتھر ان کے اِرد گرد گرتے مگر انہیں اس کی بالکل پرواہ نہ ہوتی۔'' (2)

﴿1181﴾......حضرت سیِّدُنا مجاہد عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡوَاحِد سے مروی ہے کہ ''جب حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما نماز میں کھڑے ہوتے تو یوں لگتا جیسے کوئی لکڑی ہے اور یہ بات آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کے نماز میں خُشُوع وخُضُوع کی وَجہ سے کہی جاتی۔'' (3)

﴿1182﴾......حضرت سیِّدُنا عَطاء رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ سے مروی ہے کہ ''جب حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما نماز پڑھتے تو یوں لگتا کہ وہ ابھری ہوئی کوئی چیز ہے جو حرکت نہیں کر رہی۔'' (4)

## مَسۡجِد کا کبوتر:

﴿1183﴾......حضرت سیِّدَتُنا مَاطِرَہ مَہۡدِیَّہ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہا بیان کرتی ہیں کہ میری خالہ اُمِّ جَعۡفَر بنت نعمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما ایک مرتبہ حضرت سیِّدَتُنا اَسماء بنت اَبی بکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما کے پاس حاضر ہوئیں۔ سلام کے بعد حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما کا ذکرِ خیر چھڑا تو حضرت اَسماء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا نے فرمایا: ''ان کی راتیں بکثرت قیام میں گزرتیں اور دن روزے میں کٹتے تھے۔ جس کی وجہ سے انہیں مَسۡجِد کا کبوتر کہا جاتا تھا۔'' (5)

﴿1184﴾......حضرت سیِّدُنا ابن اَبی مُلَیۡکَہ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیۡہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا عُمَر بن عبدالعزیز عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ اللّٰہِ الۡعَزِیۡز نے مجھ سے فرمایا: ''تمہارے دل میں حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُما کی اتنی

---

1 ......صفة الصفوة،الرقم۱۲۲عبدالله بن الزُبَیربن العوام،ج۱،ص۳۸۸.

2 ......الزهدللامام احمدبن حنبل،زهدعمیربن حبیب بن حماسة،الحدیث:۱۰۳۷،ص۲۰۵.

3 ......السنن الکبری للبیهقی، کتاب الصلاة،جماع ابواب الخشوع فی الصلاة......الخ،الحدیث:۳۵۲۲،ج۲،ص۳۹۸.

4 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب الصلاة،باب التحریك فی الصلاة،الحدیث:۳۳۱۲،ج۲،ص۱۷۲.

5 ......صفة الصفوة،الرقم۱۲۲عبدالله بن الزُبَیربن العوام،ج۱،ص۳۸۹.



www.dawateislami.net

زیادہ محبّت کیوں ہے؟''میں نے عرض کی:''اگر آپ انہیں دیکھ لیتے تو ان کی مثل اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مُناجات کرنے والا کسی کو نہ پاتے۔''(1)

﴿1185﴾......حضرت سیِّدُنا ابن اَبی مُلَیکہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں:''حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا مسلسل 7 دن تک روزہ رکھتے اس کے باوجود ساتویں دن ہم سے زیادہ طاقتور ہوتے۔''(2)

## گناہ بخشے جاتے ہیں:

﴿1186﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن عبد اللہ ثَقَفِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے حج کے موقع پر خُطبہ ارشاد فرمایا۔ میں بھی اس خُطبے میں موجود تھا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ آٹھ ذوالحجہ سے ایک دن قبل اِحرام کی حالت میں ہمارے پاس تشریف لائے اور اتنے خوبصورت انداز میں تلبیہ پڑھا کہ میں نے اس جیسا تلبیہ کبھی نہیں سنا تھا۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد وثناء بیان کی اور فرمایا:''بے شک تم لوگ مختلف مقامات سے وُفُود کی حالت میں بیت اللہ کی طرف آئے ہو۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذِمّۂ کرم پر ہے کہ وہ اپنے وُفُود کا اِکرام کرے۔ لہٰذا جو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے خیر و بھلائی طلب کرنے آیا ہے تو وہ جان لے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا طالب نامراد نہیں لوٹتا۔ تم اپنے اَقوال کی اَفعال سے تصدیق کرو کیونکہ قول کا اصل سرچشمہ فعل ہے اور نیت کی اِصلاح کرو کہ دل کی نیت ہی اس کی حقیقت ہے۔ تم ان دِنوں (یعنی ایامِ حج) میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا خوب ذکر کرو کہ ان دنوں میں گناہ بخشے جاتے ہیں۔ تم لوگ مختلف مقامات سے آئے ہو اور تمہارے آنے کا مَقصد تجارت کرنا، مال کمانا یا دُنیا حاصل کرنا نہیں ہے۔'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تلبیہ پڑھا تو لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ تلبیہ پڑھا اور میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو اس دن سے زیادہ کسی دن روتے نہیں دیکھا۔''(3)

## نصیحت نامہ:

﴿1187﴾......حضرت سیِّدُنا وَہب بن کَیسان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن زُبیر

---

❶......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب كان ابن الزُبَير يواصل سبعة ايام، الحديث: ٦٣٩٢، ج٤، ص٧١١.

❷......اخبار مكة للفاكهي، ذكر قتال ابن الزُبَير بمكة......الخ، الحديث: ١٦٦٥، ج٢، ص٣٦٤.

❸......مجمع الزوائد، كتاب الحج، باب الخطبة قبل التروية، الحديث: ٥٥٣٥، ج٣، ص٥٥٥.



www.dawateislami.net

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کی طرف ایک نصیحت نامہ لکھ کر بھیجا گیا۔(جس کا مضمون کچھ یوں تھا) اما بعد! بے شک مُتّقی لوگوں کی کچھ علامات ہوتی ہیں جن کے ذریعے وہ پہچانے جاتے ہیں اور وہ خود بھی ان علامتوں سے واقف ہوتے ہیں: (۱) جس نے مصیبتوں پر صبر کیا (۲) قضائے الٰہی پر راضی رہا (۳) نعمتوں کا شکر بجالایا (۴) اور قرآنِ مجید کے اَحکامات کے آگے اپنا سر جھکالیا (وہ مُتّقی ہے) اور بے شک اِمام (یعنی حاکم) کی مثال بازار جیسی ہے جو چیز بازار میں بیچی جاتی ہے اسی کے گاہک آتے ہیں۔لہٰذا اگر حاکمِ وقت حق کو رائج کرے گا تو اہلِ حق ہی اس کے پاس آئیں گے اور اگر باطل کو اَہمیّت دے گا تو اس کے پاس اہلِ باطل ہی آئیں گے اور باطل کو رواج ملے گا۔'' (1)

﴿1188﴾...... حضرت سیِّدُنا وَہب بن کَیْسان عَـلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو کبھی کسی سلطان وغیرہ کو اس کے خوف سے صُلح کا پیغام دیتے نہیں دیکھا۔''

﴿1189﴾...... حضرت سیِّدُنا وَہب بن کَیْسان عَـلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ اہلِ شام حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو عار دلانے کے لئے کہا کرتے تھے: ''اے ذَاتُ النِّطَاقَین کے بیٹے!'' ایک بار ان کی والدہ ماجدہ حضرت سیِّدَتُنا اسماء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے فرمایا: ''اے بیٹے! اہلِ شام تمہیں نِطَاقَین کے ساتھ عار دلاتے ہیں۔ درحقیقت میرے پاس ایک نِـطَـاق (یعنی کمر پر باندھا جانے والا پٹکا) تھا (ہجرت کے موقع پر) جس کے میں نے دو حصے کر کے ایک کے ساتھ رسول اللّٰہ صَـلَّـی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا زادِ راہ اور دوسرے سے مَشکیزہ باندھا تھا۔''(2)

راوی فرماتے ہیں: ''اس کے بعد جب اہلِ شام حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا کو اس لفظ سے عار دلاتے تو آپ فرماتے: ''ربِ کعبہ کی قسم! یہ سچ ہے اور میرے لئے فخر کا باعث ہے۔'' (3)

---

1 ......الزھد لابی داود، اخبار عبداللّٰہ بن الزُبَیر، الحدیث: ۳۷۶، ج۱، ص۴۱۳.

2 ......شارحِ بخاری، فقیہِ اعظم ہند حضرت مولانا مُفتی محمد شریف الحق امجدی عَلَیْـہِ رَحْـمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اس کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''(حضرت سیدتنا اسماء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کے) اس (عمل) پر حُضُور اقدس صَـلَّـی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم نے خوش ہو کر ان کو فرمایا: تم ذَاتُ النِّطَاقَین ہو۔ یہ حضرت اسماء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کے لئے فخر کی بات تھی جسے حجاج بن یُوسف کے لشکری بطورِ طَعن بولتے تھے۔ آزاد شریف عورتیں صرف ایک نِطاق باندھتی تھیں......اور خادمائیں دو دو نِطاق......(اور) ذَاتُ النِّطَاقَین کنایہ ہے خادمہ سے۔ اس طرح یہ طَعن ہو گیا۔''

(نزھۃ القاری شرح صحیح البخاری، ج۵، ص۴۱۱)

3 ......صحیح البخاری، کتاب الاطعمۃ، باب الخُبز المُرَقَّق......الخ، الحدیث: ۵۳۸۸، ص۴۶۵۔

طبقات المحدثین باصبھان، عبداللّٰہ بن الزُبَیر بن العوام، ج۱، ص۱۹۸.



www.dawateislami.net

﴿1190﴾......حضرت سیِّدُ ناعبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا فرماتے ہیں: جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ (پ۲۳،الزمر:۳۱) ترجمۂ کنزالایمان: پھرتم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس جھگڑو گے۔

تو میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا خاص گناہوں کے علاوہ ہمارے دُنیاوی مُعاملات بھی ہم پر پیش ہوں گے؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں! یہاں تک کہ ہر آدمی ہر حق والے کو اس کا حق پہنچادے۔'' (1)

﴿1191﴾......حضرت سیِّدُ ناعبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا فرماتے ہیں: جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ﴿٨﴾ (پ۳۰،التکاثر:۸) ترجمۂ کنزالایمان: پھر بے شک ضَرُور اس دن تم سے نعمتوں کی پُرسش ہوگی۔

تو میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہم سے کن نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا ہمیں تو 2 سیاہ چیزیں پانی اور کھجور ہی مُیَسَّر ہیں؟'' تو حُضور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سنو! عنقریب ان نعمتوں کی فراوانی (یعنی کثرت) ہوگی۔'' (2)

## مال کی حرص کبھی ختم نہیں ہوتی:

﴿1192﴾......حضرت سیِّدُ ناعبَّاس بن سَہل بن سَعد اَنصاری عَلَیۡہِ رَحۡمَۃُ الۡبَارِی بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا کہ حضرت سیِّدُ ناعبداللہ بن زُبیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا نے مکۂ مکرمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعۡظِیۡمًا کے مِنۡبر شریف پر خُطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! بے شک حُضُور پرنور، شافعِ یومُ النُّشُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اگر انسان کے پاس سونے کی ایک وادی ہو تو دوسری کی تمنّا کرے گا اور اگر دوسری مل جائے تو تیسری کا طلبگار رہے گا اور انسان کا پیٹ (قبر کی) مٹی کے سوا کوئی چیز نہیں بھر سکتی اور جو توبہ کرے اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔'' (3)

---

(1)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند الزُبَیر بن العوام، الحدیث: ۱۴۳۴، ج۱، ص۳۵۳.

(2)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند الزُبَیر بن العوام، الحدیث: ۱۴۰۵، ص۳۴۶.

(3)......صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب ما یتقی من فتنۃ المال، الحدیث: ۶۴۳۸، ص۵۴۱۔

البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند عبداللہ بن الزُبَیر، الحدیث: ۲۲۲۲، ج۶، ص۱۸۱.



www.dawateislami.net

# صُفّہ والوں کا بیان

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبداللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''ہم نے زاہدین وعابدین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے ایک گروہ کے کچھ اَحوال اوراَجل واَعلم اَئمہ صحابہ کے ایک گروہ کے اَقوال بیان کئے ہیں جو اپنے معبود وپَرْوَرْدْگار عَزَّوَجَلَّ اوراس کی عبادت کے مُشتاق تھے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مَحَبَّت سے سرشار تھے۔ جن کے سر اہلِ مَعْرِفت واہلِ عمل کی پیشوائی کا سہرہ سجا۔ جو دُنیا کی وجہ سے فتنوں کا شکار ہونے اور دنیا کی مَحَبَّت میں گم رہنے والوں پر حجت بنے۔ ان کے حالات وواقعات ذکر کرنے کے بعد اب ہم اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مدد طَلَب کرتے ہوئے اہلِ صفہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کی شان۔ ان کی عادات وحالات بیان کریں گے۔ نیز جن کے اسمائے گرامی ہم تک اسانیدِ مشہورہ وشواہِد کے ساتھ پہنچے ان کا بھی تذکرہ کریں گے[1]۔

## مختصر تعارُف:

اَصحابِ صفہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن وہ مقدس وپاکیزہ حضرات ہیں جنہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے دُنیا کی آرائش وزیبائش پر فریفتہ ہونے سے محفوظ رکھا۔ دنیوی ساز وسامان کے امتحان میں اِبتلا کی وَجہ سے فرائض میں کوتاہی کرنے سے ان کی حفاظت فرمائی۔ جس طرح ماقبل مذکور صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اہلِ مَعْرِفت وحِکْمَت کا امام بنایا اسی طرح اہلِ صفہ کو فُقَرا وغُربا کا پیشوا کیا۔ ان مُقَدَّس وپاکیزہ لوگوں کو اَہل وعِیال کی فکر دامن گیر ہوتی نہ مال ودولت کی سوچ۔ انہیں کوئی حالت اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے غافل کرتی نہ تجارت اور نہ ہی یہ دنیا چھوٹنے پر رنجیدہ ومَلُول ہوتے اور وہ مَحض اس چیز سے شاد ہوتے جو آخرت میں نَفْع بخش ہوتی۔ ان کی ساری خوشیاں اپنے مالک وپَرْوَرْدْگار عَزَّوَجَلَّ سے وابستہ تھیں اور ان کے سارے غم زندگی کے قیمتی لمحات کے ضائع ہوجانے اور اَوراد ووظائف کے رَہ جانے کی وجہ سے تھے۔ یہ وہ عَظِیْمُ الشَّان مردانِ حق تھے جنہیں ذِکْرُ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے تجارت غافل کرتی نہ خرید وفروخت۔ وہ فانی دنیا کے چھوٹ جانے پر غم اٹھاتے نہ ہاتھ آنے پر خوشی مناتے۔ ان کے پَرْوَرْدْگار

---

1 ...... مُجدِّدِ اعظم، امام اہلسنّت، اعلیٰ حضرت شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن، حضرت علامہ طاہر فتنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے حوالے سے نقل فرماتے ہیں: ''اہلِ صفّہ مہاجر فُقَراء میں سے تھے اور جس کے لئے گھر نہ ہوتا وہ وہیں ٹھہرتا، پس اہل صفّہ مسجدِ نبوی (عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) میں ایک چھت دار جگہ میں رہتے تھے۔'' (فتاوٰی رضویّہ (مخرجہ)، ج۸، ص ٦٤)



www.dawateislami.net

عَزَّوَجَلَّ نے انہیں دُنیوی نعمتوں سے فائدہ اٹھانے اور مال ودولت کی فراوانی سے بچائے رکھا تا کہ ان کا نَفْس بغاوت وسرکشی میں مُبتلا نہ ہو جائے۔ یہ لوگ سونے چاندی ودیگر مالِ دُنیا کے گم ہونے پر غم کرنے سے بے نیاز تھے اور حَسَب ونَسَب کی وَجہ سے خوشی وغُرُور کا ان کے ہاں تصوُّر نہ تھا۔

## قرآنِ کریم اور اہلِ صُفَّہ:

﴿1193﴾......حضرت سیِّدُ نا ابوہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں کہ میں نے عَمْرو بن حُرَیْث وغیرہ لوگوں کو یہ کہتے سنا کہ جب اَصحابِ صُفَّہ نے دنیا کی تمنا کی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ (پ۲۵،الشوری:۲۷)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اگر اللہ اپنے سب بندوں کا رِزق وسیع کر دیتا تو ضرور زمین میں فساد پھیلاتے۔ (1)

حضرت سیِّدُ نا امام حافظ ابونُعَیْم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اَصحابِ صُفَّہ پر لُطف وکرم فرمانے اور انہیں سرکشی سے بچانے کے لئے دُنیا کو ان سے دور رکھا۔ چنانچہ، وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے احکامات کی بجا آوری میں تنگدلی سے محفوظ رہے اور دُنیاوی مشغولیات سے بچے رہے۔ دُنیاوی اَموال نے انہیں رُسوا کیا نہ ہی اَحوالِ زمانہ سے ان پر تغیُّر کی ہوا چلی۔''

﴿1195﴾......حضرت سیِّدُ نا عبدالرحمٰن بن اَبی بکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے کہ صُفَّہ والے مسکین لوگ تھے اور حضور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جس کے پاس 2 آدمیوں کا کھانا ہو وہ تیسرے کو لے جائے اور جس کے پاس 4 کا کھانا ہو وہ پانچویں یا چھٹے کو لے جائے۔'' یا جس طرح فرمایا۔ پھر امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ 3 کو اور حضور نبیِّ رَحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم 10 اَفراد کو ساتھ لے گئے۔'' (2)

﴿1196﴾......حضرت سیِّدُ نا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے پاس سے گزرے تو ارشاد فرمایا: ''اے

(1)......الزھدلابن المبارك،باب التوكل والتواضع،الحديث:٥٥٤،ص١٩٤.

(2)......صحيح البخاری، كتاب المناقب،باب علامات النبوة فی الاسلام،الحديث:٣٥٨١،ص٢٩١.



www.dawateislami.net

ابو ہریرہ۔'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! حاضر ہوں۔'' ارشاد فرمایا: ''صُفَّہ والوں کے پاس جاؤ اور انہیں بلالاؤ۔'' حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: صُفَّہ والے اسلام کے مہمان تھے۔ وہ گھر والوں اور مال کے پاس نہ جاتے تھے۔ جب حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں صَدَقہ آتا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اسے اہلِ صُفَّہ کے پاس بھیج دیتے اور خود اس سے تھوڑا سا بھی تناوُل نہ فرماتے اور جب خدمتِ اَقدس میں ہَدِیَّہ پیش کیا جاتا تو اہلِ صُفَّہ کو بھی اس میں شریک کر لیتے۔'' (1)

﴿1197﴾......حضرت سیِّدُنا طَلْحہ بن عَمْرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب کوئی شخص سیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوتا اور مدینہ طیِّبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں اس کا کوئی جان پہچان والا ہوتا تو وہ اس کے ہاں قیام کرتا اور اگر کوئی واقف کار نہ ہوتا تو وہ صُفَّہ والوں کے ساتھ ٹھہر جاتا۔ فرماتے ہیں: ''میں ان لوگوں میں تھا جو صُفَّہ والوں کے ہاں قیام کرتے تھے۔ پھر میری ایک شخص سے جان پہچان ہوگئی اور وہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف سے ہر روز دو آدمیوں کے لئے ایک مُد (یعنی ایک سیر آدھ پاؤ) کھجوریں بھیجا کرتا تھا۔'' (2)

﴿1198﴾......حضرت سیِّدُنا ابو رافع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب حضرت سیِّدَتُنا فاطمۃ الزہراء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے ہاں حضرت سیِّدُنا امام حُسَین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وِلادت ہوئی تو انہوں نے عرض کی: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا میں اپنے بیٹے کا عقیقہ نہ کروں؟'' اِرشاد فرمایا: ''نہیں! پہلے اس کے بال اترواؤ اور بالوں کے وَزن برابر چاندی صُفَّہ والوں اور دوسرے مسکینوں پر صَدَقہ کرو۔'' (3)

## صُفَّہ والوں کی بھوک کا عالَم:

﴿1199﴾......حضرت سیِّدُنا فَضَالہ بن عُبَیْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب حُضُور نبیِّ مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم لوگوں کو نماز پڑھا رہے ہوتے تو اصحابِ صُفَّہ میں سے کئی افراد بھوک کے باعث کمزوری کی وجہ

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب کیف کان عیش النبی......الخ، الحدیث:٦٤٥٢، ص٥٤٢.

2 ......الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب التاریخ، باب اخبارہ......الخ، الحدیث:٦٦٤٩، ج٨، ص٢٤١.

3 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی رافع، الحدیث:٢٧٢٥٣، ج١٠، ص٣٤٠.



www.dawateislami.net

سے قیام سے عاجز آ کر گر جاتے یہاں تک کہ اَعراب (یعنی دیہات کے رہنے والے) کہتے کہ ''یہ لوگ پاگل ہیں۔''(1)

﴿1200﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ''اہلِ صُفَّہ کی تعداد 70 تھی لیکن ان میں سے کسی ایک کے پاس بھی چادر نہ تھی۔'' (2)

﴿1201﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں صُفَّہ میں تھا کہ تاجدارِ رِسالت، شہنشاہِ نبوت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہماری طرف عَجْوہ کھجوریں بھیجیں۔ ہم بھوک کی وَجہ سے دو دو کھجوریں اکٹھی کھانے لگے اور رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دیگر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن سے فرمانے لگے: ''میں بھی دو کھجوریں اٹھا کر کھا رہا ہوں تم بھی دو دو کھجوریں اُٹھا کر کھاؤ۔'' (3)

﴿1202﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صُفَّہ والوں کے پاس تشریف لائے اور استفسار فرمایا: ''تم نے صُبح کس حال میں کی؟'' انہوں نے عرض کی: ''خیر و بھلائی کے ساتھ۔'' ارشاد فرمایا: ''آج تم بہتر ہو (اس وقت سے کہ) جب تمہارے پاس صبح کھانے کا ایک بڑا پیالہ اور شام دوسرا بڑا پیالہ لایا جائے گا اور اپنے گھروں پر اس طرح پردے لٹکاؤ گے جس طرح کعبے پر غلاف ڈالا جاتا ہے۔'' صفہ والے عرض گزار ہوئے: ''یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا ہمیں اپنے دِین پر قائم رہتے ہوئے یہ نعمتیں حاصل ہوں گی؟'' فرمایا: ''ہاں۔'' عرض کی: ''پھر تو ہم اس وقت بہتر ہوں گے کیونکہ ہم صَدَقہ و خیرات کریں گے اور غلاموں کو آزاد کریں گے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''نہیں! بلکہ تم آج بہتر ہو کیونکہ جب تم ان نعمتوں کو پاؤ گے تو آپس میں حَسَد کرنے لگو گے اور باہم قَطعِ تَعَلُّق کرنے کی آفت اور بُغض وعداوت میں پڑ جاؤ گے۔'' (4)

﴿1203﴾......حضرت سیِّدُنا حسن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب غریب و نادار مسلمانوں کے لئے صُفَّہ

---

1 ......جامع الترمذی، ابواب الزهد، باب ما جاء فی معيشة اصحاب النبی، الحديث: ٢٣٦٨، ص ١٨٨٩.

2 ......الاحسان بترتيب صحيح ابن حبان، کتاب الرقاق، الحديث: ٦٨١، ج٢، ص ٣٦، مفهومًا.

3 ......المستدرك، کتاب الاَطْعِمَة، باب النهی عن الإقران فی التمر، الحديث: ٧٢١٤، ج٥، ص ١٦٤.

4 ......الزهد لهناد بن السری، باب معيشة اصحاب النبی، الحديث: ٧٦٠، ج٢، ص ٣٩٠.



www.dawateislami.net

(یعنی چبوترہ) بنایا گیا تو مسلمان حسبِ اِستطاعت اس کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگے۔ حُضُورانور، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صُفّہ والوں کے پاس تشریف لائے اور انہیں پکار کر سلام ارشاد فرمایا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے استفسار فرمایا: ''تم نے صُبح کس حال میں کی؟'' انہوں نے عرض کی: ''خیر و بھلائی کے ساتھ۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم آج اُس دن سے بہتر ہو جب تم میں سے کسی کے پاس صبح کے وقت کھانے کا ایک بڑا پیالہ لایا جائے گا اور شام کے وقت دوسرا پیالہ پیش کیا جائے گا۔ صبح ایک لباس پہنو گے اور شام دوسرا لباس زیبِ تن کرو گے اور اپنے گھروں پر اس طرح پردے لٹکاؤ گے جس طرح بیت اللہ شریف پر غلاف ڈالا جاتا ہے۔'' انہوں نے عرض کی: ''اس دن تو ہم بہتر ہوں گے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں مختلف نعمتیں عطا فرمائے گا تو ہم ان نعمتوں پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر بجالائیں گے۔'' لیکن حُضُور نبیٔ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بلکہ تم آج اُس دن سے بدرجہا بہتر ہو۔'' (1)

## اہلِ صُفّہ کی تعداد اور حالات:

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں کہ مختلف اَوقات اور مختلف حالات میں صفہ والوں کی تعداد میں کمی بیشی ہوتی رہتی تھی۔ کبھی تو بعض اہلِ صفہ مختلف عَلاقوں میں چلے جاتے تھے اور باہر سے غُرَبا و مساکین بھی کم آتے جس کی وجہ سے صفہ والوں کی تعداد میں کمی آجاتی تھی اور کبھی فرداً فرداً اور گروہوں کی صورت میں آکر لوگ صفہ پر جَمع ہو کر اہلِ صفہ میں شامل ہو جاتے جس کی وَجہ سے ان کی تعداد بڑھ جاتی تھی۔ البتہ ان کے ظاہری احوال اور ان کی بابت مشہور رِوایات میں سے یہ ہے کہ ان پر فَقْر و فاقہ کا غَلَبہ رہتا تھا۔ اس کے باوجود بھی یہ حضرات اِیثار سے کام لیتے اور اپنے لئے فَقْر و فاقہ پسند کرتے تھے۔ انہیں پہننے کے لئے ایک سے زائد کپڑے مُیَسَّر آتے نہ رنگ برنگے کھانے ان کے ہاں پائے جاتے تھے۔ ان کے بیان کردہ اَحوال پر آنے والی اَحادیث مبارَکہ دلالت کرتی ہیں۔ چنانچہ،

﴿1204﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے 70 اہلِ صُفّہ کو دیکھا کہ وہ ایک ہی

1......الزهد لهناد بن السری، باب معیشة اصحاب النبی، الحدیث: ۷۶۱، ص ۳۹۱.



www.dawateislami.net

کپڑے میں نماز ادا کرتے۔(یعنی تمام کے پاس ایک ایک کپڑا تھا اور وہ بھی) کسی کا صرف گھٹنوں تک تھا تو کسی کا گھٹنوں سے نیچے تک۔ جب کوئی رکوع میں جاتا تو سترِ عورت[1] کے ظاہر ہونے کے خوف سے اپنے کپڑے پکڑ لیتا۔'' [2]

﴿1205﴾......حضرت سیِّدُنا وَاثِلَہ بن اَسْقَع رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں:''میں صُفَّہ والوں میں شامل تھا۔ ہم میں سے کسی کے پاس پورا لباس نہیں ہوتا تھا، ہمارا پسینہ ہمارے جسموں پر بہتا ہوا گرد وغبار کے درمیان راستہ بنالیتا۔'' [3]

﴿1206﴾......حضرت سیِّدُنا جَرِیر بن حازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ حضرت سیِّدُنا محمد بن سِیرِین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے روایت کرتے ہیں کہ شام کے وقت شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ مُعَطَّر پسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صفہ والوں کو دیگر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن میں تقسیم فرمادیتے تو کوئی 1 آدمی کو لے جاتا، کوئی 2 کو اور کوئی 3 کو۔ حتی کہ حضرتِ سیِّدُنا امام بن سیرین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن نے 10 تک کا ذکر کیا۔ حضرت سیِّدُنا سَعد بن عُبادہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہر رات 80 افراد کو اپنے گھر لاتے اور کھانا کھلاتے۔'' [4]

## فضائلِ قرآن:

﴿1207﴾......حضرت سیِّدُنا عُقْبَہ بن عامِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم صفہ میں تھے کہ حُضُورِ انور، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا:''تم میں کا کون چاہتا

---

1 ......دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مَطْبُوعہ 499 صفحات پر مشتمل کتاب،''نماز کے احکام'' صَفحہ 193 اور 194 پر شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رَضَوی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نماز کی 6 شرائط میں سے دوسری شرط بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:''(دوسری شرط) سترِ عورت (ہے، اور وہ یہ ہے کہ) مرد کے لئے ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں سمیت بدن کا سارا حصہ چُھپا ہوا ہونا ضروری ہے جبکہ عورت کے لئے ان پانچ اعضاء: مُنہ کی ٹِکلی، دونوں ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں کے تلووں کے علاوہ سارا جسم چُھپانا لازمی ہے۔ البتہ اگر دونوں ہاتھ (گٹّوں تک)، پاؤں (ٹخنوں تک) مکمل ظاہر ہوں تو ایک مُفْتٰی بِہٖ قول پر نماز دُرُست ہے۔ (الدر المختار معہ رد المحتار، ج۲، ص۹۳)

مدنی مشورہ: نماز کی شرائط، فرائض، واجبات، سُنن، مستحبات اور مسائل آسان انداز میں سیکھنے کے لئے قبلہ امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی مذکورہ کتاب ''نماز کے احکام'' کا مطالعہ بے حد مفید ہے۔ **(علمیہ)**

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، الحدیث: ۳۲، ص۳۱.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۷۰، ج۲۲، ص۷۰، مفھومًا.

4 ......المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الادب، باب ماذکر فی الشح، الحدیث: ۱۶، ج۶، ص۲۵۵.



www.dawateislami.net

ہے کہ صبح بُطحان یاعَقِیق [1] جائے پھر کسی گناہ (چوری یا غصب وغیرہ) کا ارتکاب کئے بغیر یا رِشتہ توڑے بغیر دو بڑے کوہان والی اُونٹنیاں لیتا آئے؟'' ہم نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! ہم سبھی یہ چاہتے ہیں [2]۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تو کیوں نہیں تم میں سے کوئی مَسْجِد جاتا اور کتابُ اللہ کی دو آیتوں کی تعلیم دیتا یا انہیں پڑھتا۔ یہ دو آیتیں اس کے لئے دو بڑے کوہان والی اُونٹنیوں سے بہتر ہوں گی اور تین آیتیں اس کے لئے تین اُونٹنیوں سے بہتر اور چار آیتیں اس کے لئے چار اُونٹنیوں سے بہتر ہوں گی۔ اسی طرح جتنی آیتیں سکھائے یا پڑھے اتنی اُونٹنیوں اور اُونٹوں سے بہتر ہوں گی [3]۔'' [4]

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''یہ حدیث واضح طور پر بیان کرتی ہے کہ حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اہلِ صفہ کو دنیا کی تمنا کی طرف ابھارنے والے عوارض اور اس کی طرف متوجہ ہونے والے عوامل سے اس چیز کی طرف پھیر دیتے جو ان کے حال کے زیادہ مناسب و بہتر ہوتی یعنی انہیں ہمہ وقت ذکر و فکر اور اس چیز میں مصروف رکھتے جس سے انہیں یقین کے انوار و منافع حاصل ہوتے اور ہلاکتوں اور خطرات سے ان کی حفاظت رہتی اور اس طرح وہ حضرات اپنی امیدوں سے راحت بھی پا لیتے تھے۔''

---

1 ...... حکیم الاُمَّت مولانا مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''**عَقِیْق** مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا سے دو تین میل پر ایک بازار ہے جہاں جانور زیادہ فروخت ہوتے ہیں۔ **بُطْحَان** مدینہ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا کا ایک وسیع جنگل ہے۔

2 ...... خیال رہے کہ وہ حضرات اگرچہ تارکِ دُنیا تھے مگر دین کے لئے دنیا حاصل کرنے کو بہت افضل جانتے تھے۔ دنیا اگر دین کے لئے ہو تو عین دِین ہے اور اگر طین (مٹی گارے) کے لئے ہو تو دُنیا ہے، یعنی دنی (گھٹیا) چیز، لہٰذا حدیث پر یہ اعتراض نہیں کہ وہ لوگ تو مُحِبِّ دُنیا نہ تھے پھر یہ جواب کیوں دیا۔'' (مرآۃ المناجیح، ج۳، ص۲۱۸)

3 ...... یعنی پانچ آیات پانچ اونٹوں سے افضل اور چھ یا سات آیتیں اس قدر اونٹوں سے افضل، عَرَب میں ابل مطلقاً اونٹ کو کہتے ہیں نر ہو یا مادہ اور جمل نر اونٹ کو ناقہ مادہ کو جیسے انسان یا آدمی مطلقاً انسان کو کہتے ہیں اور رجل مرد کو، **امراۃ** عورت کو۔ خیال رہے کہ یہاں آیت سے مراد آیت سیکھنا یا اس کی تعلیم میں مشغول رہنا ہے یعنی ایک آیت سیکھنا ایک اونٹنی کی ملکیت سے بہتر ہے، لہٰذا حدیث پر یہ اعتراض نہیں کہ آیتِ قرآنی تو تمام دنیا سے بہتر ہے ایک اونٹ کا ذکر کیوں ہوا یا یہ تفصیل ان اہلِ عَرَب کو سمجھانے کے لئے ہے جنہیں اونٹ بہت مرغوب ہے جیسے میٹھی نیند سونے والوں کو سمجھانے کے لئے فجر کی اذان میں کہتے ہیں ''**اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم**'' اس نیند سے بہتر ہے حالانکہ نماز تو ساری دنیا سے بہتر ہے۔

(مرآۃ المناجیح، ج۳، ص۲۱۸)

4 ...... صحیح مسلم، کتاب فضائل القرآن، باب فضل قراءۃ القرآن فی الصلاۃ و تعلمہ، الحدیث: ۱۸۷۲، ص۸۰۴۔
المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث عقبۃ بن عامر الجھنی، الحدیث: ۱۷۴۱۳، ج۶، ص۱۴۰.



www.dawateislami.net

﴿1208﴾......حضرت سیِّدُنا انس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ''ایک دن حضرتِ ابوطَلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صُفَّہ کے پاس آئے تو دیکھا کہ حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کھڑے کھڑے صُفَّہ والوں کو پڑھا رہے ہیں جبکہ حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بھوک کی وَجہ سے پیٹ پر پتھر باندھ رکھا تھا تا کہ کمر سیدھی رہے۔'' (1)

اہلِ صُفَّہ قرآنِ کریم کو سیکھنے اور سمجھنے میں مشغول رہتے اور وہ اس بات کے مُشتاق ہوتے کہ انہیں دینِ اسلام کی نئی بات مل جائے یا سابقہ دُہرالی جائے اور اس بات پر یہ روایات گواہ ہیں۔ چنانچہ،

﴿1209﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسعید خُدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ ہم مسلمانوں میں سب سے غریب تھے۔ ایک آدمی ہمیں قرآن سنا رہا تھا اور ہمارے لئے دُعا کر رہا تھا۔ میرا خیال ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کسی کو صحیح طرح دیکھ نہ پائے تھے کیونکہ نامکمل لباس ہونے کی وَجہ سے وہ ایک دوسرے سے خود کو چھپاتے تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہاتھ سے حلقہ بنانے کا اشارہ فرمایا تو سب حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے گرد حلقہ بنا کر بیٹھ گئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِستِفسار فرمایا: ''تم کیا کر رہے تھے؟'' انہوں نے عرض کی: ''یہ آدمی ہمیں قرآن سنا رہا تھا اور ہمارے لئے دُعا کر رہا تھا۔'' ارشاد فرمایا: ''اسی طرح کرو جس طرح تم کر رہے تھے۔'' پھر ارشاد فرمایا: ''تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے میری اُمّت میں وہ لوگ شامل کئے جن کے ساتھ مجھے بیٹھنے کا حکم دیا گیا۔'' پھر فرمایا: ''غریب مسلمانوں کو کامیابی کی بشارت ہو کہ وہ قیامت کے دن امیروں سے 500 سال پہلے جنّت میں داخل ہوں گے۔ یہ فُقَراجنّت میں نعمتوں سے لُطف اندوز ہو رہے ہوں گے جبکہ مالداروں کا ابھی حساب وکتاب ہو رہا ہوگا۔'' (2)

﴿1210﴾......حضرت سیِّدُنا ثابِت بُنانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ

---

1......المعجم الكبير،الحديث:٧٢٨٤،ج٢٥،ص١١٤.

2......سنن ابی داود، كتاب العلم،باب فی القصص،الحديث:٣٦٦٦،ص١٤٩٤۔

تركة النبی لحمادبن اسحاق،الحديث:٤٣،ص٤٤.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک گروہ میں بیٹھے ذِکْرُ اللّٰہ میں مشغول تھے کہ وہاں سے حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا گزر ہوا تو سب خاموش ہوگئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے استفسار فرمایا: ''تم کیا کہہ رہے تھے؟'' عرض کی: ''ہم اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا ذکر کررہے تھے۔'' ارشاد فرمایا: ''ذکر کرو میں نے تم پر رحمت نازل ہوتے دیکھی تو چاہا کہ میں بھی تمہارے ساتھ شریک ہوجاؤں۔'' پھر فرمایا: ''تمام تعریفیں اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے میری اُمّت میں ایسے لوگوں کو شامل فرمایا جن کے پاس مجھے بیٹھنے کا حکم دیا گیا۔'' (1)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم اَحمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن اور قیامت تک ان کی پیروی کرنے والے جنہوں نے فَقْر و فاقہ کو اپنایا وہ دین کی ایک علامت ہیں۔ ان کی صداقت کے عَلَم بلند ہیں۔ ان کے دل حق تعالیٰ کے مُشاہَدہ سے آباد ہیں اور وہ ہی ان کا گواہ اور ان کا کارساز ہے۔ حُضُور سیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ان کے کفیل اور میزبان تھے۔ اور جو شخص دُنیا اور اس کے پُرفریب مال سے منہ موڑنے، آخرت اور اس کی نعمتوں سے رشتہ جوڑنے، کمزور و ناپائیدار چیزوں سے اپنے آپ کو روکنے، رنگین دُنیا کی غافل کردینے والی آسائشوں سے دور بھاگنے، ہمیشہ رہنے والے اپنے پروردگار عَزَّوَجَلَّ کی قدرت کا مُشاہَدہ کرنے اور آنے والی راحتوں یعنی ہمیشہ رہنے والی آخرت، اس کی تروتازگی، دائمی سُکُون و رَونق، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی ملاقات اور اس کی چاشنی اور دیدارِ الٰہی اور اس کی لذّت پانے کا خواہش مند ہے اس پر لازم ہے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اس کے لئے جو فقر پسند فرمایا اس پر راضی رہے۔ جن کاموں سے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے اسے روکا ان سے باز رہے، جو اسے پسند ہے اس میں کوشش کرے۔ اپنے دلی خیالات کی کڑی نگرانی کرے تاکہ اس کا شمار پاکیزہ لوگوں میں ہو اور اس کا حشر غُرَبا و مساکین کے ساتھ ہو اور اسے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے مقرّب و برگزیدہ بندوں کا قُرب نصیب ہو۔ اپنی زندگی کے قیمتی لمحات کو غنیمت سمجھے۔ لوگوں سے بلاضَرورت ملنے جُلنے سے اِحتِراز کرے۔ ناحق اور باطل لوگوں سے مُصالحت کرکے اپنا وقت برباد نہ کرے اور اپنے تمام اَحوال میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پیروی میں رہتے ہوئے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کے لئے کوشاں رہے۔ چنانچہ،

---

1 ......المستدرك، كتاب العلم، باب الرحمة تنزل على جماعة يذكرون الله، الحديث: ٤٢٧، ج١، ص٣٢٦۔
سنن ابی داؤد، كتاب العلم، باب فی القصص، الحديث: ٣٦٦٦، ص١٤٩٤۔



www.dawateislami.net

﴿1211﴾......حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم جب کسی کو پریشانی میں مُبتلا دیکھتے تو اسے نماز پڑھنے کا حکم ارشاد فرماتے۔'' (1)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیْم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: اہلِ صُفَّہ نے صُفَّہ کو اپنا ٹھکانہ بنایا اور باطنی آرائشوں سے اپنے آپ کو پاک کیا۔ اَغیار سے کنارا کَش رہے۔ شادمانیوں اور خوشیوں سے محفوظ رہے۔ نیکوں کے طریقہ پر ثابت قدم رہے۔ لہٰذا انہیں دائمی نعمتوں کے باغوں میں اتارا گیا اور انہیں خالص تَسْنِیم سے سیراب کیا گیا۔

﴿1212﴾......حضرت سیِّدُنا ابو صالح رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ''وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِیْمٍ ﴿۲۷﴾'' (پ ۳۰، المطففین: ۲۷) ترجمۂ کنزالایمان: اور اس کی ملونی تَسْنِیم سے ہے۔'' کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ '' تَسْنِیم اہلِ جنت کی اعلیٰ ترین شراب ہے جو مقربینِ بارگاہِ الٰہی کو خالص ملے گی جبکہ دیگر کو تَسْنِیم کی آمیزش کی ہوئی شراب ملے گی۔'' (2)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیْم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ''اہلِ صُفَّہ مختلف قبائل وعلاقوں کے نیک لوگ تھے۔ انہوں نے انوار کا لبادہ اوڑھا۔ اذکار سے اپنے دلوں کو پاکیزہ کیا۔ ان کے اعضاء نے راحت پائی اور ان کے باطنی اسرار مُنوّر ہوگئے۔ چونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنی رِضا ان کے شاملِ حال کر دی تھی اس لئے انہوں نے دھوکا اور لَہْو ولَعِب میں مشغول ہونے والوں سے اعراض کیا۔ وہ زائل وختم ہونے والی اور نقصان دِہ دنیا سے صلح کرنے والوں سے دور رہے۔ حاسد دشمن سے مصالحت کرنے سے باز رہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات جس نے ان کی حمایت کی اس کے دامنِ رحمت کو ہر حال میں تھامے رکھا۔ الغرض دنیا سے بالکل قَطعِ تَعَلُّقی اِختیار کی۔ دُنیاوی ملبوسات میں سے پھٹے پرانے کپڑے پہنے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کسی کی طرف مُتَوَجِّہ نہ ہوئے۔ انہوں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا ومَحَبَّت پر بھروسا کیا۔ اسی وجہ سے فِرِشتوں نے بھی ان کی زیارت ودوستی میں رَغبت کی اور حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو بھی ان کے ساتھ گفتگو کرنے اور مل بیٹھنے کا حکم دیا گیا۔ چنانچہ،

﴿1213﴾......حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے اس آیت مبارکہ:

---

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الصلوات......الخ، الحدیث: ۳۱۸۳، ج۳، ص ۱۵۴.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، الحدیث: ۱۳۸، ص ۶۰.



www.dawateislami.net

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ (پ۷،الانعام:۵۲)

ترجمۂ کنز الایمان: اور دور نہ کروانہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور شام اس کی رضا چاہتے۔

کا شانِ نُزُول مَنقول ہے کہ اَقْرَع بن حابِس تَیْمِی اور عُیَیْنَه بن حَصَن فَزارِی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں آئے۔ اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم حضرت بلال، حضرت عمّار، حضرت صُہَیب اور چند دیگر غریب صحابہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے ہمراہ تشریف فرما تھے۔ انہوں نے ان غُرَبا کو بیٹھے دیکھا تو انہیں حقیر جانتے ہوئے سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے علیحدہ ملاقات کے لئے کہا کہ ''ہم خاص وقت چاہتے ہیں تاکہ عَرَبوں کو ہمارا مقام معلوم ہو۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس عرب کے قاصد آتے ہیں تو ہمیں شرم مَحسُوس ہوتی ہے کہ وہ لوگ ہمیں ان غلاموں کے ساتھ بیٹھا دیکھیں۔ جب ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں آئیں تو ان لوگوں کو ہٹا دیا کیجئے اور جب ہم چلے جائیں تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اِختیار ہے۔'' یہ سُن کر حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہاں یہ ممکن ہے۔'' انہوں نے کہا: ''تو اگر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اس مضمون کی ایک تحریر لکھ دیں تو زیادہ مناسب ہے۔'' حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس تحریر کے لئے کاغذ منگوایا اور حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو لکھنے کے لئے طلب فرمایا۔ حضرت سیِّدُنا خَبّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''ہم لوگ ایک گوشہ میں صبر کئے بیٹھے تھے۔ ابھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم لکھوانا ہی چاہتے تھے کہ حضرت سیِّدُنا جبرائیل عَلَیْہِ السَّلَام یہ حکمِ ربانی لے کر حاضر ہوگئے:

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَیْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّ مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَیْهِمْ مِّنْ شَیْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۲﴾ (پ۷،الانعام:۵۲)

ترجمۂ کنز الایمان: اور دور نہ کروانہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صُبح اور شام اس کی رِضا چاہتے تم پر ان کے حِساب سے کچھ نہیں اور ان پر تمہارے حِساب سے کچھ نہیں پھر انہیں تم دور کرو تو یہ کام اِنصاف سے بعید ہے۔



www.dawateislami.net

اس کے بعد اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اَقْرَع بن حابِس تَیمِی اور عُیَینَہ بن حَصَن فَزَارِی کے بارے میں فرمایا:

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْۤا اَهٰۤؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ (پ۷،الانعام:۵۳)

ترجمۂ کنزالایمان: اور یونہی ہم نے ان میں ایک کو دوسرے کے لئے فتنہ بنایا کہ مالدار کا فرمحتاج مسلمانوں کو دیکھ کر کہیں کیا یہ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہم میں سے کیا اللہ خوب نہیں جانتا حق ماننے والوں کو۔

اور اس کے بعد فرمایا:

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ (پ۷،الانعام:۵۴)

ترجمۂ کنزالایمان: اور جب تمہارے حُضُور وہ حاضر ہوں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو ان سے فرماؤ تم پر سلام تمہارے رب نے اپنے ذمہ کرم پر رحمت لازم کرلی ہے۔

حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''جب یہ آیات نازل ہوئیں تو حُضُور نبیِّ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کاغذ ایک طرف رکھ دیا اور ہمیں اپنے پاس بلایا، ہم پاس گئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم پر سلام ہو۔'' پھر ہم حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اتنے قریب ہو کر بیٹھتے کہ آپ کے زانو سے ہمارے زانو مل جاتے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یہ مَعْمُول تھا کہ ہمارے پاس تشریف فرما رہتے اور جب جانے کا ارادہ کرتے تو ہمارے اٹھنے کا اِنتظار کئے بغیر اٹھ کر تشریف لے جاتے تو اس کے مُتَعَلِّق یہ آیات نازل ہوئیں:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ (پ۱۵،الکھف:۲۹)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اپنی جان ان سے مانوس رکھو جو صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے اور تمہاری آنکھیں انہیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں کیا تم دنیا کی زندگی کا سنگار چاہو گے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فرمایا: ''آپ کی آنکھیں ان فُقَرا مؤمنین کو چھوڑ کر اَشرافِ قُرَیش پر نہ پڑیں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اَشرافِ قُرَیش کو اپنے پاس بٹھائیں۔'' مزید فرمایا:



www.dawateislami.net

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ (پ۱۵، الکھف:۲۸)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اس کا کہنا نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا اور اس کا کام حد سے گزر گیا۔

وہ جن کے دل اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنی یاد سے غافل کر دئے وہ اَقْرَع بن حابِس تَیمِی اور عُیَیْنَہ بن حَصَن فَزَارِی ہیں اور "فُرُطًا" سے مُراد ان کی ہلاکت ہے۔ اس کے بعد اللہ عَزَّوَجَلَّ نے "وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ" اور "وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا" سے ان کی مثال بیان فرمائی۔ حضرت سَیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: "پھر ہماری حالت یہ تھی کہ حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے درمیان بیٹھے رہتے جب تک ہم نہ اُٹھتے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی نہ اُٹھتے۔ پھر ہم اُٹھ کر چلے جاتے جبکہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم وہیں تشریف فرما ہوتے۔" (1)

﴿1214﴾......حضرت سَیِّدُنا سلمان فارسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ مُؤَلَّفَةُ الْقُلُوب (یعنی جن کے دلوں کو اسلام سے الفت دی جائے) میں سے اَقْرَع بن حابِس تَیْمِی اور عُیَیْنَہ بن حَصَن فَزَارِی اور کچھ اور لوگ بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں آئے اور کہا: "یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! بے شک آپ مَسْجِد میں تشریف رکھیں لیکن ہمارے لئے ان لوگوں اور ان کے جُبّوں کی بو سے علیحدہ ہو کر تشریف فرما ہوں تاکہ ہم آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صُحبت میں بیٹھ سکیں اور آپ سے کچھ عِلْم حاصل کریں۔" ("ان لوگوں" سے ان کی مُراد حضرت ابوذر، حضرت سلمان اور دیگر فُقَرا صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن تھے جو اُونی جُبّے پہنتے تھے۔ جن کے علاوہ ان کے پاس کوئی دوسرا لباس نہ تھا) تو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ارشاد فرمایا:

وَاتْلُ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ

ترجمۂ کنزالایمان: اور تلاوت کرو جو تمہارے رب کی کتاب تمہیں وحی ہوئی اس کی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں اور ہرگز تم اس کے سوا پناہ نہ پاؤ گے اور اپنی جان ان سے مانوس رکھو جو صبح

---

1 ......سنن ابن ماجه، ابواب الزهد، باب مجالسة الفقراء، الحديث: ٤١٢٧، ص ٢٧٢٨۔

المعجم الكبير، الحديث: ٣٦٩٣، ج ٤، ص ٧٥ تا ٧٧.



www.dawateislami.net

يَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَدٰوةِ وَالۡعَشِيِّ يُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ وَلَا تَعۡدُ عَيۡنٰكَ عَنۡهُمۡ ۚ تُرِيۡدُ زِيۡنَةَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ وَلَا تُطِعۡ مَنۡ اَغۡفَلۡنَا قَلۡبَهٗ عَنۡ ذِكۡرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمۡرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ ۟ فَمَنۡ شَآءَ فَلۡيُؤۡمِنۡ وَّمَنۡ شَآءَ فَلۡيَكۡفُرۡ ۙ اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلظّٰلِمِيۡنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمۡ سُرَادِقُهَا ؕ

وشام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے اور تمہاری آنکھیں انہیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں کیا تم دنیا کی زندگی کا سنگار چاہو گے اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا اور اس کا کام حد سے گزر گیا اور فرما دو کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے بے شک ہم نے ظالموں کے لئے وہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں انہیں گھیر لیں گی۔

(پ ۱۵، الکھف: ۲۷ تا ۲۹)

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے انہیں آگ سے ڈرایا۔ جب یہ آیات نازل ہوئیں تو حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اُٹھے اور صفہ والوں کو تلاش کرنے لگے حتی کہ انہیں مَسْجِد کی پچھلی جانب اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر میں مشغول پایا تو فرمایا: ''تمام تعریفیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ہیں جس نے مجھے اس وقت تک وفات نہیں دی جب تک مجھے اپنی اُمّت کے کچھ لوگوں کے ساتھ اپنی جان کو مانوس رکھنے (یعنی ان کے پاس بیٹھنے) کا حکم نہ دے دیا۔ لہٰذا میرا جینا مرنا تمہارے ساتھ ہی ہے۔'' (1)

﴿1215﴾......حضرت سَیِّدُنا سَعْد بن اَبی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ یہ آیت حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے 6 صحابہ کے بارے میں نازل ہوئی جن میں سے ایک حضرت سَیِّدُنا عبداللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔ ہم حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے تو قریب تر ہو کر بیٹھتے تھے۔ قُرَیْش نے ہمیں دیکھ کر عرض کی: ''آپ ہمارے علاوہ ان لوگوں کو اپنے قریب بٹھاتے ہیں؟'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے کچھ ارادہ فرمایا ہی تھا کہ یہ آیت نازل ہوئی:

وَلَا تَطۡرُدِ الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَدٰوةِ وَالۡعَشِيِّ يُرِيۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ ؕ مَا عَلَيۡكَ

ترجمۂ کنز الایمان: اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور شام اس کی رضا چاہتے تم پر ان کے حساب سے کچھ

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الزھد وقصر الامل، الحدیث: ١٠٤٩٤، ج٧، ص٣٣٦.



www.dawateislami.net

مِنۡ حِسَابِهِمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ وَّ مَا مِنۡ حِسَابِكَ عَلَیۡهِمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ فَتَطۡرُدَهُمۡ فَتَكُوۡنَ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۵۲﴾ (پ۷،الانعام:۵۲)

نہیں اور ان پر تمہارے حساب سے کچھ نہیں پھر انہیں تم دور کرو تو یہ کام اِنصاف سے بعید ہے۔ (1)

﴿1216﴾......حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ہم 6 افراد حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمَّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر تھے کہ مُشرِکین نے عرض کی: ''ان لوگوں کو اپنے سے دور کیجئے کیونکہ یہ اس اس طرح ہیں (یعنی انہیں حقیر جانا)۔'' حضرت سیِّدُنا سَعْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''وہ 6 اَفراد تھے یعنی مَیں، حضرت عبد اللّٰہ بن مسعود، حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا، قبیلہ ہُذَیل کے ایک فرد اور دو آدمی اور تھے جن کے نام مجھے یاد نہیں رہے۔ تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دل میں وہ بات آئی جو ربّ عَزَّوَجَلَّ نے چاہی۔ پس کچھ ارادہ فرمایا ہی تھا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے یہ حکم نازل فرمایا:

وَلَا تَطۡرُدِ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَدٰوةِ وَالۡعَشِیِّ یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ ؕ مَا عَلَیۡكَ مِنۡ حِسَابِهِمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ وَّ مَا مِنۡ حِسَابِكَ عَلَیۡهِمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ فَتَطۡرُدَهُمۡ فَتَكُوۡنَ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۵۲﴾ (پ۷،الانعام:۵۲)

ترجَمۂ کنز الایمان: اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صُبح اور شام اس کی رضا چاہتے تم پر ان کے حساب سے کچھ نہیں اور ان پر تمہارے حساب سے کچھ نہیں پھر انہیں تم دور کرو تو یہ کام انصاف سے بعید ہے۔ (2)

﴿1217﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ قُرَیش کا ایک گروہ سرکارِ مدینہ، رَاحتِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس سے گزرا۔ اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس حضرت صُہَیب، حضرت بلال، حضرت خَبَّاب، حضرت عَمَّار اور اَصحابِ صُفّہ میں سے چند دیگر نادار مسلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم موجود تھے۔ قُرَیش نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا آپ اپنی قوم سے ان لوگوں پر راضی ہو گئے؟ کیا ہم ان لوگوں کے تابع ہو گئے؟ کیا یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فَضْل واحسان

1 ......تفسیر الطبری، الانعام، تحت الآیة ۵۲، الحدیث: ۱۳۲۶۶، ج۵، ص۲۰۰.

2 ......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب فی فضل سعد بن ابی وقاص، الحدیث: ۶۲۴۱، ص۱۱۰۳.



www.dawateislami.net

کیا ہے؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم انہیں اپنے سے دور کیجئے۔ ہوسکتا ہے کہ ان کے دور کرنے سے ہم آپ کی اتباع کریں۔'' حضرت سیِّدُ ناعبد اللہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''اس پر یہ آیات نازل ہوئیں:

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْۤا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ (پ۷،الانعام:۵۱،۵۲)

ترجمۂ کنز الایمان: اور اس قرآن سے انہیں ڈراؤ جنہیں خوف ہو کہ اپنے رب کی طرف یوں اٹھائے جائیں گے کہ اللہ کے سوا نہ ان کا کوئی حمایتی ہو نہ کوئی سفارشی اس امید پر کہ وہ پرہیز گار ہو جائیں اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صُبح اور شام اس کی رضا چاہتے تم پر ان کے حساب سے کچھ نہیں اور ان پر تمہارے حساب سے کچھ نہیں پھر انہیں تم دور کرو تو یہ کام انصاف سے بعید ہے۔ [1]

﴿1218﴾ ......حضرت سیِّدُ ناعائذ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ابوسُفیان، حضرت سلمان، حضرت صُہَیب اور حضرت بِلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُم کے پاس سے گزرے [2] تو ان حضرات نے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تلواریں ابھی تک اللہ عَزَّوَجَلَّ کے دُشمن کی گردن میں اپنی جگہ پر نہیں گذریں؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا تم قُرَیش کے مُعَزز وسردار کے بارے میں ایسا کہتے ہو؟'' پھر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر اس بات کی اطلاع دی تو سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابوبکر! شاید! تم نے انہیں ناراض کر دیا ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر تم نے انہیں ناراض کر دیا تو تم نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ کو ناراض کر دیا [3]۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسی وقت ان حضرات

---

1 ......البحر الزخار المعروف بمسند البزار، مسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث:۲۰۴۱،ج۵،ص۴۰۹.

2 ......مُفَسِّرِ شہیر حکیم الاُمَّت مُفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''یہ واقعہ صُلحِ حُدیبیہ کے بعد اور فتحِ مکّہ سے پہلے کا ہے جب کے ابوسفیان مسلمان نہیں ہوئے تھے مگر صُلح ہو جانے کی وجہ سے مدینہ منوّرہ آیا جایا کرتے تھے کیونکہ وہاں ان کی دُختر حضرت اُمِّ حبیبہ حُضُور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زوجہ تھیں۔ (مرآۃ المناجیح، ج۸، ص۵۲۲)

3 ......یعنی اے ابوبکر نیت تمہاری بالکل دُرُست ہے مگر اس میں ایک کافر کی حمایت کی مہک آرہی ہے ممکن ہے کہ اس وجہ سے ان حضرات کے دل کو صَدمہ پہونچا ہو اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالٰی اور حُضُور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خوشنودی مساکین و غربا خصوصا مساکین صحابہ کی رضا......



www.dawateislami.net

کے پاس آئے اور کہا: ''اے میرے بھائیو! شاید میں نے تمہیں ناراض کر دیا ہے؟'' وہ بولے: ''نہیں اے ابوبکر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْه! یَغْفِرُ اللہُ لَکَ (1) یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی مَغْفِرت فرمائے۔'' (2)

﴿1219﴾......حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْه سے روایت ہے کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ اس علم سے بعض قوموں کو بلند مقام عطا فرماتا اور انہیں مقتدا و پیشوا بناتا ہے۔ لوگ نیکی میں ان کی پیروی کرتے۔ ان کے نَقْشِ قدم پر چلتے اور ان کے اَعمال کو مَشعلِ راہ بناتے ہیں۔ فِرِشتے ان کی دوستی میں رَغْبَت رکھتے اور انہیں اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں۔'' (3)

﴿1220﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عَمْرو بن عاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْه سے مروی ہے کہ سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تم جانتے ہو کہ جنّت میں سب سے پہلے کون داخل ہوگا؟'' صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن نے عرض کی: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم بہتر جانتے ہیں۔'' فرمایا: جنّت میں سب سے پہلے فُقَرا مُہاجِرین صحابہ داخل ہوں گے جن کے ذریعے ناپسندیدہ حالات سے بچاؤ کیا گیا۔ ان میں سے کوئی وفات پاتا ہے تو اس کے اَرمان اس کے دل میں ہوتے ہیں۔ انہیں اپنے اَرمان پورے کرنے کے اسباب مہیا نہیں ہوتے۔ (اس وقت) فِرِشتے عرض کریں گے: ''اے ہمارے رب عَزَّوَجَلَّ! ہم تیرے فِرِشتے ہیں۔ تیرے آسمانوں میں بستے ہیں۔ تو ان کو ہم سے پہلے جنّت میں داخل نہ فرما۔'' اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: ''یہ میرے وہ بندے ہیں جنہوں نے کسی کو میرا شریک نہیں ٹھہرایا۔ ان کے ذریعے ناپسندیدہ حالات سے بچاؤ کیا گیا۔ ان میں سے کوئی وفات پاتا تو اس کے اَرمان اس کے دل میں ہوتے تھے کیونکہ انہیں اپنے ارمان پورے کرنے کے اَسباب مہیا نہیں ہوتے تھے۔'' یہ سن کر فِرِشتے ہر دروازے سے ان پر یہ کہتے آئیں گے سلامتی ہو تم پر

......خوشنودی میں ہے اس کی ناراضی ان حضرات کی ناراضی میں ہے۔ شعر

دِلَا خُوش بَاش کَان سُلْطَان دِیْن رَا     بَدَرْوِیْشَاں وَمَسْکِیْنَاں سَرے هَسْت

1 ......عَرَب میں اِظہارِ خوشی کے لئے کہتے ہیں وہ ہی محاورہ یہاں اِستعال ہوا ہے رب فرماتا ہے: عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ

(مرآۃ المناجیح، ج۸، ص۵۲۳)

2 ......صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل سلمان و بلال و صهيب، الحديث: ۶۴۱۲، ص۱۱۱۸۔

المعجم الكبير، الحديث: ۲۸، ج۱۸، ص۱۸۔

3 ......الفردوس بماثور الخطاب، باب الياء، الحديث: ۸۱۲۴، ج۵، ص۲۶۰۔



www.dawateislami.net

تمہارے صبر کا بدلہ تو آخرت کا گھر کیا ہی خوب ملا۔‘‘ (1)

﴿1221﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن علی بن حسین بن علی بن اَبی طالب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْھُم نے اس آیت: اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا (پ۱۹،الفرقان:۷۵) ترجمۂ کنزالایمان: ان کو جنّت کا سب سے اُونچا بالاخانہ انعام ملے گا بدلہ ان کے صبر کا۔ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: ’’بالاخانے سے مراد جنّت ہے اور یہ بدلہ ہے اس کا جو انہوں نے دُنیا میں فَقْر وفاقہ پر صبر کیا۔‘‘ (2)

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابونُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ’’میں نے متاخرین میں ایک عالم کو دیکھا کہ انہوں نے اصحابِ صُفّہ کے ناموں کو ذکر کرنے اور انہیں حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق جمع کرنے میں بہت زیادہ تلاش وجُستجو کی ہے اور جن فُقَرا مُہاجرین کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں انہوں نے ان کو بھی صفہ والوں میں شامل کر دیا۔ البتہ مجھے میرے بعض دوستوں نے کہا کہ میں بھی ان کی کتاب کی پیروی کروں حالانکہ ان کی کتاب میں ایسے کئی افراد کا ذکر بھی موجود ہے جن کے اصحابِ صفہ ہونے کا خالی وہم ہے کیونکہ مدینہ میں ایک جماعت اہلِ قُبَّہ کے نام سے مشہور ہوئی تھی لیکن انہوں نے ان کی نسبت بھی اہلِ صفہ کی طرف کر دی اور یہ بعض ناقلین کی خطا ہے اسے ہم اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے مقام پر پہنچ کر واضح کریں گے۔ اب ہم اصحابِ صُفّہ کے تذکرے کی اِبتدا کرتے ہیں۔‘‘

# حضرت سیِّدُنا اَوس بن اَوس ثقفی

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا اَوس بن اَوس ثَقَفِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے نامِ نامی اسمِ گرامی میں ایک قول اَوس بن حُذَیفہ کا ملتا ہے۔ ان کی نسبت اہلِ صفہ کی طرف وہم کی وجہ سے کی گئی ہے کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قبیلہ بنو ثَقِیف کے ایک وفد کے ساتھ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ظاہری حیاتِ طَیِّبہ کے آخر میں اپنے اِتّحادیوں کے ساتھ مدینہ طَیِّبہ آئے تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا تَعَلُّق قبیلہ بنو مالک سے تھا۔ انہیں حُضُور

---

(1)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند عبداللّٰہ بن عمرو بن العاص، الحدیث: ۶۵۸۱، ج۲، ص۵۷۲، بتغیرٍ قلیلٍ.

(2)......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الصبر، الحدیث: ۲۸، ج۴، ص۲۶، بدون "فی دار الدنیا".



www.dawateislami.net

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قُبَّہ میں ٹھہرایا تھا نہ کہ صفہ میں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے بَہُت سی اَحادیث رِوایت کی ہیں۔البتہ اہلِ صفہ کے بارے میں آپ سے کوئی بات منقول نہیں۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی چند مرویات یہ ہیں۔

﴿1222﴾......حضرت سیِّدُنا اَوْس بن اَوْس ثَقَفِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ہم مَسْجِدِ نبوی عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے ایک خیمے میں تھے کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف لائے تو ایک شخص آیا۔اس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے کان میں کچھ کہا جس کا ہمیں علم نہ ہوا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جاؤ! ان سے کہو کہ وہ اسے قتل کر ڈالیں۔'' پھر فرمایا: ''شاید وہ لَا اِلٰــــہَ اِلَّا اللّٰــــہ کی گواہی دیتا ہو؟'' اس نے عرض کی: ''جی ہاں۔'' فرمایا: ''تو پھر جا کر ان سے کہو کہ وہ اسے چھوڑ دیں کیونکہ مجھے لوگوں سے جہاد کرنے کا حکم دیا گیا ہے تا کہ وہ ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' کی گواہی دیں۔پس جب وہ اس بات کی گواہی دے دیں تو ان کے خون، ان کے اَموال مجھ پر حرام ہیں سوائے کسی اِسلامی حق کے اور ان کا حساب اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے ذمہ ہے۔'' حضرت سیِّدُنا شُعْبَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اپنی حدیث میں بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا اَوْس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں قُبَّہ کی نچلی جانب بیٹھا ہوا تھا۔'' (1)

﴿1223﴾......حضرت سیِّدُنا عثمان بن عبد اللّٰہ بن اَوْس ثَقَفِی اپنے دادا حضرت سیِّدُنا اَوْس بن حُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم بنوثقیف کے وفد کے ہمراہ حُضُور نبیٔ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔مُعاہَدے والے تو حضرت مُغِیْرَہ بن شُعْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ہاں ٹھہر گئے اور بنو مالک کو حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنے قُبَّہ (یعنی خیمہ) میں ٹھہرایا۔پس رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس عشا کی نماز کے بعد تشریف لاتے اور ہم سے گفتگو فرماتے۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اکثر قریش کا شکوہ کرتے اور فرماتے: ''ہم مکّہ میں بے یار و مددگار اور کمزور تھے پھر جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے قوم قُرَیْش سے انصاف لیا۔'' (2)

---

1 ......المعجم الکبیر،الحدیث:۵۹۳/۵۹۲،ج۱،ص۲۱۸۔۲۱۷.

2 ......مسند ابی داود الطیالسی،حدیث اوس بن حذیفۃ الثقفی،الحدیث:۱۱۰۸،ص۱۵۱.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا اَسماء بن حارِثہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا اسماء بن حارِثہ اَسلمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جوحضرت سیِّدُ نا ہِنْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بھائی ہیں۔ انہیں بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے حضرت اَسماء وحضرت ہِنْد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کو حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خدمت گزاروں میں دیکھا ہے۔ یہ اَکثر دروازے پر حاضر رہتے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں مصروف رہا کرتے۔'' بعض متاخرین نے کہا ہے کہ ''یہ اہلِ صفہ ہی میں سے ہیں۔''

﴿1224﴾...... حضرت سیِّدُ نا عبداللہ بن محمد بَغَوی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُ نا محمد بن سَعْد وَاقِدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کی ایک کتاب میں پڑھا کہ حضرت سیِّدُ نا اسماء بن حارِثہ بن سَعِید بن عبداللہ بن عَبَّاد بن سَعْد بن عامِر بن ثَعْلَبہ بن مالِک بن اَفْصٰی حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابی ہیں اور اہلِ صفہ میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی وفات 60ھ کو بصرہ میں ہوئی اور 80 سال کی عُمر پائی۔'' (1)

## عاشورہ کے روزے کی اَہَمِّیَّت:

﴿1225﴾...... حضرت سیِّدُ نا اَسماء بن حارِثہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ مَحْبُوبِ رَبُّ العزت، محسنِ اِنسانیت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے بھیجا اور ارشاد فرمایا: ''اپنی قوم کو جا کر حکم دو کہ وہ آج کا روزہ رکھیں۔'' میں نے عرض کی: ''اگر میں انہیں کھانا کھاتا پاؤں تو کیا ارشادِ عالی سناؤں؟'' ارشاد فرمایا: ''پھر وہ اپنا بقیہ دن روزے سے رہیں (یعنی شام تک کچھ نہ کھائیں)۔'' اور یہ عاشوراء (یعنی دس محرم) کا دن تھا۔'' (2)

# حضرت سیِّدُنا اَغَرّ مُزَنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا اَغَرّ مُزَنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُ نا موسیٰ بن عُقْبہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے سے بغیر کسی اسناد کے اہلِ صفہ میں شمار کیا گیا ہے۔

---

(1)......الطبقات الکبریٰ لابن سعد،الرقم ۵۱۵ اسماء بن حارثة،ج ٤،ص ۲٤۰،بدون "بصرة".

(2)......المستدرك،کتاب معرفة الصحابة،باب هندبن حارثة الاسلمی،الحدیث: ٦٣١١،ج ٤،ص ٦٨٠.



www.dawateislami.net

## ہر روز 100 بار اِسْتِغْفار:

﴿1226﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُنا اَغَرّ مُزَنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ حَتّٰی اَسْتَغْفِرَ اللّٰہَ مِائَۃَ مَرَّۃٍ یعنی میرے دل پر پردہ آتا رہتا ہے حتی کہ میں 100 بار اِسْتِغْفار کرتا ہوں [1]۔'' [2]

﴿1227﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوبُرْدَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے جُہَیْنَہ قبیلے کے اَغَرّ نامی ایک شخص کو حضرت سیِّدُنا عبداللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے سے حدیث بیان کرتے سنا کہ میں نے حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا کہ ''اے لوگو! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں توبہ کرو۔ دیکھو! میں دن میں 100 بار توبہ کرتا ہوں۔'' [3]

# حضرت سیِّدُنا بِلال بن رَباح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا بلال بن رَباح رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شُمار بھی اہلِ صفہ میں ہوتا ہے۔ ہم ان کا تذکرہ پہلے کر چکے ہیں۔ جن کو راہِ خدا میں سب سے پہلے ستایا گیا یہ ان میں سے ہیں اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضور سید عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خازن تھے۔

---

1 ...... مفسرِ شہیر حکیم الاُمت مُفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''اس پردے کے مُتَعَلِّق شارحین نے بہت خامہ فرسائی کی ہے۔ بعض کے نزدیک اس سے مراد حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کی دنیا میں مشغولیت ہے، بعض نے فرمایا کہ اس سے سونا مراد ہے، بعض کے خیال میں اس سے مراد اجتہادی خطائیں ہیں، مگر حق یہ ہے کہ یہاں ''غین'' سے مراد اپنی امت کے گناہوں کو دیکھ کر غم فرمانا ہے اور استغفار سے مراد ان گنہگاروں کے لئے اِستغفار کرنا ہے حُضُور انور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تا قیامت اپنی امت کے سارے حالات پر مُطَّلَع ہیں، ان گناہوں کو دیکھتے ہیں، دل کو صَدمہ ہوتا ہے، اس صَدمہ کے جوش میں انہیں دعائیں دیتے ہیں (لمعات، مرقات، اشعہ وغیرہ) اس کی تائید قرآن کریم کی اس آیت سے ہوتی ہے ''عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ'' اے مسلمانو! تماری تکلیفیں ان پر گراں ہیں۔ شعر

بد ہنسیں تم ان کی خاطر      رات بھر روؤ کرا ہو
بد کریں ہر دم برائی      تم کہو ان کا بھلا ہو

(مرآۃ المناجیح، ج۳، ص۳۵۳)

2 ...... المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث الاغر المزنی، الحدیث: ۱۷۸۶۶، ج۶، ص۲۵۷.

3 ...... صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء، باب استحباب الاستغفار والاستکثار منہ، الحدیث: ۶۸۵۹، ص۱۱۴۷، بتغیر.



www.dawateislami.net

## سردی گرمی میں بدل گئی:

﴿1228﴾......حضرت سیِّدُنا جابِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بتایا کہ مَیں نے ایک سخت سرد رات میں فجر کی اذان کہی لیکن مَسْجِد میں کوئی نہ آیا کچھ دیر بعد میں نے پھر اذان دی مگراب کی بار بھی کوئی نہ آیا۔ جب شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے یہ مُلاحظہ فرمایا تو استفسار فرمایا: ''لوگوں کو کیا ہوا؟'' میں نے عرض کی: ''سَخْت سردی نے لوگوں کو مَسْجِد میں آنے سے روک رکھا ہے۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دُعا فرمائی: ''اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ! لوگوں سے سردی کو دور فرما۔'' حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ (سردی ایسی دور ہوئی کہ) میں نے لوگوں کو صُبْح کے وقت گرمی کی وجہ سے پنکھا جھلتے ہوئے دیکھا۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا بَرَاء بِن مَالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا بَرَاء بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ، حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بھائی ہیں۔ حضرت سیِّدُنا محمد بن اِسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق سے منقول ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی اہلِ صفہ میں سے ہیں لیکن اس بات کی سَنَد مذکور نہیں۔ حضرت سیِّدُنا بَرَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُحد اور اس کے علاوہ دیگر غَزْوات میں بھی شریک ہوئے اور جنگ تُسْتَر میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شہادت ہوئی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پاکیزہ دل کے مالک، خوش اِلحانی سے پڑھے جانے والے اشعار کی طرف میلان رکھتے۔ تَرَنُّم سے لطف پاتے تھے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک بہادُر سپہ سالار و شہسوار تھے۔

﴿1229﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ رحمتِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کتنے ہی بکھرے بالوں والے، پھٹے پرانے کپڑوں والے جن کی پرواہ نہیں کی جاتی (لیکن ان کی شان یہ ہے کہ) اگر وہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھالیں تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ان کی قسم ضرور پوری فرماتا ہے۔ براء بن مالک

---

1 ......کتاب الضعفاء للعقیلی، الرقم ۱۳۰، ایوب بن سیار الزھری ابو سنان، ج ۱، ص ۱۲۹۔
المعجم الکبیر، الحدیث: ۱۰۶۶، ج ۱، ص ۳۵۱.


www.dawateislami.net

بھی انہی میں سے ہیں۔'' چنانچہ، جب معرکۂ تُستر کے دن مسلمانوں کو عارضی ہزیمت اُٹھانی پڑی تو انہوں نے حضرت سیِّدُنا بَرَاء بن مالک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: ''اے بَرَاء! اپنے رب عَزَّوَجَلَّ پر قسم کھایئے! آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''اے رب عَزَّوَجَلَّ! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ تو ہمیں اس معرکہ میں فتح عطا فرما اور مجھے اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ ملا۔'' چنانچہ، آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ شہید ہو گئے۔'' (1)

﴿1230﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرت بَرَاء بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خوبصورت آواز کے مالک تھے اور سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی شانِ اقدس میں رَجزِیہ اَشعار پڑھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک سَفَر کے دوران شانِ رِسالت میں رَجزِیہ اَشعار پڑھ رہے تھے کہ عورتوں کے قریب سے گزر ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ان شیشیوں کا خیال کرو۔ ان شیشیوں کا خیال کرو۔'' (2)

﴿1231﴾......حضرت سیِّدُنا اِمام اِبنِ سِیرِین عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن حضرت سیِّدُنا اَنس بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت بَرَاء بن مالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پشت کے بل لیٹ کر کچھ پڑھنے لگے تو میں نے ان سے کہا: ''اے بھائی! سیدھے ہو کر بیٹھ جایئے! تو انہوں نے کہا: ''کیا آپ یہ سمجھ رہے ہیں کہ میں اپنے بستر پر مر جاؤں گا حالانکہ میں نے تن تنہا 100 مُشرِکین کو موت کے گھاٹ اُتارا ہے اور جو دوسروں کے ساتھ مل کر مارے وہ ان کے علاوہ ہیں۔'' (3)

## حضرت سیِّدُنا ثَوبَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حُضُور نبیٔ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادم حضرت سیِّدُنا ثوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی حضرت سیِّدُنا عَمرو بن علی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے حوالے سے صُفّہ والوں میں شُمار کیا گیا ہے۔ ہم ان کا تذکرہ پہلے

---

1 ......جامع الترمذی، ابواب المناقب، باب مناقب البراء بن مالك، الحديث: ٣٨٥٤، ص ٢٠٤٧۔
الاحاديث المختارة، مُصعَب بن سُلَیم عن انس، الحديث: ٢٦٥٩، ج٧، ص ٢١٧.

2 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب كراهة التغني عندالنساء، الحديث: ٥٣٢٤، ج٤، ص ٣٤٠.

3 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبدالرزاق، كتاب الجامع، باب الغناء والدف، الحديث: ١٩٩١٢، ج١٠، ص ٧٢.



www.dawateislami.net

کر چکے ہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قناعت پسند، پاکدامن، وفادار اور ظَرِیفُ الطَّبع اِنسان تھے۔

## یہودی عالِم، بارگاہِ رِسالت میں:

﴿1232﴾......حضرت سیِّدُنا ابواَسماء رَحَبِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ القَوِی سے مروی ہے کہ حُضُورِ اَنور، نُوْرِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادم حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ میں بارگاہِ نبوی میں حاضر تھا کہ یہودیوں کا ایک عالم آیا اور کہنے لگا: ''میں آپ سے کچھ پوچھنے آیا ہوں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''پوچھو۔'' اس نے کہا: ''جس دن (یعنی قیامت کے دن) زمین دوسری زمین سے اور آسمان بدل دیئے جائیں گے اس دن لوگ کہاں ہوں گے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''پل صراط کے قریب اندھیرے میں ہوں گے۔'' اس نے پوچھا: ''سب سے پہلے جنّت میں جانے کی اجازت کن لوگوں کو حاصل ہو گی؟'' فرمایا: ''فُقَرا مُہاجِرین کو۔'' (1)

## سب سے اَفضل مال:

﴿1233﴾......حضرت سیِّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''سب سے اَفضل دینار (یعنی روپیہ) وہ ہے جسے بندہ اپنے اہل وعیال پر خرچ کرے یا رَاہِ خدا میں جہاد کی سواری پر خرچ کرے یا جہاد میں شریک اپنے رُفقا پر خرچ کرے۔'' (2)

# حضرت سیِّدُنا ثابِت بن ضَحّاک

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ثابِت بن ضَحّاک اَنصارِی اَبوزَید اَشْہَلی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے حالانکہ وہ اہلِ شَجَرہ (یعنی درخت کے نیچے بیعت کرنے والوں) میں سے ہیں۔ ان کا اپنا گھر تھا۔ انصاری صحابی تھے اور صفہ والوں میں سے نہ تھے۔

1......صحیح مسلم، کتاب الحیض، باب صفۃ مَنِیّ الرجل والمرأۃ......الخ، الحدیث: ٧١٦/٧١٧، ص ٧٣٠.

2......صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب فضل النفقۃعلی العیال......الخ، الحدیث: ٢٣١٠، ص ٨٣٥۔

المسندللامام احمدبن حنبل، حدیث ثوبان، الحدیث: ٢٢٤٤٣، ج٨، ص ٣٢٣.



www.dawateislami.net

# مسلمان پر کُفر کی تُہمت اس کے قتل کی طرح ہے:

﴿1234﴾......حضرت سیِّدُنا ثابت بن ضَحّاک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضرت سیِّدُنا ابوقِلابہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بتایا کہ میں نے درخت کے نیچے حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے بَیْعَت کا شَرَف پایا اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "مسلمان پر کُفر کی تُہمت لگانا اسے قتل کرنے کی طرح ہے[1]۔"[2]

﴿1235﴾......حضرت سیِّدُنا ثابت بن ضَحّاک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سیِّدُ الْمُبَلِّغِین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "جو اسلام کے سوا کسی دِین پر جھوٹی قسم کھائے[3] تو وہ ایسا ہی ہے جیسا کہے[4]۔"[5]

﴿تُوْبُوْا اِلَی اللّٰہ     اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ﴾

---

1 ......مُفَسِّرِ شہیر حکیمُ الْاُمَّت مُفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: "کیونکہ کُفر و ارتِداد قتل کے اَسباب سے ہیں کسی کو بلاوجہ کافر یا مُرتَد کہنا گویا اسے لائقِ قتل کہنا ہے۔" (مرآۃ المناجیح، ج۵، ص۱۹۶)

2 ......صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوۃ الحدیبیۃ، الحدیث: ۴۱۷۱، ص۳۴۲۔
کتاب الادب، باب ما یُنھی مِنَ السِّبَاب و اللَّعن، الحدیث: ۶۰۴۷، ص۵۱۱.

3 ......مُفَسِّرِ شہیر حکیمُ الْاُمَّت مُفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: "مثلاً کہے کہ اگر میں یہ کام کروں تو عیسائی یہودی ہو جاؤں یا اسلام سے نکل جاؤں اور پھر وہ کام نہ کرے یا کہے کہ اگر میں نے یہ کام کیا تو یہودی ہو جاؤں حالانکہ اس نے یہ کام کیا تھا۔"

4 ......یا وہ عملاً یہودی ہی ہوگیا یا اسلام سے بری ہوگیا، یہ فرمان تشدُّد کے لئے ہے جیسے فرمایا گیا کہ جو عمداً نماز چھوڑے وہ کافر ہوگیا، ایسی قَسَم میں امام ابوحنیفہ، احمد و اسحاق کے ہاں قسم مُنْعَقِد ہو جائے گی کفّارہ واجب ہوگا اور امام شافعی کے ہاں کفّارہ بھی نہیں صرف گناہ ہے کہ یہ قسم نہیں صرف جھوٹ ہے، یہ اختلاف جب ہے جب کہ الفاظ آئندہ کے مُتَعَلِّق بولے مثلاً کہے کہ اگر میں فلاں سے کلام کروں تو یہودی ہو جاؤں یا اسلام سے بری ہو جاؤں لیکن اگر یہ الفاظ گذشتہ کے مُتَعَلِّق بولے تو کسی کے ہاں کفّارہ نہیں سب کے ہاں گناہ ہی ہے مثلاً کہے کہ اگر میں نے یہ کام کیا ہو تو میں یہودی یا عیسائی ہوں اور واقعہ میں وہ کام کیا تھا تو گنہگار ہے۔ (مرآۃ المناجیح، ج۵، ص۱۹۵، ۱۹۶)

سرکارِ اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنّت مجدِّدِ دین و ملت مولانا شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: "اگر اس قَسَم کے کھانے والے کا یہ ذِہن بنا ہوا ہے کہ میں وہ کام کروں گا تو واقعی کافر ہو جاؤں گا تو ایسی صورت میں وہ اُس کام کے کرنے کی صورت میں کافر ہو جائے گا ورنہ قَسَم توڑنے پر کافر تو نہ ہوگا مگر گنہگار ہوگا اور اُس پر قَسَم کا کفّارہ دینا واجِب ہو جائے گا۔" (فتاوٰی رضویہ، ج۱۳، ص۵۷۸، مُلخصًا)

5 ......صحیح البخاری، کتاب الادب، باب من اکفر اخاہ بغیر تأویلٍ فھو کما قال، الحدیث: ۶۱۰۵، ص۵۱۵، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا ثابِت بِن وَدِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ

حضرت سیِّدُنا ثابِت بن وَدِیعَہ اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کو بھی اہلِ صُفّہ کی طرف مَنسُوب کیا گیا ہے حالانکہ وہ کوفہ میں رہائش پذیر ہوئے نہ کہ صفہ میں اور ان سے یہ حدیث مروی ہے۔

﴿1236﴾......حضرت سیِّدُنا ثابِت بن وَدِیعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحِبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں ایک گوہ لائی گئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”یہ بھی ایک اُمّت تھی جسے مَسخ کر دیا گیا[1]۔“ [2] وَاللّٰہُ اَعْلَم

# حضرت سیِّدُنا ثقِیف بِن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ

حضرت سیِّدُنا ثَقِیف بن عَمرو بن شُمَیط اَسدی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ جو بنواُمَیَّہ کے حلیف تھے انہیں خَلِیفَہ بن خَیّاط کے حوالے سے اہلِ صفہ میں شامل کیا گیا ہے اور یہ غزوۂ خیبر میں شہید ہوئے۔

# حضرت سیِّدُنا جُندُب بِن جُنادَہ ابوذَرغِفارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ

حضرت سیِّدُنا جُندُب بن جُنَادَہ ابوذَر غِفَارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ہم ان کے حالات میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ کی بہادری، چوتھے نمبر پر قبولِ اسلام اور ہجرت کرنے کے بعد مَسجِدِ نبوی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام ہی میں مقیم ہونا بیان کر چکے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ مثالی عبادت گزار تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہ بعض اَوقات اہلِ صفہ کے پاس تشریف لاتے اور ان سے گفتگو کرتے جس کی وجہ سے انہیں اہلِ صفہ میں

---

1 ......حضرت سیِّدُنا امام جلالُ الدِّین سیوطی شافعی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَافِی فرماتے ہیں: ”اس میں یہ احتمال ہے کہ حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یہ فرمان اس بات کا علم ہونے سے پہلے کا ہو کہ جن کی شکلیں مَسخ کر دی جاتی تھیں وہ تین دن سے زیادہ زندہ نہیں رہتے تھے یا مَحض مَسخ شُدَہ اُمّتوں سے مُشابَہت بیان کرنے کے لئے کہا ہو (نہ یہ کہ یہ اسی اُمّت میں سے ہے)۔“

(سنن النسائی بشرح السیوطی، کتاب الصید والذبائح، الضب، ج٤، جز٧، ص١٩٩)

2 ......سنن النسائی، کتاب الصید والذبائح، باب الضب، الحدیث: ٤٣٢٧، ص ٢٣٧٠۔



www.dawateislami.net

ذکر کیا گیا ہے۔

﴿1237﴾......حضرت سیِّدَتُنا اَسماء بنت یزید رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہَا سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوذر غِفاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں مصروف رہتے۔ فراغت پاتے تو مَسْجِد میں آ جاتے اور یہیں لیٹ جاتے گویا مَسْجِد ہی ان کا گھر تھا۔ ایک رات آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مَسْجِد میں تشریف لائے تو انہیں مَسْجِد کے فرش پر سوتے ہوئے پایا تو پاؤں مبارَک سے انہیں ہلایا حتی کہ وہ بیدار ہو گئے اور سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے استفسار فرمایا: ''مسجد میں کیوں سو رہے ہو؟'' انہوں نے عرض کی: ''آقا! میں کہاں سوؤں؟ میرا اس کے سوا کوئی گھر نہیں۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی (کچھ دیر) ان کے پاس تشریف فرما ہو گئے۔'' (1)

## لیٹنے کا شیطانی طریقہ:

﴿1238﴾......حضرت سیِّدُنا نُعَیم مُجْمَر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا کہ میں بھی صفہ والوں میں تھا۔ شام کے وقت صفہ والے حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دروازے پر حاضر ہو جاتے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہر شخص کو صفہ والوں میں سے ایک ایک آدمی کو کھانا کھلانے کے لئے ساتھ لے جانے کا فرماتے حتی کہ کم وبیش 10 صفہ والے باقی رہ جاتے۔ پھر دربارِ رِسالت میں رات کا کھانا حاضر کیا جاتا تو ہم بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ کھانے میں شریک ہو جاتے۔ کھانے سے فراغت پاتے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ارشاد فرماتے: ''مسجد میں سو جاؤ۔'' حضرت سیِّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں منہ کے بل لیٹا سو رہا تھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے پاس سے گزرے تو اپنے پاؤں مبارَک سے مجھے ہلایا اور فرمایا: ''اے جندب! یہ لیٹنے کا کون سا طریقہ ہے؟ اس طرح تو شیطان سوتا ہے۔'' (2)

---

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث اسماء ابنة یزید، الحدیث: ٢٧٦٥٩، ج١٠، ص٤٤٠، مفهومًا.

2 ......تفسیر القرطبی، البقرة، تحت الآیة ٢٧٣، الجزء الثالث، ج٢، ص٢٥٧۔

سنن ابن ماجه، ابواب الادب، باب النهی عن الاضطجاع علی الوجه، الحدیث: ٣٧٢٤، ص٢٦٩٩، بتغیرٍ



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا جَرْهَد بِن خُوَیْلِد

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا جَرْہَد بن خُوَیْلِد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ذکر بھی صفہ والوں میں کیا گیا ہے۔ بعض نے کہا کہ یہ ابنِ رِزاخ اَسْلَمی ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اکثر صفہ پر رہتے نیز صُلْحِ حُدَیبیہ میں بھی شریک تھے۔

﴿1239﴾...... حضرت سیِّدُنا زُرْعَہ بن عبدالرحمٰن بن جَرْہَد رَحِمَهُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا جَرْہَد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اَصحابِ صُفّہ میں سے تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ مَحبوبِ ربُّ العٰلَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف فرما تھے جبکہ میری ران برہنہ تھی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کیا تمہیں نہیں معلوم کہ ران ستر ہے [1]۔'' [2]

# حضرت سیِّدُنا جُعَیْل بِن سُرَاقَہ ضَمْرِی

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا جُعَیْل بن سُرَاقَہ ضَمْرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں شُمار کیا گیا ہے کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صفہ میں رہائش پذیر تھے۔

﴿1240﴾...... حضرت سیِّدُنا محمد بن ابراہیم بن حارِث تَیْمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ ایک صحابی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آپ نے عُیَیْنَہ اور اَقْرَع کو 100، 100 اونٹ عطا فرمائے لیکن حضرت جُعَیْل بن سُرَاقَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو کچھ عطا نہیں فرمایا؟'' تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت

---

1 ...... مُفَسِّرِ شہیر حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''یہ سوال زَجر کا ہے یعنی یہ مسئلہ جاننا ضَرُوریاتِ دِین سے ہے کیا تم نے اب تک اتنا ضَرُوری مسئلہ بھی نہ سیکھا کہ مرد کی ران سترِ عورت ہے اسی حدیث کی بنا پر امام ابوحنیفہ و شافعی و احمد بن حنبل مرد کی ران کو ستر مانتے ہیں، امام مالک کے ہاں ستر نہیں لہٰذا ران کھول کر نماز دُرُست نہیں مگر خیال رہے! کہ یہ اِختلاف مرد کی ران میں ہے عورت کی ران کو سب ستر مانتے ہیں۔ (مرآۃ المناجیح، ج۵، ص۱۸)

2 ...... سنن ابی داود، کتاب الحَمّام، باب النهی عن التَّعَرِّی، الحدیث: ٤٠١٤، ص١٥١٧.



www.dawateislami.net

میں میری جان ہے! جُعَیل بن سُرَاقَہ ، عُیَیْنَہ واَقْرَع جیسے رُوئے زمین بھر کے آدمیوں سے بہتر ہے ان لوگوں کو میں نے تالیفِ قلب کے لئے عطا کیا ہے تا کہ وہ اسلام لے آئیں جبکہ جُعَیل کو اسلام کے سپرد کر دیا ہے۔'' (1)

﴿1241﴾......حضرت سیِّدُنا ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے استفسار فرمایا کہ ''جُعَیل'' کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟'' میں نے عرض کی: ''وہ ایک مسکین آدمی ہیں اور یہ بات ان کی شکل سے ظاہر ہوتی ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اور فُلاں شخص کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہو؟'' میں نے عرض کی: ''وہ لوگوں کے سرداروں میں سے ایک سردار ہے۔'' تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جُعَیل اس جیسے روئے زمین بھر کے آدمیوں سے بہتر ہے۔'' میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! فُلاں آدمی بھی تو اس طرح ہے لیکن آپ جُعَیل کے ساتھ ایسا برتاؤ نہیں فرماتے جیسا اس کے ساتھ فرماتے ہیں؟'' ارشاد فرمایا: ''وہ اپنی قوم کا سردار ہے اور میں اسے تالیفِ قلب کے لئے نوازتا ہوں (یعنی اس کے ساتھ ایسا برتاؤ اس لئے کرتا ہوں تا کہ وہ اسلام لے آئے)۔'' (2)

## حضرت سیِّدُنا جارِیَہ بن حُمَیل رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

بعض نے حضرت سیِّدُنا جاریہ بن حُمَیل بن نُشْبَہ بن قُرْط رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اِمام دَارِقُطْنِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی کے حوالے سے صفہ والوں میں ذکر کیا ہے اور اِبنِ جَرِیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر سے منقول ہے کہ ''انہیں صحابیّت کا شَرَف حاصل ہے۔'' (3)

## حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بہت عرصہ اہلِ صفہ کے ساتھ رہے اسی وجہ سے انہیں اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ اور ان کے والد حضرت سیِّدُنا یمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مُہاجرین میں سے ہیں۔ حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں ہجرت و نُصرت کے درمیان اِختیار دیا تو انہوں نے نُصرت

1 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٤٤١ جُعیل بن سُراقة الضَمری، ج ٤، ص ١٨٦.

2 ......الجامع لابن وهب، باب النسب، الحدیث: ٣٢، ج ١، ص ٣٤.

3 ......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ٤٦٦ جاریة بن حُمَیل، ج ٤، ص ٢١١.



www.dawateislami.net

کو پسند کیا۔ وہ انصار کے حلیف تھے۔ چنانچہ، انہیں اہلِ صفہ میں شمار کیا گیا۔ ہم نے طَبَقۂ اولیٰ میں ان کے احوال بیان کر دیئے ہیں۔ (1)

حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ رُونما ہونے والے فتنوں اور آفتوں سے آگاہ تھے۔ علم وعبادت میں ہمہ تن مشغول اور دنیا سے کنارہ کَش رہتے۔ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں غزوۂ احزاب کی رات تنہا جاسوسی کے لئے بھیجا۔ جب وہ اپنے سَفَر سے لوٹے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ٹھنڈی ہوا اور سردی سے بچانے کے لئے انہیں کپڑوں پر پہنا جانے والا اپنا بغیر آستینوں کا چوغہ پہنایا۔

## غلاموں پر شفقت:

﴿1242﴾......حضرت سیِّدُنا ابراہیم تَیْمِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بار ہم حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہم غزوۂ احزاب کی ایک سخت آندھی اور سردی والی رات شاہِ موجودات، سرورِ کائنات صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ تھے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''کوئی ہے جو میرے پاس قوم (کفار) کی خبر لائے اور اسے قیامت میں میری رَفاقت حاصل ہو؟'' لوگ خاموش رہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے دوسری مرتبہ، پھر تیسری مرتبہ فرمایا (لیکن سخت آندھی وسردی کی وجہ سے سب خاموش رہے) پھر ارشاد فرمایا: ''اے حُذَیفہ! میرے پاس قریش کی خبر لاؤ۔'' چنانچہ، جب آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میرا نام لے کر فرمادیا تو اب جانا ہی تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ ''میرے پاس قوم (کفار) کی خبر لاؤ اور انہیں میرے خلاف غصہ نہ دلانا۔'' حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں چلا تو ایسے لگا جیسے میں حمام میں چل رہا ہوں (یعنی سردی بالکل محسوس نہ ہوتی تھی) حتی کہ میں قریش کے پاس پہنچ گیا پھر جب وہاں سے واپس پلٹا تو مجھے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے میں کسی حمام میں چل رہا ہوں۔ بارگاہِ نبوی عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَام میں حاضر ہو کر سب حالات کی خبر دی۔ جب میں فارغ ہوا تو مجھے سردی لگنے لگی۔ پس حُضُور نبیِّ رَحمت، شفیعِ اُمّت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنا زائد

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۰۱۱، ج۳، ص۱٦٤.



www.dawateislami.net

کمبل جسے اوڑھ کر نماز ادا فرماتے مجھے اُوڑھا دیا تو میں صُبح تک چین کی نیند سویا رہا۔صُبح مَدَنی آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:''بہت سونے والے اب اُٹھ جاؤ۔'' (1)

﴿1243﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ہم سرورِ کائنات، شاہِ موجودات صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مَعِیَّت میں صفہ میں موجود تھے کہ اتنے میں حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اَذان دینے کا ارادہ کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ان سے ارشاد فرمایا:''اے بلال!ٹھہرو۔'' پھر ہم سے ارشاد فرمایا: ''کھانا کھالو۔'' ہم نے کھانا کھایا، پھر فرمایا:''پانی پی لو۔'' ہم نے پانی بھی پی لیا پھر حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نماز کے لئے اذان دینے کھڑے ہوئے۔''راوی حضرت سیِّدُنا جَرِیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر فرماتے ہیں:''یہاں کھانے سے سحری کا کھانا مراد ہے۔'' (2)

# حضرت سیِّدُنا حُذَیفَہ بِن اُسَید

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابوسَرِیحَہ حُذَیفَہ بن اُسَید غِفارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیعتِ رضوان میں شریک ہوئے تھے۔

## قیامت کی 10 بڑی نشانیاں:

﴿1244﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفَہ بن اُسَید غِفارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیُوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ ہم قیامت کا تذکرہ کررہے تھے تو ارشاد فرمایا:''قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) آفتاب کا مغرب سے طلوع ہونا (۵) تین دھنسنے، ایک دھنسنا مشرق میں (۶) دوسرا مغرب میں (۷) تیسرا جزیرۂ عرب میں (۸) یاجوج وماجوج کا ظاہر ہونا (۹) وہ آگ جو (ملکِ یمن کے مشہور شہر)

1......صحیح مسلم، کتاب الجهاد، باب غزحدیث: ٤٦٤٠، ص٩٩٧، بتغیرٍ قلیلٍ.

2......اخبار اصبهان، باب العین، من اسمه علی، الحدیث: ٨٩وة الاحزاب، ال ٤٠١، ج٦، ص ٥٠



www.dawateislami.net

عدن کے بیچ سے نکلے گی لوگوں کو محشر کی طرف ہانک دے گی[1]۔"[2]

حضرت سیِّدُنا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللّٰہ اَصفہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانی فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ راوی نے حضرت سیِّدُنا عیسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے نُزُول کا بھی ذکر کیا۔

## قرآنِ حکیم اور اہلِ بیت:

﴿1245﴾......حضرت سیِّدُنا حُذَیفہ بن اُسَید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "اے لوگو! میں تمہارا پیش رَو ہوں اور تم حوض پر آؤ گے۔ پس جب تم میرے پاس آؤ گے تو میں تم سے دو بھاری چیزوں کے مُتَعَلِّق دریافت کروں گا تو تم غور کرو کہ میرے بعد ان دونوں کے بارے میں میرے کیسے جانشین رہے ہو۔ سب سے زیادہ بھاری چیز کتابُ اللّٰہ ہے۔ اس کی رسی کا ایک کنارہ خدائے اَحْکَمُ الْحَاکِمِین جَلَّ جَلَالُہٗ کے دستِ قُدرت میں اور دوسرا تمہارے ہاتھوں میں ہے۔ لہٰذا کتابُ اللّٰہ کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور گمراہ نہ ہونا اور نہ ہی اسے بدلنا۔ اور دوسری چیز میری عِترت یعنی اہل بیت ہیں۔ بے شک مجھے مہربان و خبردار پَرْوَرْدگار عَزَّوَجَلَّ نے خبر دی ہے کہ یہ دونوں اس وقت تک ہرگز جدا نہیں ہوں گے جب تک میرے حوض پر نہ آئیں گے۔"[3]

# حضرت سیِّدُنا حَبِیب بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا حَبِیب بن زَید انصاری اَزْدی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قبیلۂ بنی نَجّار کے ایک فرد ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار بھی اہلِ صفہ میں کیا گیا ہے اور یہ اِشْتِباہ کی وَجہ سے ہے کیونکہ دَرحقیقت آپ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار اہلِ عُقبہ میں ہوتا ہے۔

---

1 ......اس حدیث پاک میں مذکور قیامت کی نشانیوں کے مُتَعَلِّق تفصیلی معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب بہارِ شریعت جلد اول صفحہ 116 تا 129 کا مُطالعہ کیجئے۔ نیز مرآۃ المناجیح، ج7، ص276 (مطبوعہ ضیاء القرآن) سے اس حدیث پاک کی شرح کا مُطالعہ انتہائی مفید ہے۔ **علمیہ**

2 ......مسند ابی داود الطیالسی، حذیفۃ بن اسید الغِفاری، الحدیث: ۱۰۶۷، ص۱۴۳.

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۰۵۲/۲۶۷۸، ج۳، ص۱۸۰/۶۵.



www.dawateislami.net

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اِستقامت وشہادت:

حضرت سیِّدُنا حَبِیب بن زَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مُسَیْلِمَہ کذَّاب نے قید کرلیا اور کہنے لگا: ''کیا تم گواہی دیتے ہو کہ مُحَمَّد، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول ہیں؟'' حضرت سیِّدُنا حبیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے جواب دیا: ''ہاں! میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں۔'' پھر اس نے کہا کہ ''کیا تم اس بات کی گواہی نہیں دیتے ہو کہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا رسول ہوں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''ہرگز نہیں!'' مُسَیْلِمَہ کذَّاب نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو شہید کردیا۔

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدہ کا ذکرِ خیر:

حضرت سیِّدُنا حَبِیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی والدۂ ماجدہ حضرت سیِّدَتُنا نُسَیْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا ہیں۔ ان کا شمار بھی اہلِ عُقبہ میں ہوتا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے عہدِ خلافت میں مسلمانوں کے ساتھ مُسَیْلِمَہ کذَّاب کے خلاف جہاد میں شریک ہوئیں۔ جس میں وہ بدبخت واصلِ جہنم ہوا اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا مدینہ طیبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا اس حالت میں واپس آئیں کہ جسم اقدس پر نیزوں اور تلواروں کے بے شمار زخم تھے۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا حَارِثہ بن نُعمَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن نُعمان اَنصارِی نَجّارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُنا ابوعبدالرحمٰن نَسائی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے حالانکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اہلِ بدر میں سے ہیں۔ نیز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار ان 80 جاں نثار صحابہ میں ہوتا ہے جنہوں نے جنگِ حُنَین میں ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور میدانِ کارزار سے راہِ فرار اختیار نہیں کی۔ آخری عُمر میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بینائی جاتی رہی تھی۔

## ماں سے حُسنِ سُلوک کا صِلہ:

﴿1247﴾...... اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا سے مروی ہے کہ شہنشاہِ خوش خِصال، پیکرِ حُسن وجمال، دافِعِ رنج ومَلال صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ایک رات میں سویا تو میں نے اپنے آپ کو

1 ......السيرة النبوية لابن هشام،شروط البيعة فى العقبة الاخيرة،اسماء من شهد العقبة،ص ١٨٥ .



www.dawateislami.net

جنت میں پایا۔ میں نے ایک قاری کی آواز سنی تو پوچھا: ''یہ کون ہے؟'' فِرِشتوں نے کہا: ''یہ حارِثہ بن نُعمان ہیں۔'' پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ بھلائی واحسان ہی کا صلہ ہے۔ یہ بھلائی واحسان ہی کا صلہ ہے۔'' راوی فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا حارِثہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سب لوگوں سے زیادہ اپنی والدہ کے ساتھ بھلائی وحُسنِ سُلوک سے پیش آتے تھے۔'' (1)

## صَدَقہ بُری مَوت سے بچاتا ہے:

﴿1248﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن عُثْمان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ بینائی چلی جانے کے بعد حضرت سیِّدُنا حارِثہ بن نُعمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حجرے کے دروازے سے اپنی نماز کی جگہ تک ایک رسی باندھ رکھی تھی اور اپنے پاس کھجوروں سے بھری ایک ٹوکری رکھ لیتے تھے۔ جب کوئی سائل آتا اور سلام کرتا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ٹوکری سے کچھ کھجوریں لیتے پھر رسی کے ذریعے سائل کے پاس آتے اور اسے کھجوریں عطا فرماتے۔ آپ کے گھر والے عرض کرتے کہ ہم اس کام میں آپ کو کفایت کریں گے لیکن آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے کہ میں نے حضور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''مسکین کو کوئی چیز دینا (یعنی صَدَقہ کرنا) بری موت سے بچاتا ہے۔'' (2)

# حضرت سیِّدُنا حَازِم بن حَرمَلَہ

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا حَازِم بن حَرمَلَہ اَسلمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُنا حَسَن بن سُفْیان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے حوالے سے اَصحابِ صُفّہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

## جنّت کا خزانہ:

﴿1249﴾......حضرت سیِّدُنا حَازِم بن حَرمَلَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حُضُور نبیٔ کریم صَلّی

(1)......المسند للامام احمد بن حنبل، مسند السيدة عائشة، الحديث: ٢٥٣٩٢، ج٩، ص٥١٨.

(2)......المعجم الكبير، الحديث: ٣٢٢٨، ج٣، ص٢٢٨.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس سے گزرا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے بلایا۔ میں خدمتِ اَقدس میں حاضر ہوا تو ارشاد فرمایا: ''اے حَازِم! لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم کثرت کے ساتھ پڑھا کرو کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا حَنْظَلَہ بن اَبِی عَامِر

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا حَنْظَلَہ بن اَبِی عامر راہب اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُنا ابو موسیٰ محمد بن مُثَنّٰی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ''غَسِیْلُ الْمَلَائِکَہ'' (یعنی جنہیں فرِشتوں نے غسل دیا) کے لقب سے بھی یاد کئے جاتے ہیں۔

## ''غَسِیْلُ الْمَلَائِکَہ'' کہنے کی وجہ:

﴿1250﴾......حضرت سیِّدُنا محمود بن لَبِید عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمَجِیْد سے مروی ہے کہ جنگ اُحُد میں قبیلۂ بنی عَمْرو بن عوف کے حضرت سیِّدُنا حَنْظَلَہ بن اَبِی عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور ابوسُفیان کا آمنا سامنا ہوا (اس وقت ابوسفیان ایمان نہیں لائے تھے) اور شَدَّاد بن اَسود نے جسے ''ابنِ شَعُوب'' کہا جاتا ہے حضرت سیِّدُنا حَنْظَلَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ابوسُفیان پر غالب آتے دیکھا تو انہیں شہید کر دیا۔ جنگ ختم ہوئی تو حُضُور نبیِّ رحمت، شفیعِ امت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ''تمہارے رفیق یعنی حَنْظَلَہ کو فرشتے غسل دے رہے ہیں۔ ذرا ان کے گھر والوں سے ان کے مُتَعَلِّق دریافت تو کرو۔'' جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اہلیہ سے پوچھا گیا تو اُنہوں نے بتایا کہ ''یہ حالتِ جنابت میں تھے کہ اعلانِ جہاد سنتے ہی اُٹھ کر چل دیئے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اسی وَجہ سے فرِشتوں نے انہیں غسل دیا ہے۔'' (2)

---

1 ......سنن ابن ماجه، ابواب الادب، باب ما جاء في ﴿لاحول ولاقوة الا بالله﴾، الحديث: ۳۸۲٦، ص ۲۷۰٤.

2 ......السيرة النبوية لابن هشام، غزوة أُحد، شان عاصم بن ثابت، ص ۳۲۹۔

المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب ذكر شهادة حنظلة......الخ، الحديث: ٤۹۷۰، ج ٤، ص ۲۱۲.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا حَجَّاج بِن عَمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا حَجَّاج بن عَمْرو اَسْلَمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابو عبد اللّٰہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے لیکن یہ وَہْم ہے کیونکہ حضرت سیِّدُ نا حَجَّاج اَسْلَمی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ درحقیقت ابوحَجَّاج، حَجَّاج بن مالک بن حَجَّاج ہیں اور حَجَّاج بن عَمْرو مازِنی اَنْصارِی ہیں اور انہیں کسی نے بھی اہلِ صفہ میں شمار نہیں کیا۔ ان کی سَنَد سے ایک یہ روایت ملتی ہے۔ چنانچہ،

﴿1251﴾......حضرت سیِّدُ نا حَجَّاج بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حُضُور نبیِّ اَکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''جس شخص کا پاؤں ٹوٹ جائے یا لنگڑا ہو جائے تو وہ احرام کھول دے اور اس پر دوسرا حج واجب ہے[1]۔''[2]

# حضرت سیِّدُنا حَکَم بِن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا حَکَم بن عُمَیر ثُمالی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار بھی اہلِ صفہ میں ہوتا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا تَعَلُّق ملکِ شام سے ہے۔

## دین میں ناقص کون؟

﴿1252﴾......صحابیٔ رسول حضرت سیِّدُ نا حَکَم بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''دُنیا میں مہمان بن کر رہو اور مساجد کو اپنے گھر بناؤ اور

---

1......یعنی جس نے احرامِ حج باندھ لیا ہو، پھر اس کے پاؤں کی ہڈی ٹوٹ جائے یا ہڈی تو نہ ٹوٹے، لنگ پیدا ہو جائے جس سے وہ آگے سَفَر اور ارکانِ حج ادا نہ کر سکے تو وہ اپنا احرام کھول دے اور وہاں سے لوٹ جائے یا ٹھہر جائے، ہدی مکہ معظّمہ بھیج دے، اور تاریخ ذَبْح پر احرام کھول دے، سالِ آئندہ قضاء کرے۔ اس سے دو مسئلے ثابت ہوئے ایک یہ کہ احصار صرف دشمن ہی سے نہیں ہوتا بلکہ بیماری وغیرہ سے بھی ہو جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ نفلی عبادت شروع کر دینے سے فرض ہو جاتی ہے، اگر پوری نہ ہو سکے تو اُس کی قضاء لازم ہے، کیونکہ یہاں حج مطلق فرمایا گیا، فرضی ہو یا نفلی۔ (مرآۃ المناجیح، ج٤، ص١٩٩) **مَدَنی مشورہ:** احصار کے تفصیلی احکام جاننے کے لئے **مکتبۃ المدینہ** کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب ''بہارِ شریعت'' جلد اول، ص1194 تا 1198 کا مطالعہ فرمائیے! **علمیہ**

2......سنن ابن ماجہ، ابواب المناسک، باب المُحْصِر، الحدیث: ٣٠٧٧، ص٢٦٦٤.



www.dawateislami.net

اپنے دلوں کو رِقت کی عادت ڈالواور فکرِ آخرت اور رونے کی کثرت کرواور اپنی خواہشات کے پیچھے نہ پڑو۔تم ایسی عمارتیں بناتے ہو جن میں تمہیں رہنا نہیں۔ اتنا مال اکٹھا کرتے ہو جتنا تم نے کھانا نہیں اور ایسی اُمید باندھتے ہو جنہیں تم نے پانا نہیں۔'' مزید ارشاد فرمایا: ''آدمی کے دین کے ناقص ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اس کی خطائیں زیادہ اور حلم کم ہو اور وہ ایسی بات کہے جس کی حقیقت کم ہو، راتیں مرداروں کی طرح گزریں تو دن بے کاروں کی طرح بسر ہوں، بہت سست، لالچی، کنجوس اور آسودہ زندگی گزارنے کی فکر میں گرفتار رہو۔'' (1)

## کامل حیا:

﴿1253﴾......حضرت سیِّدُنا حَکَم بن عُمَیر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ سے پوری حیا کرو، سر اور اس میں محفوظ چیزوں، پیٹ اور اس کے اندر کی چیزوں کی حفاظت کرو، موت اور گل جانے کو یاد رکھو، جو ایسا کرے گا اس کی جزا جنّتُ المَاوٰی ہے (2)۔'' (3)

# حضرت سیِّدُنا حَرمَلَہ بن اِیَاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا حَرمَلَہ بن اِیَاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی حُذَیفہ بن خَیّاط کے حوالے سے اہلِ صفہ میں شمار کیا گیا ہے۔ بعض نے کہا: ''آپ کا نام حَرمَلہ بن عبد اللّٰہ عَنبَرِی ہے۔''

﴿1254﴾......حضرت سیِّدُنا حَرمَلَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے قبیلہ کے ہمراہ بارگاہِ رِسالت میں حاضر ہوا، جب میں واپس ہونے لگا تو میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مجھے نصیحت ارشاد فرمایئے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے حَرمَلَہ! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرو اور جب تم

---

1 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب الکاف، الحدیث: ۴۸۹۷/۴۷۴۴، ج۲، ص۱۷۹/۱۶۶.

2 ......یعنی صرف ظاہری نیکیاں کرلینا اور زبان سے حیا کا اقرار کرنا پوری حیا نہیں بلکہ ظاہری اور باطنی اعضاء کو گناہوں سے بچانا حیا ہے، چنانچہ، سر کو غیرِ خدا کے سجدے سے بچائے، اندرونِ دماغ کو ریا اور تکبر سے بچائے، زبان آنکھ اور کان کو ناجائز بولنے دیکھنے سننے سے بچائے، یہ سر کی حفاظت ہوئی، پیٹ کو حرام کاموں سے، شرمگاہ کو زنا سے، دل کو بری خواہشوں سے محفوظ رکھے، یہ پیٹ کی حفاظت ہے، حق یہ ہے کہ یہ نعمتیں رب کی عطا اور جنابِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی سخا سے نصیب ہوسکتی ہیں۔ (مرآۃ المناجیح، ج۲، ص۴۴۰)

3 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۱۹۲، ج۳، ص۲۱۹.



www.dawateislami.net

کسی مجلس میں بیٹھو پھر وہاں سے اُٹھو تو اہلِ مجلس کی جو باتیں تمہیں بھلی لگیں ان پر عمل کرو اور جو بُری لگیں ان پر عمل کرنے سے گریز کرو۔'' (1)

﴿1255﴾......حضرت سیِّدُنا حَرْمَلَہ بن اِیَاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں بارگاہِ نبوی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوا تو وہیں ٹھہرا رہا یہاں تک کہ میں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دعوتِ حق کو سمجھ لیا۔ پھر جب دربارِ نوربار سے واپس ہونے لگا تو خدمتِ سراپا اَقدس میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوا: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اب میرے لئے کیا حکم ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''اے حَرْمَلَہ! بھلائی بجالاؤ اور برائی کے داغ سے اپنے دامن کو بچاؤ۔'' فرماتے ہیں: ''پھر میں وہاں سے رُخصت ہوا تو کچھ دیر بعد خیال آیا کہ دربارِ رسالت میں حاضر ہوکر مزید نصیحت کی اِلتجا کروں۔'' چنانچہ، میں دوبارہ نصیحت کا ملتجی ہوا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے حَرْمَلَہ! برائی سے بچو۔ نیکی پر گامزن رہو اور لوگوں کی جن باتوں کا سننا تمہیں خوشگوار معلوم ہو ان سے جدا ہوکر ان پر عمل کرو اور جن باتوں کا سننا تمہیں ناگوار لگے ان سے جدا ہوکر ان پر عمل نہ کرو۔''

حضرت سیِّدُنا اَحمد بن اِسحاق حَضْرَمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ ''جب میں وہاں سے نکلا تو سمجھا کہ ان دو باتوں یعنی نیکی کرنے اور برائی سے باز رہنے میں تمام اُمور شامل ہیں۔'' (2)

# حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت

## رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُنا کُرْدُوس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ورنہ آپ مُہاجِرین کے طبقۂ سابقین اَوَّلین میں سے ہیں۔ ہم پہلے ان کے اَحوال بیان کرچکے ہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو راہِ خدا میں بہت ستایا گیا۔ غزوۂ بدر و دیگر غَزَوات میں شریک ہوئے۔

﴿1256﴾......حضرت سیِّدُنا طارِق بن شِہَاب عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَہَّاب سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا خَبَّاب

1 ......مسند ابی داود الطیالسی، حرملۃ العنبری، الحدیث: ۱۲۰۷، ص ۱۶۷.

2 ......الادب المفرد للبخاری، باب اھل المعروف فی الدنیا اھل المعروف فی الآخرۃ، الحدیث: ۲۲۲، ص ۷۸، بتغیر.



www.dawateislami.net

بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار مُہاجِرین صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِین میں ہوتا ہے۔ نیز آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسلام کے ان جاں نثاروں میں سے ہیں جنہیں راہِ خدا میں بہت ستایا گیا۔'' (1)

﴿1257﴾......حضرت سیِّدُنا محمد بن فُضَیل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا کُرْدُوس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو فرماتے سنا کہ ''حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ چھٹے نمبر پر اسلام لائے۔ یوں انہیں اسلام سے چھٹا حصہ ملا۔'' (2)

﴿1258﴾......حضرت سیِّدُنا ابولیلیٰ کِنْدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَلْاَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''قریب ہو جائیے! میں آپ کے سوا اس مجلس کا زیادہ حقدار کسی کو نہیں سمجھتا۔'' پھر حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اپنی پیٹھ پر ان زخموں کے نشانات دکھانے لگے جو مُشرِکین کی تکالیف سے پہنچے تھے۔'' (3)

﴿1259﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس بن اَبی حازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کی غرض سے ان کے پاس گئے۔ اس وقت انہیں سات جگہ سے داغا گیا تھا۔ تو انہوں نے فرمایا: ''ہمارے دوست دنیا سے چلے گئے اور دنیا نے ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا جبکہ ہمارے ہاتھ اِتنا مال آیا جس کا مصرف ہم نے مٹی ہی کو پایا۔'' حضرت سیِّدُنا قَیس بن حازِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ کچھ عرصہ بعد ہم پھر ان کی عیادت کے لئے گئے تو انہیں دِیوار تعمیر کرنے میں مصروف پایا۔ اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''مومن کو ہر خرچ میں ثواب ملتا ہے سوائے مٹی میں خرچ کرنے (یعنی بلاضَرورت عمارت بنانے) کے اور اگر حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمیں موت کی دُعا کرنے سے مَنْع نہ فرماتے تو میں ضَرور مرنے کی دُعا کرتا۔'' (4)

1 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی، باب اسلام ابی بکر، الحدیث: ۸، ج۸، ص ٤٤٨ .

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب المغازی، باب اسلام ابی بکر، الحدیث: ۹، ص ٤٤٩ .

3 ......سنن ابن ماجه، کتاب السنة، باب فضائل خبّاب، الحدیث: ۱۵۳، ص ۲٤۸٦، بدون "اری".

4 ......صحیح البخاری، کتاب المرضی، باب تمنی المریض الموت، الحدیث: ٥٦٧٢، ص ٤٨٦ .



www.dawateislami.net

## اُمّت کے حق میں تین دُعائیں:

﴿1260﴾......حضرت سیِّدُنا خَبَّاب بن اَرَت رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک رات حُضُور نبیِّ مکرّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ذات سِتُودہ صفات کو بڑے غور سے دیکھا کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نماز ادا کرنے لگے یہاں تک کہ جب صُبح طُلُوع ہوئی تو میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آج رات میں نے آپ کو ایسی نماز پڑھتے دیکھا کہ اس طرح نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔'' ارشاد فرمایا: ''ہاں! یہ شوق وخوف کی نماز تھی۔ میں نے اپنے رب عَزَّوَجَلَّ سے تین چیزوں کا سوال کیا تو اس نے مجھے دو چیزیں عطا فرمادیں اور ایک سے روک دیا۔ میں نے اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے سوال کیا کہ وہ ہمیں دوسری امتوں کی طرح عذاب میں مبتلا کر کے ہلاک نہ کرے تو اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے میری یہ دعا قبول فرمالی۔ پھر میں نے سوال کیا کہ ہم پر دشمن کو مُسَلَّط نہ فرمائے جو ہمیں ہلاک کردے تو یہ سوال بھی اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے پورا کردیا اور تیسرا سوال میں نے یہ کیا کہ میری اُمت گروہوں میں نہ بٹے تو پروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ نے مجھے یہ سوال کرنے سے روک دیا۔'' (1)

﴿1261﴾......حضرت سیِّدُنا یحییٰ بن جَعْدَہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ کچھ صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن حضرت سیِّدُنا خَبَّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ پس انہوں نے کہا: ''اے ابو عبداللّٰہ! آپ کو بشارت ہو کہ آپ حوضِ کوثر پر حُضُور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوں گے۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ایسا کیونکر ہوسکے گا جبکہ یہ سب سے نچلا گھر ہے اور وہ سب سے اونچا مقام اور حُضُور رحمتِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں ارشاد فرمایا تھا کہ ''تمہیں دنیاوی مال اتنا ہی کافی ہے جتنا مسافر کا زادِ راہ ہوتا ہے۔'' (2)

❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۳۶۲۱، ج۴، ص۵۷.

2 ......المصنف لابن ابی شیبة، کتاب الزھد، باب ما ذکر عن نبینافی الزھد، الحدیث: ۸، ج۸، ص۱۲۵.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا خُنَیس بن حُذافہ سَہمی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا خُنَیس بن حُذَافہ سَہمی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابوطالب اور محمد بن اِسحاق بن یَسار رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْھِمَا کے حوالے سے اہلِ صُفّہ میں شُمار کیا گیا ہے۔

حضرت سیِّدُنا خُنَیس رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ مہاجرین اولین میں سے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ کی اہلیہ حضرت سیِّدَتُنا حَفْصَہ بنت عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھُمَا نے حَبَشَہ کی طرف ہجرت کی تھی۔ حضرت سیِّدُنا خُنَیس رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ غزوہ بدر میں شریک ہوئے اوائلِ اِسلام میں مدینہ طیِّبہ زادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں وفات پائی۔ ان کی وفات کے بعد رسول اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیِّدَتُنا حَفْصَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھَا کو اپنی زوجیت کا شرف بخشا۔

﴿1262﴾...... امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ جب ان کی بیٹی حضرت سیِّدَتُنا حَفْصَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْھَا بیوہ ہوگئیں۔ ان کے شوہر حضرت خُنَیس بن حُذَافہ سَہمی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے جو بدری صحابہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن میں سے ہیں، مدینہ منورہ زادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں اِنتقال فرما گئے تو میری ملاقات حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ سے ہوئی میں نے ان سے کہا: ''اگر آپ چاہیں تو میں اپنی بیٹی حفصہ کا نکاح آپ سے کردیتا ہوں۔'' لیکن اُنہوں نے کوئی جواب نہ دیا۔

فرماتے ہیں: میں کچھ دن اِنتظار کرتا رہا پھر حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَوْلاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حفصہ کے نکاح کا پیغام بھیجا تو میں نے ان کا نکاح آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ساتھ کردیا۔ اس کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ مجھ سے ملے تو فرمایا: ''شاید آپ کو یہ بات ناگوار گزری ہوگی کہ جب آپ نے مجھ سے اپنی بیٹی حَفْصَہ کے نکاح کی خواہش کی تو میں نے کوئی جواب نہ دیا؟'' میں نے کہا: ''جی ہاں۔'' تو امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہ نے مجھے نکاح کی پیشکش کی تھی تو میرے جواب نہ دینے کی وجہ صرف یہ تھی کہ میں نے پیارے مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو حَفْصَہ کا ذکر کرتے سنا تھا اور میں یہ راز ظاہر نہیں کرسکتا تھا اور اگر آپ صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


www.dawateislami.net

حَفْصَہ سے نکاح نہ فرماتے تو میں خود ان سے نکاح کر لیتا۔“ (1)

# حضرت سیِّدُ نااَبواَیُّوب خَالِد بِن زَیْد

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا ابو اَیُّوب خالد بن زید اَنصارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو محمد بن جَرِیر عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَدِیْر کے حوالے سے صفہ والوں میں ذکر کیا ہے۔ حضرت سیِّدُ نا ابو اَیُّوب اَنصارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اُس مشہور گھر کے مالک تھے کہ جس میں حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مَکَّۂ مُکَرَّمہ زَادَھَااللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا سے ہجرت کر کے مدینہ طَیِّبہ زَادَھَااللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا پہنچنے پر قیام پذیر ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مسجد اور حجرہ بنایا اور وہ گھر آج بھی مدینہ طَیِّبہ زَادَھَااللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں موجود ہے۔ حضرت سیِّدُ نا ابو اَیُّوب اَنصارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو صفہ میں قیام کی حاجت نہ تھی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار اہلِ عُقْبہ میں ہوتا ہے نہ کہ اہلِ صفہ میں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ قُسطَنْطِیْنِیَّہ میں فوت ہوئے اور اس کی فصیل (یعنی دیوار) کے پاس دفن کئے گئے۔

﴿1263﴾......حضرت سیِّدُ نا اِمام زُہری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ”بَیْعَتِ عُقبہ میں شریک ہونے والوں میں سے ایک حضرت سیِّدُ نا ابو اَیوب اَنصارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی ہیں۔“ (2)

## مُتَّقی وغیرِ مُتَّقی کی عبادت میں فرق:

﴿1264﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو اَیوب اَنصارِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ”بے شک دو آدمی مَسْجِد کو جاتے اور نماز پڑھتے ہیں۔ پھر ان میں سے ایک واپس لوٹتا ہے تو اس کی نماز اُحُد پہاڑ سے بھی زیادہ وَزْنی ہوتی ہے جبکہ دوسرا لوٹتا ہے تو اس کی نماز ایک ذرہ کے برابر بھی نہیں ہوتی۔“ حضرت سیِّدُ نا ابو حُمَید ساعِدِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ”یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! یہ کیونکر ہوتا ہے؟“ ارشاد فرمایا: ”جب وہ آدمی دوسرے سے زیادہ عُمدہ عقل والا ہو۔“ انہوں نے پھر عرض

---

1 ......سنن النسائی، کتاب النکاح، باب عرض الرجل ابنته علی من یرضی، الحدیث: ۳۲۵۰، ص۲۲۹۸.

2 ......السیرۃ النبویۃ لابن ھشام، اَسْمَاء من شَھِدَ العُقْبَۃَ، ص۱۸۱، ان ابن اسحاق.



www.dawateislami.net

کی: ''یہ کیونکر ہوتا ہے؟'' ارشاد فرمایا: ''جب وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حرام کردہ اَشیاء سے زیادہ بچتا اور نیکی کی طرف سَبقت لے جانے میں زیادہ حرص رکھتا ہوا گر چہ نفلی عبادات میں دوسرے سے کمتر ہو۔'' (1)

## مختصر اور جامع نصیحت:

﴿1265﴾ ......حضرت سیِّدُنا ابو اَیوب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک شخص دربارِ رسالت عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہو کر مختصر نصیحت کا طلبگار ہوا تو سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو اسے آخری نماز سمجھ کر پڑھو اور ایسی بات نہ کہو جس سے تمہیں مَعْذِرَت کرنی پڑے اور لوگوں کے مال سے بالکل مایوس ہو جاؤ۔'' (2)

## 70 ہزار کا بلا حساب جنّت میں داخلہ:

﴿1266﴾ ......حضرت سیِّدُنا ابو اَیوب اَنصارِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے پاس تشریف لائے اور اِرشاد فرمایا: ''بے شک میرے رب عَزَّوَجَلَّ نے مجھے دو باتوں میں اِختیار دیا کہ 70 ہزار آدمی بغیر حساب وکتاب کے جنّت میں داخل ہو جائیں یا اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے پاس سے لَپ بھر (3) جنّت میں داخل فرما دے۔'' ایک شخص نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے لئے لَپ بھرے گا؟'' تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اندر تشریف لے گئے پھر تکبیر (یعنی اَللّٰہُ اَکْبَر) کہتے ہوئے باہر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: ''بے شک میرے رب عَزَّوَجَلَّ نے میرے لئے اِضافہ فرما دیا ہے کہ ''ہر ہزار کے ساتھ 70 ہزار اور ہوں گے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ لَپ بھر جنّت میں بھی داخل فرمائے گا۔'' حضرت سیِّدُنا ابو رُہم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے دریافت کیا: ''اے ابو اَیُّوب! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی لَپ کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے اسے تو لوگ اپنے مونہوں سے کھالیں گے؟'' فرمایا: ''اس

1 ......مسند الحارث، کتاب الادب، باب ماجاء فی العقل، الحدیث: ۸۲۱، ج۲، ص۸۰۵.

2 ......سنن ابن ماجة، ابواب الزهد، باب الحکمة، الحدیث: ۴۱۷۱، ص۲۷۳۰.

3 ......لَپ سے مراد ہے بے اندازہ کیونکہ جب کسی کو بغیر گنے بغیر تولے ناپے دینا ہوتا ہے تو وہاں لَپ بھر بھر کر دیتے ہیں یا کہو کہ یہ حدیث متشابہات میں سے ہے ورنہ رب تعالیٰ مٹھی اور لَپ سے پاک ہے۔'' (مراۃ المناجیح، ج۷، ص۳۹۳)



www.dawateislami.net

میں نہ پڑو میں تمہیں حضور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی لَپ کے بارے میں بتاتا ہوں جیسا کہ مجھے گمان بلکہ یقین ہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی لَپ یہ ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم فرماتے ہیں: ''جو اس بات کی گواہی دے کہ ''(اے اللہ عَزَّوَجَلَّ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور محمد (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) تیرے بندے ورسول ہیں۔'' پھر اس کا دل اس کی زبان کی تصدیق بھی کرے تو اس کے لئے جنّت واجب ہوجاتی ہے۔''(1)

# حضرت سیّدُنا خُرَیم بن فَاتِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن فَاتِک اَسَدِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو احمد بن سُلَیمان مَرْوَزِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے حوالے سے اہلِ صفہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

## غیبی آواز نے اسلام کی دعوت دی:

حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن فَاتِک اَسَدِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بدری صحابی ہیں۔ ایک بار انہیں اَبرق العِراق میں رات ہوگئی وہاں انہیں ایک غیبی آواز سنائی دی:

وَیْحَکَ عُذْ بِاللّٰہِ ذِی الْجَلَالِ وَالْمَجْدِ وَالْبَقَاءِ وَالْاَفْضَالِ

وَاقْرَءِ الْاٰیَاتِ مِنَ الْاَنْفَالِ وَوَحِّدِ اللّٰہَ وَلَا تُبَالِی

**ترجمہ:** (۱)......تجھ پر افسوس! اللہ عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگ جو عظمت وجلالت اور بقاو فضل والا ہے۔

(۲)......اور سورۂ اَنفال کی تلاوت کر، اللہ عَزَّوَجَلَّ کو ایک مان اور بے فکر ہوجا۔

چنانچہ، حضرت سیِّدُنا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مدینہ طیّبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا کی طرف چل دیئے۔ وہاں پہنچے تو اس وقت حُضور نبیٔ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو منبر پر خُطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ پس آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسلام قبول کرلیا اور آپ کا شُمار بدری صحابہ میں ہوتا ہے۔(2)

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٣٨٨٢، ج٤، ص١٢٧۔
المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ابی ایوب الانصاری، الحدیث: ٢٣٥٦٤، ج٩، ص١٣٢.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٤١٦٥، ج٤، ص٢١٠، بتغیر.



www.dawateislami.net

## پائنچے ٹخنوں سے نیچے لٹکانا ممنوع ہے:

﴿1267﴾......حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن فَاتِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے میری طرف دیکھا اور ارشاد فرمایا: ''تم کتنے اچھے ہوا گر تم میں دو خصلتیں نہ ہوتیں؟'' میں نے عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ! وہ دو خصلتیں کون سی ہیں۔ نقصان پہنچانے کو تو ایک خصلت بھی کافی ہے پھر وہ دو کون سی ہیں؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تہبند لٹکانا اور بال بڑھانا[1]۔'' راوی کہتے ہیں: ''حضرت سیِّدُنا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فوراً اپنا تہبند اوپر کرلیا اور بال بھی چھوٹے کروا دیئے۔'' [2]

# حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن اَوس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا خُرَیم بن اَوس طَائی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ابو الحَسَن علی بن عُمَر دَارقُطنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی کے حوالے سے اہلِ صفہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار مُہاجرین میں ہوتا ہے۔

## نگاہِ مُصطفٰی کا کمال اور صحابی کی سادگی:

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ وہ صحابی ہیں کہ جب حُضُور نبیِّ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں بتایا کہ ''میرے لئے ''حِیرَہ'' کے درمیان جتنے حجابات تھے سب اُٹھا دیئے گئے تو میں نے شَیْمَاء بنت

---

1 ......تہبند یا پاجامے وغیرہ کو ٹخنے سے نیچے لٹکانے سے مُتَعَلِّق حاشیہ اسی کتاب کے صفحہ 531 پر مُلاحظہ کیجئے۔ اور رہا لمبے بال رکھنا تو اس کے مُتَعَلِّق صدرُ الشَّرِیعَہ، بدرُ الطَّرِیقہ، مُفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''مرد کو یہ جائز نہیں کہ عورتوں کی طرح بال بڑھائے بعض صوفی بننے والے لمبی لمبی لٹیں بڑھا لیتے ہیں جو اُن کے سینہ پر سانپ کی طرح لہراتی ہیں اور بعض چوٹیاں گوندتے ہیں یا جوڑے بنا لیتے ہیں یہ سب ناجائز کام اور خلافِ شرع ہیں۔'' (بہار شریعت، حصہ ۱۶ ص ۲۳۰)

اور مُجَدِّدِ اعظم سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت حضرت علامہ مولانا احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن لمبے بالوں کے مُتَعَلِّق پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: ''(بال) نِصْفِ کان سے کندھوں تک بڑھانا شرعاً جائز ہے اور اس سے زیادہ بڑھانا مرد کو حرام ہے۔''

(فتاوٰی رِضویہ، ج ۲۲، ص ۶۰۵)

2 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث خریم بن فاتك، الحدیث: ۱۸۹۲۱، ج ۶، ص ۴۸۴۔

المعجم الکبیر، الحدیث: ۴۱۵۶/ ۴۱۵۹، ج ۴، ص ۲۰۷.



www.dawateislami.net

بُقَیْلَہ کو سیاہ چادر اوڑھے ایک طاقتور خچر پر سوار دیکھا۔ ''تو حضرت سیِّدُ نا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! اگر ہم نے ''حِیرَہ'' کو فتح کر لیا اور شَیْمَاء کو اسی حالت میں پایا تو کیا میں اسے لے لوں؟'' ارشاد فرمایا: ''ہاں وہ تجھے ملے گی۔'' پھر (خلافت صدیقی کے زمانہ میں) حضرت سیِّدُ نا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حضرت سیِّدُ نا خالد بن ولید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ لشکر میں مل گئے۔ مجاہدین نے مُسَیْلِمَہ کَذَّاب کو واصلِ جَہنّم کیا، پھر ''اَلطَّف'' کا رُخ کیا یہاں تک کہ ''حِیرَہ'' میں داخل ہو گئے۔ تو سب سے پہلے انہیں شَیْمَاء بنت بُقَیْلَہ طاقتور خچر پر اسی طرح سوار ملی جس طرح حُضور نبی غیب داں صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے بیان فرمایا تھا۔ چنانچہ، اسے دیکھتے ہی حضرت سیِّدُ نا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس کی طرف لپک گئے اور اس پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کرنے لگے۔ حضرت سیِّدُ نا محمد بن مَسْلَمَہ و حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے اس بات کی گواہی دی تو امیرِ لشکر حضرت سیِّدُ نا خالد بن ولید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے شَیْمَاء ان کے حوالے کر دی۔ پھر شَیْمَاء کا بھائی عَبْدُ الْمَسِیح ان کے پاس آیا اور حضرت سیِّدُ نا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہنے لگا: ''شَیْمَاء مجھے بیچ دو۔'' حضرت سیِّدُ نا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! ایک ہزار سے کم نہیں لوں گا۔'' عَبْدُ الْمَسِیح نے ایک ہزار دیئے اور کہا اگر آپ اس کے ایک لاکھ مانگتے تو میں ایک لاکھ دے دیتا۔'' حضرت سیِّدُ نا خُرَیم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں تو سمجھتا تھا کہ مال ایک ہزار سے زیادہ نہیں ہوتا۔'' (1)

## نعت سننا سنّت ہے:

﴿1268﴾......حضرت سیِّدُ نا خُرَیم بن اَوس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں ہجرت کر کے حُضور سیِّد عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم غَزْوَہ تبوک سے واپس تشریف لائے تھے۔ میں نے اسلام قبول کر لیا۔ حضرت سیِّدُ نا عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بارگاہِ اقدس میں اپنی خواہش کا اظہار کیا کہ ''میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تعریف کرنا چاہتا ہوں۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اجازت مرحمت فرمائی اور دُعا سے بھی نوازا کہ ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے دانت صحیح وسالم رکھے۔'' (2)

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٤١٦٨، ج٤، ص٢١٣.

1 ......المستدرك، کتاب معرفة الصحابة، باب انشاد العبّاس فی مدح النبی بحضرته، الحدیث: ٥٤٦٨، ج٤، ص٣٩١.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا خُبَیب بن یَسَاف رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه

حضرت سیِّدُنا ابوعبدالرحمٰن خُبَیب بن یَسَاف بن عُتْبَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابو عبد اللّٰہ نیشاپوری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے اور حضرت سیِّدُنا ابوبکر بن ابی داوٗد رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا بدری صحابی ہونا منقول ہے۔

﴿1269﴾......حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں اور میری قوم کا ایک شخص ایسے وقت میں بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ایک غزوہ میں شرکت کا ارادہ فرما رہے تھے۔ ہم اس وقت تک مسلمان تو نہ ہوئے تھے لیکن (آپس میں) کہنے لگے کہ ”ہمیں شرم آنی چاہئے کہ ہماری قوم تو جہاد میں حصہ لے اور ہم ان کا ساتھ نہ دیں۔“ حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِسْتِفْسَار فرمایا: ”کیا تم دونوں اِسلام قبول کر چکے ہو؟“ ہم نے عرض کی: ”نہیں۔“ تو ارشاد فرمایا: ”ہم مُشرِکین سے مدد حاصل نہیں کرتے۔“ حضرت سیِّدُنا خُبَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ”پھر ہم اسلام لے آئے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ جہاد میں شریک ہوئے۔ دورانِ جنگ ایک شخص نے مجھے زخم لگا دیا تو میں نے اسے قتل کر ڈالا اور بعد کو میں نے اس کی بیٹی سے شادی کر لی تو وہ کہا کرتی تھی: ”میں ایسے شخص کو گم نہ کروں جس نے تمہیں یہ زخم لگایا۔“ اور میں اس سے کہتا تھا: ”تو ایسے شخص کو گم نہ کر جس نے تمہارے باپ کو جلد جَہَنَّم میں پہنچایا۔“ (1)

# حضرت سیِّدُنا دُکَین بن سَعِید

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه

حضرت سیِّدُنا دُکَین بن سعید مُزَنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا شمار بھی اہلِ صُفَّہ میں ہوتا ہے اور ایک قول کے مطابق آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ خَثْعَمِی ہیں۔ کوفہ میں رہتے تھے۔ 400 آدمیوں کی جماعت کے ہمراہ بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے اور کھانا طَلَب کیا۔ پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے سب کو کھانا کھلایا اور ان کے زادِ راہ کا اہتمام فرمایا۔

1......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث جد خُبَیب، الحدیث: ۱۵۷۶۳، ج۵، ص ۳۴۵.



www.dawateislami.net

حضرت سیِّدُ نا امام حافظ ابو نُعَیم احمد بن عبد اللہ اَصْفَہانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورَانِی فرماتے ہیں: ''حضرت سیِّدُ نا دُکَین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صفہ کو اپنا مسکن بنانے اور وہاں ٹھہرنے کی کوئی روایت میرے علم میں نہیں۔''

## ایک معجزے کا بیان:

﴿1270﴾...... حضرت سیِّدُ نا دُکَین بن سعید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ہم 400 سوار بارگاہِ نبوی عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے اور کھانا طلب کیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے عُمَر! جاؤ انہیں کھانا کھلاؤ اور کچھ زادِ راہ عطا کرو۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے پاس صرف کچھ صاع کھجوریں ہیں جو مجھے اور میرے اہل و عیال کو بمشکل کفایت کریں گی۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ان سے فرمایا: ''سنو اور اطاعت کرو۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے کہا: ''ہم نے حکم سنا اور اطاعت کی۔'' یہ کہہ کر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ چل پڑے یہاں تک کہ ایک کمرہ کے پاس پہنچے۔ اس کی چابی نکالی اور دروازہ کھول دیا۔ لوگوں سے کہنے لگے: ''اندر داخل ہو جاؤ۔'' میں سب سے آخر میں اندر داخل ہوا کچھ کھجوریں لیں پھر دیکھا تو کھجوروں کا ایک بڑا ڈھیر ابھی باقی تھا۔'' (1)

حضرت مصنف رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: ''یہ حدیث صحیح ہے۔ اسے حضرت اسماعیل عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَکِیْل سے بہت لوگوں نے روایت کیا ہے اور یہ (یعنی کھجوروں کا بڑھ جانا) حُضُور انور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے۔''

# حضرت سیِّدُنا عَبْدُ اللّٰہ ذُوالْبِجَادَیْن

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا عبدُ اللّٰہ ذُو الْبِجَادَیْن رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت علی بن مَدِیْنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی کے حوالے سے اہلِ صُفّہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ہم پیچھے مُہاجِرین سابِقین میں ان کا ذکر کر چکے ہیں۔

(1)...... المعجم الکبیر، الحدیث: ۴۲۰۷، ج۴، ص۲۲۸، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

## عبدُ العُزّٰی سے ذُو الْبِجَادَیْن کیسے ہوئے؟

ذُو الْبِجَادَیْن نام کا سبب کچھ یوں ہوا کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے چچا کی کفالت میں تھے۔ وہ آپ کی پَرْوَرِش کرتا رہا لیکن جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسلام قبول کیا تو اس نے ہر چیز واپس لے لی۔ اس کے باوجود آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسلام چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ والدہ نے انہیں ایک بڑی اُونی چادر دی۔ آپ نے اس چادر کے دو حصے کر لئے۔ ایک کا تہبند بنالیا اور دوسرا حصہ اوپر اوڑھ لیا۔ پھر بارگاہِ نَبُوَّت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے نام دریافت فرمایا۔ عرض کی: ''عبدالعُزّٰی۔'' ارشاد فرمایا: ''نہیں! بلکہ تمہارا نام عبدُاللّٰہ ذُو الْبِجَادَیْن (یعنی دو چادروں والا) ہے۔'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ غَزْوَۂ تبوک میں شہید ہوئے۔ حُضُور نبیِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بنفسِ نفیس ان کی قَبْر میں اُترے اور اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے انہیں قَبْر میں اُتارا۔ (1)

# حضرت سیِّدُنا ابولُبَابَہ رِفَاعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابولُبَابَہ رِفَاعَہ اَنصاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابو عبد اللّٰہ نیشاپوری عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے حوالے سے اہلِ صفہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا نام بشیر بن عبدالمُنذِر ہے اور قبیلۂ بنوعَمْرو بن عوف سے تَعَلُّق رکھتے ہیں۔ حضرت سیِّدُنا رِفَاعَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ غَزْوَۂ بدر میں شریک ہوئے اور مالِ غنیمت سے حصہ بھی پایا۔

## جُمُعَہ کی عَظَمتوں کا بیان:

﴿1271﴾......حضرت سیِّدُنا ابولُبَابَہ بن عبدالمُنذِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک جُمُعَۃُ المُبارَک کا دِن تمام دِنوں کا سردار ہے اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک عیدُالاَضْحٰی و عیدُالفِطر کے دنوں سے بھی زیادہ عَظَمت والا ہے۔ اس دن میں پانچ خصلتیں ہیں: (۱) اس دن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے حضرت آدم عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو پیدا فرمایا (۲) اِسی دن انہیں زمین پر

1 ......موسوعة لابن ابی الدنیا، کتاب الاولیاء، الحدیث:۷۷، ج۲، ص۴۰۸، مفهومًا.



www.dawateislami.net

اُتارا (۳) اِسی دن انہیں وفات دی (۴) اِس دن میں ایک گھڑی ایسی آتی ہے جس میں بندہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے حرام کے سوا جو مانگتا ہے اسے دیا جاتا ہے اور (۵) تمام مُقرّب فرِشتے، آسمان، زمین، پہاڑ، ہوا اور دریا سب جُمُعہ کی عَظمت سے ڈرتے ہیں کہ قیامت نہ قائم ہو جائے۔" (1)

# حضرت سیِّدُنا ابورُزَین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا عبدالرحمٰن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی حدیثِ پاک کی بنا پر حضرت سیِّدُنا ابورُزَین رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

## ذِکرُاللہ کی فضیلت:

رَحمتِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اہلِ صفہ میں سے ایک شخص جس کی کُنیت ابورُزَین تھی سے فرمایا: "اے ابورُزَین! جب تم تنہائی میں ہو تو اپنی زبان اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے تر رکھو کیونکہ جب تک تم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر میں مشغول رہو گے۔ گویا نماز میں رہو گے، اگر تم لوگوں کے سامنے ذکر کرو تو یہ لوگوں کے درمیان نماز کی طرح ہے اور اگر تم تنہائی میں ذکر کرو تو یہ تنہائی میں نماز کی طرح ہے۔ اے ابورُزَین! جب لوگ رات کے قیام اور دن کے روزے کی صُعُوبت (یعنی مَشَقَّت) برداشت کر رہے ہوں تو تم مسلمانوں کے لئے خیر خواہی و نصیحت کی مَشَقَّت برداشت کرو۔ اے ابورُزَین! جب لوگ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں جہاد کرنے میں مصروف ہوں اور تم چاہو کہ تمہارے لئے بھی ان کی مثل اجر و ثواب ہو تو تم مَسجِد کو لازم پکڑ لو اس میں اذان دو اور اذان پر اجرت مت لو۔" (2) (3)

---

❶......سنن ابن ماجه،ابواب اقامة الصلوات،باب فی فضل الجمعة،الحديث:١٠٨٤،ص٢٥٤٠.

❷......الاصابة فی تمیز الصحابة،الرقم ٩٨٩٨ابورزين آخر،ج٧،ص١١٦۔

الفردوس بمأثور الخطاب،باب الياء،الحديث:٨٤٣٧،ج٥،ص٣٦٠.

❸......سیِّدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: "اصل یہ ہے کہ طاعت و عبادات پر اجرت لینا دینا (سوائے تعلیمِ قرآن و علومِ دین و اذان و اقامت وغیرہا معدودے چند اشیاء کہ جن پر اجارہ کرنا متاخرین نے بناچاری و مجبوری بنظرِ حالِ زمانہ جائز رکھا) مطلقاً حرام ہے۔" (فتاوی رضویه، ج١٩، ص٤٨٦) حکیم الاُمَّت مُفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان ایک حدیث پاک کی شرح میں فرماتے ہیں: "اس سے معلوم ہوا کہ اذان پر اُجرت لینا جائز ہے مگر نہ لینا بہتر ہے اس لئے حضور (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) نے یہاں اُجرت کو حرام نہیں کہا بلکہ فرمایا ڈھونڈ کر کوئی لِلّٰہ (یعنی: فِیْ سَبِیْلِ اللہ) اذان دینے والا رکھو۔ خیال رہے کہ اس زمانہ میں دینی خدمات پر اُجرت لینا اگر ممنوع بھی تھی تو......



www.dawateislami.net

# ستّر ہزار فرِشتوں کی دُعا حاصل کرنے کا عمل:

﴿1272﴾......حضرت سیِّدُ نا ابورَزِین رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْه بیان کرتے ہیں کہ آقائے دو جہاں صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے مجھ سے فرمایا: ''کیا تمہیں اس دین کی اصل نہ بتادوں جس سے تم دنیا و آخرت کی بھلائی پالو (تو سنو!) ذکر والوں کی مجلس اِختیار کرو[1] اور جب تم تنہائی میں ہو تو جہاں تک ہوسکے اپنی زبان کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر سے ہلاتے رہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے مَحبّت رکھو اور اسی کے لئے دشمنی رکھو۔ اے ابورَزِین! کیا تمہیں معلوم ہے کہ جب کوئی شخص اپنے گھر سے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لئے نکلتا ہے تو 70 ہزار فرِشتے اس کے ساتھ ہو لیتے ہیں۔ وہ سب اس کیلئے دُعا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ''اے ہمارے رب عَزَّوَجَلَّ! اس نے تیری خاطر (رشتۂ مَحبّت) جوڑا ہے تو اسے جوڑ دے (یعنی اس کا اپنے سے رشتۂ اطاعت جوڑ کر اپنا خاص بندہ بنالے)۔'' لہٰذا اگر اپنے جسم کو اس میں مشغول کرسکو تو ضرور کرو۔''[2]

......اس وقت کے لحاظ سے تھی اب ممنوع نہیں ورنہ سارے دِینی کام بند ہوجائیں گے، دیکھو سوا عثمان غنی (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْه) کے باقی تمام خلفاء نے خلافت پر اُجرت لی حالانکہ خلافت امامت کبریٰ ہے نیز عُمَرِ فاروق (رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه) نے اپنے زمانہ میں غازیوں اور حکام کی تنخواہیں مقرّر کیں حالانکہ جہاد بھی عبادت ہے اور حاکمِ اسلام بننا بھی۔'' (مرآة المناجیح، ج۱، ص۴۱۷)

1 ......حکیم الاُمّت مُفتی احمد یار خان عَلَیْهِ رَحْمَةُ الْحَنَّان اس کے تحت فرماتے ہیں: ''اس سے مراد عُلماءِ دین اولیاء کاملین صالحین واصلین کی مجلسیں ہیں کیونکہ یہ مجلسیں جنّت کے باغات ہیں جیسا کہ دوسری حدیث شریف میں ہے۔ یہ مجلسیں خواہ مدرسے ہوں یا درس قرآن وحدیث کی مجلسیں یا حضرات صُوفیاءِ کرام کی ذکر کی محفلیں، یہ فرمان بہت جامع ہے جس مجلس میں اللہ تعالیٰ کا خوف حُضُور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کا عشق اور طاعتِ رسول کا شوق پیدا ہو وہ مجلس اکسیر ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ! انسان کی دو ہی حالتیں ہوتی ہیں خلوت، جلوت اس فرمان عالی میں دونوں کی اصلاح فرمادی گئی جلوت ہو تو اللہ والوں کی صُحبت میں خلوت ہو تو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں، بعض مشائخ نے اس فرمانِ عالی سے دلیل پکڑی کہ ذکرِ خفی افضل ہے ذکرِ جلی سے، بعض نے فرمایا کہ ذکرِ لسانی (زبان سے ذکر کرنا) افضل ہے ذکر جنانی (دل سے ذکر کرنے) یا پاس انفاس (سانس کے ساتھ ذکر اللّٰہ کرنے) سے، کیوں کہ یہاں زبان ہلانے کا حکم دیا مگر انسان بھی مختلف ہیں حالات بھی مختلف، بعض حالات میں ذکرِ جلی افضل بعض وقت ذکرِ خفی افضل۔ کون کہہ سکتا ہے کہ اذان اور حج کا تلبیہ، نماز جہری کی قرآت آہستہ کہی جائیں اور کون کہہ سکتا ہے کہ نماز تہجد اور نماز خفی قراءت جہر سے کی جاوے۔ صُوفیاء فرماتے ہیں کہ ''ذکر وہ بہتر ہے کہ ذاکر ذکر میں فنا ہو اور مذکور سے باقی ہو ''وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِیْتَ' سب کچھ بھول کر اپنے سے بھی غافل ہو کر رب کو یاد کرو۔'' کچھ آگے فرماتے ہیں: ''بعض حضرات جب کسی مقبول بندے سے ملاقات کے لئے جاتے ہیں تو باوضو اور ذکرِ الٰہی کرتے جاتے ہیں یہاں (صاحبِ) مرقات نے بروایت ابویعلیٰ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه (ام المؤمنین) حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا سے مرفوعاً روایت کی کہ ''ایسا خفی ذکر، جلی ذکر سے ستّر درجہ افضل ہے۔'' (مرآة المناجیح، ج۶، ص۶۰۳)

2 ......شعب الایمان للبیهقی، باب فی مقاربة و موادة اهل الدین، الحدیث: ۹۰۲۴، ج۶، ص۴۹۲.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنازَیدبِن خَطّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا زید بن خَطّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابو عبد اللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مُسَیلِمَہ کَذّاب کے خلاف جہاد کرتے ہوئے شہادت کی سعادت سے بہرہ مند ہوئے۔ آپ بدری صحابی ہیں اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کُنیت ابو عبد الرحمٰن ہے۔

## دو بھائیوں کا شوقِ شہادت:

﴿1273﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عُمَرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے غَزْوَہ اُحُد کے دن اپنے بھائی حضرت سیِّدُ نا زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے کہا: ''میری زِرہ آپ لے لیں۔'' انہوں نے کہا: ''جس طرح آپ شہادت کے مُتَمَنّی ہیں مجھے بھی شہادت کی خواہش ہے۔'' چنانچہ، دونوں نے زِرہ کو چھوڑ دیا۔(1)

﴿1274﴾......حضرت سیِّدُ نا عبد اللہ بن عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: میں ایک سانپ پر حملہ کر رہا تھا تاکہ اسے مار ڈالوں اتنے میں حضرت ابولُبَابَہ یا زید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا نے مجھے دیکھ لیا اور اسے مارنے سے روک دیا اور فرمایا: ''رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے گھر والے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے(2)۔''(3)

# حضرت سیِّدُنا سَلْمان فَارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا ابو عبد اللہ سَلْمان فارِسی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ہم آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے کچھ احوال پہلے بیان کر چکے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک شریف و مسافر انسان تھے۔

﴿1275﴾......حضرت سیِّدُ نا سَلْمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

---

1 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ۵۳۰۰، ج٤، ص٨٦.

2 ......مُفَسِّرِ شہیر حکیم الاُمَّت مُفْتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس کے تحت فرماتے ہیں: ''یعنی جو سانپ گھروں میں رہتے ہیں بستے ہیں۔ کسی کو تکلیف نہیں دیتے وہ جنات ہیں سانپ نہیں۔ یہ حکم یا تو مدینہ منوّرہ (زَادَهَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا) کے لئے ہے یا عام مکانوں کے لئے۔'' (مرآۃ المناجیح، ج٥، ص٦٦٦)

3 ......صحیح مسلم، کتاب السلام، باب قتل الحیات وغیرھا، الحدیث: ۵۸۲۵/۵۸۲۶، ص١٠٧٤.


www.dawateislami.net

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جب راہِ خدا میں مومن کا دل کپکپاتا ہے تو اس کے گناہ اس طرح جھڑتے ہیں جس طرح کھجور کے درخت سے گچھے گرتے ہیں۔''(1)

## اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے مَحبَّت کرنے کی فضیلت:

﴿1276﴾......حضرت سیِّدُنا سلمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحبِ معطر پسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: ''میں اپنی بِعْثَت سے قیامت تک ہر دو ایسے شخصوں کا شفیع ہوں جو مَحض اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے ایک دوسرے سے مَحبَّت کرتے ہیں۔''(2)

# حضرت سیِّدُنا سَعد بن اَبی وَقَّاص

## رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا سَعد بن اَبی وَقَّاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صُفَّہ میں ذکر کیا گیا ہے اور اس پر اس بات سے استدلال کیا گیا ہے کہ حضرت سیِّدُنا سعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ یہ آیت مبارکہ ہمارے حق میں نازل ہوئی:

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ (پ۷، الانعام:۵۲) ترجمۂ کنز الایمان: اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور شام۔

ہم نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا ذکر مہاجرین سابقین میں کردیا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی کُنْیَت ابو اسحاق ہے اور آپ کا وصال مدینہ مُنوَّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں ''عَقِیق'' کے مقام پر ہوا۔

﴿1277﴾......حضرت سیِّدُنا سَعد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے بارگاہِ رسالت عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام میں عرض کی: ''لوگوں میں سخت آزمائش کن کی ہوتی ہے؟'' حُضُور نبی کریم، رَءُوْفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی پھر درجہ بَدَرَجہ نیک لوگوں کی۔ یہاں تک کہ بندہ اپنی دینداری کے مُطابِق آزمائش میں مُبتلا ہوتا ہے۔ ایسا ہوتا رہے گا حتی کہ وہ زمین پر بے گناہ ہو کر چلے گا۔''(3)

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث:٦٠٨٦، ج٦، ص٢٣٥.

2 ......فردوس الاخبار للدیلمی، باب الالف، الحدیث:١٣٠، ج١، ص٤٥، "لکل رجلین" بدلہ "لکل اخوین".

3 ......جامع الترمذی، ابواب الزھد، باب ماجاء فی الصبر علی البلاء، الحدیث:٢٣٩٨، ص١٨٩٢، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

## اَللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے بندے:

﴿1278﴾......حضرت سیِّدُ نا عامر بن سَعْد رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی عَنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد حضرت سیِّدُ نا سَعْد رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی عَنہ نے مجھے بتایا کہ میں نے حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''بے شک اَللہ عَزَّوَجَلَّ پرہیزگار، (مخلوق سے) بے نیاز اور گوشہ نشین بندے سے مَحَبَّت فرماتا ہے۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا سَعِید بن عَامِر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا سَعِید بن عامر بن حُذَیم جُمَحِی رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کو بھی امام وَاقِدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے حوالے سے اہلِ صُفّہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی عَنہ کا مدینہ طَیِّبہ زَادَھَااللّٰہ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں کوئی گھر ہونا معلوم نہیں۔ ہم ان کے حالات، دنیا سے بے رغبتی اور فقر کو اختیار کرنا وغیرہ مُہاجِرین کے تذکرے میں بیان کر چکے ہیں۔ (2)

# حضرت سیِّدُنا ابوعَبدُالرَّحمٰن سَفِیْنَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حُضُور نبیٔ اکرم، نُورِ مُجَسَّم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادم حضرت سیِّدُ نا ابو عبد الرحمٰن سَفِیْنَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ کو حضرت سیِّدُ نا یحییٰ بن سَعِید قَطَّان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْمَنَّان کے حوالے سے اہلِ صفہ میں شمار کیا گیا ہے۔ حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ سَلَمہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنْہَا نے انہیں اس شرط پر آزاد کیا تھا کہ جب تک زندہ رہیں گے آپ صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت کرتے رہیں گے۔ چنانچہ، حضرت سیِّدُ نا سَفِیْنَہ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ نے 10 سال تک حُضُور نبیٔ رحمت، شفیعِ اُمت صَلَّی اللّٰہُ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت کا شرف پایا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعَالٰی عَنہ اہلِ صفہ سے میل جول اور بے پناہ مَحَبَّت واُلفت رکھتے تھے۔

## زندگی بھر صُحبَتِ سرکار کی خواہش:

﴿1279﴾......حضرت سیِّدُ نا سَفِیْنَہ رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی عَنہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت سیِّدَتُنا اُمِّ سَلَمہ رَضِیَ اللّٰہ تعَالٰی

1......صحیح مسلم، کتاب الزھد، باب الدنیاسجن للمؤمن وجنۃ للکافر، الحدیث: ۷۴۳۲، ص۱۱۹۲.

2......الطبقات الکبریٰ لابن سعد، الرقم ۴۴۸ سعید بن عامر بن حِذْیَم، ج۴، ص۲۰۳.



www.dawateislami.net

عَنہَا نے خریدا اور پھر اس شَرط پر آزاد کر دیا کہ جب تک زندہ رہوں اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت کروں۔ میں نے کہا: ''مجھے بھی یہی پسند ہے کہ زندگی بھر آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رَفاقت میں رہوں۔'' (1)

## تیرے منہ سے جو نکلی وہ بات ہو کے رہی:

﴿1280﴾...... حضرت سیِّدُنا سَعِید بن جُمْہان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا سَفِینَہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے ان کا نام دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: ''میں تمہیں اپنا نام بتاتا ہوں میرا نام میرے پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ''سَفِینَہ'' رکھا ہے۔'' میں نے پوچھا: ''کیوں؟'' تو فرمایا: حُضُور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے ہمراہ ایک مُہِم پر روانہ ہوئے۔ دورانِ سَفر صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے سامان کا بوجھ انہیں بھاری لگنے لگا تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے ارشاد فرمایا: ''چادر بچھاؤ۔'' میں نے اپنی چادر بچھا دی۔ پھر سب نے اپنا سامان اس میں رکھ دیا اور اٹھا کر میرے اوپر لاد دیا۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اُٹھاؤ تم سَفِینَہ (یعنی کشتی) ہو۔'' فرماتے ہیں: ''بس اس دن سے یہ حال ہے کہ میں 1 یا 2 یا 5 یا 6 اونٹوں کا بوجھ اُٹھا لوں تو وہ مجھے بھاری نہیں لگتا۔'' (2)

## غلام مُصطفٰی کی جانور بھی تعظیم کرتے ہیں:

﴿1281﴾...... پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادِم حضرت سیِّدُنا سَفِینَہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں سَمُندر میں کشتی پر سوار تھا تو وہ ٹوٹ گئی۔ پھر میں ایک تختے پر سوار ہو گیا تو سَمُندر کی موجوں نے مجھے ایسی جھاڑی میں لا چھوڑا جہاں ایک شیر تھا۔ میں نے شیر سے کہا: ''اے ابوحارِث! میں رسول اللہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا غلام سَفِینَہ ہوں۔'' یہ سنتے ہی شیر نے اپنا سر جھکا لیا اور اپنے پہلو یا کندھے سے میری رہنمائی کرنے لگا۔ میں اس کے پیچھے چلنے لگا یہاں تک کہ اُس نے مجھے ایک راستے تک پہنچا دیا۔ جب اس نے مجھے راستے پر پہنچا دیا تو دھاڑ کر

---

1 ......سنن ابن ماجه، ابواب العتق، باب من اعتق عبدا واشترط خدمته، الحديث: ٢٥٢٦، ص٢٦٢٨۔
المستدرك، كتاب العتق، باب العتق على شرط، الحديث: ٢٩٠٣، ج٢، ص٥٨٢، مفهومًا.

2 ......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب ذكر سفينة، الحديث: ٦٦٠٧، ج٤، ص٧٩٤.



www.dawateislami.net

چل دیا، گویا کہ وہ مجھے رُخصت کرنے کے لئے الوَداع کہہ رہا ہے۔'' (1)

## آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم دعوت سے لوٹ آئے:

﴿1282﴾......حضرت سیِّدُنا سَفِینَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے ایک شخص کو مہمان بنایا اور اس کے لئے کھانا تیار کروایا (حضرت سیِّدَتُنا فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا علی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے عرض کی: ''کیوں نہ ہم رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو بھی مدعو کرلیں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بھی ہمارے ساتھ کھانا تناوُل فرمائیں۔'' چنانچہ، ان کے عرض کرنے پر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تشریف لائے اور اپنے دونوں مبارک ہاتھ دروازے کی چوکھٹوں پر رکھے تو گھر کے ایک کونے میں مُنَقَّش پردہ (2) مُلاحظہ فرمایا۔ پس آپ واپس ہوگئے۔'' سنن ابی داود، الحدیث: ۳۷۵۵، ص۱۵۰۰) پھر حضرت

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ٦٤٣٢، ج٧، ص ٨٠، بتغیر.

2 ......مفسِّرِ شہیر حکیم الاُمّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ''بعض عُلماء نے فرمایا کہ یہ پردہ نقشین تھا اور اس پر جانداروں کی تصاویر تھیں، اس لیے حُضُور انور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم وہاں تشریف نہ لائے، اس سے معلوم ہوا کہ اگر دعوت میں کوئی ممنوع کام ہو تو نہ جائے، مگر یہ غلط ہے، اگر ناجائز پردہ ہوتا تو سرکارِ عالی (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) منع فرماتے بلکہ دستِ اقدس سے پھاڑ دیتے۔ پردہ سادہ تھا، جائز تھا مگر دُنیاوی تکلف اور ظاہری ٹیپ ٹاپ اہل نبوت کے لائق نہ تھی اس لیے منع تو نہ فرمایا عملاً ناپسندیدگی کا اظہار فرمادیا تا کہ آئندہ جناب زہرا (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا) اپنا گھر نیک اعمال سے ہی آراستہ رکھیں۔ زینتِ دُنیا، نُقصانِ آخرت کا ذَرِیعَہ بن سکتی ہے۔''

(مراۃ المناجیح، ج٥، ص٧٨)

اور جہاں تک کسی دعوت میں شرکت کا سنّت ہونا ہے تو اس کے مُتَعَلِّق دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 312 صَفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' حصہ 16 صَفْحَہ 35 پر صدرُ الشَّریعہ، بدرُ الطَّریقہ حضرتِ علّامہ مولانا مُفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''دعوت میں جانا اُس وقت سنّت ہے جب معلوم ہو کہ وہاں گانا بجانا، لَہْو ولَعِب نہیں ہے اور اگر معلوم ہے کہ یہ خُرافات وہاں ہیں تو نہ جائے۔ جانے کے بعد معلوم ہوا کہ یہاں لَغوِیات ہیں، اگر وہیں یہ چیزیں ہوں تو واپس آئے اور اگر مکان کے دوسرے حصے میں ہیں جس جگہ کھانا کھلایا جاتا ہے وہاں نہیں ہیں تو وہاں بیٹھ سکتا ہے اور کھا سکتا ہے، پھر اگر یہ شخص ان لوگوں کو روک سکتا ہے تو روک دے اور اگر اِس کی قدرت اسے نہ ہو تو صبر کرے۔ یہ اس صورت میں ہے کہ یہ شخص مذہبی پیشوا نہ ہو اور اگر مُقتدیٰ و پیشوا ہو، مثلاً عُلما و مشائخ، یہ اگر نہ روک سکتے ہوں تو وہاں سے چلے آئیں نہ وہاں بیٹھیں نہ کھانا کھائیں اور پہلے ہی سے یہ معلوم ہو کہ وہاں یہ چیزیں ہیں تو مُقتدیٰ ہو یا نہ ہو کسی کو جانا جائز نہیں اگر چہ خاص اُس حصۂ مکان میں یہ چیزیں نہ ہوں بلکہ دوسرے حصہ میں ہوں۔''

(الھدایۃ، کتاب الکراھیۃ، فصل فی الاکل والشرب، ج٢، ص٣٦٥ ـ الدر المختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج٩، ص٥٧٤)



www.dawateislami.net

سیِّدَتُنا فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا نے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے عرض کی: ''حُضُور نبی مُکَرَّم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے معلوم کیجئے کہ کیوں واپس ہوگئے؟'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے واپسی کا سَبَب دریافت کیا تو ارشاد فرمایا: ''میرے لئے اور کسی نبی کے لئے لائق نہیں کہ وہ مُنَقَّش گھر میں داخل ہو۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا سَعُدبِن مَالِک رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا ابو سَعِید سَعْد بن مالک خُدْرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ابو عُبَید قاسم بن سلام عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ السَّلَام کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ نیز صبر وفَقْر اور سوال سے اِجْتِناب کرنے کی وجہ سے ان کے اَحوال تقریباً اہلِ صفہ سے ملتے جلتے ہیں اگرچہ حقیقت میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ انصار میں سے ہیں۔''

## صَبْر کی اَہَمِیَّت کا بیان:

﴿1283﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو سَعِید خُدْرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ آپ کے گھر والوں نے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے فاقہ کی شِکایت کی تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ حُضُور نبیٔ پاک، صاحبِ لولاک، سیاحِ افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دربارِ گوہر بار کی طرف چل دیئے تاکہ گھر والوں کے لئے کچھ مانگ لائیں۔ جب دربارِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے تو حُضُور نبیٔ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو منبر پر ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''اے لوگو! اب وہ وقت آ پہنچا ہے کہ تم سوال کرنے سے بچو۔ جو سوال سے بچنا چاہے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے بچائے گا اور جو مُسْتَغْنِی ہونا چاہے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے مُسْتَغْنِی کردے گا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی جان ہے! صبر سے زیادہ وسیع تر نعمت کسی کو عطا نہیں کی گئی اور اگر تم مجھ سے سوال کرنے سے نہ رُکے تو میں جو پاؤں گا تمہیں عطا کروں گا۔'' (2)

﴿1284﴾......حضرت سیِّدُ نا ابو سَعِید خُدْرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حُضُورِ انور، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''جو صبر کرنا چاہے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے صبر دے گا اور جو مُسْتَغْنِی ہونا

1 ......المستدرك، كتاب النكاح، باب الدعاء لمن افاد جارية او امراة او دابة، الحديث: ٢٨١٢، ج٢، ص٥٤٣، مفهومًا.

2 ......الاحسان بترتيب صحيح ابن حبان، كتاب الزكاة، باب المسألة والأخذ......الخ، الحديث: ٣٣٩٠، ج٥، ص١٦٩.



www.dawateislami.net

چاہے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے مُسْتَغْنِی کر دے گا اور جو ہم سے مانگے گا ہم اسے عطا کریں گے اور صبر سے بڑھ کر وسیع تر نعمت کسی کو عطا نہیں کی گئی۔'' (1)

## مصیبت حَسْبِ فضیلت آتی ہے:

﴿1285﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوسَعِید خُدْرِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی: ''لوگوں میں سخت مصیبت والے کون ہیں؟'' ارشاد فرمایا: ''انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام۔'' میں نے عرض کی: ''پھر کون؟'' ارشاد فرمایا: ''نیک لوگ۔ ان میں سے کسی کو اس قدر فقر میں مبتلا کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے پاس صرف کھجور یا اس جیسی کسی اور شے کے سوا کچھ نہیں پاتا اور کسی پر جوؤں کی ایسی آزمائش ڈالی جاتی ہے کہ وہ اپنے جسم سے جوئیں اُٹھا اُٹھا کر پھینکتا رہتا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جنہیں فراخی وخوشحالی سے زیادہ آزمائش پر خوشی حاصل ہوتی ہے۔'' (2)

﴿1286﴾...... حضرت سیِّدُنا ابوسَعِید خدری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسولِ پاک صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''جب اللہ عَزَّوَجَلَّ بندے سے راضی ہوتا ہے تو ایسی 7 نیکیوں سے (فرشتوں وغیرہ کے ذریعے) اس کی تعریف بیان فرماتا ہے جو ابھی اس نے نہیں کی ہوتیں اور جب وہ کسی سے ناراض ہوتا ہے تو ایسے 7 گناہوں سے اس کی برائی بیان فرماتا ہے جو ابھی اس نے نہیں کئے ہوتے۔'' (3)

# حضرت سیِّدُنا سالِم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابوحُذَیْفَہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے خادِم حضرت سیِّدُنا سالم رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جنگ یَمَامَہ میں شہید ہوئے۔ اس جنگ میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پہلے دائیں ہاتھ میں جھنڈا پکڑا جب دایاں ہاتھ کٹ گیا تو بائیں ہاتھ میں تھام لیا۔ پھر جب یہ بھی کٹ گیا تو اپنی گردن سے پکڑے رکھا اور اپنی شہادت تک یہ آیت مبارکہ تلاوت کرتے رہے:

---

1 ...... صحیح البخاری، کتاب الزکاۃ، باب الاستعفاف عن المسألۃ، الحدیث:۱۴۶۹، ص۱۱۶۔
المعجم الاوسط، الحدیث:۹۰۴۶، ج۶، ص۳۵۴، بتغیر۔

2 ...... المعجم الاوسط، الحدیث:۹۰۴۷، ج۶، ص۳۵۵۔
سنن ابن ماجہ، ابواب الفتن، باب الصبر علی البلاء، الحدیث:۴۰۲۴، ص۲۷۱۹.

3 ...... المسند للامام احمد بن حنبل، مسند ابی سعید الخدری، الحدیث:۱۱۳۳۸، ج۴، ص۷۷.



www.dawateislami.net

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَا۟ئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ (پ۴،ال عمران:۱۴۴)

ترجمۂ کنز الایمان: اور محمد تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے اور رسول ہو چکے تو کیا اگر وہ انتقال فرمائیں یا شہید ہوں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے۔

## خوش اِلحان قاریٔ قرآن:

﴿1287﴾......ام المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں کہ ایک رات مجھے اپنے سرتاج، صاحبِ معراج صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہونے میں کچھ تاخیر ہوگئی۔ جب میں حاضر ہوئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے تاخیر کا سبب دریافت فرمایا تو میں نے عرض کی: ''یارَسُوْلَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! مَسْجِد میں ایک شخص قرآنِ مجید کی تِلاوت کر رہا تھا میں وہ سننے میں مصروف ہوگئی تھی اور اس جیسی تلاوت میں نے کبھی نہیں سنی۔'' چنانچہ، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اُٹھے میں بھی آپ کے پیچھے چل دی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جانتی ہو یہ کون ہیں؟'' میں نے عرض کی: ''نہیں۔'' ارشاد فرمایا: ''یہ ابوحُذَیفَہ کے آزاد کردہ غلام سالم ہیں۔'' پھر فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے کہ اس نے میری اُمت میں ایسا شخص پیدا فرمایا ہے۔'' (1)

# حضرت سیِّدُنا سالِم بِن عُبَیداَشْجَعِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا سالم بن عُبَید اَشْجَعِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں منقول ہے کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی صفہ میں رہے ہیں لیکن وہاں سے کوفہ مُنْتَقِل ہو گئے اور پھر ہمیشہ کے لئے وہیں مقیم ہو گئے۔

## سیِّدُنا صدیقِ اَکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اَفْضَلِیَّت:

﴿1288﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن عُبَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ جب سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مرضِ موت نے شِدّت اِختیار کی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر غشی طاری ہوگئی۔ جب کچھ افاقہ ہوا تو ارشاد فرمایا: ''بلال سے کہو اذان دے اور ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔'' راوی فرماتے ہیں:

(1)......سنن ابن ماجة، ابواب اقامة الصلوات، باب فی حسن الصوت بالقرآن، الحدیث:۱۳۳۸، ص۲۵۵۶.



www.dawateislami.net

آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر پھر غشی طاری ہوگئی (جب کچھ افاقہ ہوا) تو اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے عرض کی: ''میرے والد (حضرت ابوبکر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) بہت رَقِیْقُ الْقَلْب (یعنی نرم دل) ہیں، اگر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کسی اور کو حکم فرماتے تو اچھا ہوتا۔'' ارشاد فرمایا: ''تم حضرت یُوسُف (عَلَیْہِ السَّلَام) کو گھیرے میں لینے والیوں کی مثل ہو[1] بلال سے کہو اذان دیں اور ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں[2]۔''[3]

﴿صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد﴾

---

1 ......شارح بخاری، فقیہ اعظم ہند مفتی محمد شریف الحق امجدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''اس سے مراد تنہا زُلیخا ہیں۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کسی مَصْلِحَت کی بنا پر جمع بولتے ہیں اور مراد واحد ہوتا ہے۔'' کچھ آگے ارشاد فرماتے ہیں: ''حضرت زُلیخا کے قصے اور اس قصے میں قدرِ مُشْتَرَک (یعنی ایک جیسی بات) یہ ہے کہ زُلیخا نے مصری عورتوں کو ضِیافت کے بہانے بلایا تھا اور مقصود حضرت یُوسُف عَلَیْہِ السَّلَام کا جلوہ دکھانا اور اپنا عذر ظاہر کرنا تھا۔ ظاہر میں ضِیافت کیا اور دل میں کچھ اور تھا۔ اسی طرح حضرت صِدِّیقہ (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا) نے کہلایا تو یہ تھا کہ ابوبکر رقیق القلب ہیں۔ حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کو مصلّٰی پر نہ دیکھیں گے تو ضَبْط نہ کرسکیں گے، رونے لگیں گے اور نماز نہ پڑھا سکیں گے اور دل میں یہ تھا کہ لوگ کہیں حضرت ابوبکر (رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) کی امامت کی وجہ سے بدفالی نہ لے لیں۔'' جیسا کہ بخاری ہی میں ہے کہ ''مجھے بار بار عرض پر اس خیال نے ابھارا کہ جو شخص حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی جگہ نماز پڑھائے گا اسے لوگ پسند نہیں کریں گے۔ اس سے لوگ فال بدلیں گے یعنی یہ کھڑا ہوا اور حُضُور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کا وصال ہوگیا۔ اس لئے میں چاہتی تھی کہ نماز کوئی اور پڑھائے۔'' ظاہر کچھ کیا اور دل میں کچھ اور تھا۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ مراد یہ ہو کہ جیسے مصر کی عورتیں حضرت یُوسُف عَلَیْہِ السَّلَام کو ان کی مرضی کے خلاف عمل کرنے کو کہتی تھیں ویسے تم مجھ سے میری مرضی کے خلاف حکم صادر کرانا چاہتی ہو۔ یا یہ کہ مِصْر کی ان عورتوں کی طرح تم بھی اپنی بات منوانا چاہتی ہو۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر مریض مسجد نہ جاسکے تو اس پر جماعت واجب نہیں۔ (نزھۃ القاری شرح صحیح بخاری، ج۲، ص۳۳۶)

2 ......مفسّرِ شہیر حکیم الاُمّت مُفْتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان اس کے تحت نقل فرماتے ہیں: ''آپ نے 17 نمازیں پڑھائی ہیں۔ اس سے چند مسئلے معلوم ہوئے **ایک** یہ کہ بعدِ انبیاء افضل الخلق ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں کیونکہ امام افضل ہی کو بنایا جاتا ہے۔ **دوسرے** یہ کہ بعد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم خلافت کے آپ ہی مُسْتَحِق ہیں کیونکہ یہ امامت صغریٰ امامت کبریٰ کی دلیل ہے۔ گویا حُضُور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے عملی طور پر آپ کو اپنا خلیفہ بنادیا۔ خلافت صرف قول سے ہی نہیں ہوا کرتی، اسی لئے تمام صحابہ خُصُوصاً حضرت علی المُرتَضٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ صِدِّیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمارے دِین کا امام بنادیا تو ہم نے انہیں اس دنیا کا امام بنالیا۔ **تیسرے** یہ کہ امامت کا مُسْتَحِق پہلے عالم ہے پھر قاری۔ **چوتھے** یہ کہ ابوبکر صِدِّیق تمام صحابہ میں بڑے عالم ہیں۔''

(مرآۃ المناجیح، ج۲، ص۲۱۰)

3 ......سنن ابن ماجہ، ابواب اقامۃ الصلوات، باب ماجاء فی صلاۃ رسول اللہ فی مرضہ، الحدیث: ۱۲۳۴، ص۲۵۴۹.



www.dawateislami.net

# حضرت سیِّدُنا سالِم بِن عُمَیررَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا سالم بن عُمَیررَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کوابو عبد اللہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صُفّہ میں ذکر کیا گیا ہے۔آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کا تَعَلُّق قبیلہ بنوثَعْلَبہ بن عَمْرو بن عَوْف کی شاخ اَوس سے ہے۔بدری صحابی ہیں اوران تَوَّابِیْن میں شامل ہیں جن کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

تَوَلَّوْا وَّ اَعْیُنُهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ (پ۱۰،التوبۃ:۹۲)

ترجمۂ کنز الایمان: یوں واپس جائیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو اُبلتے ہوں۔

## آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شان:

﴿1289﴾......حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن عبَّاس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے مروی ہے کہ یہ آیت مبارکہ حضرت سالم بن عُمَیررَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں نازل ہوئی جو قبیلہ بنوعَمْرو بن عَمْرو بن ثعلبہ بن زید سے تَعَلُّق رکھتے ہیں۔

وَّ لَا عَلَى الَّذِیْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَیْهِ۪ تَوَلَّوْا وَّ اَعْیُنُهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ (پ۱۰،التوبۃ:۹۲)

ترجمۂ کنز الایمان: اور نہ ان پر جو تمہارے حُضُور حاضر ہوں کہ تم انہیں سواری عطا فرماؤ تم سے یہ جواب پائیں کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر تمہیں سوار کروں اس پر یوں واپس جائیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو اُبلتے ہوں۔" (1)

# حضرت سیِّدُنا سَائِب بِن خَلَّاد

## رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا سَائِب بن خَلَّاد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابو عبد اللہ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صُفّہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

## اہلِ مدینہ کی شانِ عَظْمت نِشان:

﴿1290﴾......ابوالحارث بن خَزْرَج کے ہم قوم حضرت سیِّدُنا سَائِب بن خَلَّاد رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ

---

(1)......السیرۃ النبویۃ لابن ھشام،غزوۃ تبوک فی رجب سنۃ تسع،ص۵۱۵،عن ابن اِسحاق.



www.dawateislami.net

حُضُور نبی کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''جو ظُلم کرتے ہوئے اہلِ مدینہ کو ڈرائے گا اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے خوف میں مبتلا فرمائے گا اور اس پر اللہ عَزَّوَجَلَّ اور فِرِشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو اور اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا نہ تو فرض قبول فرمائے گا نہ نَفل۔'' (1)

# حضرت سیِّدُ نا شُقْرَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

سرکارِ دوجہان، رحمتِ عالمیان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خادِم حضرت سیِّدُ نا شُقْرَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُ نا جَعْفَر بن محمد صادِق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

﴿1291﴾......حضرت سیِّدُ نا شُقْرَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو خیبر کی جانب دراز گوش پر سوار تشریف لے جاتے ہوئے دیکھا۔'' (2)

# حضرت سیِّدُ نا شَدَّاد بن اُسَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا شَدَّاد بن اُسَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ اس بات کو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پڑپوتے عَمْرو بن قَیْظِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اپنے دادا عامِر بن شَدَّاد بن اُسَید کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت شَدَّاد بن اُسَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ، حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں صفہ میں ٹھہرایا۔

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی ایک خُصُوصِیَّت:

﴿1292﴾......حضرت سیِّدُ نا عَمْرو بن قَیْظِی بن عامِر بن شَدَّاد بن اُسَید سُلَمی مَدَنی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی فرماتے ہیں: میرے والد نے مجھے میرے پردادا حضرت سیِّدُ نا شَدَّاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں بتایا کہ وہ بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوئے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہاتھ پر ہجرت کی بَیْعَت کی۔ پھر کچھ عرصہ بعد بیمار ہوگئے تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِستفسار فرمایا: ''اے شَدَّاد! کیا

1 ......المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث السائب بن خلاد ابی سھلة، الحدیث: ۱۶۵۶۵، ج۵، ص ۵۶۵.

2 ......المعجم الاوسط، الحدیث: ۲۷۶۱، ج۲، ص ۱۲۹.



www.dawateislami.net

ہوا؟'' عرض کی: ''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! بیمار ہوں۔ کاش! میں چند بار بُطحان کا پانی پی لوں (تو صحت یاب ہو جاؤں)۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''تمہیں کس چیز نے اس سے باز رکھا ہے؟'' عرض کی: ''بیعتِ ہجرت نے۔'' ارشاد فرمایا: ''جاؤ! تم جہاں کہیں بھی رہو صاحبِ ہجرت ہی ہو۔''(1)

## حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا صُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ ہم سابِقِین اَوَّلِین میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے اَحوال بیان کر چکے ہیں۔

### دو نبیوں عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی دُعا:

﴿1293﴾...... حضرت سیِّدُنا صُہَیب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ دُعا فرمایا کرتے تھے: ''اَللّٰھُمَّ لَسْتَ بِاِلٰہٍ اِسْتَحْدَثْنَاہُ، وَلَا بِرَبٍّ اِبْتَدَعْنَاہُ، وَلَا کَانَ لَنَا قَبْلَکَ مِنْ اِلٰہٍ نَلْجَأُ اِلَیْہِ وَ نَدَعُکَ، وَلَا اَعَانَکَ عَلٰی خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِکَہُ فِیْکَ، تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ. ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! تو ایسا معبود و پروَرْدگار نہیں جسے ہم نے خود بنایا ہو اور نہ تجھ سے پہلے ہمارا کوئی معبود تھا کہ ہم اس کی پناہ لے لیں اور تجھے چھوڑ دیں اور ہماری تخلیق میں تیرا کوئی مددگار نہیں کہ ہم اسے تیرا شریک ٹھہرائیں۔ تیری ذات بابَرَکت ہے اور تو بلند شان کا مالک ہے۔'' حضرت سیِّدُنا کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نبی حضرت سیِّدُنا داوٗد عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام بھی اسی طرح دُعا کیا کرتے تھے۔''(2)

## حضرت سیِّدُنا صَفْوَان بن بَیْضَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا صَفْوَان بن بیضاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حافظ ابو عبد اللہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا تعلق قبیلہ بنو فِہر سے ہے۔ بدری صحابی ہیں۔ حُضور نبیِّ پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے انہیں ایک سَرِیَّہ (یعنی جنگ) میں بھی روانہ فرمایا تھا۔ حضرت سیِّدُنا عبد اللہ بن جَحْش رَضِیَ

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۱۰۹، ج۷، ص۲۷۱، ''مرات'' بدلہ ''لبرأت''.

2 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ۷۳۰۰، ج۸، ص۳۴.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''یہ آیتِ مُقَدَّسہ انہی کے بارے میں نازل ہوئی:

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓىٕكَ یَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ (پ۲،البقرۃ:۲۱۸)

ترجمۂ کنز الایمان: وہ جو ایمان لائے اور وہ جنہوں نے اللہ کے لئے اپنے گھر بار چھوڑے اور اللہ کی راہ میں لڑے وہ رحمتِ الٰہی کے امیدوار ہیں۔ (1)

# حضرت سیّدناطِخْفَه بِن قَیْس رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا طِخْفَہ بن قَیس غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔آپ مدینۂ منوّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں مقیم تھے،آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وِصال صفہ میں ہوا۔

## پیٹ کے بل لیٹنا اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند نہیں:

﴿1294﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس بن طِخْفَہ بن قَیس غِفَاری رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جو اہلِ صفہ میں سے تھے کہ رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن کو حکم دیا (کہ وہ صفہ والوں کو کھانا کھلائیں)۔چنانچہ،کوئی صحابی اہلِ صفہ میں سے ایک آدمی کو اپنے ہمراہ لے گیا، کوئی دو کو اپنے ساتھ لے گیا حتی کہ ہم پانچ باقی رہ گئے۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہمیں اپنے ساتھ چلنے کا حکم فرمایا۔ہم ساتھ چل دیئے اور اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا کے پاس پہنچے۔آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے عائشہ! ہمیں کچھ کھلاؤ، پلاؤ۔'' اُمُّ المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا جَشِیْشَہ (یعنی دلیا جس میں گوشت یا کھجور کو پکایا جائے) بنا کر لائیں۔ہم نے اسے کھایا پھر تیتر کے برابر حَیْسہ (یعنی کھجور، پنیر اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا) لائیں۔ہم نے وہ بھی کھالیا۔پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے عائشہ! ہمیں پلاؤ۔'' چنانچہ،آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا دودھ کا ایک چھوٹا برتن لے آئیں۔ہم نے دودھ پی لیا۔پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ہم سے ارشاد فرمایا: ''اگر چاہو تو یہیں آرام کرو اور چاہو تو مَسْجِد میں چلے جاؤ۔'' ہم نے عرض

(1)......السیرة النبویة لابن ھشام،غزوة بدرالکبری......الخ،ص۲۹۵۔

السنن الکبری للبیھقی،کتاب السیر،باب قسمة الغنیمة فی دارالحرب،الحدیث:۱۷۹۸۹،ج۹،ص۹۹۔



www.dawateislami.net

کی: ’’ہم مَسْجِد چلے جاتے ہیں۔‘‘ حضرت سیِّدُ ناطِخفَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ’’میں مَسْجِد میں پیٹ کے بل سو رہا تھا کہ اچانک کسی نے مجھے اپنے پاؤں سے ہلا کر فرمایا: ’’اللہ عَزَّوَجَلَّ اس طرح لیٹنے سے ناراض ہوتا ہے۔‘‘ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ’’میں نے دیکھا تو وہ حُضُور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم تھے۔‘‘ (1)

# حضرت سیِّدُنا طَلْحَہ بن عَمْرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُ نا طَلْحَہ بن عمرو بَصَرِی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھی اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے پہلے صفہ میں اِقامت اِختیار کی پھر بَصْرَہ تشریف لے گئے اور مُسْتَقِل وہیں رہنے لگے۔

## مال کی فراوانی کی خبر:

﴿1295﴾......حضرت سیِّدُ نا طَلْحَہ بن عَمْرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ جب کوئی شخص بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوتا اور مدینۂ منوّرہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں اس کا کوئی واقف کار ہوتا تو اس کے ہاں ٹھہرتا۔ ورنہ اصحابِ صفہ کے پاس قیام کرتا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں بھی صفہ والوں کے پاس ٹھہرتا تھا پھر میری ایک شخص سے دوستی ہوگئی۔ حُضُور نبیٔ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی طرف سے ہر دو افراد کے لئے ہمیں روزانہ ایک مُد کھجوریں ملتی تھیں۔ ایک دن رحمت والے آقا، مکّی مَدَنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نماز سے فارغ ہوئے تو ہم میں سے ایک شخص نے عرض کی: ’’یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کھجوروں نے ہمارے پیٹ جلا دیئے ہیں۔ نیز ہماری چادریں پھٹ چکی ہیں۔‘‘ یہ سُن کر مُصْطَفٰے جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مِنْبَر پر تشریف فرما ہوئے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد لوگوں کی طرف سے پہنچنے والی شِکایات کو بیان کیا پھر فرمایا: ’’بلاشبہ میں اور میرے رفیق (یعنی حضرت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ) 10 سے زیادہ دن اس حالت میں رہے کہ ہمارے پاس کھانے کو پیلو کے دَرَخت کے پھل کے سوا کچھ نہ تھا۔ پھر ہم اپنے انصاری بھائیوں کے پاس آئے ان کا بڑا کھانا کھجور تھا۔ انہوں نے ہماری مدد کی۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اگر میں تمہارے لئے گوشت وروٹی پاتا تو تمہیں ضَرُور کھلاتا۔ البتہ تم ایک زمانہ ایسا پاؤ گے کہ کعبۂ مُعَظَّمہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا کے پردوں کی طرح (قیمتی) لباس پہنو گے اور

---

1 ......سنن ابی داؤد، کتاب الادب، الحدیث: ۵۰۴۰، ص ۱۵۹۱۔ المعجم الکبیر، الحدیث: ۸۲۲۷، ج۸، ص ۳۲۸۔



www.dawateislami.net

صُبح وشام تمہارے سامنے نت نئے کھانوں سے لبریز پیالے پیش کئے جائیں گے۔‘‘ (1)

# حضرت سیِّدُنا طُفاوِی دَوْسِی رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا طُفاوِی دَوْسِی رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ کو بھی حضرت سیِّدُنا ابونَضْرَہ رَضِیَ اللّٰہ تعالٰی عَنْہ کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

﴿1296﴾......حضرت سیِّدُنا طُفاوِی رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں مدینۂ طَیِّبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا حاضر ہوا اور حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ کے ساتھ ایک مہینے تک قیام کیا۔ مجھے بخار نے آلیا۔ جس کی وَجہ سے میں کمزور ہوگیا۔ حُضُور نبیِّ کریم، رَءُوفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مَسْجِد میں تشریف لائے اور اِستفسار فرمایا: ’’وہ دَوْسی نوجوان کہاں ہے؟‘‘ ایک شخص نے عرض کی: ’’وہ بُخار میں مبتلا مَسْجِد کے کونے میں ہیں۔‘‘ چنانچہ، پیارے آقا، دوعالَم کے داتا صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے پاس تشریف لائے اور بھلائی کی نصیحت فرمائی۔‘‘ (2)

# حضرت سیِّدُنا عَبْدُاللّٰہ بن مَسْعُود

## رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ کو یحییٰ بن معین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن کے حوالے سے اہلِ صفہ میں ذکر کیا گیا ہے اور ہم مُہاجرین سابِقین میں ان کے بعض اَحوال واَقوال بیان کر چکے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ آثار ونُصُوص کی اِتِّباع کے ساتھ ساتھ اَحادیث اور خاص باتوں کے بیان کرنے میں سردار ہیں۔ آپ کا شُمار اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اُن صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تعالٰی عَلَیْہِم اَجْمَعِیْن میں ہوتا ہے جو تَحْرِیف سے محفوظ رہے اور ایسے صحابۂ کرام یہ بات جانتے تھے کہ حضرت عبد اللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ وسیلہ کے اِعتبار سے سب سے زیادہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے قریب ہیں۔

---

(1)......المعجم الکبیر، الحدیث: ٨١٦٠، ج٨، ص٣١٠۔

شعب الایمان للبیھقی، باب فی الزھد وقصر الامل، الحدیث: ١٠٣٢٥، ج٧، ص٢٨٤.

(2)......الآحاد والمثانی لابن ابی عاصم، الطفاوی، الحدیث: ٢٧٥٢، ج٥، ص٢٢٣.



www.dawateislami.net

## اَچھائی اور بُرائی کا مدار:

﴿1297﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ارشاد فرماتے ہیں: ''بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے بندوں کے دلوں پر نظر فرمائی تو حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو اپنا محبوب بنایا۔ انہیں اپنی مخلوق کی ہدایت کے لئے مَبْعُوث فرمایا۔ اپنی رِسالت کا تاج ان کے سر سجایا اور اپنے علم سے ان کا انتخاب فرمایا۔ پھر دوبارہ اپنے بندوں کے دلوں پر نظر فرمائی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے لئے جاں نثار دوستوں کا انتخاب فرمایا اور انہیں اپنے دِین کا مددگار اور اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا وزیر بنایا۔ پس جسے مسلمان اچھا سمجھیں وہ (اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نزدیک بھی) اچھا ہے اور جسے مسلمان برا جانیں وہ برا ہے۔'' (1)

## عِلْم کی اَہَمِّیَّت:

﴿1298﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ خاتَمُ الْمُرْسَلِین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''انسان تو دو ہی ہیں: عالِمِ دِین اور طالِبِ علم اور ان کے علاوہ کسی میں بھلائی نہیں۔'' (2)

## ہر قدم کے بارے میں سوال ہوگا:

﴿1299﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ سرکارِ والا تَبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''انسان جو بھی قدم اُٹھاتا ہے اس کے بارے میں سوال ہوگا کہ کس کام کے ارادے سے اُٹھایا۔'' (3)

## طَلَبِ عِلْم میں نو دِن کا سَفَر:

﴿1300﴾......حضرت سیِّدُنا عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ ہم حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہ

---

(1)......مسند ابی داؤد الطیالسی، ما اسند عبد اللہ بن مسعود، الحدیث: ٢٤٦، ص ٣٣، بدون "الی خلقه".

(2)......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٠٤٦١، ج ١٠، ص ٢٠١.

(3)......فردوس الاخبار للدیلمی، باب المیم، الحدیث: ٦٤٥٥، ج ٢، ص ٣١٦.


www.dawateislami.net

تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دربار میں حاضر تھے کہ ایک سوار آیا اور اس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سامنے اپنی سواری بٹھادی۔ پھر عرض کی: ''یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں 9 دن سَفَر کرکے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ میری سواری کمزور ہوچکی ہے۔ میں راتوں کو بیدار اور دن کو بھوکا رہا ہوں۔ صرف اس لئے کہ آپ سے ان دو خصلتوں کے مُتَعَلِّق سُوال کروں جنہوں نے مجھے جگائے رکھا۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے استفسار فرمانے پر اس نے اپنا نام ''زَیْدُ الْخَیل'' بتایا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''نہیں! بلکہ تم ''زَیْدُ الْخَیر'' ہو۔ اب سوال کرو (اور یاد رکھو!) بَہُت سی فضول چیزوں کے بارے میں بھی سُوال کیا جاتا ہے۔'' اس نے عرض کی: ''جس آدمی کے ساتھ اللہ عَزَّوَجَلَّ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اس کی کیا علامت ہے اور جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ نہیں فرماتا اس کی کیا نشانی ہے؟'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس سے دریافت فرمایا: ''تم نے صُبح کس حالت میں کی؟'' اس نے عرض کی: ''میں نے صُبح اس حالت میں کی کہ مجھے بھلائی، بھلائی والوں اور بھلائی پر عمل کرنے والوں سے محبت تھی اور اگر میں خود کسی نیکی کو بجالاؤں تو اس کا اجر وثواب پانے کا یقین رکھتا ہوں اور اگر مجھ سے کوئی نیک کام چھوٹ جاتا ہے تو میرے دل میں اسے کرنے کا شوق ہوتا ہے۔'' آپ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''یہ اس شخص کی علامت ہے جس کے ساتھ اللہ عَزَّوَجَلَّ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اور اس کی علامت جس کے ساتھ وہ بھلائی کا ارادہ نہیں فرماتا یہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ تیرے لئے اس کا اُلٹ کردے اور تجھے اس کے لئے تیار بھی کردے تو پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ کو تیری کچھ پرواہ نہیں کہ تو جس وادی میں چاہے ہلاک ہو۔''[1]

## حضرت سیِّدُنا ابوہُرَیرہ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ

حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ کے نام میں مختلف اَقوال ملتے ہیں۔ چنانچہ بعض نے ''عبدُ الشّمس'' ذکر کیا۔ بعض ''عبدالرحمٰن بن صَخر دَوسی'' بیان کرتے ہیں۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ صفہ والوں میں سب سے زیادہ مشہور و معروف ہیں کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تعالٰی عَنْہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیوب صَلَّی

---

1 ......المعجم الکبیر، الحدیث: ١٠٤٦٤، ج١٠، ص٢٠٢۔
الکامل فی ضعفاء الرجال لابن عدی، الرقم ٢٦٠ بشیر مولی بنی هاشم، ج٢، ص١٨٣.



www.dawateislami.net

اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ظاہری حیات میں ایک طویل مدت تک صفہ کو اپنا مسکن بنائے رکھا اور صفہ چھوڑ کر کہیں نہیں گئے۔ اسی وَجْہ سے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ صفہ میں مُسْتَقِل رہنے والے اور کچھ عَرْصہ کے لئے صفہ میں ٹھہرنے والے تمام حضرات سے بخوبی واقف تھے۔ جب پیارے مُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صفہ والوں کو کھانے کے لئے اکٹھا کرنا چاہتے تو حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بھیجتے تھے کیونکہ آپ تمام اہلِ صفہ سے واقف اور ان کے منازل و مراتب سے بھی باخبر تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مشہور فُقَرا و مساکین میں سے ایک ہیں۔ شدید فَقْر و فاقہ کی حالت میں بھی صَبْر پر قائم رہے جس کی بدولت دائمی سائے کے حقدار قرار پائے۔ یہاں تک کہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ درخت لگانے، نہریں جاری کرنے جیسے بکھیڑوں کی طرف رُخ نہ کرتے۔ نیز تاجروں اور مالداروں سے ملنے جلنے سے پرہیز کرتے۔ عارضی وفانی دنیاوی آرائشوں سے کنارہ کش رہتے۔ معبودِ حقیقی عَزَّوَجَلَّ کے انعامات سے نَفْع اٹھانے کے منتظر رہتے۔ نرم وملائم اور ریشمی لباس پہننے سے گریز کرتے۔ جس کی بدولت آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے قُوّتِ حافظہ اور حکمت ودانشمندی سے بڑا حصہ پایا۔

## اِسلام کے مہمان:

﴿1301﴾...... حضرت سیِّدُ نا مجاہد عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْوَاحِد سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرمایا کرتے تھے: اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں! میں بھوک کی وجہ سے پیٹ کے بل لیٹ جاتا تھا اور بھوک کی شدت کے باعث پیٹ پر پتھر باندھا کرتا تھا۔ ایک دن میں لوگوں کی عام گزرگاہ پر بیٹھ گیا تو میرے پاس سے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گزرے۔ میں نے ان سے قرآنِ کریم کی ایک آیت کے مُتَعَلِّق دریافت کیا اور میرے سُوال کرنے کا مَقْصَد یہ تھا کہ وہ مجھے کھانا کھلاتے لیکن وہ جواب دے کر چلے گئے اور ایسا نہ کیا۔ پھر میرے پاس سے امیر المؤمنین حضرت سیِّدُ نا عُمَر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گزرے تو میں نے ان سے بھی ایک آیت کے بارے میں سوال کیا اور سُوال کرنے کا مَقْصَد یہ تھا کہ وہ مجھے کھانا کھلاتے لیکن وہ بھی جواب دے کر چلے گئے اور کچھ نہ کیا۔ اس کے بعد رحمت والے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے پاس سے تشریف لے جارہے تھے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میرے دل کی خواہش اور چہرے کی حالت جان گئے اور ارشاد فرمایا:


www.dawateislami.net

''اے ابو ہریرہ!''میں نے عرض کی:''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں حاضر ہوں۔''فرمایا:''آؤ۔'' چنانچہ، میں پیچھے پیچھے چل دیا آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اندر داخل ہوئے میں نے اجازت طَلَب کی تو مجھے اجازت مل گئی۔ چنانچہ، میں بھی اندر چلا گیا۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ایک پیالے میں دودھ مُلاحظہ فرمایا تو اِستِفسار فرمایا:''یہ دودھ کہاں سے آیا؟''گھر والوں نے بتایا:''یہ فُلاں عورت یا مرد نے آپ کے لئے ہَدِیَّۃً بھیجا ہے۔''آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:''اے ابو ہریرہ!''میں نے عرض کی:''یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں حاضر ہوں۔''فرمایا:''صفہ والوں کو بلا لاؤ۔''آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: صفہ والے اسلام کے مہمان تھے۔ وہ اہل وعیال کے پاس جاتے نہ مال کماتے تھے۔ جب سرورِ عالم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پاس صَدَقہ آتا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صفہ والوں کے پاس بھیج دیتے اور خود اس میں سے کچھ تناوُل نہ فرماتے اور جب ہدیہ وغیرہ آتا تو خود بھی اس میں سے تناوُل فرماتے اور صفہ والوں کو بھی اپنے ساتھ شریک فرمالیتے۔''(1)

﴿1302﴾......حضرت سَیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں:''مَیں بھی صفہ کے ان 70 افراد میں شامل تھا جن میں سے کسی کے پاس بھی چادر نہ تھی۔ صرف تہبند تھا یا کمبل (موٹی اونی چادر) جسے وہ اپنی گردن میں باندھے رہتے تھے (یعنی گردن میں باندھ کر لٹکا دیتے تھے۔ کسی کے آدھی پنڈلی تک پہنچتا اور کسی کے ٹخنوں تک)۔''(2)

## سَیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بھوک کا ذکر:

﴿1303﴾......حضرت سَیِّدُنا عامر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سَیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: میں اصحاب صفہ میں سے تھا۔ ایک دن میں نے روزہ رکھا۔ شام کے وقت پیٹ میں تکلیف کا احساس ہوا تو میں قضائے حاجت کے لئے چلا گیا۔ جب واپس آیا تو صفہ والے اپنا کھانا کھا چکے تھے۔ قریش کے مالدار لوگ صفہ والوں کے پاس کھانا بھیجا کرتے تھے۔ میں نے دریافت کیا کہ''آج کھانا کس کے ہاں سے آیا تھا؟''ایک شخص نے بتایا:

(1)......صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب کیف کان عیش النبی......الخ، الحدیث:٦٤٥٢، ص٥٤٢۔
جامع الترمذی، ابواب صفۃ القیامۃ، باب قصۃ اصحاب الصفۃ، الحدیث:٢٤٧٧، ص١٩٠١.

(2)......صحیح ابن خزیمۃ، کتاب الصلاۃ، باب عقد الازار علی......الخ، الحدیث:٧٦٤، ج١، ص٣٧٥۔
صحیح البخاری، کتاب الصلاۃ، باب نوم الرجال فی المسجد، الحدیث:٤٤٢، ص٣٧.



www.dawateislami.net

''امیر المؤمنین حضرت سیّدُ نا عُمَر بن خطاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی طرف سے۔''میں امیر المؤمنین حضرت سیّدُ نا عُمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس گیا تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نماز کے بعد تسبیحات پڑھنے میں مصروف تھے۔ میں انتظار کرنے لگا۔ جب فارغ ہوئے تو میں نے قریب ہو کر عرض کی: ''مجھے کچھ پڑھا دیجئے۔''اور میرا مقصد یہ تھا کہ مجھے کچھ کھانا کھلا دیں۔ امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مجھے سورۂ آلِ عمران کی آیات پڑھانے لگے۔ پھر جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ گھر پہنچے تو مجھے دروازے پر چھوڑ کر خود اندر چلے گئے کافی دیر ہوگئی لیکن واپس تشریف نہ لائے۔ میں نے سوچا شاید کپڑے تبدیل فرما رہے ہوں۔ پھر میرے لئے گھر والوں کو کھانے کا حکم دیا ہو لیکن میں نے وہاں ایسا کچھ نہ پایا۔ جب بہُت زیادہ دیر ہوگئی تو میں وہاں سے اُٹھ کر چل دیا۔ راستے میں رسولِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے ملاقات ہوئی تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابو ہریرہ! آج تمہارے منہ کی بُو بہُت تیز ہے۔''

میں نے عرض کی: ''جی ہاں! یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! آج میں نے روزہ رکھا تھا اور ابھی تک افطار نہیں کیا اور نہ ہی میرے پاس کچھ ہے جس سے روزہ افطار کروں۔''رحمتِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھے اپنے ساتھ چلنے کا فرمایا۔ میں ساتھ ساتھ چلتا رہا یہاں تک کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنے گھر پہنچ گئے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ایک سیاہ فام لونڈی کو بلایا اور ارشاد فرمایا: ''وہ پیالہ ہمارے پاس لے آؤ۔''لونڈی نے پیالہ پیش کر دیا۔ میں نے دیکھا اس میں کھانے کا کچھ اثر باقی تھا۔ مجھے ایسے لگا جیسے اس میں کسی نے جَو کھائے ہوں۔ پیالے کے کناروں پر کچھ کھانا باقی بچا رہ گیا تھا جو بہُت قلیل تھا۔ میں نے بِسْمِ اللّٰہ پڑھی اسے اِکٹھا کیا اور کھا لیا حتی کہ شِکم سیر ہوگیا۔''(1)

﴿1304﴾......حضرت سیّدُنا امام محمد بن سیرین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے مروی ہے کہ حضرت سیّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں منبرِ رسول اور حُجرۂ عائشہ کے درمیان بے ہوش ہو کر گر جاتا تھا اور لوگ مجھے پاگل سمجھتے تھے حالانکہ میں پاگل نہیں تھا بلکہ میری یہ حالت بھوک کی وجہ سے ہوتی تھی۔''(2)

---

1 ......تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر،الرقم٨٨٩٥ابو هريرة الدوسي،ج٦٧،ص٣٢١.

2 ......صحيح البخاري، كتاب الاعتصام،باب ما ذكر النبي وحض......الخ،الحديث:٧٣٢٤،ص٦١٠،بتغير.



www.dawateislami.net

## احادیث یاد کرنے کا شوق:

﴾1305﴿......حضرت سیِّدُ نا سعید اور ابو سلمہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”تم یہ کہتے ہو کہ ابو ہریرہ، حُضُور نبیِّ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بہت حدیثیں روایت کرتا ہے جبکہ مُہاجرین وانصار ابو ہریرہ کی طرح احادیث روایت نہیں کرتے۔“ (دراصل بات یہ ہے) کہ میرے مُہاجرین بھائی تجارت میں مشغول رہتے تھے اور میرے انصار بھائی اپنے مال میں۔ جبکہ میں صُفَّہ کے مسکینوں میں سے ایک مسکین تھا۔ جب سیر ہو جاتا تو ہمیشہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی صحبت میں رہتا۔ جب مُہاجرین وانصار غائب ہوتے تو میں بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوتا اور جب وہ احادیث بھول جاتے تو میں یاد رکھتا۔“ (1)

## خوش حالی میں خستہ حالی کی یاد:

﴾1306﴿......حضرت سیِّدُ نا امام محمد بن سِیرِین عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے پاس تھے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کیسری رنگ میں رنگے ہوئے ”کتان“ کے دو کپڑے زیب تن کئے ہوئے تھے۔ ان سے ناک صاف کرتے ہوئے فرمایا: ”بھلا ابو ہریرہ کو دیکھو ”کتان“ (2) سے ناک صاف کر رہا ہے حالانکہ ایک وَقْت تھا کہ میں منبرِ رسول اور حجرۂ عائشہ کے درمیان بے ہوش ہو کر گر جاتا پھر کوئی راہ گیر آتا اور مجھے دیوانہ سمجھ کر میرے سینے پر بیٹھ جاتا تو میں اس سے کہتا: ”میں دیوانہ نہیں ہوں۔ بھوک نے میری یہ حالت بنا رکھی ہے۔“ (2)

﴾1307﴿......حضرت سیِّدُ نا مَقْبُرِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ”لوگ کہتے ہیں کہ ابو ہریرہ بہت احادیث بیان کرتا ہے۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! میں بھوک کے باعث سرکارِ مدینہ، قرارِ قلْب وسینہ، باعثِ نُزولِ سکینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دَرِ اقدس پر پڑا رہتا۔ حتی کہ میں خَمیری روٹی کھاتا نہ ریشمی لباس پہنتا اور نہ ہی غلام اور لونڈی میری خدمت کرتے۔ میں بھوک کی وجہ سے اپنے پیٹ پر چھوٹے

---

1 ......صحیح البخاری، کتاب البیوع، باب ماجاء فی قول اللّٰہ فاذا قضیت الصلاۃ......الآیۃ، الحدیث: ۲۰۴۷، ص ۱۶۰۔
صحیح البخاری، کتاب المزارعۃ، باب ماجاء فی الغرس، حدیث: ۲۳۵۰، ص ۱۸۴.

2 ......ایک قسم کا باریک کپڑا جس کی نسبت مشہور ہے کہ چاندنی رات میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔

3 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، الحدیث: ۱۷۱، ص ۶۷.



www.dawateislami.net

چھوٹے پتھر باندھ لیتا اور کسی آدمی سے قرآنِ کَرِیم کی کوئی آیت پوچھتا حالانکہ وہ مجھے بھی مَعْلُوم ہوتی۔ اس کا مَقْصَد یہ ہوتا کہ وہ مجھے کھانا کھلا دے۔'' (1)

﴿1308﴾......حضرت سیِّدُنا قَیس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: جب میں حُضُور نبیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا تو راستے میں یہ شعر پڑھتا ہوا آیا:

یَا لَیْلَۃً مِّنْ طُوْلِھَا وَعَنَائِھَا عَلٰی اَنَّھَامِنْ دَارَۃِ الْکُفْرِ نَجَّتِ

**ترجمہ**: غم کی شَب دَراز تھی مَصَائِب کا دَور دَورا تھا صد شکر کہ کفر کے گھر سے نجات ملی۔

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: ''راستے میں میرا غلام بھاگ گیا۔ جب میں بارگاہِ رِسالت عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام میں حاضر ہوا تو میں نے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بَیْعَت کی۔ میں ابھی حاضر خدمت ہی تھا کہ میرا بھاگا ہوا غلام آ گیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''اے ابو ہریرہ! یہ تیرا غلام ہے؟'' میں نے عرض کی: ''یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے آزاد ہے اور یُوں میں نے اسے آزاد کر دیا۔'' (2)

﴿1309﴾......حضرت سیِّدُنا مُسلِم بن حَیَّان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے یتیمی کی حالت میں پَرْوَرِش پائی۔ مِسْکِیْنِی کی حالت میں ہجرت کی اور میں غَزْوَان کی بیٹی کا صرف کھانے پر ملازم تھا (یعنی اجرت میں صرف کھانا ملتا تھا)۔ ان کی سواری کے ساتھ پیدل چلتا۔ جب وہ سوار ہوتے تو میں اس وقت حُدِی خوانی کر کے ان کے جانوروں کو چلاتا اور جب وہ کسی مقام پر اُترتے تو ان کے لئے لکڑیاں جمع کرتا۔ پس اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے کہ اس نے اس دین کو مضبوط بنایا اور ابو ہریرہ کو اِمام۔'' (3)

﴿1310﴾......حضرت سیِّدُنا ابو یُونُس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے لوگوں کو نماز پڑھائی اور سلام پھیرنے کے بعد بُلَنْد آواز سے کہا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے دین کو مضبوط بنایا اور ابو ہریرہ کو امام جبکہ پہلے وہ غَزْوَان کی بیٹی کا کھانے اور سواری کے عوض ملازم تھا۔'' (4)

1 ......صحیح البخاری، کتاب فضائل اصحاب النبی، باب مناقب جعفر بن ابی طالب، الحدیث: ۳۷۰۸، ص ۳۰۳، بتغیرٍ.

2 ......صحیح البخاری، کتاب العتق، باب اذا قال لعبده هو للّٰه ونوی العتق والاشهاد بالعتق، الحدیث: ۲۵۳۱، ص ۱۹۹.

3 ......سنن ابن ماجه، ابواب الرهون، باب اجارة الاجیر علی طعام بطنه، الحدیث: ۲۴۴۵، ص ۲۶۲۳.

4 ......سیر اعلام النبلاء، الرقم ۲۲۲ ابو هریرة، ج ۴، ص ۱۹۴.



www.dawateislami.net

﴿1311﴾......حضرت سیِّدُنا مُضارِب بن حَزْن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: میں ایک رات سَفَر پر تھا کہ میں نے ایک شَخْص کو تکبیر کہتے سنا تو سُوارِی کے ساتھ اس تک جا پہنچا۔ میں نے آواز دی: ''یہ تکبیر کہنے والا شَخْص کون ہے؟'' جواب ملا: ''ابو ہریرہ۔'' میں نے پھر دَرْیافت کیا: ''یہ تکبیر کیسی ہے؟'' فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کر رہا ہوں۔'' میں نے پوچھا: ''کس بات پر شکر ادا کر رہے ہیں؟'' فرمایا: ''میں پہلے غَزْوَان کی بیٹی بَرَّہ کا کھانے پر نوکر تھا۔ ان کے ساتھ پیدل چلتا تھا۔ جب وہ سُوار ہوتے میں جانوروں کو چلاتا اور جب وہ کسی مقام پر ٹھہرتے تو میں ان کی خدمت کرتا تھا۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے میری اس سے شادی کرا دی اور اس وقت وہ میری بیوی ہے۔ اب حالت یہ ہے کہ جب لوگ سُوار ہوتے ہیں میں بھی سُوار ہو جاتا ہوں اور جب کسی جگہ قِیام کرتے ہیں تو میری خِدْمَت کی جاتی ہے۔'' (1)

﴿1312﴾......حضرت سیِّدُنا عُثْمان بن مُسْلِم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ ہمارا ایک آزاد کردہ غلام تھا جو ہمیشہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ساتھ رہتا تھا۔ جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسے سلام کرتے تو فرماتے: ''تم پر سلامتی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمتیں ہوں، تو ہمیشہ جلد باز رہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ تیرے مال میں اِضافہ فرمائے اور میں مال کی وجہ سے تم پر ناراض نہیں ہوں۔''

## بیٹی کو سونا نہ پہننے کی نَصِیْحَت:

﴿1313﴾......حضرت سیِّدُنا امام محمد بن سیرِین عَلَیْہِ رَحِمَۃُ اللّٰہِ الْمُبِیْن سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنی بیٹی سے فرماتے تھے: ''سونا نہ پہنو کہ مجھے تم پر دَوْزَخ کی آگ کے شعلوں کا خوف ہے۔'' (2)

﴿1314﴾......حضرت سیِّدُنا طاؤُس رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو اپنی بیٹی سے فرماتے سنا: ''اے بیٹی! تُو (سونا نہ پہننے پر عار دلانے والی اپنی سہیلیوں سے) کہا کر کہ میرے والد مجھے سونے کے زِیْوَرات سے مُزَیَّن کرنے سے اِجْتِناب کرتے ہیں کیونکہ وہ مجھ پر آگ کے شعلوں سے ڈرتے ہیں۔'' (3)

﴿1315﴾......حضرت سیِّدُنا ابو رَبِیْع عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْبَدِیْع سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

---

1 ......الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، کتاب اخبارہ......الخ، الحدیث: ٧١٠٦، ج٩، ص١٤٠.

2 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، فضل ابی ھریرۃ، الحدیث: ٨٣٣، ص١٧٦.

3 ......تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر، الرقم ٨٨٩٥ ابی ھریرۃ الدوسی، ج٦٧، ص٣٦٩، بتغیر.



www.dawateislami.net

عَنْہ نے فرمایا: ''یہ گوڑا اگر گٹ تمہاری دنیا وآخرت کی تباہی کا سبب ہے۔'' (1)

## گورنر بننے سے انکار کردیا:

﴿1316﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے بلایا تاکہ کسی علاقے کا گورنر مُقرّر فرمائیں لیکن میں نے گورنر بننے سے اِنکار کردیا تو امیر المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''کیا آپ گورنری کو ناپسند جانتے ہیں حالانکہ آپ سے بہتر شخص نے اس کا مُطالَبہ کیا تھا؟'' حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے عَرض کی: ''کس نے مُطالَبہ کیا تھا؟'' فرمایا: ''حضرت سیِّدُنا یوسف بن یعقوب عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام نے۔'' میں نے عَرض کی: ''حضرت سیِّدُنا یوسف عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نبی اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نبی کے بیٹے تھے۔ جبکہ میں ابو ہریرہ، اُمَیَّہ کی اولاد ہوں۔ مجھے 2 اور 3 باتوں کا خوف ہے۔'' امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''تم نے 5 کیوں نہیں کہا؟'' عرض کی: ''میں بغیر عِلْم کے کوئی بات کہنے اور بغیر عَدْل واِنْصاف کے فیصلہ کرنے، پیٹھ پر کوڑے مارے جانے، مال چھینے جانے اور بے عزت کئے جانے سے ڈرتا ہوں۔'' (2)

## بے مثال حافِظہ:

﴿1317﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ایک دن نَبیوں کے سُلْطان، سَرورِ ذِیشان، محبوبِ رحمٰن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے گفتگو کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''جو اپنا کپڑا پھیلائے گا یہاں تک کہ میں اپنی گفتگو ختم کرلوں پھر وہ کپڑا سمیٹ لے تو اسے میرے ارشادات یاد ہوجائیں گے۔'' چُنانچہ، میں نے اپنی چادر پھیلادی حتی کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنی گفتگو مکمل فرمائی تو میں نے اسے سمیٹ کر اپنے سینے سے لگا لیا۔ پس اس کے بعد سے میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا کوئی ارشاد نہیں بھولا۔'' (3)

﴿1318﴾......حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بیان کرتے ہیں کہ حُضُور نبیِّ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ

---

1 ......شعب الایمان للبیھقی، باب فی الزھد وقصر الامل، الحدیث: ١٠٦٨٧، ج٧، ص٣٨٦.

2 ......جامع معمر بن راشد مع المصنف لعبد الرزاق، باب الامام راع، الحدیث: ٢٠٨٢٥، ج١٠، ص٢٨٤.

3 ......صحیح البخاری، کتاب البیوع، باب ما جاء فی قول اللہ: فاذا قضیت الصلوٰۃ......الایۃ، الحدیث: ٢٠٤٧، ص١٦٠.



www.dawateislami.net

افلاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے ارشاد فرمایا: ''تم مجھ سے وہ غنیمتیں کیوں نہیں طلب کرتے جو تمہارے رُفقا طلب کرتے ہیں؟'' میں نے عرض کی: ''یارسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں آپ سے سُوال کرتا ہوں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مجھے اس علم سے کچھ عطا فرمادیجئے جو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کو عطا فرمایا ہے۔'' چُنانچہ، میں نے اپنی پشت سے چادر اتار کر اپنے اور مدنی آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے درمیان بچھادی اور اسے اس قدر غور سے دیکھنے لگا گویا میں اس پر چلتی کسی جُوں کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے مجھ سے گفتگو فرمائی جسے میں نے محفوظ کرلیا۔ پھر ارشاد فرمایا: ''چادر سمیٹ کر اپنے سینے سے لگالو۔'' اس کے بعد سے میں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ارشادات مبارکہ میں سے ایک حرف بھی نہیں بھولا۔'' (1)

## آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمِ حدیث:

﴿1319﴾......حضرت سیِّدُنا یزید بن اَصَم عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْاَکْرَم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو فرماتے سنا کہ ''لوگ کہتے ہیں: اے ابو ہریرہ! آپ اتنی کثرت سے احادیث کیوں بیان کرتے ہیں؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قُدرت میں میری جان ہے! اگر میں وہ تمام احادیث جو میں نے سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے سنی ہیں تمہیں سنادوں تو تم لوگ مجھے ٹھیکریوں سے مارنے لگو اور پھر تم میرا سامنا نہ کرسکو گے۔'' (2)

﴿1320﴾......حضرت سیِّدُنا عمر عبد اللّٰہ رُومی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے 5 تھیلوں کی مقدار احادیث یاد کی ہیں جن میں سے صرف 2 تھیلوں کی مقدار اَحادیث تمہارے سامنے بیان کی ہیں۔ اگر میں تیسری تھیلی کی مقدار بھی بیان کردوں تو تم مجھے سنگسار کردو۔'' (3)

## ٹھنڈی غنیمت:

﴿1321﴾......حضرت سیِّدُنا اَنس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے

(1)......سیر اعلام النبلاء، الرقم ۲۲۲ ابو هريرة، ج ٤، ص ١٨٥.

(2)......الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، ذكر من جمع القرآن على عهد رسول الله، ابو هريرة، ج ٢، ص ٢٧٨.

(3)......المستدرك، كتاب معرفة الصحابة، باب كان ابو هريرة احفظ......الخ، الحديث: ٦٢١٨، ج ٤، ص ٦٥٠، مفهومًا.



www.dawateislami.net

فرمایا: ''کیا میں تمہیں ٹھنڈی غنیمت کے بارے میں نہ بتاؤں؟'' لوگوں نے پوچھا: ''اے ابو ہریرہ! وہ کیا ہے؟'' فرمایا: ''سردیوں میں روزے رکھنا۔'' (1)

## ہر مہینے تین روزے:

﴿1322﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عُثمان نَہدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ میں سات روز تک حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا مہمان رہا۔ میں نے پوچھا: ''اے ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! آپ کس طرح روزے رکھتے ہیں یا آپ کے روزے کیسے ہوتے ہیں؟'' فرمایا: ''میں ہر مہینے کے آغاز میں تین روزے رکھتا ہوں اور اگر کوئی عارضہ پیش آ جاتا ہے تو مہینے کے آخر میں تین روزے رکھ لیتا ہوں۔'' (2)

## سارا سال روزوں کا ثواب:

﴿1323﴾......حضرت سیِّدُنا ابو عُثمان نَہدی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ایک سَفَر پر تھے۔ جب قافلے والوں نے ایک مقام پر پڑاؤ کیا تو دستر خوان بچھایا۔ پھر ایک شخص کو حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بلانے کے لئے بھیجا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اس وقت نماز میں مصروف تھے۔ بعدِ نماز پیغام ملنے پر فرمایا: ''میں روزے سے ہوں۔'' اور جب لوگ کھانے سے فارغ ہونے کے قریب تھے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے آ کر کھانا شروع کر دیا۔ لوگ اس شخص کو گھورنے لگے جو انہیں کھانے کے لئے بلانے گیا تھا۔ اس نے کہا: ''تم مجھے کیوں گھور رہے ہو؟ اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم! انہوں نے مجھے بتایا تھا کہ میں روزے سے ہوں۔'' حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''یہ سچ کہتا ہے۔ بے شک میں نے حُضُور نبیِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو ارشاد فرماتے سنا کہ ''ماہِ رمضان کے روزے اور ہر ماہ تین روزے رکھنا سارا سال روزے رکھنے کی طرح ہے۔'' اور چونکہ میں اس مہینے کے شروع میں تین روزے رکھ چکا ہوں پس اب میں اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی عطا کردہ تخفیف میں کھا رہا ہوں اور اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل سے اجر روزہ دار کا پا رہا ہوں۔'' (3)

---

1 ......الزھدللامام احمدبن حنبل،زھدابی ھریرۃ،الحدیث:٩٨٦،ص١٩٧.

2 ......المسندللامام احمدبن حنبل،مسندابی ھریرۃ،الحدیث:٨٦٤١،ج٣،ص٢٦٨،بتغیرٍ.

3 ......مسندابی داؤدالطیالسی،ابوعثمان النھدی عن ابی ھریرۃ،الحدیث:٢٣٩٣،ص٣٥١،مفھومًا.



www.dawateislami.net

﴿1324﴾......حضرت سیِّدُنا ابومُتوَکِّل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے مروی ہے کہ جب حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اور آپ کے رُفقا روزہ رکھتے تو مسجد میں بیٹھ جاتے اور کہتے: ''ہم اپنے روزے کو پاک کر رہے ہیں۔'' (1)

## نفل روزے کی نیت:

﴿1325﴾......حضرت سیِّدُنا سَعِید بن مُسَیَّب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو دیکھا کہ بازار جاتے۔ جب گھر آتے تو پوچھتے: ''کیا تمہارے پاس کھانے کو کچھ ہے؟'' اگر وہ نفی میں جواب دیتے تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے: ''میں روزے سے ہوں (2)۔'' (3)

﴿1326﴾......حضرت سیِّدُنا فَرْقَد سَبَخِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ طواف کے دوران فرما رہے تھے: ''میں اپنے پیٹ کی وجہ سے ہلاک ہو جاؤں گا کیونکہ جب میں اسے بھرتا ہوں تو مجھے سانس نہیں لینے دیتا اور اگر بھوکا رکھتا ہوں تو مجھے بُرا بھلا کہتا ہے۔'' (4)

﴿1327﴾......حضرت سیِّدُنا ابوعُثمان نَہدِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ میں حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا سات روز تک مہمان رہا۔ اس دوران وہ، ان کا خادم اور ان کی زَوجہ باری باری رات کو جاگتے (یعنی ایک سوتا تو دوسرا عبادت کرتا)۔'' (5)

---

1 ......الزھد لھناد بن السری، باب الغیبۃ للصائم، الحدیث: ۱۲۰۷، ج۲، ص۷۳، "قعدوا" بدلہ "جلسوا".

2 ......اس سے معلوم ہوا کہ نفلی روزے کی نیت ضحوۂ کبریٰ یعنی نِصْفُ النَّہار شرعی سے پہلے پہلے ہو سکتی ہے رات سے ہونا ضروری نہیں ہے۔ جیسا کہ دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 1250 صفحات پر مشتمل کتاب، ''بہارِ شریعت'' جلد اوّل صفحہ 967 پر مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ''ادائے روزۂ رمضان اور نذرِ معین اور نفل کے روزوں کے لئے نیت کا وقت غروبِ آفتاب سے ضحوۂ کبریٰ تک ہے، اس وقت میں جب نیت کر لے، یہ روزے ہو جائیں گے۔'' (الدرالمختار و ردالمحتار، کتاب الصوم، ج۳، ص۳۹۳)
نیز کچھ آگے لکھتے ہیں: ''دن میں نیت کرے تو ضرور ہے کہ یہ نیت کرے کہ میں صبحِ صادق سے روزہ دار ہوں اور اگر یہ نیت ہے کہ اب سے روزہ دار ہوں، صبح سے نہیں تو روزہ نہ ہوا۔'' (الدرالمختار، کتاب الصوم، ج۳، ص۳۹۴)

3 ......السنن الکبریٰ للبیھقی، کتاب الصیام، باب المتطوع یدخل فی الصوم......الخ، الحدیث: ۷۹۱۸، ج۴، ص۳۴۲.

4 ......الزھد للامام احمد بن حنبل، زھد ابی ھریرۃ، الحدیث: ۹۹۳، ص۱۹۷، "سبنی" بدلہ "انصبنی".

5 ......صحیح البخاری، کتاب الاطعمۃ، باب ۴۰، الحدیث: ۵۴۴۱، ص۴۶۹، بتغیرٍ.



www.dawateislami.net

## روزانہ بارہ ہزار بار اِستغفار:

﴿1328﴾......حضرت سیِّدُنا عِکْرِمَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میں ہر روز 12 ہزار بار اللہ عَزَّوَجَلَّ سے توبہ و اِستغفار کرتا ہوں اور یہ میرے دین کے حساب سے ہے۔'' یا راوی نے کہا کہ ''ان کے دین کے حساب سے ہے۔''

## ہزار گرہوں والا دھاگا:

﴿1329﴾......حضرت سیِّدُنا نُعَیْم بن مُحَرَّز اپنے دادا حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ''ان کے پاس ہزار گرہیں لگا ہوا ایک دھاگا تھا جس پر تسبیح (یعنی سُبْحٰنَ اللّٰہ) پڑھے بغیر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نہیں سوتے تھے۔'' (1)

## بوقتِ وفات رونے کی وجہ:

﴿1330﴾......حضرت سیِّدُنا سالم بن بِشْر بن جَحَل رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اپنے مرضِ وصال میں گریہ کناں ہوئے تو کسی نے پوچھا: ''آپ کیوں روتے ہیں؟'' فرمایا: ''میں تمہاری اس دنیا چھوٹنے پر نہیں بلکہ اپنے سفر کے طویل اور زادِ راہ کے قلیل ہونے کی وجہ سے اَشک بہا رہا ہوں۔ میں صبح ایسی دُشوار گزار گھاٹی پر گامزن ہوں گا جو جنت میں پہنچائے گی یا جَہَنَّم میں اُتارے گی اور میں نہیں جانتا کہ میرا ٹھکانہ ان دونوں میں سے کہاں ہوگا۔'' (2)

## مسجد میں نقش و نگار:

﴿1331﴾......حضرت سیِّدُنا ابو سَعِید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''جب تم مساجد میں نقش و نگار کرنے اور مصاحف کو مُزَیَّن و آراستہ کرنے لگو گے تو ہلاکت تمہارا مقدر بن

---

(1)......صفة الصفوة، الرقم ٩٧ ابو هريرة، ج ١، ص ٣٥١.

(2)......الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، الرقم ٥٢٠ ابو هريرة، ج ٤، ص ٢٥٣۔

الزهد لابن المبارك مع ماروا نعيم بن حماد في نسخته زائدا، باب في ذكر الموت، الحديث: ١٥٤، ص ٣٨.



www.dawateislami.net

جائے گی[1]۔"[2]

## موت ایک کھلی نصیحت ہے:

﴿1332﴾......حضرت سیِّدُنا مَعْمَر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ جب کسی جنازے کے قریب سے گزرتے تو فرماتے: "تم شام کو چلے گئے اور ہم صُبح کو آنے والے ہیں۔" یا فرماتے: "تم صبح کو چل دیئے ہم شام کو آنے والے ہیں۔ موت ایک کھلی نصیحت ہے اور غفلت جلد آتی ہے۔ اگلے جارہے ہیں

1...... یہ اس وقت ہے جب محض تفاخُر کے طور پر بغیر کسی فائدہ کے مساجد میں نقش ونگار کیا جائے البتہ بطورِ تعظیم مساجد کو آراستہ کرنا نہ صرف جائز بلکہ مُسْتَحْسَن ہے اسی طرح قرآنِ حکیم کو آراستہ کرنا بھی جائز ومَنْدُوب ہے۔ چُنانچہ، سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فتاویٰ رضویہ میں ایک مقام پر کچھ یوں رقمطراز ہیں: "وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآىِٕرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿۳۲﴾ (پ۱۷، الحج: ۳۲) جو الٰہی نشانیوں کی تعظیم کرے تو وہ دلوں کی پرہیز گاری سے ہے۔ وقال اللہ تبارک وتعالیٰ: وَمَنْ یُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَیْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ (پ۱۷، الحج: ۳۰) جو الٰہی آداب کی چیزوں کی تعظیم کرے تو اس کے لئے اس کے رب کے یہاں بہتری ہے۔ اس کی نظیر مصحف شریف کا مُطَلّا ومذہّب کرنا ہے کہ اگرچہ سلف میں نہ تھا، جائز ومستحب ہے کہ دلیلِ تعظیم وادب ہے۔ درمختار میں ہے: مصحف شریف مُطَلّا ومذہّب کرنا جائز ہے کیونکہ اس میں اس کی تعظیم ہے جیسا کہ مسجد کو مُنَقَّش کرنے میں۔ یوں ہی مساجد کی آرائش ان کی دیواروں پر سونے چاندی کے نقش ونگار کہ صدرِ اول میں نہ تھے، بلکہ حدیث میں تھا: "تم مسجدوں کی آرائش کرو گے جیسے یہود ونصارٰی نے آرائش کی۔" مگر اب ظاہری تُزُک واحتشام ہی قلوبِ عامہ پر اثرِ تعظیم پیدا کرتا ہے لہٰذا ائمۂ دین نے حکمِ جواز دیا۔ تبیین الحقائق میں ہے: گچ اور سونے کے پانی سے مسجد میں نقش بنانا مکروہ نہیں ہے۔ ردالمحتار میں ہے: اس کا قول، جیسا کہ مسجد کی آرائش میں، یعنی محراب کے علاوہ۔ یعنی گچ اور سونے کے پانی سے۔ یونہی مسجدوں کے لئے کنگرے بنانا کہ مساجد کے امتیاز اور دور سے ان پر اطلاع کا سبب ہیں، اگرچہ صدرِ اول میں نہ تھے۔ بلکہ حدیث شریف میں ارشاد ہوا تھا: مسجدیں مُنڈی بناؤ۔ دوسری حدیث میں ہے: یعنی مسجدیں مُنڈی بناؤ اُن میں کنگرے نہ رکھو، اور اپنے شہر اونچے کنگرے دار بناؤ۔ مگر اب بلانکیر مسلمانوں میں رائج ہے۔ اور جسے مسلمان اچھا سمجھیں وہ خدا کے یہاں بھی اچھا ہے۔ امام ابن منیر شرح جامع صحیح میں فرماتے ہیں: "یعنی حدیث سے مستنبط کیا گیا ہے کہ مسجدوں کی آرائش مکروہ ہے کہ نمازی کا خیال بٹے گا یا اس لئے کہ مال بیجا خرچ ہوگا، ہاں اگر تعظیمِ مسجد کے طور پر آرائش واقع ہو اور خرچ بیت المال سے نہ ہو تو کچھ مضائقہ نہیں، اور اگر کوئی شخص وصیت کر جائے کہ اس کے مال سے مسجد کی گچ کاری اور اس میں سرخ وزرد رنگ کریں تو وصیت نافذ ہوگی کہ لوگوں میں جیسی نئی نئی باتیں پیدا ہوتی گئیں ویسے ہی ان کے لئے فتوے نئے ہوئے کہ اب مسلمانوں، کافروں سب نے اپنے گھروں کی گچکاری اور آرائش شروع کردی اگر ہم ان بلند عمارتوں کے درمیان جو مسلمین تو مسلمین کافروں کی بھی ہوں گی کچی اینٹ اور نیچی دیواروں کی مسجدیں بنائیں تو نگاہوں میں ان کی بے وقعتی ہوگی۔" (فتاوی رضویہ، ج۹، ص۴۹۱)

2......سنن سعیدبن منصور، فضائل القرآن، الحدیث: ۱۶۵، ج۲، ص۴۸۶، "زوقتم" بدله "زخرفتم"۔

الزهدلا بن االمبارك، باب ماجاء فی ذنب التنعم فی الدنیا، الحدیث: ۷۹۷، ص ۲۷۵، عن ابی الدرداء.



www.dawateislami.net

اور بعد والے ابھی زندہ ہیں۔ کچھ سمجھ نہیں آتا۔'' (1)

## خطبۂ ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ:

﴿1333﴾......حضرت سیِّدُنا ابو یزید مَدِیْنِی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَنِی سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ مدینۂ منورہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں منبرِ رسول پر حُضُور نبیِّ اکرم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی جگہ سے ایک زِینہ نیچے کھڑے ہوئے اور فرمایا: ''اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے ابو ہریرہ کو ہدایت بخشی۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے ابو ہریرہ کو قرآنِ مجید کے علوم سے نوازا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے حضرت سیِّدُنا محمد مصطفٰی، احمد مجتبیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ذریعے ابو ہریرہ پر احسان فرمایا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے مجھے عمدہ کھلایا اور عمدہ پہنایا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے جس نے غَزْوَان کی بیٹی سے میری شادی کرائی حالانکہ پہلے میں کھانے کے عوض اس کا ملازم تھا۔ اب وہ مجھے سُوار کرتی ہے جیسے پہلے میں اُسے سُوار کرتا تھا۔'' اس کے بعد فرمایا: ''ہلاکت ہے عربوں کے لئے اس شر اور برائی سے جو قریب آچکی ہے۔ ہلاکت ہے ان کے لئے لڑکوں کی حکمرانی سے کیونکہ وہ اپنی خواہش کے مطابق فیصلہ کریں گے اور محض غُصّہ کی بنا پر لوگوں کو قتل کریں گے۔ اے بنی فَرُّوْخ (یعنی اہل فارس اور عجمی لوگو)! تمہارے لئے خوشخبری ہے! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر دین ثُرَیَّا میں بھی ہوتا تب بھی تم میں سے کچھ لوگ ضرور اسے حاصل کر لیتے۔'' (2)

## 15 کھجوروں پر 2 دِن گزارا:

﴿1334﴾......حضرت سیِّدُنا ابنِ عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کے خادِم حضرت سیِّدُنا ابو زِیاد رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''میرے پاس 15 کھجوریں تھیں، میں نے 5 کھجوروں سے روزہ افطار کیا، 5 سے سَحَری کی اور باقی 5 افطاری کے لئے بچا رکھیں۔''

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

1 ......المصنف لعبدالرزاق، کتاب الجنائز، باب القول اذا رأیت الجنازة، الحدیث: ۶۶۹۰، ج۳، ص ۳۶۰.

2 ......الزھد للامام احمدبن حنبل، اخبار معاذ بن جبل، الحدیث: ۱۰۱۴، ص ۲۰۰.


www.dawateislami.net

## لونڈی کو آزاد فرما دیا:

﴿1335﴾......حضرت سیِّدُنا ابومُتَوَکِّل رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه سے مروی ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه کی ایک حَبشیہ لونڈی تھی۔ اس نے اپنی حرکتوں سے لوگوں کو تنگ کر رکھا تھا۔ ایک دن حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے اُس پر ڈنڈا اُٹھایا اور فرمایا: ”اگر قِصاص (یعنی بدلہ دینا) نہ ہوتا تو میں تجھے مار مار کر بے ہوش کر دیتا لیکن اب میں تجھے اسے فروخت کر دوں گا جو مجھے تیری پوری قیمت دے گا۔ جا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لئے آزاد ہے۔“ (1)

## موت خالص سونے سے بھی زیادہ محبوب ہوگی:

﴿1336﴾......حضرت سیِّدُنا ابوسَلَمہ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه بیمار ہوگئے تو میں ان کی عیادت کے لئے گیا اور وہاں یہ دعا کی: ”اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! ابوہریرہ کو شفا عطا فرما۔“ آپ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه بارگاہِ خداوندی میں عرض گزار ہوئے: ”اے اللہ عَزَّوَجَلَّ! اس دعا کو قبول نہ فرما۔“ پھر فرمایا: ”اے ابوسَلَمہ! لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ موت انہیں خالص سونے سے زیادہ پسند ہوگی۔“ (2)

## چھ چیزوں کے خوف سے موت کی تمنا:

﴿1337﴾......حضرت سیِّدُنا عَطاء رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْه سے روایت ہے کہ حضرت سیِّدُنا ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه نے فرمایا: ”جب تم 6 چیزیں دیکھو تو اگر تمہاری جان تمہارے قبضے میں ہو تو اسے چھوڑ دو۔ اسی وجہ سے میں موت کی تمنا کرتا ہوں اس خوف سے کہ کہیں ان چیزوں کا زمانہ نہ پالوں۔ جب بے وقوف حکمران ہوں۔ فیصلے بِکنے لگیں۔ جانیں محفوظ نہ رہیں۔ رِشتے کاٹے جائیں۔ قوم کے محافظ قوم کے لُٹیرے بن جائیں اور لوگ قرآنِ مجید، گا کر پڑھنے لگیں۔“ (3)

---

1 ......الزهد للامام احمد بن حنبل، زهد ابی هريرة، الحديث: ٩٩٠، ص ١٩٧، ”قد غمتم“ بدله ”قد عمتهم“.

2 ......الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، الرقم ٥٢٠ ابو هريرة، ج ٤، ص ٢٥٢.

3 ......الطبقات الكبرىٰ لابن سعد، الرقم ٥٢٠ ابو هريرة، ج ٤، ص ٢٥١، مختصرًا۔

المصنف لعبد الرزاق، كتاب الصلاة، باب حسن الصوت، الحديث: ٤١٩٧، ج ٢، ص ٣٢٢، مختصرًا۔

تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، الرقم ٨٨٩٥ ابو هريرة، ج ٦٧، ص ٣٧٩.



www.dawateislami.net

## اپنا کام خود کرتے:

﴿1338﴾......حضرت سیِّدُ نا ثَعْلَبَہ بن اَبی مالِک قُرَظی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ بازار گئے اور لکڑیوں کا گٹھا اُٹھالائے۔ چونکہ ان دنوں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ مَرْوان کے نائب تھے۔فرمانے لگے: ''اے ابن ابی مالک! امیر کے لئے راستہ کُشادہ کرو۔'' میں نے عرض کی: ''اس کام میں آپ کو کفایت کرنے والے (آپ کے بچے اور غلام) موجود ہیں (تو پھر کیوں اتنی تکلیف اٹھاتے ہیں)۔'' تو آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے دوبارہ یہی فرمایا: ''امیر کے لئے راستہ کشادہ کرو اس کے سر پر لکڑیوں کا گٹھا ہے۔'' (1)

## گھر کے باہر کیا لکھواؤں:

﴿1339﴾......حضرت سیِّدُ نا ابواَسود رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے مدینۂ طیبہ زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًاوَّتَعْظِیْمًا میں گھر بنوایا۔گھر کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد ایک دن وہ اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا تھا کہ حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وہاں سے گزر ہوا تو اس نے عرض کی: ''اے ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ! ذرا ٹھہر جائیے! اور مجھے یہ بتائیے کہ میں گھر کے دروازے پر کیا لکھواؤں؟'' آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: ''لکھواؤ گھر ویران ہونے کے لئے ہوتے ہیں۔اَوْلاد فوت ہونے کے لئے اور مال ورثا کے لئے جمع کیا جاتا ہے۔'' اس وقت وہاں ایک اَعرابی (یعنی دیہات کا رہنے والا) بھی موجود تھا۔اس نے کہا: ''شیخ! تم نے کتنی بُری بات کہی ہے۔'' گھر کے مالک نے اَعرابی سے کہا: ''تیری ہلاکت ہو! یہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابی حضرت سیِّدُ نا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔'' (2)

❁❁❁❁❁❁❁❁❁❁

---

1 ......الزھد لابی داود، من اخبار ابی ھریرۃ، الحدیث: ٢٨٤، ج١، ص٣٠٧.

2 ......تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر، الرقم ٨٨٩٥ ابو ھریرۃ، ج٦٧، ص٣٧٤.


www.dawateislami.net

# اجمالی فہرست



| نمبر شمار | مُہاجِرین صحابہ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 83 |
| 2 | امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عمرِ فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 100 |
| 3 | امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا عُثْمَان بن عَفان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 130 |
| 4 | امیرالمؤمنین حضرت سیِّدُنا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَهُ الْکَرِیْم | 141 |
| 5 | حضرت سیِّدُنا طَلْحہ بن عبیداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 177 |
| 6 | حضرت سیِّدُنا زُبیر بن عوام رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 180 |
| 7 | حضرت سیِّدُنا سَعْد بن اَبی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 186 |
| 8 | حضرت سیِّدُنا سعید بن زید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 190 |
| 9 | حضرت سیِّدُنا عبدالرحمن بن عُوف رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 194 |
| 10 | حضرت سیِّدُنا ابوعُبَیْدَہ بن جَرَّاح رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 199 |
| 11 | حضرت سیِّدُنا عُثْمَان بن مَظْعُوْن رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 202 |
| 12 | حضرت سیِّدُنا مُصْعَب بن عُمِیر دَاری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 210 |
| 13 | حضرت سیِّدُنا عبدُاللّٰہ بن جَحْش رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 213 |
| 14 | حضرت سیِّدُنا عامر بن فُهَیْرَہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 214 |
| 15 | حضرت سیِّدُنا عاصِم بن ثابت رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 217 |
| 16 | حضرت سیِّدُنا خبیب بن عدی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 220 |
| 17 | حضرت سیِّدُنا جَعْفر بن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 224 |
| 18 | حضرت سیِّدُنا عبدُاللّٰہ بن رَوَاحہ اَنصاری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 231 |





www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 19 | حضرت سیّدُنااَنَس بن نَضْر رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 237 |
| 20 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ ذوالْبِجَادَیْن رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 239 |
| 21 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 243 |
| 22 | حضرت سیّدُناعَمَّار بن یاسِر رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 269 |
| 23 | حضرت سیّدُناخَبَّاب بن الْاَرَت رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 276 |
| 24 | حضرت سیّدُنابلال بن رَبَاح رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 284 |
| 25 | حضرت سیّدُناصُہَیب بن سِنَان رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 291 |
| 26 | حضرت سیّدُناابوذَرغِفَاری رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 301 |
| 27 | حضرت سیّدُناعُتبہ بن غَزْوَان رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 324 |
| 28 | حضرت سیّدُنامِقْدَاد بن اَسود رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 326 |
| 29 | حضرت سیّدُناسالم مَولٰی اَبی حُذیفہ رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہُمَا | 334 |
| 30 | حضرت سیّدُناعامر بن رَبیعہ رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 336 |
| 31 | حضرت سیّدُنا ثَوبان رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 340 |
| 32 | حضرت سیّدُنارَافِع رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 345 |
| 33 | حضرت سیّدُناابورَافِع اَسْلَم رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 346 |
| 34 | حضرت سیّدُناسَلْمَان فَارِسی رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 348 |
| 35 | حضرت سیّدُناابودَرْدَاء رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 386 |
| 36 | حضرت سیّدُنامعاذ بن جَبَل رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 416 |
| 37 | حضرت سیّدُناسَعِیدبن عَامر رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 439 |
| 38 | حضرت سیّدُناعمیربن سَعْد رَضِیَ اللہ تعَالٰی عَنْہ | 444 |




www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 39 | حضرت سیّدُنااُبی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 449 |
| 40 | حضرت سیّدُناابوموسٰی اَشعری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 459 |
| 41 | حضرت سیّدُنا شدّاد بن اَوس رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 470 |
| 42 | حضرت سیّدُناحُذَیفہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 480 |
| 43 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ بن عَمْرو رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 501 |
| 44 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 515 |
| 45 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ بن عبَّاس رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 552 |
| 46 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ بن زُبَیْر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُمَا | 577 |



## اَصحاب صُفّہ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِم اَجْمَعِیْن



| | | |
|---|---|---|
| 47 | حضرت سیّدُنااَوس بن اَوس ثقفی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 608 |
| 48 | حضرت سیّدُنااَسْمَاء بن حَارِثہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 610 |
| 49 | حضرت سیّدُنا اَغر مز نی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 610 |
| 50 | حضرت سیّدُنابَلال بن رَبَاح رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 611 |
| 51 | حضرت سیّدُنابَراء بن مالک رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 612 |
| 52 | حضرت سیّدُنا ثوبَان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 613 |
| 53 | حضرت سیّدُنا ثابت بن ضحاک رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 614 |
| 54 | حضرت سیّدُنا ثابت بن ودیعہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 616 |
| 55 | حضرت سیّدُناثقیف بن عمرو رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 616 |
| 56 | حضرت سیّدُناابو ذَرغِفاری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 616 |
| 57 | حضرت سیّدُناجَرْہَد بن خوَیْلِد رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 618 |





www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 58 | حضرت سیّدُناجعیل بن سراقہ ضمری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 618 |
| 59 | حضرت سیّدُناجَاریَہ بن حمیل رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 619 |
| 60 | حضرت سیّدُناحُذَیفَہ بن یَمان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 619 |
| 61 | حضرت سیّدُناحُذَیفَہ بن اُسَید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 621 |
| 62 | حضرت سیّدُناحَبِیب بن زَید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 622 |
| 63 | حضرت سیّدُناحَارِثہ بن نعمان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 623 |
| 64 | حضرت سیّدُناحازِم بن حَرمَلَہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 624 |
| 65 | حضرت سیّدُناحَنْظَلہ بن ابی عامررَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 625 |
| 66 | حضرت سیّدُناحَجَّاج بن عَمْرو رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 626 |
| 67 | حضرت سیّدُناحکم بن عمیررَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 626 |
| 68 | حضرت سیّدُناحَرمَلَہ بن اِیاس رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 627 |
| 69 | حضرت سیّدُناخَبَّاب بن اَلارَت رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 628 |
| 70 | حضرت سیّدُناخُنَیس بن حُذَافَہ سہمی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 631 |
| 71 | حضرت سیّدُناابو اَیُّوب خَالِد بن زَید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 632 |
| 72 | حضرت سیّدُناخرَیم بن فاتِک رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 634 |
| 73 | حضرت سیّدُناخرَیم بن اَوس رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 635 |
| 74 | حضرت سیّدُناخُبیب بن یساف رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 637 |
| 75 | حضرت سیّدُناذُکین بن سعید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 637 |
| 76 | حضرت سیّدُناعبداللّٰہ ذُوالْبِجَادَین رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 638 |
| 77 | حضرت سیّدُناابولُبابہ رِفَاعَہ انصاری رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 639 |




www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 78 | حضرت سیّدُنا ابورُزَین رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 640 |
| 79 | حضرت سیّدُنازَیدبن خطّاب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 642 |
| 80 | حضرت سیّدُناسَلْمان فَارِسی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 642 |
| 81 | حضرت سیّدُناسعد بن اَبی وَقّاص رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 643 |
| 82 | حضرت سیّدُناسَعِیدبن عَامر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 644 |
| 83 | حضرت سیّدُناابوعبدالرحمٰن سفینہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 644 |
| 84 | حضرت سیّدُناسعدبن مالک (ابوسعیدخدری) رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 647 |
| 85 | حضرت سیّدُناسالم مولٰی ابوحذیفۃ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 648 |
| 86 | حضرت سیّدُناسالم بن عبیداَشجعی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 649 |
| 87 | حضرت سیّدُناسالم بن عمیر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 651 |
| 88 | حضرت سیّدُناسَائِب بن خَلّاد رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 651 |
| 89 | حضرت سیّدُناشُقْرَان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 652 |
| 90 | حضرت سیّدُناشَدّادبن اُسید رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 652 |
| 91 | حضرت سیّدُناصہیب بن سِنان رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 653 |
| 92 | حضرت سیّدُناصَفْوَان بن بیضاء رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 653 |
| 93 | حضرت سیّدُناطخفہ بن قَیس رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 654 |
| 94 | حضرت سیّدُناطلحہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 655 |
| 95 | حضرت سیّدُناطفاوی دَوْسِی رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 656 |
| 96 | حضرت سیّدُناعبدُاللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 656 |
| 97 | حضرت سیّدُناابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ | 658 |




www.dawateislami.net

# مبلغین کے لئے فہرست


| مضامین | صفحہ نمبر | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| **(1) خوفِ خدا کا بیان** | | حافظِ قرآن کو کیسا ہونا چاہئے؟ | 253 |
| حضرت سیدنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا خوفِ خدا | 124 | شیطان کو بھگانے کا قرآنی نسخہ | 254 |
| میں یہ پسند کروں گا کہ مٹی ہو جاؤں | 139 | قرآن کریم کو اپنا امام و پیشوا بنالو | 454 |
| پُل صِراط سے گزرنے کا خوف | 232 | عظمتِ قرآن | 461 |
| حساب و کتاب کا خوف | 258 | فضائلِ قرآن | 596 |
| خوفِ خدا کی ایک جھلک | 259 | قرآنِ حکیم اور اہلِ بیت | 622 |
| ایک چادر کے حساب کا ڈر | 312 | خوش اِلحان قاریٔ قرآن | 649 |
| کاش میں درخت ہوتا | 313 | **(3) فکرِ آخرت کا بیان** | |
| حساب کی شِدّت کا خوف | 387 | صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی فکرِ آخرت | 86 |
| سب سے زیادہ خوف زدہ کرنے والی بات | 395 | حسابِ آخرت کا خوف | 123 |
| قبر و حشر کا خوف | 398 | سفرِ آخرت کی تیاری کا درس | 260 |
| خشیتِ الٰہی سے رونے کی فضیلت | 453 | دنیا کی خاطر آخرت کو نقصان نہ پہنچاؤ | 267 |
| جہنم کا خوف | 471 | فکرِ آخرت | 314 |
| 2 امن اور 2 خوف | 479 | حضرت ابوذر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کا نصیحت بھرا بیان | 315 |
| سیِّدُنا عبد اللّٰہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کا خوفِ خدا | 535 | حضرت سیدنا ابو درداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی فکرِ آخرت | 386 |
| **(2) قرآن** | | بخار میں بھی فکرِ آخرت | 408 |
| صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کی قرآن فہمی | 86 | مہمانوں کو درسِ آخرت | 408 |
| علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْكَرِيْم اور حفاظتِ قرآن | 147 | فکرِ آخرت پر مبنی بیان | 428 |
| آنکھوں کے بجائے دل روتا ہے | 198 | آخرت کے بیٹے بنو | 471 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| آخرت کی تیاری کا درس | 496 | مصیبت پر صَبْر کرنے کی فضیلت | 456 |
| **(4) راہِ خدا میں مال اور جان خرچ کرنے کا بیان** | | مومن میں 4 خصلتیں | 457 |
| راہِ خدا میں خرچ کرنے کا جذبہ | 89 | صَبْر کی تلقین | 510 |
| راہِ خدا میں مال خرچ کرنا | 135 | صَبْر کا اُخروی اِنعام | 510 |
| راہِ خدا میں 300 اونٹ پیش کیے | 136 | صَبْر کی اہمیت کا بیان | 647 |
| راہِ خدا میں 70 زخم کھائے | 177 | مصیبت حسبِ فضیلت آتی ہے | 648 |
| دنیا و دولت سے بے رغبتی | 183 | **(6) دنیا کی مَذمَّت کا بیان** | |
| بندے کا دل | 262 | دُنیا سے بے رغبتی اور اُمیدوں کی کمی | 55 |
| راہِ خدا کے مسافروں کی تکالیف | 277 | دُنیا کے بارے میں نصیحت | 93 |
| آگ کا انگارا | 311 | دُنیا کا نقصان برداشت کرلو | 120 |
| ہر مال میں 3 حصے دار ہیں | 312 | شیرِ خدا رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی دنیا سے بے رغبتی | 155 |
| 30 ہزار درہم کا صدقہ | 520 | دُنیا کی مذمت | 155 |
| ایک سال میں ایک لاکھ درہم صدقہ | 522 | نگاہِ علی میں دنیا کی حقیقت | 156 |
| ایک رات میں 10 ہزار درہم کی خیرات | 522 | دنیا و دولت سے بے رغبتی | 183 |
| راہِ خدا میں مومن کا دل | 643 | خوشحالی کے فتنے کا خوف زیادہ ہے | 188 |
| **(5) صَبْر کا بیان** | | دنیا کی خاطر آخرت کو نقصان نہ پہنچاؤ | 267 |
| صَبْر و شکر اختیار کرو | 122 | دُنیا سے نفرت | 307 |
| عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے صبر کا بیان | 133 | حقیقتِ دُنیا کو بے نقاب کرنے والا بیان | 324 |
| چہرے کا رنگ بدلتا رہا | 134 | دُنیا کی محبت کا وبال | 343 |
| 2 فضیلتیں | 135 | مالِ دُنیا نے رُلا دیا | 364 |
| صبر، یقین، جہاد اور عَدْل کے شعبے | 158 | دُنیا کی مثال | 455 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| دُنیاوی عزت باعثِ نجات نہیں | 550 | جاہل و بے عمل کے لئے ہلاکت | 390 |
| **(7) حیا کا بیان** | | عالم کی نشانی | 391 |
| صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی حیا | 92 | عالم و جاہل کی عبادت میں فرق | 391 |
| عثمانِ غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی شرم وحیا | 131 | بھلائی کس میں ہے؟ | 392 |
| حیا میں مزید اضافہ | 139 | زندگی کو پسند کرنے کی وجہ | 392 |
| بے حیائی کی آفات | 379 | دین سیکھنے اور سکھانے والا اجر میں برابر ہیں | 393 |
| حضرت سیدنا آدم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی حیا | 456 | عِلْم کے اعتبار سے لوگوں کی اقسام | 393 |
| پیکرِ شرم وحیا | 465 | حضرت سیدنا ابو درداء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عنہ کی نصیحت | 393 |
| کامل حیا | 627 | تقویٰ بغیر عِلم اور عِلم بغیر عمل کے کامل نہیں | 394 |
| **(8) انفرادی کوشش کا بیان** | | عُلما کی ناپسندیدگی سے بچو | 410 |
| انفرادی کوشش کا دلنشین انداز | 353 | عِلْم دِین کی محبت نے رُلا دیا | 425 |
| خط کے ذریعے انفرادی کوشش | 380 | علم کے فضائل و برکات | 431 |
| نماز کے لئے انفرادی کوشش | 382 | صاحبِ علم وحلم | 471 |
| دوست پر انفرادی کوشش | 399 | فقیہ الامّت | 472 |
| تقدیر میں جھگڑنے والوں پر انفرادی کوشش | 570 | خواب میں علم کی بشارت | 505 |
| **(9) عِلْم اور عُلما کا بیان** | | حاسد اور متکبر عالم نہیں ہوسکتا | 537 |
| سیِّدُنا علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علم، حکمت اور دانائی | 145 | علم وفہم میں ترقی کی دُعا | 553 |
| عالم، طالب علم اور جاہل | 166 | حکمت و دانائی کی دُعا | 553 |
| ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمی مقام | 251 | علم وحکمت کی دُعا | 554 |
| علم کثرتِ روایت سے نہیں حاصل ہوتا | 255 | عبد اللّٰہ بن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا علمی مقام | 555 |
| عالم اور جاہل دونوں کے لئے ہلاکت؟ | 255 | اُمّت کے بڑے عالم | 556 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابن عبّاس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُمَا اور تفسیرِ قرآن | 556 | 3 باتوں کی نصیحت | 558 |
| عِلمِ تفسیر میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کا مقام | 558 | بادشاہ کا خوف ہو تو کیا پڑھا جائے | 565 |
| خارجیوں کو منہ توڑ جوابات | 559 | 6 چیزوں کے خوف سے موت کی تمنا | 672 |
| 3 سوالات کے جوابات | 562 | **(11) حکایات** | |
| علم سیکھنے والوں کی بھیڑ | 563 | فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی شجاعت و بہادری | 101 |
| صُفَّہ والوں کی بھوک کا عالَم | 593 | فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کے اسلام لانے کی ابتدا | 103 |
| اہلِ صُفَّہ کی تعداد اور حالات | 595 | فاروق کا لقب کیسے ملا؟ | 103 |
| علم کی اہمیت | 657 | مکہ کی گلیاں گونج اٹھیں | 105 |
| طلبِ علم میں 9 دِن کا سفر | 657 | مشرکین کو شکست | 107 |
| حضرت سیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کا علمِ حدیث | 666 | چھوٹی بڑی آستینوں والی قمیص | 112 |
| **(10) متفرقات** | | رعایا کی خبر گیری | 116 |
| اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سفیر | 80 | فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کا جنت میں محل | 127 |
| 3 چیزیں | 122 | شکرانے میں ایک غلام آزاد | 138 |
| 4 شعبے (صبر یقین، جہاد اور عدل) | 158 | خدا و مصطفٰی عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم کے محبوب | 141 |
| موت انسان کی محافظ ہے | 160 | تسبیحِ فاطمہ کے فضائل | 150 |
| (41) سنہرے فرامینِ عالیشان | 268 | کسبِ حلال کے لئے محنت و مزدوری | 154 |
| 27 سوالات و جوابات | 316 | مُہر لگا ہوا ستو کا تھیلا | 170 |
| بھلائی کس میں ہے؟ | 392 | سیِّدُنا طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہ کی سخاوت | 179 |
| بُرے کاموں سے حفاظت کی دُعا | 405 | جسم پر زخموں کے نشان | 182 |
| بخار کی فضیلت | 458 | ایک ٹکڑے پر گزارا | 187 |
| شرکِ خفی پر علمی مکالمہ | 478 | جھوٹی عورت اندھی ہو کر مر گئی | 191 |




www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسلامی بھائیوں سے اظہارِ ہمدردی | 203 | سیِّدُنا ابودَرْدَاء رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے نکاح کرلیا | 372 |
| تبلیغِ دین کے لئے کوششیں | 210 | سلام بھی ہدیہ ہے | 373 |
| شہد کی مکھیوں کے ذریعے حفاظت | 217 | دشمن سے درگزر | 389 |
| بہترین قیدی اور غیبی رزق | 220 | تنہائی میں گناہ کرنے کی دنیاوی سزا | 397 |
| نجاشی کے دربار میں اعلانِ حق | 224 | پیالے والا واقعہ | 411 |
| فرش سے ماتم اُٹھے وہ طیّب وطاہر گیا | 232 | اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی پاکی بولنے والی ہنڈیا | 411 |
| غیبوں پر خبردار آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم | 236 | انصاف کی عمدہ ولاجواب مثال | 425 |
| مجھے جنت کی خوشبو آرہی ہے | 237 | تمام صحابہ آپس میں بھائی بھائی ہیں | 430 |
| 70 قُرّاء صحابہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ کی شہادت | 241 | گھر اَمن کا گہوارہ کیسے بنا؟ | 439 |
| سیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی استقامت | 284 | اہلِ حِمْص کی 4 شکایات | 440 |
| نفع بخش تجارت | 292 | حِمْص کے گورنر کا تقرر | 444 |
| کھانے میں حیرت انگیز برکت | 296 | حضرت سیِّدُنا آدم عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کی حیا | 456 |
| 3 برس تک نماز پڑھی | 302 | غیبی آواز | 464 |
| اظہارِ اِسلام کا واقعہ | 303 | روٹی والا عبادت گزار | 469 |
| دُنیا سے نفرت | 307 | 300 درہم کا کفن | 500 |
| حضرت ابوذر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کا وصال پرملال | 323 | سنّت سے روگردانی | 504 |
| سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے مہمان | 328 | سیِّدُنا عبداللّٰہ بن عمرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا کی سخاوت | 513 |
| امیرِ لشکر سے معافی منگوائی | 333 | خلافت کا صحیح حقدار | 517 |
| سنّتِ نکاح میں شریعت کی پاسداری | 348 | مَن پسند اُونٹنی خیرات کردی | 519 |
| کفار سے جنگ میں سنت طریقہ | 354 | پسندیدہ لونڈی آزاد کردی | 519 |
| مذہبِ حق کی تلاش | 356 | ایک رات میں 10 ہزار درہم کی خیرات | 522 |



www.dawateislami.net

| | | | |
|---|---|---|---|
| مچھلی کھانے کی خواہش | 524 | مسجد ہی ان کا گھر تھا | 617 |
| یتیموں پر شفقت | 526 | غلاموں پر شفقت | 620 |
| ثواب کی امید | 528 | مومن کو ہر خرچ میں ثواب ملتا ہے | 629 |
| مدینے کی حاضری | 543 | حضرت سیِّدَتنا حفصہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کا نکاح | 631 |
| میں تو مغفرت چاہتا ہوں | 544 | نگاہِ مصطفیٰ کا کمال اور صحابی کی سادگی | 635 |
| فقط سلام کرنے بازار جاتے | 546 | مسلمان ہوتے ہی جہاد میں حصہ لیا | 637 |
| مدنی آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم نے دُعاؤں سے نوازا | 553 | سنو اور اطاعت کرو | 638 |
| خارجیوں کو منہ توڑ جوابات | 559 | حضرت سیِّدُنا سَفِیۡنَہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ اور شیر | 645 |
| 3 سوالات کے جوابات | 562 | آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم دعوت سے لوٹ آئے | 646 |
| علم سیکھنے والوں کی بھیڑ | 563 | پیٹ کے بل لیٹنا اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند نہیں | 654 |
| ٹڈی کی عجیب حکایت | 566 | طلبِ علم میں 9 دِن کا سفر | 657 |
| ایک قدری کی توبہ کا عجیب واقعہ | 572 | اِسلام کے مہمان | 659 |
| ایک صالح وخائف نوجوان | 573 | سیِّدنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہُ کی بھوک کا ذکر | 660 |
| سفید پرندہ کفن میں داخل ہوگیا | 576 | گورنر بننے سے انکار کردیا | 665 |
| رحمتِ عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّم کا بابرکت خون | 577 | سارا سال روزوں کا ثواب | 667 |
| عبد اللّٰہ بن زبیر رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُ کیسے مثل شہادت | 580 | لونڈی کو آزاد فرما دیا | 672 |
| آیت مبارکہ کا شان نزول | 601 | گھر کے باہر کیا لکھواؤں | 673 |
| سردی گرمی میں بدل گئی | 612 | ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ | ☆☆ |


## متروکہ عربی عبارات

فلما أصبح غدا علیه أصحابه فقالوا: کیف وجدت أهلک؟ فأعرض عنهم، ثم أعادوا فأعرض عنهم، ثم أعادوا فأعرض عنهم، ثم قال عنهم، ثم قال: انما جعل الله تعالی الستور والخدور الأبواب لتواری مافیها، حسب امرئ منکم ان یسأل عما ظهر له، فاما ما غاب عنه فلا یسألن عن ذلک، سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: المتحدث عن ذلک کالحمارین یتسافدان فی الطریق.



www.dawateislami.net

# مآخذ ومراجع

| مطبوعہ | مصنف/مؤلف | کتاب |
| --- | --- | --- |
| ضياء القرآن لاهور | کلام باری تعالیٰ | قرآن مجید |
| ضياء القرآن لاهور | اعلیٰحضرت امام احمد رضاخان رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۱۳۴۰ھ | کنزالایمان فی ترجمۃِ القرآن |
| المکتبۃ الشاملۃ | امام عبد الرحمٰن بن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۳۲۷ھ | تفسیر ابن ابی حاتم |
| دارالکتب العلمیۃ ۱۴۲۰ھ | امام ابوجعفرمحمد بن جریرطبری رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۳۱۰ھ | تفسیرالطبری |
| دارالفکربیروت ۱۴۲۰ھ | امام ابوعبد اللہ محمد بن احمدانصاری رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۶۷۱ھ | تفسیر القرطبی |
| دارالکتب العلمیۃ ۱۴۱۹ھ | امام حافظ عماد الدین ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۷۷۴ھ | تفسیر ابن کثیر |
| ضياء القرآن لاهور | مفتی نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۱۳۶۷ھ | تفسیرخزائن العرفان |
| پیر بھائی کمپنی لاهور | حکیم الامت مفتی احمد یارخان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۱۳۹۱ھ | تفسیر نور العرفان |
| ضياء القرآن لاهور | حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۱۳۹۱ھ | تفسیرنعیمی |
| دار السلام ریاض | امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۵۶ھ | صحیح البخاری |
| دار السلام ریاض | امام مسلم بن حجاج نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۶۱ھ | صحیح مسلم |
| دار السلام ریاض | امام محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۷۹ھ | جامع الترمذی |
| دار السلام ریاض | امام ابو داؤد سلیمان ابن اشعث رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۷۵ھ | سننِ ابی داؤد |
| دار السلام ریاض | امام احمد بن شعیب نسائی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۳۰۳ھ | سننِ نسائی |
| دار السلام ریاض | امام محمد بن یزید القزوینی ابن ماجه رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۷۳ھ | سننِ ابن ماجه |
| المکتب الاسلامی ۱۴۱۲ھ | امام ابوبکرمحمد بن خزیمه رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۳۱۱ھ | صحیح ابن خزیمه |
| دارالکتب العلمیۃ ۱۴۱۷ھ | علاء الدین علی بن بلبان فارسی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۷۳۹ھ | صحیح ابن حبان |
| ملتان پاکستان | امام ابو داؤد سلیمان ابن اشعث رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۷۵ھ | کتاب المراسیل لابی داؤد |
| المکتبۃ الشامله | امام ابو داؤد سلیمان ابن اشعث رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۷۵ھ | الزهد |
| دار المعرفۃ ۱۴۱۷ھ | امام ابو داؤدطیالسی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۰۴ھ | مسند ابی داؤد الطیالسی |
| المکتبۃالشاملۃ | حارث بن ابی اسامه رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۲۸۲ھ | مسند الحارث |
| دارالکتب العلمیۃ ۱۴۱۸ھ | ابو یعلی احمدموصلی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ۳۰۷ھ | المسند |



www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| المسند | امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٢٤١ھ | دارالفکربیروت١٤١٤ھ |
| الزھد | امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٢٤١ھ | دارالغدجدید١٤٢٦ھ |
| الورع | امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٢٤١ھ | المکتبۃ الالفیہ |
| فردوس الاخبار | حافظ شھرویہ بن شھر دارد یلمی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٥٠٩ھ | دار الفکر بیروت١٤١٨ھ |
| البحرالزخا رالمعروف بمسندالبزا ر | امام ابو بکر احمد بن عمروبزا ر رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٢٩٢ھ | مکتبۃ العلوم والحکم١٤٢٤ھ |
| المعجم الکبیر | حافظ سلیمان بن احمدطبرانی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٣٦٠ھ | داراحیاء التراث ١٤٢٢ھ |
| المعجم الاوسط | حافظ سلیمان بن احمدطبرانی رحمۃ اللہ علیہمتوفّٰی ٣٦٠ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤٢٠ھ |
| مسندالشامیین | حافظ سلیمان بن احمدطبرانی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٣٦٠ھ | المکتبۃ الالفیہ |
| موسوعہ لابن ابی الدنیا | حافظ ابی بکر عبداللہ ابن ابی الدنیارحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٢٨١ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤٢٦ھ |
| مکارم الاخلاق | حافظ ابی بکر عبداللہ ابن ابی الدنیارحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٢٨١ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤٢٣ھ |
| سنن الدارمی | امام عبداللہ بن عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٢٥٥ھ | دارالکتب ا لعربی١٤٠٧ھ |
| المستدرک | امام محمد بن عبد اللہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ٤٠٥ھ | دارالمعرفۃبیروت١٤١٨ھ |
| السنن الکبرٰی للنسائی | امام احمد بن شعیب نسائیرحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٣٠٣ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤١١ھ |
| السنن الکبرٰی للبیھقی | اماماحمد بن الحسین بیھقی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٤٥٨ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤٢٤ھ |
| دلائل النبوۃ للبیھقی | اماماحمد بن الحسین بیھقی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٤٥٨ھ | دارالکتب العلمیۃ ١٤٢ھ |
| شعب الایمان للبیھقی | اماماحمد بن الحسین بیھقی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٤٥٨ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤٢١ھ |
| الزھد الکبیر للبیھقی | اماماحمد بن الحسین بیھقی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٤٥٨ھ | موسوالکتب الثقافیۃ١٤١٧ھ |
| البعث والنشور | اماماحمد بن الحسین بیھقی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٤٥٨ھ | المکتبۃ الشاملہ |
| دلائل النبوۃ | اسماعیل بن محمد التیمی اصبھانی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٥٣٥ھ | المکتبۃ الالفیہ |
| کتاب العظمہ | ابومحمدعبداللہ بن محمد اصبھانی رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٥٣٥ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤١٤ھ |
| مؤطا امام مالک | امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی ١٧٩ھ | دارالمعرفۃبیروت١٤١٨ھ |
| المصنف | امام عبداللہ بن محمد بن ابی شیبۃرحمۃ اللہ علیہ٢٣٥ھ | دارالفکر بیروت١٤١٤ھ |
| المصنف | امام عبد الرزاق صنعانی رحمۃ اللہ علیہمتوفّٰی ٢١١ھ | دارالکتب العلمیۃ١٤١٤ھ |
| التاریخ الکبیر | امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ متوفّٰی٢٥٦ھ | دارالحدیث پاکستان |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| التاريخ الصغير | امام محمد بن اسماعيل بخاری رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٥٦هـ | المكتبة الالفيه |
| الادب المفرد | امام محمد بن اسماعيل بخاری رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٥٦هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢٢هـ |
| الشمائل المحمدية | امام محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٧٩هـ | داراحياء التراث العربى |
| الاؤسط لابن المنذر | علامه ابوبكرمحمدبن ابراهيم بن المنذ ررحمة الله عليه متوفّٰی ٣١٨هـ | المكتبة الشامله |
| كتاب السنن | ابوعثمان سعيد بن منصورخراسانى رحمه الله عليه متوفّٰی ٢٢٧هـ | المكتبة الالفيه |
| اخبارمكه | امام ابو عبد الله محمد بن اسحاق فاكهى رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٨٥هـ | دارخضربيروت ١٤١٩هـ |
| السنة لابى عاصم | امام ابو بكر احمد بن عمرورحمة الله عليه متوفّٰی ٢٨٧هـ | دار ابن حزم ١٤٢٤هـ |
| المطالب العاليه | امام احمد بن الحجرعسقلانى رحمة الله عليه متوفّٰی ٨٥٢هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢٤هـ |
| تاريخ بغداد | امام ابو بكر احمد بن خطيب بغدادى رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٦٣هـ | دارالكتب العلمية ١٤١٧هـ |
| الكامل فى ضعفاء الرجال | امام ابو احمد عبد الله جرجانى رحمة الله عليه متوفّٰی ٣٦٥هـ | دارالكتب العلمية ١٤١٨هـ |
| كتاب الثقات | امام ابو حاتم محمد بن حبان تميمى رحمة الله عليه متوفّٰی ٣٥٤هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢٢هـ |
| حلية الاولياء | امام الحافظ ابو نعيم اصفهانى رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٣٠هـ | دارالكتب العلمية ١٤١٨هـ |
| الاستيعاب فى معرفة الاصحاب | ابو عمر يوسف عبدالله بن عبدالبرقرطبى رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٦٣هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢٢هـ |
| فتح البارى | امام احمدبن حجرعسقلانى رحمة الله عليه متوفّٰی ٨٥٢هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢هـ |
| الاصابه فى تمييزالصحابه | امام احمدبن حجرعسقلانى رحمة الله عليه متوفّٰی ٨٥٢هـ | دارالكتب العلمية ١٤١٥هـ |
| المغنى لابن قدامه | ابو محمد عبدالله بن احمد قدامة حنبلى رحمة الله عليه متوفّٰی ٦٢٠ هـ | مكتبه هجر ١٤١٢هـ |
| سيراعلام النبلاء | امام شمس الدين محمد بن احمدذهبى رحمة الله عليه متوفّٰی ٧٤٨هـ | دار الفكر بيروت ١٤١٧هـ |
| كتاب الزهد | امام عبد الله بن مبارك مروزى رحمة الله عليه متوفّٰی ١٨١هـ | دار الكتب العلمية بيروت |
| الجهاد | امام عبد الله بن مبارك مروزى رحمة الله عليه متوفّٰی ١٨١هـ | المكتبة الالفيه |
| السيرة النبوية | ابو محمد عبدالملك بن هشام رحمة الله عليه متوفّٰی ٢١٣هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢٢هـ |
| الجامع الصغير | ابوبكربن عبدالرحمن جلال الدين سيوطى رحمة الله عليه متوفّٰی ٩١١هـ | دارالكتب العلمية ١٤٢٥هـ |
| جامع الاحاديث | ابوبكربن عبدالرحمن جلال الدين سيوطى رحمة الله عليه متوفّٰی ٩١١هـ | دارالفكربيروت ١٤١٤هـ |
| تاريخ الخلفاء | ابوبكربن عبدالرحمن جلال الدين سيوطى رحمة الله عليه متوفّٰی ٩١١هـ | كراچی پاكستان |
| تاريخ مدينه دمشق | حافظ امام ابن عساكر رحمة الله عليه متوفّٰی ٥٧١هـ | دارالفكربيروت ١٤١٥هـ |



www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| كتاب الجامع | امام الحافظ معمر بن راشد ازدی رحمة الله عليه متوفّٰی ١٥١ھ | دارالكتب العلمية١٤٢١ھ |
| الجامع | عبدالله بن وهب بن مسلم مصری قرشی رحمة الله عليه متوفّٰی١٩٧ھ | المكتبة الشامله |
| الاموال | حميد بن مخلد المعروف بابن زنجويه رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٥١ھ | المكتبة الشامله |
| روضة العقلاء ونزهة الفضلاء | امام ابو حاتم محمدبن حبان تميمی رحمة الله عليه متوفّٰی ٣٥٤ھ | المكتبة الشامله |
| صفة الصّفوة | امام ابو الفَرَج بن جوزی رحمة الله عليه متوفّٰی ٥٩٧ھ | دارالكتب العلميه١٤٢٣ھ |
| القصاص والمذكرين | امام ابو الفَرَج بن جوزی رحمة الله عليه متوفّٰی ٥٩٧ھ | المكتبةالشاملة |
| الطبقات الكبرىٰ | محمد بن سعد بن منبع هاشمی بصری رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٣٠ھ | دارالكتب العلمية١٤١٨ھ |
| كنز العمال | علامة علاء الدين علی متقی هندی رحمة الله عليه متوفّٰی٩٧٥ھ | دارالكتب العلمية١٤١٩ھ |
| التمهيد | امام يوسف بن عبد الله محمد بن عبد البر رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٦٣ھ | دارالكتب العلمية١٤١٩ھ |
| الترغيب فی فضائل الاعمال | امام عمربن احمد المعروف بابن شاهين رحمة الله عليه متوفّٰی ٣٨٥ھ | المكتبةالشاملة |
| مجمع الزوائد | انورالدين علی بن ابی بكرهيثمی رحمة الله عليه متوفّٰی ٨٠٧ھ | دارالفكربيروت ١٤٢٠ھ |
| ميزان الاعتدال | امام شمس الدين محمد بن احمدذهبی رحمة الله عليه متوفّٰی ٧٤٨ھ | دار الفكربيروت ١٤٢٠ھ |
| سنن سعيدبن منصور | سعدبن عبدالله بن عبدالعزيزآل حميد رحمة الله عليه متوفّٰی٢٢٧ھ | دارالصميعی ١٤٢٠ھ |
| فضائل الصحابة | امام احمد بن حنبل رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٤١ھ | المكتبة الالفيه |
| معرفة الصحابه | امام الحافظ ابو نعيم اصفهانی رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٣٠ ھ | دارالكتب العلميه١٤٢٢ھ |
| فضائل الخلفاء الراشدين | حافظ امام ابو نعيم اصفهانی رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٣٠ھ | المكتبةالشامله |
| المصاحف | ابوبكر عبدالله بن سليمان بن اشعث رحمة الله عليه متوفّٰی٣١٦ھ | المكتبةالشامله |
| المحدث الفاصل | حسن بن عبدالرحمن رامهرمزی رحمة الله عليه متوفّٰی ٣٦٠ ھ | المكتبة الالفيه |
| السنن الوارة فی الفتن | ابوعمروعثمان بن سعيدمقرئ رحمة الله عليه متوفّٰی٤٤٤ ھ | المكتبة الالفيه |
| مسند ابن الجعد | علی بن جعدجوهری بغدادی رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٣٠ھ | المكتبة الالفيه |
| مسندحميدی | علامه عبدالله بن زبيرابوبكرحميدی رحمة الله عليه متوفّٰی٢١٩ھ | المكتبة الالفيه |
| الزهد لوكيع | ابو سفيان وكيع بن الجراح رحمة الله عليه متوفّٰی ٢٢٩ھ | المكتبةالشامله |
| فوائدابی علی الصواف | علامه ابوعلی محمدبن احمد صواف رحمة الله عليه متوفّٰی٣٥٩ھ | المكتبةالشامله |
| الرسالة القشيرية | امام ابو القاسم عبدالكريم قشيری رحمة الله عليه متوفّٰی ٤٦٥ھ | دارالكتب العلمية١٤١٨ھ |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| الآحادوالمثانی | ابوبکراحمد بن عمروبن ضحاك شیبانی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۲۸۷ھ | المكتبة الالفية |
| معجم الاسامی شیوخ ابی بکر | ........................................ | المكتبةالشاملة |
| الزهد للمعافی | ابومسعودالمعافی بن عمران موصلی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۱۴۸ یا۱۸۵ھ | المكتبةالشاملة |
| كتاب الضعفاء للعقيلی | محمد بن عمروبن موسیٰ بن حمادعقیلی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۳۲۲ھ | دارالصمیعی ۱۴۲۰ھ |
| الزهد لهناد | هناد بن سری کوفی رحمة اللہ علیهمتوفّٰی ۲۴۳ھ | المكتبة الالفية |
| شرح اصول عقائد | ابو القاسم هبة اللہ ابن الحسن بن منصوررحمة اللہ علیه متوفّٰی۴۱۸ھ | دارالبصیرة مصر |
| کرامات اولیاء | هبة اللہ بن حسن طبری لالکائی رحمة اللہ علیه متوفّٰی ۴۱۸ ھ | المكتبة الالفيه |
| مختصرجامع بیان العلم وفضله | ابوعمریوسف بن عبدالبرقرطبی اندلسی رحمة اللہ علیه متوفّٰی ۳۲۲ھ | دارالخیربیروت۱۴۱۳ھ |
| شرح العلامة الزرقانی | امام محمدبن عبدالباقی زرقانی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۱۱۲۲ھ | دارالکتب العلمیة۱۴۱۷ھ |
| رجال حول الرسول | علامه خالد محمد خالد | المكتبة الشامله |
| امالی ابن سمعون | علامه ابن سمعون | المكتبة الشامله |
| نزهة القاری | حضرت علامه شریف الحق امجدی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۱۴۲۱ھ | فرید بك اسٹال۱۴۲۱ھ |
| مراۃ المناجیح | حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۱۳۹۱ھ | ضیاء القرآن لاهور |
| فتاوی رضویه | اعلیٰحضرت امام احمد رضاخان رحمة اللہ علیه متوفّٰی ۱۳۴۰ھ | رضافائونڈیشن۱۴۱۲ھ |
| الفتاوی الهندیه | علامه نظام الدین رحمة الله علیه متوفّٰی۱۱۶۱ھ وعلمائے هند | کوئٹه پاکستان۱۴۰۳ھ |
| بهارشریعت | صدرالشریعه مفتی امجد علی اعظمی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۱۳۷۶ھ | ضیاء القرآن لاهور |
| خطبات محرم | فقیه ملت مفتی جلال الدین امجدی رحمة اللہ علیه متوفّٰی۱۴۲۲ھ | شبیر برادرزلاهور۱۹۸۹ء |
| فیضان سنت | امیراهلِسنت حضرت علّامه مولانامحمدالیاس عطّارقادری مدظله العالی | مكتبة المدينة کراچی |
| نماز کے احکام | امیراهلِسنت حضرت علّامه مولانامحمدالیاس عطّارقادری مدظله العالی | مكتبة المدينة کراچی |
| رفیق الحرمین | امیراهلِسنت حضرت علّامه مولانامحمدالیاس عطّارقادری مدظله العالی | مكتبة المدينة کراچی |
| لسان العرب | جمال الدین محمدبن مکرم ابن منظورافریقی مصری متوفّٰی۷۱۱ھ | مؤسسة الاعلمی۱۴۲۶ھ |



www.dawateislami.net

# مجلس المدینۃ العلمیۃ کی طرف سے پیش کردہ202 کُتُب ورسائل مع عنقریب آنے والی13کُتُب ورسائل

## ﴿شعبہ کُتُبِ اعلیٰ حضرت﴾

### اُردو کُتُب:

01......راہِ خدا میں خرچ کرنے کے فضائل(رَادُّ الْقَحطِ وَالْوَبَاء بِدَعْوَةِ الْجِيْرَانِ وَمُوَاسَاةِ الْفُقَرَاء)(کل صفحات:40)
02......فضائلِ دعا(اَحْسَنُ الْوِعَاء لِآدَابِ الدُّعَاء مَعَهُ ذَيْلُ الْمُدَّعَاء لِاَحْسَنِ الْوِعَاء)(کل صفحات:326)
03......کرنسی نوٹ کے شرعی احکامات(كِفْلُ الْفَقِيْهِ الْفَاهِم فِيْ اَحْكَامِ قِرْطَاسِ الدَّرَاهِم)(کل صفحات:199)
04......عیدین میں گلے ملنا کیسا؟(وِشَاحُ الْجِيْدفِيْ تَحْلِيْلِ مُعَانَقَةِ الْعِيْد)(کل صفحات:55)
05......والدین، زوجین اور اساتذہ کے حقوق(اَلْحُقُوق لِطَرْحِ الْعُقُوْق)(کل صفحات:125)
06......معاشی ترقی کا راز(حاشیہ وتشریح تدبیر فلاح ونجات واصلاح)(کل صفحات:41)
07......الملفوظ المعروف بہ ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت(مکمل چار حصے)(کل صفحات:561)
08......شریعت وطریقت(مَقَالُ الْعُرَفَاء بِاِعْزَازِ شَرْعٍ وَّعُلَمَاء)(کل صفحات:57) 09......اَلْوَظِيْفَةُ الْكَرِيْمَة(کل صفحات:46)
10......ولایت کا آسان راستہ(تصورِ شیخ)(اَلْيَاقُوْتَةُ الْوَاسِطَة)(کل صفحات:60) 11......اولاد کے حقوق(مَشْعَلَةُ الْاِرْشَاد)(کل صفحات 31)
12......اعلیٰ حضرت سے سوال جواب(اِظْهَارُ الْحَقِّ الْجَلِي)(کل صفحات:100) 13......ایمان کی پہچان(حاشیہ تمہیدِ ایمان)(کل صفحات:74)
14......حقوق العباد کیسے معاف ہوں(اَعْجَبُ الْاِمْدَاد)(کل صفحات:47) 15......ثبوتِ ہلال کے طریقے(طُرُقُ اِثْبَاتِ هِلَال)(کل صفحات:63)

### عربی کُتُب:

20،19،18،17،16......جَدُّ الْمُمْتَارعَلٰى رَدِّالْمُحْتَار(المجلد الاول و الثانی و الثالث و الرابع و الخامس)
(کل صفحات:570 ، 672،713،650،483) 21......اَلتَّعْلِيْقُ الرَّضَوِى عَلٰى صَحِيْحِ الْبُخَارِى(کل صفحات:458)
22......كِفْلُ الْفَقِيْهِ الْفَاهِم(کل صفحات:74) 23......اَلْاِجَازَاتُ الْمَتِيْنَة(کل صفحات:62)
24......اَلزَّمْزَمَةُ الْقَمَرِيَّة(کل صفحات:93) 25......اَلْفَضْلُ الْمَوْهَبِى(کل صفحات:46)
26......تَمْهِيْدُ الْاِيْمَان(کل صفحات:77) 27......اَجْلَى الْاِعْلَام(کل صفحات:70)
28......اِقَامَةُ الْقِيَامَة(کل صفحات:60)

## عنقریب آنے والی کُتُب

01......جَدُّ الْمُمْتَارعَلٰى رَدِّالْمُحْتَار(المجلدالسادس) 02......اولاد کے حقوق کی تفصیل(مَشْعَلَةُ الْاِرْشَاد)



www.dawateislami.net

## ﴿شعبہ تراجمِ کُتُب﴾

01......مدنی آقا کے روشن فیصلے (اَلْبَاهِرفِیْ حُكْمِ النَّبِیِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ) (کل صفحات:112)

02......سایۂ عرش کس کس کو ملے گا...؟ (تَمْهِيْدُ الْفَرْش فِي الْخِصَالِ الْمُوْجِبَةِ لِظِلِّ الْعَرْش) (کل صفحات:28)

03......نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں (قُرَّةُ الْعُيُوْن وَمُفَرِّحُ الْقَلْبِ الْمَحْزُوْن) (کل صفحات:142)

04......نصیحتوں کے مدنی پھول بوسیلۂ احادیثِ رسول (اَلْمَوَاعِظ فِي الْاَحَادِيْثِ الْقُدْسِيَّة) (کل صفحات:54)

05......جنت میں لے جانے والے اعمال (اَلْمَتْجَرُ الرَّابِح فِيْ ثَوَابِ الْعَمَلِ الصَّالِح) (کل صفحات:743)

06......جہنم میں لے جانے والے اعمال (جلد اول) (اَلزَّوَاجِرعَنْ اِقْتِرَافِ الْكَبَائِر) (کل صفحات:853)

07......امامِ اعظم عَلَيْهِ رَحْمَةُ اللهِ الْاَكْرَم کی وصیتیں (وَصَايَااِمَامِ اَعْظَم عَلَيْهِ الرَّحْمَة) (کل صفحات:46)

08......نیکی کی دعوت کے فضائل (اَلْاَمْرُبِالْمَعْرُوْف وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَر) (کل صفحات:98)

09......فیضانِ مزاراتِ اولیاء (كَشْفُ النُّوْرعَنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْر) (کل صفحات:144)

10......اللہ والوں کی باتیں (حِلْيَةُالْاَوْلِيَاء وَطَبَقَاتُ الْاَصْفِيَاء) پہلی جلد (کل صفحات:694)

11......دنیا سے بے رغبتی اور امیدوں کی کمی (اَلزُّهْدوَقَصْرُالْاَمَل) (کل صفحات:85)

12......راہِ علم (تَعْلِيْمُ الْمُتَعَلِّم طَرِيْقَ التَّعَلُّم) (کل صفحات:102)

13......عُيُوْنُ الْحِكَايَات (مترجم، حصہ اول) (کل صفحات:412)

14......عُيُوْنُ الْحِكَايَات (مترجم حصہ دوم) (کل صفحات:413)

15......احیاء العلوم کا خلاصہ (لُبَابُ الْاِحْيَاء) (کل صفحات:641)

16......حکایتیں اور نصیحتیں (اَلرَّوْضُ الْفَائِق) (کل صفحات:649)

17......اچھے برے عمل (رِسَالَةُالْمُذَاكَرَة) (کل صفحات:122)

18......حسنِ اخلاق (مَكَارِمُ الْاَخْلَاق) (کل صفحات:102)

19......آنسوؤں کا دریا (بَحْرُالدُّمُوْع) (کل صفحات:300)

20......آدابِ دین (اَلْاَدَبُ فِي الدِّيْن) (کل صفحات:63)

21......شاہراہ اولیا (مِنْهَاجُ الْعَارِفِيْن) (کل صفحات:36)

22......شکر کے فضائل (اَلشُّكْرُلِلّٰه) (کل صفحات:122)

23......بیٹے کو نصیحت (اَيُّهَاالْوَلَد) (کل صفحات:64)

24......اَلدَّعْوَة اِلَى الْفِكْر (کل صفحات:148)

## عنقریب آنے والی کُتُب

01......قوت القلوب (جلد 1 مکمل)

02......جہنم میں لے جانے والے اَعمال (جلد 2)



www.dawateislami.net

## ﴿شعبہ درسی کُتُب﴾

01......مراح الارواح مع حاشية ضياء الاصباح (كل صفحات:241)
02......نصاب النحو (كل صفحات:288)
03......الاربعين النووية فى الأحاديث النبوية (كل صفحات:155)
04......نصاب التجويد (كل صفحات:79)
05......اتقان الفراسة شرح ديوان الحماسه (كل صفحات:325)
06......تعريفاتِ نحوية (كل صفحات:45)
07......اصول الشاشي مع احسن الحواشي (كل صفحات:299)
08 ......شرح مئة عامل (كل صفحات:44)
09......نور الايضاح مع حاشية النور و الضياء (كل صفحات:392)
10 ......نصاب المنطق (كل صفحات:168)
11......شرح العقائد مع حاشية جمع الفرائد (كل صفحات:384)
12 ......نصاب الصرف (كل صفحات:343)
13......الفرح الكامل على شرح مئة عامل (كل صفحات:158)
14 ......خاصيات ابواب (كل صفحات:141)
15 ......عناية النحو فى شرح هداية النحو (كل صفحات:280)
16 ......المحادثة العربية (كل صفحات:101)
17......صرف بهائى مع حاشية صرف بنائى (كل صفحات:55)
18 ......نصاب اصولِ حديث (كل صفحات:95)
19......دروس البلاغة مع شموس البراعة (كل صفحات:241)
20 ......تلخيص اصول الشاشي (كل صفحات:144)
21......مقدمة الشيخ مع التحفة المرضية (كل صفحات:119)
22......نحو مير مع حاشية نحو منير (كل صفحات:203)
23......نزهة النظر شرح نخبة الفكر (كل صفحات:175)

## عنقریب آنے والی کُتُب

01......انوار الحديث (مع تخريج و تحقيق)
02......قصيده برده مع شرح خرپوتى
03......نصاب الادب

## ﴿شعبہ تخریج﴾

01......صحابہ کرام رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کا عشق رسول (کل صفحات:274)
02......تحقیقات (کل صفحات:142)
03......بہار شریعت، جلد اوّل (حصہ اول تا ششم، کل صفحات:1360)
04......جنتی زیور (کل صفحات:679)
05......بہار شریعت جلد دوم (حصہ 7 تا 13) (کل صفحات:1304)
06......علم القرآن (کل صفحات:244)
07......اُمہات المؤمنین رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُنَّ (کل صفحات:59)
08......سوانح کربلا (کل صفحات:192)
09......عجائب القرآن مع غرائب القرآن (کل صفحات:422)
10......اربعین حنفیہ (کل صفحات:112)
11......گلدستہ عقائد و اعمال (کل صفحات:244)
12......کتاب العقائد (کل صفحات:64)
13......بہار شریعت (سولہواں حصہ، کل صفحات 312)
14......منتخب حدیثیں (کل صفحات:246)
15...... اچھے ماحول کی برکتیں (کل صفحات:56)
16......اسلامی زندگی (کل صفحات:170)
17......بہار شریعت حصہ ١۵ (کل صفحات:219)
18......آئینۂ قیامت (کل صفحات:108)
19......بہار شریعت حصہ ١٤ (کل صفحات:243)
20 تا 26......فتاوی اہل سنت (سات حصے)



www.dawateislami.net

27......بہارِ شریعت حصہ۱۳(کل صفحات:201)
28......حق و باطل کا فرق (کل صفحات:50)
29......بہارِ شریعت حصہ۸(کل صفحات:206)
30......جہنم کے خطرات (کل صفحات:207)
31......بہارِ شریعت حصہ۷(کل صفحات:133)
32......اخلاق الصالحین (کل صفحات:78)
33......بہارِ شریعت حصہ۱۰(کل صفحات:169)
34......آئینۂ عبرت (کل صفحات:133)
35......بہارِ شریعت حصہ۱۲(کل صفحات:222)
36......سیرتِ مصطفیٰ (کل صفحات:875)
37......بہارِ شریعت حصہ۹(کل صفحات:218)
38......کراماتِ صحابہ (کل صفحات:346)
39......بہارِ شریعت حصہ۱۱(کل صفحات:280)
40......بہشت کی کنجیاں (کل صفحات:249)

## عنقریب آنے والی کُتُب

01......بہارِ شریعت حصہ۱۵،۱۶
02......معمولات الابرار
03......جواہر الحدیث

## ﴿ شعبہ اِصلاحی کُتُب ﴾

01......غوثِ پاک رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہ کے حالات (کل صفحات:106)
02......تکبر (کل صفحات:97)
03......فرامینِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم (کل صفحات:87)
04......بدگمانی (کل صفحات:57)
05......رہنمائے جدول برائے مدنی قافلہ (کل صفحات:255)
06......نور کا کھلونا (کل صفحات:32)
07......اعلیٰ حضرت کی انفرادی کوششیں (کل صفحات:49)
08......فکرِ مدینہ (کل صفحات:164)
09......امتحان کی تیاری کیسے کریں؟ (کل صفحات:32)
10......ریاکاری (کل صفحات:170)
11......قومِ جِنّات اور امیرِ اہلسنّت (کل صفحات:262)
12......عشر کے احکام (کل صفحات:48)
13......توبہ کی روایات و حکایات (کل صفحات:124)
14......فیضانِ زکوٰۃ (کل صفحات:150)
15......احادیثِ مبارکہ کے انوار (کل صفحات:66)
16......تربیتِ اولاد (کل صفحات:187)
17......کامیاب طالبِ علم کون؟ (کل صفحات:63)
18......ٹی وی اور مووی (کل صفحات:32)
19......طلاق کے آسان مسائل (کل صفحات:30)
20......مفتیٔ دعوتِ اسلامی (کل صفحات:96)
21......فیضانِ چہل احادیث (کل صفحات:120)
22......شرح شجرہ قادریہ (کل صفحات:215)
23......جنت کی دو چابیاں (کل صفحات:152)
24......خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ (کل صفحات:160)
25......تعارفِ امیرِ اہلسنّت (کل صفحات:100)
26......انفرادی کوشش (کل صفحات:200)
27......آیاتِ قرآنی کے انوار (کل صفحات:62)
28......نصاب مدنی قافلہ (کل صفحات:196)
29......فیضانِ احیاء العلوم (کل صفحات:325)
30......ضیائے صدقات (کل صفحات:408)
31......تنگ دستی کے اسباب (کل صفحات:33)
32......کامیاب استاذ کون؟ (کل صفحات:43)
33......نماز میں لقمہ دینے کے مسائل (کل صفحات:39)



www.dawateislami.net

## ﴿شعبہ امیر اہلسنت﴾

01......سرکار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پیغام عطار کے نام (کل صفحات:49)
02......قبر کھل گئی (کل صفحات:48)
03......مقدس تحریرات کے ادب کے بارے میں سوال جواب (کل صفحات:48)
04...... گونگا مبلغ (کل صفحات:55)
05......اصلاح کا راز (مدنی چینل کی بہاریں حصہ دوم) (کل صفحات:32)
06......گمشدہ دولہا (کل صفحات:33)
07......25 کرسچین قیدیوں اور پادری کا قبولِ اسلام (کل صفحات:33)
08......جنوں کی دنیا (کل صفحات:32)
09......دعوتِ اسلامی کی جیل خانہ جات میں خدمات (کل صفحات:24)
10......غافل درزی (کل صفحات:36)
11......وضو کے بارے میں وسوسے اور ان کا علاج (کل صفحات:48)
12......مردہ بول اٹھا (کل صفحات:32)
13......تذکرۂ امیر اہلسنّت قسط سوم (سنّت نکاح) (کل صفحات:86)
14......کفن کی سلامتی (کل صفحات:33)
15...... آدابِ مرشدِ کامل (مکمل پانچ حصے) (کل صفحات: 275)
16......کفن کی سلامتی (کل صفحات:33)
17......بُلند آواز سے ذکر کرنے میں حکمت (کل صفحات:48)
18......بدنصیب دولہا (کل صفحات:32)
19......پانی کے بارے میں اہم معلومات (کل صفحات:48)
20......بے قصور کی مدد (کل صفحات:32)
21......دعوتِ اسلامی کی مَدَنی بہاریں (کل صفحات:220)
22......ہیروئنچی کی توبہ (کل صفحات:32)
23......میں نے مدنی برقع کیوں پہنا؟ (کل صفحات:33)
24......مدینے کا مسافر (کل صفحات:32)
25...... تذکرۂ امیر اہلسنّت قسط (2) (کل صفحات:48)
26......فلمی اداکار کی توبہ (کل صفحات:32)
27......مخالفت محبت میں کیسے بدلی؟ (کل صفحات:33)
28......قبرستان کی چڑیل (کل صفحات:24)
29......تذکرۂ امیر اہلسنّت قسط (1) (کل صفحات:49)
30......حیرت انگیز حادثہ (کل صفحات:32)
31......تذکرۂ امیر اہلسنّت (قسط4) (کل صفحات:49)
32......کرسچین کا قبولِ اسلام (کل صفحات:32)
33......چل مدینہ کی سعادت مل گئی (کل صفحات:32)
34......کرسچین مسلمان ہو گیا (کل صفحات:32)
35......معذور بچی مبلغہ کیسے بنی؟ (کل صفحات:32)
36......نورانی چہرے والے بزرگ (کل صفحات:32)
37......عطاری جن کا غسلِ میّت (کل صفحات:24)
38......ولی سے نسبت کی برکت (کل صفحات:32)
39......نومسلم کی دردبھری داستان (کل صفحات:32)
40......اغوا شدہ بچوں کی واپسی (کل صفحات:32)
41......خوفناک دانتوں والا بچہ (کل صفحات:32)
42......شرابی، مؤذن کیسے بنا (کل صفحات:32)
43......ساس بہو میں صلح کا راز (کل صفحات:32)
44......خوش نصیبی کی کرنیں (کل صفحات:32)
45......فیضانِ امیر اہلسنّت (کل صفحات:101)
46......نادان عاشق (کل صفحات:32)
47......ماڈرن نوجوان کی توبہ (کل صفحات:32)
48......ناکام عاشق (کل صفحات:32)
49......صلوٰۃ وسلام کی عاشقہ (کل صفحات:33)
50......بدکردار کی توبہ (کل صفحات:32)
51......میوزکل شو کا متوالا (کل صفحات:32)
52......آنکھوں کا تارا (کل صفحات:32)
53......بابرکت روٹی (کل صفحات:32)



www.dawateislami.net

# عنقریب آنے والے رسائل

01......V.C.D کی مدنی بہاریں (قسط3) (رکشہ ڈرائیور کیسے مسلمان ہوا؟) 02......اولیائے کرام کے بارے میں سوال جواب

03......دعوت اسلامی اصلاحِ امت کی تحریک

## حدیث قدسی

**اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:** اے ابن آدم! تعجب ہے اس شخص پر جو موت پر یقین رکھتا ہے پھر بھی خوش ہوتا ہے۔

- ......تعجب ہے اس پر جو حساب و کتاب پر یقین رکھتا ہے پھر بھی مال جمع کرنے میں مصروف ہے۔
- ......تعجب ہے اس پر جو قبر پر یقین رکھنے کے باوجود ہنستا ہے۔
- ......تعجب ہے اس پر جسے آخرت پر یقین ہے پھر بھی پُرسکون ہے۔
- ......تعجب ہے اس پر جو دُنیا (کی حقیقت کو جانتا) اور اس کے زوال پر یقین رکھتا ہے پھر بھی اس پر مطمئن ہے۔
- ......تعجب ہے اس پر جو گفتگو تو عالموں جیسی کرتا ہے لیکن اس کا دِل جاہلوں جیسا ہے۔
- ......تعجب ہے اس شخص پر جو پانی کے ذریعے پاکی تو حاصل کرتا ہے مگر اس کا دِل آلودہ ہے۔
- ......تعجب ہے اس پر جو لوگوں کے عیوب تلاش کرنے میں تو مصروف رہتا ہے لیکن اپنے عیوب سے غافل ہے۔
- ......تعجب ہے اس شخص پر جو جانتا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ میرے ہر عمل سے باخبر ہے پھر بھی اس کی نافرمانی کرتا ہے۔
- ......تعجب ہے اس پر جو جانتا ہے کہ اسے اکیلے مرنا، اکیلے قبر میں داخل ہونا اور اکیلے ہی حساب دینا ہے پھر بھی لوگوں سے اُنسیت رکھتا ہے۔

**(اے ابن آدم! سن!)** میں ہی معبودِ حقیقی ہوں اور محمد (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) میرے خاص بندے اور رسول ہیں۔ (مجموعة رسائل الامام الغزالی،المواعظ فی الاحادیث القدسیة،ص ٥٦٥)



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# دن بھر کا شُکر ادا کرنے والے کلمات

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم : جو شخص بوقتِ صُبح یہ کلمات کہے تو اُس نے آج کے دن کا اور جو شام کے وقت کہے تو اُس نے آج کی رات کا شکر ادا کیا۔

اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِّعْمَۃٍ
اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ
وَحْدَکَ، لَاشَرِیْکَ لَکَ،
فَلَکَ الْحَمْدُ، وَلَکَ الشُّکْرُ

شعب الایمان حدیث 4368

یاد رہے! مذکورہ دعائیہ کلمات میں شام کو ''اَصْبَحَ'' کی جگہ ''اَمْسٰی'' کہیے۔

آدھی رات ڈھلے سے سورج کی پہلی کرن چمکنے تک ''صُبح'' ہے اور دوپہر ڈھلے (یعنی ابتدائے وقتِ ظُہر) سے لیکر غُروبِ آفتاب تک شام ہے۔

(شکر کے بارے میں مزید معلومات کیلئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 122 صفحات پر مشتمل کتاب '' شکر کے فضائل'' پڑھ لیجئے)



مکتبۃ المدینہ (دعوتِ اسلامی)
فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
فون: 021-34921389-93 Ext: 2634
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net